www.alahazratnetwork.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (الآیۃ)

جس نے رسول کا حکم مانا تو یقیناً اس نے اللہ کا حکم مانا۔

(ترجمہ کنز الایمان)

# مشکوٰۃ شریف

(عربی، اردو)

جلد دوم

تصنیف

امام ولی الدین محمد بن عبد اللہ الخطیب رحمہ اللہ تعالیٰ (متوفی ۷۴۲ھ)

ترجمہ

فاضل شہیر مولانا عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری
(مترجم بخاری شریف، ابوداؤد شریف، ابن ماجہ شریف)

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار، لاہور ۲

# فہرست مضامین مشکوٰۃ المصابیح مترجم، جلد دوم


| مضامین ابواب | صفحہ |
|---|---|
| فہرست | ۳ |
| **۱۲۔ کتاب البیوع** | ۷ |
| کمانا اور رزقِ حلال تلاش کرنا | 〃 |
| معاملے میں نرمی برتنا | ۱۳ |
| اختیار کا بیان | ۱۵ |
| سُود کا بیان | ۱۶ |
| تجارت میں جن باتوں سے منع فرمایا گیا ہے | ۲۱ |
| دیگر متعلقہ اُمور کا بیان | ۲۸ |
| بیع سلم اور رہن رکھنے کا بیان | ۳۰ |
| ذخیرہ اندوزی کا بیان | ۳۲ |
| مفلسی اور مہلت دینے کا بیان | ۳۳ |
| شرکت و وکالت کا بیان | ۳۹ |
| غصب و عاریت کا بیان | ۴۱ |
| شفعہ کا بیان | ۴۵ |
| مساقات اور مزارعت کا بیان | ۴۷ |
| مزدوری کا بیان | ۴۹ |
| بنجر زمین کو آباد کرنا | ۵۱ |
| عطیات کا بیان | ۵۵ |
| سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات | ۵۶ |
| گری ہوئی چیز کا بیان | ۶۰ |
| میراث کا بیان | ۶۲ |
| وصیتوں کا بیان | ۶۷ |
| **۱۳۔ کتاب النکاح** | ۶۹ |
| منگیتر کو دیکھنا اور ستر کا بیان | ۷۲ |
| نکاح کے ولی اور عورت سے اجازت لینے کا بیان | ۷۷ |
| نکاح کے اعلان کا بیان | ۷۹ |
| محرمات کا بیان | ۸۳ |
| مباشرت کا بیان | ۸۷ |
| سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات | ۹۰ |
| مہر کا بیان | ۹۱ |
| ولیمہ کا بیان | ۹۳ |
| عورتوں کی باری کا بیان | ۹۶ |
| عورتوں سے حسنِ معاشرت کا بیان | ۹۸ |
| خلع اور طلاق کا بیان | ۱۰۵ |
| جس کو تین طلاقیں دے دی گئیں | ۱۰۹ |
| سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات | ۱۱۱ |
| لعان کا بیان | ۱۱۲ |
| عِدّت کا بیان | ۱۱۸ |
| استبراء کا بیان | ۱۲۱ |
| نان نفقہ اور مملوک کا حق | ۱۲۲ |
| چھوٹے بچے کا بالغ ہونا اور بچپن میں اُس کی پرورش کرنا | ۱۲۸ |

| مضامین ابواب | صفحہ |
|---|---|
| **۱۴۔ کتاب العتق** | ۱۳۰ |
| مشترک غلام کو آزاد کرنا | ۱۳۱ |
| خریدنا اور مرض میں کسی کو آزاد کرنا | // |
| قسموں اور نذروں کا بیان | ۱۳۵ |
| نذروں کا بیان | ۱۳۸ |
| **۱۵۔ کتاب القصاص** | ۱۴۲ |
| دیتوں کا بیان | ۱۵۰ |
| جن زخموں کا تاوان نہیں ہے | ۱۵۶ |
| قسامت کا بیان | ۱۶۰ |
| مرتدوں اور فساد کی کوشش کرنے والوں کو قتل کرنا | ۱۶۱ |
| **۱۶۔ کتاب الحدود** | ۱۶۶ |
| چوری پر ہاتھ کاٹنا | ۱۷۵ |
| حدود میں سفارش کرنے کا بیان | ۱۷۹ |
| شراب کی حد کا بیان | ۱۸۰ |
| جس پر حد جاری ہو اُسے بددعا نہ دی جائے | ۱۸۲ |
| تعزیر کا بیان | ۱۸۴ |
| شراب کا بیان اور شرابی کے لیے وعید | ۱۸۵ |
| **۱۷۔ کتاب الامارۃ والقضاء** | ۱۸۹ |
| حکام کے لیے ضروری ہے کہ آسانی پیدا کریں | ۲۰۱ |
| قضا کا کام کرنا اور اُس سے ڈرتے کا بیان | ۲۰۳ |
| حکام کی روزی اور اُن کے تحفوں کا بیان | ۲۰۶ |

| مضامین ابواب | صفحہ |
|---|---|
| جھگڑوں اور شہادتوں کا بیان | ۲۰۹ |
| **۱۸۔ کتاب الجہاد** | ۲۱۵ |
| سامانِ جہاد کی تیاری کا بیان | ۲۳۲ |
| **۱۹۔ کتاب آداب السفر** | ۲۳۷ |
| کفار کے لیے خط لکھنا اور انہیں دعوتِ اسلام دینا | ۲۴۳ |
| جہاد میں معرکہ آراء ہونا | ۲۴۸ |
| قیدیوں کے حکم کا بیان | ۲۵۲ |
| امن دینے کا بیان | ۲۵۸ |
| مالِ غنیمت کی تقسیم اور اُس میں خیانت کرنا | ۲۶۱ |
| جزیہ کا بیان | ۲۷۳ |
| صلح کا بیان | ۲۷۶ |
| یہود کو جزیرۂ عرب سے نکالنے کا بیان | ۲۸۰ |
| فئی کا بیان | ۲۸۲ |
| **۲۰۔ کتاب الصید والذبائح** | ۲۸۵ |
| کتے کا بیان | ۲۹۱ |
| کن چیزوں کا کھانا حلال ہے اور کن کا حرام؟ | ۲۹۳ |
| عقیقہ کا بیان | ۳۰۰ |
| **۲۱۔ کتاب الاطعمہ** | ۳۰۲ |
| ضیافت کا بیان | ۳۱۶ |
| مجبور کے کھانے کا بیان | ۳۲۰ |

www.alahazratnetwork.org




| مضامین الابواب | صفحہ |
|---|---|
| پینے کی چیزوں کا بیان | ۳۲۱ |
| نقیع اور نبیذ کا بیان | ۳۲۵ |
| برتنوں کو ڈھانپنے کا بیان | ۳۲۷ |
| **۲۲- کتاب اللباس** | ۳۲۹ |
| انگوٹھی کا بیان | ۳۴۲ |
| جوتوں کا بیان | ۳۴۶ |
| کنگھی کرنے کا بیان | ۳۴۸ |
| تصویروں کا بیان | ۳۶۰ |
| **۲۳- کتاب الطب والرقیٰ** | ۳۶۵ |
| فال اور شگون کا بیان | ۳۷۵ |
| کہانت کا بیان | ۳۷۸ |
| **۲۴- کتاب الرؤیا** | ۳۸۱ |
| **۲۵- کتاب الآداب** | ۳۸۸ |
| سلام کا بیان | 〃 |
| اجازت طلب کرنے کا بیان | ۳۹۶ |
| مصافحہ اور معانقہ کا بیان | ۳۹۹ |
| کسی کے لیے کھڑے ہونے کا بیان | ۴۰۲ |
| بیٹھنے، سونے اور چلنے کا بیان | ۴۰۴ |
| چھینک اور جمائی لینے کا بیان | ۴۰۸ |
| ہنسنے کا بیان | ۴۱۱ |
| ناموں کا بیان | ۴۱۲ |
| بیان اور شعر کا بیان | ۴۱۸ |
| زبان کی حفاظت اور غیبت و بدکلامی | ۴۲۳ |
| وعدے کا بیان | ۴۲۵ |
| خوش مزاجی کا بیان | ۴۲۷ |
| دوسروں سے اونچا بننا اور تعصب برتنا | ۴۲۹ |
| نیکی اور صلہ رحمی کا بیان | ۴۴۲ |
| مخلوق پر شفقت و مہربانی رکھنا | ۴۵۰ |
| اللہ سے محبت رکھنا اور اللہ کے لیے محبت کرنا | ۴۶۰ |
| تعلق قطع کرنے اور عیب ڈھونڈنے کی ممانعت کا بیان۔ | ۴۶۵ |
| محتاط رہنا اور کاموں میں دور اندیشی سے کام لینا۔ | ۴۷۰ |
| نرمی، حیا اور خوش خلقی کا بیان | ۴۷۳ |
| غصے اور تکبر کا بیان | ۴۷۸ |
| ظلم کا بیان | ۴۸۱ |
| نیک باتوں کا حکم دینا | ۴۸۴ |
| **۲۶- کتاب الرقاق** | ۴۹۰ |
| فقرا کی فضیلت اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طرزِ زندگی۔ | ۵۰۵ |
| ہوا و حرص کا بیان | ۵۱۳ |
| اطاعت کی وجہ سے مال اور عمر سے محبت رکھنا | ۵۱۶ |
| توکل اور صبر کا بیان | ۵۱۹ |
| بڑائی کے لیے دکھانے اور سنانے کا بیان | ۵۲۴ |
| رونے اور خوف کا بیان | ۵۲۹ |
| لوگوں کے بدل جانے کا بیان | ۵۳۴ |
| ڈرانے اور بچانے کا بیان | ۵۳۷ |
| جدول | ۵۴۰ |
| قطعۂ تاریخ طباعت | ۵۴۱ |

www.alahazratnetwork.org

www.alahazratnetwork.org



# کِتَابُ الْبُیُوْعِ ـــــــ ۱۲۔ تجارت کا بیان

## بَابُ الْکَسْبِ وَطَلَبِ الْحَلَالِ

## ۲۲۵۔ کمانا اور رزقِ حلال تلاش کرنا

### پہلی فصل

۲۶۳۹ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِ يْكَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَكَلَ اَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِّنْ اَنْ يَّاْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ وَاِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَاْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نے اس سے بہتر کھانا نہیں کھایا جو اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھائے اور بیشک اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں کی کمائی کھایا کرتے تھے۔ (بخاری)

۲۶۴۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ اِلَّا طَيِّبًا وَّ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ فَقَالَ يٰاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا وَقَالَ تَعَالٰى يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَاءِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطْعَمُهٗ حَرَامٌ وَّمَشْرَبُهٗ حَرَامٌ وَّمَلْبَسُهٗ حَرَامٌ وَّغُذِيَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ پاک ہے اور نہیں قبول فرماتا مگر پاک کو اور بیشک اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو اسی بات کا حکم فرمایا ہے جس کا رسولوں کو حکم دیا تھا یعنی فرمایا: اے رسولو! پاک چیزوں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو (۲۳:۵۱) اور فرمایا: اے ایمان والو! پاک چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں روزی دی (۲:۱۷۲) پھر ایک آدمی کا ذکر فرمایا جو طویل سفر کرتا ہے بال بکھرے ہوئے اور غبار آلودہ ہیں، اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے: اے رب! اے رب! حالانکہ اس کا کھانا حرام، اس کا پینا حرام، اس کا لباس حرام اور اسے حرام غذا کھلائی جاتی ہے۔ بھلا اس کی التجا کیسے قبول کی جائے۔ (مسلم)

۲۶۴۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي الْمَرْءُ مَا اَخَذَ مِنْهُ اَمِنَ الْحَلَالِ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جبکہ آدمی پروا نہیں کرے گا کہ وہ جو حاصل کر رہا ہے وہ حلال سے ہے یا حرام سے۔ (بخاری)

۲۶۴۲ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَلَالُ بَيِّنٌ وَّالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَّبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ فَمَنِ اتَّقَى

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان مشتبہ چیزیں ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں

www.alahazratnetwork.org



الشُّبُهَاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهٖ وَعِرْضِهٖ وَمَنْ وَّقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ وَقَعَ فِي الْحَرَامِ كَالرَّاعِيْ يَرْعٰى حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ اَنْ يَّرْتَعَ فِيْهِ اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى اَلَا اِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهٗ اَلَا وَاِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً اِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهٗ اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

٢٦٤٣ / ٥ وَعَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَّمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ وَّكَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

٢٦٤٤ / ٦ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

٢٦٤٥ / ٧ وَعَنْ اَبِيْ جُحَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ وَثَمَنِ الْكَلْبِ وَكَسْبِ الْبَغِيِّ وَلَعَنَ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهٗ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ وَالْمُصَوِّرَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

٢٦٤٦ / ٨ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيْرِ وَالْاَصْنَامِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ شُحُوْمَ الْمَيْتَةِ فَاِنَّهٗ تُطْلٰى بِهَا السُّفُنُ وَيُدْهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ فَقَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَّا حَرَّمَ شُحُوْمَهَا اَجْمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَاَكَلُوْا ثَمَنَهٗ۔

جانتے۔ جو مشتبہ چیزوں سے بچا اس نے اپنے دین اور اپنی عزت کو بچا لیا اور جو مشتبہ امور میں پڑا وہ حرام میں پھنس جائے گا جیسے چرواہا چراگاہ کے نزدیک چرائے تو خطرہ ہے کہ اس میں جا چریں آگاہ رہو کہ ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے خبردار ہو جاؤ کہ اللہ کی چراگاہ حرام امور ہیں۔ معلوم ہونا چاہیے کہ جسم میں ایک لوتھڑا ہے۔ وہ ٹھیک رہے تو سارا جسم ٹھیک رہتا ہے اور وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ خبردار رہو کہ وہ دل ہے۔ (متفق علیہ)۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کتے کی قیمت پلید ہے۔ زانیہ کی کمائی پلید ہے اور پچھنے لگانے والے کی کمائی پلید ہے۔ (مسلم)۔

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا اور زانیہ کی کمائی سے اور کاہن کی فیس سے۔

(متفق علیہ)

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خون کی قیمت سے منع فرمایا اور کتے کی قیمت اور زانیہ کی کمائی سے نیز لعنت فرمائی ہے سود کھانے والے، کھلانے والے گودنے والی، گدوانے والی اور تصویر بنانے والے پر۔ (بخاری)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم کو فتح کے سال مکہ مکرمہ میں فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ اور اس رسول نے شراب، مردار، خنزیر اور بتوں کی تجارت کو حرام فرما دیا ہے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! مردار کی چربی کے متعلق کیا ارشاد ہے؟ کیونکہ وہ کشتیوں پر ملی جاتی ہے اور اس کے ساتھ کھالیں چکنائی جاتی ہیں اور لوگ اس سے چراغ جلاتے ہیں۔ فرمایا نہیں، وہ تو حرام ہے۔ پھر اس کے ساتھ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ یہود کو غارت کرے کہ جب اللہ نے ان پر ان کی چربی حرام کی تو وہ اسے پگھلا لیتے، پھر اسے فروخت

www.alahazratnetwork.org



۲۶۴۷ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ یہود کو غارت کرے کہ جب اُن پر چربی حرام کی گئی تو وہ اُسے پگھلاتے اور فروخت کر لیا کرتے۔ (متفق علیہ)

۲۶۴۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

۲۶۴۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حَجَمَ اَبُوْ طَيْبَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ لَهٗ بِصَاعٍ مِّنْ تَمْرٍ وَاَمَرَ اَهْلَهٗ اَنْ يُّخَفِّفُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهٖ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ابو طیبہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پچھنے لگائے تو آپ نے اسے ایک صاع کھجوریں دینے کا حکم فرمایا اور اُس کے مالکوں سے فرمایا کہ اُس کے ٹیکس میں کمی کر دیں۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۲۶۵۰ (۱۲) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلْتُمْ مِّنْ كَسْبِكُمْ وَاِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِّنْ كَسْبِكُمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيِّ اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهٖ وَاِنَّ وَلَدَهٗ مِنْ كَسْبِهٖ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پاک تر وہ کھانا ہے جو تمہاری کمائی سے ہو اور بیشک تمہاری اولاد بھی کمائی سے ہے (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) نیز ابوداؤد اور دارمی کی روایت میں ہے کہ آدمی جو کھائے اُس میں سب سے پاک وہ ہے جو اُس کی کمائی سے ہو اور بے شک اُس کی اولاد بھی اُس کی کمائی سے ہے۔

۲۶۵۱ (۱۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكْسِبُ عَبْدٌ مَّالَ حَرَامٍ فَيَتَصَدَّقُ مِنْهُ فَيُقْبَلُ مِنْهُ وَلَا يُنْفِقُ مِنْهُ فَيُبَارَكُ لَهٗ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكُهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ اِلَّا كَانَ زَادَهٗ اِلَى النَّارِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَمْحُو السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ وَلٰكِنْ يَّمْحُو السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ اِنَّ الْخَبِيْثَ لَا يَمْحُو الْخَبِيْثَ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کوئی بندہ حرام مال کمائے اور اُس میں سے صدقہ کرے تو قبول کر لیا جاتا ہے اور اُس میں خرچ نہ کرے اور وہ اُس کے پاس بڑھتا ہے تو اُسے پسماندگان کے لئے نہ چھوڑے گا مگر وہ جہنم کی طرف لے جانے کا سامان ہوگا۔ بیشک اللہ تعالیٰ بُرائی کو بُرائی سے نہیں مٹاتا بلکہ بُرائی کو نیکی سے مٹاتا ہے اور بیشک ناپاکی دوسری ناپاکی کو دور نہیں کرتی (احمد، شرح السنہ)

۲۶۵۲ (۱۴) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ وَكُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ كَانَتِ النَّارُ اَوْلٰى بِهٖ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ گوشت جنت میں داخل نہیں ہوگا جو حرام سے پیدا ہوا ہے اور ہر وہ گوشت جو حرام سے پیدا ہوا ہے اُس کے لیے جہنم ہی زیادہ مناسب ہے۔ (احمد، دارمی، بیہقی نے شعب الایمان میں۔)

www.alahazratnetwork.org



۲۶۵۳ (۱۵) وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلٰى مَا لَا يُرِيْبُكَ فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَانِيْنَةٌ وَإِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اِس بات کو یاد رکھا ہے کہ جو بات تجھے شک میں ڈالتی ہے اُسے چھوڑ کر اُس بات کی طرف ہو جا جو تجھے شک میں نہیں ڈالتی کیونکہ سچائی میں اطمینان اور جھوٹ میں شک ہے۔ (احمد، ترمذی، نسائی، دارمی نے صرف پہلی بات)

۲۶۵۴ (۱۶) وَعَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا وَابِصَةُ جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَجَمَعَ أَصَابِعَهٗ فَضَرَبَ بِهَا صَدْرَهٗ وَقَالَ اسْتَفْتِ نَفْسَكَ اسْتَفْتِ قَلْبَكَ ثَلٰثًا الْبِرُّ مَا اطْمَانَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ وَاطْمَانَّ إِلَيْهِ الْقَلْبُ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اے وابصہ! تم نیکی اور گناہ کے متعلق پوچھنے آئے ہو؟ میں عرض گذار ہوا، ہاں۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے انگشت مبارک جمع فرمائیں اور انھیں میرے سینے پر مارتے ہوئے تین دفعہ فرمایا:۔ اپنے ضمیر سے پوچھو، اپنے دل سے پوچھو۔ نیکی وہ ہے جس سے جان و دل کو اطمینان پہنچے اور گناہ وہ ہے جو ضمیر کو کھٹکے اور سینے میں تردد پیدا کرے، خواہ لوگ تمھیں کچھ فتویٰ دیں۔ (احمد، دارمی)۔

۲۶۵۵ (۱۷) وَعَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ أَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ حَتّٰى يَدَعَ مَا لَا بَأْسَ بِهٖ حَذَرًا لِّمَا بِهٖ بَأْسٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عطیہ سعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بندہ اُس وقت تک متقی نہیں ہو سکتا جب تک قباحت والے کاموں کو چھوڑ کر اُن میں نہ لگے جن میں کوئی مضائقہ نہیں (ترمذی، ابن ماجہ)۔

۲۶۵۶ (۱۸) وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمْرِ عَشَرَةً عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَشَارِبَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُوْلَةَ إِلَيْهِ وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَآكِلَ ثَمَنِهَا وَالْمُشْتَرِيَ لَهَا وَالْمُشْتَرٰى لَهٗ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب سے متعلق دس آدمیوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اُس کے بنانے والے، بنوانے والے، پینے والے، اُٹھانے والے، جس کے لیے اٹھا کر لائی جائے، پلانے والے، فروخت کرنے والے، اُس کی قیمت کھانے والے، خریدنے والے اور جس کے لیے خریدی جائے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)۔

۲۶۵۷ (۱۹) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْخَمْرَ وَشَارِبَهَا وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُوْلَةَ إِلَيْهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ نے شراب پر لعنت فرمائی اور اُس پر بھی جو اسے پیے، پلائے، بیچے، خریدے، بنائے، بنوائے، اٹھائے اور جس کے لیے اٹھائی جائے۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۲۶۵۸ (۲۰) وَعَنْ مُحَيِّصَةَ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُجْرَةِ الْحَجَّامِ فَنَهَاهُ

حضرت محیصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پچھنے لگانے کی اُجرت لینے کی اجازت مانگی تو آپ

www.alahazratnetwork.org



فَلَمْ يَزَلْ يَسْتَأْذِنُهُ حَتّٰى قَالَ اَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ وَاَطْعِمْهُ رَقِيْقَكَ - (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

نے اسے روک دیا۔ میں برابر اجازت طلب کرتا رہا تو فرمایا کہ اسے اپنے اونٹ اور غلام کو کھلا دینا۔

(مالک، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)۔

۲۶۵۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۱ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَكَسْبِ الزَّمَّارَةِ -

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتّے کی قیمت اور گانے والی کی کمائی سے منع فرمایا ہے۔ (شرح السنہ)

۲۶۶۰ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۲ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبِيْعُوا الْقَيْنَاتِ وَلَا تَشْتَرُوْهُنَّ وَلَا تُعَلِّمُوْهُنَّ وَثَمَنُهُنَّ حَرَامٌ وَفِيْ مِثْلِ هٰذَا اُنْزِلَتْ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَلِيُّ ابْنُ يَزِيْدَ الرَّاوِيْ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ جَابِرٍ نَهٰى عَنْ اَكْلِ الْهِرِّ فِيْ بَابِ مَا يَحِلُّ اَكْلُهُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى -

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گانے بجانے والی لڑکیاں کو نہ بیچو، نہ انھیں خریدو اور نہ انھیں یہ کام سکھاؤ کیونکہ ان کی قیمت حرام ہے اور ایسی ہی باتوں کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی گئی ہے: "اور لوگوں میں سے جو خریدتے ہیں بیہودہ بات (۶:۳۱)" اسے روایت کیا احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور علی بن یزید راوی حدیث میں ضعف پیدا کرتا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہم باب "مایحل اکلہ" میں حدیث جابر پیش کریں گے کہ بلی کی قیمت سے منع فرمایا گیا ہے۔

## تیسری فصل

۲۶۶۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۲۳ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ -

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: روزی کا حلال ذریعہ تلاش کرنا فرض کے بعد فرض ہے۔ (اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا)۔

۲۶۶۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اُجْرَةِ كِتَابَةِ
۲۴ الْمُصْحَفِ فَقَالَ لَا بَاْسَ اِنَّمَا هُمْ مُصَوِّرُوْنَ وَاِنَّهُمْ اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ مِنْ عَمَلِ اَيْدِيْهِمْ -

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کتابتِ قرآن مجید کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ وہ الفاظ کی تصویریں بناتے ہیں اور بیشک وہ اپنے ہاتھوں کی کمائی کھاتے ہیں۔

(رزین)

۲۶۶۳ وَعَنْ رَافِعِ ابْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ
۲۵ اللّٰهِ اَيُّ الْكَسْبِ اَطْيَبُ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهٖ وَكُلُّ بَيْعٍ مَّبْرُوْرٍ -

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! کونسا ذریعہ معاش پاکیزہ ہے؟ فرمایا کہ آدمی کا اپنے ہاتھ سے کمانا اور ہر جائز تجارت۔

(مسند احمد)

۲۶۶۴ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ كَانَتْ
۲۶

حضرت ابوبکر بن ابومریم کا بیان ہے کہ حضرت مقدام بن معدیکرب

www.alahazratnetwork.org



لِمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ جَارِيَةٌ تَبِيْعُ اللَّبَنَ وَيَقْبِضُ الْمِقْدَامُ ثَمَنَهٗ فَقِيْلَ لَهٗ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَتَبِيْعُ اللَّبَنَ وَتَقْبِضُ الثَّمَنَ فَقَالَ نَعَمْ وَمَا بَأْسٌ بِذٰلِكَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَنْفَعُ فِيْهِ اِلَّا الدِّيْنَارُ وَالدِّرْهَمُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

٢٦٦٥ / ٢٧ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ اُجَهِّزُ اِلَى الشَّامِ وَاِلٰى مِصْرَ فَجَهَّزْتُ اِلَى الْعِرَاقِ فَاَتَيْتُ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ كُنْتُ اُجَهِّزُ اِلَى الشَّامِ فَجَهَّزْتُ اِلَى الْعِرَاقِ فَقَالَتْ لَا تَفْعَلْ مَا لَكَ وَلِمَتْجَرِكَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَبَّبَ اللّٰهُ لِاَحَدِكُمْ رِزْقًا مِّنْ وَجْهٍ فَلَا يَدَعْهُ حَتّٰى يَتَغَيَّرَ لَهٗ اَوْ يَتَنَكَّرَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

٢٦٦٦ / ٢٨ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لِاَبِيْ بَكْرٍ غُلَامٌ يُخْرِجُ لَهُ الْخَرَاجَ فَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَاْكُلُ مِنْ خَرَاجِهٖ فَجَاءَ يَوْمًا بِشَيْءٍ فَاَكَلَ مِنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ تَدْرِيْ مَا هٰذَا فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ وَمَا هُوَ قَالَ كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِاِنْسَانٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَمَا اُحْسِنُ الْكِهَانَةَ اِلَّا اَنِّيْ خَدَعْتُهٗ فَلَقِيَنِيْ فَاَعْطَانِيْ بِذٰلِكَ فَهٰذَا الَّذِيْ اَكَلْتَ مِنْهُ قَالَتْ فَاَدْخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدَهٗ فَقَاءَ كُلَّ شَيْءٍ فِيْ بَطْنِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

٢٦٦٧ / ٢٩ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِيَ بِالْحَرَامِ۔

٢٦٦٨ / ٣٠ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اَنَّهٗ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا وَاَعْجَبَهٗ فَقَالَ لِلَّذِيْ سَقَاهُ مِنْ اَيْنَ

کی ایک لونڈی تھی جو دودھ بیچا کرتی اور حضرت مقدام دودھ کی قیمت لے لیا کرتے۔ اُن سے کہا گیا کہ سُبْحَانَ اللّٰہ آپ دودھ بیچ کر اُس کی قیمت لیتے ہیں؟ فرمایا ہاں اور اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ لوگوں پر وہ زمانہ بھی ضرور آئے گا جس میں فائدہ نہیں پہنچائیں گے مگر دینار و درہم

(مسند احمد)

نافع کا بیان ہے کہ میں شام اور مصر کی طرف اپنا مال تجارت بھیجا کرتا تھا۔ میں نے عراق کی طرف مال بھیجنے کی تیاری کی تو حضرت عائشہ صدیقہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ اے اُم المؤمنین! میں شام کی طرف مال تجارت بھیجا کرتا تھا مگر اب عراق کی طرف بھیج رہا ہوں؟ فرمایا کہ ایسا نہ کرو تمہیں اپنی نفع بخش تجارت سے کیا دشمنی ہے جبکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کے لیے روزی کا ایک سبب بنا دے تو اُسے نہ چھوڑے جب تک اُس میں رکاوٹ نہ آئے یا نقصان نہ ہونے لگے (احمد، ابن ماجہ)۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضرت ابو بکر کا ایک غلام تھا جو انہیں خراج دیا کرتا تھا اور حضرت ابو بکر اُس کے خراج سے کھایا کرتے تھے۔ ایک روز وہ کوئی چیز لایا تو حضرت ابو بکر نے وہ کھالی۔ غلام نے اُن سے کہا: معلوم ہے یہ کیا چیز تھی؟ فرمایا یہ کیا تھی؟ کہا کہ دورِ جاہلیت میں ایک آدمی کی میں نے قسمت بتائی تھی اور میں کہانت میں ماہر نہیں تھا، بلکہ اُسے دھوکا دیا تھا۔ وہ مجھے ملا تو اُس نے مجھے یہ چیز دی جس میں سے آپ نے کھائی ہے۔ حضرت صدیقہ کا بیان ہے کہ حضرت ابو بکر نے اپنا ہاتھ اندر داخل کیا اور جو کچھ پیٹ میں تھا سب کی قے کر دی۔ (بخاری)

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جسم جنت میں داخل نہیں ہوگا جو حرام روزی سے پلا ہے۔ (بیہقی فی شعب الایمان)

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دودھ پیا اور اُسے پسند فرمایا۔ پلانے والے سے فرمایا کہ یہ دودھ

www.alahazratnetwork.org



لَكَ هٰذَا اللَّبَنُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ وَرَدَ عَلٰى مَاءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَإِذَا نَعَمٌ مِّنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ يَسْقُوْنَ فَحَلَبُوْا لِيْ مِنْ أَلْبَانِهَا فَجَعَلْتُهُ فِيْ سِقَائِيْ وَهُوَ هٰذَا فَأَدْخَلَ عُمَرُ يَدَهُ فَاسْتَقَاءَهُ۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

تم نے کہاں سے حاصل کیا؟ اُس نے آپ کو بتایا کہ میں ایک پانی کی جگہ سے گزرا، جس کا نام بھی لیا تو وہاں زکوٰۃ کے اونٹ تھے جنھیں لوگ پانی پلا رہے تھے۔ اُنھوں نے میرے لیے اُن کا دودھ دوہا تو میں نے اپنے برتن میں ڈال لیا۔ یہ وہی تھا۔ پس حضرت عمر نے اپنا ہاتھ اندر داخل کیا اور اُس کی قے کر دی۔ (بیہقی شعب الایمان)۔

۲۶۶۹ / ۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى ثَوْبًا بِعَشَرَةِ دَرَاهِمَ وَفِيْهِ دِرْهَمٌ حَرَامٌ لَمْ يَقْبَلِ اللهُ تَعَالٰى لَهُ صَلٰوةً مَّا دَامَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَدْخَلَ إِصْبَعَيْهِ فِيْ أُذُنَيْهِ وَقَالَ صُمَّتَا إِنْ لَّمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ إِسْنَادُهُ ضَعِيْفٌ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جس نے دس درہم کا کپڑا خرید اور اُس میں ایک درہم حرام کا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس آدمی کی نماز قبول نہیں کرے گا جب تک وہ اُس کے جسم پر رہے گا۔ پھر اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں داخل کر کے فرمایا کہ یہ دونوں بہرے ہو جائیں اگر میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہی فرماتے نہ سنا ہو۔ روایت کیا اِسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا کہ اس کی اسناد ضعیف ہے۔

# بَابُ الْمُسَاهَلَةِ فِي الْمُعَامَلَةِ

# معاملے میں نرمی برتنا

## پہلی فصل

۲۶۷۰ / ۳۲ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ وَإِذَا اشْتَرٰى وَإِذَا اقْتَضٰى۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اُس شخص پر رحم فرمائے جو بیچتے، خریدتے اور تقاضا کرتے وقت نرمی اختیار کرے۔

(بخاری)

۲۶۷۱ / ۳۳ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَجُلًا كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَتَاهُ الْمَلَكُ لِيَقْبِضَ رُوْحَهُ فَقِيْلَ لَهُ هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ قَالَ مَا أَعْلَمُ قِيْلَ لَهُ انْظُرْ قَالَ مَا أَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ أَنِّيْ كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَأُجَازِيْهِمْ فَأُنْظِرُ الْمُوْسِرَ وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ فَأَدْخَلَهُ اللهُ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ نَحْوُهُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَأَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ فَقَالَ اللهُ أَنَا أَحَقُّ بِذَا مِنْكَ تَجَاوَزُوْا عَنْ عَبْدِيْ۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پہلے زمانے کے ایک آدمی کے پاس فرشتہ اُس کی روح قبض کرنے کے لیے آیا۔ اُس سے کہا گیا کہ تو نے کوئی نیکی کی ہے۔ کہا کہ میرے علم میں تو کوئی نہیں۔ کہا گیا کہ پھر غور کر۔ کہا کہ میرے علم میں ایسی کوئی چیز نہیں سوائے اس کے کہ میں لوگوں کے ساتھ تجارت کیا کرتا تھا تو مالداروں کو ڈھیل دیتا اور تنگ دست سے درگزر کیا کرتا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُسے جنت میں داخل کر دیا (متفق علیہ) مسلم کی دوسری روایت میں حضرت عقبہ بن عامر اور حضرت ابو مسعود انصاری سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اس بات کا میں اس سے زیادہ حق دار ہوں، فرشتو! میرے بندے سے درگزر کرو۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ فَإِنَّهُ يُنَفِّقُ ثُمَّ يَمْحَقُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تجارت میں زیادہ قسم کھانے سے بچو کہ رواج ہو جاتا ہے، پھر برکت کو ختم کر ڈالتی ہے۔

(مسلم)

۲۶۷۳ / ۳۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْحَلِفُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: قسم مال کے رواج کا باعث اور برکت کو مٹانے والی ہے۔ (متفق علیہ)

۲۶۷۴ / ۳۶ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ قَالَ أَبُو ذَرٍّ خَابُوا وَخَسِرُوا مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُن سے کلام نہیں فرمائے گا، نہ اُن کی طرف دیکھے گا، نہ انہیں پاک کرے گا اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ حضرت ابوذر عرض گزار ہوئے کیا رسول اللہ! وہ محروم اور خسارہ پانے والے کون ہیں؟ فرمایا: ازار لٹکانے والا، احسان جتانے والا اور جھوٹی قسم سے اپنا مال کو چلانے والا (مسلم)۔

## دوسری فصل

۲۶۷۵ / ۳۷ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّاجِرُ الصَّدُوقُ الْأَمِينُ مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سچا اور امانت دار تاجر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔ روایت کیا ہے اسے ترمذی، دارمی، دار قطنی، ابن ماجہ نے اسے حضرت ابن عمر سے روایت کیا ہے ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۲۶۷۶ / ۳۸ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي غَرَزَةَ قَالَ كُنَّا نُسَمّٰى فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّمَاسِرَةَ فَمَرَّ بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمَّانَا بِاسْمٍ هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ إِنَّ الْبَيْعَ يَحْضُرُهُ اللَّغْوُ وَالْحَلِفُ فَشُوبُوهُ بِالصَّدَقَةِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت قیس بن ابوغرزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ہمیں سماسرہ کہا جاتا تھا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ نے ہمارا اُس سے اچھا نام لیتے ہوئے فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! تجارت فضول بات اور قسم کو بلا لیتی ہے تو تم اُس میں صدقہ کو ملایا کرو۔

(ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

۲۶۷۷ / ۳۹ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّجَّارُ يُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

عبید بن رفاعہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تاجر قیامت کے روز نافرمان اٹھائے

www.alahazratnetwork.org



تجارًا الا من اتقى وبر وصدق۔ رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي وروى البيهقي في شعب الايمان عن البراء وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح۔

جائیں گے ماسوائے اُس کے جس نے تقویٰ، نیکی اور سچائی کو اختیار کیا (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت براء سے روایت کی اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

# باب الخيار

# اختیار کا بیان

## پہلی فصل

۲۶۷۸ عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم[1] المتبايعان كل واحد منهما بالخيار على صاحبه ما لم يتفرقا الا بيع الخيار متفق عليه وفي رواية لمسلم اذا تبايع المتبايعان فكل واحد منهما بالخيار من بيعه ما لم يتفرقا او يكون بيعهما عن خيار فاذا كان بيعهما عن خيار فقد وجب وفي رواية للترمذي البيعان بالخيار ما لم يتفرقا او يختارا وفي المتفق عليه او يقول احدهما لصاحبه اختر بدل او يختارا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بائع اور مشتری دونوں میں سے ہر ایک کو اپنے ساتھی پر اختیار ہے جب تک ایک دوسرے سے جُدا نہ ہوں سوائے اختیار والی بیع کے (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جب بائع اور مشتری نے سودا کر لیا تو ہر ایک کو اُن دونوں سے اپنے سودے کا اختیار ہے جب تک جُدا نہ ہوں یا اُن دونوں کا سودا اختیار والا ہو، جب اُن کا سودا اختیار والا ہو تو اسی طرح واجب ہو گیا اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ بائع اور مشتری دونوں کو اختیار ہے جب تک دونوں جُدا نہ ہوں یا اختیار رکھا ہو۔ بخاری و مسلم میں ہے یا ایک اُن میں سے اپنے ساتھی سے کی جگہ اختیار دیا کہہ دے۔

۲۶۷۹ وعن حكيم بن حزام قال قال رسول الله[2] صلى الله عليه وسلم البيعان بالخيار ما لم يتفرقا فان صدقا وبينا بورك لهما في بيعهما وان كتما وكذبا محقت بركة بيعهما۔ (متفق عليه)

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سودا کرنے والے دونوں کو اختیار ہے جب تک جدا نہ ہوں۔ اگر دونوں نے سچائی اور صاف گوئی سے کام لیا تو اُن کے سودے میں برکت ڈال دی جاتی ہے اور اگر انھوں نے چھپایا اور غلط بیانی کی تو ان کی تجارت سے برکت مٹا دی جاتی ہے۔ (متفق علیہ)

۲۶۸۰ وعن ابن عمر قال قال رجل لرسول الله صلى[3] الله عليه وسلم اني اخدع في البيوع فقال اذا بايعت فقل لا خلابة فكان الرجل يقوله۔

(متفق عليه)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا کہ تجارت میں مجھے دھوکا دیا جاتا ہے۔ فرمایا کہ جب تم سودا کرو تو کہہ دیا کرو، دھوکا مناسب نہیں ہے۔ پس وہ آدمی یہی کہہ دیا کرتا۔

(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

٢٦٨١ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ
٤
أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَفْقَةَ خِيَارٍ وَلَا يَحِلُّ لَهٗ أَنْ يُفَارِقَ صَاحِبَهٗ خَشْيَةَ أَنْ يَسْتَقِيْلَهٗ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے ان کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بائع اور مشتری دونوں کو اختیار ہے جب تک جُدا نہ ہوں مگر جب اختیار کی شرط کی ہو اور اس کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے ساتھی سے اقالہ کے مطالبہ سے ڈرتا ہوا جدا ہو جائے (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)۔

٢٦٨٢ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
٥
وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَفَرَّقَنَّ اثْنَانِ إِلَّا عَنْ تَرَاضٍ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں جدا نہ ہوں مگر رضامندی کے ساتھ۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

٢٦٨٣ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
٦
خَيَّرَ أَعْرَابِيًّا بَعْدَ الْبَيْعِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کو سودے کے بعد اختیار دیا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

# بَابُ الرِّبٰو

# سُود کا بیان

## پہلی فصل

٢٦٨٤ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
١
وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبٰوا وَمُوْكِلَهٗ وَكَاتِبَهٗ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سُود کھانے والے، کھلانے والے، اُسے لکھنے والے اور اس کا گواہ بننے والے پر لعنت کی اور فرمایا کہ وہ سارے برابر ہیں۔ (مسلم)

٢٦٨٥ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
٢
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ سَوَاءً بِسَوَاءٍ يَدًا بِيَدٍ فَإِذَا اخْتَلَفَتْ هٰذِهِ الْأَصْنَافُ فَبِيْعُوْا كَيْفَ شِئْتُمْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کے بدلے سونا، چاندی کے بدلے چاندی، گندم کے بدلے گندم، جَو کے بدلے جَو، کھجوروں کے بدلے کھجوریں اور نمک کے بدلے نمک، ایک دوسرے کی مثل، برابر برابر اور ہاتھوں ہاتھ ہوں۔ جب ان کی قسمیں مختلف ہوں تو جس طرح چاہو

www.alahazratnetwork.org



۲۶۸۶ [۳] وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلذَّھَبُ بِالذَّھَبِ وَالْفِضَّۃُ بِالْفِضَّۃِ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ وَالشَّعِیْرُ بِالشَّعِیْرِ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ یَدًا بِیَدٍ فَمَنْ زَادَ اَوِ اسْتَزَادَ فَقَدْ اَرْبٰی اَلْاٰخِذُ وَالْمُعْطِیْ فِیْہِ سَوَآءٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کے بدلے سونا، چاندی کے بدلے چاندی، گندم کے بدلے گندم، جَو کے بدلے جَو، کھجوروں کے بدلے کھجوریں اور نمک کے بدلے نمک جبکہ برابر برابر اور دست بدست ہوں۔ جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا تو سود دیا۔ لینے والا اور دینے والا دونوں برابر ہیں۔ (مسلم)

۲۶۸۷ [۴] وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَبِیْعُوا الذَّھَبَ بِالذَّھَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَّلَا تُشِفُّوْا بَعْضَھَا عَلٰی بَعْضٍ وَلَا تَبِیْعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوْا بَعْضَھَا عَلٰی بَعْضٍ وَلَا تَبِیْعُوْا مِنْھَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَا تَبِیْعُوا الذَّھَبَ بِالذَّھَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے نہ بیچو مگر برابر برابر اور ایک کو دوسرے سے زیادہ نہ کرو اور اُس میں سے غائب چیز کو موجود کے ساتھ فروخت نہ کرو۔ (متفق علیہ) اور ایک روایت میں ہے کہ سونے کو سونے کے بدلے اور چاندی کو چاندی کے بدلے فروخت نہ کرو مگر جبکہ وزن برابر ہو۔

۲۶۸۸ [۵] وَعَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ کُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت معمر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا: اناج کے بدلے اناج برابر برابر ہو۔ (مسلم)۔

۲۶۸۹ [۶] وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلذَّھَبُ بِالذَّھَبِ رِبًوا اِلَّا ھَآءَ وَھَآءَ وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ رِبًوا اِلَّا ھَآءَ وَھَآءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًوا اِلَّا ھَآءَ وَھَآءَ وَالشَّعِیْرُ بِالشَّعِیْرِ رِبًوا اِلَّا ھَآءَ وَھَآءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًوا اِلَّا ھَآءَ وَھَآءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کے بدلے سونا سود ہے مگر ہاتھوں ہاتھ۔ چاندی کے بدلے چاندی سود ہے مگر ہاتھوں ہاتھ۔ گندم کے بدلے گندم سود ہے مگر ہاتھوں ہاتھ۔ جَو کے بدلے جَو سود ہے مگر ہاتھوں ہاتھ اور کھجوروں کے بدلے کھجوریں سود ہیں مگر ہاتھوں ہاتھ۔ (متفق علیہ)

۲۶۹۰ [۷] وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَّاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰی خَیْبَرَ فَجَآءَہٗ بِتَمْرٍ جَنِیْبٍ فَقَالَ اَکُلُّ تَمْرِ خَیْبَرَ ھٰکَذَا قَالَ لَا وَاللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا لَنَاْخُذُ الصَّاعَ مِنْ ھٰذَا بِالصَّاعَیْنِ وَالصَّاعَیْنِ بِالثَّلٰثِ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاھِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاھِمِ جَنِیْبًا وَقَالَ فِی الْمِیْزَانِ مِثْلَ ذٰلِکَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو خیبر کا عامل مقرر فرمایا۔ وہ عمدہ کھجوریں لے کر حاضر بارگاہ ہوا تو آپ نے فرمایا: کیا خیبر کی ساری کھجوریں ایسی ہیں؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! خدا کی قسم نہیں۔ ہم نے یہ دو صاع کے بدلے ایک صاع اور تین صاع کے بدلے دو صاع لی ہیں۔ فرمایا کہ ایسا نہ کیا کرو بلکہ تمام کھجوریں درہموں سے بیچ دیا کرو اور پھر عمدہ کھجوریں درہموں سے خرید لیا کرو اور تول کے متعلق فرمایا کہ وہ برابر ہو۔ (متفق علیہ)۔

www.alahazratnetwork.org



٢٦٩١ ٨ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ جَآءَ بِلَالٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ بَرْنِیٍّ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَیْنَ هٰذَا قَالَ کَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِیٌّ فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَیْنِ بِصَاعٍ قَالَ اَوَّهْ عَیْنُ الرِّبٰو عَیْنُ الرِّبٰو لَا تَفْعَلْ وَلٰکِنْ اِذَا اَرَدْتَّ اَنْ تَشْتَرِیَ فَبِعِ التَّمْرَ بِبَیْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِبِهٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت بلال برنی کھجوریں لے کر حاضر ہوئے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: یہ کہاں سے ہیں؟ عرض گزار ہوئے کہ ہمارے پاس خراب کھجوریں تھیں۔ میں نے وہ ایک صاع کے بدلے دو صاع کے حساب سے بیچ دیں۔ فرمایا اُف! یہ تو بالکل سود ہے، بالکل سود، ایسا نہ کیا کرو بلکہ خریدنا چاہو تو کھجوریں بیچ دو اور اس رقم سے دوسری کھجوریں خرید لو۔ (متفق علیہ)

٢٦٩٢ ٩ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَآءَ عَبْدٌ فَبَایَعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْهِجْرَةِ وَلَمْ یَشْعُرْ اَنَّهٗ عَبْدٌ فَجَآءَ سَیِّدُهٗ یُرِیْدُهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِیْهِ فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَیْنِ اَسْوَدَیْنِ وَلَمْ یُبَایِعْ اَحَدًا بَعْدَهٗ حَتّٰی یَسْاَلَهٗ اَعَبْدٌ هُوَ اَوْ حُرٌّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک غلام نے آکر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہجرت پر بیعت کی اور یہ معلوم نہ ہوا کہ غلام ہے۔ اُسے لے جانے کے لیے اس کا مالک آگیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے یہ فرمایا کہ یہ میرے ہاتھوں بیچ دو۔ پس آپ نے اُسے دو کالے غلاموں کے بدلے خرید لیا اور اس کے بعد کسی کو بیعت نہ فرمایا یہاں تک کہ اس سے پوچھ لیتے کہ غلام ہے یا آزاد۔ (مسلم)

٢٦٩٣ ١٠ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ لَا یُعْلَمُ مَکِیْلَتُهَا بِالْکَیْلِ الْمُسَمّٰی مِنَ التَّمْرِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کے ڈھیر کو بیچنے سے منع فرمایا ہے جن کی تول معلوم نہ ہو ایسی کھجوروں کے بدلے جن کی تول بتادی جائے۔

(مسلم)

٢٦٩٤ ١١ وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ اَبِیْ عُبَیْدٍ قَالَ اشْتَرَیْتُ یَوْمَ خَیْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَیْ عَشَرَ دِیْنَارًا فِیْهَا ذَهَبٌ وَّخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُّ فِیْهَا اَکْثَرَ مِنِ اثْنَیْ عَشَرَ دِیْنَارًا فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تُبَاعُ حَتّٰی تُفَصَّلَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت فضالہ بن عبید کا بیان ہے کہ میں نے غزوۂ خیبر کے وقت ایک ہار بارہ دینار میں خریدا جس میں سونا اور نگینے تھے۔ میں نے انھیں جدا کیا تو سونا بارہ دینار سے زائد پایا۔ میں نے اس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو فرمایا: یہ فروخت نہ کرنا جب تک جدا نہ کرلو۔

(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

۲۶۹۶ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ [13] صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِيْرَ بِالشَّعِيْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ عَيْنًا بِعَيْنٍ يَدًا بِيَدٍ وَلٰكِنْ بِيْعُوا الذَّهَبَ بِالْوَرِقِ وَالْوَرِقَ بِالذَّهَبِ وَالْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ وَالشَّعِيْرَ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَالْمِلْحَ بِالتَّمْرِ يَدًا بِيَدٍ كَيْفَ شِئْتُمْ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِیُّ)

۲۶۹۷ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ [14] رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شِرَی التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ اَيَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا يَبِسَ فَقَالَ نَعَمْ فَنَهَاهُ عَنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔

۲۶۹۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مُرْسَلًا اَنَّ [15] رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ بَيْعِ اللَّحْمِ بِالْحَيَوَانِ قَالَ سَعِيْدٌ كَانَ مِنْ مَيْسِرِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔

۲۶۹۹ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ [16] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيْئَةً رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ۔

۲۷۰۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ [17] النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ اَنْ يُجَهِّزَ جَيْشًا فَنَفِدَتِ الْاِبِلُ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَاْخُذَ عَلٰی قَلَائِصِ الصَّدَقَةِ فَكَانَ يَاْخُذُ الْبَعِيْرَ بِالْبَعِيْرَيْنِ اِلٰی اِبِلِ الصَّدَقَةِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

---

جائے گا۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی۔ ابن ماجہ۔)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کو سونے کے بدلے فروخت نہ کرو اور نہ چاندی کو چاندی کے بدلے اور نہ گندم کو گندم کے بدلے اور نہ جَو کو جَو کے بدلے اور نہ کھجوروں کو کھجوروں کے بدلے اور نہ نمک کو نمک کے بدلے مگر برابر برابر، نقد بہ نقد اور ہاتھوں ہاتھ۔ ہاں سونے کو چاندی کے بدلے، چاندی کو سونے کے بدلے گندم کو جَو کے بدلے، جَو کو گندم کے بدلے، کھجوروں کو نمک کے بدلے اور نمک کو کھجوروں کے بدلے دست بدست جس طرح چاہو فروخت کرو۔ (شافعی)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خشک کھجوروں سے تازہ کھجوریں خریدنے کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا کیا تازہ کھجوریں سوکھنے پر گھٹ جاتی ہیں؟ عرض کی گئی ہاں۔ پس آپ نے ایسا کرنے سے منع فرمادیا۔ (مالک، ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ۔)

سعید ابن مسیب سے مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوشت کو مویشی کے بدلے فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ سعید نے فرمایا کہ یہ عہدِ جاہلیت والوں کا جوا تھا۔

(شرح السنۃ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جانور کو جانور کے بدلے ادھار بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ایک لشکر کا سامان درست کرنے کا حکم فرمایا تو اونٹ کم رہ گئے تو آپ نے حکم دیا کہ زکوٰۃ کے اونٹوں کے وعدے پر لے لو۔ پس وہ ایک اونٹ کے بدلے زکوٰۃ کے دو اونٹوں کے وعدے پر لیتے رہے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

۲۷۰۱ عَنْ أُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [18] قَالَ الرِّبٰوا فِي النَّسِيْئَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَا رِبٰوا فِيْمَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: ادھار میں سود ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ہاتھوں ہاتھ لینے دینے میں سود نہیں ہے۔

(متفق علیہ)

۲۷۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ غَسِيْلِ الْمَلٰئِكَةِ [19] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْهَمُ رِبٰوا يَأْكُلُهُ الرَّجُلُ وَهُوَ يَعْلَمُ أَشَدُّ مِنْ سِتَّةٍ وَّثَلٰثِيْنَ زِنْيَةً۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَزَادَ وَقَالَ مَنْ نَبَتَ لَحْمُهُ مِنَ السُّحْتِ فَالنَّارُ أَوْلٰى بِهٖ۔

غسیل الملائکہ حضرت عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جان بوجھ کر سود کا ایک درہم کھائے تو چھتیس دفعہ زنا کرنے سے زیادہ سخت ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور دارقطنی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کرتے ہوئے مزید کہا کہ آپ نے فرمایا: جو گوشت حرام سے پیدا ہوا وہ جہنم کے زیادہ نزدیک ہے۔

---

۲۷۰۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى [20] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرِّبٰوا سَبْعُوْنَ جُزْءًا أَيْسَرُهَا أَنْ يَّنْكِحَ الرَّجُلُ أُمَّهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سود کے ستر اجزاء ہیں جن میں سب سے گھٹیا ایسا ہے جیسے کوئی آدمی اپنی ماں سے نکاح کرے۔

۲۷۰۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ [21] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الرِّبٰوا وَإِنْ كَثُرَ فَإِنَّ عَاقِبَتَهٗ تَصِيْرُ إِلٰى قُلٍّ۔ رَوَاهُمَا ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَرَوٰى أَحْمَدُ الْأَخِيْرَ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سود سے مال خواہ کتنا ہی بڑھے آخرکار قلت کی طرف لے جاتا ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو روایت کیا ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور دوسری کو احمد نے روایت کیا ہے۔

۲۷۰۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى [22] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ عَلٰى قَوْمٍ بُطُوْنُهُمْ كَالْبُيُوْتِ فِيْهَا الْحَيَّاتُ تُرٰى مِنْ خَارِجِ بُطُوْنِهِمْ فَقُلْتُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: معراج کی رات میرا ایسے لوگوں کے پاس سے گزر ہوا جن کے پیٹ گھروں جیسے تھے، جن میں سانپ

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

فرمایا کرتے تھے۔ (نسائی)۔

٢٧٠٧ (٢٤) وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ اٰخِرَ مَا نَزَلَتْ اٰيَةُ الرِّبٰوا وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ وَلَمْ يُفَسِّرْهَا لَنَا فَدَعُوا الرِّبٰوا وَالرِّيْبَةَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ سود کے متعلق آخری آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور اُس کی تفسیر ہمارے لیے بیان نہ فرمائی لہٰذا سود اور شبہ والی چیز کو چھوڑ دیا کرو۔ (ابن ماجہ، دارمی۔)

٢٧٠٨ (٢٥) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُكُمْ قَرْضًا فَاَهْدٰى اِلَيْهِ اَوْ حَمَلَهٗ عَلَى الدَّابَّةِ فَلَا يَرْكَبْهُ وَلَا يَقْبَلْهَا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ جَرٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کو قرض دے اور مقروض اُس کے لیے ہدیہ بھیجے یا جانور پر اُسے سوار کرے تو سوار نہ ہو اور نہ وہ ہدیہ قبول کرے مگر جبکہ اُن دونوں کے درمیان پہلے سے ایسا لین دین جاری ہو۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

٢٧٠٩ (٢٦) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَقْرَضَ الرَّجُلُ فَلَا يَاْخُذْ هَدِيَّةً۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی کسی کو قرض دے تو اس کا ہدیہ نہ لے۔ اسے بخاری نے اپنی تاریخ میں روایت کیا اور اسی طرح منتقیٰ میں ہے۔

٢٧١٠ (٢٧) وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ فَقَالَ اِنَّكَ بِاَرْضٍ فِيْهَا الرِّبٰوا فَاشٍ فَاِذَا كَانَ لَكَ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَاَهْدٰى اِلَيْكَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْ حِمْلَ شَعِيْرٍ اَوْ حَبْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْهُ فَاِنَّهٗ رِبًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو بُردہ بن ابو موسیٰ کا بیان ہے کہ میں مدینہ منورہ میں حاضر ہوا تو حضرت عبد اللہ بن سلام سے میری ملاقات ہوئی۔ اُنھوں نے فرمایا کہ تم ایسی سرزمین میں ہو جہاں سود عام ہے، لہٰذا جب تمہارا کسی پر حق ہو اور وہ تمہاری طرف بھُس کے ریشے برابر یا جَو برابر یا گھاس کے تنکے کے برابر بھی ہدیہ بھیجے تو نہ لو کیونکہ وہ سود ہے۔ (بخاری)

## بَابُ الْمَنْهِيِّ عَنْهَا مِنَ الْبُيُوْعِ

## تجارت میں جن باتوں سے منع فرمایا گیا ہے

### پہلی فصل

٢٧١١ (١) عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ اَنْ يَّبِيْعَ ثَمَرَ حَائِطِهٖ اِنْ كَانَ نَخْلًا بِتَمْرٍ كَيْلًا وَاِنْ كَانَ كَرْمًا اَنْ يَّبِيْعَهٗ بِزَبِيْبٍ كَيْلًا اَوْ كَانَ وَعِنْدَ مُسْلِمٍ وَاِنْ كَانَ زَرْعًا اَنْ يَّبِيْعَهٗ بِكَيْلِ طَعَامٍ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا نَهٰى عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يُّبَاعَ مَا فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ بِتَمْرٍ بِكَيْلٍ مُسَمًّى اِنْ زَادَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزابنہ سے منع فرمایا ہے کہ اپنے باغ کے پھل بیچے جائیں اگر وہ کھجور ہوں تو خشک کھجوروں کے بدلے، انگور ہوں تو کشمش کے بدلے جو تُلی ہوئی ہوں اور امام مسلم کے نزدیک اگرچہ وہ کھیتی ہو اور اُسے اناج کی تول کے بدلے بیچے۔ ایسی ہر تجارت سے منع فرمایا ہے (متفق علیہ) اور اِن دونوں کی ایک روایت میں ہے کہ مزابنہ سے منع فرمایا ہے اور مزابنہ یہ ہے کہ کوئی اپنی درختوں پر لگی ہوئی کھجوروں کو خشک کھجوروں کی معلوم

www.alahazratnetwork.org



فَبِيْ وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَيَّ۔

۲۷۱۲ [۲] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ يَّبِيْعَ الرَّجُلُ الزَّرْعَ بِمِائَةِ فَرَقٍ حِنْطَةٍ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ يَّبِيْعَ الثَّمَرَ فِيْ رُءُوْسِ النَّخْلِ بِمِائَةِ فَرَقٍ وَّالْمُخَابَرَةُ كِرَاءُ الْاَرْضِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۱۳ [۳] وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۱۴ [۴] وَعَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ اِلَّا اَنَّهٗ رَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ اَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا تَمْرًا يَّاْكُلُهَا اَهْلُهَا رُطَبًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۷۱۵ [۵] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِيْ بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ۔ اَوْ فِيْ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ شَكَّ دَاوٗدُ ابْنُ الْحُصَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۷۱۶ [۶] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَاْمَنَ الْعَاهَةَ۔

۲۷۱۷ [۷] وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُزْهِيَ قِيْلَ وَمَا تُزْهِيْ قَالَ حَتّٰى تَحْمَرَّ وَقَالَ اَرَاَيْتَ اِذَا مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ يَاْخُذُ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تول کے بدلے فروخت کرے کہ اگر بڑھ جائیں تو میرا اور کم رہیں تو باقی میں دونگا۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مخابرہ، محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا ہے۔ محاقلہ یہ ہے جیسے کوئی آدمی اپنی کھیتی کو سو فرق گندم کے بدلے فروخت کرے اور مزابنہ یہ ہے جیسے کوئی درخت پر لگی ہوئی کھجوروں کو سو فرق میں بیچے اور مخابرہ تہائی یا چوتھائی حصے پر زمین کو دینا ہے۔

(مسلم)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محاقلہ، مزابنہ، اور مخابرہ، معاومہ اور ثنیا سے منع فرمایا اور عرایا کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

(مسلم)

حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھجوروں کی کھجوروں کے ساتھ تجارت سے منع فرمایا مگر عریہ کی اجازت مرحمت فرمائی کہ اندازے سے کھجوریں بیچی جائیں اور مالک تازہ کھجوریں کھائیں۔

(متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع عرایا میں اجازت مرحمت فرمائی کہ اپنی کھجوریں پانچ وسق کے بدلے اندازے سے بیچی جائیں یا پانچ وسق ہیں۔ اس میں داؤد بن حصین کو شک ہے۔ (متفق علیہ)۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھلوں کو پختگی ظاہر ہونے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے بائع اور مشتری دونوں کو منع فرمایا ہے (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ کھجوروں کو بیچنے سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ پک جائیں اور بالیوں والی فصل کو یہاں تک کہ سفید ہو جائے اور آفت کے ڈر سے نکل جائے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھلوں کو بیچنے سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ پک جائیں۔ عرض کی گئی کہ پکنے کی کیا نشانی ہے؟ فرمایا یہاں تک کہ سرخ ہو جائیں اور فرمایا کہ غور کرو اللہ تعالیٰ پھلوں کو روک لے تو تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا مال کس چیز کے بدلے لیگا؟ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۲۷۱۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۸
وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ السِّنِيْنَ وَاَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سالہا سال کی بیع سے منع فرمایا اور قدرتی نقصان کو وضع کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ (مسلم)۔

۲۷۱۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۹
وَسَلَّمَ لَوْ بِعْتَ مِنْ اَخِيْكَ ثَمَرًا فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَلَا يَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِيْكَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے بھائی کے ہاتھوں پھل فروخت کرو۔ پھر اُن پر قدرتی آفت آجائے تو تمہارے لیے اُس کے بدلے کچھ بھی لینا جائز نہیں ہے۔ بھلا تم اپنے بھائی کا مال کس چیز کے بدلے لیتے ہو۔ (مسلم)۔

۲۷۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانُوْا يَبْتَاعُوْنَ الطَّعَامَ
۱۰
فِيْ اَعْلَى السُّوْقِ فَيَبِيْعُوْنَهُ فِيْ مَكَانِهِ فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِهِ فِيْ مَكَانِهِ حَتّٰى يَنْقُلُوْهُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: لوگ بازار کے بالائی جانب اناج خریدتے اور اس جگہ اُسے فروخت کر دیا کرتے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسی جگہ بیچنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ اُسے منتقل کر دیا جائے۔ اِسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے اور میں اِسے صحیحین میں نہیں پایا۔

۲۷۲۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۱۱
وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ وَ فِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَتّٰى يَكْتَالَهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اناج خریدے تو اُسے فروخت نہ کرے جب تک پورا نہ کرے اور حضرت ابن عباس کی روایت میں ہے کہ جب تک وزن پورا نہ کرے۔ (متفق علیہ)

۲۷۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَّا الَّذِيْ نَهٰى عَنْهُ
۱۲
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الطَّعَامُ اَنْ يُّبَاعَ حَتّٰى يُقْبَضَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَا اَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا مِثْلَهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جس چیز سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا وہ ایسا اناج ہے جس کو قبضہ کرنے سے پہلے بیچا جائے حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میرے نزدیک ہر چیز کا یہی حکم ہے۔
(متفق علیہ)

۲۷۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
۱۳
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِبَيْعٍ وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ اَنْ يَّحْلُبَهَا اِنْ رَضِيَهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خریدنے کے لیے قافلے سے جا کر نہ ملو اور کوئی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے اور ملاوٹ نہ کیا کرو اور شہری دیہاتی کے لیے نہ بیچے اور اونٹنی یا بکری کا دودھ تھنوں میں نہ روکا کرو جس نے کوئی ایسا جانور خرید لیا تو دو دلا سکتے ہیں کہ دوہنے کے بعد اگر اُسے پسند کرے تو رکھ لے اور ناپسند کرے تو لوٹا دے اور ایک صاع کھجوریں بھی دے (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت

www.alahazratnetwork.org



مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ۔

۲۷۲۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [14] لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرٰى مِنْهُ فَاِذَا اَتٰى سَيِّدُهُ السُّوْقَ فَهُوَ بِالْخِيَارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [15] لَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتّٰى يُهْبَطَ بِهَا اِلَى السُّوْقِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۷۲۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [16] لَا يَبِعِ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ اِلَّا اَنْ يَّاْذَنَ لَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۲۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [17] قَالَ لَا يَسُمِ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [18] لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِّبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقِ اللهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۲۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ [19] اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِّبْسَتَيْنِ وَعَنْ بَيْعَتَيْنِ نَهٰى عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ فِي الْبَيْعِ وَالْمُلَامَسَةُ لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الْاٰخَرِ بِيَدِهٖ بِاللَّيْلِ اَوْ بِالنَّهَارِ وَلَا يُقَلِّبُهٗ اِلَّا بِذٰلِكَ وَالْمُنَابَذَةُ اَنْ يَّنْبِذَ الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ بِثَوْبِهٖ وَيَنْبِذَ الْاٰخَرُ ثَوْبَهٗ وَيَكُوْنَ ذٰلِكَ بَيْعَهُمَا عَنْ غَيْرِ نَظَرٍ وَّلَا تَرَاضٍ وَ اللِّبْسَتَيْنِ اشْتِمَالُ الصَّمَّاءِ وَالصَّمَّاءُ اَنْ

میں ہے کہ جس نے دودھ روکی ہوئی بکری خریدی تو تین دن تک اُسے اختیار ہے۔ اگر اُسے واپس لوٹائے تو ایک صاع اناج بھی دے گندم کے سوا

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قافلے سے آگے جاکر نہ ملو۔ جو آگے جاکر ملا اور اُس سے کوئی چیز خریدی تو جب بازار میں اُس کا آقا آئے تو اُسے اختیار ہوگا۔

(مسلم)

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آگے جاکر مال نہ خریدو یہاں تک کہ وہ بازار میں اُتار لیا جائے۔ (متفق علیہ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے اور نہ اپنے بھائی کے پیغامِ نکاح پر اپنا پیغام بھیجے مگر جبکہ وہ اُسے اجازت دے۔ (مسلم)۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص تم میں سے اپنے مسلمان بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے۔ (مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شہری دیہاتی کے ہاتھوں فروخت نہ کرے۔ لوگوں کو آزاد چھوڑ دو کیونکہ اللہ تعالیٰ بعض کے ذریعے بعض کو رزق دیتا ہے۔ (مسلم)۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو لباسوں اور دو قسم کی بیع سے منع فرمایا ہے یعنی تجارت میں ملامسہ اور منابذہ سے۔ ملامسہ یہ ہے کہ ایک آدمی رات یا دن میں دوسرے کے کپڑے کو ہاتھ لگاتا ہے اور اُسے اُلٹتا نہیں ہے مگر ہاتھ لگاتا ہے۔ منابذہ یہ ہے کہ ایک آدمی دوسرے کی طرف اپنا کپڑا پھینکتا ہے اور دوسرا اپنا کپڑا پھینکتا ہے اور یہ اُن کی بغیر دیکھے اور بغیر رضامندی کے تجارت ہوتی ہے اور دو لباسوں میں سے ایک اشتمال الصماء ہے کہ

شِقَّيْهِ لَيْسَ عَلَيْهِ ثَوْبٌ وَاللِّبْسَةُ الْأُخْرَى احْتِبَاءُهُ بِثَوْبِهِ وَهُوَ جَالِسٌ لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْءٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر کپڑا نہ ہو اور دوسرا لباس یہ ہے کہ بیٹھے ہوئے اپنے کپڑے میں یوں لپٹ جاتا کہ اس کی شرمگاہ پر کچھ نہ ہو۔
(متفق علیہ)

٢٧٣٠ ﴿٢٠﴾ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْحَصَاةِ وَعَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع حصاۃ اور بیع غرر سے منع فرمایا ہے۔
(مسلم)

٢٧٣١ ﴿٢١﴾ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ وَكَانَ بَيْعًا يَتَبَايَعُهُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ كَانَ الرَّجُلُ يَبْتَاعُ الْجَزُورَ إِلَى أَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ ثُمَّ تُنْتَجُ الَّتِي فِي بَطْنِهَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حبل الحبلہ کی بیع سے منع فرمایا ہے وہ جاہلیت والے اس قسم کی تجارت کیا کرتے تھے کہ ایک آدمی اونٹ خریدتا یہاں تک کہ اونٹنی بچہ دے اور پھر وہ بچہ جنے جو اس کے پیٹ میں ہے۔ (متفق علیہ)

٢٧٣٢ ﴿٢٢﴾ وَعَنْهُ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نر کو مادہ پر چڑھانے کی اجرت سے منع فرمایا ہے۔
(بخاری)

٢٧٣٣ ﴿٢٣﴾ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَالْأَرْضِ لِتُحْرَثَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اونٹ کے جفتی کرانے کی اجرت سے منع فرمایا اور اس پانی سے جو کھیتی کو دیا جائے۔
(مسلم)

٢٧٣٤ ﴿٢٤﴾ وَعَنْهُ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ فَضْلِ الْمَاءِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زائد پانی کی بیع سے منع فرمایا ہے۔
(مسلم)

٢٧٣٥ ﴿٢٥﴾ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَاعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، زائد پانی کو نہ بیچے کہ اس کے ساتھ گھاس بیچی جائے۔ (متفق علیہ)

٢٧٣٦ ﴿٢٦﴾ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ حَتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر غلے کے ایک ڈھیر کے پاس سے ہوا۔ آپ نے اس میں دستِ مبارک داخل کیا تو مبارک انگلیوں میں نمی محسوس فرمائی۔ فرمایا کہ اے اناج والے یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس پہ بارش پڑ گئی تھی۔ فرمایا کیا اس غلے کے بغیر

www.alahazratnetwork.org



مِنِّی۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

نہیں کرسکتے تھے کہ لوگ دیکھ لیتے۔ جس نے دھوکا دیا وہ مجھ سے نہیں ہے (مسلم)

## دوسری فصل

٢٧٣٧ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [٢٧] نَہٰی عَنِ الثُّنْیَا اِلَّا اَنْ یُّعْلَمَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے استثناء سے منع فرمایا مگر جبکہ طے کر لیا جائے۔ (ترمذی)۔

٢٧٣٨ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [٢٨] عَنْ بَیْعِ الْعِنَبِ حَتّٰی یَسْوَدَّ وَعَنْ بَیْعِ الْحَبِّ حَتّٰی یَشْتَدَّ ھٰکَذَا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَلَیْسَ عِنْدَھُمَا بِرِوَایَتِہٖ عَنْ اَنَسٍ وَالزِّیَادَۃُ الَّتِیْ فِی الْمَصَابِیْحِ وَھِیَ قَوْلُہٗ نَہٰی عَنْ بَیْعِ التَّمْرِ حَتّٰی تَزْھُوَ اِنَّمَا ثَبَتَ فِیْ رِوَایَتِہِمَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَہٰی عَنْ بَیْعِ النَّخْلِ حَتّٰی تَزْھُوَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوروں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ سیاہ ہوجائیں اور اناج کی بیع سے یہاں تک کہ سخت ہوجائے۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور ابوداؤد نے حضرت انس سے اور مصابیح میں جو زیادتی ہے وہ یہ ارشاد ہے کہ کھجوروں کی بیع سے منع فرمایا یہاں تک کہ پختہ ہوجائیں۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

٢٧٣٩ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [٢٩] نَہٰی عَنْ بَیْعِ الْکَالِیءِ بِالْکَالِیءِ۔ (رَوَاہُ الدَّارَقُطْنِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بیع سے منع فرمایا جس میں دونوں جانب اُدھار ہو (دار قطنی)

٢٧٤٠ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ [٣٠] قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْعُرْبَانِ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِّ امجد سے روایتاً کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع عربان سے منع فرمایا ہے۔ (مالک، ابوداؤد، ابن ماجہ)

٢٧٤١ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [٣١] عَنْ بَیْعِ الْمُضْطَرِّ وَعَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ وَعَنْ بَیْعِ الثَّمَرَۃِ قَبْلَ اَنْ تُدْرِکَ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع مضطر اور بیع غرر سے منع فرمایا اور پکنے سے پہلے پھلوں کی بیع سے۔ (ابوداؤد)

٢٧٤٢ وَعَنْ اَنَسٍ [illegible]

حضرت انس [illegible]

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ فِي رِوَايَةٍ لَهُ وَلِأَبِي دَاوُدَ وَالنَّسَائِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ يَأْتِينِي الرَّجُلُ فَيُرِيدُ مِنِّي الْبَيْعَ وَلَيْسَ عِنْدِي فَأَبْتَاعُ لَهُ مِنَ السُّوقِ قَالَ لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔

پاس نہ ہو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور اُسی کی ایک روایت نیز ابوداؤد اور نسائی میں ہے کہ میں عرض گزار ہُوا، یا رسول اللہ ایک شخص میرے پاس آکر وہ چیز خریدنا چاہتا ہے جو میرے پاس نہیں ہے۔ پس میں اُسے بازار سے خرید دیتا ہوں۔ فرمایا کہ وہ چیز نہ بیچو جو تمہارے پاس نہیں ہے۔

۲۷۴۴ / ۳۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ۔ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایک بیع میں دو قیمتوں سے منع فرمایا ہے۔

(مالک، ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

۲۷۴۵ / ۳۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي صَفْقَةٍ وَاحِدَةٍ۔ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایک چیز کی دو قیمتوں سے منع فرمایا ہے۔

(شرح السنہ)

۲۷۴۶ / ۳۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ يُضْمَنْ وَلَا بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اُدھار اور بیع جمع کرنا جائز نہیں اور نہ ایک بیع میں دو شرطیں کرنا اور نہ وہ نفع جس کی ضمانت نہ ہو اور نہ اُس چیز کی بیع جو تمہارے پاس نہ ہو (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)۔ ترمذی نے کہا کہ حدیث صحیح ہے۔

۲۷۴۷ / ۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ أَبِيعُ الْإِبِلَ بِالنَّقِيعِ بِالدَّنَانِيرِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّرَاهِمَ وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِيرَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَا بَأْسَ أَنْ تَأْخُذَهَا بِسِعْرِ يَوْمِهَا مَا لَمْ تَفْتَرِقَا وَبَيْنَكُمَا شَيْءٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا کہ نقیع کے اندر میں دیناروں کے بدلے اُونٹ فروخت کیا کرتا اور اُن کے درہم لے لیا کرتا اور دراہم کے ساتھ بیچ کر اُن کی جگہ دینار لے لیا کرتا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں جبکہ تم اُس روز کے بھاؤ سے لو اور دونوں کے جدا ہوتے وقت کسی کی طرف کچھ بقایا نہ ہو۔ (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)

۲۷۴۸ / ۳۸ وَعَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ أَخْرَجَ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْهُ

حضرت عداء بن خالد بن ہوذہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے ایک تحریر نکالی کہ یہ چیز عداء بن خالد بن ہوذہ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے خریدی ہے انہوں نے آپ سے غلام خریدا ہے یا لونڈی، جس میں نہ کوئی بیماری ہے نہ دھوکا بازی

www.alahazratnetwork.org



رَجُلٌ دِرْهَمَيْنِ فَبَاعَهُمَا مِنْهُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

آدمی نے دو درہم دیئے تو آپ نے دونوں چیزیں اُسے فروخت کر دیں۔
(ترمذی۔ ابو داؤد۔ ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۲۷۵۰ ۳۰ عَنْ وَاثِلَةَ ابْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَاعَ عَيْبًا لَمْ يُنَبِّهْ لَمْ يَزَلْ فِيْ مَقْتِ اللّٰهِ اَوْ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تَلْعَنُهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت واثلہ ابن اسقع رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جس نے عیب والی چیز بیچی اور وہ عیب نہ بتایا تو وہ ہمیشہ اللہ کے غضب میں رہے گا یا ہمیشہ فرشتے اُس پر لعنت کرتے رہیں گے۔ (ابن ماجہ)

# دیگر متعلقہ اُمور کا بیان

## پہلی فصل

۲۷۵۱ ۱ عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا وَلَهٗ مَالٌ فَمَالُهٗ لِلْبَائِعِ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ الْمَعْنَى الْاَوَّلَ وَحْدَهٗ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو پھل لگنے کے بعد کھجور کے درخت خریدے تو پھل بیچنے والے کے ہیں مگر جب خریدنے والا شرط کرے اور جو غلام کو خریدے تو غلام کا مال بیچنے والے کے لیے ہوگا مگر جب خریدنے والا شرط کرے۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے اور بخاری نے صرف پہلی بات روایت کی ہے۔

۲۷۵۲ ۲ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَّهٗ قَدْ اَعْيَى فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٖ فَضَرَبَهٗ فَسَارَ سَيْرًا لَيْسَ يَسِيْرُ مِثْلَهٗ ثُمَّ قَالَ بِعْنِيْهِ بِوُقِيَّةٍ قَالَ فَبِعْتُهٗ فَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهٗ اِلٰى اَهْلِيْ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ اَتَيْتُهٗ بِالْجَمَلِ وَنَقَدَنِيْ ثَمَنَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَعْطَانِيْ ثَمَنَهٗ وَرَدَّهٗ عَلَيَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ اَنَّهٗ قَالَ لِبِلَالٍ اِقْضِهٖ وَزِدْهُ فَاَعْطَاهُ وَزَادَهٗ قِيْرَاطًا۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں اپنے اُونٹ پر سوار تھا، جو تھک گیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پاس سے گزرے تو اُسے کچھ مارا۔ وہ ایسا تیز چلنے لگا کہ کبھی نہیں چلا تھا پھر فرمایا کہ ایک اوقیہ میں اسے میرے ہاتھ بیچ دو وہ ان کا بیان ہے کہ میں نے فروخت کر دیا اور گھر تک سوار ہونے کی شرط کر لی۔ جب میں مدینہ منورہ میں پہنچا تو اونٹ لے کر حاضر بارگاہ ہو گیا۔ آپ نے مجھے قیمت مرحمت فرما دی۔ ایک روایت میں ہے کہ مجھے اس کی قیمت دے دی اور اونٹ بھی مجھے واپس دے دیا۔ (متفق علیہ) بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ آپ نے حضرت بلال سے فرمایا۔ انہیں قیمت دے دو اور کچھ زیادہ دینا چنانچہ انھوں نے قیمت کے ساتھ ایک قیراط زیادہ دیا۔

۲۷۵۳ ۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ اِنِّيْ كَاتَبْتُ عَلٰى تِسْعِ اَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ وُّقِيَّةٌ فَاَعِيْنِيْنِيْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اِنْ اَحَبَّ اَهْلُكِ اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عُدَّةً وَّاحِدَةً وَّاُعْتِقَكِ فَعَلْتُ وَيَكُوْنُ وَلَاؤُكِ لِيْ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے فرمایا کہ بریرہ میرے پاس آئی اور کہا کہ میں نے نو اوقیہ پر کتابت کر لی ہے یعنی سالانہ ایک اوقیہ۔ آپ میری مدد کریں۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ اگر تمہارے مالک پسند کریں تو میں انھیں ایک ہی دفعہ کتابت ادا کر کے تمہیں آزاد کر دوں اور تمہاری ولا میرے لیے ہوگی۔ وہ اپنے مالکوں کے پاس گئی تو

فَذَهَبَتْ إِلَى أَهْلِهَا فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِيهَا وَأَعْتِقِيهَا ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللهِ مَا كَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ فَقَضَاءُ اللهِ أَحَقُّ وَشَرْطُ اللهِ أَوْثَقُ وَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے انکار کیا سوائے اس صورت کے کہ ولاء اُن کے لیے ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں میں کھڑے ہوئے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی پھر فرمایا:۔ امّا بعد لوگوں کو کیا حال ہے کہ ایسی شرطیں عائد کرتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں جو شرط اللہ کی کتاب میں نہ ہو وہ باطل ہے خواہ وہ سو شرطیں ہوں کیونکہ اللہ کا فیصلہ زیادہ برحق اور اللہ کی شرط زیادہ مضبوط ہے جبکہ ولاء اُس کے لیے ہے جو آزاد کرے۔ (متفق علیہ)۔

۲۷۵۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ولاء اور ہبہ کو فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۲۷۵۵ عَنْ مَخْلَدِ بْنِ خُفَافٍ قَالَ ابْتَعْتُ غُلَامًا فَاسْتَغْلَلْتُهُ ثُمَّ ظَهَرْتُ مِنْهُ عَلَى عَيْبٍ فَخَاصَمْتُ فِيهِ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَقَضَى لِي بِرَدِّهِ وَقَضَى عَلَيَّ بِرَدِّ غَلَّتِهِ فَأَتَيْتُ عُرْوَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَرُوحُ إِلَيْهِ الْعَشِيَّةَ فَأُخْبِرُهُ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْنِي أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي مِثْلِ هَذَا أَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ فَرَاحَ إِلَيْهِ عُرْوَةُ فَقَضَى لِي أَنْ آخُذَ الْخَرَاجَ مِنَ الَّذِي قَضَى بِهِ عَلَيَّ لَهُ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

مخلد بن خفاف کا بیان ہے کہ میں نے ایک غلام خریدا اور اُس کی کمائی لیتا رہا۔ پھر میں اُس کے ایک عیب سے مطلع ہوا تو اُس کا مقدمہ میں نے حضرت عمر بن عبد العزیز کی بارگاہ میں پیش کیا انھوں نے میرے متعلق غلام کو واپس کرنے اور اُس کی کمائی واپس دینے کا فیصلہ فرمایا۔ میں نے حضرت عروہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اُنھیں بتایا تو فرمایا: میں پچھلے پہر اُن کے پاس جاؤں گا اور اُنھیں بتاؤں گا کہ مجھے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے جھگڑے میں فیصلہ فرمایا کہ کمائی ضمانت کے بدلے میں ہے۔ حضرت عروہ اُن کے پاس تشریف لے گئے تو انھوں نے میرے متعلق فیصلہ فرمایا کہ کمائی اُس سے واپس لے لوں جس کو ادا کرنے کا فیصلہ فرمایا تھا۔ (شرح السنہ)

۲۷۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْبَائِعِ وَالْمُبْتَاعُ بِالْخِيَارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيِّ قَالَ الْبَيِّعَانِ إِذَا اخْتَلَفَا وَالْمَبِيعُ قَائِمٌ بِعَيْنِهِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ فَالْقَوْلُ مَا قَالَ الْبَائِعُ أَوْ يَتَرَادَّانِ الْبَيْعَ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بائع اور مشتری میں اختلاف ہو جائے تو بیچنے والے کی بات مانی جائے گی اور خریدار کو اختیار ہوگا (ترمذی) نیز ابن ماجہ اور دارمی کی ایک روایت میں فرمایا جب بائع اور مشتری دونوں اختلاف کریں اور مال تجارت اُسی حالت میں قائم ہو اور دونوں کے درمیان کوئی شہادت نہ ہو تو بیچنے والے کی بات مانی جائے گی یا دونوں بیع کو رد کر دیں۔

www.alahazratnetwork.org



٢٧٥٧ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَقَالَ مُسْلِمًا اَقَالَهُ اللّٰهُ عَثْرَتَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِیْحِ عَنْ شُرَیْحٍ الشَّامِیِّ مُرْسَلًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی مسلمان سے اقالہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے اقالہ کرے گا یعنی قیامت کے روز اس کی لغزشیں معاف فرمادے گا (ابوداؤد، ابن ماجہ) اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظوں کے ساتھ شریح شامی سے مرسلاً مروی ہے۔

## تیسری فصل

٢٧٥٨ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰی رَجُلٌ مِّمَّنْ کَانَ قَبْلَکُمْ عَقَارًا مِّنْ رَّجُلٍ فَوَجَدَ الَّذِی اشْتَرَی الْعَقَارَ فِیْ عَقَارِهٖ جَرَّةً فِیْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ لَهُ الَّذِی اشْتَرَی الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَکَ عَنِّیْ اِنَّمَا اشْتَرَیْتُ الْعَقَارَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْکَ الذَّهَبَ فَقَالَ بَائِعُ الْاَرْضِ اِنَّمَا بِعْتُکَ الْاَرْضَ وَمَا فِیْهَا فَتَحَاکَمَا اِلٰی رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِیْ تَحَاکَمَا اِلَیْهِ اَلَکُمَا وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِیْ غُلَامٌ وَّقَالَ الْاٰخَرُ لِیْ جَارِیَةٌ فَقَالَ اَنْکِحُوا الْغُلَامَ الْجَارِیَةَ وَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک نے دوسرے آدمی سے زمین خریدی۔ خریدار نے اس زمین میں ٹھلیا پائی جس میں سونا تھا۔ مشتری نے بائع سے کہا کہ مجھ سے اپنا سونا لے لیجئے کیونکہ میں نے آپ سے زمین خریدی ہے سونا نہیں خریدا۔ زمین بیچنے والے نے کہا کہ میں نے آپ کو زمین اور جو کچھ اس میں ہے، سب فروخت کر دیا۔ وہ ایک آدمی کے پاس فیصلہ کروانے گئے تو فیصلہ کرنے والے نے کہا: کیا تمہاری اولاد ہے۔ ایک نے کہا کہ میرا لڑکا ہے اور دوسرے نے کہا کہ میرے ان لڑکی ہے۔ اس نے کہا کہ لڑکے لڑکی کا نکاح کر دو اور اس میں سے دونوں پر خرچ کر دو اور باقی خیرات کر دو۔ (متفق علیہ)

# بَابُ السَّلَمِ وَالرَّهْنِ بیع سلم اور رہن کا بیان

## پہلی فصل

٢٧٥٩ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَهُمْ یُسْلِفُوْنَ فِی الثِّمَارِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَیْنِ وَالثَّلٰثَ فَقَالَ مَنْ اَسْلَفَ فِیْ شَیْءٍ فَلْیُسْلِفْ فِیْ کَیْلٍ مَّعْلُوْمٍ وَّوَزْنٍ مَّعْلُوْمٍ اِلٰی اَجَلٍ مَّعْلُوْمٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں جلوہ گری ہوئی تو وہ لوگ پھلوں میں سال، دو سال اور تین سال کی بیع سلم کیا کرتے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ جو کسی چیز میں سلف کرے تو تول، وزن اور قیمت مقرر ہونی چاہیے۔ (متفق علیہ)۔

٢٧٦٠ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اشْتَرٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا مِّنْ یَهُوْدِیٍّ اِلٰی اَجَلٍ
[illegible]

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں جلوہ گری ہوئی تو وہ لوگ پھلوں میں سال، دو سال اور تین سال کی بیع سلم
[illegible]

۲۷۶۱ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[3] وَدِرْعُهٗ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ بِثَلَاثِيْنَ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی جبکہ آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع جو کے بدلے رہن رکھی ہوئی تھی۔ (بخاری)

۲۷۶۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[4] الظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهٖ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بِنَفَقَتِهٖ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا وَعَلَى الَّذِيْ يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ النَّفَقَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خرچ خوراک کے بدلے سواری کی جاسکتی ہے جبکہ وہ جانور رہن رکھا ہوا ہو اور خرچ کے مویشی کا دودھ پیا جاسکتا ہے جبکہ وہ مرہون ہو۔ خرچ سوار ہونے والے اور دودھ پینے والے پر ہے۔ (بخاری)

## دوسری فصل

۲۷۶۳ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[5] قَالَ لَا يَغْلَقُ الرَّهْنُ مِنْ صَاحِبِهِ الَّذِيْ رَهَنَهٗ لَهٗ غُنْمُهٗ وَعَلَيْهِ غُرْمُهٗ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ مُرْسَلًا وَرُوِيَ مِثْلُهٗ أَوْ مِثْلُ مَعْنَاهُ لَا يُخَالِفُهٗ عَنْهُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مُتَّصِلًا۔

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رہن رکھی ہوئی چیز رہن رکھنے والے کا نفع بند نہیں کرتی۔ اُس چیز کا نفع اور تاوان اُسی کے لیے ہے۔ اِسے شافعی نے مرسلاً روایت کیا ہے اور اِسی کے مانند روایت کی یا مثال اسی طرح کی جو اِس کی مخالفت نہیں کرتی اور حضرت ابوہریرہ سے متصلاً مروی ہے۔

۲۷۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6] قَالَ الْمِكْيَالُ مِكْيَالُ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَالْمِيْزَانُ مِيْزَانُ أَهْلِ مَكَّةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ناپ مدینہ منورہ والوں کی ہے۔ اور تول مکہ مکرمہ والوں کی۔ (ابوداؤد۔ نسائی)۔

۲۷۶۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[7] لِأَصْحَابِ الْكَيْلِ وَالْمِيْزَانِ إِنَّكُمْ قَدْ وُلِّيْتُمْ أَمْرَيْنِ هَلَكَتْ فِيْهِمَا الْأُمَمُ السَّابِقَةُ قَبْلَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ماپنے اور تولنے والوں سے فرمایا: تمہارے سپرد دو ایسے کام کیے گئے ہیں جن دونوں کے باعث تم سے پہلی اُمتیں ہلاک ہوگئیں۔ (ترمذی)

## تیسری فصل

[illegible]

www.alahazratnetwork.org



يَصْرِفُهُ اِلٰى غَيْرِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّقْبِضَهٗ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

کرے تو قبضہ کرنے سے پہلے اُسے کسی دوسرے کی طرف نہ پھیرے۔
(ابن داؤد، ابن ماجہ)

# بَابُ الْاِحْتِكَارِ ذخیرہ اندوزی کا بیان

## پہلی فصل

۲۷۶۷ ۹ عَنْ مَعْمَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ فِيْ بَابِ الْفَيْءِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

حضرت معمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ذخیرہ اندوزی کرنے والا خطاکار ہے۔ (مسلم) اور عنقریب ہم حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث بنی نضیر کے مالوں کے بارے میں ان شاء اللہ تعالیٰ بیان کریں گے۔

## دوسری فصل

۲۷۶۸ ۲ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَالِبُ مَرْزُوْقٌ وَالْمُحْتَكِرُ مَلْعُوْنٌ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تاجر کو روزی دی جاتی اور ذخیرہ اندوز پر لعنت کی جاتی ہے۔ (ابن ماجہ، دارمی)۔

۲۷۶۹ ۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَلَا السِّعْرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَعِّرْ لَنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَلْقٰى رَبِّيْ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ يَطْلُبُنِيْ بِمَظْلِمَةٍ بِدَمٍ وَّلَا مَالٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مہنگائی ہوگئی تو لوگ عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ ہمارے لیے بھاؤ مقرر فرما دیجیے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بھاؤ مقرر کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ وہی رزق دینے میں تنگی اور فراخی کرتا ہے جبکہ میں یہ اُمید رکھتا ہوں کہ اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوں تو تم میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہ ہو جو مجھ پر جان و مال میں ظلم کرنے کا مطالبہ کرے۔ (ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

## تیسری فصل

۲۷۷۰ ۴ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ احْتَكَرَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ طَعَامَهُمْ ضَرَبَهُ اللّٰهُ بِالْجُذَامِ وَالْاِفْلَاسِ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَزِيْنٌ فِيْ كِتَابِهٖ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ جو مسلمانوں کے کھانے والے اناج کو روک کر ذخیرہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس پر کوڑھ اور غربت کو مسلط کر دیتا ہے۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ نے نیز بیہقی نے شعب الایمان اور رزین نے اپنی کتاب میں۔

۲۷۷۱ ۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللہ علیہ وسلم مَنِ احْتَکَرَ طَعَامًا اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا یُرِیْدُ بِہِ الْغَلَاءَ فَقَدْ بَرِئَ مِنَ اللّٰہِ وَبَرِئَ اللّٰہُ مِنْہُ۔
(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ضرورت کا اناج ... مہنگائی کے انتظار میں چالیس دن روکا تو وہ اللہ تعالیٰ سے لاتعلق ہوگیا اور اللہ تعالیٰ اُس سے لاتعلق ہوگیا۔ (رزین)

۲۷۷۲ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ الْمُحْتَکِرُ اِنْ اَرْخَصَ اللّٰہُ الْاَسْعَارَ حَزِنَ وَاِنْ اَغْلَاھَا فَرِحَ۔
(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَزِیْنٌ فِیْ کِتَابِہٖ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: ذخیرہ اندوز بُرا آدمی ہے کہ بھاؤ سستا ہو جائے تو غمگین ہوتا ہے اور مہنگائی ہو جائے تو خوش ہوتا ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں اور رزین نے اپنی کتاب میں روایت کیا ہے۔

۲۷۷۳ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَکَرَ طَعَامًا اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِہٖ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کَفَّارَۃً۔
(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے چالیس روز اناج روکا پھر اُس سے خیرات کی تو اس سے اُس گناہ کا کفارہ ادا نہیں ہوگا۔
(رزین)

# بَابُ الْاِفْلَاسِ وَالْاِنْظَارِ

# مفلسی اور مہلت دینے کا بیان

## پہلی فصل

۲۷۷۴ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا رَجُلٍ اَفْلَسَ فَاَدْرَکَ رَجُلٌ مَالَہٗ بِعَیْنِہٖ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ مِنْ غَیْرِہٖ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی مفلس ہو جائے، پھر دوسرا آدمی اُس کے پاس بعینہٖ اپنا مال پائے تو دوسرے کی نسبت وہ اُس مال کا زیادہ مستحق ہے۔ (متفق علیہ)

۲۷۷۵ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ اُصِیْبَ رَجُلٌ فِیْ عَھْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ثِمَارٍ ابْتَاعَھَا فَکَثُرَ دَیْنُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوْا عَلَیْہِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَیْہِ فَلَمْ یَبْلُغْ ذٰلِکَ وَفَاءَ دَیْنِہٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِغُرَمَائِہٖ خُذُوْا مَا وَجَدْتُّمْ وَلَیْسَ لَکُمْ اِلَّا ذٰلِکَ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں پھل خرید کر نقصان ہوگیا اور اُس پر بہت قرضہ چڑھ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اِسے صدقہ دو۔ لوگوں نے اُسے صدقہ دیا لیکن اتنا نہ ہوا کہ قرض ادا ہو جاتا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے قرض خواہوں سے فرمایا کہ یہ مال لے لو اور تمہیں بس یہی ملے گا۔
(مسلم)

۲۷۷۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ رَجُلٌ یُدَایِنُ النَّاسَ فَکَانَ یَقُوْلُ لِفَتَاہُ اِذَا اَتَیْتَ مُعْسِرًا تَجَاوَزْ عَنْہُ لَعَلَّ اللّٰہَ اَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا۔ وہ اپنے نوکر سے کہتا کہ جب تمہارے پاس کوئی غریب

www.alahazratnetwork.org



يَتَجَاوَزُ عَنَّا قَالَ فَلَقِيَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۷۷۷ ۴ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّنْجِيَهُ اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُّعْسِرٍ اَوْ يَضَعْ عَنْهُ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۷۸ ۵ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَنْجَاهُ اللّٰهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۷۹ ۶ وَعَنْ اَبِی الْيَسَرِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّهٖ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۸۰ ۷ وَعَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ اسْتَسْلَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا فَجَاءَتْهُ اِبِلٌ مِّنَ الصَّدَقَةِ قَالَ اَبُوْ رَافِعٍ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اَقْضِیَ الرَّجُلَ بَكْرَهٗ فَقُلْتُ لَا اَجِدُ اِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رَبَاعِيًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطِهٖ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَ النَّاسِ اَحْسَنُهُمْ قَضَاءً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۲۷۸۱ ۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا تَقَاضٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَغْلَظَ لَهٗ فَهَمَّ اَصْحَابُهٗ فَقَالَ دَعُوْهُ فَاِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا وَّاشْتَرُوْا لَهٗ بَعِيْرًا فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ قَالُوْا لَا نَجِدُ اِلَّا اَفْضَلَ مِنْ سِنِّهٖ قَالَ اشْتَرُوْهُ فَاَعْطُوْهُ اِيَّاهُ فَاِنَّ خَيْرَكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲۷۸۲ ۹ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَطْلُ الْغَنِیِّ ظُلْمٌ فَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِیٍّ

آئے تو اُس سے درگزر کرنا کہ شاید اللہ تعالیٰ ہم سے درگزر فرمائے۔ فرمایا کہ جب اُس نے وفات پائی تو اللہ تعالیٰ نے اُسے بخش دیا۔ (متفق علیہ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کی تکلیف سے نجات دے تو اُسے چاہیے کہ تنگ دست کو مہلت دے یا قرض معاف کر دے۔ (مسلم)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی یا اُس کا قرضہ معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کی تکالیف سے بچا لے گا۔ (مسلم)۔

حضرت ابوالیسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی یا قرض معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ اُسے اپنے سایۂ رحمت میں جگہ دے گا۔ (مسلم)۔

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جوان اُونٹ اُدھار خریدا۔ آپ کے پاس زکوٰۃ کے اُونٹ آگئے۔ حضرت ابو رافع کا بیان ہے کہ آپ نے مجھے حکم دیا کہ اُسے جوان اُونٹ دے دوں۔ میں عرض گزار ہوا کہ میں تو ان میں اُس سے بہتر یعنی سات سالہ اُونٹ ہی پاتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ اُسے یہی دے دو کیونکہ اچھا آدمی وہ ہے جو قرض اچھی طرح ادا کرے۔ (مسلم)۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قرض کا تقاضا کیا اور تلخ کلامی کی۔ آپ کے اصحاب اُس پر ٹوٹنے لگے تو فرمایا: جانے دو کیونکہ حق دار کو بولنے کا حق ہے اس کے لیے ایک اونٹ خریدو اور اسے دے دو۔ عرض گزار ہوئے کہ ہمیں نہیں ملتا مگر اُس سے بہتر عمر والا۔ فرمایا کہ وہی خرید کر دے دو کیونکہ تم میں اچھا آدمی وہ ہے جو قرض ادا کرنے میں اچھا ہے۔ (متفق علیہ)۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مالدار کا تاخیر کرنا ظلم ہے۔ جب تم میں سے کوئی صاحب استطاعت کے حوالے

٢٧٨٣ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ تَقَاضَى ابْنَ أَبِي حَدْرَدٍ[10] دَيْنًا لَهُ عَلَيْهِ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا حَتّٰى سَمِعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِهِ فَخَرَجَ إِلَيْهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهِ وَنَادٰى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ يَا كَعْبُ قَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَأَشَارَ بِيَدِهٖ أَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَيْنِكَ قَالَ كَعْبٌ قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ قُمْ فَاقْضِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

٢٧٨٤ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ[11] النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ فَقَالُوْا صَلِّ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوْا لَا فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ أُتِيَ بِجَنَازَةٍ أُخْرٰى فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قِيْلَ نَعَمْ قَالَ فَهَلْ تَرَكَ شَيْئًا قَالُوْا ثَلَاثَةَ دَنَانِيْرَ فَصَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ أُتِيَ بِالثَّالِثَةِ فَقَالَ هَلْ عَلَيْهِ دَيْنٌ قَالُوْا ثَلَاثَةُ دَنَانِيْرَ قَالَ هَلْ تَرَكَ شَيْئًا قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ صَلِّ عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلَيَّ دَيْنُهٗ فَصَلّٰى عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

٢٧٨٥ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[12] قَالَ مَنْ أَخَذَ أَمْوَالَ النَّاسِ يُرِيْدُ أَدَاءَهَا أَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنْ أَخَذَ يُرِيْدُ إِتْلَافَهَا أَتْلَفَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

٢٧٨٦ وَعَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ[13] أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ يُكَفِّرُ اللّٰهُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَلَمَّا أَدْبَرَ نَادَاهُ فَقَالَ نَعَمْ إِلَّا الدَّيْنَ كَذٰلِكَ قَالَ جِبْرِيْلُ۔

---

حضرت کعب بن مالک نے حضرت ابن ابی حدرد سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں مسجد کے اندر قرض کا تقاضا کیا۔ دونوں کی آوازیں بلند ہوئیں یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سُن لیں۔ جبکہ آپ کاشانۂ اقدس میں تھے۔ آپ اُن کی طرف نکلے یعنی حجرے کا پردہ ہٹا کر حضرت کعب بن مالک کو آواز دی کہ اے کعب! عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ چنانچہ دستِ مبارک کے اشارے سے فرمایا کہ اپنا نصف قرض معاف کردو۔ حضرت کعب عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں نے ایسا کر دیا۔ دوسرے صحابی سے فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ اور یہ قرض ادا کر دو۔ (متفق علیہ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ لایا گیا۔ لوگوں نے اُس پر نمازِ جنازہ پڑھنے کی گزارش کی تو فرمایا: کیا اس پر قرض ہے؟ عرض کی: نہیں۔ چنانچہ اُس پر نماز پڑھی۔ پھر دوسرا جنازہ لایا گیا تو فرمایا کہ کیا اس پر قرض ہے؟ عرض کی گئی: ہاں۔ فرمایا کہ کیا اس نے کچھ مال چھوڑا ہے؟ عرض کی گئی کہ تین دینار چھوڑے ہیں۔ آپ نے اس پر نمازِ جنازہ پڑھی۔ پھر تیسرا لایا گیا تو فرمایا کہ کیا اس پر قرض ہے؟ عرض کی کہ تین دینار قرض ہے۔ فرمایا کہ کیا کچھ چھوڑا ہے؟ عرض کی گئی کہ نہیں۔ فرمایا کہ تم اپنے ساتھی پر نماز پڑھ لو۔ حضرت ابوقتادہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس پر نماز پڑھیے، اس کا قرض میں ادا کر دوں گا۔ پس آپ نے اُس پر نمازِ جنازہ پڑھی۔ (بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں سے مال لے اور ادا کرنے کا ارادہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس سے ادا کروا دے گا اور جو ضائع کرنے کے ارادے سے لے تو اللہ تعالیٰ اُس سے ضائع کروا دے گا۔ (بخاری)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! اگر میں اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جاؤں جبکہ صبر کے ساتھ، ثواب کی نیت سے، روبرو لڑتا رہا ہوں اور پیٹھ نہ دکھائی ہو تو کیا اللہ تعالیٰ میری خطاؤں کو مٹا دے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ جب اُس نے پیٹھ پھیری تو اسے آواز دے کر فرمایا: ہاں مگر جبکہ قرض نہ ہو کیونکہ جبریل نے ایسا ہی کہا ہے۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



٢٧٨٧ / ١٤ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُغْفَرُ لِلشَّهِيْدِ كُلُّ ذَنْبٍ اِلَّا الدَّيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شہید کے تمام گناہ معاف فرما دیے جاتے ہیں سوائے قرض کے۔ (مسلم)

٢٧٨٨ / ١٥ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفّٰى عَلَيْهِ الدَّيْنُ فَيَسْاَلُ هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهٖ قَضَاءً فَاِنْ حُدِّثَ اَنَّهٗ تَرَكَ وَفَاءً صَلّٰى وَاِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِيْنَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْفُتُوْحَ قَامَ فَقَالَ اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهٗ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَهُوَ لِوَرَثَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب کسی فوت ہو جانے والے کو لایا جاتا جس پر قرض ہوتا تو دریافت فرماتے کہ کیا اس نے اپنے قرض کو ادا کرنے کے لیے مال چھوڑا ہے؟ اگر بتایا جاتا کہ قرض کے برابر مال چھوڑا ہے تو نماز پڑھا دیتے ورنہ مسلمانوں سے فرماتے کہ اپنے ساتھی پر نماز جنازہ پڑھ لو۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو کافی مال عطا فرما دیا تو ارشاد ہوا کہ میں ایمان والوں کا ان کی جان سے بھی زیادہ مالک ہوں۔ مسلمانوں میں جو فوت ہو جائے اور اس پر قرض ہو تو وہ میں ادا کروں گا اور جو اس نے مال چھوڑا وہ اس کے وارثوں کے لیے ہے (متفق علیہ)

## دوسری فصل

٢٧٨٩ / ١٦ عَنْ اَبِيْ خَلْدَةَ الزُّرَقِيِّ قَالَ جِئْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ فِيْ صَاحِبٍ لَنَا قَدْ اَفْلَسَ فَقَالَ هٰذَا الَّذِيْ قَضٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ اَوْ اَفْلَسَ فَصَاحِبُ الْمَتَاعِ اَحَقُّ بِمَتَاعِهٖ اِذَا وَجَدَهٗ بِعَيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ابو خلدہ زرقی کا بیان ہے کہ ہم اپنے ایک ساتھی کے سلسلے میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو مفلس ہو گیا تھا۔ فرمایا کہ ایسے آدمی کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا۔ کہ جو فوت ہو یا مفلس ہو جائے تو مال والا اپنے مال کا زیادہ مستحق ہے جبکہ وہ اُسی حالت میں اُسے پائے۔ (شافعی۔ ابن ماجہ)

٢٧٩٠ / ١٧ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ۔ (رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی جان اُس کے قرض کے بدلے میں لٹکی رہتی ہے جب تک اُس کا قرض ادا نہ کیا جائے۔

(شافعی، احمد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

٢٧٩١ / ١٨ وَعَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبُ الدَّيْنِ مَاْسُوْرٌ بِدَيْنِهٖ يَشْكُوْ اِلٰى رَبِّهِ الْوَحْدَةَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرُوِيَ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يَدَّانُ فَاَتٰى غُرَمَاؤُهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِيْ دَيْنِهٖ حَتّٰى قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ مُرْسَلٌ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الْاُصُوْلِ اِلَّا فِي الْمُنْتَقٰى

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مقروض کو اُس کے قرض کے باعث قید کر دیا جاتا ہے جو قیامت کے روز اپنے رب سے تنہائی کا شکوہ کرے گا (شرح السنۃ) اور روایت ہے کہ حضرت معاذ بہت قرض لیا کرتے تھے تو اُن کے قرض خواہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرض میں اُن کا سارا مال فروخت کر دیا کہ حضرت معاذ اُٹھے تو پاس کوئی چیز نہ تھی مرسلاً اور یہ لفظ مصابیح کا ہے۔ میں المنتقی کے سوا اسے اصول کی کسی کتاب میں

www.alahazratnetwork.org



وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ شَابًّا سَخِيًّا وَكَانَ لَا يُمْسِكُ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ يَدَّانُ حَتّٰى اَغْرَقَ مَالَهٗ كُلَّهٗ فِي الدَّيْنِ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهٗ لِيُكَلِّمَ غُرَمَآءَهٗ فَلَوْ تَرَكُوْا لِاَحَدٍ لَتَرَكُوْا لِمُعَاذٍ لِاَجْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ مَالَهٗ حَتّٰى قَامَ مُعَاذٌ بِغَيْرِ شَيْءٍ رَوَاهُ سَعِيْدٌ فِي سُنَنِهٖ مُرْسَلًا

۲۷۹۲/۱ وَعَنِ الشَّرِيْدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۱۹ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عِرْضَهٗ وَعُقُوْبَتَهٗ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ يُحِلُّ عِرْضَهٗ يُغَلَّظُ لَهٗ وَعُقُوْبَتَهٗ يُحْبَسُ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

۲۷۹۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ
۲۰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا فَقَالَ هَلْ عَلٰى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ هَلْ تَرَكَ لَهٗ مِنْ وَفَاءٍ قَالُوْا لَا قَالَ صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَيَّ دَيْنُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَقَدَّمَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَعْنَاهُ وَقَالَ فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَكَ مِنَ النَّارِ كَمَا فَكَكْتَ رِهَانَ اَخِيْكَ الْمُسْلِمِ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَقْضِيْ عَنْ اَخِيْهِ دَيْنَهٗ اِلَّا فَكَّ اللّٰهُ رِهَانَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

۲۷۹۴ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۱ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَاتَ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِنَ الْكِبْرِ وَالْغُلُوْلِ وَالدَّيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

۲۷۹۵ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۲۲ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَعْظَمَ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ يَّلْقَاهُ بِهَا عَبْدٌ بَعْدَ الْكَبَائِرِ الَّتِيْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا اَنْ يَّمُوْتَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ لَا يَدَعُ لَهٗ قَضَاءً۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

نہیں پاتا۔ نیز عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک کا بیان ہے کہ حضرت معاذ بن جبل نوجوان سخی تھے۔ کوئی چیز پاس ٹھہرنے نہیں دیتے تھے، لہٰذا ہمیشہ قرض لیتے رہے یہاں تک کہ اُن کا سارا مال قرض میں غرق ہو گیا۔ پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ اُن سے آپ گفتگو فرمائیں تاکہ ان میں سے کوئی حضرت معاذ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باعث چھوڑ دے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن لوگوں کی خاطر اِن کا مال بیچ دیا یہاں تک کہ حضرت معاذ اٹھے تو پاس کچھ نہ تھا۔ اسے سعید نے اپنی سنن میں مرسلاً روایت کیا ہے۔

حضرت شرید ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مال دار آدمی کا حیل و حجت کرنا اسی کی بے عزتی اور سزا کو حلال کرتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مبارک نے فرمایا: بے عزتی یہ کہ اُس سے سخت کلامی کی جائے اور سزا یہ کہ اُسے قید کیا جائے (ابوداؤد، نسائی)۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نماز پڑھنے کے لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ایک جنازہ پیش کیا گیا۔ فرمایا کہ کیا تمہارے ساتھی پر قرض ہے؟ لوگوں نے عرض کی ہاں۔ فرمایا کیا اُس کے برابر مال چھوڑا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس کا قرضہ میں اپنے اوپر لیتا ہوں۔ پس آپ نے اُس پر نماز پڑھی۔ ایک روایت میں معناً ہے کہ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں جہنم سے آزاد کرے جیسے تم نے اپنے مسلمان بھائی کی گردن چھڑائی ہے۔ کوئی مسلمان ایسا نہیں جو اپنے بھائی کا قرض ادا کرے۔ مگر قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُسے جہنم سے آزاد کر دے گا۔

(شرح السنہ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اس حالت میں فوت ہوا کہ تکبر، خیانت اور قرض سے بچا ہوا تھا تو جنت میں داخل ہو گیا۔

(ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑا گناہ یہ ہے جس کے ساتھ بندہ خدا کی بارگاہ میں حاضر ہو کبیرہ گناہوں کے بعد جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے کہ آدمی اس حالت میں مرے کہ اُس پر قرض ہو اور ادا کرنے کے لیے مال نہ چھوڑے۔ (احمد، ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۲۷۹۶ / ۲۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ إِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ إِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ حَلَالًا أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَانْتَهَتْ رِوَايَتُهٗ عِنْدَ قَوْلِهٖ شُرُوْطِهِمْ)

حضرت عمرو بن عوف مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں صلح کرانا جائز ہے سوائے ایسی صلح کے جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے۔ مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں سوائے اُس شرط کے جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے۔ یہ روایت کیا اسے ترمذی و ابن ماجہ نے اور ابو داؤد کی روایت لفظ شُرُوْطِهِمْ پر ختم ہو جاتی ہے۔

## تیسری فصل

۲۷۹۷ / ۲۴ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ جَلَبْتُ أَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرَ فَأَتَيْنَا بِهٖ مَكَّةَ فَجَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيْلَ فَبِعْنَاهُ وَثَمَّ رَجُلٌ يَزِنُ بِالْأَجْرِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زِنْ وَأَرْجِحْ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت سوید بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اور مخرفہ عبدی نے ہجر سے تجارت کے لیے کپڑا خریدا اور ہم مکہ مکرمہ میں حاضر ہوگئے۔ پس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹہلتے ہوئے ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم سے ایک شلوار کا سودا کیا۔ ہم نے وہ کپڑا فروخت کر دیا۔ ایک آدمی مزدوری پر تولا کرتا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا تولو اور جھکتا ہوا تولا کرو۔ (احمد، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۷۹۸ / ۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ لِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ فَقَضَانِيْ وَزَادَنِيْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر میرا قرض تھا۔ آپ نے وہ ادا کیا اور اُس سے زائد بھی مرحمت فرمایا۔ (ابو داؤد)

۲۷۹۹ / ۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ رَبِيْعَةَ قَالَ اسْتَقْرَضَ مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِيْنَ أَلْفًا فَجَاءَهٗ مَالٌ فَدَفَعَهٗ إِلَيَّ وَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ إِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْأَدَاءُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی ربیعہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے بطور قرض چالیس ہزار درہم لیے۔ جب آپ کے پاس مال آیا تو ادا کر دیے اور دعا فرمائی: ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے اہل و عیال اور مال میں برکت دے۔ بیشک اُدھار کا بدلہ شکریہ ادا کرنا اور دعا کرنا ہے۔ (نسائی)۔

۲۸۰۰ / ۲۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَمَنْ أَخَّرَهٗ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ يَوْمٍ صَدَقَةٌ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا کسی آدمی پر حق ہو اور وہ اُسے مہلت دے تو ہر دن کے بدلے میں اُسے صدقے کا ثواب ہے۔ (احمد)

۲۸۰۱ / ۲۸ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ قَالَ مَاتَ أَخِيْ وَ

حضرت سعد بن اطول رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرا بھائی فوت

www.alahazratnetwork.org



أُنْفِقُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَخَاكَ مَحْبُوسٌ بِدَيْنِهِ فَاقْضِ عَنْهُ قَالَ فَذَهَبْتُ فَقَضَيْتُ عَنْهُ ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ قَضَيْتُ عَنْهُ وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا امْرَأَةٌ تَدَّعِي دِينَارَيْنِ وَلَيْسَتْ لَهَا بَيِّنَةٌ قَالَ أَعْطِهَا فَإِنَّهَا صَادِقَةٌ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ان بچوں پر خرچ کروں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا، تمہارا بھائی قرض کے باعث مقید ہے لہٰذا اس کا قرض ادا کر دو۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے اُس کا قرض ادا کر دیا۔ میں پھر حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں نے سب کا قرض ادا کر دیا کوئی باقی نہیں رہا سوائے ایک عورت کے جو دو دینار کا دعویٰ کرتی ہے اور اُس کے پاس شہادت نہیں ہے۔ فرمایا کہ اُسے دے دو کیونکہ وہ سچی ہے۔ (احمد)

۲۸۰۲ / ۲۹ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ كُنَّا جُلُوسًا بِفِنَاءِ الْمَسْجِدِ حَيْثُ يُوضَعُ الْجَنَائِزُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَيْنَا فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَهُ قِبَلَ السَّمَاءِ فَنَظَرَ ثُمَّ طَأْطَأَ بَصَرَهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ التَّشْدِيدِ قَالَ فَسَكَتْنَا يَوْمَنَا وَلَيْلَتَنَا فَلَمْ نَرَ إِلَّا خَيْرًا حَتّٰى أَصْبَحْنَا قَالَ مُحَمَّدٌ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا التَّشْدِيدُ الَّذِي نَزَلَ قَالَ فِي الدَّيْنِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ أَنَّ رَجُلًا قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ ثُمَّ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ عَاشَ دَخَلَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يُقْضٰى دَيْنُهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ نَحْوَهُ)

حضرت محمد بن عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم مسجد کے صحن میں بیٹھے ہوئے تھے جہاں جنازے رکھے جاتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان جلوہ افروز تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نظر آسمان کی طرف اٹھائی پھر نگاہیں جھکا لیں اور دستِ اقدس اپنی مبارک پیشانی پر رکھ کر فرمایا: کتنی سختی نازل فرمائی گئی ہے۔ پس ہم اُس روز اور ساری رات خاموش رہے اور ہم نے صبح تک بھلائی ہی دیکھی۔ حضرت محمد بن عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا سختی نازل فرمائی گئی ہے؟ فرمایا کہ قرض کے متعلق۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے، اگر ایک آدمی اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جائے، پھر زندہ ہو، پھر اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جائے، پھر زندہ ہو، پھر اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جائے، پھر زندہ ہو اور اُس پر قرض ہو تو جنت میں داخل نہیں ہوگا یہاں تک کہ اس کا قرض ادا کر دیا جائے۔ اسے احمد نے روایت کیا ہے اور یہی مضمون شرح السنۃ میں ہے۔

# بَابُ الشِّرْكَةِ وَالْوَكَالَةِ -

# شرکت و وکالت کا بیان

## پہلی فصل

۲۸۰۳ عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّهُ كَانَ يَخْرُجُ بِهِ جَدُّهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ إِلَى السُّوقِ فَيَشْتَرِي الطَّعَامَ فَيَلْقَاهُ ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ فَيَقُولَانِ لَهُ أَشْرِكْنَا فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَعَا لَكَ بِالْبَرَكَةِ فَيُشْرِكُهُمْ فَرُبَّمَا أَصَابَ الرَّاحِلَةَ كَمَا هِيَ فَيَبْعَثُ

زہرہ بن معبد سے روایت ہے کہ وہ اپنے جدِ امجد حضرت عبداللہ بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ بازار کی طرف نکلا کرتے جو غلہ خریدا کرتے تھے۔ انھیں حضرت ابن عمر اور حضرت ابن زبیر ملا کرتے تو کہتے کہ ہمیں بھی شریک کر لیجیے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کے لیے برکت کی دعا فرمائی تھی۔ پس وہ انھیں شریک کر لیتے۔ بعض اوقات وہ منافع میں

www.alahazratnetwork.org



ذَهَبَتْ بِهٖ اُمُّهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ رَأْسَهٗ وَدَعَا لَهٗ بِالْبَرَكَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ے کر اُن کی والدہ ماجدہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی تھیں تو آپ نے اُن کے سر پر دستِ مبارک پھیرا اور اُن کے لیے دعائے برکت فرمائی تھی۔ (بخاری)

۲۸۰۴ [2] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ اِخْوَانِنَا النَّخِيْلَ قَالَ لَا تَكْفُوْنَنَا الْمُؤْنَةَ وَنُشْرِكُكُمْ فِي الثَّمَرِ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ انصار نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے کہ کھجور کے درختوں کو ہمارے مہاجرین بھائیوں کے درمیان تقسیم فرما دیجیے۔ فرمایا نہیں، تمہارے لیے ہماری محنت کافی ہے لہٰذا ہم تمہارے پھلوں میں شریک ہو جاتے ہیں۔ انصار عرض گزار ہوئے کہ ہم نے سُن لیا اور مان لیا۔ (بخاری)

۲۸۰۵ [3] وَعَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ الْبَارِقِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ دِيْنَارًا لِيَشْتَرِيَ لَهٗ شَاةً فَاشْتَرٰى لَهٗ شَاتَيْنِ فَبَاعَ اِحْدٰهُمَا بِدِيْنَارٍ وَاَتَاهُ بِشَاةٍ وَّدِيْنَارٍ فَدَعَا لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْعِهٖ بِالْبَرَكَةِ فَكَانَ لَوِاشْتَرَى التُّرَابَ لَرَبِحَ فِيْهِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عروہ بن ابوالجعد بارقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ایک دینار عطا فرمایا کہ آپ کے لیے ایک بکری خرید لائیں۔ انھوں نے آپ کے لیے دو بکریاں خرید لیں، جن میں سے ایک بکری ایک دینار میں بیچ دی۔ یوں بکری اور ایک دینار لے کر حاضرِ بارگاہ ہو گئے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے لیے تجارت میں برکت کی دعا فرمائی، لہٰذا وہ مٹی بھی خریدتے تو اس میں بھی نفع ہوتا۔ (بخاری)

## دوسری فصل

۲۸۰۶ [4] عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَقُوْلُ اَنَا ثَالِثُ الشَّرِيْكَيْنِ مَا لَمْ يَخُنْ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ فَاِذَا خَانَهٗ خَرَجْتُ مِنْ بَيْنِهِمَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَزَادَ رَزِيْنٌ وَّجَاءَ الشَّيْطَانُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: دو ساجھیوں کے ساتھ تیسرا میں ہوتا ہوں جب تک اپنے ایک ساتھی سے خیانت نہیں کرتا جب کوئی ایک خیانت کرتا ہے تو میں دونوں کے درمیان سے نکل جاتا ہوں۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا اور رزین نے یہ بھی کہا کہ شیطان آ جاتا ہے۔

۲۸۰۷ [5] وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: امانت ادا کرو جس نے تمہیں امانت دار سمجھا اور جو تم سے خیانت کرے تو تم اُس سے خیانت نہ کرو۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ دارمی)

۲۸۰۸ [6] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ اِنِّيْ اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَقَالَ اِذَا اَتَيْتَ وَكِيْلِيْ فَخُذْ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَسْقًا فَاِنِ ابْتَغٰى مِنْكَ اٰيَةً فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى تَرْقُوَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے خیبر کی طرف جانے کا ارادہ کیا تو میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا، سلام کیا اور عرض گزار ہوا کہ میں خیبر کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ فرمایا کہ جب تم میرے وکیل کے پاس پہنچو تو اُس سے پندرہ وسق کھجوریں لے لینا۔ اگر وہ تم سے نشانی طلب کرے تو اُس کے حلق پر ہاتھ رکھ دینا۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

٢٨٠٩ (٧) عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ فِيْهِنَّ الْبَرَكَةُ اَلْبَيْعُ اِلٰى اَجَلٍ وَّالْمُقَارَضَةُ وَاَخْلَاطُ الْبُرِّ بِالشَّعِيْرِ لِلْبَيْتِ لَا لِلْبَيْعِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت صُہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں میں برکت ہے۔ بیع مدت مقرر کرکے، مضاربت اور تجارت کے لیے نہیں بلکہ اپنے کھانے کے لیے گندم اور جَو کو ملا لینا۔ (ابن ماجہ)۔

٢٨١٠ (٨) وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَعَهٗ بِدِيْنَارٍ لِّيَشْتَرِيَ لَهٗ بِهٖ اُضْحِيَةً فَاشْتَرٰى كَبْشًا بِدِيْنَارٍ وَّبَاعَهٗ بِدِيْنَارَيْنِ فَرَجَعَ فَاشْتَرٰى اُضْحِيَةً بِدِيْنَارٍ فَجَآءَ بِهَا وَبِالدِّيْنَارِ الَّذِي اسْتَفْضَلَ مِنَ الْاُخْرٰى فَتَصَدَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالدِّيْنَارِ فَدَعَا لَهٗ اَنْ يُّبَارَكَ لَهٗ فِيْ تِجَارَتِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنھیں ایک دینار دے کر قربانی کا جانور خریدنے کے لیے بھیجا۔ پس اُنھوں نے ایک دینار کا مینڈھا خرید لیا اور اُسے دُو دینار میں فروخت کر دیا۔ پس واپس گئے اور ایک دینار میں قربانی خرید لی۔ چنانچہ قربانی کا جانور اور ایک دینار لے کر حاضر بارگاہ ہو گئے جو دوسرے دینار سے بچ گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ دینار خیرات کر دیا اور اُن کے لیے تجارت میں برکت کی دعا فرمائی۔

(ترمذی، ابو داؤد)

## بَابُ الْغَصْبِ وَالْعَارِيَةِ — غصب و عاریت کا بیان

### پہلی فصل

٢٨١١ (١) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا فَاِنَّهٗ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک بالشت زمین بھی چھینی تو اُس جگہ کی ساتوں زمین تک کی مٹی کا قیامت کے روز اُس کے گلے میں طوق ڈالا جائے گا۔ (متفق علیہ)۔

٢٨١٢ (٢) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْلُبَنَّ اَحَدٌ مَّاشِيَةَ امْرِئٍ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تُؤْتٰى مَشْرُبَتُهٗ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهٗ فَيُنْتَقَلَ طَعَامُهٗ وَاِنَّمَا يَخْزُنُ لَهُمْ ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ اَطْعِمَاتِهِمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی کسی کے مویشی کا دودھ اُس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ کوئی اُس کے بالا خانے پر آئے، کھٹکے کو توڑ دے اور غلے کو بکھیر دے۔ یہ بات انھیں غمگین کرے گی کیونکہ اُن کے مویشیوں کے تھن اُن کی خوراک کے گودام ہیں۔

(مسلم)

٢٨١٣ (٣) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ فَأَرْسَلَتْ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ بِصَحْفَةٍ فِيهَا طَعَامٌ فَضَرَبَتِ الَّتِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهَا يَدَ الْخَادِمِ فَسَقَطَتِ الصَّحْفَةُ فَانْفَلَقَتْ فَجَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِلَقَ الصَّحْفَةِ ثُمَّ جَعَلَ يَجْمَعُ فِيهَا الطَّعَامَ الَّذِي كَانَ فِي الصَّحْفَةِ وَيَقُولُ غَارَتْ أُمُّكُمْ ثُمَّ حَبَسَ الْخَادِمَ حَتّٰى أُتِيَ بِصَحْفَةٍ مِنْ عِنْدِ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا فَدَفَعَ الصَّحْفَةَ الصَّحِيحَةَ إِلَى الَّتِي كُسِرَتْ صَحْفَتُهَا وَأَمْسَكَ الْمَكْسُورَةَ فِي بَيْتِ الَّتِي كَسَرَتْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

علیہ وسلم اپنی کسی زوجۂ مطہرہ کے پاس تھے تو دوسری اُمّ المومنین نے ایک پلیٹ بھیجی جس میں کھانا تھا جن کے گھر میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے اُنہوں نے خادم کے ہاتھ پر کچھ مارا تو تھالی گر کر ٹوٹ گئی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تھالی کے ٹکڑوں کو جمع کیا پھر اُس کھانے کو جمع کرنے لگے جو اُس تھالی میں تھا اور فرما رہے تھے کہ تمہاری ماں نے غیرت کھائی ہے۔ پھر خادم کو روک لیا یہاں تک کہ ایک تھالی اُن کے گھر میں سے لائی گئی جن کے مکان عرش آستان میں آپ جلوہ افروز تھے۔ صحیح سالم تھالی اُن کے لیے بھیج دی جن کی تھالی توڑ دی گئی تھی اور ٹوٹی ہوئی اُن کے گھر میں رکھی جنہوں نے توڑی تھی۔

(بخاری)

۲۸۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنِ النُّهْبَةِ وَالْمُثْلَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ڈاکہ زنی اور مثلہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (بخاری)۔

۲۸۱۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ سِتَّ رَكَعَاتٍ بِأَرْبَعِ سَجَدَاتٍ فَانْصَرَفَ وَقَدْ آضَتِ الشَّمْسُ وَقَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ تُوعَدُونَهُ إِلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِي صَلَاتِي هٰذِهِ لَقَدْ جِيءَ بِالنَّارِ وَذٰلِكَ حِينَ رَأَيْتُمُونِي تَأَخَّرْتُ مَخَافَةَ أَنْ يُصِيبَنِي مِنْ لَفْحِهَا وَحَتّٰى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَ الْمِحْجَنِ يَجُرُّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ وَكَانَ يَسْرِقُ الْحَاجَّ بِمِحْجَنِهِ فَإِنْ فُطِنَ لَهُ قَالَ إِنَّمَا تَعَلَّقَ بِمِحْجَنِي وَإِنْ غُفِلَ عَنْهُ ذَهَبَ بِهِ وَحَتّٰى رَأَيْتُ فِيهَا صَاحِبَةَ الْهِرَّةِ الَّتِي رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوعًا ثُمَّ جِيءَ بِالْجَنَّةِ وَذٰلِكَ حِينَ رَأَيْتُمُونِي تَقَدَّمْتُ حَتّٰى قُمْتُ فِي مَقَامِي وَلَقَدْ مَدَدْتُ يَدِي وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَتَنَاوَلَ مِنْ ثَمَرِهَا لِتَنْظُرُوا إِلَيْهِ ثُمَّ بَدَا لِي أَنْ لَا أَفْعَلَ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں سورج کو گرہن لگا جس روز کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی وفات ہوئی لوگوں نے چھ رکعتیں پڑھیں چار سجدوں کے ساتھ۔ جب آپ لوٹے تو سورج سابقہ حالت پر آ گیا تھا۔ فرمایا کہ کوئی چیز ایسی نہیں جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔ مگر میں نے اُسے اِس نماز میں دیکھ لیا ہے۔ جہنم میرے پاس لائی گئی جس وقت کہ تم نے مجھے پیچھے ہٹتا ہوا دیکھا، اِس خوف سے کہ کہیں مجھے اُس کی لپٹ نہ پہنچے، یہاں تک کہ میں نے اُس میں لمبی لاٹھی والے (عمرو بن لحی) کو دیکھا کہ جہنم میں اپنی انتڑیاں کھینچ رہا تھا۔ وہ اپنی لمبی اور ٹیڑھی لاٹھی سے حاجیوں کا سامان چرایا کرتا تھا۔ اگر پکڑا جاتا تو کہتا کہ میری ٹیڑھی سی لاٹھی میں اٹک گئی تھی اور کوئی نہ دیکھتا تو لے جاتا۔ میں نے اُس میں بلی والی عورت بھی دیکھی جس نے وہ باندھ رکھی تھی نہ اُسے کھلاتی اور نہ چھوڑتی تاکہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھائے، یہاں تک کہ وہ بھوک سے مر گئی۔ پھر میرے پاس جنت لائی گئی جبکہ تم نے مجھے آگے بڑھتے ہوئے دیکھا یہاں تک کہ میں اپنی جگہ پر کھڑا ہوا اور میں نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور میں نے ارادہ کیا کہ اُس کے پھل

www.alahazratnetwork.org



۲۸۱۶ (٦) وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِيْنَةِ فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا مِنْ اَبِيْ طَلْحَةَ يُقَالُ لَهُ الْمَنْدُوْبُ فَرَكِبَ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ مَا رَاَيْنَا مِنْ شَيْءٍ وَاِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

قتادہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ فرماتے ہوئے سنا کہ مدینہ منورہ میں ایک خطرہ محسوس ہوا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابو طلحہ سے گھوڑا مستعار لیا جس کو مندوب کہا جاتا تھا پس آپ سوار ہو گئے۔ جب واپس لوٹے تو فرمایا کہ ہم نے تو کوئی خطرہ نہیں دیکھا اور اسے ہم نے دریا کی طرح رواں پایا ہے۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۲۸۱۷ (۷) عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَحْيٰى اَرْضًا مَيْتَةً فَهِيَ لَهٗ وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ مَالِكٌ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بنجر زمین کو آباد کیا وہ اُسی کی ہے اور کسی ظالم رگ کا اُس میں کوئی حق نہیں۔ اسے احمد اور ترمذی نے روایت کیا اور مالک نے عروہ سے مرسلاً روایت کی ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۸۱۸ (۸) وَعَنْ اَبِيْ حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَلَا لَا تَظْلِمُوْا اَلَا لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِئٍ اِلَّا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِّنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَالدَّارَقُطْنِيُّ فِي الْمُجْتَبٰى)

ابو حرہ رقاشی نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار کسی پر ظلم نہ کرو۔ معلوم ہونا چاہیے کہ کسی دوسرے کا مال حلال نہیں ہوتا مگر جبکہ وہ اپنی خوشی سے دے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں اور دارقطنی نے مجتبیٰ میں روایت کیا ہے۔

۲۸۱۹ (۹) وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِي الْاِسْلَامِ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ دُور سے لانا جائز اور نہ دُور لے جانا جائز اور اسلام میں بدلے کا نکاح نہیں ہے اور جو ڈاکہ مارے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ترمذی)

۲۸۲۰ (۱۰) وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَاْخُذْ اَحَدُكُمْ عَصَا اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا فَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَرِوَايَتُهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ جَادًّا۔)

سائب بن یزید نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی لاٹھی مذاق میں رکھنے کے لیے نہ لے۔ اگر کسی نے اپنے بھائی کی لاٹھی لی ہے تو وہ اسے واپس کر دے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابو داؤد نے جبکہ اس کی ایک روایت صرف "جادًا" تک ہے۔

۲۸۲۱ (۱۱) وَعَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَّجَدَ عَيْنَ مَالِهٖ عِنْدَ رَجُلٍ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ وَيَتْبَعُ الْبَيِّعُ مَنْ بَاعَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا مال کسی دوسرے کے پاس بعینہٖ پائے تو وہ اُس کا زیادہ مستحق ہے۔ دوسرا اُس کا پیچھا کرے جس نے اس کے ہاتھوں اُسے بیچا۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی)

٢٨٢٢ / ١٢ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى الْيَدِ مَا اَخَذَتْ حَتّٰى تُؤَدِّيَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تاوان اُس چیز کے لینے پر ہے جو سپرد کر دی جائے۔
(ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

٢٨٢٣ / ١٣ وَعَنْ حَرَامِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا فَاَفْسَدَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلٰى اَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَاَنَّ مَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِيْ بِاللَّيْلِ ضَامِنٌ عَلٰى اَهْلِهَا۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حرام بن سعد بن محیصہ سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب کی اونٹنی ایک باغ میں داخل ہو گئی اور نقصان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دن میں باغوں کی حفاظت کرنا اُن کے مالکوں کی ذمہ داری اور مویشی رات کے وقت جو نقصان کریں تو اُن کے مالک نقصان پورا کریں۔
(مالک۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

٢٨٢٤ / ١٤ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرِّجْلُ جُبَارٌ وَقَالَ النَّارُ جُبَارٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قدم معاف ہے اور فرمایا کہ آگ معاف ہے۔ (ابوداؤد)۔

٢٨٢٥ / ١٥ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ عَلٰى مَاشِيَةٍ فَاِنْ كَانَ فِيْهَا صَاحِبُهَا فَلْيَسْتَاْذِنْهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهَا فَلْيُصَوِّتْ ثَلٰثًا فَاِنْ اَجَابَهُ اَحَدٌ فَلْيَسْتَاْذِنْهُ وَاِنْ لَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ فَلْيَحْتَلِبْ وَلْيَشْرَبْ وَلَا يَحْمِلْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مویشیوں کے پاس آئے تو اُن میں اگر اُن کے مالک موجود ہو تو اُن سے اجازت طلب کرے۔ اگر وہ اُن میں نہ ہو تو تین دفعہ آواز دینی چاہیے اگر کوئی جواب دے تو اُس سے اجازت لینی چاہیے اور اگر کوئی بھی جواب نہ دے تو دودھ کر دودھ پی لے اور اُٹھا کر نہ لے جائے۔ (ابوداؤد)

٢٨٢٦ / ١٦ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ حَائِطًا فَلْيَاْكُلْ وَلَا يَتَّخِذْ خُبْنَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی باغ میں داخل ہو تو پھل کھا لے لیکن جھولی میں نہ لے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٢٨٢٧ / ١٧ وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَارَ مِنْهُ اَدْرَاعَهُ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ اَغَصْبًا يَا مُحَمَّدُ قَالَ بَلْ عَارِيَةٌ مَضْمُوْنَةٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

اُمیہ بن صفوان نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے غزوۂ حنین کے لیے زرہیں مستعار لیں۔ انھوں نے کہا کہ اے محمد! کیا غصب کرنے کے لیے؟ فرمایا: ضمانت کے ساتھ اُدھار لے رہا ہوں۔ (ابوداؤد)۔

٢٨٢٨ / ١٨ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُوْدَةٌ وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ وَالزَّعِيْمُ غَارِمٌ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: مستعار لی ہوئی چیز واپس کر دی جائے۔ دودھ پینے کیلئے لیا ہوا جانور واپس لوٹایا جائے گا قرض ادا کیا جائیگا اور ضامن تاوان دیگا۔ (ترمذی، ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



٢٨٢٩ / ١٩ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا أَرْمِي نَخْلَ الْأَنْصَارِ فَأُتِيَ بِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا غُلَامُ لِمَ تَرْمِي النَّخْلَ قُلْتُ آكُلُ قَالَ فَلَا تَرْمِ وَكُلْ مِمَّا سَقَطَ فِي أَسْفَلِهَا ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ أَشْبِعْ بَطْنَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ فِي بَابِ اللُّقَطَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى)

حضرت رافع بن عمرو غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں لڑکا تھا اور انصار کے کھجوروں پر پتھر مارا کرتا تھا۔ مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اے لڑکے تم کھجوروں کو پتھر کیوں مارتے ہو؟ عرض گزار ہوا کہ کھانے کے لیے۔ فرمایا کہ پتھر نہ مارا کرو بلکہ جو اُن کے نیچے گر پڑا کریں اُنھیں کھالیا کرو۔ پھر میرے سر پر دست کرم پھیرا اور دعا فرمائی: اے اللہ! اسے شکم سیر فرما۔ روایت کیا اسے ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور عنقریب ہم عمرو بن شعیب کی حدیث ان شاء اللہ تعالیٰ باب اللقطہ میں پیش کریں گے۔

## تیسری فصل

٢٨٣٠ / ٢٠ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ شَيْئًا بِغَيْرِ حَقِّهِ خُسِفَ بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلٰى سَبْعِ أَرَضِيْنَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تھوڑی سی زمین بھی بغیر حق کے حاصل کی تو قیامت کے روز اُسے ساتویں زمین تک دھنسایا جائے گا۔ (بخاری)۔

٢٨٣١ / ٢١ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَخَذَ أَرْضًا بِغَيْرِ حَقِّهَا كُلِّفَ أَنْ يَحْمِلَ تُرَابَهَا الْمَحْشَرَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جس نے بغیر اپنے حق کے کوئی زمین حاصل کی تو محشر میں اُسے مجبور کیا جائے گا کہ اُس کی مٹی اٹھائے۔ (احمد)۔

٢٨٣٢ / ٢٢ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَيُّمَا رَجُلٍ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ كَلَّفَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَحْفِرَهُ حَتّٰى يَبْلُغَ آخِرَ سَبْعِ أَرَضِيْنَ ثُمَّ يُطَوَّقَهُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

اُن کا ہی بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے بالشت بھر زمین بھی ظلم سے حاصل کی تو اللہ تعالیٰ اُسے مجبور کرے گا کہ ساتویں زمین تک اسے کھودے، پھر قیامت تک وہ اُس کے گلے کا طوق رہے گی، یہاں تک کہ لوگوں کا حساب کتاب ہوجائے۔ (احمد)۔

# بَابُ الشُّفْعَةِ

# شفعہ کا بیان

## پہلی فصل

٢٨٣٣ / ٢٣ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشُّفْعَةِ فِي كُلِّ مَا لَمْ يُقْسَمْ فَإِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر اُس چیز میں شفعہ کا فیصلہ فرمایا جو تقسیم نہ کی گئی ہو۔ جب حدود قائم ہوجائیں اور راستے بدل جائیں تو شفعہ نہ رہا (بخاری)

۲۸۳۴ وَعَنْهُ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[2] بِالشُّفْعَۃِ فِیْ کُلِّ شِرْکَۃٍ لَمْ تُقْسَمْ رَبْعَۃٍ اَوْ حَائِطٍ لَا یَحِلُّ لَہٗ اَنْ یَّبِیْعَ حَتّٰی یُؤْذِنَ شَرِیْکَہٗ فَاِنْ شَاءَ اَخَذَ وَاِنْ شَاءَ تَرَکَ فَاِذَا بَاعَ وَلَمْ یُؤْذِنْہُ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اُن کا ہی بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر مشترک چیز میں شفعہ کا فیصلہ فرمایا جب تک تقسیم نہ کر لی جائے، خواہ مکان ہو یا باغ۔ اُس کا بیچنا جائز نہیں جب تک ساجھی اجازت نہ دے۔ اگر وہ چاہے خرید لے اور چاہے چھوڑ دے۔ جب فروخت کر دی جائے اور وہ اجازت نہ دے تو وہی زیادہ حق دار ہے۔ (مسلم)۔

۲۸۳۵ وَعَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[3] اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمسایہ نزدیکی کے باعث زیادہ حق دار ہے۔ (بخاری)۔

۲۸۳۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[4] لَا یَمْنَعْ جَارٌ جَارَہٗ اَنْ یَّغْرِزَ خَشَبَۃً فِیْ جِدَارِہٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمسایہ ہمسائے کو اپنی دیوار میں لکڑی گاڑنے سے منع نہ کرے۔ (متفق علیہ)۔

۲۸۳۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[5] اِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِی الطَّرِیْقِ جُعِلَ عَرْضُہٗ سَبْعَۃَ اَذْرُعٍ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے راستے کے بارے میں اختلاف ہو جائے تو اُس کی چوڑائی سات ہاتھ رکھ لی جائے۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۲۸۳۸ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ حُرَیْثٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[6] یَقُوْلُ مَنْ بَاعَ مِنْکُمْ دَارًا اَوْ عَقَارًا قَمِنٌ اَنْ لَّا یُبَارَکَ لَہٗ اِلَّا اَنْ یَّجْعَلَہٗ فِیْ مِثْلِہٖ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت سعید بن حریث کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو تم میں سے گھر یا زمین بیچے تو اس لائق ہے کہ اُسے برکت نہ دی جائے مگر جب کہ وہ رقم اُس کی مثل میں لگائے۔ (ابن ماجہ، دارمی)

۲۸۳۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[7] اَلْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَتِہٖ یُنْتَظَرُ بِھَا وَاِنْ کَانَ غَائِبًا اِذَا کَانَ طَرِیْقُھُمَا وَاحِدًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمسایہ اپنے شفعہ کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اگر وہ غائب ہو تو اُس کا انتظار کیا جائے، جبکہ دونوں کا راستہ ایک ہو۔ (احمد، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

۲۸۳۹ ب وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[8] قَالَ الشَّرِیْکُ شَفِیْعٌ وَالشُّفْعَۃُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ قَالَ وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا وَھُوَ اَصَحُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ساجھی شفعہ کا مستحق ہے اور شفعہ ہر چیز میں ہے (ترمذی) اور ابن ابی ملیکہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسے مرسلاً روایت کیا اور یہی زیادہ صحیح ہے۔

۲۸۴۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حُبْشِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ[9]

حضرت عبد اللہ بن حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ سِدْرَةً صَوَّبَ اللّٰهُ رَأْسَهٗ فِي النَّارِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مُخْتَصَرٌ يَعْنِيْ مَنْ قَطَعَ سِدْرَةً فِيْ فَلَاةٍ يَسْتَظِلُّ بِهَا ابْنُ السَّبِيْلِ وَالْبَهَائِمُ عَبَثًا وَّظُلْمًا بِغَيْرِ حَقٍّ يَكُوْنُ لَهٗ فِيْهَا صَوَّبَ اللّٰهُ رَأْسَهٗ فِي النَّارِ۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : جو بیری کا درخت کاٹے اللہ تعالیٰ اُسے سر کے بل جہنم میں ڈالے گا (ابوداؤد) اور کہا کہ یہ حدیث مختصر ہے یعنی بیری کے اُس درخت کا کاٹنا مراد ہے جو جنگل میں ہو مسافر اور چوپائے اُس سے سایہ حاصل کرتے ہوں لیکن ظلم وستم سے اپنے حق کے بغیر کاٹے تو اللہ تعالیٰ اُسے سر کے بل جہنم میں ڈالے۔

## تیسری فصل

۲۸۴۱ (۱۰) عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ إِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ فِي الْأَرْضِ فَلَا شُفْعَةَ فِيْهَا وَلَا شُفْعَةَ فِيْ بِئْرٍ وَّلَا فَحْلِ النَّخْلِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب زمین میں حدود واقع ہو جائیں تو اُس میں شفعہ نہیں نیز کنوئیں اور کھجور کے درخت میں شفعہ نہیں۔ (مالک)

# بَابُ الْمُسَاقَاتِ وَالْمُزَارَعَةِ

# مساقات اور مزارعت کا بیان

## پہلی فصل

۲۸۴۲ (۱) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ إِلٰى يَهُوْدِ خَيْبَرَ نَخْلَ خَيْبَرَ وَأَرْضَهَا عَلٰى أَنْ يَّعْتَمِلُوْهَا مِنْ أَمْوَالِهِمْ وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَطْرُ ثَمَرِهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّفِيْ رِوَايَةِ الْبُخَارِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطٰى خَيْبَرَ الْيَهُوْدَ أَنْ يَّعْمَلُوْهَا وَيَزْرَعُوْهَا وَلَهُمْ شَطْرُ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے باغات اور وہاں کی زمینیں اس شرط پر دیں کہ وہ اُن میں کام کریں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اُن کے نصف پھل ہوں گے۔ (مسلم) بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہود کو خیبر اس شرط پر دیا کہ وہ اُس میں کام اور زراعت کریں اور جو اُس سے حاصل ہو اُن کے لیے اُس میں سے نصف ہوگا۔

۲۸۴۳ (۲) وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نُخَابِرُ وَلَا نَرٰى بِذٰلِكَ بَأْسًا حَتّٰى زَعَمَ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهَا فَتَرَكْنَاهَا مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُنھوں نے ہی فرمایا کہ ہم کھیتی باڑی کرواتے اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے تھے یہاں تک کہ حضرت رافع بن خدیج نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔ پس اُس وقت سے ہم نے اسے چھوڑ دیا۔ (مسلم)۔

۲۸۴۴ (۳) وَعَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عَمَّايَ أَنَّهُمْ كَانُوْا يُكْرُوْنَ الْأَرْضَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا يَنْبُتُ عَلَى الْأَرْبِعَاءِ أَوْ شَيْءٍ يَسْتَثْنِيْهِ صَاحِبُ الْأَرْضِ فَنَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ

حنظلہ بن قیس نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مجھے میرے دو چچاؤں نے بتایا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں کرائے پر زمین دیا کرتے تھے، اُس کے بدلے جو نالیوں پر اُگ آئے یا جس کو زمین والا مستثنیٰ کرے پس نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



ذٰلِكَ فَقُلْتُ لِرَافِعٍ فَكَيْفَ هِيَ بِالدَّرَاهِمِ وَالدَّنَانِيرِ فَقَالَ لَيْسَ بِهَا بَأْسٌ وَكَانَ الَّذِي نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ مَا لَوْ نَظَرَ فِيهِ ذَوُو الْفَهْمِ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ لَمْ يُجِيزُوهُ لِمَا فِيهِ مِنَ الْمُخَاطَرَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔ پس یہ درہم و دینار کے بدلے کیسا ہے؟ فرمایا کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور اس میں جس صورت سے منع فرمایا گیا ہے اگر صاحبِ فہم اس میں غور کرے حلال و حرام کو مدِنظر رکھ کر تو اسے جائز قرار نہیں دے گا کیونکہ اس میں دھوکا ہے۔

(متفق علیہ)

۲۸۴۵/۴ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ كُنَّا أَكْثَرَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ حَقْلًا وَكَانَ أَحَدُنَا يُكْرِي أَرْضَهُ فَيَقُولُ هٰذِهِ الْقِطْعَةُ لِي وَهٰذِهِ لَكَ فَرُبَّمَا أَخْرَجَتْ ذِهِ وَلَمْ تُخْرِجْ ذِهِ فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم مدینہ منورہ والے اکثر کھیتی باڑی کرتے تھے۔ ہم میں سے کوئی اپنی زمین کو کرائے پر دیتا تو کہتا کہ یہ کھیت میرے لیے ہے اور وہ تمہارے لیے۔ بعض اوقات یوں بھی ہوتا کہ اس سے پیداوار حاصل ہوتی اور اُس سے نہ ہوتی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں منع فرمادیا۔ (متفق علیہ)

۲۸۴۶/۵ وَعَنْ عَمْرٍو قَالَ قُلْتُ لِطَاؤُسٍ لَوْ تَرَكْتَ الْمُخَابَرَةَ فَإِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهُ قَالَ أَيْ عَمْرُو إِنِّي أُعْطِيهِمْ وَأُعِينُهُمْ وَإِنَّ أَعْلَمَهُمْ أَخْبَرَنِي يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَنْهَ عَنْهُ وَلٰكِنْ قَالَ أَنْ يَمْنَحَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْخُذَ عَلَيْهِ خَرْجًا مَعْلُومًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمرو کا بیان ہے کہ میں نے طاؤس سے عرض کی کہ آپ مزارعت چھوڑ دیں کیونکہ لوگوں کا خیال ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرما دیا تھا۔ فرمایا اے عمرو! میں انھیں زمین دیتا اور اُن کی مدد کرتا ہوں اور بے شک مجھے اُن سے بڑے عالمِ دین حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا بلکہ فرمایا کہ تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو زراعت کے لیے زمین دے چھوڑے یہ اس سے بہتر ہے کہ اُس کا کوئی معین کرایہ وصول کرے (متفق علیہ)۔

۲۸۴۷/۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا أَوْ لِيَمْنَحْهَا أَخَاهُ فَإِنْ أَبٰى فَلْيُمْسِكْ أَرْضَهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس زمین ہو تو وہ اُس میں خود زراعت کرے یا کھیتی باڑی کے لیے اپنے بھائی کو دے رکھے۔ اگر وہ انکار کرے تو اپنی زمین کو روکے رہے۔ (متفق علیہ)۔

۲۸۴۸/۷ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّهُ رَأَى سِكَّةً وَشَيْئًا مِنْ آلَةِ الْحَرْثِ فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَدْخُلُ هٰذَا بَيْتَ قَوْمٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ الذُّلَّ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ).

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے ہل اور آلاتِ زراعت میں سے کوئی چیز دیکھی تو فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یہ چیز کسی قوم کے گھر میں داخل نہیں ہوتی مگر ذلت داخل ہوتی ہے۔ (بخاری)۔

## دوسری فصل

۲۸۴۹/۸ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ زَرَعَ فِي أَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهُ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کی اجازت کے

www.alahazratnetwork.org



مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ وَلَهُ نَفَقَتُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاؤدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

بغیر اُن کی زمین میں کاشت کی تو پیداوار سے اس کے لیے کچھ نہیں اُسے صرف خرچ ملے گا۔ اسے ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

## تیسری فصل

۲۸۵۰ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ قَالَ مَا بِالْمَدِيْنَةِ أَهْلُ بَيْتِ هِجْرَةٍ إِلَّا يَزْرَعُوْنَ عَلَى الثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَزَارَعَ عَلِيٌّ وَسَعْدُ بْنُ مَالِكٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَالْقَاسِمُ وَعُرْوَةُ وَآلُ أَبِيْ بَكْرٍ وَآلُ عُمَرَ وَآلُ عَلِيٍّ وَابْنُ سِيْرِيْنَ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ كُنْتُ أُشَارِكُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ فِي الزَّرْعِ وَعَامَلَ عُمَرُ النَّاسَ عَلَى أَنْ جَاءَ عُمَرُ بِالْبَذْرِ مِنْ عِنْدِهٖ فَلَهُ الشَّطْرُ وَإِنْ جَاءُوْا بِالْبَذْرِ فَلَهُمْ كَذَا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

قیس بن مسلم سے روایت ہے کہ ابوجعفر (امام محمد باقر) نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں مہاجرین کا کوئی گھر ایسا نہ تھا جو تہائی یا چوتھائی حصے پر کاشتکاری نہ کرواتا ہو۔ حضرت علی، حضرت سعد بن مالک، حضرت عبداللہ بن مسعود، عمر بن عبدالعزیز، قاسم، عروہ، آلِ ابوبکر، آلِ عمر، آلِ علی اور ابن سیرین نے کاشتکاری کروائی۔ عبدالرحمٰن بن اسود نے فرمایا کہ میں عبدالرحمٰن بن یزید کے ساتھ کاشتکاری میں شرکت کیا کرتا تھا اور حضرت عمر نے لوگوں سے اس شرط پر معاملہ کیا تھا کہ اگر عمر بیج اپنے پاس سے دے تو نصف پیداوار اُس کے لیے اور اگر کاشتکار بیج لائیں تو اُن کا اتنا حصہ ہوگا۔ (بخاری)۔

# بَابُ الْإِجَارَةِ

# مزدوری کا بیان

## پہلی فصل

۲۸۵۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ زَعَمَ ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُزَارَعَةِ وَأَمَرَ بِالْمُؤَاجَرَةِ وَقَالَ لَا بَأْسَ بِهَا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن مغفل کا بیان ہے کہ حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزارعت سے منع فرمایا اور اُجرت پر کام کروانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (مسلم)

۲۸۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ فَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ وَاسْتَعَطَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے اور حجام کو اُجرت عطا فرمائی اور نسوار لی۔ (متفق علیہ)۔

۲۸۵۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا إِلَّا رَعَى الْغَنَمَ فَقَالَ أَصْحَابُهُ وَأَنْتَ فَقَالَ نَعَمْ كُنْتُ أَرْعٰى عَلٰى قَرَارِيْطَ لِأَهْلِ مَكَّةَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی مبعوث نہیں فرمایا مگر اُس نے بکریاں چرائیں۔ صحابہ کرام عرض گزار ہوئے کہ آپ نے بھی؟ فرمایا، ہاں میں چند قیراط پر مکہ والوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ (بخاری)۔

www.alahazratnetwork.org



۲۸۵۴ [۴] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی ثَلٰثَۃٌ اَنَا خَصْمُھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رَجُلٌ اَعْطٰی بِیْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَکَلَ ثَمَنَہٗ وَرَجُلٌ اسْتَاْجَرَ اَجِیْرًا فَاسْتَوْفٰی مِنْہُ وَلَمْ یُعْطِہٖ اَجْرَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن سے قیامت کے روز میں جھگڑوں گا۔ ایک وہ جو میرے نام پر وعدہ کرے پھر عہد شکنی کر دے۔ دوسرا وہ جو کسی آزاد کو بیچ کر اُس کی قیمت کھا جائے۔ تیسرا وہ جو کسی کو مزدوری پر رکھے، کام اُس سے پورا لیا اور اُسے اُس کی مزدوری نہ دے۔ (بخاری)

۲۸۵۵ [۵] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَفَرًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرُّوْا بِمَآءٍ فِیْھِمْ لَدِیْغٌ اَوْ سَلِیْمٌ فَعَرَضَ لَھُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَھْلِ الْمَآءِ فَقَالَ ھَلْ فِیْکُمْ مِّنْ رَّاقٍ اِنَّ فِی الْمَآءِ رَجُلًا لَّدِیْغًا اَوْ سَلِیْمًا فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِّنْھُمْ فَقَرَاَ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ عَلٰی شَآءٍ فَبَرَاَ فَجَآءَ بِالشَّآءِ اِلٰٓی اَصْحَابِہٖ فَکَرِھُوْا ذٰلِکَ وَقَالُوْٓا اَخَذْتَ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ اَجْرًا حَتّٰی قَدِمُوا الْمَدِیْنَۃَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخَذَ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ اَجْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا کِتَابُ اللّٰہِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَصَبْتُمْ اقْسِمُوْا وَاضْرِبُوْا لِیْ مَعَکُمْ سَھْمًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چند اصحاب کا گزر ایک بستی کے پاس سے ہوا جن کے کسی آدمی کو بچھو یا سانپ نے ڈس لیا تھا۔ پس بستی والوں میں سے ایک آدمی نے اُن سے آکر کہا کہ کیا آپ میں کوئی دم کرنے والا ہے کیونکہ بستی کے ایک آدمی کو بچھو یا سانپ نے ڈس لیا ہے۔ اُن میں سے ایک آدمی چلا گیا اور چند بکریوں کی شرط پر سورۂ فاتحہ پڑھ دی تو وہ تندرست ہو گیا چنانچہ بکریاں لے کر اپنے ساتھیوں میں آ گئے۔ ساتھیوں نے اُسے ناپسند کیا اور کہا کہ آپ نے اللہ کی کتاب پر اجرت لی ہے۔ یہاں تک کہ مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! انھوں نے اللہ کی کتاب پر مزدوری لی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جن چیزوں پر تم اجرت لیتے ہو اُن میں سب سے زیادہ حق دار اللہ کی کتاب ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا اور ایک روایت میں ہے کہ تم نے ٹھیک کیا، تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی لگانا۔

## دوسری فصل

۲۸۵۶ [۶] عَنْ خَارِجَۃَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّہٖ قَالَ اَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْنَا عَلٰی حَیٍّ مِّنَ الْعَرَبِ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اُنْبِئْنَآ اَنَّکُمْ قَدْ جِئْتُمْ مِّنْ عِنْدِ ھٰذَا الرَّجُلِ بِخَیْرٍ فَھَلْ عِنْدَکُمْ مِّنْ دَوَآءٍ اَوْ رُقْیَۃٍ فَاِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوْھًا فِی الْقُیُوْدِ فَقُلْنَا نَعَمْ فَجَآءُوْا بِمَعْتُوْہٍ فِی الْقُیُوْدِ فَقَرَاْتُ عَلَیْہِ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ غُدْوَۃً وَّعَشِیَّۃً اَجْمَعُ بُزَاقِیْ ثُمَّ اَتْفُلُ قَالَ فَکَاَنَّمَا اُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَاَعْطَوْنِیْ جُعْلًا فَقُلْتُ لَا حَتّٰٓی اَسْاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ کُلْ فَلَعَمْرِیْ لَمَنْ اَکَلَ بِرُقْیَۃٍ بَاطِلٍ لَقَدْ اَکَلْتَ بِرُقْیَۃٍ حَقٍّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ

خارجہ بن صلت سے روایت ہے کہ اُن کے چچا جان نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے روانہ ہوئے تو ہمارا عرب کے ایک قبیلے کے پاس سے گزر ہوا۔ انھوں نے کہا: ہمیں بتایا گیا ہے کہ تم اُس بھلائی والے شخص (رسولِ خدا) کے پاس سے آئے ہو۔ کیا تمہارے پاس کوئی دوا یا دم ہے کیونکہ ہمارے پاس ایک جکڑا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم نے کہا: ہاں۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ جکڑے ہوئے دیوانے کو لے آئے۔ پس میں نے تین روز تک صبح و شام اُس پر سورۂ فاتحہ پڑھی۔ میں اپنا تھوک جمع کر کے اُس پر تھتکار دیتا۔ چنانچہ اُس کی گویا رسیاں کھل گئیں۔ انھوں نے مجھے انعام دیا۔ میں نے کہا: نہیں لوں گا جب تک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہ پوچھ لوں۔ آپ نے فرمایا: میری عمر کی قسم کھاؤ۔ لوگ ہیں کہ باطل کلام سے دم کر کے کھاتے ہیں جبکہ تم نے برحق کلام سے دم کر کے کھایا ہے۔ (احمد، ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



وَاَبُوْدَاوٗد)

۲۸۵۷ (۷) وَعَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْطُوا الْاَجِیْرَ اَجْرَہٗ قَبْلَ اَنْ یَّجِفَّ عَرَقُہٗ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مزدور کو پسینہ خشک ہونے سے پہلے اُس کی مزدوری دے دیا کرو۔ (ابن ماجہ)۔

۲۸۵۸ (۸) وَعَنِ الْحُسَیْنِ ابْنِ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلسَّائِلِ حَقٌّ وَّاِنْ جَآءَ عَلٰی فَرَسٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَفِی الْمَصَابِیْحِ مُرْسَلٌ)

حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سائل کا حق ہے اگرچہ وہ گھوڑے پر آئے اسے احمد اور ابوداؤد نے روایت کیا اور مصابیح میں مرسل ہے۔

## تیسری فصل

۲۸۵۹ (۹) عَنْ عُتْبَۃَ بْنِ النُّدَّرِ قَالَ کُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَ طٰسٓمٓ حَتّٰی بَلَغَ قِصَّۃَ مُوْسٰی قَالَ اِنَّ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ اٰجَرَ نَفْسَہٗ ثَمَانَ سِنِیْنَ اَوْ عَشْرًا عَلٰی عِفَّۃِ فَرْجِہٖ وَطَعَامِ بَطْنِہٖ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عتبہ بن منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھے تو آپ نے سورۂ طسم پڑھی، جب ذکرِ موسیٰ تک پہنچے تو فرمایا: بے شک موسیٰ علیہ السلام نے آٹھ یا دس برس اپنے آپ کو مزدوری پر لگائے رکھا کہ شرم گاہ کی حفاظت ہو اور پیٹ کے لیے کھانا ملتا رہے۔ (احمد، ابن ماجہ)

۲۸۶۰ (۱۰) وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ رَجُلٌ اَھْدٰی اِلَیَّ قَوْسًا مِّمَّنْ کُنْتُ اُعَلِّمُہُ الْکِتَابَ وَالْقُرْاٰنَ وَلَیْسَتْ بِمَالٍ فَاَرْمِیْ عَلَیْہَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ قَالَ اِنْ کُنْتَ تُحِبُّ اَنْ تُطَوَّقَ طَوْقًا مِّنْ نَّارٍ فَاقْبَلْہَا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! جس آدمی کو میں قرآن مجید سکھاتا ہوں اُس نے تحفے کے طور پر مجھے ایک کمان دی ہے، یہ مال تو ہے نہیں بلکہ اس کے ساتھ میں جہادوں میں تیر اندازی کیا کروں گا فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہیں آگ کا طوق پہنایا جائے تو اسے قبول کر لو۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)۔

# بَابُ اِحْیَاءِ الْمَوَاتِ وَالشِّرْبِ

## بنجر زمین کو آباد اور سیراب کرنا

## پہلی فصل

۲۸۶۱ (۱) عَنْ عَائِشَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ عَمَرَ اَرْضًا لَّیْسَتْ لِاَحَدٍ فَھُوَ اَحَقُّ قَالَ عُرْوَۃُ قَضٰی بِہٖ عُمَرُ فِیْ خِلَافَتِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایسی زمین کو آباد کیا جو کسی کی نہیں تو وہی زیادہ حق دار ہے۔ عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے اپنے دورِ خلافت میں اسی کے تحت فیصلہ فرمایا۔ (بخاری)

۲۸۶۲ (۲) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَۃَ

حضرت ابن عباس نے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

www.alahazratnetwork.org



قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَاحِمٰی اِلَّا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ چراگاہ نہیں ہے مگر اللہ اور اس کے رسول کے لیے۔ (بخاری)

۲۸۶۳ وَعَنْ عُرْوَۃَ قَالَ خَاصَمَ الزُّبَیْرُ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ[۳] فِیْ شِرَاجٍ مِّنَ الْحَرَّۃِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسْقِ یَا زُبَیْرُ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰی جَارِکَ فَقَالَ الْاَنْصَارِیُّ اَنْ کَانَ ابْنَ عَمَّتِکَ فَتَلَوَّنَ وَجْھُہٗ ثُمَّ قَالَ اسْقِ یَا زُبَیْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَآءَ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَی الْجَدْرِ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰی جَارِکَ فَاسْتَوْعَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَیْرِ حَقَّہٗ فِیْ صَرِیْحِ الْحُکْمِ حِیْنَ اَحْفَظَہُ الْاَنْصَارِیُّ وَکَانَ اَشَارَ عَلَیْھِمَا بِاَمْرٍ لَّھُمَا فِیْہِ سَعَۃٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت زبیر کا ایک انصاری سے نالے کے پانی سے متعلق جھگڑا ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے زبیر! اپنے کھیت کو پانی دینے کے بعد اپنے ہمسائے کی طرف چھوڑ دینا۔ انصاری نے کہا: اس لیے کہ یہ آپ کے پھوپھی زاد ہیں۔ آپ کے پُرنور چہرے کا رنگ بدل گیا اور فرمایا: اے زبیر! اپنے کھیت سیراب کرنے کے بعد پانی کو روکے رکھنا یہاں تک کہ منڈیروں تک پہنچ جائے پھر اپنے ہمسائے کی طرف چھوڑنا۔ اب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر کو پورا اُن کا حق دیا جبکہ صریح حکم میں یا بھی انصاری نے ناراض کیا تھا حالانکہ آپ نے دونوں کو ایسا مشورہ دیا تھا جس میں دونوں حضرات کے لیے گنجائش نہ تھی۔ (متفق علیہ)

۲۸۶۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ[۴] وَسَلَّمَ لَا تَمْنَعُوْا فَضْلَ الْمَآءِ لِتَمْنَعُوْا بِہٖ فَضْلَ الْکَلَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زائد پانی کو نہ روکو، اس غرض سے کہ زائد گھاس کو روک لو۔ (متفق علیہ)

۲۸۶۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ[۵] ثَلٰثَۃٌ لَا یُکَلِّمُھُمُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَلَا یَنْظُرُ اِلَیْھِمْ رَجُلٌ حَلَفَ عَلٰی سِلْعَۃٍ لَقَدْ اُعْطِیَ بِھَا اَکْثَرَ مِمَّا اُعْطِیَ وَھُوَ کَاذِبٌ وَّرَجُلٌ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ کَاذِبَۃٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِیَقْتَطِعَ بِھَا مَالَ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ وَّرَجُلٌ مَّنَعَ فَضْلَ مَآءٍ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ الْیَوْمَ اَمْنَعُکَ فَضْلِیْ کَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَا لَمْ تَعْمَلْ یَدَاکَ۔ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَذُکِرَ حَدِیْثُ جَابِرٍ فِیْ بَابِ الْمَنْھِیِّ عَنْھَا مِنَ الْبُیُوْعِ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن سے قیامت کے روز نہ اللہ تعالیٰ کلام فرمائے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا۔ ایک وہ آدمی جو قسم کھائے کہ مجھے اس چیز کی اس سے زیادہ قیمت مل رہی تھی جسے میں دے رہا ہوں اور وہ جھوٹ بول رہا ہو، دوسرا وہ شخص جو عصر کے بعد جھوٹی قسم کھائے تاکہ ایسا کرکے کسی مسلمان کا مال کھینچ لے، تیسرا وہ آدمی جو زائد پانی کو روکے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آج میں تجھ سے اپنا فضل روک لیتا ہوں جیسے تُو نے زائد پانی کو روکا جو تیرے ہاتھوں کی کمائی نہیں ہے۔ (متفق علیہ) اور حضرت جابر کی حدیث باب منہی عنہا من البیوع میں پیش کی جا چکی ہے۔

۲۸۶۶ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی[۶] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَاطَ حَآئِطًا عَلَی الْاَرْضِ فَھُوَ لَہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے زمین کے کسی قطعے کو گھیر لیا وہ اُسی کا ہے۔ (ابوداؤد)

۲۸۶۷ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی[۷] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَیْرِ نَخِیْلًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر کو کھجور کے درختوں کا مقطعہ دیا۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



٢٨٦٨ / ٨ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِلزُّبَيْرِ حُضْرَ فَرَسِهٖ فَاَجْرٰى فَرَسَهٗ حَتّٰى قَامَ ثُمَّ رَمٰى بِسَوْطِهٖ فَقَالَ اَعْطُوْهُ مِنْ حَيْثُ بَلَغَ السَّوْطُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت زبیر کو جاگیر دی جہاں تک ان کا گھوڑا دوڑ سکے۔ انھوں نے اپنا گھوڑا دوڑایا یہاں تک کہ کھڑا ہو گیا۔ پھر انہوں نے اپنا کوڑا پھینکا۔ فرمایا کہ جہاں ان کا کوڑا پہنچا ہے وہاں تک کی زمین انھیں دے دو۔ (ابوداؤد)۔

٢٨٦٩ / ٩ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهٗ اَرْضًا بِحَضْرَمَوْتَ قَالَ فَاَرْسَلَ مَعِيَ مُعَاوِيَةَ قَالَ اَعْطِهَا اِيَّاهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

علقمہ بن وائل نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرموت میں انھیں ایک جاگیر عطا فرمائی۔ راوی کا بیان ہے کہ میرے ساتھ حضرت معاویہ کو بھیجا کہ وہ ان کے سپرد کر آؤ۔

(ترمذی۔ دارمی)

٢٨٧٠ / ١٠ وَعَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ الْمَارِبِيِّ اَنَّهٗ وَفَدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ الْمِلْحَ الَّذِيْ بِمَارِبَ فَاَقْطَعَهٗ اِيَّاهُ فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا اَقْطَعْتَ لَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ قَالَ فَرَجَعَهٗ مِنْهُ قَالَ وَسَاَلَهٗ مَاذَا يُحْمٰى مِنَ الْاَرَاكِ قَالَ مَا لَمْ تَنَلْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابیض بن حمّال ماربی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ وہ بطور نمائندہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور نمک کی کان بطور جاگیر مانگی جو مارب میں تھی۔ آپ نے وہ عنایت فرما دی۔ جب وہ چلے گئے تو ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! آپ نے تو انھیں پانی کا چشمہ بھی عنایت فرما دیا۔ پس وہ اُن سے واپس لے لیا۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ کس قدر پیلو چراگاہ بنائے جائیں۔ فرمایا کہ جہاں اونٹوں کے پیر نہ پہنچیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)۔

٢٨٧١ / ١١ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُوْنَ شُرَكَاءُ فِيْ ثَلٰثٍ فِي الْمَاءِ وَالْكَلَاِ وَالنَّارِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: تمام مسلمان تین چیزوں میں شریک ہیں یعنی پانی، گھاس اور آگ میں۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

٢٨٧٢ / ١٢ وَعَنْ اَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهٗ فَقَالَ مَنْ سَبَقَ اِلٰى مَاءٍ لَمْ يَسْبِقْهُ اِلَيْهِ مُسْلِمٌ فَهُوَ لَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت اسمر بن مضرّس رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے بیعت کی تو آپ نے فرمایا: جو کسی چشمے پر قبضہ کرے جس پر کسی مسلمان نے قبضہ نہ کیا ہو تو وہ اُسی کا ہے۔ (ابوداؤد)

٢٨٧٣ / ١٣ وَعَنْ طَاوٗسٍ مُرْسَلًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيٰى مَوَاتًا مِّنَ الْاَرْضِ فَهُوَ لَهٗ وَعَادِيُّ الْاَرْضِ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ مِنِّيْ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ الدُّوْرَ بِالْمَدِيْنَةِ وَهِيَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ عِمَارَةِ الْاَنْصَارِ مِنَ

طاؤس نے مرسلاً روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بنجر زمین کو قابل کاشت بنایا تو وہ اُسی کی ہے اور غیر مملوکہ زمین اللہ اور اُس کے رسول کی ہے، پھر میری طرف سے وہ تمہاری ہے۔ اِسے شافعی نے روایت کیا ہے اور شرح السنہ میں یوں مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود کو مدینہ منورہ میں مکانات بطور جاگیر عنایت فرمائے، جو

www.alahazratnetwork.org



الْمَنَازِلِ وَالنَّخْلِ فَقَالَ بَنُوْعَبْدٍ ابْنِ زُهْرَةَ نَكِّبْ عَنَّا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِمَ ابْتَعَثَنِيَ اللّٰهُ إِذًا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُقَدِّسُ أُمَّةً لَا يُؤْخَذُ لِلضَّعِيفِ فِيهِمْ حَقُّهُ۔

انصار کے مکانات اور باغ کے درمیان تھے بنو عبد زہرہ عرض گزار ہوئے کہ اُم عبد کے بیٹے کو ہم سے دور کر دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کس لیے مبعوث فرمایا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ اُس جماعت کو پاک نہیں فرماتا جس میں کمزور آدمی کو اُس کا حق نہ دلایا جاتا ہو۔

۲۸۷۴/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي السَّيْلِ الْمَهْزُورِ أَنْ يُمْسَكَ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكَعْبَيْنِ ثُمَّ يُرْسِلَ الْأَعْلَى عَلَى الْأَسْفَلِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مہزور نالے کے متعلق فیصلہ فرمایا کہ اُسے روک لیا جائے یہاں تک کہ ٹخنوں تک پانی ہو جائے۔ پھر اوپر والا نیچے والے کے لیے چھوڑ دے۔

(ابو داؤد۔ ابن ماجہ)

۲۸۷۵/۱۵ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ عَضُدٌ مِنْ نَخْلٍ فِي حَائِطِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَمَعَ الرَّجُلِ أَهْلُهُ فَكَانَ سَمُرَةُ يَدْخُلُ عَلَيْهِ فَيَتَأَذّٰى بِهِ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَطَلَبَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَبِيعَهُ فَأَبٰى فَطَلَبَ أَنْ يُنَاقِلَهُ فَأَبٰى قَالَ فَهَبْهُ لَهُ وَلَكَ كَذَا أَمْرًا رَغَّبَهُ فِيهِ فَأَبٰى فَقَالَ أَنْتَ مُضَارٌّ فَقَالَ لِلْأَنْصَارِيِّ اذْهَبْ فَاقْطَعْ نَخْلَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيثُ جَابِرٍ مَنْ أَحْيٰى أَرْضًا فِي بَابِ الْغَصْبِ بِرِوَايَةِ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ أَبِي صِرْمَةَ مَنْ ضَارَّ أَضَرَّ اللّٰهُ بِهِ فِي بَابِ مَا يُنْهٰى مِنَ التَّهَاجُرِ۔

حضرت سمرہ بن جُندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک انصاری کے باغ میں اُن کے کھجور کے چند درخت تھے اور وہ اہلِ عیال سمیت رہتے تھے۔ حضرت سمرہ اُس میں داخل ہوتے تو اُن کو تکلیف ہوتی تھی۔ انصاری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اِس بات کا ذکر کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے راوی کو بُلایا کہ اُن درختوں کو بیچ دیں۔ انھوں نے انکار کیا۔ مطالبہ کیا کہ دوسرے درخت تبادلے میں لے لو۔ انکار کر دیا۔ فرمایا کہ انھیں ہبہ کر دو جس کا تمہیں اتنا ثواب ہوگا اور رغبت دلائی تب بھی انکار کر دیا۔ فرمایا کہ تم ضرر پہنچانے والے ہو اور انصاری سے فرمایا کہ جا کر اِن درختوں کو کاٹ دو۔ (ابو داؤد) اور حدیث جابر جس نے بنجر زمین آباد کی باب الغصب میں مذکور ہے اور حدیث ابو صرمہ ہم عنقریب باب مَا يُنْهٰى مِنَ التَّهَاجُرِ میں پیش کریں گے کہ جو کسی کو تکلیف پہنچائے تو اللہ تعالیٰ اُسے تکلیف پہنچائے گا۔

## تیسری فصل

۲۸۷۶/۱۶ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمَاءُ وَالْمِلْحُ وَالنَّارُ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا الْمَاءُ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا بَالُ الْمِلْحِ وَالنَّارِ قَالَ يَا حُمَيْرَاءُ مَنْ أَعْطٰى نَارًا فَكَأَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا أَنْضَجَتْ تِلْكَ النَّارُ وَمَنْ

روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! کس کس چیز کا روکنا جائز نہیں؟ فرمایا کہ پانی، نمک اور آگ کا۔ فرمایا کہ میں عرض گزار ہوئی ہے یا رسول اللہ! پانی کے متعلق تو ہم جانتے ہیں لیکن نمک اور آگ کی وجہ؟ فرمایا کہ اے حمیرا! جس نے آگ دی گویا اُس نے وہ تمام چیزیں صدقہ دیں جو اس آگ سے

الملح ومن سقى مسلما شربة من ماء حيث يوجد الماء فكأنما أعتق رقبة ومن سقى مسلما شربة من ماء حيث لا يوجد الماء فكأنما أحياها۔

(رواه ابن ماجة)

دیں جن کو اس نمک نے ذائقہ دار بنایا اور جس نے کسی مسلمان کو ایسی جگہ ایک گھونٹ پانی پلایا جہاں پانی ملتا ہو تو اس نے گویا ایک گردن آزاد کی اور جس نے کسی مسلمان کو ایسی جگہ ایک گھونٹ پانی پلایا جہاں پانی ملتا نہ ہو تو اس نے گویا اسے زندہ کیا۔

(ابن ماجہ)

---

# باب العطايا

# عطیّات کا بیان

## پہلی فصل

۲۸۷۷ عن ابن عمر أن عمر أصاب أرضا بخيبر فأتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله إني أصبت أرضا بخيبر لم أصب مالا قط أنفس عندي منه فما تأمرني به قال إن شئت حبست أصلها وتصدقت بها فتصدق بها عمر أنه لا يباع أصلها ولا يوهب ولا يورث وتصدق بها في الفقراء وفي القربى وفي الرقاب وفي سبيل الله وابن السبيل والضيف لا جناح على من وليها أن يأكل منها بالمعروف أو يطعم غير متمول قال ابن سيرين غير متأثل مالا۔

(متفق عليه)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر کو خیبر کی کچھ زمین ملی۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! مجھے خیبر کی کچھ زمین ملی ہے اور میرے سارے مال میں میرا اس سے نفیس مال اور کوئی نہیں۔ آپ اس کے متعلق مجھے کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا اگر چاہو تو اصل کو روک لو اور جو اس سے حاصل ہو اسے صدقہ کر دو۔ پس حضرت عمر نے آمدنی صدقہ کر دی کہ اصل نہ بیچی جائے، نہ ہبہ کی جائے، نہ کوئی وارث بنے اور پیداوار غریبوں، قرابت داروں، گردن چھڑانے والوں، مجاہدوں، مسافروں اور مہمانوں کے لیے ہے۔ متولی کے لیے مضائقہ نہیں دستور کے مطابق اس میں سے کھائے یا ایسے کو کھلائے جو جمع کرنے والا نہ ہو۔ ابن سیرین نے کہا ہے مال جمع کرنے والا نہ ہو۔ (متفق علیہ)

۲۸۷۸ وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال العمرى جائزة۔

(متفق عليه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ گھر عمر بھر کے لیے دینا جائز ہے۔

(متفق علیہ)

۲۸۷۹ وعن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إن العمرى ميراث لأهلها۔

(رواه مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عمریٰ اس کے وارثوں کے لیے میراث ہے۔

(مسلم)

۲۸۸۰ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أيما رجل أعمر عمرى له ولعقبه فإنها للذي أعطيها لا ترجع إلى الذي أعطاها لأنه أعطى عطاء وقعت فيه المواريث۔

(متفق عليه)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی چیز بطور عمریٰ دی تو وہ اس کی اور اس کے وارثوں کی ہے کیونکہ یہ اسی کی ہے جس کو دے دی گئی اور دینے والے کی طرف نہیں لوٹے گی کیونکہ وہ اس طرح دے چکا جس میں میراث واقع ہو جاتی ہے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۲۸۸۱ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّمَا الْعُمْرٰى الَّتِيْ اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
۵ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقُوْلَ هِيَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ فَاَمَّا اِذَا قَالَ هِيَ لَكَ مَا عِشْتَ فَاِنَّهَا تَرْجِعُ اِلٰى صَاحِبِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ وہ عمریٰ جس کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اجازت مرحمت فرمائی کہ کوئی کہے: یہ تیرے لیے اور تیرے پس ماندگان کے لیے ہے لیکن جب کہا یہ تیرے لیے ہے جب تک تو زندہ رہے تو وہ چیز اپنے مالک کی طرف لوٹے گی۔ (متفق علیہ)۔

## دوسری فصل

۲۸۸۲ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۶ قَالَ لَا تُرْقِبُوْا وَلَا تُعْمِرُوْا فَمَنْ اُرْقِبَ شَيْئًا اَوْ اُعْمِرَ فَهِيَ لِوَرَثَتِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو رقبیٰ اور عمریٰ کے طور پر کوئی چیز مت دو کیونکہ جو چیز رقبیٰ یا عمریٰ کے طور پر دی گئی ہو وہ اُس کے وارثوں کے لیے ہوگی (ابوداؤد)

۲۸۸۳ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۷ قَالَ الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ لِاَهْلِهَا وَالرُّقْبٰى جَائِزَةٌ لِاَهْلِهَا (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عمریٰ جائز ہے اُس کے مالک کے لیے اور رقبیٰ جائز ہے اُس کے مالک کے لیے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)۔

## تیسری فصل

۲۸۸۴ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
۸ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكُوْا اَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ لَا تُفْسِدُوْهَا فَاِنَّهٗ مَنْ اَعْمَرَ عُمْرٰى فَهِيَ لِلَّذِيْ اُعْمِرَ حَيًّا وَّمَيِّتًا وَّلِعَقِبِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مال کو محفوظ رکھا کرو۔ اور ان میں خرابی پیدا نہ کرو۔ کیونکہ جس نے بطور عمریٰ کوئی چیز دی تو وہ اُس کی ہے جس کو دی گئی جب تک زندہ ہے اور مرنے کے بعد اس کے وارثوں کی ہے۔ (مسلم)۔

# سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات

## پہلی فصل

۲۸۸۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۱ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ رَيْحَانٌ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَفِيْفُ الْمَحْمِلِ طَيِّبُ الرِّيْحِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو پھول پیش کیا جائے تو اُسے واپس نہ کرے کیونکہ اُس کا بوجھ کم اور خوشبو اچھی ہے۔ (مسلم)

۲۸۸۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۲ كَانَ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوشبو لینے سے انکار نہیں کیا کرتے تھے۔ (بخاری)۔

۲۸۸۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۳

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِي قَيْئِهِ لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۲۸۸۸ (۴) وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ اَبَاهُ اَتٰى بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ نَحَلْتُ ابْنِيْ هٰذَا غُلَامًا فَقَالَ اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَ مِثْلَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَارْجِعْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ اَيَسُرُّكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا اِلَيْكَ فِي الْبِرِّ سَوَاءً قَالَ بَلٰى قَالَ فَلَا اِذًا وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ اَعْطَانِيْ اَبِيْ عَطِيَّةً فَقَالَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ بِنْتِ رَوَاحَةَ عَطِيَّةً فَاَمَرَتْنِيْ اَنْ اُشْهِدَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَعْطَيْتَ سَائِرَ وَلَدِكَ مِثْلَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ قَالَ فَرَجَعَ فَرَدَّ عَطِيَّتَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ لَا اُشْهِدُ عَلٰى جَوْرٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینے والا کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کو کھا جاتا ہے۔ یہ مثال ہمارے لیے بُری نہیں ہے۔

(بخاری)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد انھیں ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی: میں نے اپنے اس بیٹے کو ایک غلام دیا ہے۔ فرمایا کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو ایک غلام دیا ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا تو واپس لے لو۔ ایک روایت میں ہے کہ کیا یہ تمہارے لیے باعثِ مسرت ہے کہ تمہارے ساتھ نیکی کرنے میں وہ برابر ہوں؟ عرض گزار ہوئے: ہر کیوں نہیں۔ فرمایا تو پھر ایسا نہ کرو۔ دوسری روایت میں حضرت نعمان نے فرمایا کہ میرے والد ماجد نے مجھے ایک عطیہ دیا۔ حضرت عمرہ بنت رواحہ نے کہا کہ میں راضی نہیں ہوں جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ نہ بنایا جائے۔ پس وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: میں نے اپنے عمرہ بنت رواحہ والے بیٹے کو ایک عطیہ دیا ہے۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ یا رسول اللہ! آپ کو گواہ بناؤں۔ فرمایا کیا تم نے اپنے ہر بیٹے کو اسی جیسی چیز دی ہے؟ عرض گزار ہوئے نہیں۔ فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ انھوں نے اپنا عطیہ واپس لے لیا۔ ایک اور روایت میں آپ نے فرمایا: میں ظلم پر گواہ نہیں بنتا۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۲۸۸۹ (۵) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْجِعُ اَحَدٌ فِيْ هِبَتِهٖ اِلَّا الْوَالِدُ مِنْ وَّلَدِهٖ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۲۸۹۰ (۶) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يُّعْطِيَ عَطِيَّةً ثُمَّ يَرْجِعَ فِيْهَا اِلَّا الْوَالِدَ فِيْمَا يُعْطِيْ وَلَدَهٗ وَمَثَلُ الَّذِيْ يُعْطِي الْعَطِيَّةَ ثُمَّ يَرْجِعُ فِيْهَا كَمَثَلِ الْكَلْبِ اَكَلَ حَتّٰى اِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِيْ قَيْئِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَصَحَّحَهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی اپنی ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس نہ لے مگر جو باپ نے اپنے بیٹے کو دی۔

(نسائی، ابن ماجہ)

حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے لیے جائز نہیں کہ عطیہ دے کر اُسے واپس لوٹائے سوائے باپ کے جبکہ اُس نے بیٹے کو کوئی چیز دی ہو اور اُس شخص کی مثال جو عطیہ دے کر واپس لوٹا لے کتے جیسی ہے جو کھائے اور پیٹ بھرنے پر قے کر کے اُسے پھر کھا لیتا ہے۔ روایت کیا اسے ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور ترمذی نے اس کی تصحیح کی ہے۔

www.alahazratnetwork.org



٢٨٩١ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ اَعْرَابِیًّا اَهْدٰی لِرَسُوْلِ
٧
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَكْرَةً فَعَوَّضَهٗ مِنْهَا سِتَّ
بَكَرَاتٍ فَتَسَخَّطَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ
سَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ فُلَانًا اَهْدٰی
اِلَیَّ نَاقَةً فَعَوَّضْتُهٗ مِنْهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ فَظَلَّ سَاخِطًا
لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ لَّا اَقْبَلَ هَدِیَّةً اِلَّا مِنْ قُرَشِیٍّ
اَوْ اَنْصَارِیٍّ اَوْ ثَقَفِیٍّ اَوْ دَوْسِیٍّ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک جوان اونٹنی تحفے کے طور پر دی۔ اُس کے بدلے آپ نے چھ جوان اونٹنیاں اُسے عطا فرمائیں وہ تب بھی ناخوش رہا۔ یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرکے فرمایا: فلاں نے مجھے ایک اونٹنی تحفے کے طور پر دی اور میں نے چھ اونٹنیاں اُس کے بدلے اُسے دیں۔ پھر بھی وہ ناخوش رہا۔ لہٰذا میں نے پکا ارادہ کر لیا ہے کہ اب تحفہ قبول نہیں کروں گا، مگر قرشی، یا انصاری یا ثقفی یا دوسی کا۔

(ترمذی۔ ابوداؤد۔ نسائی)

٢٨٩٢ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ
٨
سَلَّمَ قَالَ مَنْ اُعْطِیَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْیَجْزِ بِهٖ وَمَنْ
لَّمْ یَجِدْ فَلْیُثْنِ فَاِنَّ مَنْ اَثْنٰی فَقَدْ شَكَرَ وَمَنْ
كَتَمَ فَقَدْ كَفَرَ وَمَنْ تَحَلّٰی بِمَا لَمْ یُعْطَ كَانَ كَلَابِسِ
ثَوْبَیْ زُوْرٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو کوئی عطیہ دیا جائے وہ اگر طاقت رکھتا ہے تو اس کا بدلہ دے اور اگر اس کی طاقت نہ ہو تو دینے والے کی تعریف کرے۔ کیونکہ جس نے دینے والے کی تعریف کی اُس نے شکریہ ادا کیا اور جس نے اُسے چھپایا اُس نے ناشکری کی اور جو غلط بیانی کرے کہ مجھے فلاں چیز دی گئی ہے تو اُس نے جھوٹ کے دو کپڑے پہن لیے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

٢٨٩٣ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
٩
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صُنِعَ اِلَیْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ
لِفَاعِلِهٖ جَزَاكَ اللّٰهُ خَیْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ فِی الثَّنَاءِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ساتھ نیکی کی گئی اور وہ نیکی کرنے والے سے جَزَاكَ اللّٰهُ خَیْرًا کہہ دے تو اُس نے پوری تعریف کر دی۔ (ترمذی)

٢٨٩٤ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی
١٠
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ یَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْكُرِ اللّٰهَ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہ کرے۔ وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا۔ (احمد، ترمذی)

٢٨٩٥ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی
١١
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ اَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ فَقَالُوْا یَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَاَیْنَا قَوْمًا اَبْذَلَ مِنْ كَثِیْرٍ وَّلَا اَحْسَنَ
مُوَاسَاةً مِّنْ قَلِیْلٍ مِّنْ قَوْمٍ نَّزَلْنَا بَیْنَ اَظْهُرِهِمْ لَقَدْ
كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ وَاَشْرَكُوْنَا فِی الْمَهْنَاِ حَتّٰی لَقَدْ خِفْنَا
اَنْ یَّذْهَبُوْا بِالْاَجْرِ كُلِّهٖ فَقَالَ لَا مَا دَعَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ
وَاَثْنَیْتُمْ عَلَیْهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب مدینہ منورہ کو اپنی تشریف آوری سے نوازا تو مہاجرین آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! جس قوم کے پاس ہم اترے ہیں ہم نے اس سے بڑھ کر خرچ کرنے والی کوئی قوم نہیں دیکھی انھوں نے ہماری محنت کو کافی سمجھتے ہوئے ہمیں منافع میں شریک کر لیا جس سے ہمیں خطرہ محسوس ہونے لگا ہے کہ کہیں سارا ثواب وہی نہ لے جائیں۔ فرمایا کہ ایسا نہیں ہوگا جب تک اُن کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہو گے اور اُن کی تعریف کرتے رہو گے۔ ترمذی نے یہ روایت کیا اور اس کی تصحیح کی۔

٢٨٩٦ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ الضَّغَائِنَ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو کیونکہ تحفے کدورتوں کو دُور کرتے ہیں۔ (محل البیاض، ترمذی) ز، ر،

٢٨٩٧ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
١٣
وَسَلَّمَ قَالَ تَهَادَوْا فَاِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ وَلَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو کیونکہ تحفہ سینوں کی گندگی کو دُور کرتا ہے اور ایک ہمسائی دوسری ہمسائی کو حقیر نہ سمجھے خواہ بکری کے کھر کا ایک حصہ ہی بھیجا ہو۔ (ترمذی)

٢٨٩٨ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
١٤
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ وَالدُّهْنُ وَ اللَّبَنُ ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ قِيْلَ اَرَادَ بِالدُّهْنِ الطِّيْبَ ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں واپس نہ کی جائیں تکیے، تیل اور دودھ۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ حدیث غریب ہے۔ کہا گیا ہے کہ تیل سے خوشبو مراد ہے۔

٢٨٩٩ وَعَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
١٥
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيَ اَحَدُكُمُ الرَّيْحَانَ فَلَا يَرُدَّهٗ فَاِنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

ابو عثمان نہدی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو پھول پیش کیا جائے تو اُسے واپس نہ کرے کیونکہ وہ جنت سے نکلا ہے۔ اِسے ترمذی نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

## تیسری فصل

٢٩٠٠ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَتِ امْرَاَةُ بَشِيْرٍ انْحَلِ ابْنِيْ
١٦
غُلَامَكَ وَاَشْهِدْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ابْنَةَ فُلَانٍ سَاَلَتْنِيْ اَنْ اَنْحَلَ ابْنَهَا غُلَامِيْ وَقَالَتْ اَشْهِدْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَهٗ اِخْوَةٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَكُلَّهُمْ اَعْطَيْتَهُمْ مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَلَيْسَ يَصْلُحُ هٰذَا وَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلٰى حَقٍّ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت بشیر کی اہلیہ محترمہ عرض گزار ہوئیں کہ میرے بیٹے کو اپنا غلام دے دیجیے اور میری خاطر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بنا لیجیے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ فلاں کی بیٹی نے مجھ سے کہا ہے کہ اپنا غلام اُس کے بیٹے کو دے دوں اور کہا ہے کہ میری خاطر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بنا لیجیے۔ فرمایا کیا اُس کے اور بھائی ہیں؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ جو تم نے اُسے دیا کیا سب کو اسی طرح دیے ہیں؟ عرض گزار ہوئے نہیں۔ فرمایا کہ یہ درست نہیں ہے اور میں حق کے سوا اور بات پر گواہ نہیں بنا کرتا۔ (مسلم)۔

٢٩٠١ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
١٧
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِبَاكُوْرَةِ الْفَاكِهَةِ وَضَعَهَا عَلٰى عَيْنَيْهِ وَعَلٰى شَفَتَيْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ كَمَا اَرَيْتَنَا اَوَّلَهٗ فَاَرِنَا اٰخِرَهٗ ثُمَّ يُعْطِيْهَا مَنْ يَكُوْنُ عِنْدَهٗ مِنَ الصِّبْيَانِ ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کی خدمت میں کوئی نیا پھل پیش کیا جاتا تو اُسے اپنی مبارک آنکھوں اور مقدس ہونٹوں سے لگا کر کہتے: اے اللہ! جیسے تو نے یہ ہمیں دنیا میں دکھایا اسی طرح آخرت میں دکھانا۔ پھر جو آپ کے قریب بچہ ہوتا اُسے عنایت فرما دیتے۔ اِسے بیہقی نے دعوات الکبیر میں روایت کیا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ اللُّقَطَةِ — گری ہوئی چیز کا بیان

## پہلی فصل

۲۹۰۲ (۱) عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا قَالَ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ قَالَ هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ قَالَ فَضَالَّةُ الْإِبِلِ قَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَهَا وَعِفَاصَهَا ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ۔

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر لقطہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا۔ اُس کے برتن اور اُس کے سربندھن کو پہچان لو پھر ایک سال تک اُس کی تشہیر کرو۔ اگر اُس کا مالک آجائے تو خیر ورنہ تمہیں اُس کا اختیار ہے۔ عرض گزار ہوا کہ گم شدہ بکری؟ فرمایا کہ وہ تمہارے لیے یا تمہارے بھائی کے لیے یا بھیڑیے کے لیے ہے۔ عرض کی کہ گم شدہ اُونٹ؟ فرمایا کہ تمہیں اُس سے کیا سروکار وہ اپنا مشکیزہ اور جوتا ساتھ رکھتا ہے۔ پانی پیئے گا اور درختوں کے پتے کھائے گا یہاں تک کہ اُس کا مالک اُس سے آملے گا (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں ہے کہ سال بھر اُس کی تشہیر کرو پھر اُس کا سربندھن اور اُس کا برتن پہچان لو پھر اُسے اپنے مصرف میں لے لو۔ اگر اُس کا مالک جائے تو اُسے ادا کرو۔

۲۹۰۳ (۲) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰى ضَالَّةً فَهُوَ ضَالٌّ مَا لَمْ يُعَرِّفْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو تشہیر کیے بغیر گم شدہ چیز کو اپنے پاس رکھے وہ گمراہ ہے۔ (مسلم)

۲۹۰۴ (۳) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد الرحمٰن بن عثمان تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حاجیوں کی گری ہوئی چیز کو اُٹھانے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)۔

## دوسری فصل

۲۹۰۵ (۴) عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ مَنْ أَصَابَ مِنْهُ مِنْ ذِي حَاجَةٍ غَيْرَ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ مِنْهُ فَعَلَيْهِ غَرَامَةُ مِثْلَيْهِ وَالْعُقُوبَةُ وَمَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ أَنْ يُؤْوِيَهُ الْجَرِينُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ وَذَكَرَ فِي ضَالَّةِ الْإِبِلِ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لٹکے ہوئے پھلوں کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا۔ جو ضرورت مند اُن میں سے لے جبکہ جھولی بھرنے والا نہ ہو تو اُس پر گناہ نہیں اور جو اُن میں سے لے کر نکل گیا تو اُس پر دُگنا تاوان اور سزا بھی ہے اور جو اُن میں سے خرمن میں پہنچنے پر چرائے اور وہ ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائے تو ہاتھ کاٹا جائے گا۔ گم شدہ اُونٹ اور بکری کے بارے میں وہی ذکر کیا جو دوسرے

www.alahazratnetwork.org



وَالْغَنَمِ كَمَا ذَكَرَ غَيْرُهُ قَالَ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ مَا كَانَ مِنْهَا فِي الطَّرِيقِ الْمِيتَاءِ وَالْقَرْيَةِ الْجَامِعَةِ فَعَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَادْفَعْهَا إِلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَأْتِ فَهُوَ لَكَ وَمَا كَانَ فِي الْخَرَابِ الْعَادِيِّ فَفِيهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ عَنْهُ مِنْ قَوْلِهِ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ إِلَى آخِرِهِ)

راویوں نے کیا ہے۔ گری ہوئی چیز کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: جو آمدورفت کے راستے اور قصبے میں ملے تو سال بھر اُس کا اعلان کرو۔ اگر اُس کا مالک آ جائے تو اُس کے سپرد کر دو اور نہ آئے تو تمہارے لیے ہے اور جو چیز ویران جگہ سے ملے تو اُس میں اور دفینے میں پانچواں حصہ ہے۔ روایت کیا ہے اسے نسائی نے اور ابوداؤد نے اُن سے ہی وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ سے آخر تک روایت کیا۔

---

٢٩٠٦ / ٥ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ عَلِيَّ ابْنَ أَبِي طَالِبٍ وَجَدَ دِينَارًا فَأَتَى بِهِ فَاطِمَةَ فَسَأَلَ عَنْهُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا رِزْقُ اللهِ فَأَكَلَ مِنْهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَلَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَتَتِ امْرَأَةٌ تَنْشُدُ الدِّينَارَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ أَدِّ الدِّينَارَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی کو ایک دینار ملا وہ اُسے حضرت فاطمہ کے پاس لائے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اُس کے متعلق دریافت کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اللہ کا رزق ہے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس میں سے کھایا نیز حضرت علی اور حضرت فاطمہ نے۔ اس کے بعد ایک عورت دینار کو تلاش کرتی ہوئی آئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! دینار ادا کرو۔ (ابوداؤد)

٢٩٠٧ / ٦ وَعَنِ الْجَارُودِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت جارود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی گم شدہ چیز آگ کی چنگاری ہے۔ (دارمی)

٢٩٠٨ / ٧ وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدَ لُقَطَةً فَلْيُشْهِدْ ذَا عَدْلٍ أَوْ ذَوِي عَدْلٍ وَلَا يَكْتُمْ وَلَا يُغَيِّبْ فَإِنْ وَجَدَ صَاحِبَهَا فَلْيَرُدَّهَا عَلَيْهِ وَإِلَّا فَهُوَ مَالُ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گری ہوئی چیز پائے تو ایک یا دو معتبر آدمیوں کو گواہ بنا لے۔ نہ اُس چیز کو چھپائے اور نہ اُسے غائب کرے۔ اگر اُس کا مالک آ جائے تو اُس کے سپرد کر دے ورنہ وہ خدا کا مال ہے جس کو چاہے دے۔ (احمد، ابوداؤد، دارمی)

٢٩٠٩ / ٨ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَخَّصَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَصَا وَالسَّوْطِ وَالْحَبْلِ وَأَشْبَاهِهِ يَلْتَقِطُهُ الرَّجُلُ يَنْتَفِعُ بِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيثُ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ أَلَا لَا يَحِلُّ فِي بَابِ الْاِعْتِصَامِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں لاٹھی، کوڑا، رسی اور ان جیسی چیزوں کی اجازت مرحمت فرمائی کہ آدمی ایسی چیز پڑی ہوئی پائے تو اُس سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا ہے اور حضرت مقدام بن معدیکرب کی اَلَا لَا يَحِلُّ والی حدیث باب الاعتصام میں مذکور ہوئی۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْفَرَائِضِ — میراث کا بیان

## پہلی فصل

۲۹۱۰ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ[1] قَالَ اَنَا اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَمَنْ مَاتَ وَعَلَیْهِ دَیْنٌ وَلَمْ یَتْرُكْ وَفَاءً فَعَلَیَّ قَضَاؤُهٗ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَفِیْ رِوَایَةٍ مَنْ تَرَكَ دَیْنًا اَوْ ضَیَاعًا فَلْیَاْتِنِیْ فَاَنَا مَوْلَاهُ وَفِیْ رِوَایَةٍ مَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَمَنْ تَرَكَ كَلًّا فَاِلَیْنَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میں مسلمانوں سے اُن کی جانوں کی نسبت زیادہ قریب ہوں۔ پس جو فوت ہو جائے اور اُس پر قرض ہو جس کے برابر وہ مال نہ چھوڑے تو اُس کا ادا کرنا میری ذمہ داری ہے اور جو اُس نے مال چھوڑا وہ اُس کے وارثوں کے لیے ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ جس نے قرض چھوڑا یا بال بچے تو وہ میرے پاس آئیں کیونکہ اُن کا سرپرست میں ہوں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جس نے مال چھوڑا وہ اُس کے وارثوں کا ہے اور جس نے بوجھ چھوڑا وہ ہم پر ہے (متفق علیہ)

۲۹۱۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[2] صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِیَ فَهُوَ لِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَكَرٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مقررہ میراث اُس کے حصہ داروں کو دو اور جو باقی بچے تو وہ اُس کے زیادہ قریب مرد کے لیے ہے۔
(متفق علیہ)

۲۹۱۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[3] صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا اور نہ کافر مسلمان کا۔
(متفق علیہ)

۲۹۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ[4] قَالَ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قوم کا آزاد کردہ غلام بھی اُن میں سے ہے۔
(بخاری)

۲۹۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ[5] اِبْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَذُكِرَ حَدِیْثُ عَائِشَةَ اِنَّمَا الْوَلَاءُ فِیْ بَابٍ ..... قَبْلَ بَابِ السَّلَمِ وَسَنَذْكُرُ حَدِیْثَ الْبَرَاءِ اَلْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ فِیْ بَابِ بُلُوْغِ الصَّغِیْرِ وَحِضَانَتِهٖ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قوم کا بھانجا بھی اُن میں سے ہے (متفق علیہ) اور اِنَّمَا الْوَلَاءُ والی حدیث عائشہ باب السلم سے پہلے باب میں پیش کی جا چکی اور حدیث براء عنقریب ہم باب بُلُوْغِ الصَّغِیْرِ وَحِضَانَتِهٖ میں اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تعالیٰ بیان کریں گے کہ خالہ بمنزلہ ماں کے ہے۔

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۲۹۱۵ / ۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ شَتّٰى۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ جَابِرٍ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو مختلف دین رکھنے والے ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد و ابن ماجہ نے اور روایت کیا اسے ترمذی نے حضرت جابر سے۔

۲۹۱۶ / ۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقَاتِلُ لَا يَرِثُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل میراث نہیں پاتا۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۲۹۱۷ / ۸ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْجَدَّةِ السُّدُسَ اِذَا لَمْ تَكُنْ دُوْنَهَا اُمٌّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دادی اور نانی کا چھٹا حصہ مقرر فرمایا جبکہ میت کی ماں زندہ نہ ہو۔ (ابوداؤد)

۲۹۱۸ / ۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِيُّ صُلِّيَ عَلَيْهِ وَوُرِّثَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بچہ چیخے تو اُس پر نماز جنازہ پڑھی جائے اور وارث بنایا جائے۔ (ابن ماجہ، دارمی)

۲۹۱۹ / ۱۰ وَعَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَحَلِيْفُ الْقَوْمِ مِنْهُمْ وَابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

کثیر بن عبداللہ کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کا آزاد کردہ غلام اُن میں سے ہے۔ قوم کا حلیف اُن میں سے ہے۔ اور قوم کا بھانجا اُن میں سے ہے۔ (دارمی)

۲۹۲۰ / ۱۱ وَعَنِ الْمِقْدَامِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ فَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيْعَةً فَاِلَيْنَا وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهٖ وَاَنَا مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهٗ اَرِثُ مَالَهٗ وَاَفُكُّ عَانَهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَرِثُ مَالَهٗ وَيَفُكُّ عَانَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَاَنَا وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ اَعْقِلُ عَنْهُ وَاَرِثُهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَعْقِلُ عَنْهُ وَيَرِثُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت مقدام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ہر مسلمان سے اُس کی جان کی نسبت زیادہ قریب ہوں۔ پس جو قرض یا بال بچے چھوڑے وہ ہماری ذمہ داری ہے اور جو مال چھوڑے وہ اس کے وارثوں کا ہے اور میں اُس کا والی ہوں جس کا کوئی والی نہ ہو۔ اُس کے مال کا وارث ہوں گا اور اُس کے قیدی کو چھڑاؤں گا اور ماموں اُس کا وارث ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو، اُس کے مال کا وارث ہوگا اور اُس کے قیدی کو چھڑائے گا۔ ایک روایت میں ہے کہ میں اُس کا وارث ہوں جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ اُس کی طرف سے دیت ادا کروں گا اور اس کی میراث لوں گا اور ماموں اُس کا وارث ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو، اُس کی طرف سے دیت دیگا اور میراث لیگا۔ (ابوداؤد)

۲۹۲۱ / ۱۲ وَعَنْ وَاثِلَةَ ابْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحُوْزُ الْمَرْاَةُ ثَلٰثَ مَوَارِيْثَ عَتِيْقَهَا

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت تین مزید میراثوں کو سمیٹتی ہے۔

www.alahazratnetwork.org



وَلَقِيطَهَا وَوَلَدَهَا الَّذِي لَاعَنَتْ عَنْهُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

۲۹۲۲ / ۱۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا رَجُلٍ عَاهَرَ بِحُرَّةٍ أَوْ أَمَةٍ فَالْوَلَدُ وَلَدُ زِنًا لَا يَرِثُ وَلَا يُورَثُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

۲۹۲۳ / ۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ مَوْلًى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وَتَرَكَ شَيْئًا وَلَمْ يَدَعْ حَمِيمًا وَلَا وَلَدًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطُوا مِيرَاثَهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ قَرْيَتِهِ۔
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

۲۹۲۴ / ۱۵ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ مَاتَ رَجُلٌ مِنْ خُزَاعَةَ فَأُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِيرَاثِهِ فَقَالَ الْتَمِسُوا لَهُ وَارِثًا أَوْ ذَا رَحِمٍ فَلَمْ يَجِدُوا لَهُ وَارِثًا وَلَا ذَا رَحِمٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطُوهُ الْكُبْرَ مِنْ خُزَاعَةَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ انْظُرُوا أَكْبَرَ رَجُلٍ مِنْ خُزَاعَةَ)

۲۹۲۵ / ۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هٰذِهِ الْآيَةَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَأَنَّ أَعْيَانَ بَنِي الْأُمِّ يَتَوَارَثُونَ دُونَ بَنِي الْعَلَّاتِ الرَّجُلُ يَرِثُ أَخَاهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ دُونَ أَخِيهِ لِأَبِيهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِي رِوَايَةِ الدَّارِمِيِّ قَالَ الْإِخْوَةُ مِنَ الْأُمِّ يَتَوَارَثُونَ دُونَ بَنِي الْعَلَّاتِ إِلَى آخِرِهِ)

۲۹۲۶ / ۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةُ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ بِابْنَتَيْهَا مِنْ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَاتَانِ ابْنَتَا سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ قُتِلَ أَبُوهُمَا مَعَكَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيدًا وَإِنَّ عَمَّهُمَا أَخَذَ مَالَهُمَا وَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالًا وَلَا

اپنے آزاد کردہ غلام کی، جو بچہ اُسے پڑا ہُوا مِلا ہو اور جس بچے پر اُس نے لعان کیا ہو۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِّ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی آزاد عورت یا لونڈی سے بدکاری کی تو وہ بچہ حرامی ہے لہٰذا نہ یہ بچہ اس کا وارث اور نہ یہ اُس بچے کا وارث۔ (ترمذی)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک آزاد کردہ غلام فوت ہوگیا، جس نے کچھ مال چھوڑا لیکن اُس کا قرابت دار کوئی نہ تھا اور نہ اولاد تھی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی میراث اس کے گاؤں والوں میں سے کسی شخص کو دے دو۔ (ترمذی، ابوداؤد)

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ خزاعہ سے ایک آدمی فوت ہوگیا تو اُس کی میراث نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس لائی گئی۔ فرمایا کہ اس کا کوئی وارث یا ذی رحم تلاش کرو۔ چنانچہ اُس کا وارث اور ذی رحم کوئی نہ ملا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خزاعہ کے سردار کو دے دو (ابوداؤد)۔ اِن کی دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا: خزاعہ میں سب سے بڑے شخص کو دیکھو۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم اِس آیت کو پڑھتے ہو "بعد جو وصیت تم کر جاؤ اور قرضہ نکال کر ..." (۴: ۱۲) اور بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وصیت سے پہلے قرض ادا کرنے کا فیصلہ فرمایا اور حکم فرمایا کہ سگے بھائی میراث پائیں گے نہ کہ علاتی۔ آدمی اپنے اُس بھائی کا وارث ہوگا جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے ہو (ترمذی، ابن ماجہ) اور دارمی کی روایت میں فرمایا: ماں جائے بھائی بہن ایک دوسرے کے وارث ہوں گے نہ کہ علاتی بھائی الخ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت سعد بن ربیع کی اہلیہ محترمہ حضرت سعد والی اپنی دونوں بیٹیوں کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں اور عرض کی: یا رسول اللہ! یہ دونوں حضرت سعد بن ربیع کی بیٹیاں ہیں۔ ان کے والد ماجد حضور کا ساتھ دیتے ہوئے غزوۂ اُحد میں شہید ہوگئے تھے۔ ان کے چچا نے

www.alahazratnetwork.org



تُنْكَحَانِ إِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ قَالَ يَقْضِي اللّٰهُ فِي ذٰلِكَ فَنَزَلَتْ اٰيَةُ الْمِيْرَاثِ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى عَمِّهِمَا فَقَالَ أَعْطِ لِابْنَتَيْ سَعْدٍ الثُّلُثَيْنِ وَأَعْطِ أُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَكَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

ان کا مال لے لیا اور ان کے لیے ذرا مال نہیں چھوڑا اور ان کا نکاح نہیں ہو سکتا جب تک ان کے پاس مال نہ ہو۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کا فیصلہ فرمائے گا۔ چنانچہ آیت میراث نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے چچا کو بلوا کر فرمایا کہ سعد کی دونوں بیٹیوں کو دو تہائی مال دو اور آٹھواں حصہ اُن کی والدہ کو۔ جو باقی بچے وہ تمہارا ہے (احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۲۹۲۷/۱۸ وَعَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ قَالَ سُئِلَ أَبُوْ مُوْسٰى عَنِ ابْنَةٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ فَقَالَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِلْأُخْتِ النِّصْفُ وَأْتِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَسَيُتَابِعُنِيْ فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَأُخْبِرَ بِقَوْلِ أَبِيْ مُوْسٰى فَقَالَ لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ أَقْضِيْ فِيْهَا بِمَا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الْاِبْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ فَأَتَيْنَا أَبَا مُوْسٰى فَأَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ لَا تَسْأَلُوْنِيْ مَا دَامَ هٰذَا الْحَبْرُ فِيْكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ہزیل بن شرجیل کا بیان ہے کہ حضرت ابوموسیٰ سے بیٹی، پوتی، اور بہن کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ نصف بیٹی کے لیے اور نصف بہن کے لیے ہے۔ تم حضرت ابن مسعود کے پاس جاؤ وہ میری مطابقت ہی کریں گے۔ حضرت ابن مسعود سے پوچھا اور حضرت ابوموسیٰ کا جواب بتایا گیا تو کہا کہ تب تو میں بھٹک جاؤں گا اور راستہ پانے والوں سے نہ رہوں گا۔ میں اس کا وہی فیصلہ کروں گا جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا۔ بیٹی کا آدھا حصہ اور پوتی کا چھٹا ہے دو تہائی پورا کرنے کو اور جو باقی بچے وہ بہن کا ہے۔ پس ہم حضرت ابوموسیٰ کے پاس آئے اور انھیں حضرت ابن مسعود کا فیصلہ بتایا۔ فرمایا کہ جب تک یہ جید عالم تم میں موجود ہیں مجھ سے نہ پوچھا کرو۔ (بخاری)۔

۲۹۲۸/۱۹ وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ ابْنِيْ مَاتَ فَمَا لِيْ مِنْ مِيْرَاثِهٖ قَالَ لَكَ السُّدُسُ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ قَالَ لَكَ سُدُسٌ اٰخَرُ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ قَالَ إِنَّ السُّدُسَ الْاٰخَرَ طُعْمَةٌ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت عمران ابن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرا بیٹا فوت ہو گیا ہے اُس کی میراث سے میرا کتنا حصہ ہے؟ فرمایا کہ تمہارا چھٹا حصہ ہے۔ جب واپس لوٹنے لگا تو اُسے بلا کر فرمایا: تمہارے لیے چھٹا حصہ اور ہے۔ جب پیٹھ پھیری تو بلا کر فرمایا: دوسرا چھٹا حصہ عصبہ کے طور پر ہے (احمد، ترمذی، ابوداؤد)۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۲۹۲۹/۲۰ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ جَاءَتِ الْجَدَّةُ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ تَسْأَلُهٗ مِيْرَاثَهَا فَقَالَ لَهَا مَا لَكِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ شَيْءٌ وَمَا لَكِ فِيْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ فَارْجِعِيْ حَتّٰى أَسْأَلَ النَّاسَ فَسَأَلَ فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَاهَا السُّدُسَ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ هَلْ مَعَكَ غَيْرُكَ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ مِثْلَ مَا قَالَ الْمُغِيْرَةُ

حضرت قبیصہ بن ذویب کا بیان ہے کہ ایک دادی یا نانی حضرت ابوبکر کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنی میراث کا سوال کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تمہارے لیے اللہ کی کتاب میں کچھ نہیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت میں بھی تمہارے لیے کچھ نہیں ہے تم جاؤ تاکہ میں لوگوں سے مزید دریافت کروں۔ پس آپ نے پوچھا تو حضرت مغیرہ بن شعبہ نے کہا کہ میری موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے چھٹا حصہ دیا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا: کیا آپ کے ساتھ

www.alahazratnetwork.org



فَاَنْفَذَهٗ لَهَا اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ جَاءَتِ الْجَدَّةُ الْاُخْرٰى اِلٰى عُمَرَ تَسْاَلُهٗ مِيْرَاثَهَا فَقَالَ هُوَ ذٰلِكَ السُّدُسُ فَاِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ بَيْنَكُمَا وَاَيَّتُكُمَا خَلَتْ بِهٖ فَهُوَ لَهَا۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ وَاَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

٢٩٣٠ (٢١) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ فِي الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا اِنَّهَا اَوَّلُ جَدَّةٍ اَطْعَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا مَعَ ابْنِهَا وَابْنُهَا حَيٌّ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ ضَعَّفَهٗ)

٢٩٣١ (٢٢) وَعَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِ اَنْ وَرِّثِ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

٢٩٣٢ (٢٣) وَعَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ اَهْلِ الشِّرْكِ يُسْلِمُ عَلٰى يَدَيْ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهٖ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

٢٩٣٣ (٢٤) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا مَاتَ وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا اِلَّا غُلَامًا كَانَ اَعْتَقَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَهٗ اَحَدٌ قَالُوْا لَا اِلَّا غُلَامٌ لَهٗ كَانَ اَعْتَقَهٗ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيْرَاثَهٗ لَهٗ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

٢٩٣٤ (٢٥) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَرِثُ الْوَلَاءَ مَنْ يَرِثُ الْمَالَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ)

دوسرا آیا۔ حضرت محمد بن مسلمہ نے بھی اسی طرح کہا جو حضرت مغیرہ نے کہا تھا۔ حضرت ابوبکر نے اُس کے لیے حکم صادر فرما دیا۔ پھر دوسری دادی یا نانی حضرت عمر کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اپنی میراث کا سوال کیا۔ فرمایا کہ وہی چھٹا حصہ ہے اور اگر تم دونوں (دادی اور نانی) جمع ہو جاؤ تو وہ تم دونوں کا ہے اور اُن میں جو اکیلی ہو تو وہ اُسی کا ہے۔ (مالک، احمد، ترمذی، ابوداؤد، دارمی، ابن ماجہ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ وہ دادی جس کو اُس کے بیٹے کیساتھ پہلے پہل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چھٹا حصہ دلوایا اُس کے بیٹے کے ساتھ جبکہ اُس کا بیٹا زندہ تھا۔ روایت کیا اسے ترمذی اور دارمی نے جبکہ ترمذی نے اس کی تضعیف کی ہے۔

حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کی طرف لکھا کہ اشیم ضبابی کی بیوی کو اُس کے خاوند کی میراث دلائی جائے۔ اِسے ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ مشرکوں میں سے اُس شخص کے بارے میں سنت کیا ہے جس نے کسی مسلمان کے ہاتھوں پر اسلام قبول کیا ہو۔ فرمایا کہ اُس کی زندگی اور موت میں وہ لوگوں کی نسبت زیادہ قریب ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص فوت ہو گیا اور وارث کوئی نہ چھوڑا سوائے ایک غلام کے جس کو اُس نے آزاد کر دیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا اس کا کوئی ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ نہیں سوائے ایک غلام کے جس کو اس نے آزاد کر دیا تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کی میراث اُسی غلام کو دی۔ (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ولاء کا وارث وہی ہے جو مال کا وارث ہے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ اس کی سند قوی نہیں ہے۔

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

٢٩٣٥/٢٦ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَ مِنْ مِيْرَاثٍ قُسِمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ عَلٰى قِسْمَةِ الْجَاهِلِيَّةِ وَمَا كَانَ مِنْ مِيْرَاثٍ اَدْرَكَهُ الْاِسْلَامُ فَهُوَ عَلٰى قِسْمَةِ الْاِسْلَامِ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی میراث عہدِ جاہلیت میں تقسیم ہوئی تو وہ جاہلیت کی تقسیم کے مطابق ہی رہے گی اور جس میراث کو عہدِ اسلام نے پایا تو وہ اسلامی طریقے پر تقسیم کی جائے گی۔
(ابن ماجہ)

٢٩٣٦/٢٧ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ كَثِيْرًا يَقُوْلُ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ عَجَبًا لِلْعَمَّةِ تُوْرَثُ وَلَا تَرِثُ۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ)

محمد بن ابوبکر بن حزم نے اپنے والدِ ماجد کو بارہا فرماتے ہوئے سُنا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے: پھوپھی پر تعجب ہے کہ بھتیجا اُس کی میراث پاتا ہے لیکن وہ اُس کی میراث نہیں پاتی۔
(مالک)

٢٩٣٧/٢٨ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَزَادَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَالطَّلَاقَ وَالْحَجَّ قَالَا فَاِنَّهٗ مِنْ دِيْنِكُمْ
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: فرائض (میراث) کا علم حاصل کرو۔ حضرت ابن مسعود نے یہ بھی فرمایا: طلاق اور حج کا بھی، کیونکہ یہ تمہارے دین سے ہیں۔ (دارمی)

# بَابُ الْوَصَايَا — وصیتوں کا بیان

## پہلی فصل

٢٩٣٨/١ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهٗ شَيْءٌ يُوْصٰى فِيْهِ يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهٗ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے مناسب نہیں کہ اُس کے پاس قابلِ وصیت کوئی چیز ہو اور دو راتیں بھی گزارے مگر اُس کے پاس لکھی ہوئی وصیت ہو۔ (متفق علیہ)

٢٩٣٩/٢ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا اَشْفَيْتُ عَلَى الْمَوْتِ فَاَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ مَالًا كَثِيْرًا وَلَيْسَ يَرِثُنِيْ اِلَّا ابْنَتِيْ اَفَاُوْصِيْ بِمَالِيْ كُلِّهٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَثُلُثَيْ مَالِيْ قَالَ لَا قُلْتُ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَذَرَهُمْ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: فتح مکہ کے سال میں ایسا بیمار پڑا کہ موت کے منہ تک پہنچ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میرے پاس کافی مال ہے اور ایک بیٹی کے سوا میرا کوئی وارث نہیں تو کیا میں اپنے سارے مال کی وصیت کر دوں؟ فرمایا: نہیں۔ عرض گزار ہوا کہ کیا اپنے دو تہائی مال کی؟ فرمایا: نہیں۔ عرض کی کہ نصف کی؟ فرمایا: نہیں۔ عرض گزار ہوا کہ تہائی کی؟ فرمایا کہ تہائی کی اور تہائی بھی زیادہ ہے۔

عَالَةً يَّتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ بِهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا اِلٰى فِيْ امْرَاَتِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اگر تم اپنے وارثوں کو غنی چھوڑ دو تو اس سے بہتر ہے کہ انھیں غربت میں چھوڑ دو اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلائیں اور تم کوئی ایسا خرچ نہیں کرو گے جس سے رضائے الٰہی مقصود ہو مگر اُس کا ثواب ملے گا یہاں تک کہ جو لقمہ تم اپنی بیوی کے منہ میں اٹھا کر دو گے۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۲۹۴۰ (۳) عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَرِيْضٌ فَقَالَ اَوْصَيْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكَمْ قُلْتُ بِمَالِيْ كُلِّهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ فَمَا تَرَكْتَ لِوَلَدِكَ قُلْتُ هُمْ اَغْنِيَاءُ بِخَيْرٍ فَقَالَ اَوْصِ بِالْعُشْرِ فَمَا زِلْتُ اُنَاقِصُهٗ حَتّٰى قَالَ اَوْصِ بِالثُّلُثِ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری عیادت فرمائی جبکہ میں بیمار تھا۔ فرمایا کیا تم نے وصیت کر دی ہے؟ عرض گزار ہوا ہاں۔ فرمایا کتنے کی؟ عرض کی کہ اللہ کی راہ میں اپنے سارے مال کی۔ فرمایا کہ اپنی اولاد کے لیے کیا چھوڑا ہے؟ میں نے عرض کی کہ وہ مال کے ساتھ غنی ہیں۔ فرمایا کہ دسویں حصے کی وصیت کر دو۔ میں برابر کم شمار کرتا رہا یہاں تک کہ آپ نے فرمایا: تہائی کی اور تہائی بھی زیادہ ہے (ترمذی)۔

۲۹۴۱ (۴) وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهٖ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ وَيُرْوٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ مُنْقَطِعٌ هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَفِيْ رِوَايَةِ الدَّارَقُطْنِيِّ قَالَ لَا تَجُوْزُ وَصِيَّةٌ لِوَارِثٍ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْوَرَثَةُ۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حجۃ الوداع کے خطبے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ نے ہر ایک حق والے کو اُس کا حق دیا ہے لہٰذا وارث کے لیے وصیت نہیں ہے۔ روایت کیا اسے ابو داؤد اور ابن ماجہ نے۔ ترمذی نے یہ بھی بیان کیا: لڑکا اُس کا ہے جس کے بستر پر پیدا ہوا اور زانی کے لیے پتھر ہیں اور اُن کا حساب اللہ کے سپرد ہے۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وارث کے لیے وصیت نہیں ہے مگر یہ کہ دوسرے وارث چاہیں۔ یہ منقطع ہے اور یہ مصابیح کے لفظ ہیں اور دارقطنی کی روایت میں ہے کہ فرمایا: وارث کے لیے وصیت جائز نہیں ہے مگر جبکہ دوسرے وارث چاہیں۔

۲۹۴۲ (۵) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ وَالْمَرْاَةُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ سِتِّيْنَ سَنَةً ثُمَّ يَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ فَيُضَارَّانِ فِي الْوَصِيَّةِ فَتَجِبُ لَهُمَا النَّارُ ثُمَّ قَرَاَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ اِلٰى قَوْلِهٖ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد اور عورت اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں ساٹھ سال تک عمل کرتے رہیں، پھر دونوں کو موت آ جائے اور وصیت میں وہ نقصان پہنچائیں تو دونوں کے لیے جہنم واجب ہو جاتی ہے۔ پھر حضرت ابوہریرہ نے یہ آیت پڑھی: ”مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ“ سے ”ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ“ تک۔ (ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ)

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

٢٩٤٣ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ عَلٰى وَصِيَّةٍ مَّاتَ عَلٰى سَبِيْلٍ وَّسُنَّةٍ وَّمَاتَ عَلٰى تُقًى وَّشَهَادَةٍ وَّمَاتَ مَغْفُوْرًا لَّهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وصیت کرکے فوت ہوا وہ سیدھے راستے اور سنت پر فوت ہوا۔ پرہیزگاری اور شہادت پر فوت ہوا۔ بخشا ہوا فوت ہوا۔ (ابن ماجہ)

٢٩٤٤ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ اَوْصٰى اَنْ يُّعْتَقَ عَنْهُ مِائَةُ رَقَبَةٍ فَاَعْتَقَ ابْنُهٗ هِشَامٌ خَمْسِيْنَ رَقَبَةً فَاَرَادَ ابْنُهٗ عَمْرٌو اَنْ يُّعْتِقَ عَنْهُ الْخَمْسِيْنَ الْبَاقِيَةَ فَقَالَ حَتّٰى اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِيْ اَوْصٰى اَنْ يُّعْتَقَ عَنْهُ مِائَةُ رَقَبَةٍ وَّاِنَّ هِشَامًا اَعْتَقَ عَنْهُ خَمْسِيْنَ وَبَقِيَتْ عَلَيْهِ خَمْسُوْنَ رَقَبَةً اَفَاُعْتِقُ عَنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ لَوْ كَانَ مُسْلِمًا فَاَعْتَقْتُمْ عَنْهُ اَوْ تَصَدَّقْتُمْ عَنْهُ اَوْ حَجَجْتُمْ عَنْهُ بَلَغَهٗ ذٰلِكَ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ عاص بن وائل نے وصیت کی کہ اُس کی طرف سے سَو غلام آزاد کر دیئے جائیں۔ پس اُس کے بیٹے ہشام نے پچاس غلام آزاد کر دیئے۔ چنانچہ اُس کے بیٹے حضرت عمرو نے باقی پچاس آزاد کرنے کا ارادہ کیا اور کہا کہ جب تک میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت نہ کر لوں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! میرے باپ نے وصیت کی کہ اُن کی طرف سے سَو غلام آزاد کیے جائیں۔ ہشام نے اُن کی طرف سے پچاس آزاد کر دیئے اور اُن پر پچاس باقی رہے۔ کیا میں اُن کی طرف سے آزاد کر دوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ مسلمان ہوتا اور تم اُس کی طرف سے آزاد کرتے یا صدقہ دیتے یا حج کرتے تو اُسے ثواب پہنچ جاتا۔ (ابوداؤد)

٢٩٤٥ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ مِيْرَاثَ وَارِثِهٖ قَطَعَ اللّٰهُ مِيْرَاثَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے وارث کی میراث کا حصہ کاٹے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز جنت سے اُس کا حصہ کاٹ دے گا۔ اِسے ابن ماجہ نے روایت کیا اور بیہقی نے شعب الایمان میں اِسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔

# كِتَابُ النِّكَاحِ

# نکاح کا بیان

## پہلی فصل

٢٩٤٦ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهٗ لَهٗ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے نوجوانوں کی جماعت! جو تم میں سے عورت رکھنے کی طاقت رکھتا ہے تو اُسے نکاح کرنا چاہیے کیونکہ یہ نظر کو جھکاتا اور شرمگاہ کو محفوظ رکھتا ہے اور جو اس کی طاقت نہ رکھتا

وجاء ۔ (متفق علیہ)

ہو تو وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کے لیے خصی کرنا ہے (متفق علیہ) ۔

٢٩٤٧ وعن سعد بن ابی وقاص قال رد رسول الله [2] صلی الله علیه وسلم علی عثمان بن مظعون التبتل ولو اذن له لاختصینا ۔ (متفق علیه)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کے مجرد رہنے کو پسند نہیں فرمایا۔ اگر آپ انہیں اجازت مرحمت فرما دیتے تو ہم اپنے آپ کو خصی کر لیتے (متفق علیہ)

٢٩٤٨ وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی [3] الله علیه وسلم تنكح المرأة لاربع لمالها ولحسبها ولجمالها ولدینها فاظفر بذات الدین تربت یداك (متفق علیه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے ساتھ چار وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے۔ اس کے مال، اس کے حسب و نسب، اس کے حسن و جمال اور اس کے دین کے باعث تیرے ہاتھ خاک آلودہ ہوں تو دین والی کو ترجیح دے (متفق علیہ) ۔

٢٩٤٩ وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول [4] الله صلی الله علیه وسلم الدنیا كلها متاع وخیر متاع الدنیا المرأة الصالحة ۔ (رواه مسلم)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری دنیا ہی دولت ہے اور دنیا کی بہترین دولت نیک بیوی ہے۔ (مسلم)

٢٩٥٠ وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی [5] الله علیه وسلم خیر نساء ركبن الابل صالح نساء قریش احناه على ولد في صغره وارعاه على زوج في ذات يده ۔ (متفق علیه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین عورتیں اونٹوں پر سوار ہونے والی ہیں۔ نیک قریش کی عورتیں ہیں جو اپنی اولاد پر ان کے بچپن میں شفیق اور خاوند کا جو مال ان کی تحویل میں ہو اس کی محافظ ہوتی ہیں۔ (متفق علیہ)

٢٩٥١ وعن اسامة بن زيد قال قال رسول الله [6] صلى الله عليه وسلم ما تركت بعدي فتنة اضر على الرجال من النساء ۔ (متفق علیه)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے بعد کوئی ایسا فتنہ نہیں چھوڑا جو مردوں کے لیے عورتوں سے زیادہ ضرر پہنچانے والا ہو (متفق علیہ)

٢٩٥٢ وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول [7] الله صلى الله عليه وسلم الدنيا حلوة خضرة وان الله مستخلفكم فيها فينظر كيف تعملون فاتقوا الدنيا واتقوا النساء فان اول فتنة بني اسرائيل كانت في النساء ۔ (رواه مسلم)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میٹھی اور سرسبز ہے اور اللہ تعالیٰ تمہیں اس میں خلافت دینے والا ہے۔ پس دیکھو کہ تم کیسے عمل کرتے ہو دنیا سے محتاط رہو اور عورتوں سے محتاط رہو کیونکہ بنی اسرائیل میں جو فتنہ سب سے پہلے آیا وہ عورتوں میں تھا۔ (مسلم) ۔

٢٩٥٣ وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله [8] علیه وسلم الشؤم في المرأة والدار والفرس متفق عليه وفي رواية الشؤم في ثلاثة في المرأة والمسكن والدابة ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بدقسمتی عورت، گھر اور گھوڑے میں ہوتی ہے (متفق علیہ) اور ایک روایت میں ہے کہ نحوست تین چیزوں میں ہوتی ہے: عورت، رہائش گاہ اور سواری میں۔

٢٩٥٤ وعن جابر قال كنا مع النبي صلى الله عليه [9]

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک غزوہ میں

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ فَلَمَّا قَفَلْنَا كُنَّا قَرِيْبًا مِّنَ الْمَدِيْنَةِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ تَزَوَّجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَبِكْرٌ اَمْ ثَيِّبٌ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبٌ قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَهَبْنَا لِنَدْخُلَ فَقَالَ اَمْهِلُوْا حَتّٰى نَدْخُلَ لَيْلًا اَيْ عِشَاءً لِكَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ جب ہم لوٹنے لگے کہ مدینہ منورہ کے قریب آ گئے تو میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! مجھے نکاح کیے ہوئے چند روز ہوئے ہیں۔ فرمایا کہ تم نے نکاح کر لیا ہے؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ کنواری ہے یا شوہر دیدہ؟ عرض گزار ہوا کہ شوہر دیدہ۔ فرمایا کہ کنواری سے کیوں نہ کی کہ تم اس سے دل بہلاتے اور وہ تم سے؟ جب ہم داخل ہونے ہی والے تھے تو فرمایا: ذرا ٹھہرو کیونکہ ہم رات میں یا عشاء کے وقت داخل ہوں گے تاکہ بکھرے ہوئے بالوں والی کنگھی کرے اور جن کے خاوند موجود نہ تھے وہ موئے زیر ناف کی صفائی کر لیں (متفق علیہ)

## دوسری فصل

**۲۹۵۵** عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
10 عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُمُ الْمُكَاتَبُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْاَدَاءَ وَالنَّاكِحُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ وَالْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے۔ مکاتب جو کتابت ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ نکاح کا خواہش مند جو عفت کو بچانا چاہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔ (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

**۲۹۵۶** وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
11 وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوْهُ اِنْ لَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيْضٌ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں کوئی نکاح کا پیغام دے جس کے دین اور اخلاق سے تم خوش ہو تو اُس سے نکاح کر دو۔ اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ برپا ہو گا اور لمبا چوڑا فساد ہو گا۔ (ترمذی)

**۲۹۵۷** وَعَنْ مَّعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
12 صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: محبت کرنے والی عورت سے نکاح کیا کرو تاکہ میں تمہاری کثرت کے باعث دوسری امتوں پر فخر کروں۔ (ابو داؤد، نسائی)

**۲۹۵۸** وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عُتْبَةَ
13 بْنِ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْاَبْكَارِ فَاِنَّهُنَّ اَعْذَبُ اَفْوَاهًا وَّاَنْتَقُ اَرْحَامًا وَّاَرْضٰى بِالْيَسِيْرِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ مُرْسَلًا)

عبد الرحمٰن بن سالم بن عتبہ بن عویم بن ساعدہ انصاری کے والد ماجد نے اُن کے جد امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری لڑکیوں سے نکاح کیا کرو کیونکہ وہ منہ کی میٹھی، زیادہ بچے جننے والی اور تھوڑی چیز پر راضی ہو جانے والی ہوتی ہیں۔ ابن ماجہ نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے۔

## تیسری فصل

**۲۹۵۹** عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
14 اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلَ النِّكَاحِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نکاح کی طرح دو محبت کرنے والے نہیں دیکھے ہوں گے

www.alahazratnetwork.org



۲۹۶۰ / ۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَّلْقَی اللّٰہَ طَاہِرًا مُّطَھَّرًا فَلْیَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالٰی سے پاک صاف حالت میں ملنا چاہے اسے چاہیے کہ آزاد کنواری عورتوں سے نکاح کرے۔

۲۹۶۱ / ۱۶ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ یَقُوْلُ مَا اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَی اللّٰہِ خَیْرًا لَّہٗ مِنْ زَوْجَۃٍ صَالِحَۃٍ اِنْ اَمَرَھَا اَطَاعَتْہُ وَاِنْ نَظَرَ اِلَیْھَا سَرَّتْہُ وَاِنْ اَقْسَمَ عَلَیْھَا اَبَرَّتْہُ وَاِنْ غَابَ عَنْھَا نَصَحَتْہُ فِیْ نَفْسِھَا وَمَالِہٖ رَوَی ابْنُ مَاجَۃَ الْاَحَادِیْثَ الثَّلٰثَۃَ۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرمایا کرتے: مومن نے اللہ کے تقوٰی کے بعد نیک بیوی سے بہتر کوئی بھلائی حاصل نہیں کی اگر اُسے حکم دے تو اطاعت کرتی ہے، اس کی طرف دیکھے تو خوش کرتی ہے، اگر اس پر قسم ڈالے تو پورا کر دیتی ہے اور اگر وہ غائب ہو تو جان و مال میں اس کی خیر خواہی کرتی ہے۔ مذکورہ تینوں حدیثوں کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

۲۹۶۲ / ۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَکْمَلَ نِصْفَ الدِّیْنِ فَلْیَتَّقِ اللّٰہَ فِی النِّصْفِ الْبَاقِیْ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندے نے نکاح کر لیا تو نصف دین کو اس نے مکمل کر لیا اور باقی نصف کے لیے اللہ کا تقوٰی اختیار کرے۔

۲۹۶۳ / ۱۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ النِّکَاحِ بَرَکَۃً اَیْسَرُہٗ مُؤْنَۃً رَوَاھُمَا الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: وہ نکاح اتنا ہی زیادہ برکت والا ہے جس میں محنت جتنی کم ہو۔ ان دونوں مذکورہ حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ النَّظَرِ اِلَی الْمَخْطُوْبَۃِ وَبَیَانِ الْعَوْرَاتِ

## منگیتر کو دیکھنا اور ستر کا بیان

### پہلی فصل

۲۹۶۴ / ۱ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَۃً مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ فَانْظُرْ اِلَیْھَا فَاِنَّ فِیْ اَعْیُنِ الْاَنْصَارِ شَیْئًا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میں ایک انصاری عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ فرمایا کہ اُسے دیکھ لو کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ خرابی ہوتی ہے۔ (مسلم)۔

۲۹۶۵ / ۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُبَاشِرُ الْمَرْاَۃُ الْمَرْاَۃَ فَتَنْعَتَھَا لِزَوْجِھَا کَاَنَّہٗ یَنْظُرُ اِلَیْھَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عورت دوسری سے جسم نہ لگائے کیونکہ وہ اپنے خاوند سے اس کی خوبی بیان کرے گی تو گویا اسے دیکھنے کی طرح ہے۔ (متفق علیہ)۔

۲۹۶۶ / ۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ الرَّجُلُ اِلٰى عَوْرَةِ الرَّجُلِ وَلَا الْمَرْأَةُ اِلٰى عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ وَّلَا تُفْضِي الْمَرْأَةُ اِلَى الْمَرْأَةِ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی دوسرے کی عورت کو نہ دیکھے اور نہ کوئی عورت کسی عورت کا ستر دیکھے اور نہ دو مرد ایک ہی کپڑے میں رہیں اور نہ دو عورتیں ہی ایک کپڑے میں لپٹ کر سوئیں۔ (مسلم)

۲۹۶۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[4] اَلَا لَا يَبِيْتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَأَةٍ ثَيِّبٍ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ نَاكِحًا اَوْ ذَا مَحْرَمٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار کوئی شخص کسی شادی شدہ عورت کے پاس رات نہ گزارے مگر جبکہ وہ خاوند یا ذی محرم ہو۔ (مسلم)

۲۹۶۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى[5] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الْحَمْوَ قَالَ الْحَمْوُ الْمَوْتُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے پاس جانے سے پرہیز کیا کرو۔ ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! دیور کے بارے میں کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ دیور تو موت ہے۔ (متفق علیہ)

۲۹۶۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اسْتَاْذَنَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ[6] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ فَاَمَرَ اَبَا طَيْبَةَ اَنْ يَّحْجُمَهَا قَالَ حَسِبْتُ اَنَّهٗ كَانَ اَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ اَوْ غُلَامًا لَّمْ يَحْتَلِمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت اُم سلمہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پچھنے لگوانے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے ابو طیبہ کو حکم دیا کہ انہیں پچھنے لگائے۔ راوی کا بیان ہے کہ میرے خیال میں وہ ان کا رضاعی بھائی یا نابالغ لڑکا تھا۔ (مسلم)

۲۹۷۰ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ[7] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَّظَرِ الْفُجَاءَةِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِيْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اچانک نظر پڑ جانے کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ اپنی نظر کو پھیر لیا کرو۔ (مسلم)

۲۹۷۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[8] وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْأَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ وَّتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ اِذَا اَحَدُكُمْ اَعْجَبَتْهُ الْمَرْأَةُ فَوَقَعَتْ فِيْ قَلْبِهٖ فَلْيَعْمِدْ اِلَى امْرَأَتِهٖ فَلْيُوَاقِعْهَا فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت شیطان کی صورت میں آتی اور شیطان کی صورت میں جاتی ہے۔ جب تم میں سے کسی کو کوئی عورت پسند آجائے اور اس کی صورت دل میں سما جائے تو اُسے اپنی بیوی کے پاس جا کر اُس سے صحبت کرنی چاہیے کیونکہ ایسا کرنا اُس کے دلی خیال کو دُور کر دے گا۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۲۹۷۲ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[9] وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمُ الْمَرْأَةَ فَاِنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى مَا يَدْعُوْهُ اِلٰى نِكَاحِهَا فَلْيَفْعَلْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو جس کو نکاح کا پیغام دیا ہے اگر اُسے دیکھ سکتا ہے تو دیکھ لے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۲۹۷۳ (١٠) وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ قَالَ خَطَبْتُ امْرَاَةً فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ نَظَرْتَ اِلَيْهَا قُلْتُ لَا قَالَ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهُ اَحْرٰى اَنْ يُّؤْدَمَ بَيْنَكُمَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام دیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے اُسے دیکھ لیا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ فرمایا کہ اُسے دیکھ لو کیونکہ دیکھنا تم دونوں کے درمیان محبت کا باعث ہوگا۔ (احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

۲۹۷۴ (١١) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةً فَاَعْجَبَتْهُ فَاَتٰى سَوْدَةَ وَهِيَ تَصْنَعُ طِيْبًا وَّعِنْدَهَا نِسَاءٌ فَاَخْلَيْنَهُ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ رَاٰى امْرَاَةً تُعْجِبُهُ فَلْيَقُمْ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِيْ مَعَهَا۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت کو دیکھا جو پسند آئی۔ آپ حضرت سودہ کے پاس تشریف لائے جو خوشبو بنا رہی تھیں اور اُن کے پاس عورتیں تھیں۔ آپ نے اُن سے خلوت کے لیے فرمایا اور اُن سے اپنی حاجت پوری کی پھر فرمایا: جس شخص کو کوئی عورت پسند آجائے تو اُسے اپنی بیوی کے پاس جانا چاہیے کیونکہ اس کے پاس بھی وہی چیز ہے جو اُس کے پاس تھی۔ (دارمی)

۲۹۷۵ (١٢) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَرْاَةُ عَوْرَةٌ فَاِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت چھپانے کی چیز ہے۔ جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اُسے گھورتا ہے۔ (ترمذی)

۲۹۷۶ (١٣) وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَاِنَّ لَكَ الْاُوْلٰى وَلَيْسَتْ لَكَ الْاٰخِرَةُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا: اچانک نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالنا کیونکہ پہلی نظر معاف ہے اور دوسری معاف نہیں ہے۔

(احمد، ترمذی، ابو داؤد، دارمی)

۲۹۷۷ (١٤) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا زَوَّجَ اَحَدُكُمْ عَبْدَهٗ اَمَتَهٗ فَلَا يَنْظُرَنَّ اِلٰى عَوْرَتِهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ فَلَا يَنْظُرَنَّ اِلٰى مَا دُوْنَ السُّرَّةِ وَفَوْقَ الرُّكْبَةِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے غلام کا اپنی لونڈی سے نکاح کر دے تو اُس کے ستر کی طرف نہ دیکھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ناف کے نیچے اور گھٹنے سے اوپر بالکل نہ دیکھے۔

(ابو داؤد)

۲۹۷۸ (١٥) وَعَنْ جَرْهَدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جرہد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ران ستر ہے۔

(ترمذی، ابو داؤد)

۲۹۷۹ (١٦) وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا عَلِيُّ لَا تُبْرِزْ فَخِذَكَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰى فَخِذِ حَيٍّ وَّلَا مَيِّتٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اے علی! اپنی ران ننگی نہ کرنا اور کسی زندہ یا مُردہ کی ران کو نہ دیکھنا۔

(ابو داؤد، ابن ماجہ)

۲۹۸۰ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَحْشٍ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ
۱۷ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَعْمَرٍ وَفَخِذَاهُ مَكْشُوْفَتَانِ
قَالَ يَا مَعْمَرُ غَطِّ فَخِذَيْكَ فَإِنَّ الْفَخِذَيْنِ عَوْرَةٌ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت محمد بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت معمر کے پاس سے گزرے جن کی رانیں کھلی ہوئی تھیں۔ فرمایا: اے معمر! اپنی رانیں چھپا لو کیونکہ رانیں بھی ستر ہیں
(شرح السنہ)

۲۹۸۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۱۸ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاكُمْ وَالتَّعَرِّيَ فَإِنَّ مَعَكُمْ مَنْ لَا
يُفَارِقُكُمْ إِلَّا عِنْدَ الْغَائِطِ وَحِيْنَ يُفْضِي الرَّجُلُ إِلٰى
أَهْلِهٖ فَاسْتَحْيُوْهُمْ وَأَكْرِمُوْهُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ننگے ہونے سے بچتے رہو کیونکہ تمہارے ساتھ وہ بھی رہتے ہیں جو تم سے جدا نہیں ہوتے سوائے قضائے حاجت کے اور جب آدمی اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے۔ پس اُن سے حیا کرو اور اُن کی عزت کرو۔ (ترمذی)۔

۲۹۸۲ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
۱۹ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَيْمُوْنَةُ إِذْ أَقْبَلَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ
فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
احْتَجِبَا مِنْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَيْسَ هُوَ أَعْمٰى لَا
يُبْصِرُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَعَمْيَا
وَانِ أَنْتُمَا أَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهٖ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ وہ اور حضرت میمونہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس تھیں کہ حضرت ابن اُمِّ مکتوم اندر داخل ہو گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں اِن سے پردہ کرو۔ میں عرض گزار ہوئی کہ کیا یہ نابینا نہیں ہیں جو ہمیں نہیں دیکھتے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دونوں اندھی ہو؟ کیا تم دونوں انہیں نہیں دیکھتی ہو؟۔
(احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۲۹۸۳ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ
۲۰ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْفَظْ عَوْرَتَكَ إِلَّا
مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
أَفَرَأَيْتَ إِذَا كَانَ الرَّجُلُ خَالِيًا قَالَ فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ
يُسْتَحْيٰى مِنْهُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

بہز بن حکیم کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی شرمگاہ کی حفاظت کیا کرو سوائے اپنی بیوی اور اپنی لونڈی کے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! جب آدمی تنہائی میں ہو؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ زیادہ حق دار ہے کہ اُس سے حیا کی جائے۔
(ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۲۹۸۴ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۲۱ قَالَ لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطٰنُ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہیں ہوتا مگر اُن کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے۔ (ترمذی)۔

۲۹۸۵ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۲۲ قَالَ لَا تَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ فَإِنَّ الشَّيْطٰنَ يَجْرِيْ مِنْ
أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ قُلْنَا وَمِنْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَ
مِنِّيْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَأَسْلَمُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جن کے خاوند موجود نہ ہوں اُن کے پاس نہ جایا کرو کیونکہ شیطان تمہارے ایسے کے جسم میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! کیا آپ میں بھی؟ فرمایا کہ مجھ میں بھی ہوتا لیکن اللہ نے میری مدد فرمائی تو میں بچا ہوا ہوں۔ (ترمذی)۔

۲۹۸۶ / ۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتٰی فَاطِمَۃَ بِعَبْدٍ قَدْ وَھَبَہٗ لَھَا وَعَلٰی فَاطِمَۃَ ثَوْبٌ اِذَا قَنَّعَتْ بِہٖ رَأْسَھَا لَمْ یَبْلُغْ رِجْلَیْھَا وَاِذَا غَطَّتْ بِہٖ رِجْلَیْھَا لَمْ یَبْلُغْ رَأْسَھَا فَلَمَّا رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تَلْقٰی قَالَ اِنَّہٗ لَیْسَ عَلَیْكِ بَأْسٌ اِنَّمَا ھُوَ اَبُوْكِ وَغُلَامُكِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غلام لے کر حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے گئے جو آپ نے انہیں ہبہ فرمایا تھا اور حضرت فاطمہ کے اوپر ایک کپڑا تھا جس سے سر کو چھپاتیں تو پیروں تک نہ پہنچتا اور جب اپنے دونوں پیروں کو چھپاتیں تو ان کے سر تک نہ پہنچتا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی دشواری دیکھی تو فرمایا: تمہارے لیے کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ یہاں تمہارا باپ اور تمہارا غلام ہی ہے۔ (ابوداؤد)

# تیسری فصل

۲۹۸۷ / ۲۴ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ عِنْدَھَا وَفِی الْبَیْتِ مُخَنَّثٌ فَقَالَ لِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اُمَیَّۃَ اَخِیْ اُمِّ سَلَمَۃَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ اِنْ فَتَحَ اللّٰہُ لَکُمْ غَدًا الطَّائِفَ فَاِنِّیْ اَدُلُّكَ عَلَی ابْنَۃِ غَیْلَانَ فَاِنَّھَا تُقْبِلُ بِاَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلَنَّ ھٰؤُلَاءِ عَلَیْکُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تھے اور گھر میں ایک مخنث تھا جس نے حضرت ام سلمہ کے بھائی حضرت عبداللہ بن ابی امیہ سے کہا: اے عبداللہ! اگر اللہ تعالیٰ نے کل آپ حضرات کو طائف پر فتح دی تو میں تمہیں غیلان کی بیٹی بتاؤں گا جو آتی ہے تو چار بل پڑتے ہیں اور جاتی ہے تو آٹھ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارے پاس اندر نہ آیا کریں۔ (متفق علیہ)

۲۹۸۸ / ۲۵ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَۃَ قَالَ حَمَلْتُ حَجَرًا ثَقِیْلًا فَبَیْنَا اَنَا اَمْشِیْ سَقَطَ عَنِّیْ ثَوْبِیْ فَلَمْ اَسْتَطِعْ اَخْذَہٗ فَرَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِیْ خُذْ عَلَیْكَ ثَوْبَكَ وَلَا تَمْشُوْا عُرَاۃً۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ایک بہت وزنی پتھر اٹھایا ہوا تھا۔ میں جا رہا تھا کہ میرا ایک کپڑا گر گیا جس کو میں پکڑ نہ سکا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھ کر مجھ سے فرمایا: اپنا کپڑا اوپر لے لو اور ننگے نہ چلو۔ (مسلم)

۲۹۸۹ / ۲۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا نَظَرْتُ اَوْ مَا رَاَیْتُ فَرْجَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَطُّ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے نظر نہ کی یا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شرمگاہ نہیں دیکھی۔ (ابن ماجہ)

۲۹۹۰ / ۲۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَنْظُرُ اِلٰی مَحَاسِنِ امْرَاَۃٍ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ثُمَّ یَغُضُّ بَصَرَہٗ اِلَّا اَحْدَثَ اللّٰہُ لَہٗ عِبَادَۃً یَجِدُ حَلَاوَتَھَا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کسی عورت کے حسن و جمال کو پہلی نظر میں دیکھنے پر اپنی نگاہ نیچی کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایسی عبادت مقرر فرمائے گا جس کی حلاوت اسے حاصل ہوگی۔ (احمد)

۲۹۹۱ / ۲۸ وَعَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلًا قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ

حسن بصری نے مرسلاً فرمایا: مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



إِلَيْهِ - (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

پر اُس جس کی طرف دیکھا جائے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ الْوَلِيِّ فِي النِّكَاحِ وَاسْتِيْذَانِ الْمَرْأَةِ

## نکاح کے ولی اور عورت سے اجازت لینے کا بیان

### پہلی فصل

۲۹۹۲ (۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الْأَيِّمُ حَتّٰى تُسْتَأْمَرَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَأْذَنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ إِذْنُهَا قَالَ أَنْ تَسْكُتَ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی بیوہ کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اُس سے اجازت نہ لی جائے اور نہ کسی کنواری کا نکاح کیا جائے یہاں تک کہ اُس سے اجازت لی جائے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس کا اذن کیسے؟ فرمایا کہ وہ خاموش ہو جائے۔ (متفق علیہ)

۲۹۹۳ (۲) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَيِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْذَنُ فِي نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَأْمَرُ وَإِذْنُهَا سُكُوْتُهَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ الثَّيِّبُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَأْذِنُهَا أَبُوْهَا فِي نَفْسِهَا وَإِذْنُهَا صُمَاتُهَا - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوہ ولی کی نسبت اپنے نفس کی زیادہ حق دار ہے اور کنواری سے اُس کی ذاتی رائے لی جائے گی اور خاموشی اُس کی اجازت ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ شوہر دیدہ اپنے نفس کا ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری سے اُس کا باپ اُس کی ذاتی رائے لے گا اور خاموش ہو جانا اُس کا اجازت دینا ہے۔ (مسلم)

۲۹۹۴ (۳) وَعَنْ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامٍ أَنَّ أَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَأَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ نِكَاحَ أَبِيْهَا -

حضرت خنساء بنت خذام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ جب وہ بیوہ تھیں تو اُن کے والد ماجد نے اُن کا نکاح کر دیا اور وہ اُسے ناپسند کرتی تھیں۔ پس وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئیں تو آپ نے اُس نکاح کو رد فرما دیا۔ اسے بخاری نے روایت کیا اور ابن ماجہ کی روایت میں ہے کہ اُن کے باپ کے کیے ہوئے نکاح کو۔

۲۹۹۵ (۴) وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سَبْعِ سِنِيْنَ وَزُفَّتْ إِلَيْهِ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَلُعَبُهَا مَعَهَا وَمَاتَ عَنْهَا وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اُن کا نکاح ہوا جبکہ وہ سات سال کی تھیں اور نو سال کی تھیں تو زفاف ہوا اور اُن کی گڑیاں اُن کے ساتھ تھیں اور حضور کا وصال ہوا تو یہ اٹھارہ سال کی تھیں۔ (مسلم)

### دوسری فصل

www.alahazratnetwork.org



قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

علیہ وسلم نے فرمایا، ولی کے بغیر نکاح نہیں ہے (احمد، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

۲۹۹۷ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ نَفْسَهَا بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا فَاِنِ اشْتَجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس عورت نے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو اس کا نکاح باطل ہے اس کا نکاح باطل ہے اس کا نکاح باطل ہے۔ اگر مرد نے اس سے صحبت کر لی تو عورت کو اتنا مہر ملے گا کہ جتنا اس کی شرم گاہ سے فائدہ اٹھایا ہے۔ اگر لوگ اختلاف کریں تو جس کا کوئی ولی نہ ہو تو اس کا ولی سلطان ہے (احمد، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

۲۹۹۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَغَايَا الَّتِيْ يُنْكِحْنَ اَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ وَالْاَصَحُّ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بدکار عورتیں وہ ہیں جو اپنا نکاح بغیر گواہوں کے کریں۔ زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت ابن عباس پر موقوف ہے۔ (ترمذی)

۲۹۹۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَتِيْمَةُ تُسْتَاْمَرُ فِيْ نَفْسِهَا فَاِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ اِذْنُهَا وَاِنْ اَبَتْ فَلَا جَوَازَ عَلَيْهَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یتیم لڑکی سے اس کی ذاتی مرضی دریافت کی جائے۔ اگر وہ خاموش رہے تو یہ اس کی اجازت ہے۔ اگر وہ انکار کرے تو اس پر جبر کرنا جائز نہیں (ترمذی، ابو داؤد، نسائی) اور اسے دارمی نے حضرت ابو موسیٰ سے روایت کیا ہے۔

۳۰۰۰ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ فَهُوَ عَاهِرٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو وہ بدکار ہے (ترمذی، ابو داؤد، دارمی)

## تیسری فصل

۳۰۰۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ جَارِيَةً بِكْرًا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّ اَبَاهَا زَوَّجَهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ فَخَيَّرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک کنواری لڑکی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر ذکر کیا کہ اس کے والد ماجد نے اس کا نکاح کر دیا جس کو وہ ناپسند کرتی ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اختیار دیا (ابو داؤد)

۳۰۰۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَاِنَّ الزَّانِيَةَ هِيَ الَّتِيْ تُزَوِّجُ نَفْسَهَا۔

[illegible]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی عورت دوسری عورت کا نکاح نہ کرے اور نہ کوئی عورت اپنا نکاح خود کرے کیونکہ زناکار وہی ہے جو اپنا نکاح

[illegible]

۳۰۰۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَّابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ[12] صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ وُّلِدَ لَہٗ وَلَدٌ فَلْیُحْسِنْ اِسْمَہٗ وَاَدَبَہٗ فَاِذَا بَلَغَ فَلْیُزَوِّجْہُ فَاِنْ بَلَغَ وَلَمْ یُزَوِّجْہُ فَاَصَابَ اِثْمًا فَاِنَّمَا اِثْمُہٗ عَلٰی اَبِیْہِ۔

حضرت ابو سعید اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے گھر لڑکا پیدا ہو تو اُس کا اچھا نام رکھے اور اُسے ادب سکھائے۔ جب بالغ ہو جائے تو اُس کا نکاح کر دے اگر بالغ ہونے پر اُس کا نکاح نہ کرے اور اُس نے گناہ کیا تو اُس کا گناہ اُس کے باپ پر ہوگا۔

۳۰۰۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنْ[13] رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِی التَّوْرٰىۃِ مَکْتُوْبٌ مَّنْ بَلَغَتْ اِبْنَتُہُ اثْنَتَیْ عَشْرَۃَ سَنَۃً وَّلَمْ یُزَوِّجْہَا فَاَصَابَتْ اِثْمًا فَاِثْمُ ذٰلِکَ عَلَیْہِ۔ (رَوَاہُمَا الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عمر اور حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: توریت میں لکھا ہوا ہے کہ جس کی بیٹی بارہ سال کی ہوگئی اور وہ اُس کا نکاح نہ کرے۔ اگر وہ گناہ میں مبتلا ہوئی تو گناہ باپ پر ہوگا۔ مذکورہ دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ اِعْلَانِ النِّکَاحِ وَالْخُطْبَۃِ وَالشَّرْطِ

## نکاح کے اعلان کا بیان

### پہلی فصل

۳۰۰۵ عَنِ الرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ قَالَتْ جَاءَ[1] النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حِیْنَ بُنِیَ عَلَیَّ فَجَلَسَ عَلٰی فِرَاشِیْ کَمَجْلِسِکَ مِنِّیْ فَجَعَلَتْ جُوَیْرِیَاتٌ لَّنَا یَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ وَیَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ اٰبَائِیْ یَوْمَ بَدْرٍ اِذْ قَالَتْ اِحْدٰہُنَّ وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَّعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ فَقَالَ دَعِیْ ہٰذِہٖ وَقُوْلِیْ بِالَّذِیْ کُنْتِ تَقُوْلِیْنَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالٰی عنہا نے فرمایا کہ جب میری رخصتی ہوگئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میرے بستر پر جلوہ افروز ہوئے جیسے تم میرے پاس بیٹھے ہو۔ ہماری بچیاں دف بجا کر اپنے اُن آبا و اجداد کے مرثیے بیان کرنے لگیں جو غزوۂ بدر میں شہید ہوئے تھے۔ جب اُن میں سے ایک نے کہا کہ ہم میں ایسا نبی جلوہ افروز ہے جو کل کی بات جانتا ہے تو آپ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو اور وہی بات کہو جو تم کہہ رہی تھیں۔ (بخاری)

۳۰۰۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ زُفَّتِ امْرَاَۃٌ اِلٰی رَجُلٍ مِّنَ[2] الْاَنْصَارِ فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا کَانَ مَعَکُمْ لَہْوٌ فَاِنَّ الْاَنْصَارَ یُعْجِبُہُمُ اللَّہْوُ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے فرمایا کہ ایک عورت رخصت ہو کر اپنے انصاری خاوند کے پاس گئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس کوئی کھیل نہیں تھا کیونکہ انصار کھیل کو پسند کرتے ہیں (بخاری)

۳۰۰۷ وَعَنْہَا قَالَتْ تَزَوَّجَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ[2] عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ شَوَّالٍ وَّبَنٰی بِیْ فِیْ شَوَّالٍ فَاَیُّ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اَحْظٰی عِنْدَہٗ مِنِّیْ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے شوال کے مہینے میں مجھے اپنے نکاح میں لیا اور شوال کے مہینے میں ہی میرے ساتھ زفاف فرمایا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی کون سی

www.alahazratnetwork.org



۳۰۰۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[4] أَحَقُّ الشُّرُوْطِ أَنْ تُوْفُوْا بِهٖ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوْجَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام شرطوں میں وہ شرط پوری کی جانے کی زیادہ مستحق ہے جس کے ذریعے تم نے شرم گاہوں کو حلال کیا۔ (متفق علیہ)۔

۳۰۰۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى[5] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ أَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ أَوْ يَتْرُكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کی منگنی پر منگنی نہ کرے یہاں تک کہ وہ نکاح کرے یا چھوڑ دے۔ (متفق علیہ)۔

۳۰۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6] لَا تَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا لِتَسْتَفْرِغَ صَحْفَتَهَا وَلْتَنْكِحْ فَإِنَّ لَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے تاکہ اُس کے پیالے کو خالی کر دے۔ چاہیے کہ نکاح کرے اور جو اُس کے مقدر میں ہے وہ اُسے مل جائیگا۔ (متفق علیہ)

۳۰۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[7] نَهٰى عَنِ الشِّغَارِ وَالشِّغَارُ أَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهٗ عَلٰى أَنْ يُزَوِّجَهُ الْآخَرُ ابْنَتَهٗ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا صَدَاقٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدلے کے نکاح سے منع فرمایا ہے۔ بدلے کا نکاح یہ ہے کہ ایک شخص اپنی بیٹی کا نکاح اس لیے دے کہ دوسرا اُسے اپنی بیٹی دے اور دونوں کے درمیان مہر کوئی نہ ہو (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ اسلام میں بدلے کا نکاح نہیں ہے۔

۳۰۱۲ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ[8] سَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ أَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا (متفق علیہ)۔

۳۰۱۳ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ[9] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ أَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلٰثًا ثُمَّ نَهٰى عَنْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنگ اوطاس کے سال تین دن کے لیے متعہ کی اجازت دی پھر اس سے منع فرما دیا۔ (مسلم)۔

## دوسری فصل

۳۰۱۴ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُوْلُ[10] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ فِي الصَّلٰوةِ وَالتَّشَهُّدَ فِي الْحَاجَةِ قَالَ التَّشَهُّدُ فِي الصَّلٰوةِ التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبٰتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَالتَّشَهُّدُ فِي الْحَاجَةِ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهٗ وَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز اور حاجت کے لیے تشہد سکھایا۔ فرمایا کہ نماز کا تشہد یہ ہے: "تمام زبانی، بدنی اور مالی عبادتیں اللہ کے لیے ہیں۔ اے نبی! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت اور اُس کی برکتیں۔ ہم پر اللہ کا سلام ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفیٰ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں"۔ حاجت کا تشہد یہ ہے: "تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، ہم اُس سے مدد چاہتے ہیں اور بخشش طلب کرتے

www.alahazratnetwork.org



مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَيَقْرَأُ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَفِيْ جَامِعِ التِّرْمِذِيِّ فَسَّرَ الْاٰيَاتِ الثَّلٰثَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَزَادَ ابْنُ مَاجَةَ بَعْدَ قَوْلِهٖ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَبَعْدَ قَوْلِهٖ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا وَالدَّارِمِيُّ بَعْدَ قَوْلِهٖ عَظِيْمًا ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِحَاجَتِهٖ وَرَوٰى فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ خُطْبَةِ الْحَاجَةِ مِنَ النِّكَاحِ وَغَيْرِهٖ)

اُسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کو وہ گمراہی میں پڑا رہنے دے اُسے ہدایت دینے والا کوئی نہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفیٰ اُس کے بندے اور اُس رسول ہیں اور یہ تین آیتیں پڑھے: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا اُس سے ڈرنے کا حق ہے اور ہرگز نہ مرنا مگر مسلمانی کی حالت میں (۳: ۱۰۲) اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اُسی میں سے اُس کا جوڑا بنایا اور اُن دونوں سے بہت مرد و عورت پھیلا دیے اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر مانگتے ہو اور رشتوں کا لحاظ رکھو بے شک اللہ تمہیں ہر وقت دیکھ رہا ہے (۴: ۱) اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کرو۔ تمہارے اعمال تمہارے لیے سنوار دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور جو اللہ اور اُس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اُس نے بڑی کامیابی پائی۔ (۳۳: ۷۰-۷۱) روایت کیا اسے احمد، ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابنِ ماجہ، دارمی نے اور جامع ترمذی میں تینوں آیتوں کی سفیان ثوری نے تفسیر کی۔ ابنِ ماجہ میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کے بعد نَحْمَدُهٗ بھی ہے اور مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا کے بعد مِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا ہے اور دارمی میں عَظِيْمًا کے بعد ہے کہ پھر اپنی حاجت بیان کرے۔ شرح السنہ میں حضرت ابنِ مسعود سے روایت ہے کہ خطبۂ حاجت یعنی خطبۂ نکاح وغیرہ۔

۳۰۱۵ [۱۱] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ خُطْبَةٍ لَيْسَ فِيْهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر وہ خطبہ جس میں تشہد نہ ہو وہ کٹے ہوئے ہاتھ کی طرح ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۰۱۶ [۱۲] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اَمْرٍ ذِيْ بَالٍ لَا يُبْدَاُ فِيْهِ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ فَهُوَ اَقْطَعُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بڑا کام جو اللہ کی حمد سے شروع نہ کیا جائے۔ وہ ناقص ہے۔ (ابنِ ماجہ)

۳۰۱۷ [۱۳] وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ وَاجْعَلُوْهُ فِي الْمَسَاجِدِ وَاضْرِبُوْا عَلَيْهِ بِالدُّفُوْفِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح کا اعلان کیا کرو اور یہ کام مسجدوں میں کیا کرو اور اس موقع پر دف بجایا کرو۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۰۱۸ [۱۴] وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْجُمَحِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَصْلُ مَا بَيْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الصَّوْتُ وَالدُّفُّ فِي النِّكَاحِ۔

حضرت محمد بن حاطب جمحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال اور حرام نکاح کے درمیان آواز اور دف کا فرق ہے۔

۳۰۱۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ عِنْدِي جَارِيَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ زَوَّجْتُهَا[15] فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ أَلَا تُغَنِّيْنَ فَإِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنَ الْأَنْصَارِ يُحِبُّوْنَ الْغِنَاءَ (رَوَاهُ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میرے پاس انصار کی ایک لڑکی تھی جس کا میں نے نکاح کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! تم گانے نہیں گاتیں جبکہ انصار کے اس قبیلے والے گانے پسند کرتے ہیں۔

۳۰۲۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَنْكَحَتْ عَائِشَةُ ذَاتَ قَرَابَةٍ[16] لَهَا مِنَ الْأَنْصَارِ فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَهْدَيْتُمُ الْفَتَاةَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ أَرْسَلْتُمْ مَعَهَا مَنْ تُغَنِّيْ قَالَتْ لَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْأَنْصَارَ قَوْمٌ فِيْهِمْ غَزَلٌ فَلَوْ بَعَثْتُمْ مَعَهَا مَنْ يَقُوْلُ أَتَيْنَاكُمْ أَتَيْنَاكُمْ فَحَيَّانَا وَحَيَّاكُمْ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ نے ایک لڑکی کا اُس کی قرابت دار انصاری سے نکاح کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا: کیا تم نے لڑکی بھیج دی؟ وہ سب عرض گزار ہوئے، ہاں۔ فرمایا کہ اُس کے ساتھ گانے والی بھیج دیتے جو کہتی: ہم تمہارے پاس آئے، ہم تمہارے پاس آئے، ہم زندہ رہیں اور تم بھی زندہ رہو۔

(ابن ماجہ)

۳۰۲۱ وَعَنْ سَمُرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ[17] أَيُّمَا امْرَأَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ فَهِيَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا وَمَنْ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس عورت کا نکاح دو ولی کریں تو وہ پہلے کے لیے ہے اور جو چیز دو آدمیوں کو بیچی گئی تو وہ اُن میں سے پہلے کی ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)

## تیسری فصل

۳۰۲۲ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ[18] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مَعَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا أَلَا نَخْتَصِيْ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ ثُمَّ رَخَّصَ لَنَا أَنْ نَسْتَمْتِعَ فَكَانَ أَحَدُنَا يَنْكِحُ الْمَرْأَةَ بِالثَّوْبِ إِلٰى أَجَلٍ ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کرتے تو ہمارے ساتھ عورتیں نہ ہوتیں۔ ہم نے کہا کہ ہم خصّی نہ ہو جائیں۔ تو آپ نے ہمیں اس سے منع فرمایا۔ پھر ہمیں متعہ کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ پس کوئی ہم میں سے ایک کپڑے کے بدلے مدت مقرر کر کے کسی عورت سے متعہ کر لیتا۔ پھر حضرت عبداللہ نے یہ آیت پڑھی: اے ایمان والو! حرام قرار نہ دو اُن پاک چیزوں کو جو اللہ نے تمہارے لیے حلال ٹھہرائی ہیں (۵:۸۷)۔ (متفق علیہ)

۳۰۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّمَا كَانَتِ الْمُتْعَةُ فِيْ أَوَّلِ[19] الْإِسْلَامِ كَانَ الرَّجُلُ يَقْدَمُ الْبَلْدَةَ لَيْسَ لَهُ بِهَا مَعْرِفَةٌ فَيَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ بِقَدْرِ مَا يَرٰى أَنَّهُ يُقِيْمُ فَتَحْفَظُ لَهُ مَتَاعَهُ وَتُصْلِحُ لَهُ شَيْئَهُ حَتّٰى إِذَا نَزَلَتِ الْآيَةُ إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ قَالَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: متعہ کی اجازت شروع اسلام میں تھی۔ آدمی جب کسی شہر میں جاتا اور وہاں کسی سے جان پہچان نہ ہوتی تو جتنے دن وہاں ٹھہرنا ہوتا اتنے عرصے کے لیے کسی عورت سے نکاح کر لیتا جو اُس کے سامان کی حفاظت کرتی اور اُس کا کھانا پکاتی، یہاں تک کہ آیت نازل ہوئی: سوائے اپنی بیویوں اور شرعی لونڈیوں کے (۲۳:۶)۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ ان

۳۰۲۴ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ وَأَبِي مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ فِي عُرْسٍ وَإِذَا جَوَارٍ يُغَنِّيْنَ فَقُلْتُ أَيْ صَاحِبَيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْلَ بَدْرٍ يُفْعَلُ هٰذَا عِنْدَكُمْ فَقَالَا اجْلِسْ إِنْ شِئْتَ فَاسْمَعْ مَعَنَا وَإِنْ شِئْتَ فَاذْهَبْ فَإِنَّهُ قَدْ رُخِّصَ لَنَا فِي اللَّهْوِ عِنْدَ الْعُرْسِ۔
(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

عامر بن سعد کا بیان ہے کہ ایک شادی میں شرکت کرنے میں حضرت قرظہ بن کعب اور حضرت ابو مسعود انصاری کی خدمت میں حاضر ہوا تو کچھ بچیاں گا رہی تھیں میں عرض گزار ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھیو! بدری صحابیو! آپ کی موجودگی میں ایسا کام کیا جاتا ہے؟ دونوں نے فرمایا کہ اگر چاہو تو ہمارے ساتھ بیٹھ کر سنو اور اگر چاہتے تو جا سکتے ہو کیونکہ شادی کے وقت لہو ولعب کی اجازت مرحمت فرمائی گئی ہے۔
(نسائی)

# بَابُ الْمُحَرَّمَاتِ
# محرمات کا بیان

## پہلی فصل

۳۰۲۵ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَعَمَّتِهَا وَلَا بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَخَالَتِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کو اور اُس کی پھوپھی کو جمع نہ کیا جائے اور نہ کسی عورت اور اُس کی خالہ کو۔ (متفق علیہ)

۳۰۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رضاعت سے بھی وہی رشتے حرام ہوتے ہیں جو ولادت سے حرام ہوتے ہیں (بخاری)۔

۳۰۲۷ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَ عَمِّي مِنَ الرَّضَاعَةِ فَاسْتَأْذَنَ عَلَيَّ فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى أَسْأَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ إِنَّهُ عَمُّكِ فَأْذَنِي لَهُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِي الْمَرْأَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ عَمُّكِ فَلْيَلِجْ عَلَيْكِ وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن کا ہی بیان ہے کہ میرا رضاعی چچا آیا اور مجھ سے اجازت مانگی تو میں نے اُنہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت نہ کر لوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو میں نے آپ سے پوچھا فرمایا کہ وہ تمہارے چچا ہیں اُنہیں اجازت دے دینا۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! مجھے عورت نے دودھ پلایا تھا، کسی مرد نے تو نہیں پلایا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تمہارے چچا ہیں، وہ تمہارے پاس آ سکتے ہیں اور یہ پردے کا حکم نازل ہو جانے کے بعد کا واقعہ ہے۔
(متفق علیہ)

۳۰۲۸ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ هَلْ لَكَ فِي بِنْتِ عَمِّكَ حَمْزَةَ فَإِنَّهَا أَجْمَلُ فَتَاةٍ فِي قُرَيْشٍ فَقَالَ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! کیا آپ کو اپنے چچا حضرت حمزہ کی صاحبزادی میں رغبت ہے؟ وہ قریش کی حسین

www.alahazratnetwork.org



٣٠٢٩ (٥) وَعَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَۃُ اَوِ الرَّضْعَتَانِ وَفِیْ رِوَایَۃِ عَائِشَۃَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّۃُ وَالْمَصَّتَانِ وَفِیْ اُخْرٰی لِاُمِّ الْفَضْلِ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَۃُ اَوِ الْاِمْلَاجَتَانِ ھٰذِہٖ رِوَایَاتٌ لِمُسْلِمٍ۔

حضرت اُمّ الفضل رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک یا دو گھونٹ دودھ پینا حرمت پیدا نہیں کرتا۔ ایک روایت میں حضرت عائشہ سے ہے کہ حرام نہیں کرتیں ایک یا دو چسکیاں۔ ایک اور روایت حضرت اُمّ الفضل سے ہے۔ فرمایا: ایک یا دو دفعہ پستان منہ میں دینا حرام نہیں کر دیتا۔ یہ تینوں روایتیں مسلم کی ہیں۔

٣٠٣٠ (٦) وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ فِیْمَا اُنْزِلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَّعْلُوْمَاتٍ یُّحَرِّمْنَ ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَّعْلُوْمَاتٍ فَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھِیَ فِیْمَا یُقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ قرآن مجید میں حکم نازل ہوا تھا کہ دس دفعہ کا دودھ پینا حرمت پیدا کرتا ہے۔ پھر یہ حکم پانچ دفعہ پینے سے منسوخ ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ نے وفات پائی اور یہ حکم قرآن مجید میں اسی طرح پڑھا جاتا تھا۔ (مسلم)

٣٠٣١ (٧) وَعَنْھَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَیْھَا وَعِنْدَھَا رَجُلٌ فَکَاَنَّہٗ کَرِہَ ذٰلِکَ فَقَالَتْ اِنَّہٗ اَخِیْ فَقَالَ اُنْظُرْنَ مَنْ اِخْوَانُکُنَّ فَاِنَّمَا الرَّضَاعَۃُ مِنَ الْمَجَاعَۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لے گئے اور ان کے پاس ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا گویا آپ نے اُسے ناپسند فرمایا۔ یہ عرض گزار ہوئیں کہ میرا بھائی ہے۔ فرمایا کہ دیکھ لیا کرو تمہارے بھائی کون ہیں کیونکہ دودھ پینا ایّام شیر خوارگی کا ہے۔ (متفق علیہ)

٣٠٣٢ (٨) وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ الْحَارِثِ اَنَّہٗ تَزَوَّجَ ابْنَۃً لِاَبِیْ اِھَابِ بْنِ عَزِیْزٍ فَاَتَتِ امْرَاَۃٌ فَقَالَتْ قَدْ اَرْضَعْتُ عُقْبَۃَ وَالَّتِیْ تَزَوَّجَ بِھَا فَقَالَ لَھَا عُقْبَۃُ مَا اَعْلَمُ اَنَّکِ اَرْضَعْتِنِیْ وَلَا اَخْبَرْتِنِیْ فَاَرْسَلَ اِلٰی اٰلِ اَبِیْ اِھَابٍ فَسَاَلَھُمْ فَقَالُوْا مَا عَلِمْنَا اَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا فَرَکِبَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَسَاَلَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ وَقَدْ قِیْلَ فَفَارَقَھَا عُقْبَۃُ وَنَکَحَتْ زَوْجًا غَیْرَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ انہوں نے ابو اہاب بن عزیز کی صاحبزادی سے نکاح کیا تو ایک عورت آکر کہنے لگی کہ میں نے عقبہ کو اور اس کی منکوحہ کو دودھ پلایا ہے۔ حضرت عقبہ نے اُس سے کہا: مجھے تو معلوم نہیں کہ آپ نے مجھے دودھ پلایا ہے اور نہ آپ نے مجھے بتایا۔ پس آلِ ابو اہاب سے دریافت کرنے کے لیے کسی کو بھیجا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کوئی علم نہیں کہ ہماری لڑکی کو دودھ پلایا ہے۔ وہ سوار ہو کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں مدینہ منورہ حاضر ہوئے اور آپ سے پوچھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ نکاح کیسا جبکہ وہ کہہ رہی ہے۔ پس حضرت عقبہ نے اُسے جدا کر دیا اور دوسری عورت سے نکاح کر لیا۔ (بخاری)

٣٠٣٣ (٩) وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ بَعَثَ جَیْشًا اِلٰی اَوْطَاسٍ فَلَقُوْا عَدُوًّا فَقَاتَلُوْھُمْ فَظَھَرُوْا عَلَیْھِمْ وَاَصَابُوْا لَھُمْ سَبَایَا فَکَاَنَّ نَاسًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی [illegible]

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے روز ایک لشکر اوطاس کی طرف روانہ فرمایا۔ جب دشمنوں سے ان کا مقابلہ ہوا تو یہ غالب آئے اور انہیں عورتیں ہاتھ آئیں تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے بعض نے اُن کے ساتھ صحبت کرنے سے [illegible]

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اَىْ فَهُنَّ لَكُمْ حَلَالٌ اِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عورتیں جو تمہاری ملک میں آجائیں (۴:۲۴) یعنی وہ تمہارے لیے حلال ہیں بشرطیکہ اُن کی عدت پوری ہو جائے۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۳۰۳۴ [۱۰] عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا اَوِ الْعَمَّةُ عَلٰى بِنْتِ اَخِيْهَا وَالْمَرْاَةُ عَلٰى خَالَتِهَا اَوِ الْخَالَةُ عَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا لَا تُنْكَحُ الصُّغْرٰى عَلَى الْكُبْرٰى وَلَا الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالدَّارِمِىُّ وَالنَّسَائِىُّ وَرِوَايَتُهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ بِنْتِ اُخْتِهَا)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی عورت پر اُس کی پھوپھی سے نکاح کرنے سے منع فرمایا یا پھوپھی پر بھتیجی کے ساتھ اور کسی عورت پر اُس کی خالہ سے یا خالہ پر اُس کی بھانجی سے۔ نکاح نہ کیا جائے بڑی پر چھوٹی سے اور نہ چھوٹی پر بڑی سے۔ اسے ترمذی، ابوداؤد اور دارمی نے روایت کیا اور نسائی کی روایت بِنْتِ اُخْتِهَا تک ہے۔

۳۰۳۵ [۱۱] وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَرَّ بِىْ خَالِىْ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ وَمَعَهٗ لِوَاءٌ فَقُلْتُ اَيْنَ تَذْهَبُ قَالَ بَعَثَنِى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ اٰتِيْهِ بِرَاْسِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَفِىْ رِوَايَةٍ لَهٗ وَلِلنَّسَائِىِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِىِّ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهٗ وَاٰخُذَ مَالَهٗ وَفِىْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ قَالَ عَمِّىْ بَدَلَ خَالِىْ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میرے ماموں جان حضرت ابوبردہ بن نیار میرے پاس سے گزرے جن کے ساتھ جھنڈا تھا۔ میں نے کہا کہ آپ کہاں جاتے ہیں؟ فرمایا کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا ہے تاکہ اُس کا سر آپ کے حضور لاؤں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی میں ہے: حضور نے مجھے حکم فرمایا کہ اُس کی گردن اُڑا دوں اور اُس کا مال لے آؤں اور اس روایت میں ماموں جان کی جگہ چچا جان ہے۔

۳۰۳۶ [۱۲] وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ فِى الثَّدْىِ وَكَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ)

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ پینا حرام نہیں کرتا مگر چھاتی کے اُسی دودھ سے جو آنتوں کو کھولے اور یہ بات دودھ چھڑانے سے پہلے ہوتی ہے۔ (ترمذی)

۳۰۳۷ [۱۳] وَعَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ الْاَسْلَمِىِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّىْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ فَقَالَ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِىُّ وَالدَّارِمِىُّ)

حجاج بن حجاج اسلمی نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھ سے کون سی چیز رضاعت کا حق ادا کروا سکتی ہے؟ فرمایا کہ غلام یا لونڈی کی پیشانی۔ (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)۔

۳۰۳۸ [۱۴] وَعَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ الْغَنَوِىِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَقْبَلَتِ امْرَاَةٌ فَبَسَطَ

حضرت ابوطفیل غنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھا ہوا تھا جبکہ ایک عورت آئی تو نبی کریم صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



ذَهَبَتْ قِيلَ هٰذِهِ أَرْضَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُد)

جب وہ چلی گئی تو کہا گیا کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دودھ پلایا تھا۔ (ابوداؤد)۔

٣٠٣٩ / ١٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ غَيْلَانَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ أَسْلَمَ وَلَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَأَسْلَمْنَ مَعَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسِكْ أَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ. (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی مسلمان ہوئے تو اُن کی دس بیویاں تھیں دورِ جاہلیت سے۔ وہ بھی اُن کے ساتھ مسلمان ہوگئیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ چار کو رکھ لو اور باقی سب بیویوں کو جُدا کردو۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

٣٠٤٠ / ١٦ وَعَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ أَسْلَمْتُ وَتَحْتِيْ خَمْسُ نِسْوَةٍ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَارِقْ وَاحِدَةً وَأَمْسِكْ أَرْبَعًا فَعَمَدْتُ إِلٰى أَقْدَمِهِنَّ صُحْبَةً عِنْدِيْ عَاقِرٍ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً فَفَارَقْتُهَا رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ.

حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں مسلمان ہوا تو میری پانچ بیویاں تھیں۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا: ایک کو جُدا کردو اور چار کو رکھ لو۔ چنانچہ میں نے سب سے پہلی کا قصد کیا جو ساٹھ سال سے میرے پاس بانجھ تھی۔ لہٰذا اُسے جُدا کر دیا۔ (شرح السنۃ)۔

٣٠٤١ / ١٧ وَعَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوْزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أَسْلَمْتُ وَتَحْتِيْ أُخْتَانِ قَالَ اخْتَرْ أَيَّتَهُمَا شِئْتَ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

ضحاک بن فیروز دیلمی نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میں مسلمان ہوگیا ہوں اور میرے نکاح میں دو سگی بہنیں ہیں۔ فرمایا کہ اُن میں سے ایک کو چن لو۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

٣٠٤٢ / ١٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَسْلَمَتِ امْرَأَةٌ فَتَزَوَّجَتْ فَجَاءَ زَوْجُهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ قَدْ أَسْلَمْتُ وَعَلِمَتْ بِإِسْلَامِيْ فَانْتَزَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا الْآخَرِ وَرَدَّهَا إِلٰى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَالَ إِنَّهَا أَسْلَمَتْ مَعِيْ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ أَنَّ جَمَاعَةً مِنَ النِّسَاءِ رَدَّهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ عَلٰى أَزْوَاجِهِنَّ عِنْدَ اجْتِمَاعِ الْإِسْلَامَيْنِ بَعْدَ اخْتِلَافِ الدِّيْنِ وَالدَّارِ وَمِنْهُنَّ بِنْتُ الْوَلِيْدِ بْنِ مُغِيْرَةَ كَانَتْ تَحْتَ صَفْوَانَ ابْنِ أُمَيَّةَ فَأَسْلَمَتْ يَوْمَ الْفَتْحِ وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْإِسْلَامِ فَبَعَثَ إِلَيْهِ ابْنُ عَمِّهِ وَهْبُ بْنُ عُمَيْرٍ بِرِدَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَانًا لِصَفْوَانَ فَلَمَّا قَدِمَ جَعَلَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ ایک عورت مسلمان ہوگئی اور اُس نے نکاح کرلیا۔ اُس کا پہلا خاوند آکر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میں مسلمان ہوگیا تھا اور اس کو میرے اسلام کا علم تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے دُوسرے خاوند سے جُدا کرکے پہلے خاوند کی طرف لوٹا دیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ اُس نے کہا: یہ میرے ساتھ ہی مسلمان ہوئی تھی۔ لہٰذا عورت اُسے واپس دے دی (ابوداؤد) شرح السنۃ کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتنی ہی عورتوں کو پہلے نکاح کے باعث اُن کے خاوندوں کی طرف لوٹا دیا تھا جبکہ دونوں اسلام میں اکٹھے ہوگئے اختلافِ دین و ممالک کے بعد۔ ایسی عورتوں میں سے ایک بنت ولید بن مغیرہ ہیں جو صفوان بن امیہ کے نکاح میں تھیں اور فتح مکہ کے روز مسلمان ہوگئیں۔ ان کا خاوند اسلام سے ڈر کر بھاگ گیا۔ اُن کے چچازاد بھائی حضرت وہب بن عُمیر نے کسی کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چادرِ مبارک سمیت بھیجا کہ صفوان کو امان ہے۔ جب وہ آیا تو رسول

www.alahazratnetwork.org



فَاسْتَقَرَّتْ عِنْدَهُ وَاَسْلَمَتْ اُمُّ حَكِيْمٍ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ امْرَاَةُ عِكْرِمَةَ ابْنِ اَبِیْ جَهْلٍ يَوْمَ الْفَتْحِ بِمَكَّةَ وَهَرَبَ زَوْجُهَا مِنَ الْاِسْلَامِ حَتّٰى قَدِمَ الْيَمَنَ فَارْتَحَلَتْ اُمُّ حَكِيْمٍ حَتّٰى قَدِمَتْ عَلَيْهِ الْيَمَنَ فَدَعَتْهُ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاَسْلَمَ فَثَبَتَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ مُرْسَلًا)

وہ مسلمان ہوگیا اور یہ اُن کے پاس رہنے لگیں۔ عکرمہ بن ابوجہل کی بیوی اُم حکیم بنت حارث بن ہشام بھی فتح مکہ کے روز مسلمان ہوگئی تھیں اور ان کا خاوند اسلام سے ڈر کر بھاگ گیا تھا۔ یہاں تک کہ یمن جا پہنچا۔ حضرت اُم حکیم اُس کی طرف روانہ ہوئیں یہاں تک کہ یمن میں اُس کے پاس جا پہنچیں اور اسلام کی دعوت دی۔ وہ مسلمان ہوگئے اور دونوں اپنے سابقہ نکاح پر برقرار رہے۔ اِسے امام مالک نے ابن شہاب سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

## تیسری فصل

۳۰۴۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حُرِّمَ مِنَ النَّسَبِ سَبْعٌ
۱۹
وَّمِنَ الصِّهْرِ سَبْعٌ ثُمَّ قَرَاَ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ۔ الْاٰيَةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نسب کے ذریعے سات عورتیں حرام کی گئی ہیں اور سات ہی سسرال کے رشتے سے۔ پھر یہ آیت پڑھی: حرام کی گئی ہیں تم پر تمہاری مائیں (۴: ۲۳۔ بخاری)۔

۳۰۴۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ
۲۰
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَدَخَلَ بِهَا فَلَا يَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُ ابْنَتِهَا وَاِنْ لَّمْ يَدْخُلْ بِهَا فَلْيَنْكِحِ ابْنَتَهَا وَاَيُّمَا رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةً فَلَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّنْكِحَ اُمَّهَا دَخَلَ بِهَا اَوْ لَمْ يَدْخُلْ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا يَصِحُّ مِنْ قِبَلِ اِسْنَادِهٖ اِنَّمَا رَوَاهُ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَالْمُثَنَّى ابْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَهُمَا يُضَعَّفَانِ فِی الْحَدِيْثِ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی نے کسی عورت سے نکاح کیا اور صحبت بھی کر لی تو اُس عورت کی بیٹی سے نکاح کرنا اُس کے لیے حلال نہیں ہے اور اگر صحبت نہیں کی ہے تو اُس کی بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے۔ جس نے کسی عورت سے نکاح کیا تو اُس کے لیے حلال نہیں ہے کہ اُس کی ماں سے نکاح کرے خواہ اُس سے صحبت کر لی ہو یا نہ کی ہو۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ اپنی اسناد کی جانب سے صحیح نہیں ہے۔ اِسے ابن لہیعہ اور مثنیٰ بن صباح نے عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے اور یہ حدیث میں دونوں ہی ضعیف ہیں۔

# بَابُ الْمُبَاشَرَةِ

# مباشرت کا بیان

## پہلی فصل

۳۰۴۵ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ اِذَا اَتَى
۱
الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ مِنْ دُبُرِهَا فِیْ قُبُلِهَا كَانَ الْوَلَدُ اَحْوَلَ فَنَزَلَتْ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب کوئی اپنی بیوی سے آگے کے بجائے پیچھے کی طرف سے صحبت کرتا تو یہودی کہا کرتے کہ بچہ بھینگا ہوگا چنانچہ یہ آیت نازل فرمائی گئی: تمہاری بیویاں تمہارے لیے کھیتیاں ہیں تو جدھر سے چاہو اپنی کھیتیوں میں آؤ (۲: ۲۲۳۔ متفق علیہ)۔

۳۰۴۶ وَعَنْهُ قَالَ كُنَّا نَعْزِلُ وَالْقُرْاٰنُ يَنْزِلُ مُتَّفَقٌ
۲
عَلَيْهِ وَزَادَ مُسْلِمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اُن سے ہی روایت ہے کہ ہم عزل کیا کرتے اور قرآن مجید نازل ہو رہا تھا۔ متفق علیہ۔ مسلم میں یہ بھی ہے: یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی پہنچی لیکن

www.alahazratnetwork.org



۳۰۴۷ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ لِيْ جَارِيَةً هِيَ خَادِمُنَا وَاَنَا اَطُوْفُ عَلَيْهَا وَاَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ فَقَالَ اعْزِلْ عَنْهَا اِنْ شِئْتَ فَاِنَّهٗ سَيَاْتِيْهَا مَا قُدِّرَ لَهَا فَلَبِثَ الرَّجُلُ ثُمَّ اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ الْجَارِيَةَ قَدْ حَبِلَتْ فَقَالَ قَدْ اَخْبَرْتُكَ اَنَّهٗ سَيَاْتِيْهَا مَا قُدِّرَ لَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان سے ہی روایت ہے کہ ایک شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، میری ایک لونڈی ہے جو ہماری خدمت کرتی ہے۔ میں اُس سے صحبت کرتا ہوں لیکن یہ ناپسند کرتا ہوں کہ اُسے حمل ہو۔ فرمایا کہ عزل کر لیا کرو اگر چاہو کیونکہ جو اُس کی قسمت میں ہے وہ ضرور آئے گا کچھ عرصے کے بعد وہ پھر حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ لونڈی حاملہ ہو گئی ہے فرمایا کہ میں نے تمہیں بتا دیا تھا کہ جو اُس کے مقدر میں ہے وہ آ کر رہے گا۔ (مسلم)

۳۰۴۸ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَاَصَبْنَا سَبْيًا مِّنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَاءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَاَحْبَبْنَا الْعَزْلَ فَاَرَدْنَا اَنْ نَّعْزِلَ وَقُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا قَبْلَ اَنْ نَّسْاَلَهٗ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا مَا مِنْ نَّسَمَةٍ كَائِنَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ہم غزوہ بنی مصطلق کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے۔ ہمیں عرب کی لونڈیاں ہاتھ آئیں جبکہ ہمیں عورتوں کی ضرورت تھی اور تجرد ہم پر مشکل گزر رہا تھا۔ ہم عزل کو پسند کرتے تھے لہٰذا ہم نے عزل کا ارادہ کیا تو کہا، ہم عزل کریں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود ہیں تو پوچھنے سے پہلے کیوں کریں۔ ہم نے اس کے متعلق پوچھا تو فرمایا: ایسا نہ کرنے میں بھی مضائقہ نہیں کیونکہ کوئی جان ایسی نہیں جس نے پیدا ہونا ہے مگر وہ پیدا ہو گی۔ (متفق علیہ)

۳۰۴۹ وَعَنْهُ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ مَا مِنْ كُلِّ الْمَاءِ يَكُوْنُ الْوَلَدُ وَاِذَا اَرَادَ اللّٰهُ خَلْقَ شَيْءٍ لَّمْ يَمْنَعْهُ شَيْءٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عزل کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا، ہر پانی کا بچہ نہیں بنتا بلکہ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کو پیدا کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو کوئی چیز اُسے روک نہیں سکتی۔ (مسلم)

۳۰۵۰ وَعَنْ سَعْدِ ابْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْزِلُ عَنِ امْرَاَتِيْ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ فَقَالَ الرَّجُلُ اُشْفِقُ عَلٰى وَلَدِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ ضَارًّا ضَرَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، میں اپنی بیوی سے عزل کرتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ ایسا کیوں کرتے ہو، وہ عرض گزار ہوا کہ اُس کی اولاد سے ڈرتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ نقصان دہ چیز ہوتی تو ایران اور روم کو نقصان پہنچتا۔ (مسلم)

۳۰۵۱ وَعَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ قَالَتْ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُنَاسٍ وَّهُوَ يَقُوْلُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ فَنَظَرْتُ فِي الرُّوْمِ وَفَارِسَ فَاِذَا هُمْ يُغِيْلُوْنَ اَوْلَادَهُمْ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ

حضرت جدامہ بنت وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی تو لوگوں کے درمیان آپ فرما رہے تھے، میں نے ارادہ کیا تھا کہ غیلہ سے منع کر دوں۔ جب روم اور ایران کے حالات دیکھے تو وہ اپنی اولاد میں غیلہ کرتے ہیں اور یہ چیز اُن کی اولاد کو ذرا بھی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَالِكَ الْوَادُ الْخَفِيُّ وَهِيَ وَاِذَا الْمَوْءُدَةُ سُئِلَتْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ خفیہ زندہ درگور کرنا ہے جو یہ ہے: اور جب پوچھی جائے گی جس کو زندہ درگور کیا گیا۔ (۸۱: ۸۔ مسلم)۔

۳۰۵۲ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلَ يُفْضِيْ اِلَى امْرَاَتِهٖ وَتُفْضِيْ اِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے روز بہت بڑی امانت ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے روز مرتبے کے لحاظ سے وہ آدمی بہت بُرا ہے جو اپنی بیوی کے پاس جائے اور وہ اس کے پاس آئے پھر اُس کا راز فاش کرے (مسلم)

## دوسری فصل

۳۰۵۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُوْحِيَ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ الْاٰيَةَ اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف وحی فرمائی گئی: تمہاری عورتیں تمہارے لیے کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتیوں میں (۲: ۲۲۳) آگے یا پیچھے سے لیکن مقعد اور حیض والی سے بچتے رہنا۔ (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

۳۰۵۴ وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللهَ لَا يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حق بات سے نہیں شرماتا لہٰذا عورتوں سے اُن کی دبُروں میں صحبت نہ کیا کرو۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)۔

۳۰۵۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ اَتَى امْرَاَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے جو اپنی عورت کے پاس اُس کی دبُر میں آئے (احمد، ابوداؤد)

۳۰۵۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِيْ يَاْتِي امْرَاَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا لَا يَنْظُرُ اللهُ اِلَيْهِ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی بیوی کے پاس اُس کی دبُر سے آئے گا اللہ تعالیٰ اُس کی طرف نظرِ کرم نہیں فرمائے گا۔ (شرح السنہ)

۳۰۵۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْظُرُ اللهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً فِي الدُّبُرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس آدمی کی طرف نہیں دیکھے گا جو کسی آدمی یا عورت کے پاس اُس کی دبُر سے آتا ہے۔ (ترمذی)۔

۳۰۵۸ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَاِنَّ الْغَيْلَ يُدْرِكُ الْفَارِسَ فَيُدَعْثِرُهٗ عَنْ فَرَسِهٖ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: اپنی اولاد کو خفیہ طریقے پر قتل نہ کرو کیونکہ غیل سوار کو پا لیتا ہے تو اُسے گھوڑے سے پچھاڑ دیتا

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

۳۰۵۹ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ[15] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعْزَلَ عَنِ الْحُرَّةِ اِلَّا بِاِذْنِهَا (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ کہ آزاد عورت سے عزل کیا جائے مگر اُس کی اجازت سے۔ (ابن ماجہ)۔

# سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات

## پہلی فصل

۳۰۶۰ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى[1] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا فِيْ بَرِيْرَةَ خُذِيْهَا فَاَعْتِقِيْهَا وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَلَوْ كَانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بریرہ کے متعلق اُن سے فرمایا اُنھیں لے کر آزاد کر دو اور اُس کا خاوند غلام تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کو اختیار دیا تو اُس نے اپنی ذات کو اختیار کیا۔ اگر وہ آزاد ہوتا تو عورت کو اختیار نہ دیا جاتا۔ (متفق علیہ)۔

۳۰۶۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ عَبْدًا[2] اَسْوَدَ يُقَالُ لَهُ مُغِيْثٌ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَطُوْفُ خَلْفَهَا فِيْ سِكَكِ الْمَدِيْنَةِ يَبْكِيْ وَدُمُوْعُهُ تَسِيْلُ عَلٰى لِحْيَتِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ يَا عَبَّاسُ اَلَا تَعْجَبُ مِنْ حُبِّ مُغِيْثٍ بَرِيْرَةَ وَمِنْ بُغْضِ بَرِيْرَةَ مُغِيْثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَاجَعْتِيْهِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْمُرُنِيْ قَالَ اِنَّمَا اَشْفَعُ قَالَتْ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ بریرہ کا خاوند کالا غلام تھا جس کو مغیث کہا جاتا تھا گویا میں اُسے اب بھی دیکھ رہا ہوں کہ مدینہ منورہ کی گلیوں میں اُس کے پیچھے روتا ہوا پھر رہا ہے اور آنسو اُس کی داڑھی پر بہہ رہے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عباس سے فرمایا، اے عباس! کیا تمہیں مغیث کی بریرہ سے محبت اور بریرہ کی مغیث سے نفرت حیران نہیں کرتی؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اچھا ہے کہ اُس کی طرف رجوع کرو۔ عرض کی کہ یا رسول اللہ! آپ مجھے حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ میں سفارش کر رہا ہوں۔ عرض گزار ہوئی کہ مجھے اُس کی حاجت نہیں ہے۔ (بخاری)

## دوسری فصل

۳۰۶۲ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تُعْتِقَ مَمْلُوْكَيْنِ لَهَا زَوْجٌ[3] فَسَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَبْدَاَ بِالرَّجُلِ قَبْلَ الْمَرْاَةِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ اُنھوں نے اپنے دو مملوک آزاد کرنے کا ارادہ کیا جو آپس میں میاں بیوی تھے۔ اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا، عورت سے

www.alahazratnetwork.org



۳۰۶۳ وَعَنْهَا اَنَّ بَرِيْرَةَ عَتَقَتْ وَهِيَ عِنْدَ مُغِيْثٍ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهَا اِنْ قَرِبَكِ فَلَا خِيَارَ لَكِ ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ بریرہ آزاد کی گئی تو وہ مغیث کے پاس تھی ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کو اختیار دیا اور فرمایا ، اگر تم نے اُسے قریب آنے دیا تو پھر تمہیں اختیار نہیں ہوگا ۔ (ابوداؤد) ۔

# بَابُ الصَّدَاقِ

# مہر کا بیان

## پہلی فصل

۳۰۶۴ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ وَهَبْتُ نَفْسِيْ لَكَ فَقَامَتْ طَوِيْلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَوِّجْنِيْهَا اِنْ لَّمْ تَكُنْ لَكَ فِيْهَا حَاجَةٌ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ تُصْدِقُهَا قَالَ مَا عِنْدِيْ اِلَّا اِزَارِيْ هٰذَا قَالَ فَالْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ فَالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَيْءٌ قَالَ نَعَمْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا فَقَالَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ انْطَلِقْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا فَعَلِّمْهَا مِنَ الْقُرْاٰنِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی : یا رسول اللہ ! میں نے اپنی جان آپ کے لیے ہبہ کر دی ۔ وہ کافی دیر کھڑی رہی تو ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا ، یا رسول اللہ ! اگر آپ کو اس کی حاجت نہیں تو اس کا نکاح میرے ساتھ کر دیجیے ۔ فرمایا کیا تمہارے پاس مہر کے لیے کوئی چیز ہے ؟ عرض کی کہ میرے پاس ازار کے سوا کچھ بھی نہیں ۔ فرمایا کہ تلاش تو کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہی ہو ۔ اُس نے تلاش کی تب بھی کوئی چیز نہ ملی ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تمہیں قرآن مجید سے کچھ آتا ہے ؟ عرض گزار ہوا کہ ہاں فلاں فلاں سورتیں ۔ فرمایا کہ میں نے اس کا نکاح تمہاری قرآن خوانی کے بدلے تمہارے ساتھ کر دیا ۔ دوسری روایت میں ہے کہ جاؤ میں نے اس کا نکاح تمہارے ساتھ کر دیا ، لہٰذا اسے قرآن کریم سکھانا ۔

(متفق علیہ)

۳۰۶۵ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ صَدَاقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ صَدَاقُهُ لِاَزْوَاجِهٖ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ اُوْقِيَّةً وَّنَشٌّ قَالَتْ اَتَدْرِيْ مَا النَّشُّ قُلْتُ لَا قَالَتْ نِصْفُ اُوْقِيَّةٍ فَتِلْكَ خَمْسُ مِائَةِ دِرْهَمٍ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَنَشٌّ بِالرَّفْعِ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِيْ جَمِيْعِ الْاُصُوْلِ)

حضرت ابوسلمہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کتنا مہر دیا کرتے تھے ؟ فرمایا کہ آپ کا اپنی ازواج مطہرات کے لیے مہر بارہ اوقیہ اور نش ہوتا تھا ۔ فرمایا کیا آپ جانتے ہیں کہ نش کیا ہے ؟ میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا کہ نصف اوقیہ ۔ پس یہ پانچ سو درہم ہو گئے ۔ اسے مسلم نے روایت کیا نیز شرح السنہ اور اصول کی تمام کتابوں میں نش پیش کے ساتھ ہے ۔

## دوسری فصل

۳۰۶۶ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اَلَا لَا تُغَالُوْا

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خبردار ! عورتوں کے مہر بڑھا چڑھا کر

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهِ لَكَانَ أَوْلَاكُمْ بِهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلِمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ شَيْئًا مِّنْ نِّسَائِهِ وَلَا أَنْكَحَ شَيْئًا مِّنْ بَنَاتِهِ عَلٰى أَكْثَرَ مِنِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أُوْقِيَّةً۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے زیادہ مستحق تھے، میرے علم میں تو نہیں کہ آپ نے اپنی کسی زوجۂ مطہرہ سے نکاح کیا یا اپنی کسی صاحبزادی کا نکاح کیا اور ان کا مہر ساڑھے بارہ اوقیہ سے زیادہ ہو۔

(احمد، ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)

٣٠٦٧ / ۴ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْطٰى فِيْ صَدَاقِ امْرَأَتِهِ مِلْءَ كَفَّيْهِ سَوِيْقًا أَوْ تَمْرًا فَقَدِ اسْتَحَلَّ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی بیوی کے مہر میں اپنی دونوں ہتھیلیاں بھر کر ستو یا کھجوریں دے دیں تب بھی وہ حلال ہو گئی۔

(ابوداؤد)

٣٠٦٨ / ۵ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِّنْ بَنِيْ فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ عَلٰى نَعْلَيْنِ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَضِيْتِ مِنْ نَّفْسِكِ وَمَالِكِ بِنَعْلَيْنِ قَالَتْ نَعَمْ فَأَجَازَهٗ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بنی فزارہ کی ایک عورت نے دو جوتوں کے بدلے نکاح کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا کہ تم اپنی جان و مال کی طرف دو جوتوں پر راضی ہو؟ اس نے کہا ہاں۔ آپ نے اسے جائز رکھا۔

(ترمذی)

٣٠٦٩ / ۶ وَعَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ رَّجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَّلَمْ يَفْرِضْ لَهَا شَيْئًا وَّلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ فَقَامَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْأَشْجَعِيُّ فَقَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَأَةٍ مِّنَّا بِمِثْلِ مَا قَضَيْتَ فَفَرِحَ بِهَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

علقمہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس مرد کے متعلق پوچھا جس نے کسی عورت سے نکاح کیا۔ اس کا کوئی مہر مقرر نہ کیا اور نہ اس کے ساتھ صحبت کی اور فوت ہو گیا۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا کہ وہ اپنی عورتوں کے برابر مہر کی حق دار ہے۔ نہ اس سے کم اور نہ زیادہ نیز اس پر عدت ہے اور اسے میراث ملے گی۔ چنانچہ حضرت معقل بن سنان اشجعی نے کھڑے ہو کر کہا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم میں سے ایک عورت بروع بنت واشق کا اسی طرح فیصلہ فرمایا تھا جیسا آپ نے کیا ہے۔ حضرت ابن مسعود اس پر خوش ہو گئے۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)

## تیسری فصل

٣٠٧٠ / ۷ عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ فَمَاتَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [illegible]

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں جو سرزمین حبشہ میں فوت ہو گئے۔ پس نجاشی نے [illegible]

www.alahazratnetwork.org



إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ شُرَحْبِيْلَ ابْنِ حَسَنَةَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حضرت شرحبیل بن حسنہ کے ساتھ روانہ کر دیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)۔

٣٠٧١ (٨) وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ تَزَوَّجَ أَبُوْ طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ فَكَانَ صَدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا الْإِسْلَامَ أَسْلَمَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ قَبْلَ أَبِيْ طَلْحَةَ فَخَطَبَهَا فَقَالَتْ إِنِّيْ قَدْ أَسْلَمْتُ فَإِنْ أَسْلَمْتَ نَكَحْتُكَ فَأَسْلَمَ فَكَانَ صَدَاقَ بَيْنَهُمَا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ نے حضرت امِ سُلیم سے نکاح کیا اور دونوں کے درمیان اسلام ہی مہر تھا۔ حضرت امِ سُلیم نے حضرت طلحہ سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا۔ انھوں نے نکاح کا پیام دیا تو انھوں نے کہا: میں نے اسلام قبول کر لیا ہے، اگر آپ بھی مسلمان ہو جائیں تو میں آپ سے نکاح کروں گی پس وہ مسلمان ہو گئے اور یہی ان دونوں کے درمیان مہر تھا (نسائی)

# بَابُ الْوَلِيْمَةِ　　ولیمہ کا بیان

## پہلی فصل

٣٠٧٢ (١) عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالَ إِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِّنْ ذَهَبٍ قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے اوپر زردی کا نشان دیکھا تو فرمایا، یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میں نے ایک عورت سے گٹھلی کے برابر سونے پر نکاح کر لیا ہے۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ برکت دے، ولیمہ بھی کرو خواہ ایک بکری سے ہو۔ (متفق علیہ)۔

٣٠٧٣ (٢) وَعَنْهُ قَالَ مَا أَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَحَدٍ مِّنْ نِّسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلَى زَيْنَبَ أَوْلَمَ بِشَاةٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی کسی زوجۂ مطہرہ کا ایسا ولیمہ نہیں کیا جیسا حضرت زینب کا کیا۔ ان کا ولیمہ ایک بکری سے کیا۔ (متفق علیہ)۔

٣٠٧٤ (٣) وَعَنْهُ قَالَ أَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَنَى بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَأَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًا وَّلَحْمًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت زینب سے زفاف فرمایا تو لوگوں کو روٹی اور گوشت سے شکم سیر کر دیا۔ (بخاری)

٣٠٧٥ (٤) وَعَنْهُ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا وَأَوْلَمَ عَلَيْهَا بِحَيْسٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کر کے اُن کے ساتھ نکاح کر لیا اور آزادی اُن کا مہر قرار دیا۔ آپ نے حیس کے ساتھ اُن کا ولیمہ کیا۔ (متفق علیہ)

٣٠٧٦ (٥) وَعَنْهُ قَالَ أَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ خَيْبَرَ وَالْمَدِيْنَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ يُبْنٰى عَلَيْهِ بِصَفِيَّةَ

انھوں نے ہی فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر اور مدینہ منورہ کے درمیان تین دن ٹھہرے اور وہاں حضرت صفیہ سے زفاف فرمایا۔ آپ

www.alahazratnetwork.org



وَلَا لَحْمٍ وَّمَا كَانَ فِيْهَا إِلَّا أَنْ أَمَرَ بِالْأَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ فَأُلْقِيَ عَلَيْهَا التَّمْرُ وَالْأَقِطُ وَالسَّمْنُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

آپ نے دسترخوان بچھانے کا حکم فرمایا اور اس پر کھجوریں، پنیر اور گھی رکھا گیا۔

(بخاری)

۳۰۷۷ وَعَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ أَوْلَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَعْضِ نِسَائِهٖ بِمُدَّيْنِ مِنْ شَعِيْرٍ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض ازواج مطہرات کا دو مُد جو کے ساتھ ولیمہ کیا۔

(بخاری)

۳۰۷۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْوَلِيْمَةِ فَلْيَأْتِهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَلْيُجِبْ عُرْسًا كَانَ أَوْ نَحْوَهٗ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو دعوت ولیمہ دی جائے تو اس میں حاضر ہو جائے (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ دعوت ولیمہ وغیرہ کو قبول کرنا چاہیے۔

۳۰۷۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلٰى طَعَامٍ فَلْيُجِبْ فَإِنْ شَاءَ طَعِمَ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو کھانے کے لیے بلایا جائے تو قبول کرنا چاہیے اگر چاہے تو کھائے اور چاہے چھوڑ دے۔ (مسلم)

۳۰۸۰ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيْمَةِ يُدْعٰى لَهَا الْأَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سب کھانوں سے بُرا وہ ولیمہ کا کھانا ہے جس میں مالدار بلائے جائیں اور غریبوں کو چھوڑ دیا جائے۔ جس نے دعوت قبول نہ کی اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ (متفق علیہ)۔

۳۰۸۱ وَعَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ يُكْنٰى أَبَا شُعَيْبٍ كَانَ لَهٗ غُلَامٌ لَحَّامٌ فَقَالَ اصْنَعْ لِيْ طَعَامًا يَكْفِيْ خَمْسَةً لَعَلِّيْ أَدْعُو النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَامِسَ خَمْسَةٍ فَصَنَعَ لَهٗ طُعَيِّمًا ثُمَّ أَتَاهُ فَدَعَاهُ فَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا شُعَيْبٍ إِنَّ رَجُلًا تَبِعَنَا فَإِنْ شِئْتَ أَذِنْتَ لَهٗ وَإِنْ شِئْتَ تَرَكْتَهٗ قَالَ لَا بَلْ أَذِنْتُ لَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انصار کے ایک آدمی کی کنیت ابو شعیب تھی جس کا ایک قصائی غلام تھا۔ اس نے غلام سے کہا کہ میرے لیے کھانا پکاؤ جو پانچ آدمیوں کے لیے کافی ہو تاکہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مدعو کروں اور آپ بھی ان پانچوں میں ہوں۔ اس نے تھوڑا سا کھانا پکایا، پھر وہ حاضر ہو کر آپ کو بلا لائے تو ایک آدمی اور پیچھے چلا آیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو شعیب! ایک آدمی ہمارے پیچھے آگیا ہے، اگر تم چاہو تو اسے اجازت دے دو اور اگر چاہو تو اسے چھوڑ دو۔ عرض گزار ہوئے کہ نہیں بلکہ میں نے اسے اجازت دے دی۔ (متفق علیہ)۔

## دوسری فصل

۳۰۸۲ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَمَ عَلٰى صَفِيَّةَ بِسَوِيْقٍ وَّتَمْرٍ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ستو اور کھجور سے حضرت صفیہ کا ولیمہ کیا۔

(احمد، ترمذی، ابو داؤد، ابن ماجہ)۔

www.alahazratnetwork.org



۳۰۸۳ ۱۲ وعن سفينة ان رجلا ضاف علي بن ابي طالب فصنع له طعاما فقالت فاطمة لو دعونا رسول الله صلى الله عليه وسلم فاكل معنا فدعوه فجاء فوضع يديه على عضادتي الباب فراى القرام قد ضرب في ناحية البيت فرجع قالت فاطمة فتبعته فقلت يا رسول الله ما ردك قال انه ليس لي او لنبي ان يدخل بيتا مزوقا

(رواه احمد وابن ماجة)

حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت علی کا مہمان ہوا تو آپ نے اُس کے لیے کھانا تیار۔ حضرت فاطمہ نے کہا: کاش ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی مدعو کریں تاکہ آپ ہمارے ساتھ کھانا تناول فرمائیں۔ آپ کو بلایا گیا تو آپ تشریف لائے۔ چنانچہ دونوں دستِ مبارک دروازے کے پہلوؤں پر رکھ لیے اور ایک پردہ دیکھا جو گھر کے ایک گوشے میں لٹکا ہوا تھا۔ چنانچہ لوٹ گئے حضرت فاطمہ آپ کے پیچھے گئیں اور عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! لوٹ کیوں آئے؟ فرمایا کہ میرے یا نبی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ زینت والے گھر میں داخل ہو (احمد، ابن ماجہ)

۳۰۸۴ ۱۳ وعن عبد الله بن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من دعي فلم يجب فقد عصى الله ورسوله ومن دخل على غير دعوة دخل سارقا وخرج مغيرا۔

(رواه ابو داود)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی دعوت کی جائے اور وہ قبول نہ کرے تو اُس نے اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کی اور جو بغیر دعوت کے اندر گیا وہ چور کی شکل میں داخل ہوا اور ڈاکو کی صورت میں باہر نکلا۔ (ابو داؤد)۔

۳۰۸۵ ۱۴ وعن رجل من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا اجتمع الداعيان فاجب اقربهما بابا وان سبق احدهما فاجب الذي سبق۔

(رواه احمد وابو داود)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو دعوت کرنے والے جمع ہو جائیں تو اُس کی قبول کرو جس کا دروازہ زیادہ نزدیک ہے اور اگر ایک پہلے آئے تو اُس کی قبول کرو جو پہلے آیا۔

(احمد، ابو داؤد)

۳۰۸۶ ۱۵ وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم طعام اول يوم حق وطعام يوم الثاني سنة وطعام يوم الثالث سمعة ومن سمع سمع الله به۔

(رواه الترمذي)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے دن کا کھانا حق ہے۔ دوسرے دن کا کھانا سنت اور تیسرے دن کا کھانا دکھاوا ہے۔ جو دکھاوا کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کا دکھاوا کر دے گا (ترمذی)۔

۳۰۸۷ ۱۶ وعن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن طعام المتباريين ان يؤكل۔ (رواه ابو داود وقال محيي السنة والصحيح انه عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل)

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فخریہ کھلانے والوں کا کھانا کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ابو داؤد) امام محی السنہ نے فرمایا: صحیح یہ ہے کہ اسے عکرمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

## تیسری فصل

۳۰۸۸ ۱۷ عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المتباريان لا يجابان ولا يؤكل طعامهما

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دو شخص ضد سے کھانا کھلا رہے ہوں اُن کی

www.alahazratnetwork.org



وَرِيَاءً ۔

مراد فخر اور ریا کی خاطر جھگڑنے والے ہیں۔

٣٠٨٩ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ إِجَابَةِ طَعَامِ الْفَاسِقِيْنَ ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فاسقوں کی دعوت قبول کرنے سے منع فرمایا ہے۔

٣٠٩٠ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمْ عَلٰى أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ فَلْيَأْكُلْ مِنْ طَعَامِهِ وَلَا يَسْأَلْ وَيَشْرَبْ مِنْ شَرَابِهِ وَلَا يَسْأَلْ رَوَى الْأَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ هٰذَا إِنْ صَحَّ فَلِأَنَّ الظَّاهِرَ أَنَّ الْمُسْلِمَ لَا يُطْعِمُهُ وَلَا يَسْقِيْهِ إِلَّا مَا هُوَ حَلَالٌ عِنْدَهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی کے پاس جائے تو اُس کے کھانے میں سے کھائے اور مزید کا سوال نہ کرے اُس کے پینے کی چیزوں سے پی لے اور مزید کا سوال نہ کرے۔ ان مذکورہ تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے اور فرمایا کہ اگر یہ صحیح ہے تو بایں صورت کہ اس سے ظاہر ہے کہ مسلمان وہی چیز کھلاتا پلاتا ہے جو اُس کے نزدیک حلال ہوتی ہے۔

# بَابُ الْقَسْمِ

# عورتوں کی باری کا بیان

## پہلی فصل

٣٠٩١ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ عَنْ تِسْعِ نِسْوَةٍ وَكَانَ يَقْسِمُ مِنْهُنَّ لِثَمَانٍ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وصال کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نو ازواج مطہرات تھیں اور اُن میں سے آٹھ کی آپ نے باریاں مقرر فرمائی ہوئی تھیں۔ (متفق علیہ)

٣٠٩٢ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ سَوْدَةَ لَمَّا كَبِرَتْ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ جَعَلْتُ يَوْمِيْ مِنْكَ لِعَائِشَةَ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لِعَائِشَةَ يَوْمَيْنِ يَوْمَهَا وَيَوْمَ سَوْدَةَ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت سودہ جب بوڑھی ہو گئیں تو عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! میں نے اپنی باری کا روز حضرت عائشہ کو دے دیا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ کو دو دن مرحمت فرمائے۔ ایک اُن کا اپنا اور دوسرا دن حضرت سودہ والا۔ (متفق علیہ)

٣٠٩٣ وَعَنْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْأَلُ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ أَيْنَ أَنَا غَدًا أَيْنَ أَنَا غَدًا يُرِيْدُ يَوْمَ عَائِشَةَ فَأَذِنَ لَهُ أَزْوَاجُهُ يَكُوْنُ حَيْثُ شَاءَ فَكَانَ فِيْ بَيْتِ عَائِشَةَ حَتّٰى مَاتَ عِنْدَهَا ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اُس مرض میں پوچھا کرتے جس میں وصال فرمایا کہ کل میں کہاں ہوں گا؟ کل میں کہاں ہوں گا؟ مراد حضرت عائشہ کی باری تھی۔ پس ازواج مطہرات نے آپ کو اجازت دے دی کہ جہاں چاہیں جلوہ افروز رہیں چنانچہ آپ حضرت عائشہ کے کاشانۂ اقدس میں رہے یہاں تک کہ اُن کے پاس ہی وفات پائی۔ (بخاری)

٣٠٩٤ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا أَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَأَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالتے جس کے نام قرعہ نکل آتا اُسی کو آپ اپنے ساتھ لے جاتے۔ (متفق علیہ)

٣٠٩٥

www.alahazratnetwork.org



تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ اَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا وَ قَسَمَ وَاِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ اَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَسَمَ قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ وَلَوْ شِئْتُ لَقُلْتُ اِنَّ اَنَسًا رَفَعَهٗ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سنت ہے کہ جب کوئی شخص بیوہ پر کنواری عورت کے ساتھ نکاح کرے تو اُس کے پاس سات روز ٹھہرے اور پھر باری مقرر کرے اور جب بیوہ سے نکاح کرے تو اُس کے پاس تین دن ٹھہرے، پھر باری تقسیم کرے۔ ابوقلابہ نے کہا: اگر میں چاہتا تو کہہ دیتا کہ حضرت انس نے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ (متفق علیہ)۔

۳۰۹۶ وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ رَسُوْلَ
٦
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تَزَوَّجَ اُمَّ سَلَمَةَ وَ اَصْبَحَتْ عِنْدَهٗ قَالَ لَهَا لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ وَسَبَّعْتُ عِنْدَهُنَّ وَاِنْ شِئْتِ ثَلَّثْتُ عِنْدَكِ وَدُرْتُ قَالَتْ ثَلِّثْ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ قَالَ لَهَا لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَلِلثَّيِّبِ ثَلٰثٌ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت اُم سلمہ سے نکاح کیا اور اُن کے پاس رات گزاری تو اُن سے فرمایا: تمہاری وجہ سے تمہارے خاندان والوں کی حقارت نہیں اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہوں اور دوسری ازواج کے پاس بھی سات سات روز اور اگر تم چاہو تو تین دن تمہارے پاس اور پھر باری سے تو انہوں نے تین دن کے لیے کہا۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے اُن سے فرمایا: کنواری کے لیے سات دن اور ثیبہ کے لیے تین دن۔ (مسلم)۔

## دوسری فصل

۳۰۹۷ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
٧
كَانَ يَقْسِمُ بَيْنَ نِسَائِهٖ فَيَعْدِلُ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِيْ فِيْمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِيْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات میں باری برابر رکھا کرتے تھے اور کہتے:۔ اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے جو میرے اختیار میں ہے لہٰذا مجھے اُس پر ملامت نہ کرنا جو تیرے اختیار میں ہے اور میرے اختیار میں نہیں ہے (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

۳۰۹۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
٨
وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَتْ عِنْدَ الرَّجُلِ امْرَاَتَانِ فَلَمْ يَعْدِلْ بَيْنَهُمَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَشِقُّهٗ سَاقِطٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی آدمی کی دو بیویاں ہوں اور وہ اُن کے درمیان انصاف نہ کرے تو قیامت میں یوں حاضر ہوگا کہ اُس کا آدھا جسم ٹیڑھا ہوگا۔
(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

## تیسری فصل

۳۰۹۹ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَضَرْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ جَنَازَةَ
٩
مَيْمُوْنَةَ بِسَرِفَ فَقَالَ هٰذِهٖ زَوْجَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَفَعْتُمْ نَعْشَهَا فَلَا تُزَعْزِعُوْهَا وَلَا تُزَلْزِلُوْهَا وَارْفُقُوْا بِهَا فَاِنَّهٗ كَانَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

عطاء کا بیان ہے کہ ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ سرف کے مقام پر حضرت میمونہ کے جنازے میں شامل ہوئے۔ فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ ہیں۔ جب اِن کے جنازے کو اٹھاؤ تو نہ ہلانا اور نہ جنبش دینا بلکہ نرمی کرنا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وَلَا يَقْسِمُ لِوَاحِدَةٍ قَالَ عَطَاءٌ اَلَّتِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْسِمُ لَهَا بَلَغَنَا اَنَّهَا صَفِيَّةُ وَكَانَتْ اٰخِرَهُنَّ مَوْتًا مَاتَتْ بِالْمَدِيْنَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَالَ رَزِيْنٌ قَالَ غَيْرُ عَطَاءٍ هِيَ سَوْدَةُ وَهُوَ اَصَحُّ وَهَبَتْ يَوْمَهَا لِعَائِشَةَ حِيْنَ اَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَاقَهَا فَقَالَتْ لَهُ اَمْسِكْنِيْ قَدْ وَهَبْتُ يَوْمِيْ لِعَائِشَةَ لَعَلِّيْ اَنْ اَكُوْنَ مِنْ نِسَآئِكَ فِي الْجَنَّةِ۔

ایک کی باری نہ تھی عطاء نے فرمایا کہ وہ جن کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باری مقرر نہیں فرمائی تھی، ہم تک یہ بات پہنچی کہ وہ حضرت صفیہ تھیں جو مدینہ منورہ کے اندر اُن میں سے سب کے بعد فوت ہوئیں (متفق علیہ) رزین نے کہا عطاء کے سوا دوسرے حضرات نے کہا کہ وہ حضرت سودہ تھیں اور یہی زیادہ صحیح ہے کیونکہ انھوں نے اپنی باری حضرت عائشہ کو دے دی تھی جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں طلاق دینے کا ارادہ فرمایا تھا، بعرض گزار ہوئیں: مجھے اپنے پاس ہی رکھیے اور میں نے اپنی باری حضرت عائشہ کو دی تاکہ جنت کے اندر میں بھی آپ کی ازواجِ مطہرات میں شامل رہوں۔

# بَابُ عِشْرَةِ النِّسَآءِ

## عورتوں سے حُسنِ معاشرت کا بیان

### پہلی فصل

۳۱۰۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَوْصُوْا بِالنِّسَآءِ خَيْرًا فَاِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ ضِلْعٍ وَاِنَّ اَعْوَجَ شَيْءٍ فِي الضِّلْعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهُ كَسَرْتَهُ وَاِنْ تَرَكْتَهُ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَآءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، عورتوں کے بارے میں بھلائی کی وصیت قبول کرو کیونکہ وہ پسلی سے پیدا ہوئی ہیں اور پسلی میں اوپر والا حصہ ٹیڑھا ہوتا ہے اگر اُسے سیدھا کرنے چلوگے تو اُسے توڑ ڈالوگے اور اُسے چھوڑے رہوگے تو ہمیشہ ٹیڑھی رہے گی، لہٰذا وصیت مانو۔ (متفق علیہ)

۳۱۰۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلْعٍ لَنْ تَسْتَقِيْمَ لَكَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ فَاِنِ اسْتَمْتَعْتَ بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ وَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهَا كَسَرْتَهَا وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بیشک عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے لہٰذا تمہارے لیے کبھی سیدھی نہیں ہوگی۔ اگر تم اُس سے فائدہ اٹھا سکتے ہو تو اُس سے اور اُس کی کجی سے فائدہ اٹھاؤ۔ اگر اُسے سیدھا کرنے لگا ہوگے تو توڑ ڈالوگے اور اُس کا توڑنا طلاق ہے۔ (مسلم)

۳۱۰۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً اِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا رَضِيَ مِنْهَا اٰخَرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی مومن کسی مومنہ بیوی کو دشمن شمار نہ کرے اگر اُس کی ایک عادت ناپسند ہے تو دوسری سے خوش بھی ہوگا۔ (مسلم)

۳۱۰۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا بَنُوْ اِسْرَآئِيْلَ لَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَا حَوَّآءُ لَمْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو گوشت کبھی خراب نہ ہوتا اور اگر حضرت حوا نہ ہوتیں تو کوئی

٣١٠٤ / ٥ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْلِدْ اَحَدُكُمُ امْرَأَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِيْ اٰخِرِ الْيَوْمِ وَفِيْ رِوَايَةٍ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ فَيَجْلِدُ امْرَأَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ فَلَعَلَّهٗ يُضَاجِعُهَا فِيْ اٰخِرِ يَوْمِهٖ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِيْ ضَحِكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ فَقَالَ لِمَ يَضْحَكُ اَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی تم میں سے اپنی بیوی کو غلام کی طرح کوڑے نہ مارے پھر دن کے آخر میں اُس سے صحبت بھی کرے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ تم سے کوئی ارادہ کرے تو اپنی بیوی کو غلاموں کی طرح کوڑے مارتا ہے اور شاید دن کے آخر میں وہ اُس سے ہم بستر بھی ہوتا ہے۔ پھر لوگوں کو ہوا خارج ہونے کی آواز پر ہنسنے کے متعلق نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: کوئی تم میں سے اُس کام پر کیوں ہنستا ہے جو وہ خود بھی کرتا ہے۔ (متفق علیہ)

٣١٠٥ / ٦ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لِيْ صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِيْ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ يَتَقَمَّعْنَ مِنْهُ فَيُسَرِّبُهُنَّ اِلَيَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِيْ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی۔ میری سہیلیاں بھی تھیں جو میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لاتے تو وہ چلی جاتیں۔ آپ انھیں میرے پاس بھیج دیتے تو وہ میرے ساتھ کھیلنے لگ جاتیں۔

(متفق علیہ)

٣١٠٦ / ٧ وَعَنْهَا قَالَتْ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ عَلٰى بَابِ حُجْرَتِيْ وَالْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ بِالْحِرَابِ فِي الْمَسْجِدِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ بِرِدَائِهٖ لِاَنْظُرَ اِلٰى لَعِبِهِمْ بَيْنَ اُذُنِهٖ وَعَاتِقِهٖ ثُمَّ يَقُوْمُ مِنْ اَجْلِيْ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا الَّتِيْ اَنْصَرِفُ فَاقْدُرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ الْحَرِيْصَةِ عَلَى اللَّهْوِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُنھوں نے ہی فرمایا کہ خدا کی قسم، میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ میرے حجرے کے دروازے پر کھڑے ہو جاتے اور حبشی مسجد میں نیزہ بازی کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے اپنی چادر مبارک سے چھپا لیتے تاکہ آپ کے مبارک گوش و دوش کے درمیان سے دیکھوں۔ پھر میری وجہ سے کھڑے رہتے یہاں تک کہ میں خود چلی جاتی۔ اِسی سے نو عمر لڑکیوں کی کھیل سے دلچسپی کا اندازہ خود کر لو۔

(متفق علیہ)

٣١٠٧ / ٨ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً وَّاِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبٰى فَقُلْتُ مِنْ اَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ فَقَالَ اِذَا كُنْتِ عَنِّيْ رَاضِيَةً فَاِنَّكِ تَقُوْلِيْنَ لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ وَّاِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبٰى قُلْتِ لَا وَرَبِّ اِبْرٰهِيْمَ قَالَتْ قُلْتُ اَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَهْجُرُ اِلَّا اسْمَكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں بخوبی جان لیتا ہوں جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو اور جب ناخوش ہوتی ہو۔ میں عرض گزار ہوئی کہ آپ یہ بات کس طرح پہچانتے ہیں؟ فرمایا کہ جب تم مجھ سے راضی ہوتی ہو تو کہتی ہو: رب محمد کی قسم اور جب مجھ سے ناخوش ہوتی ہو تو کہتی ہو: رب ابراہیم کی قسم۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! خدا کی قسم، بات یہی ہے لیکن میں نہیں چھوڑتی مگر صرف آپ کا اسم مبارک

(متفق علیہ)

٣١٠٨ / ٩ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَأَتَهٗ اِلٰى فِرَاشِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ انکار کرے ...

www.alahazratnetwork.org



مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُو امْرَأَتَهٗ إِلٰى فِرَاشِهٖ فَتَأْبٰى عَلَيْهِ إِلَّا كَانَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ سَاخِطًا عَلَيْهَا حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهَا۔

دونوں کی ایک اور روایت میں فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کہ کوئی آدمی نہیں جو اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے اور وہ انکار کر دے تو آسمان کا مالک اُس سے ناراض ہوتا ہے، یہاں تک کہ اُس کا خاوند راضی ہو جائے۔

---

۳۱۰۹ وَعَنْ أَسْمَاءَ أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ[10] لِي ضَرَّةً فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ مِنْ زَوْجِي غَيْرَ الَّذِي يُعْطِينِي فَقَالَ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میری ایک سوکن ہے، کیا مجھ پر کوئی گناہ ہے اگر میں اپنے خاوند کی طرف وہ چیز منسوب کروں جو اُنھوں نے مجھے دی نہ ہو؟ فرمایا کہ نہ دی چیز کا دعویٰ کرنے والا جھوٹ کے کپڑے پہننے والے جیسا ہے (متفق علیہ)۔

۳۱۱۰ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ آلٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ[11] وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهٖ شَهْرًا وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهٗ فَأَقَامَ فِي مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَعِشْرِينَ لَيْلَةً ثُمَّ نَزَلَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ آلَيْتَ شَهْرًا فَقَالَ إِنَّ الشَّهْرَ يَكُونُ تِسْعًا وَعِشْرِينَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواجِ مطہرات سے ایک ماہ کا ایلاء کیا اور آپ کے پیر میں موچ آگئی تھی تو آپ بالاخانے پر انتیس دن جلوہ افروز رہے، پھر اُتر آئے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے تو ایک ماہ کا ایلاء کیا تھا؟ فرمایا کہ مہینا انتیس[29] دنوں کا بھی ہوتا ہے۔ (بخاری)

۳۱۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَسُولِ[12] اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوسًا بِبَابِهٖ لَمْ يُؤْذَنْ لِأَحَدٍ مِنْهُمْ قَالَ فَأُذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ فَدَخَلَ ثُمَّ أَقْبَلَ عُمَرُ فَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهٗ فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهٗ نِسَاؤُهٗ وَاجِمًا سَاكِتًا قَالَ فَقَالَ لَأَقُولَنَّ شَيْئًا أُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ لَوْ رَأَيْتَ بِنْتَ خَارِجَةَ سَأَلَتْنِي النَّفَقَةَ فَقُمْتُ إِلَيْهَا فَوَجَأْتُ عُنُقَهَا فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ هُنَّ حَوْلِي كَمَا تَرٰى يَسْأَلْنَنِي النَّفَقَةَ فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ إِلٰى عَائِشَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا وَقَامَ عُمَرُ إِلٰى حَفْصَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا كِلَاهُمَا يَقُولُ تَسْأَلْنَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهٗ فَقُلْنَ وَاللهِ لَا نَسْأَلُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهٗ ثُمَّ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر حاضر ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت طلب کرنے لگے۔ اُنھوں نے دیکھا کہ دروازے پر کافی لوگ بیٹھے ہیں جن میں سے کسی کو بھی اجازت نہیں ملی۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر کو اجازت دے دی اور وہ اندر داخل ہو گئے۔ پھر حضرت عمر نے آکر اجازت مانگی تو انھیں اجازت دے دی گئی۔ اُنھوں نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے ہیں غمگین اور خاموشی کی حالت میں اردگرد ازواجِ مطہرات تھیں۔ دل میں کہا کہ میں کوئی ایسی بات کہوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑیں۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! بنتِ خارجہ کا حال ملاحظہ فرمائیے کہ مجھ سے خرچہ مانگا تو میں کھڑا ہوا اور اُس کی گردن مروڑ دی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے اور فرمایا کہ یہ جو میرے گرد تم دیکھ رہے ہو یہ بھی مجھ سے خرچہ مانگ رہی ہیں۔ پس حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے کہ حضرت عائشہ کی گردن مروڑیں اور حضرت عمر کھڑے ہوئے کہ حضرت حفصہ کی گردن مروڑیں۔ دونوں فرما رہے تھے کہ تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے وہ چیز مانگ رہی ہو جو اُن کے پاس نہیں ہے۔ چنانچہ ہم عرض گزار ہوئیں: خدا کی قسم ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کبھی ایسی چیز کا مطالبہ نہیں کریں گی جو آپ کے پاس

www.alahazratnetwork.org



هٰذِهِ الْاٰيَةَ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ حَتّٰى بَلَغَ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا قَالَ فَبَدَأَ بِعَائِشَةَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْرِضَ عَلَيْكِ اَمْرًا اُحِبُّ اَلَّا تَعْجَلِيْ فِيْهِ حَتّٰى تَسْتَشِيْرِيْ اَبَوَيْكِ قَالَتْ وَمَا هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَتَلَا عَلَيْهَا الْاٰيَةَ قَالَتْ اَفِيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْتَشِيْرُ اَبَوَيَّ بَلْ اَخْتَارُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَاَسْاَلُكَ اَنْ لَّا تُخْبِرَ امْرَاَةً مِّنْ نِّسَآئِكَ بِالَّذِيْ قُلْتُ قَالَ لَا تَسْاَلُنِيْ امْرَاَةٌ مِّنْهُنَّ اِلَّا اَخْبَرْتُهَا اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْنِيْ مُعَنِّتًا وَّلَا مُتَعَنِّتًا وَّلٰكِنْ بَعَثَنِيْ مُعَلِّمًا مُّيَسِّرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہوئی: اے غیب کی خبریں بتانے والے! اپنی بیویوں سے فرما دو۔۔۔۔ تم میں سے نیکی کرنے والیوں کے لیے بڑا ثواب ہے (۳۳: ۲۸: ۲۹) چنانچہ آپ نے حضرت عائشہ سے ابتدا کرتے ہوئے فرمایا: اے عائشہ! میں تمہیں ایک بات کا اختیار دینے لگا ہوں اور چاہتا ہوں کہ اُس میں تم جلدی نہ کرو گی بلکہ اپنے والدین سے مشورہ کر لو گی۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ چنانچہ آپ نے اُنھیں آیت پڑھ کر سنائی۔ عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ بلکہ میں تو اللہ، اُس کے رسول اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں اور میں آپ سے سوال کرتی ہوں کہ اپنی ازواجِ مطہرات میں سے کسی کو نہ بتائیں جو میں نے عرض کیا ہے۔ فرمایا کہ اگر کسی بیوی نے اُن میں سے پوچھا تو میں بتا دوں گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے غم پہنچانے والا اور غم میں گھلنے والا بنا کر نہیں بھیجا بلکہ معلم اور مشکل کشا بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔ (مسلم)

۳۱۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغَارُ عَلَى اللَّاتِيْ
۱۳ وَهَبْنَ اَنْفُسَهُنَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَتَهَبُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ قُلْتُ مَا اَرٰى رَبَّكَ اِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَحَدِيْثُ جَابِرٍ اتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَآءِ ذُكِرَ فِيْ قِصَّةِ حَجَّةِ الْوَدَاعِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں اُن عورتوں پر غیرت کھاتی تھی جنھوں نے اپنی جان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہبہ کر دی تھی۔ میں نے کہا کہ کیا عورت اپنی جان ہبہ کر سکتی ہے؟ جب اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: ان میں سے جس کو چاہو ہٹا دو اور جس کو چاہو اپنے پاس جگہ دو اور جن کو تم نے دور کر دیا ہے اُن میں جسے چاہو پاس بلا لو تو تم پر کوئی گناہ نہیں (۳۳: ۵۱) عرض گزار ہوئی کہ میں آپ کے رب کو نہیں دیکھتی مگر وہ آپ کی خواہش کو پورا کرنے میں جلدی فرماتا ہے۔ (متفق علیہ) اور حدیث جابر کہ عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو حجۃ الوداع کے واقعہ میں بیان کر دی گئی ہے۔

## دوسری فصل

۳۱۱۳ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
۱۴ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ قَالَتْ فَسَابَقْتُهٗ فَسَبَقْتُهٗ عَلٰى رِجْلَيَّ فَلَمَّا حَمَلْتُ اللَّحْمَ سَابَقْتُهٗ فَسَبَقَنِيْ قَالَ هٰذِهٖ بِتِلْكَ السَّبْقَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک سفر میں وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں۔ انھوں نے فرمایا کہ میں نے آپ کے ساتھ دوڑ لگائی تو میں آگے نکل گئی۔ جب میرا جسم بھاری ہو گیا اور دوڑ لگائی تو آپ مجھ سے آگے نکل گئے اور فرمایا: یہ تمہاری پہلی سبقت کا بدلہ ہو گیا۔ (ابو داؤد)

۳۱۱۴ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۱۵ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاَنَا خَيْرُكُمْ لِاَهْلِيْ وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلٰى قَوْلِهٖ لِاَهْلِيْ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے اچھا وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہے اور میں اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہوں اور جب تمہارا کوئی ساتھی فوت ہو جائے تو اُس کا پیچھا چھوڑ دو۔ اسے ترمذی اور دارمی نے روایت کیا اور ابن ماجہ نے حضرت ابن عباس سے لِاَھْلِیْ تک۔

۳۱۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۱۶

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ اَلْمَرْأَةُ اِذَا صَلَّتْ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَاَحْصَنَتْ فَرْجَهَا وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا فَلْتَدْخُلْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْنُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

علیہ وسلم نے فرمایا: عورت جب پانچوں نمازیں پڑھے، رمضان کے روزے رکھے، اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرے اور اپنے شوہر کا حکم مانے تو جنت کے جس دروازے سے چاہے اندر داخل ہو جائے۔ اسے ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے۔

۳۱۱۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْأَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔ [17]

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو دوسرے کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کیا کرے۔

(ترمذی)

۳۱۱۷ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا امْرَأَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ دَخَلَتِ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) [18]

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت فوت ہو گئی اور اس کا خاوند اس سے راضی ہے تو وہ جنت میں داخل ہو گئی (ترمذی)۔

۳۱۱۸ وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا الرَّجُلُ دَعَا زَوْجَتَهٗ لِحَاجَتِهٖ فَلْتَأْتِهٖ وَاِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّوْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) [19]

حضرت طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مرد اپنی حاجت کے لیے اپنی بیوی کو بلائے تو اس کے پاس چلی جائے خواہ وہ تنور پر ہی مصروف ہو۔ (ترمذی)۔

۳۱۱۹ وَعَنْ مُعَاذٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُؤْذِيْ امْرَأَةٌ زَوْجَهَا فِي الدُّنْيَا اِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهٗ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ لَا تُؤْذِيْهِ قَاتَلَكِ اللّٰهُ فَاِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِيْلٌ يُوْشِكُ اَنْ يُّفَارِقَكِ اِلَيْنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) [20]

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی عورت دنیا میں اپنے خاوند کو تکلیف پہنچاتی ہے تو حور عین سے اس کی زوجہ کہتی ہے کہ انہیں تکلیف نہ پہنچا، خدا تجھے غارت کرے۔ یہ تو تیرے پاس چند روزہ مہمان ہیں، عنقریب تجھ سے جدا ہو کر ہمارے پاس آجائیں گے (ترمذی، ابن ماجہ) ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۱۲۰ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْقُشَيْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ زَوْجَةِ اَحَدِنَا عَلَيْهِ قَالَ اَنْ تُطْعِمَهَا اِذَا طَعِمْتَ وَتَكْسُوَهَا اِذَا اكْتَسَيْتَ وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ وَلَا تُقَبِّحْ وَلَا تَهْجُرْ اِلَّا فِي الْبَيْتِ۔ [21]

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حکیم بن قشیری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم پر ہماری بیویوں کا کیا حق ہے؟ فرمایا کہ جب تم کھاؤ تو اسے بھی کھلاؤ، جب پہنو تو اسے بھی پہناؤ اور اس کے منہ پر نہ مارو اور اسے جدا نہ کرو مگر گھر میں۔

(احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۱۲۱ وَعَنْ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ امْرَأَةً فِيْ لِسَانِهَا شَيْءٌ يَعْنِي الْبَذَاءَ قَالَ طَلِّقْهَا قُلْتُ اِنَّ لِيْ مِنْهَا وَلَدًا وَلَهَا صُحْبَةٌ قَالَ فَمُرْهَا يَقُوْلُ عِظْهَا فَاِنْ يَّكُ فِيْهَا خَيْرٌ فَسَتَقْبَلُ وَلَا تَضْرِبَنَّ [22]

حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میری بیوی زبان دراز ہے۔ فرمایا کہ اسے طلاق دے دو۔ عرض کی کہ میری اس سے اولاد ہے اور ایک عرصہ صحبت رہی ہے۔ فرمایا تو اسے نصیحت کرو، اگر اس میں بھلائی ہوگی تو نصیحت قبول کرے گی اور اسے لونڈی کی

www.alahazratnetwork.org



۳۱۲۲ وَعَنْ اِيَاسِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَضْرِبُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَئِرْنَ النِّسَاءُ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ فَرَخَّصَ فِيْ ضَرْبِهِنَّ فَاَطَافَ بِاٰلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَشْكُوْنَ اَزْوَاجَهُنَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ طَافَ بِاٰلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَشْكُوْنَ اَزْوَاجَهُنَّ لَيْسَ اُولٰئِكَ بِخِيَارِكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)
۲۳

حضرت ایاس ابن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ پیٹا کرو۔ حضرت عمر اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: عورتیں اپنے خاوندوں پر دلیر ہوگئیں۔ لہٰذا آپ نے انھیں مارنے کی اجازت مرحمت فرمادی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات کے پاس کتنی ہی عورتوں نے جمع ہو کر اپنے خاوندوں کی شکایت کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس کتنی ہی عورتوں نے جمع ہو کر اپنے خاوندوں کی شکایت کی ہے۔ یہ تمہارے اچھے آدمی نہیں ہیں۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

۳۱۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَاَةً عَلٰى زَوْجِهَا اَوْ عَبْدًا عَلٰى سَيِّدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)
۲۴

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ہم میں سے نہیں جو عورت کو اس کے خاوند اور غلام کو اس کے آقا کے خلاف ورغلائے۔ (ابوداؤد)۔

۳۱۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّاَلْطَفُهُمْ بِاَهْلِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)
۲۵

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں سے کامل ایمان والے وہ ہیں جن کا اخلاق اچھا ہے اور اپنے گھر والوں سے اچھا سلوک کرتے ہیں۔ (ترمذی)

۳۱۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا وَّخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَرَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ اِلٰى قَوْلِهٖ خُلُقًا)
۲۶

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں سے کامل ایمان والے وہ ہیں جن کا اخلاق اچھا ہے اور تم میں سے اچھے وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہیں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوداؤد نے اسے خلقا تک روایت کیا۔

۳۱۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ اَوْ حُنَيْنٍ وَّفِيْ سَهْوَتِهَا سِتْرٌ فَهَبَّتْ رِيْحٌ فَكَشَفَتْ نَاحِيَةَ السِّتْرِ عَنْ بَنَاتٍ لِّعَائِشَةَ لُعَبٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ قَالَتْ بَنَاتِيْ وَرَاٰى بَيْنَهُنَّ فَرَسًا لَّهٗ جَنَاحَانِ مِنْ رِّقَاعٍ فَقَالَ مَا هٰذَا الَّذِيْ اَرٰى وَسْطَهُنَّ قَالَتْ فَرَسٌ قَالَ وَمَا هٰذَا الَّذِيْ عَلَيْهِ قَالَتْ جَنَاحَانِ قَالَ فَرَسٌ لَّهٗ جَنَاحَانِ قَالَتْ اَمَا سَمِعْتَ اَنَّ لِسُلَيْمٰنَ خَيْلًا لَّهَا اَجْنِحَةٌ قَالَتْ فَضَحِكَ حَتّٰى رَاَيْتُ نَوَاجِذَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)
۲۷

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک یا غزوۂ حنین سے واپس تشریف لائے تو ان کے طاق پر پردہ لٹک رہا تھا۔ ہوا کا جھونکا آیا تو پردے کا ایک کنارہ ہٹ گیا جس سے حضرت عائشہ صدیقہ کے کھیلنے کی گڑیاں کھل گئیں۔ فرمایا کہ اے عائشہ! یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئیں کہ میری گڑیاں اور آپ نے ان کے درمیان ایک گھوڑا دیکھا جس کے دو پر تھے۔ فرمایا کہ میں ان کے درمیان میں کیا دیکھ رہا ہوں؟ عرض کی کہ گھوڑا۔ فرمایا کہ اس کے اوپر کیا ہے؟ فرمایا کہ گھوڑے کے دو پر ہوتے ہیں؟ عرض گزار ہوئیں: کیا آپ نے نہیں سنا کہ حضرت سلیمان کا گھوڑا پروں والا تھا؟ ان کا بیان ہے کہ آپ ہنس پڑے یہاں تک کہ میں نے آپ کے دندانِ مبارک دیکھ لیے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



# تیسری فصل

۳۱۲۷/۲۸ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَقُلْتُ لَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَقُّ أَنْ يُسْجَدَ لَهُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنِّي أَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانٍ لَهُمْ فَأَنْتَ أَحَقُّ بِأَنْ يُسْجَدَ لَكَ فَقَالَ لِي أَرَأَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِي أَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهُ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ لَا تَفْعَلُوا لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ النِّسَاءَ أَنْ يَسْجُدْنَ لِأَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ حَقٍّ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ)

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں حیرہ میں آیا تو میں نے دیکھا کہ وہ اپنے سردار کو سجدہ کرتے ہیں۔ میں نے دل میں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ حق دار ہیں کہ آپ کو سجدہ کیا جائے۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، میں حیرہ میں پہنچا تو دیکھا کہ وہ لوگ اپنے سردار کو سجدہ کرتے ہیں۔ آپ زیادہ حق دار ہیں کہ آپ کے لیے سجدہ کیا جائے۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: بتاؤ اگر تم میری قبر کے پاس سے گزرو تو کیا اُسے سجدہ کرو گے؟ عرض گزار ہوا، نہیں۔ فرمایا تو ایسا نہ کرو اور اگر میں کسی کو حکم کرتا کہ دوسرے کو سجدہ کرے تو عورتوں کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کیا کریں اُس حق کے باعث جو اللہ تعالیٰ نے عورتوں پر اُن کا مقرر فرمایا ہے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور روایت کیا اسے احمد نے حضرت معاذ بن جبل سے۔

۳۱۲۸/۲۹ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُسْأَلُ الرَّجُلُ فِيمَا ضَرَبَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد سے اپنی بیوی کو مارنے کے بارے میں پوچھ گچھ نہیں ہوگی۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۱۲۹/۳۰ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَقَالَتْ زَوْجِي صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ وَيُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ وَلَا يُصَلِّي الْفَجْرَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَصَفْوَانُ عِنْدَهُ قَالَ فَسَأَلَهُ عَمَّا قَالَتْ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَمَّا قَوْلُهَا يَضْرِبُنِي إِذَا صَلَّيْتُ فَإِنَّهَا تَقْرَأُ بِسُورَتَيْنِ وَقَدْ نَهَيْتُهَا قَالَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتْ سُورَةٌ وَاحِدَةٌ لَكَفَتِ النَّاسَ قَالَ وَأَمَّا قَوْلُهَا يُفَطِّرُنِي إِذَا صُمْتُ فَإِنَّهَا تَنْطَلِقُ تَصُومُ وَأَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَا أَصْبِرُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُومُ امْرَأَةٌ إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا وَأَمَّا قَوْلُهَا إِنِّي لَا أُصَلِّي حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَإِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ عُرِفَ لَنَا ذَاكَ لَا نَكَادُ نَسْتَيْقِظُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی جبکہ ہم حاضرِ خدمت تھے تو عرض گزار ہوئی۔ میرے خاوند حضرت صفوان بن معطل مجھے مارتے ہیں جب میں نماز پڑھتی ہوں اور روزے تڑوا دیتے ہیں جب میں روزے رکھتی ہوں اور صبح کی نماز پڑھتے ہیں جب سورج طلوع ہو جائے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت صفوان حاضرِ خدمت تھے تو آپ نے عورت کی شکایات کے متعلق اُن سے پوچھا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اجالا تک اس کی یہ بات ہے کہ نماز پڑھتی ہوں تو مجھے مارتے ہیں، تو یہ دو سورتیں پڑھتی ہے جن سے میں نے منع کیا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اگر ایک سورت ہوتی تو بھی لوگوں کو کفایت کرتی۔ اس کا یہ کہنا کہ روزے رکھتی ہوں تو روزے چھڑوا دیتے ہیں، یہ برابر روزے رکھتی چلی جاتی ہے جبکہ میں جوان آدمی ہوں لہٰذا صبر نہیں کر سکتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت روزے نہ رکھے مگر اپنے خاوند کی اجازت سے۔ اس کا یہ شکوہ کہ میں نماز نہیں پڑھتا مگر سورج نکلے تو، حضور ہم ایسے گھر والے ہیں کہ ہمارے متعلق عام مشہور ہے کہ ہم بیدار نہیں ہوتے

www.alahazratnetwork.org



٣١٣٠ / ٣١ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فَجَآءَ بَعِيْرٌ فَسَجَدَ لَهٗ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَسْجُدُ لَكَ الْبَهَآئِمُ وَالشَّجَرُ فَنَحْنُ اَحَقُّ اَنْ نَّسْجُدَ لَكَ فَقَالَ اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاَكْرِمُوْا اَخَاكُمْ وَلَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا وَلَوْ اَمَرَهَا اَنْ تَنْقُلَ مِنْ جَبَلٍ اَصْفَرَ اِلٰى جَبَلٍ اَسْوَدَ وَمِنْ جَبَلٍ اَسْوَدَ اِلٰى جَبَلٍ اَبْيَضَ كَانَ يَنْبَغِيْ لَهَا اَنْ تَفْعَلَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مہاجرین و انصار کی ایک جماعت میں جلوہ افروز تھے تو ایک اونٹ نے حاضر بارگاہ ہو کر آپ کو سجدہ کیا۔ آپ کے اصحاب عرض گزار ہوئے، یارسول اللہ! آپ کے لیے چارپائے اور درخت بھی سجدہ کرتے ہیں لہٰذا ہمارا زیادہ حق ہے کہ آپ کے لیے سجدہ کریں۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو تمہارا رب ہے اور اپنے بھائی کی عزت کرو۔ اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ دوسرے کو سجدہ کرے تو عورت کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کیا کرے۔ اگر وہ اُسے حکم دے کہ زرد پہاڑ سے کالے پہاڑ کی طرف اور کالے پہاڑ سے سفید پہاڑ کی طرف لے جائے تو اُس کے لیے مناسب یہی ہے کہ اس کے حکم کی تعمیل کرے (احمد)

٣١٣١ / ٣٢ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا تُقْبَلُ لَهُمْ صَلٰوةٌ وَّلَا تَصْعَدُ لَهُمْ حَسَنَةٌ اَلْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوَالِيْهِ فَيَضَعَ يَدَهٗ فِيْ اَيْدِيْهِمْ وَالْمَرْاَةُ السَّاخِطُ عَلَيْهَا زَوْجُهَا وَالسَّكْرَانُ حَتّٰى يَصْحُوَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ہیں جن کی نماز قبول نہیں ہوتی اور نہ کوئی نیکی اُوپر اُٹھتی ہے۔ فرار ہونے والا غلام یہاں تک کہ اپنے مالکوں کی طرف واپس لوٹے اور اپنا ہاتھ اُن کے ہاتھوں میں رکھے۔ وہ عورت جس کا خاوند اُس سے ناراض ہو۔ نشے والا جب تک ہوش میں نہ آئے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

٣١٣٢ / ٣٣ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النِّسَآءِ خَيْرٌ قَالَ الَّتِيْ تَسُرُّهٗ اِذَا نَظَرَ وَتُطِيْعُهٗ اِذَا اَمَرَ وَلَا تُخَالِفُهٗ فِيْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهَا بِمَا يَكْرَهُ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: کون سی عورت بہتر ہے؟ فرمایا وہ کہ جب خاوند اُس کی طرف دیکھے تو خوش کر دے، جب حکم دے تو تعمیل کرے اور جان و مال میں اُس کا خلاف نہ کرے جو اُسے ناپسند ہو۔ روایت کیا اسے نسائی اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

٣١٣٣ / ٣٤ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مَّنْ اُعْطِيَهُنَّ فَقَدْ اُعْطِيَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ قَلْبٌ شَاكِرٌ وَّلِسَانٌ ذَاكِرٌ وَّبَدَنٌ عَلَى الْبَلَاءِ صَابِرٌ وَّزَوْجَةٌ لَّا تَبْغِيْهِ خَوْنًا فِيْ نَفْسِهَا وَلَا مَالِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس کو دی گئیں تو اُسے دنیا و آخرت کی بھلائی مرحمت فرمائی گئی۔ شکر ادا کرنے والا دل، ذکر کرنے والی زبان، تکلیفوں میں صبر کرنے والا بدن اور پس پشت اپنی جان اور خاوند کے مال میں خیانت نہ کرنے والی بیوی۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

# بَابُ الْخُلْعِ وَالطَّلَاقِ

# خلع اور طلاق کا بیان

## پہلی فصل

٣١٣٤ / ١ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اَتَتْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ ثابت بن قیس ما اعتب علیہ فی خلق ولا دین ولکنی اکرہ الکفر فی الاسلام فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتردین علیہ حدیقتہ؟ قالت نعم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقبل الحدیقۃ وطلقہا تطلیقۃ۔

(رواہ البخاری)

علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت ثابت بن قیس کی اہلیہ حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! میں ثابت بن قیس کے اخلاق اور دین پر دھبہ نہیں لگاتی لیکن میں اسلام کے اندر کفر کو ناپسند کرتی ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اپنا باغ واپس کر دو گی؟ عرض گزار ہوئیں: ہاں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ باغ واپس لے لو اور انہیں ایک طلاق دے دو۔

(بخاری)

۳۱۳۵ (۲) وعن عبد اللہ بن عمر انہ طلق امرأۃ لہ وہی حائض فذکر عمر لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتغیظ فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال لیراجعہا ثم یمسکہا حتی تطہر ثم تحیض فتطہر فان بدا لہ ان یطلقہا فلیطلقہا طاہرا قبل ان یمسہا فتلک العدۃ التی امر اللہ ان تطلق لہا النساء وفی روایۃ مرہ فلیراجعہا ثم لیطلقہا طاہرا او حاملا۔

(متفق علیہ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دے دی۔ حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس بات سے ناراض ہوئے اور فرمایا کہ اس سے رجوع کرے۔ پھر پاک ہونے تک اسے اپنے پاس رکھے پھر حیض آئے اور پاک ہو جائے۔ اب اگر طلاق کا ارادہ ہے تو ہاتھ لگانے سے پہلے پاکی کی حالت میں طلاق دے۔ یہ وہ عدت ہے جس کا عورتوں کو طلاق دینے کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ اس سے رجوع کرے اور پاکی یا حمل کی حالت میں طلاق دے۔

(متفق علیہ)

۳۱۳۶ (۳) وعن عائشۃ قالت خیرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخترنا اللہ ورسولہ فلم یعد ذلک علینا شیئا۔ (متفق علیہ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تو ہم نے اللہ اور اس کے رسول کو اختیار کیا تو آپ نے اسے ہم پر کچھ بھی شمار نہ فرمایا۔ (متفق علیہ)

۳۱۳۷ (۴) وعن ابن عباس قال فی الحرام یکفر لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔

(متفق علیہ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حرام ٹھہرانے میں کفارہ ہے کیونکہ تمہارے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت میں پیروی کا اچھا نمونہ ہے۔ (متفق علیہ)

۳۱۳۸ (۵) وعن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یمکث عند زینب بنت جحش وشرب عندہا عسلا فتواصیت انا وحفصۃ ان ایتنا دخل علیہا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلتقل انی اجد منک ریح مغافیر اکلت مغافیر فدخل علی احدہما فقالت لہ ذلک فقال لا باس شربت عسلا عند زینب بنت جحش فلن اعود لہ وقد حلفت لا تخبری بذلک احدا یبتغی مرضات ازواجہ فنزلت یا ایہا النبی

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت زینب بنت جحش کے پاس ٹھہرتے اور ان کے پاس سے شربت پیتے۔ پس میں نے اور حضرت حفصہ نے منصوبہ بنایا کہ ہم میں سے جس کے پاس بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائیں تو کہے کہ مجھے آپ کے دہن مبارک سے مغافیر کی بو آ رہی ہے کیا آپ نے مغافیر کھایا ہے؟ چنانچہ حضور ہم میں سے ایک کے پاس تشریف لائے تو اس نے یہی بات کہی۔ فرمایا کہ مضائقہ کوئی نہیں کیونکہ میں نے زینب بنت جحش کے پاس سے شربت پیا ہے آئندہ ایسا نہیں کروں گا میری قسم ہے اور کسی ایک کو نہ بتانا کیونکہ میں اپنی ازواج مطہرات کو راضی رکھنا چاہتا ہوں۔ پس

www.alahazratnetwork.org



لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ۔ اَلْاٰیَةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یہ آیت نازل ہوئی: اے غیب کی خبریں بتانے والے اتم وہ چیز کیوں حرام قرار دیتے ہو جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہے تم اپنی بیویوں کی مرضی چاہتے ہو۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۱۳۸ / ۶ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا فِيْ غَيْرِ مَا بَاْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت بغیر کسی وجہ کے اپنے خاوند سے طلاق کا سوال کرے تو اس پر جنت کی خوشبو بھی حرام ہے۔

(احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)۔

۳۱۳۹ / ۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو حلال چیزوں میں طلاق سب سے ناپسند ہے۔ (ابوداؤد)

۳۱۴۰ / ۸ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا طَلَاقَ قَبْلَ نِكَاحٍ وَّلَا عِتَاقَ اِلَّا بَعْدَ مِلْكٍ وَّلَا وِصَالَ فِيْ صِيَامٍ وَّلَا يُتْمَ بَعْدَ احْتِلَامٍ وَّلَا رِضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ وَّلَا صُمْتَ يَوْمٍ اِلَى اللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہے طلاق نکاح سے پہلے اور نہیں ہے آزاد کرنا مگر ملکیت کے بعد اور نہیں ہے روزوں کا ملا لینا اور نہیں ہے یتیمی احتلام ہو جانے کے بعد اور نہیں ہے رضاعت دودھ چھڑانے کے بعد اور نہیں ہے دن کی خاموشی رات تک۔ (شرح السنہ)۔

۳۱۴۱ / ۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ لِابْنِ اٰدَمَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا عِتْقَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا طَلَاقَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ اَبُوْدَاؤدَ وَلَا بَيْعَ اِلَّا فِيْمَا يَمْلِكُ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا اُس چیز کی نذر ماننا نہیں جس کا مالک نہ ہو اور اُس کا آزاد کرنا نہیں جس کا مالک نہ ہو اور اُس کی طلاق نہیں جس کا مالک نہ ہو۔ (ترمذی) نیز ابوداؤد میں یہ بھی ہے: اور اُس میں بیع نہیں جس کا مالک نہیں۔

۳۱۴۲ / ۱۰ وَعَنْ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ فَاُخْبِرَ بِذٰلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتَ اِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رُكَانَةُ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلَّا وَاحِدَةً فَرَدَّهَا اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ وَالثَّالِثَةَ فِيْ زَمَانِ عُثْمَانَ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ اِلَّا اَنَّهُمْ لَمْ يَذْكُرُوا الثَّانِيَةَ وَالثَّالِثَةَ)

حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے اپنی بیوی حضرت سہیمہ کو طلاق بتہ دی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی خبر دیتے ہوئے عرض گزار ہوئے کہ میرا ارادہ صرف ایک طلاق کا تھا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ ان کی طرف لوٹا دیں۔ چنانچہ دوسری طلاق اُنھوں نے حضرت عمر کے اور تیسری حضرت عثمان کے زمانے میں دی۔ (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ) مگر دارمی نے دوسری اور تیسری طلاق کا ذکر نہیں کیا۔

www.alahazratnetwork.org



٣١٤٣ / ١١ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جِدٌّ اَلنِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں جن کا قصد بھی قصد ہے اور مذاق بھی قصد ہے وہ نکاح، طلاق اور رجعت ہیں۔ اسے ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

٣١٤٤ / ١٢ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا طَلَاقَ وَلَا عِتَاقَ فِيْ اِغْلَاقٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ قِيْلَ مَعْنَى الْاِغْلَاقِ الْاِكْرَاهُ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نہ طلاق ہے نہ آزاد کرنا جبر کی حالت میں۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے۔ کہا گیا ہے کہ اِغلاق سے مراد زبردستی ہے۔

٣١٤٥ / ١٣ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ غَرِيْبٌ وَّعَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ الرَّاوِيْ ضَعِيْفٌ ذَاهِبُ الْحَدِيْثِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر قسم کی طلاق جائز ہے سوائے دیوانے اور مغلوب العقل کی طلاق کے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے کیونکہ عطاء ابن عجلان راوی ضعیف اور بھول جانے والا ہے۔

٣١٤٦ / ١٤ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَبْلُغَ وَعَنِ الْمَعْتُوْهِ حَتّٰى يَعْقِلَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْهُمَا)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخصوں سے قلم اٹھالیا جاتا ہے۔ سونے والے سے یہاں تک کہ بیدار ہو جائے۔ بچے سے یہاں تک کہ بالغ ہو جائے اور دیوانے سے یہاں تک کہ عقل آجائے۔ اسے ترمذی اور ابوداؤد نے روایت کیا جبکہ دارمی نے حضرت عائشہ سے اور ابن ماجہ نے اسے دونوں سے روایت کیا۔

٣١٤٧ / ١٥ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طَلَاقُ الْاَمَةِ تَطْلِيْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لونڈی کی دو طلاقیں ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

## تیسری فصل

٣١٤٨ / ١٦ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُنْتَزِعَاتُ وَالْمُخْتَلِعَاتُ هُنَّ الْمُنَافِقَاتُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی ذات کو نکاح سے نکالنے والیاں اور خلع کرنے والیاں منافق عورتیں ہیں۔ (نسائی)۔

٣١٤٩ / ١٧ وَعَنْ نَافِعٍ عَنْ مَوْلَاةٍ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِيْ عُبَيْدٍ اَنَّهَا اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا بِكُلِّ شَيْءٍ لَّهَا فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

نافع نے حضرت صفیہ بنت ابوعبید کی مولاۃ سے روایت کی ہے کہ انھوں نے ہر ایک چیز کے بدلے اپنے خاوند سے خلع کیا اور حضرت عبداللہ بن عمر نے اس کا انکار نہ فرمایا۔ (مالک)

(مالک)

٣١٥٠ / ١٨ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ قَالَ اُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثَ تَطْلِيقَاتٍ جَمِيعًا فَقَامَ غَضْبَانَ ثُمَّ قَالَ أَيُلْعَبُ بِكِتَابِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ حَتَّى قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا أَقْتُلُهُ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک شخص کے متعلق بتایا گیا کہ اُس نے اپنی بیوی کو اکٹھی تین طلاقیں دی ہیں۔ آپ ناراض ہو کر کھڑے ہو گئے، پھر فرمایا: کیا اللہ کی کتاب سے کھیلتے ہو اور میں تمہارے درمیان موجود ہوں۔ یہاں تک کہ ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: یا رسول! کیا میں اُسے قتل کر دوں؟

(نسائی)

۳۱۵۱ / ۱۹ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي مِائَةَ تَطْلِيقَةٍ فَمَاذَا تَرَى عَلَيَّ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَلُقَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ وَسَبْعٌ وَتِسْعُونَ اتَّخَذْتَ بِهَا آيَاتِ اللهِ هُزُوًا۔

(رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّاءِ)

امام مالک کو یہ بات پہنچی کہ ایک آدمی نے حضرت عبداللہ بن عباس سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی ہیں۔ آپ کا میرے متعلق کیا حکم ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: تین طلاقوں کے ساتھ وہ تم سے جدا ہو گئی اور ستانویں کے ساتھ تم نے اللہ کی آیتوں کا مذاق اُڑایا۔

(مؤطا امام مالک)

۳۱۵۲ / ۲۰ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاذُ مَا خَلَقَ اللهُ شَيْئًا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الْعَتَاقِ وَلَا خَلَقَ اللهُ شَيْئًا عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ أَبْغَضَ إِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ۔

(رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے معاذ! اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر کوئی چیز ایسی پیدا نہیں کی جو اُسے غلام آزاد کرنے سے پیاری ہو اور کوئی چیز روئے زمین پر اللہ تعالیٰ نے ایسی پیدا نہیں کی جو اُسے طلاق سے زیادہ ناپسند ہو۔

(دار قطنی)

# بَابُ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا — جس کو تین طلاقیں دے دی گئیں

## پہلی فصل

۳۱۵۳ / ۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنِّي كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِي فَبَتَّ طَلَاقِي فَتَزَوَّجْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَمَا مَعَهُ إِلَّا مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ فَقَالَ أَتُرِيدِينَ أَنْ تَرْجِعِي إِلَى رِفَاعَةَ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَا حَتَّى تَذُوقِي عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوقَ عُسَيْلَتَكِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت رفاعہ قرظی کی بیوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میں رفاعہ کے پاس تھی تو انہوں نے مجھے طلاق بتہ دے دی۔ پس اُن کے بعد میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر سے شادی کر لی اور اُن کے پاس نہیں ہے مگر کپڑے کے پھندنے کی طرح۔ فرمایا: کیا تم رفاعہ کے پاس واپس جانا چاہتی ہو؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا: یہ نہیں ہو گا جب تک تم اُس کا اور وہ تمہارا ذائقہ نہ چکھ لے۔ (متفق علیہ)

۳۱۵۴ / ۲ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



صلی اللہ علیہ وسلم المحلل والمحلل لہ (رواہ الدارمی ورواہ ابن ماجۃ عن علی وابن عباس وعقبۃ بن عامر)

۳۱۵۵ / ۳ وعن سلیمان بن یسار قال ادرکت بضعۃ عشر من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کلھم یقول یوقف المولی۔ (رواہ فی شرح السنۃ)

۳۱۵۶ / ۴ وعن ابی سلمۃ ان سلیمان بن صخر ویقال لہ سلمۃ بن صخر البیاضی جعل امراتہ علیہ کظھر امہ حتی یمضی رمضان فلما مضی نصف من رمضان وقع علیھا لیلا فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذالک لہ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتق رقبۃ قال لا اجدھا قال فصم شھرین متتابعین قال لا استطیع قال اطعم ستین مسکینا قال لا اجد فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لفروۃ بن عمرو اعطہ ذلک العرق وھو مکتل یاخذ خمسۃ عشر صاعا او ستۃ عشر صاعا لیطعم ستین مسکینا۔ (رواہ الترمذی وروی ابوداؤد وابن ماجۃ والدارمی عن سلیمان بن یسار عن سلمۃ بن صخر نحوہ قال کنت امرءا اصیب من النساء ما لا یصیب غیری وفی روایتھما اعنی ابا داؤد والدارمی فاطعم وسقا من تمر بین ستین مسکینا۔

۳۱۵۷ / ۵ وعن سلیمان بن یسار عن سلمۃ بن صخر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المظاھر یواقع قبل ان یکفر قال کفارۃ واحدۃ۔

(رواہ الترمذی وابن ماجۃ)

نے حلالہ کرنے والے اور جس کے لیے حلالہ کیا جائے دونوں پر لعنت فرمائی ہے۔ اسے دارمی نے روایت کیا اور ابن ماجہ نے اسے حضرت علی، حضرت ابن عباس اور حضرت عقبہ بن عامر

سلیمان بن یسار کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دس سے کئی زیادہ اصحاب کو پایا تو سب فرماتے تھے کہ ایلا کرنے والے کو ٹھہرایا جائے (شرح السنہ)

ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمان بن صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنہیں سلمہ بن صخر بیاضی کہا جاتا تھا، اپنی بیوی کی پیٹھ کو اپنی ماں جیسی کہا یہاں تک کہ رمضان گزر جائے۔ جب نصف رمضان گزرا تو یہ رات کے وقت اُس سے صحبت کر بیٹھے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے اس بات کا ذکر کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ ایک گردن آزاد کر دو۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے پاس تو نہیں ہے فرمایا تو متواتر دو مہینے کے روزے رکھ لو۔ عرض گزار ہوئے کہ اتنی طاقت نہیں ہے۔ فرمایا تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے پاس کچھ بھی نہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت فروہ بن عمرو سے فرمایا کہ یہ عرق انہیں دے دو، جو جھابہ ہے جس میں پندرہ یا سولہ صاع آتے ہیں تاکہ یہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دیں (ترمذی) اور ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی میں ہے کہ سلیمان بن یسار نے حضرت سلمہ بن صخر سے اسی طرح روایت کی۔ نیز فرمایا کہ میں عورتوں سے اس قدر صحبت کرتا تھا کہ کوئی دوسرا نہ کرتا ہوگا اور ان دونوں یعنی ابوداؤد اور دارمی کی روایت میں ہے کہ یہ ایک وسق کھجوریں ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو۔

✤ ✤ ✤ ✤

سلیمان بن یسار نے حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس ظہار کرنے والے کے متعلق جو کفارہ دینے سے پہلے صحبت کر بیٹھے۔ فرمایا کہ اُس پر ایک ہی کفارہ ہے۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۳۱۵۸ / ۶ عن عکرمۃ عن ابن عباس ان رجلا ظاھر من امراتہ فغشیھا قبل ان یکفر فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فقال ما حملک علی ذلک

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے اپنی بیوی سے ظہار کیا اور کفارہ دینے سے پہلے اُس کے ساتھ صحبت کر بیٹھا۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو فرمایا۔

www.alahazratnetwork.org



قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ رَاَیْتُ بَیَاضَ حَجْلَیْہَا فِی الْقَمَرِ فَلَمْ اَمْلِکْ نَفْسِیْ اَنْ وَّقَعْتُ عَلَیْہَا فَضَحِکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَہٗ اَلَّا یَقْرَبَہَا حَتّٰی یُکَفِّرَ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَہٗ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ غَرِیْبٌ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ نَحْوَہٗ مُسْنَدًا وَّمُرْسَلًا وَقَالَ النَّسَائِیُّ الْمُرْسَلُ اَوْلٰی بِالصَّوَابِ مِنَ الْمُسْنَدِ)۔

تمہیں کس چیز نے اس پر آمادہ کیا؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے چاندنی میں اُس کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھی تو اپنے آپ کو قابو میں نہ رکھ سکا اور اُس کے ساتھ صحبت کر بیٹھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے اور انہیں حکم دیا کہ کفارہ ادا کرنے تک عورت کے نزدیک نہ جانا (ابن ماجہ) نیز ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کی ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح غریب ہے اور ابوداؤد و نسائی نے بھی اسی طرح مسنداً و مرسلاً روایت کی ہے اور نسائی نے فرمایا کہ مسند سے مرسل صحت کے زیادہ قریب ہے۔

# سابقہ ابواب کے دیگر متعلقات

## پہلی فصل

۳۱۵۹ عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ الْحَکَمِ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ جَارِیَۃً کَانَتْ لِیْ تَرْعٰی غَنَمًا لِّیْ فَجِئْتُہَا وَقَدْ فَقَدَتْ شَاۃً مِّنَ الْغَنَمِ فَسَاَلْتُہَا عَنْہَا فَقَالَتْ اَکَلَہَا الذِّئْبُ فَاَسِفْتُ عَلَیْہَا وَکُنْتُ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ فَلَطَمْتُ وَجْہَہَا وَعَلَیَّ رَقَبَۃٌ اَفَاُعْتِقُہَا فَقَالَ لَہَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیْنَ اللّٰہُ فَقَالَتْ فِی السَّمَآءِ فَقَالَ مَنْ اَنَا فَقَالَتْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْتِقْہَا۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ وَفِیْ رِوَایَۃِ مُسْلِمٍ قَالَ کَانَتْ لِیْ جَارِیَۃٌ تَرْعٰی غَنَمًا لِّیْ قِبَلَ اُحُدٍ وَّالْجَوَّانِیَّۃِ فَاطَّلَعْتُ ذَاتَ یَوْمٍ فَاِذَا الذِّئْبُ قَدْ ذَھَبَ بِشَاۃٍ مِّنْ غَنَمِنَا وَاَنَا رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ اٰدَمَ اٰسَفُ کَمَا یَاْسَفُوْنَ لٰکِنْ صَکَکْتُہَا صَکَّۃً فَاَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَعَظَّمَ ذٰلِکَ عَلَیَّ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَلَا اُعْتِقُہَا قَالَ ائْتِنِیْ بِہَا فَاَتَیْتُہٗ بِہَا فَقَالَ لَہَا اَیْنَ اللّٰہُ قَالَتْ فِی السَّمَآءِ قَالَ مَنْ اَنَا قَالَتْ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ قَالَ اَعْتِقْہَا فَاِنَّہَا مُؤْمِنَۃٌ۔

حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، میری ایک لونڈی میری بکریاں چراتی ہے میں اُس کے پاس گیا تو ریوڑ سے ایک بکری گم تھی۔ میں نے اُس کے متعلق اُس سے پوچھا تو کہنے لگی کہ اُسے بھیڑیا کھا گیا ہے۔ مجھے غصہ آیا کیونکہ میں بھی آدمی ہوں اور اُس کے منہ پر طمانچہ مارا۔ مجھ پر ایک گردن آزاد کرنا ہے، کیا میں اسی کو آزاد نہ کردوں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لونڈی سے فرمایا، اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ اُس نے کہا، آسمان میں۔ فرمایا کہ میں کون ہوں؟ عرض گزار ہوئی کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسی کو آزاد کردو۔ اسے امام مالک نے روایت کیا اور مسلم کی روایت میں ہے۔ فرمایا کہ میری ایک لونڈی تھی جو احد اور جوانیہ کی جانب میری بکریاں چرایا کرتی تھی۔ ایک روز مجھے معلوم ہوا کہ ریوڑ سے ایک بکری کو بھیڑیا لے گیا۔ چونکہ میں بھی آدمی ہوں لہٰذا مجھے افسوس ہوا جیسے دوسرے لوگوں کو ہوتا ہے تو میں نے اُسے طمانچہ کھینچ مارا۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا کیونکہ میں نے اسے بڑی زیادتی شمار کیا۔ اور عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا میں اُسے آزاد نہ کردوں؟ فرمایا کہ اُسے میرے پاس لے کر آؤ۔ میں اُسے لے کر آیا تو آپ نے لونڈی سے فرمایا، اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟ عرض گزار ہوئی کہ آسمان میں۔ فرمایا کہ میں کون ہوں؟ عرض کی کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ فرمایا کہ اسی کو آزاد کردو کیونکہ یہ ایمان والی ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ اللِّعَانِ

# لعان کا بیان

## پہلی فصل

۳۱۶۰ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ إِنَّ
۱
عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَيَقْتُلُوْنَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أُنْزِلَ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوْا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ عَظِيْمَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ فَلَا أَحْسِبُ عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الَّذِيْ نَعَتَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِيْقِ عُوَيْمِرٍ فَكَانَ بَعْدُ يُنْسَبُ إِلَى أُمِّهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، حضرت عویمر عجلانی عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے پاس کسی کو پاکر قتل کردے تو آپ اُسے قتل کردیں گے، لہٰذا وہ کیا کرے؟ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے اور تمہاری بیوی کے متعلق حکم نازل ہوگیا ہے، جاؤ اُسے لے آؤ۔ حضرت سہل کا بیان ہے کہ اُن دونوں نے مسجد میں لعان کیا اور میں لوگوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ جب دونوں فارغ ہوگئے تو حضرت عویمر نے کہا، یا رسول اللہ! اگر میں اسے رکھوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹ بولا تھا لہٰذا اُسے تین طلاقیں دے دیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، دیکھتے رہنا اگر لڑکا سیاہ رنگ، بڑی آنکھوں والا، موٹے سرینوں والا اور موٹی پنڈلیوں والا ہو تو میں یہی گمان کروں گا کہ عویمر نے عورت کے متعلق سچ کہا اور اگر وہ وحرہ (بامعنی) کی طرح سرخ رنگ کا ہو تو میرے خیال میں عویمر نے عورت پر جھوٹا الزام لگایا۔ پس وہ بچہ اُسی طرح کا پیدا ہوا جو اُس کا حلیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمایا تھا، جس سے حضرت عویمر کی تصدیق ہوگئی اور بعد میں وہ لڑکا اُس کی ماں کی طرف منسوب کیا گیا۔

(متفق علیہ)

۳۱۶۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۲
لَاعَنَ بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَأَتِهِ فَانْتَفَى مِنْ وَلَدِهَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْمَرْأَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ حَدِيْثِهِمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَظَهُ وَذَكَّرَهُ وَأَخْبَرَهُ أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ ثُمَّ دَعَاهَا فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَأَخْبَرَهَا أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْآخِرَةِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مرد اور اُس کی بیوی کے درمیان لعان کروایا۔ اُس مرد نے عورت کے لڑکے سے انکار کیا تو دونوں کے درمیان تفریق کروادی گئی اور لڑکے کو عورت کے ساتھ ملادیا (متفق علیہ) دونوں کی ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں وعظ و نصیحت فرمائی اور بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے بہت ہلکا ہے۔ پھر عورت کو بلایا اور اُسے وعظ و نصیحت فرمائی اور بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے بہت ہلکا ہے۔

۳۱۶۲ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
۳
لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ حِسَابُكُمَا عَلَى اللهِ أَحَدُكُمَا كَاذِبٌ لَا

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعان کرنے والوں کے متعلق فرمایا، تم دونوں سے حساب اللہ نے لینا ہے جب کہ تم میں سے ایک جھوٹا

www.alahazratnetwork.org



سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالِيْ قَالَ لَا مَالَ لَكَ إِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَإِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ أَبْعَدُ وَأَبْعَدُ لَكَ مِنْهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

٣١٦٣/٤ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّنَةَ أَوْ حَدًّا فِيْ ظَهْرِكَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِذَا رَأَى أَحَدُنَا عَلَى امْرَأَتِهِ رَجُلًا يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْبَيِّنَةَ وَإِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ فَقَالَ هِلَالٌ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنِّيْ لَصَادِقٌ فَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِيْ مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ فَقَرَأَ حَتّٰى بَلَغَ إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ فَجَاءَ هِلَالٌ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ وَقَّفُوْهَا وَقَالُوْا إِنَّهَا مُوْجِبَةٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّأَتْ وَنَكَصَتْ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهَا تَرْجِعُ ثُمَّ قَالَتْ لَا أَفْضَحُ قَوْمِيْ سَائِرَ الْيَوْمِ فَمَضَتْ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْصِرُوْهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَجَاءَتْ بِهِ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا مَضٰى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِيْ وَلَهَا شَأْنٌ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

٣١٦٤/٥ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ لَوْ وَجَدْتُّ مَعَ أَهْلِيْ رَجُلًا لَمْ أَمَسَّهُ حَتّٰى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ كَلَّا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ إِنْ كُنْتُ لَأُعَاجِلُهُ بِالسَّيْفِ قَبْلَ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اب عورت پر تمہارا کوئی حق نہیں۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! میرا مال! فرمایا کہ تمہارے لیے کوئی مال نہیں۔ اگر تم نے عورت کے متعلق سچ کہا تو اُس کے بدلے اُس کی شرمگاہ کو اپنے لیے حلال کیا اور اگر تم نے جھوٹ کہا تو یہ تم سے بہت دور، بہت دُور ہے۔

(متفق علیہ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ہلال بن امیہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اپنی بیوی پر حضرت شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گواہ پیش کرو ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد قائم کی جائے گی۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! جب کوئی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو دیکھے تو وہ گواہوں کو تلاش کرنے جائے، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہی فرماتے رہے کہ گواہ پیش کرو ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد قائم کی جائے گی۔ حضرت ہلال عرض گزار ہوئے کہ قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، ضرور اللہ تعالیٰ ایسا حکم نازل فرمائے گا کہ میری پیٹھ کو حد سے بری کر دے گا۔ پس حضرت جبرئیل نازل ہوئے اور یہ حکم آپ پر نازل کیا گیا: ”جو اپنی بیویوں پر تہمت لگاتے ہیں ...... اگر وہ سچے ہیں (۲۴:۶)“ پس حضرت ہلال حاضر ہوئے اور گواہی دی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے رہے: بیشک اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تم میں سے ایک جھوٹا ہے پس تم دونوں میں سے کوئی تائب ہوتا ہے؟ پھر عورت کھڑی ہوئی اور اُس نے شہادت دی جب پانچویں گواہی پر پہنچی تو لوگوں نے اُسے ٹھہرایا کہ یہ واجب کر دینے والی ہے۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ وہ ٹھہری اور رُکی یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ رجوع کرے گی پھر اُس نے کہا کہ میں ہمیشہ کے لیے اپنی قوم کو رسوا نہیں کروں گی اور گزر گئی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے دیکھتے رہنا اگر اس کے پیٹ سے سرمگیں آنکھوں والا، بھاری سرینوں والا اور موٹی پنڈلیوں والا لڑکا پیدا ہو تو وہ شریک بن سحماء کا ہے چنانچہ اُس نے ایسا ہی لڑکا جنا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ اللہ کی کتاب میں حکم نہ ہوتا جو گزرا تو میرا اس عورت کے ساتھ سلوک کچھ اور ہوتا۔

(بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ عرض گزار ہوئے کہ اگر میں کسی شخص کو اپنی بیوی کے پاس پاؤں تو اُسے ہاتھ نہ لگاؤں یہاں تک کہ چار گواہ لے آؤں؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ عرض گزار ہوئے کہ ہرگز نہیں، قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ اسْمَعُوْا اِلٰی مَا یَقُوْلُ سَیِّدُکُمْ اِنَّہٗ لَغَیُوْرٌ وَّاَنَا اَغْیَرُ مِنْہُ وَاللّٰہُ اَغْیَرُ مِنِّیْ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

۳۱۶۵ وَعَنِ الْمُغِیْرَۃِ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَۃَ [6] لَوْ رَاَیْتُ رَجُلًا مَعَ امْرَاَتِیْ لَضَرَبْتُہٗ بِالسَّیْفِ غَیْرَ مُصْفِحٍ فَبَلَغَ ذٰلِکَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَیْرَۃِ سَعْدٍ وَّاللّٰہِ لَاَنَا اَغْیَرُ مِنْہُ وَاللّٰہُ اَغْیَرُ مِنِّیْ وَمِنْ اَجْلِ غَیْرَۃِ اللّٰہِ حَرَّمَ اللّٰہُ الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَیْہِ الْعُذْرُ مِنَ اللّٰہِ مِنْ اَجْلِ ذٰلِکَ بَعَثَ الْمُنْذِرِیْنَ وَالْمُبَشِّرِیْنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَیْہِ الْمِدْحَۃُ مِنَ اللّٰہِ وَمِنْ اَجْلِ ذٰلِکَ وَعَدَ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۳۱۶۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی [7] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَغَارُ وَاِنَّ الْمُؤْمِنَ یَغَارُ وَغَیْرَۃُ اللّٰہِ اَنْ لَّا یَاْتِیَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۳۱۶۷ وَعَنْہُ اَنَّ اَعْرَابِیًّا اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ [8] عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِیْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ وَاِنِّیْ اَنْکَرْتُہٗ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ لَّکَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُھَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ ھَلْ فِیْھَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِیْھَا لَوُرْقًا قَالَ فَاَنّٰی تُرٰی ذٰلِکَ جَاءَھَا قَالَ عِرْقٌ نَّزَعَھَا قَالَ فَلَعَلَّ ھٰذَا عِرْقٌ نَّزَعَہٗ وَلَمْ یُرَخِّصْ لَہٗ فِی الْاِنْتِفَاءِ مِنْہُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۳۱۶۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ عُتْبَۃُ بْنُ اَبِیْ [9] وَقَّاصٍ عَھِدَ اِلٰی اَخِیْہِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ ابْنَ وَلِیْدَۃِ زَمْعَۃَ مِنِّیْ فَاقْبِضْہُ اِلَیْکَ فَلَمَّا کَانَ عَامُ الْفَتْحِ اَخَذَہٗ سَعْدٌ فَقَالَ اِنَّہُ ابْنُ اَخِیْ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ

مبعوث فرمایا: میں تو ایسا کرنے سے پہلے اُسے تلوار سے اُڑا دوں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو کہ تمہارا سردار کیا کہتا ہے۔ بیشک یہ غیرت مند ہیں لیکن میں اِن سے زیادہ غیرت مند ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیرت مند ہے (مسلم)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ نے کہا کہ اگر میں کسی آدمی کو اپنی بیوی کے ساتھ دیکھوں تو تلوار سے اُسے ختم کر دوں گا۔ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو فرمایا: کیا تمہیں سعد کی غیرت پر تعجب نہیں ہوتا؟ خدا کی قسم! میں اُن سے زیادہ غیرت مند ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیور ہے۔ اِسی غیرت کے باعث اللہ تعالیٰ نے بے حیائی کے کاموں کا ظاہر و باطن حرام فرمایا ہے اور ایسا کوئی نہیں جو اللہ سے زیادہ معذرت کو پسند کرتا ہو اسی لیے اُس نے نبیوں کو ڈرانے اور بشارت دینے کے لیے مبعوث فرمایا اور کوئی ایسا نہیں جس کو اللہ سے زیادہ تعریف پسند ہو، اسی لیے اُس نے ایسے شخص سے جنت کا وعدہ فرمایا ہے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ غیرت فرماتا ہے اور مومن بھی غیرت کرتا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کی غیرت یہ ہے کہ مومن اُن کاموں کے پاس نہ جائے جو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمائے ہیں۔ (متفق علیہ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میری بیوی نے کالا لڑکا جنا ہے اور میں نے اُس کا انکار کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: کیا تمہارے پاس اُونٹ ہیں؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ اُن کے رنگ کیسے ہیں؟ عرض گزار ہوا کہ سُرخ۔ فرمایا کہ کیا اُن میں کوئی خاکستری بھی ہے؟ عرض گزار ہوا کہ اُن میں خاکستری بھی ہے۔ فرمایا کہ یہ رنگ کہاں سے آیا؟ عرض کی کہ کسی رگ نے اِسے کھینچا ہوگا۔ فرمایا تو لڑکے کو بھی کسی رگ نے کھینچا ہوگا اور آپ نے اُسے بچے سے انکار کرنے کی اجازت مرحمت نہ فرمائی۔ (متفق علیہ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت عتبہ بن ابی وقاص نے اپنے بھائی حضرت سعد بن ابی وقاص سے عہد لیا کہ حضرت زمعہ کی لونڈی کا بیٹا میرا ہے۔ فتح مکہ کے سال حضرت سعد نے اُسے لے لیا اور کہا کہ یہ میرا بھتیجا ہے۔ حضرت عبد بن زمعہ نے کہا کہ میرا بھائی ہے۔ پس دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ أَخِيْ كَانَ عَهِدَ إِلَيَّ فِيْهِ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ أَخِيْ وَابْنُ وَلِيْدَةِ أَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ احْتَجِبِيْ مِنْهُ لِمَا رَأٰى مِنْ شَبَهِهٖ بِعُتْبَةَ فَمَا رَاٰهَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ هُوَ أَخُوْكَ يَا عَبْدُ ابْنَ زَمْعَةَ مِنْ أَجْلِ أَنَّهٗ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ أَبِيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میرے بھائی نے مجھ سے اس کے متعلق عہد لیا تھا حضرت عبد بن زمعہ عرض گزار ہوئے کہ میرا بھائی اور میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے جو اُن کے بستر پر پیدا ہُوا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبد بن زمعہ یہ تمہارا ہے کیونکہ بیٹا بستر والے کا اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔ پھر حضرت سودہ سے فرمایا کہ اس لڑکے سے پردہ کرنا کیونکہ یہ عتبہ سے مشابہت رکھتا ہے۔ پس انھوں نے آخری دم تک لڑکے کو نہیں دیکھا۔ دوسری روایت میں آپ نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ یہ تمہارا بھائی ہے کیونکہ تمہارے باپ کے بستر پر پیدا ہُوا ہے۔

(متفق علیہ)

۳۱۶۹
۱۰ وَعَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّهُوَ مَسْرُوْرٌ فَقَالَ أَيْ عَائِشَةُ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ فَلَمَّا رَاٰى أُسَامَةَ وَزَيْدًا وَّعَلَيْهِمَا قَطِيْفَةٌ قَدْ غَطَّيَا رُءُوْسَهُمَا وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا فَقَالَ إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس خوش وخرم تشریف لائے اور فرمایا: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ مجزز مدلجی آیا تو اُس نے اسامہ اور زید کو دیکھا اور اُن کے اُوپر چادر تھی جس سے دونوں کے سر ڈھکے ہوئے اور پیر کُھلے ہوئے تھے۔ اُس نے کہا کہ اِن میں سے ایک کے قدم دوسرے سے ہیں۔

(متفق علیہ)

۳۱۷۰
۱۱ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ وَّأَبِيْ بَكْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ادَّعٰى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے باپ کے سوا کسی دوسرے کی طرف جان بوجھ کر اپنی نسبت کرے تو جنت اُس پر حرام ہے۔

(متفق علیہ)

۳۱۷۱
۱۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ أَبِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَقَدْ ذُكِرَ حَدِيْثُ عَائِشَةَ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ فِيْ بَابِ صَلٰوةِ الْخُسُوْفِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے باپوں سے نہ پھرو اور جو اپنے باپ سے پھرا تو اُس نے کفرانِ نعمت کیا (متفق علیہ) اور حدیث عائشہ کہ اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی غیور نہیں باب صلوٰۃ الخسوف میں مذکور ہو چکی۔

## دوسری فصل

۳۱۷۲
۱۳ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ آيَةُ الْمُلَاعَنَةِ أَيُّمَا امْرَأَةٍ أَدْخَلَتْ عَلٰى قَوْمٍ مَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ فَلَيْسَتْ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ وَلَنْ يُدْخِلَهَا اللّٰهُ جَنَّتَهٗ وَأَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهٗ وَهُوَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ احْتَجَبَ اللّٰهُ مِنْهُ وَفَضَحَهٗ عَلٰى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب لعان کی آیت اُتری تو انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جو کسی قوم میں اُس کو داخل کرے جو اُن میں سے نہیں تو اُس کا اللہ سے کوئی واسطہ نہیں رہا اور اللہ تعالیٰ اُسے اپنی جنت میں داخل نہیں کرے گا اور جو اپنے بیٹے کا انکار کرے اور وہ اُس کی طرف دیکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اُس سے حجاب فرمائے گا

www.alahazratnetwork.org



رؤوس الخلائق في الأولين والآخرين۔

(رواه أبو داود والنسائي والدارمي)

نیز اگلی پچھلی مخلوق کے سامنے اُسے ذلیل کرے گا۔

(ابوداؤد۔ نسائی، دارمی)

٣١٧٣/١٤ وعن ابن عباس قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال إن لي امرأة لا ترد يد لامس فقال النبي صلى الله عليه وسلم طلقها فقال إني أحبها قال فأمسكها إذا۔ (رواه أبو داود والنسائي وقال النسائي رفعه أحد الرواة إلى ابن عباس وأحدهم لم يرفعه قال وهذا الحديث ليس بثابت)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، میری بیوی کسی چھونے والے کا ہاتھ نہیں روکتی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے طلاق دے دو۔ عرض گزار ہوئے کہ مجھے اُس سے محبت ہے۔ فرمایا کہ پھر تو اُسے رکھ لو (ابوداؤد۔ نسائی) نسائی نے کہا کہ بعض راویوں نے اِسے حضرت ابن عباس تک مرفوع کیا اور بعض نے نہ کیا جب کہ یہ حدیث ثابت نہیں ہے۔

٣١٧٤/١٥ وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم قضى أن كل مستلحق استلحق بعد أبيه الذي يدعى له ادعاه ورثته فقضى أن من كان من أمة يملكها يوم أصابها فقد لحق بمن استلحقه وليس له مما قسم قبله من الميراث شيء وما أدرك من ميراث لم يقسم فله نصيبه ولا يلحق إذا كان أبوه الذي يدعى له أنكره وإن كان من أمة لم يملكها أو من حرة عاهر بها فإنه لا يلحق ولا يرث وإن كان الذي يدعى له هو الذي ادعاه فهو ولد زنية من حرة كان أو أمة۔

(رواه أبو داود)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ ہر ملایا ہوا شخص جو کہ ملایا گیا ہو اُس باپ کے بعد جس کی جانب منسوب کیا جاتا تھا، وہ اُس کی میراث کا دعویٰ کرے تو فیصلہ فرمایا کہ اگر وہ ایسی لونڈی سے ہے کہ صحبت کرنے کے روز اُس کی ملک میں تھی تو وہ اُسی سے مل گیا جس سے ملایا گیا تھا اور جو میراث اُس سے پہلے تقسیم ہو چکی اُس میں سے وہ کچھ نہیں پائے گا اور جو میراث تقسیم نہیں ہوئی اُس میں سے اُس کا حصہ ہے۔ اور نہیں ملایا جائے گا جب کہ جس باپ کی طرف اُسے منسوب کیا جاتا تھا اُس نے انکار کر دیا ہو۔ اگر وہ اُس لونڈی سے ہے جو اُس کی ملک نہیں یا آزاد سے ہے جس کے ساتھ زنا کیا تو اُسے نہیں ملایا جائے گا اور نہ میراث پائے گا خواہ اُس نے دعویٰ کیا ہو جس کی طرف منسوب کیا جاتا تھا کیونکہ وہ زنا سے پیدا ہوا ہے خواہ آزاد سے ہو یا لونڈی سے۔

(ابوداؤد)

٣١٧٥/١٦ وعن جابر بن عتيك أن نبي الله صلى الله عليه وسلم قال من الغيرة ما يحب الله ومنها ما يبغض الله فأما التي يحبها الله فالغيرة في الريبة وأما التي يبغضها الله فالغيرة في غير ريبة وإن من الخيلاء ما يبغض الله ومنها ما يحب الله فأما الخيلاء التي يحب الله فاختيال الرجل عند القتال واختياله عند الصدقة وأما التي يبغض الله فاختياله في الفخر وفي رواية في البغي۔

(رواه أحمد وأبو داود والنسائي)

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، غیرت وہ بھی ہے جس کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور غیرت وہ بھی ہے جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے، پس جس کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے وہ مشکوک کاموں سے شرمانا ہے اور جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے وہ غیر مشکوک کاموں سے شرمانا ہے اور غرور کے اکثر کام وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے اور جس غرور و ناز کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے وہ میدانِ جہاد کا ہے اور خیرات کے وقت کا غرور و ناز ہے اور جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے وہ برتری ثابت کرنے کا غرور ہے اور ایک روایت میں ہے کہ سرکشی کا۔

(احمد، ابوداؤد۔ نسائی)

www.alahazratnetwork.org



# تیسری فصل

۳۱۷۶ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ[17] قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فُلَانًا اِبْنِيْ عَاهَرْتُ بِاُمِّهٖ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا دِعْوَةَ فِي الْاِسْلَامِ ذَهَبَ اَمْرُ الْجَاهِلِيَّةِ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد نے فرمایا کہ ایک شخص کھڑا ہو کر عرض گزار ہُوا کہ یا رسول اللہ! میں نے اپنے فلاں بیٹے کی ماں سے دورِ جاہلیت میں زنا کیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں ایسا دعویٰ نہیں ہے جبکہ جاہلیت کے دَور کی باتیں گزر گئیں۔ بیٹا بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔

(ابوداؤد)

۳۱۷۷ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ[18] مِّنَ النِّسَآءِ لَا مُلَاعَنَةَ بَيْنَهُنَّ اَلنَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْحُرَّةُ تَحْتَ الْمَمْلُوْكِ وَالْمَمْلُوْكَةُ تَحْتَ الْحُرِّ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چار قسم کی عورتیں ہیں جن کے درمیان لعان نہیں ہے۔ نصرانیہ جو مسلمان کے تحت ہو۔ یہودیہ جو مسلمان کے تحت ہو۔ آزاد جو غلام کے تحت ہو۔ لونڈی جو آزاد کے تحت ہو۔

(ابنِ ماجہ)

۳۱۷۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[19] اَمَرَ رَجُلًا حِيْنَ اَمَرَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ اَنْ يَّتَلَاعَنَا اَنْ يَّضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ الْخَامِسَةِ عَلٰى فِيْهِ وَقَالَ اِنَّهَا مُوْجِبَةٌ۔

(رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب دونوں لعان کرنے والوں کو لعان کرنے کا حکم دیا تو ایک آدمی کو حکم فرمایا کہ پانچویں قسم کے وقت اُس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہنا کہ یہ واجب کر دینے والی ہے۔

(نسائی)

۳۱۷۹ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[20] خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا لَيْلًا قَالَتْ فَغِرْتُ عَلَيْهِ فَجَآءَ فَرَاٰى مَا اَصْنَعُ فَقَالَ مَا لَكِ يَا عَائِشَةُ اَغِرْتِ فَقُلْتُ وَمَا لِيْ لَا يَغَارُ مِثْلِيْ عَلٰى مِثْلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ جَآءَكِ شَيْطَانُكِ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَعِيَ شَيْطَانٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَلٰكِنْ اَعَانَنِيَ اللّٰهُ عَلَيْهِ حَتّٰى اَسْلَمَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کے وقت میرے پاس سے نکلے تو مجھے اس بات پر غیرت آئی۔ تشریف لائے تو ملاحظہ فرمایا جو میں کر رہی تھی۔ فرمایا کہ عائشہ! کیا ہو گیا کہ تم نے غیرت کی! عرض گزار ہوئی کہ میرے جیسی بھلا آپ جیسے پر غیرت نہ کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے پاس تمہارا شیطان آیا تھا۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! کیا میرے ساتھ شیطان ہے؟ فرمایا، ہاں۔ عرض کی کہ یا رسول اللہ اور آپ کے ساتھ؟ فرمایا، ہاں لیکن اُس کے مقابلے پر اللہ تعالیٰ نے میری مدد فرمائی کہ وہ مسلمان ہو گیا۔

(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْعِدَّةِ

# عدت کا بیان

## پہلی فصل

۳۱۸۰ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَھَا الْبَتَّۃَ وَھُوَ غَائِبٌ فَاَرْسَلَ اِلَیْھَا وَکِیْلُہٗ الشَّعِیْرَ فَسَخِطَتْہُ فَقَالَ وَاللّٰہِ مَا لَكِ عَلَیْنَا مِنْ شَیْءٍ فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَتْ ذٰلِكَ لَہٗ فَقَالَ لَیْسَ لَكِ نَفَقَۃٌ فَاَمَرَھَا اَنْ تَعْتَدَّ فِیْ بَیْتِ اُمِّ شَرِیْكٍ ثُمَّ قَالَ تِلْكِ امْرَاَۃٌ یَغْشَاھَا اَصْحَابِیْ اعْتَدِّیْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَاِنَّہٗ رَجُلٌ اَعْمٰی تَضَعِیْنَ ثِیَابَكِ فَاِذَا حَلَلْتِ فَاٰذِنِیْنِیْ قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَکَرْتُ لَہٗ اَنَّ مُعَاوِیَۃَ ابْنَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَاَبَا جَھْمٍ خَطَبَانِیْ فَقَالَ اَمَّا اَبُو الْجَھْمِ فَلَا یَضَعُ عَصَاہُ عَنْ عَاتِقِہٖ وَاَمَّا مُعَاوِیَۃُ فَصُعْلُوْكٌ لَا مَالَ لَہٗ اِنْکِحِیْ اُسَامَۃَ بْنَ زَیْدٍ فَکَرِھْتُہٗ ثُمَّ قَالَ انْکِحِیْ اُسَامَۃَ فَنَکَحْتُہٗ فَجَعَلَ اللّٰہُ فِیْہِ خَیْرًا وَاغْتَبَطْتُ وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْھَا قَالَ فَاَمَّا اَبُوْ جَھْمٍ فَرَجُلٌ ضَرَّابٌ لِلنِّسَاءِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَنَّ زَوْجَھَا طَلَّقَھَا ثَلَاثًا فَاَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا نَفَقَۃَ لَكِ اِلَّا اَنْ تَکُوْنِیْ حَامِلًا۔

ابو سلمہ نے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو عمرو بن حفص نے انہیں تین طلاقیں دے دیں جب کہ وہ غائب تھے اور اپنے وکیل کے ہاتھوں جو بھیجے تو یہ ناراض ہو گئیں۔ اُس نے کہا، خدا کی قسم، آپ کا ہم پر کوئی حق نہیں ہے۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا، تمہارے لیے نفقہ نہیں ہے اور انہیں حکم دیا کہ امّ شریک کے گھر میں عدت گزاریں۔ پھر فرمایا، وہ ایسی عورت ہے کہ اُس کے گھر میں میرے اصحاب کی آمد و رفت ہے لہٰذا تم ابن امّ مکتوم کے گھر عدت گزارو کیونکہ وہ نابینا ہیں اس لیے تم اپنے کپڑے اتار سکو گی جب تم حلال ہو جاؤ تو مجھے بتانا۔ چنانچہ جب حلال ہو گئیں تو اس کا آپ سے ذکر کیا کہ حضرت معاویہ بن ابو سفیان اور حضرت ابو جہم نے مجھے پیغام دیے ہیں۔ فرمایا کہ ابو جہم تو اپنی لاٹھی کندھے سے نیچے رکھتے ہی نہیں ہے معاویہ تو وہ مفلس ہیں، اُن کے پاس مال نہیں، لہٰذا تم اُسامہ بن زید سے نکاح کر لو۔ میں نے اسے ناپسند کیا۔ پھر فرمایا کہ اُسامہ سے نکاح کر لو تو میں نے اُن سے نکاح کر لیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں ایسی بھلائی رکھی کہ مجھ پر رشک کیا جاتا۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا، ابو جہم ایسے آدمی ہیں جو عورتوں کو بہت پیٹتے ہیں۔ (مسلم) کی ایک روایت میں ہے کہ اُن کے خاوند نے انہیں تین طلاقیں دے دی تھیں۔ پس یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ آپ نے فرمایا کہ تمہارے لیے نفقہ نہیں ہے مگر جب کہ تم حاملہ ہو۔

۳۱۸۱ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ اِنَّ فَاطِمَۃَ کَانَتْ فِیْ مَکَانٍ وَحْشٍ فَخِیْفَ عَلٰی نَاحِیَتِھَا فَلِذٰلِكَ رَخَّصَ لَھَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ فِی النُّقْلَۃِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَتْ مَا لِفَاطِمَۃَ اَلَا تَتَّقِی اللّٰہَ تَعْنِیْ فِیْ قَوْلِھَا لَا سُکْنٰی وَلَا نَفَقَۃَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ فاطمہ ویرانے کے ایک مکان میں تھیں جس کا ماحول خوفناک تھا، اسی لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں نقل مکانی کی اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ دوسری روایت میں انہوں نے فرمایا، فاطمہ کو کیا ہوا جو اللہ سے نہیں ڈرتی جب کہ نہ اُس کے لیے رہائش ہے اور نہ خرچہ۔ (بخاری)

۳۱۸۲ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ قَالَ اِنَّمَا نُقِلَتْ فَاطِمَۃُ لِطُوْلِ لِسَانِھَا عَلٰی اَحْمَائِھَا۔

سعید بن مسیب نے فرمایا کہ حضرت فاطمہ کو اُن کے دیوروں سے زبان درازی کرنے پر منتقل کیا گیا تھا۔

www.alahazratnetwork.org



۳۱۸۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ طُلِّقَتْ خَالَتِیْ ثَلَاثًا فَاَرَادَتْ اَنْ تَجُدَّ نَخْلَهَا [4] فَزَجَرَهَا رَجُلٌ اَنْ تَخْرُجَ فَاَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلٰی فَجُدِّیْ نَخْلَكِ فَاِنَّكِ عَسٰی اَنْ تَصَدَّقِیْ اَوْ تَفْعَلِیْ مَعْرُوْفًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میری خالہ جان کو تین طلاقیں دے دی گئیں تو انہوں نے کھجور کے پھل کاٹنے کا ارادہ کیا۔ ایک آدمی نے انہیں باہر نکلنے پر ڈانٹا۔ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئیں۔ فرمایا کیوں نہیں، اپنے پھل توڑو کیونکہ شاید تم خیرات کرو یا نیکی کے دوسرے کام کرو۔

(مسلم)

۳۱۸۴ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ سُبَیْعَةَ الْاَسْلَمِیَّةَ [5] نُفِسَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَیَالٍ فَجَاءَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْهُ اَنْ تَنْكِحَ فَاَذِنَ لَهَا فَنَكَحَتْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سبیعہ اسلمیہ نے اپنے خاوند کی وفات کے چند روز بعد بچہ جنا۔ پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئیں تو آپ نے انہیں نکاح کرنے کی اجازت مرحمت فرما دی لہٰذا انہوں نے نکاح کر لیا۔ (بخاری)

۳۱۸۵ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَی النَّبِیِّ [6] صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنَتِیْ تُوُفِّیَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدِ اشْتَكَتْ عَیْنُهَا اَفَنَكْحُلُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا كُلَّ ذٰلِكَ یَقُوْلُ لَا ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا هِیَ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرٌ وَقَدْ كَانَتْ اِحْدٰكُنَّ فِی الْجَاهِلِیَّةِ تَرْمِیْ بِالْبَعْرَةِ عَلٰی رَاْسِ الْحَوْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی: یا رسول! میری بیٹی کا خاوند فوت ہو گیا ہے، اس کی آنکھوں میں تکلیف ہے تو کیا میں اسے سرمہ لگا دوں۔ آپ نے دو یا تین مرتبہ انکار فرمایا ہر دفعہ لفظ لا کہا۔ پھر فرمایا یہ صرف چار مہینے اور دس دن ہیں جب کہ دورِ جاہلیت میں عورت سال گزرنے پر مینگنیاں پھینکتی تھی۔

(متفق علیہ)

۳۱۸۶ وَعَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ وَزَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ [7] صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلٰی مَیِّتٍ فَوْقَ ثَلٰثِ لَیَالٍ اِلَّا عَلٰی زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ام حبیبہ اور حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہو کہ کسی میت کا تین دن سے زیادہ سوگ کرے مگر خاوند کا چار ماہ دس دن ہے۔

(متفق علیہ)

۳۱۸۷ وَعَنْ اُمِّ عَطِیَّةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ [8] وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحِدُّ امْرَاَةٌ عَلٰی مَیِّتٍ فَوْقَ ثَلٰثٍ اِلَّا عَلٰی زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا اِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمَسُّ طِیْبًا اِلَّا اِذَا طَهُرَتْ نُبْذَةً مِّنْ قُسْطٍ اَوْ اَظْفَارٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَزَادَ اَبُوْ دَاؤُدَ وَلَا تَخْتَضِبُ۔

حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت کسی میت کا سوگ تین دن سے زیادہ نہ کرے مگر خاوند کا چار ماہ دس دن ہے اور نہ رنگا ہوا کپڑا پہنے مگر بناوٹ کے اور سرمہ یا خوشبو نہ لگائے مگر جب پاک ہو جائے تو قسط یا اظفار کا ایک ٹکڑا (متفق علیہ) ابو داود میں یہ بھی ہے: نہ مہندی لگائے۔

## دوسری فصل

۳۱۸۸ / ۹ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ اَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ وَهِيَ اُخْتُ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا جَاءَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهٗ اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهَا فِيْ بَنِيْ خُدْرَةَ فَاِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْبُدٍ لَّهٗ اَبَقُوْا فَقَتَلُوْهُ قَالَتْ فَسَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِيْ فَاِنَّ زَوْجِيْ لَمْ يَتْرُكْنِيْ فِيْ مَنْزِلٍ يَمْلِكُهٗ وَلَا نَفَقَةٍ فَقَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَانْصَرَفْتُ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ اَوْ فِي الْمَسْجِدِ دَعَانِيْ فَقَالَ امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهٗ قَالَتْ فَاعْتَدَدْتُّ فِيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

زینب بنت کعب سے روایت ہے کہ حضرت فریعہ بنت مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں بتایا جو حضرت ابو سعید خدری کی بہن ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ پوچھنے کے لیے حاضر ہوئیں کہ وہ بنی خدرہ میں اپنے خاندان والوں کے پاس چلی جائیں کیونکہ ان کا خاوند اپنے بھاگے ہوئے غلاموں کی تلاش میں نکلا تھا تو انہوں نے اسے قتل کر دیا۔ پس میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنے خاندان والوں کے پاس چلے جانے کے متعلق پوچھا کیونکہ میرے خاوند نے اپنی ملکیت کا کوئی مکان اور نفقہ نہیں چھوڑا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں۔ پس میں لوٹ آئی۔ یہاں تک کہ حجرے یا مسجد کے پاس ہی تھی تو مجھے بلا کر فرمایا اپنے گھر میں ہی رہو یہاں تک کہ عدت پوری ہو جائے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے عدت کے چار مہینے دس دن اسی میں گزارے (مالک، ترمذی، ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

۳۱۸۹ / ۱۰ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ تُوُفِّيَ اَبُوْ سَلَمَةَ وَقَدْ جَعَلْتُ عَلَيَّ صَبِرًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا اُمَّ سَلَمَةَ قُلْتُ اِنَّمَا هُوَ صَبِرٌ لَيْسَ فِيْهِ طِيْبٌ فَقَالَ اِنَّهٗ يَشُبُّ الْوَجْهَ فَلَا تَجْعَلِيْهِ اِلَّا بِاللَّيْلِ وَتَنْزِعِيْهِ بِالنَّهَارِ وَلَا تَمْتَشِطِيْ بِالطِّيْبِ وَلَا بِالْحِنَّاءِ فَاِنَّهٗ خِضَابٌ قُلْتُ بِاَيِّ شَيْءٍ اَمْتَشِطُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ بِالسِّدْرِ تُغَلِّفِيْنَ بِهٖ رَاْسَكِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جب کہ حضرت ابو سلمہ فوت ہو گئے تھے اور میں نے چہرے پر صبر لگایا ہوا تھا۔ فرمایا کہ اے ام سلمہ! یہ کیا ہے؟ عرض کی کہ یہ صبر ہے جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ فرمایا کہ یہ چہرے کو رنگین تو کرتا ہے لہٰذا اسے نہ لگانا مگر رات میں اور دن میں دور کر دینا اور خوشبو یا مہندی سے کنگھی نہ کرنا کیونکہ یہ خضاب ہے۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! کس چیز کے ساتھ کنگھی کروں؟ فرمایا کہ بیری کے پتوں کا اپنے سر پر لیپ کر لینا۔

(ابو داؤد۔ نسائی)

۳۱۹۰ / ۱۱ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ وَلَا الْمُمَشَّقَةَ وَلَا الْحُلِيَّ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کا خاوند فوت ہو جائے تو وہ زعفران سے رنگا ہوا کپڑا نہ پہنے اور نہ سرخ رنگ کا، نہ زیور پہنے اور نہ خضاب یا سرمہ لگائے۔

(ابو داؤد۔ نسائی)

## تیسری فصل

۳۱۹۱ / ۱۲ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ الْاَحْوَصَ هَلَكَ بِالشَّامِ

سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ احوص کا شام میں انتقال ہو گیا جب کہ

www.alahazratnetwork.org



حِيْنَ دَخَلَتِ امْرَأَتُهٗ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ وَقَدْ كَانَ طَلَّقَهَا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ إِلٰى زَيْدِ ابْنِ ثَابِتٍ يَسْأَلُهٗ عَنْ ذٰلِكَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ زَيْدٌ أَنَّهَا إِذَا دَخَلَتْ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ وَبَرِئَ مِنْهَا لَا يَرِثُهَا وَلَا تَرِثُهٗ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

اُن کی بیوی کو تیسرے حیض کا خون شروع ہوا اور اُنھوں نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہوئی تھی۔ حضرت معاویہ بن ابوسفیان نے حضرت زید بن ثابت سے اس کا حکم پوچھتے ہوئے لکھا۔ حضرت زید نے اُن کے لیے لکھا کہ جب وہ تیسرے حیض کے خون میں داخل ہو گئی تو وہ خاوند سے اور خاوند اُس سے لاتعلق ہو گیا۔ نہ عورت اُس کی وارث اور نہ وہ اس کا وارث۔

(موطا امام مالک)

٣١٩٢ (١٣) وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَيُّمَا امْرَأَةٍ طُلِّقَتْ فَحَاضَتْ حَيْضَةً أَوْ حَيْضَتَيْنِ ثُمَّ رُفِعَتْهَا حَيْضَتُهَا فَإِنَّهَا تَنْتَظِرُ تِسْعَةَ أَشْهُرٍ فَإِنْ بَانَ بِهَا حَمْلٌ فَذٰلِكَ وَإِلَّا اعْتَدَّتْ بَعْدَ التِّسْعَةِ الْأَشْهُرِ ثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ ثُمَّ حَلَّتْ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، جس عورت کو طلاق دی گئی، پس اُسے ایک یا دو حیض آگئے، پھر بند ہو گئے تو وہ نو مہینے انتظار کرے۔ اگر حمل ظاہر ہو جائے تو بہتر ورنہ نو مہینے کے بعد پھر تین مہینے عدت گزارے پھر حلال ہو گی۔

(مالک)

# بَابُ الْاِسْتِبْرَاءِ

# استبراء کا بیان

## پہلی فصل

٣١٩٣ (١) عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ مُجِحٍّ فَسَأَلَ عَنْهَا فَقَالُوْا أَمَةٌ لِفُلَانٍ قَالَ أَيُلِمُّ بِهَا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَلْعَنَهٗ لَعْنًا يَدْخُلُ مَعَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ كَيْفَ يَسْتَخْدِمُهٗ وَهُوَ لَا يَحِلُّ لَهٗ أَمْ كَيْفَ يُوَرِّثُهٗ وَهُوَ لَا يَحِلُّ لَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک حاملہ عورت کے پاس سے گزرے تو اُس کے متعلق پوچھا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ فلاں کی لونڈی ہے۔ فرمایا کیا اس سے صحبت کرتا ہے؟ لوگوں نے عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ اُس پر ایسی لعنت کروں جو قبر میں بھی اُس کے ساتھ جائے۔ وہ بچے سے کیسے خدمت لے سکتا ہے جبکہ وہ اس کیلئے حلال نہیں اور کیسے اُسے وارث بناتا ہے جبکہ وہ اس کیلئے حلال نہیں (مسلم)

## دوسری فصل

٣١٩٤ (٢) عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَفَعَهٗ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ سَبَايَا أَوْطَاسٍ لَا تُوْطَأُ حَامِلٌ حَتّٰى تَضَعَ وَلَا غَيْرُ ذَاتِ حَمْلٍ حَتّٰى تَحِيْضَ حَيْضَةً۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ اوطاس کی لونڈیوں کے بارے میں فرمایا، کسی حاملہ سے صحبت نہ کی جائے جب تک بچہ نہ جن لے اور نہ غیر حاملہ سے یہاں تک کہ اُسے حیض آجائے (احمد، ابوداؤد، دارمی)

٣١٩٥ (٣) وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ

حضرت رُویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

www.alahazratnetwork.org



رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ حُنَیْنٍ لَا یَحِلُّ لِامْرِءٍ یُّؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَّسْقِیَ مَآءَہٗ زَرْعَ غَیْرِہٖ یَعْنِیْ اِتْیَانَ الْحُبَالٰی وَلَا یَحِلُّ لِامْرِءٍ یُّؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَّقَعَ عَلَی امْرَاَۃٍ مِّنَ السَّبْیِ حَتّٰی یَسْتَبْرِئَہَا وَلَا یَحِلُّ لِامْرِءٍ یُّؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَّبِیْعَ مَغْنَمًا حَتّٰی یُقْسَمَ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ اِلٰی قَوْلِہٖ زَرْعَ غَیْرِہٖ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے روز فرمایا: کسی شخص کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو کہ اپنے پانی سے دوسرے کی کھیتی کو سیراب کرے یعنی حاملہ سے صحبت کرے اور کسی کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو کہ استبراء کرنے سے پہلے کسی قیدی عورت سے صحبت کرے اور کسی کے لیے جائز نہیں ہے جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہو کہ مالِ غنیمت کو تقسیم ہو جانے سے پہلے فروخت کرے (ابو داؤد) اور ترمذی نے اسے الیٰ زرعِ غیرہٖ تک روایت کیا ہے۔

## تیسری فصل

۳۱۹۶ عَنْ مَالِکٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَاْمُرُ بِاسْتِبْرَآءِ الْاِمَآءِ بِحَیْضَۃٍ اِنْ کَانَتْ مِمَّنْ تَحِیْضُ وَثَلٰثَۃِ اَشْہُرٍ اِنْ کَانَتْ مِمَّنْ لَّا تَحِیْضُ وَیَنْہٰی عَنْ سَقْیِ مَآءِ الْغَیْرِ۔

امام مالک نے فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لونڈیوں کو حیض کے ساتھ استبراء کا حکم فرمایا کرتے جب کہ اسے حیض آتا ہو تو تین مہینے تک اور اگر حیض نہ آتا ہو تو دوسرے کی کھیتی کو سیراب کرنے سے منع فرمایا کرتے۔

۳۱۹۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ قَالَ اِذَا وُہِبَتِ الْوَلِیْدَۃُ الَّتِیْ تُوْطَاُ اَوْ بِیْعَتْ اَوْ اُعْتِقَتْ فَلْتَسْتَبْرِئْ رَحِمَہَا بِحَیْضَۃٍ وَلَا تُسْتَبْرَئُ الْعَذْرَآءُ۔
(رَوَاہُمَا رَزِیْنٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا کہ لونڈی کو جب ہبہ کیا جائے جس سے صحبت کی جاتی ہو یا فروخت کیا جائے یا آزاد کیا جائے تو ایک حیض کے ساتھ اس کا استبراء کیا جائے اور کنواری لڑکی کے استبراء کی ضرورت نہیں ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو رزین نے روایت کیا ہے۔

# بَابُ النَّفَقَاتِ وَحَقِّ الْمَمْلُوْکِ

## نان نفقہ اور مملوک کا حق ،

## پہلی فصل

۳۱۹۸ عَنْ عَآئِشَۃَ اَنَّ ہِنْدًا بِنْتَ عُتْبَۃَ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اَبَا سُفْیٰنَ رَجُلٌ شَحِیْحٌ وَلَیْسَ یُعْطِیْنِیْ مَا یَکْفِیْنِیْ وَوَلَدِیْ اِلَّا مَا اَخَذْتُ مِنْہُ وَہُوَ لَا یَعْلَمُ فَقَالَ خُذِیْ مَا یَکْفِیْکِ وَوَلَدَکِ بِالْمَعْرُوْفِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ہند بنت عتبہ عرض گزار ہوئیں: بیشک حضرت ابو سفیان بخیل آدمی ہیں جو اتنا خرچ نہیں دیتے کہ میری اولاد کے لیے کافی ہو سوائے اس کے جو انہیں بتائے بغیر میں خود لے لوں۔ فرمایا کہ تم اتنا لے سکتی ہو جو دستور کے مطابق تمہاری اولاد کے لیے کافی ہو (متفق علیہ)

۳۱۹۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَعْطَی اللّٰہُ اَحَدَکُمْ خَیْرًا فَلْیَبْدَاْ بِنَفْسِہٖ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو اللہ تعالیٰ مال عطا فرمائے تو خرچ کی ابتداء اپنی جان اور اپنے گھر والوں سے کرے۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



۳۲۰۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَكِسْوَتُهٗ وَلَا یُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا یُطِیْقُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانا اور پہننا مملوک کا حق ہے اور اُسے طاقت سے باہر کام کی تکلیف نہ دی جائے۔

(مسلم)

۳۲۰۱ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَیْدِیْكُمْ فَمَنْ جَعَلَ اللّٰهُ اَخَاهُ تَحْتَ یَدَیْهِ فَلْیُطْعِمْهُ مِمَّا یَاْكُلُ وَلْیُلْبِسْهُ مِمَّا یَلْبَسُ وَلَا یُكَلِّفْهُ مِنَ الْعَمَلِ مَا یَغْلِبُهٗ فَاِنْ كَلَّفَهٗ مَا یَغْلِبُهٗ فَلْیُعِنْهُ عَلَیْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس تمہارے بھائی کو اللہ تعالیٰ تمہارا ماتحت کر دے تو جس کو اللہ تعالیٰ تمہارا مملوک بنا دے اُسے وہی کھلاؤ جو تم کھاتے ہو اور اُسے وہی پہناؤ جو تم پہنتے ہو اور ایسے کام کی اُسے تکلیف نہ دو جو اُس پر غالب آجائے اگر غالب آنے والے کام کی تکلیف دو تو اُس کی مدد کرو۔

(متفق علیہ)

۳۲۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو جَاءَهٗ قَهْرَمَانٌ لَهٗ فَقَالَ لَهٗ اَعْطَیْتَ الرَّقِیْقَ قُوْتَهُمْ قَالَ لَا قَالَ فَانْطَلِقْ فَاَعْطِهِمْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفٰی بِالرَّجُلِ اِثْمًا اَنْ یَّحْبِسَ عَمَّنْ یَّمْلِكُ قُوْتَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ كَفٰی بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ یُّضَیِّعَ مَنْ یَّقُوْتُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کا خزانچی ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انھوں نے فرمایا: کیا لونڈی غلاموں کو اُن کا کھانا دے دیا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ فرمایا کہ جاؤ اُن کا کھانا دو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: انسان کی بربادی کے لیے یہی گناہ کافی ہے کہ جن کی روزی اُس کے ذمے ہو اُسے روکے۔ دوسری روایت میں ہے کہ آدمی کے تباہ ہونے کے لیے یہی گناہ کافی ہے کہ جو روزی دی جاتی ہو اُسے ضائع کر دے۔

(مسلم)

۳۲۰۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَنَعَ لِاَحَدِكُمْ خَادِمُهٗ طَعَامَهٗ ثُمَّ جَاءَهٗ بِهٖ وَقَدْ وَلِیَ حَرَّهٗ وَدُخَانَهٗ فَلْیُقْعِدْهُ مَعَهٗ فَلْیَاْكُلْ فَاِنْ كَانَ الطَّعَامُ مَشْفُوْهًا قَلِیْلًا فَلْیَضَعْ فِیْ یَدِهٖ مِنْهُ اُكْلَةً اَوْ اُكْلَتَیْنِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے لیے اُس کا خادم کھانا تیار کرے پھر اُسے لے آئے جس کی خاطر وہ گرمی اور دھواں برداشت کر چکا ہے تو اُسے اپنے ساتھ بٹھا کر کھلانا چاہیے۔ اگر کھانا تھوڑا ہو تو ایک دو لقمے اُس میں سے اُس کے ہاتھ پر رکھ دے۔

۳۲۰۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا نَصَحَ لِسَیِّدِهٖ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ فَلَهٗ اَجْرُهٗ مَرَّتَیْنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب غلام اپنے آقا کا خیر خواہ ہے اور اچھی طرح اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے تو اُس کے لیے دگنا ثواب ہے۔

(متفق علیہ)

۳۲۰۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نِعِمَّا لِلْمَمْلُوْكِ اَنْ یَّتَوَفَّاهُ اللّٰهُ بِحُسْنِ عِبَادَةِ رَبِّهٖ وَطَاعَةِ سَیِّدِهٖ نِعِمَّا لَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام کے لیے یہ خوش قسمتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اُسے اس حالت میں وفات دے کہ اپنے رب کی اچھی طرح عبادت کرتا ہو اور اپنے آقا کا حکم ماننا بھی اُس کی خوش بختی ہے۔

(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۳۲۰۶ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[9] إِذَا أَبَقَ الْعَبْدُ لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ أَيُّمَا عَبْدٍ أَبَقَ مِنْ مَّوَالِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ حَتّٰى يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب غلام بھاگ جائے تو اُس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔ ایک اور روایت میں اُن سے ہے کہ فرمایا: جو غلام بھاگ گیا تو وہ ذمہ داری سے نکل گیا۔ اُن سے ہی ایک اور روایت میں ہے کہ فرمایا: جو غلام اپنے مالکوں سے بھاگ گیا وہ پکا ناشکرا ہو گیا، یہاں تک کہ اُن کے پاس لوٹ آئے۔ (مسلم)

۳۲۰۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[10] يَقُوْلُ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْكَهٗ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِّمَّا قَالَ جُلِدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ كَمَا قَالَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جس نے اپنے غلام پر تہمت لگائی اور وہ اُس کے الزام سے بری ہو تو قیامت کے روز آقا کو کوڑے لگائے جائیں گے مگر جب کہ وہ اُس کے کہنے کے مطابق ہو۔ (متفق علیہ)

۳۲۰۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[11] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ ضَرَبَ غُلَامًا لَّهٗ حَدًّا لَّمْ يَأْتِهٖ أَوْ لَطَمَهٗ فَإِنَّ كَفَّارَتَهٗ أَنْ يُّعْتِقَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو اپنے غلام کو حد مارے جب کہ اُس نے جرم نہ کیا ہو یا طمانچہ مارے تو اِس کا کفارہ یہ ہے کہ اُسے آزاد کر دے۔ (مسلم)

۳۲۰۹ وَعَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ أَضْرِبُ[12] غُلَامًا لِّيْ فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِيْ صَوْتًا اِعْلَمْ أَبَا مَسْعُوْدٍ لَلّٰهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ حُرٌّ لِّوَجْهِ اللّٰهِ فَقَالَ أَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ أَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں اپنے غلام کو پیٹ رہا تھا تو میں نے پیچھے سے آواز سُنی: اے ابومسعود! جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اُوپر اِس سے بھی زیادہ قدرت رکھتا ہے۔ میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ رضائے الٰہی کی خاطر آزاد ہے۔ فرمایا کہ اگر تم ایسا نہ کرتے تو تمہیں آگ جلاتی یا تمہیں آگ چھوتی۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۳۲۱۰ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ[13] رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ لِيْ مَالًا وَّإِنَّ وَالِدِيْ يَحْتَاجُ إِلٰى مَالِيْ قَالَ أَنْتَ وَمَالُكَ لِوَالِدِكَ إِنَّ أَوْلَادَكُمْ مِّنْ أَطْيَبِ كَسْبِكُمْ كُلُوْا مِنْ كَسْبِ أَوْلَادِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرے پاس مال ہے اور میرے والد ماجد کو میرے مال کی ضرورت ہے۔ فرمایا کہ تم اور تمہارا مال سب تمہارے والد کا ہے۔ بیشک تمہاری اولاد تمہاری پاکیزہ کمائی سے ہے لہٰذا اپنی اولاد کی کمائی سے کھاؤ۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۲۱۱ وَعَنْهُ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى[14] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّيْ فَقِيْرٌ لَيْسَ لِيْ شَيْءٌ وَّلِيْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میں غریب ہوں، میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے اور

www.alahazratnetwork.org



يَتِيمٌ فَقَالَ كُلْ مِنْ مَالِ يَتِيمِكَ غَيْرَ مُسْرِفٍ وَلَا مُبَادِرٍ وَلَا مُتَأَثِّلٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

٣٢١٢ / ١٥ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي مَرَضِهِ الصَّلٰوةَ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَرَوَى أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَهُ۔

٣٢١٣ / ١٦ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

٣٢١٤ / ١٧ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُسْنُ الْمَلَكَةِ يُمْنٌ وَسُوءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَلَمْ أَرَ فِي غَيْرِ الْمَصَابِيحِ مَا زَادَ عَلَيْهِ مِنْ قَوْلِهِ وَالصَّدَقَةُ تَمْنَعُ مِيتَةَ السُّوءِ وَالْبِرُّ زِيَادَةٌ فِي الْعُمُرِ)

٣٢١٥ / ١٨ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ خَادِمَهُ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ لٰكِنْ عِنْدَهُ فَلْيُمْسِكْ بَدَلَ فَارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ۔

٣٢١٦ / ١٩ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

٣٢١٧ / ٢٠ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ وَهَبَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَيْنِ أَخَوَيْنِ فَبِعْتُ أَحَدَهُمَا فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ مَا فَعَلَ غُلَامُكَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رُدَّهُ رُدَّهُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

٣٢١٨ / ٢١ وَعَنْهُ أَنَّهُ فَرَّقَ بَيْنَ جَارِيَةٍ وَوَلَدِهَا فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَرَدَّ الْبَيْعَ۔
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ مُنْقَطِعًا)

میرے پاس ایک یتیم ہے۔ فرمایا کہ اپنے یتیم کے مال سے کھاؤ لیکن اسراف نہ کرنا، جلدی نہ کرنا اور مال جمع نہ کرنا۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے مرض میں فرمایا کرتے: نماز اور جو تمہارے لونڈی غلام ہیں۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے جبکہ احمد اور ابوداؤد نے حضرت علی سے اسی طرح روایت کی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے غلام سے بُرا سلوک کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا (ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام سے اچھا سلوک کرنا خوش بختی ہے اور بد خلقی سے پیش آنا بدبختی ہے (ابوداؤد) میں نے مصابیح کے سوا اس حدیث میں یہ بات نہیں دیکھی کہ صدقہ بُری موت سے بچاتا ہے اور نیکی سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے خادم کو پیٹے اور وہ اللہ کو یاد کرے تو اس سے اپنے ہاتھوں کو اٹھالو۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں لیکن ان کے نزدیک اپنے ہاتھوں کو اٹھالو کی جگہ رُک جاؤ ہے۔

حضرت ابوایوب کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جس نے کسی والدہ اور اس کی اولاد کے درمیان جدائی ڈالی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے اور اس کے چہیتوں کے درمیان جدائی ڈال دے گا۔ (ترمذی، دارمی)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے دو غلام مرحمت فرمائے جو سگے بھائی تھے۔ میں نے ان میں سے ایک کو فروخت کردیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے علی! اپنے غلاموں کا کیا کیا؟ میں نے آپ کو بتادیا۔ فرمایا: اُسے لوٹاؤ، اُسے لوٹاؤ (ترمذی، ابن ماجہ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ اُنہوں نے ایک لونڈی اور اس کے بیٹے کو جُدا کر دیا تھا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا لہٰذا انہوں نے بیع فسخ کردی۔ اسے ابوداؤد نے منقطعاً روایت کیا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



٣٢١٩ / ٢٢ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ يَسَّرَ اللّٰهُ حَتْفَهُ وَأَدْخَلَهُ جَنَّتَهُ رِفْقٌ بِالضَّعِيفِ وَشَفَقَةٌ عَلَى الْوَالِدَيْنِ وَإِحْسَانٌ إِلَى الْمَمْلُوكِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے اندر تین باتیں ہوں اللہ تعالیٰ اس کے لیے موت کو آسان کر دیتا ہے اور اسے اپنی جنت میں داخل فرمائے گا۔ کمزور کے ساتھ نرمی، والدین کے ساتھ مہربانی اور غلام سے حسن سلوک۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٢٢٠ / ٢٣ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَبَ لِعَلِيٍّ غُلَامًا فَقَالَ لَا تَضْرِبْهُ فَإِنِّي نُهِيتُ عَنْ ضَرْبِ أَهْلِ الصَّلٰوةِ وَقَدْ رَأَيْتُهُ يُصَلِّي هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيحِ وَفِي الْمُجْتَبٰى لِلدَّارَقُطْنِيِّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کو ایک غلام عطا کیا اور فرمایا کہ اسے نہ مارنا کیونکہ مجھے نمازیوں کو مارنے سے منع فرمایا گیا ہے جبکہ میں نے اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ یہ مصابیح کے الفاظ ہیں جبکہ دارقطنی کی مجتبیٰ میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نمازیوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔

٣٢٢١ / ٢٤ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَمْ نَعْفُو عَنِ الْخَادِمِ فَسَكَتَ ثُمَّ أَعَادَ عَلَيْهِ الْكَلَامَ فَصَمَتَ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَ اعْفُوا عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم غلام کو کتنی دفعہ معاف کریں؟ آپ خاموش رہے۔ دوبارہ یہی بات پوچھی تب بھی آپ خاموش رہے جب تیسری دفعہ پوچھا تو فرمایا: روزانہ اُس سے ستّر دفعہ درگزر کرو۔ اسے ابو داؤد نے روایت کیا اور ترمذی نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کیا ہے۔

٣٢٢٢ / ٢٥ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَاءَمَكُمْ مِنْ مَمْلُوكِيكُمْ فَأَطْعِمُوهُ مِمَّا تَأْكُلُونَ وَاكْسُوهُ مِمَّا تَكْسُونَ وَمَنْ لَا يُلَائِمُكُمْ مِنْهُمْ فَبِيعُوهُ وَلَا تُعَذِّبُوا خَلْقَ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے غلاموں میں سے جو تمہاری مرضی کے مطابق ہو تو اُسے وہی کھلاؤ جو تم کھاتے ہو اور وہی پہناؤ جو تم پہنتے ہو اور اُن میں سے جو تمہاری مرضی کے مطابق نہ ہو تو اُسے فروخت کر دو اور اللہ کی مخلوق کو عذاب نہ دو۔

(احمد، ابوداؤد)

٣٢٢٣ / ٢٦ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعِيرٍ قَدْ لَحِقَ ظَهْرُهُ بِبَطْنِهِ فَقَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ فِي هٰذِهِ الْبَهَائِمِ الْمُعْجَمَةِ فَارْكَبُوهَا صَالِحَةً وَاتْرُكُوهَا صَالِحَةً۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک اونٹ کے پاس سے گزرے جس کی کمر اُس کے پیٹ سے لگی ہوئی تھی۔ فرمایا کہ ان بے زبان مویشیوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ اچھی حالت میں ان پر سواری کرو اور اچھی حالت میں چھوڑ دو۔

(ابوداؤد)

## تیسری فصل

٣٢٢٤ / ٢٧ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَ قَوْلُهُ تَعَالٰى وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ وَقَوْلُهُ تَعَالٰى

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: اور یتیموں کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر بہت اچھے طریقے سے (۶:۱۵۲) اور ارشاد

www.alahazratnetwork.org



إن الذين يأكلون أموال اليتامى ظلما الآية انطلق من كان عنده يتيم فعزل طعامه من طعامه وشرابه من شرابه فإذا فضل من طعام اليتيم وشرابه شيء حبس له حتى يأكله أو يفسد فاشتد ذالك عليهم فذكروا لرسول الله صلى الله عليه وسلم فأنزل الله تعالى ويسألونك عن اليتامى قل إصلاح لهم خير وإن تخالطوهم فإخوانكم فخلطوا طعامهم بطعامهم وشرابهم بشرابهم۔

(رواه أبو داود والنسائي)

باری تعالیٰ: «وہ جو یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں (۴: ۱۰)» تو جس کے پاس بھی کوئی یتیم تھا اُس نے اُس کا کھانا اور پینا اپنے کھانے اور پینے سے ایک طرف کر دیا جب یتیم کے کھانے یا پینے کی چیز سے کچھ بچ رہتا تو اُسی کے لیے رکھ دیا جاتا یہاں تک کہ وہ کھالیتا یا خراب ہو جاتا۔ یہ لوگوں پر گراں گزرا تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اِس کا ذکر کیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا: «اور تم سے یتیموں کے متعلق پوچھتے ہیں تم فرما دو کہ اُن کا بھلا کرنا بہتر ہے اور اگر اپنا اُن کا خرچ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں (۲: ۲۲۰)» پس لوگوں نے اُن کے کھانے پینے کی چیزیں اپنے کھانے پینے کی چیزوں میں ملا لیں۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

۳۲۲۵ (۲۸) وعن أبي موسى قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم من فرق بين الوالد وولده وبين الأخ وبين أخيه۔ (رواه ابن ماجة والدارقطني)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس پر لعنت فرمائی ہے جو باپ اور بیٹے میں جُدائی کرے یا دو سگے بھائیوں کے درمیان۔ اِسے ابن ماجہ اور دارقطنی نے روایت کیا ہے۔

۳۲۲۶ (۲۹) وعن عبد الله بن مسعود قال كان النبي صلى الله عليه وسلم إذا أتي بالسبي أعطى أهل البيت جميعا كراهية أن يفرق بينهم۔

(رواه ابن ماجة)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب قیدی پیش کیے جاتے تو سارے گھر والے کسی کو اکٹھے عطا فرماتے کیونکہ اُن میں جُدائی ڈالنا آپ کو ناپسند تھا۔

(ابن ماجہ)

۳۲۲۷ (۳۰) وعن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ألا أنبئكم بشراركم الذي يأكل وحده ويجلد عبده ويمنع رفده۔

(رواه رزين)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم میں سے بُرے لوگ نہ بتاؤں۔ وہ جو اکیلا کھائے، اپنے غلام کو کوڑے مارے اور اپنی بخشش کو روکے۔

(رزین)

۳۲۲۸ (۳۱) وعن أبي بكر الصديق رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة سيئ الملكة قالوا يا رسول الله أليس أخبرتنا أن هذه الأمة أكثر الأمم مملوكين ويتامى قال نعم فأكرموهم ككرامة أولادكم وأطعموهم مما تأكلون قالوا فما ينفعنا الدنيا قال فرس ترتبطه تقاتل عليه في سبيل الله ومملوك يكفيك فإذا صلى فهو أخوك۔

(رواه ابن ماجة)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جو اپنے غلاموں سے بُرا سلوک کرے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا آپ نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ یہ اُمت دوسری اُمتوں سے زیادہ غلاموں اور یتیموں والی ہوگی؟ فرمایا، ہاں لہٰذا اُن پر اِسی طرح مہربانی کرو جیسے اپنی اولاد سے کرتے ہو اور اُسی سے انہیں کھلاؤ جو تم کھاتے ہو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہمیں دنیا میں کیا فائدہ دے گی؟ فرمایا کہ جس گھوڑے کو تم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے پالتے ہو اور غلام، وہ تمہیں کفایت کرے گا۔ جب نماز پڑھے تو تمہارا بھائی ہے۔

(ابن ماجہ)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ بُلُوْغِ الصَّغِيْرِ وَحِضَانَتِهٖ فِي الصِّغَرِ

## چھوٹے بچے کا بالغ ہونا اور بچپن میں اُس کی پرورش کرنا۔

## پہلی فصل

۳۲۲۹ / ۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُرِضْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ أُحُدٍ وَّأَنَا ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَرَدَّنِيْ ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ عَامَ الْخَنْدَقِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَأَجَازَنِيْ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ هٰذَا فَرْقُ مَا بَيْنَ الْمُقَاتِلَةِ وَالذُّرِّيَّةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا گیا جب کہ میری عمر چودہ سال تھی تو آپ نے مجھے واپس لوٹا دیا۔ پھر مجھے غزوہ خندق کے وقت پیش کیا گیا جب کہ میری عمر پندرہ سال تھی تو مجھے اجازت مرحمت فرما دی۔ حضرت عمر بن عبد العزیز نے فرمایا کہ مجاہدوں اور نابالغوں کی عمر میں یہی فرق ہے۔

(متفق علیہ)

۳۲۳۰ / ۲ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَلٰثَةِ أَشْيَاءَ عَلٰى أَنَّ مَنْ أَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَدَّهٗ إِلَيْهِمْ وَمَنْ أَتَاهُمْ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ وَعَلٰى أَنْ يَّدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ وَّيُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْأَجَلُ خَرَجَ فَتَبِعَتْهُ ابْنَةُ حَمْزَةَ تُنَادِيْ يَا عَمِّ يَا عَمِّ فَتَنَاوَلَهَا عَلِيٌّ فَأَخَذَ بِيَدِهَا فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِيٌّ وَّزَيْدٌ وَّجَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِيٌّ أَنَا أَخَذْتُهَا وَهِيَ بِنْتُ عَمِّيْ وَقَالَ جَعْفَرٌ بِنْتُ عَمِّيْ وَخَالَتُهَا تَحْتِيْ وَقَالَ زَيْدٌ بِنْتُ أَخِيْ فَقَضٰى بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَقَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ وَقَالَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ وَقَالَ لِجَعْفَرٍ أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَقَالَ لِزَيْدٍ أَنْتَ أَخُوْنَا وَمَوْلَانَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے روز تین باتوں پر صلح کی یہ کہ مشرکین میں سے جو آئے اُسے اُن کی طرف لوٹایا جائے۔ اور مسلمانوں میں سے جو اُن کے پاس جائے گا وہ نہیں لوٹائیں گے اور اس میں اگلے سال داخل ہوں اور تین دن رہیں۔ جب اُس میں داخل ہوئے اور مدت گزرنے پر نکل آئے تو حضرت حمزہ کی صاحبزادی پیچھے سے پکارتی آئی: اے چچا جان، اے چچا جان! تو حضرت علی نے کر اُس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ اُس کے بارے میں حضرت علی، حضرت زید اور حضرت جعفر میں اختلاف ہُوا۔ حضرت علی نے کہا کہ میں نے اُسے لیا ہے اور یہ میرے چچا کی بیٹی ہے۔ حضرت جعفر نے کہا کہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے۔ حضرت زید نے کہا کہ میری بھتیجی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا فیصلہ اُس کی خالہ کے حق میں کیا اور فرمایا کہ خالہ ماں کی جگہ ہے۔ حضرت علی سے فرمایا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔ حضرت جعفر سے فرمایا کہ تم صورت اور سیرت میں مجھ سے بہت زیادہ مشابہت رکھتے ہو اور حضرت زید سے فرمایا کہ تم ہمارے بھائی اور ہمارے چہیتے ہو۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۲۳۱ / ۳ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِّ امجد حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی

www.alahazratnetwork.org



بْنِ عَمْرٍو اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنِيْ هٰذَا كَانَ بَطْنِيْ لَهٗ وِعَاءً وَّثَدْيِيْ لَهٗ سِقَاءً وَّحِجْرِيْ لَهٗ حِوَاءً وَّاِنَّ اَبَاهُ طَلَّقَنِيْ وَاَرَادَ اَنْ يَّنْزِعَهٗ مِنِّيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتِ اَحَقُّ بِهٖ مَا لَمْ تَنْكِحِيْ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی، یا رسول اللہ! میرا یہ بیٹا، میرا پیٹ اس کے لیے برتن تھا، میرے پستان اس کے مشکیزے تھے اور میری گود اس کی آرام گاہ تھی۔ اس کے ابا جان نے مجھے طلاق دی اور چاہتے ہیں کہ اسے مجھ سے چھین لیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں اس کا زیادہ حق ہے جب تک تم کسی سے نکاح نہ کرلو۔ (احمد، ابوداؤد)

٣٢٣٢ ٤ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ اَبِيْهِ وَاُمِّهٖ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بچے کو اُس کے باپ اور ماں کے درمیان اختیار دیا۔ (ترمذی)

٣٢٣٣ ٥ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ زَوْجِيْ يُرِيْدُ اَنْ يَّذْهَبَ بِابْنِيْ وَقَدْ سَقَانِيْ وَنَفَعَنِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا اَبُوْكَ وَهٰذِهٖ اُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ اَيِّهِمَا شِئْتَ فَاَخَذَ بِيَدِ اُمِّهٖ فَانْطَلَقَتْ بِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو عرض گزار ہوئی: میرا خاوند میرے بیٹے کو مجھ سے لے جانا چاہتا ہے جب کہ یہ مجھے پانی پلاتا اور فائدہ پہنچاتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارا باپ ہے اور یہ تمہاری ماں ہے، ان میں سے جس کا تم چاہو ہاتھ پکڑلو۔ اُس نے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑلیا تو وہ اُسے لے گئی۔ (ابوداؤد، نسائی، دارمی)

## تیسری فصل

٣٢٣٤ ٦ عَنْ هِلَالِ بْنِ اُسَامَةَ عَنْ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ سُلَيْمَانَ مَوْلًى لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ مَعَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ جَاءَتْهُ امْرَاَةٌ فَارِسِيَّةٌ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا وَقَدْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَادَّعَيَاهُ فَرَطَنَتْ لَهٗ تَقُوْلُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ زَوْجِيْ يُرِيْدُ اَنْ يَّذْهَبَ بِابْنِيْ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ وَرَطَنَ لَهَا بِذٰلِكَ فَجَاءَ زَوْجُهَا وَقَالَ مَنْ يُّحَاقُّنِيْ فِي ابْنِيْ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اَقُوْلُ هٰذَا اِلَّا اَنِّيْ كُنْتُ قَاعِدًا مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ زَوْجِيْ يُرِيْدُ اَنْ يَّذْهَبَ بِابْنِيْ وَقَدْ نَفَعَنِيْ وَسَقَانِيْ مِنْ بِئْرِ اَبِيْ عِنَبَةَ وَعِنْدَ النَّسَائِيِّ مِنْ عَذْبِ الْمَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ فَقَالَ زَوْجُهَا مَنْ يُّحَاقُّنِيْ فِيْ وَلَدِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ہلال بن اُسامہ سے روایت ہے کہ ابومیمونہ سلیمان نے فرمایا جو اہلِ مدینہ کے مولیٰ تھے کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک ایرانی عورت آئی جس کے ساتھ اُس کا بیٹا تھا اور اُس کے خاوند نے اُسے طلاق دے دی تھی۔ پس اُس نے دعویٰ کرتے ہوئے فارسی میں کہا کہ اے ابوہریرہ! میرا خاوند مجھ سے میرا بیٹا لینا چاہتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ نے فارسی میں اُس سے کہا کہ قرعہ ڈال لو۔ پس اُس کا خاوند آگیا اور کہا کہ میرے بیٹے کے بارے میں مجھ سے کون جھگڑتا ہے۔ تو حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ بندۂ خدا میں اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھا ہوا تھا تو ایک عورت حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میرا خاوند چاہتا ہے کہ میرا بیٹا مجھ سے لے جائے جب کہ یہ مجھے فائدہ پہنچاتا اور ابوعنبہ کے کنوئیں سے پانی پلاتا ہے۔ نسائی کے نزدیک میٹھا پانی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کا قرعہ ڈال لو۔ اُس کے خاوند نے کہا کہ میرے لڑکے کے بارے میں مجھ سے کون جھگڑتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.alahazratnetwork.org



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوْكَ وَهٰذِهٖ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ أَيِّهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

فرمایا: یہ تمہارا باپ ہے اور یہ تمہاری ماں ہے۔ ان میں سے جس کا چاہو ہاتھ پکڑ لو۔ پس اُس نے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑ لیا۔ (ابوداؤد۔ نسائی، دارمی)

# كِتَابُ الْعِتْقِ

## ۱۴۔ آزاد کرنے کا بیان،

### پہلی فصل

۳۲۲۵ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُّسْلِمَةً أَعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِّنْهُ عُضْوًا مِّنَ النَّارِ حَتّٰى فَرْجَهٗ بِفَرْجِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان غلام کو آزاد کیا تو اللہ تعالیٰ اُس کے ہر عضو کے بدلے اِس کے اعضاء کو جہنم سے آزاد کردے گا یہاں تک کہ اُس کی شرم گاہ کے بدلے اِس کی شرم گاہ کو۔ (متفق علیہ)

۳۲۲۶ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ قَالَ إِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِيْ سَبِيْلِهٖ قَالَ قُلْتُ فَأَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ قَالَ أَغْلَاهَا ثَمَنًا وَّأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا قُلْتُ فَإِنْ لَّمْ أَفْعَلْ قَالَ تُعِيْنُ صَانِعًا أَوْ تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ قُلْتُ فَإِنْ لَّمْ أَفْعَلْ قَالَ تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلٰى نَفْسِكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا۔ کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنا اور اُس کی راہ میں جہاد کرنا۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر کونسا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟ فرمایا کہ جو قیمت میں زیادہ اور مالکوں کو زیادہ پسند ہو۔ عرض کی کہ اگر میں نہ کر سکوں؟ فرمایا کہ کام کرنے والے کی مدد کرو اور اناڑی کا کام کردو۔ عرض گزار ہوا کہ اگر میں نہ کر سکوں؟ فرمایا تو لوگوں کو شر سے بچاؤ کیونکہ یہ صدقہ ہے جو تم اپنی جان کا صدقہ دوگے۔ (متفق علیہ)

### دوسری فصل

۳۲۲۷ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَلِّمْنِيْ عَمَلًا يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ قَالَ لَئِنْ كُنْتَ أَقْصَرْتَ الْخُطْبَةَ لَقَدْ أَعْرَضْتَ الْمَسْأَلَةَ أَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَفُكَّ الرَّقَبَةَ قَالَ أَوَلَيْسَا وَاحِدًا قَالَ لَا عِتْقُ النَّسَمَةِ أَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَفَكُّ الرَّقَبَةِ أَنْ تُعِيْنَ فِيْ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوا: مجھے ایسا عمل سکھا دیجیے جو جنت میں داخل کردے۔ فرمایا کہ تم نے کلام مختصر کیا مگر سوال معنًا وسیع ہے۔ غلام آزاد کرو اور گردن چھڑاؤ۔ عرض کی کہ دونوں ایک نہیں ہیں؟ فرمایا: نہیں ہے آزاد کرنا مگر جب تم آزاد کرنے میں اکیلے ہو اور گردن چھڑانا یہ ہے کہ تم اس کی قیمت میں مدد دو اور دودھ دینے والا

www.alahazratnetwork.org



القالي فإن لم تطق ذلك فأطعم الجائع واسق الظمآن وأمر بالمعروف وانه عن المنكر فإن لم تطق ذلك فكف لسانك إلا من خير۔ (رواه البيهقي في شعب الإيمان)

کھلانا، پیاسے کو پانی پلانا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا۔ اگر یہ بھی نہ کر سکو تو اپنی زبان پر نہ لاؤ مگر اچھی بات۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

٣٢٣٨ وعن عمرو بن عبسة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال من بنى مسجدا ليذكر الله فيه بني له بيت في الجنة ومن أعتق نفسا مسلمة كانت فديته من جهنم ومن شاب شيبة في سبيل الله كانت له نورا يوم القيامة۔ (رواه في شرح السنة)

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسجد بنائی تاکہ اُس میں اللہ کا ذکر ہو تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے اور جس نے کسی مسلمان کی جان کو آزاد کیا تو وہ جہنم سے اُس کے لیے فدیہ ہو جائے گا اور جو اللہ کی راہ میں بوڑھا ہو جائے تو قیامت کے روز اُس کے لیے نور ہوگا۔ (شرح السنہ)

## تیسری فصل

٣٢٣٩ عن الغريف بن الديلمي قال أتينا واثلة بن الأسقع فقلنا حدثنا حديثا ليس فيه زيادة ولا نقصان فغضب وقال إن أحدكم ليقرأ ومصحفه معلق في بيته فيزيد وينقص فقلنا إنما أردنا حديثا سمعته من النبي صلى الله عليه وسلم فقال أتينا رسول الله صلى الله عليه وسلم في صاحب لنا أوجب يعني النار بالقتل فقال أعتقوا عنه يعتق الله بكل عضو منه عضوا منه من النار۔ (رواه أبو داود والنسائي)

غریف دیلمی کا بیان ہے کہ ہم حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: ہم سے کوئی ایسی حدیث بیان کیجیے جس میں کمی بیشی نہ ہو۔ وہ ناراض ہوئے اور فرمایا کہ تم قرآن مجید پڑھتے ہو جو تمہارے گھروں میں لٹکا رہتا ہے تو اُس کی کمی بیشی کرتے ہو۔ ہم عرض گزار ہوئے: ہماری مراد یہ ہے کہ ایسی حدیث بیان کیجیے جو آپ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود سُنی ہو۔ فرمایا کہ اپنے ایک ساتھی کے سلسلے میں، جس پر قتل کے باعث جہنم واجب ہو گئی تھی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ فرمایا کہ اُس کی طرف سے غلام آزاد کرو تو اللہ تعالیٰ غلام کے ہر عضو کے بدلے اِس کے اعضاء کو جہنم سے آزاد فرما دے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

٣٢٤٠ وعن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل الصدقة الشفاعة بها تفك الرقبة۔ (رواه البيهقي في شعب الإيمان)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: افضل صدقہ وہ سفارش ہے جس کے ذریعے کوئی گردن آزاد کروا دی جائے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے

# باب إعتاق العبد المشترك وشرى القريب والعتق في المرض

## مشترک غلام کو آزاد کرنا، رشتہ دار کو خریدنا اور مرض میں کسی کو آزاد کرنا۔

## پہلی فصل

٣٢٤١ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ قُوِّمَ الْعَبْدُ عَلَيْهِ قِيمَةَ عَدْلٍ فَأُعْطِيَ شُرَكَاؤُهُ حِصَصَهُمْ وَعَتَقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے پاس غلام کی قیمت کے برابر مال ہو تو انصاف کے ساتھ غلام کی قیمت لگائی جائے گی اور باقی حصہ داروں کو اُن کے حصے دیے جائیں گے اور غلام کو پوری طرح آزاد کر دیا جائے گا۔ ورنہ اُتنا ہی آزاد ہوگا جتنا آزاد کیا ہے۔

(متفق علیہ)

۳۲۴۲ [۲] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِقْصًا فِي عَبْدٍ أُعْتِقَ كُلُّهُ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی غلام سے اپنے حصے کا آزاد کیا وہ پورے کو آزاد کروائے جب کہ اُس کے پاس مال ہو۔ اگر اُس کے پاس مال نہ ہو تو غلام سے محنت کروائی جائے گی اُس کو مشقت میں ڈالے بغیر۔

(متفق علیہ)

۳۲۴۳ [۳] وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِينَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَدَعَا بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَزَّأَهُمْ أَثْلَاثًا ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً وَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيدًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَرَوَى النَّسَائِيُّ عَنْهُ وَذَكَرَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أُصَلِّيَ عَلَيْهِ بَدَلَ وَقَالَ لَهُ قَوْلًا شَدِيدًا وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ لَوْ شَهِدْتُهُ قَبْلَ أَنْ يُدْفَنَ لَمْ يُدْفَنْ فِي مَقَابِرِ الْمُسْلِمِينَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنی وفات کے وقت چھ غلام آزاد کیے جب کہ اُن کے سوا اُس کے پاس اور مال نہ تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنے پاس بُلایا، اُن کے تین حصے کیے۔ پھر اُن کے درمیان قرعہ ڈالا تو دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام ہی رکھا اور اُس آدمی سے سخت کلامی فرمائی (مسلم) نسائی نے بھی اُن سے روایت کی اور سخت کلامی فرمائی کی جگہ ذکر کیا: میں نے ارادہ کیا تھا کہ اُس پر نمازِ جنازہ نہ پڑھوں۔ ابوداؤد کی روایت میں فرمایا: اگر اُس کو دفن کرنے سے پہلے میں پہنچ جاتا تو اُس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جاتا۔

۳۲۴۴ [۴] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْزِي وَلَدٌ وَالِدَهُ إِلَّا أَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بیٹا اپنے باپ کے احسانات کا بدلہ نہیں چکا سکتا مگر جب کہ وہ غلام ہو اور خرید کر اُسے آزاد کر دے۔

(مسلم)

۳۲۴۵ [۵] وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ دَبَّرَ مَمْلُوكًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِيهِ مِنِّي فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ النَّحَّامِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَدَوِيُّ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَجَاءَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے ایک آدمی نے اپنے غلام کو مدبر کر دیا اور اُس کے سوا اُس کے پاس اور مال نہ تھا۔ جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو فرمایا: مجھ سے اُسے کون خریدتا ہے؟ پس حضرت نعیم بن نحام نے اُسے آٹھ سو درہم میں خرید لیا (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں ہے کہ حضرت نعیم بن عبداللہ عدوی نے اُسے آٹھ سو درہم میں خرید لیا۔ یہ قیمت لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ

www.alahazratnetwork.org



بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا فَاِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِاَهْلِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ اَهْلِكَ شَيْءٌ فَلِذِيْ قَرَابَتِكَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِيْ قَرَابَتِكَ شَيْءٌ فَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يَقُوْلُ فَبَيْنَ يَدَيْكَ وَعَنْ يَمِيْنِكَ وَعَنْ شِمَالِكَ۔

پر خرچ کرو۔ اگر اس سے کوئی چیز بچ رہے تو اپنے گھر والوں کو دو۔ اگر گھر والوں سے کوئی چیز بچ رہے تو قرابت داروں کو دو۔ اگر قرابت داروں سے کوئی چیز بچ رہے تو ایسے دو اور ایسے دو۔ آپ یہ فرماتے ہوئے اپنے سامنے اور دائیں بائیں اشارہ فرماتے جاتے تھے۔

## دوسری فصل

٣٢٤٦ / ٦ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے ذی رحم محرم کا مالک ہو تو وہ آزاد ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

٣٢٤٧ / ٧ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَلَدَتْ اَمَةُ الرَّجُلِ مِنْهُ فَهِيَ مُعْتَقَةٌ عَنْ دُبُرٍ مِّنْهُ اَوْ بَعْدَهُ۔
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب لونڈی کسی مرد کا بچہ جنے تو اُس کے مرنے کے بعد وہ آزاد ہے۔ (دارمی)

٣٢٤٨ / ٨ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ بِعْنَا اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ نَهَانَا عَنْهُ فَانْتَهَيْنَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے اولاد والی لونڈیاں فروخت کیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک حضرت ابوبکر کے دَور میں لیکن حضرت عمر کا زمانہ آیا تو آپ نے اس سے منع فرمایا تو ہم رُک گئے۔ (ابوداؤد)

٣٢٤٩ / ٩ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا وَّلَهُ مَالٌ فَمَالُ الْعَبْدِ لَهُ اِلَّا اَنْ يَّشْتَرِطَ السَّيِّدُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غلام آزاد کیا اور اُس کے پاس مال ہو تو غلام کا مال اُسی کا ہے مگر جب کہ آقا شرط کرے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

٣٢٥٠ / ١٠ وَعَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ شِقْصًا مِّنْ غُلَامٍ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَيْسَ لِلّٰهِ شَرِيْكٌ فَاَجَازَ عِتْقَهُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

ابو الملیح نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے غلام سے اپنے حصے کا آزاد کیا۔ اس بات کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا گیا تو فرمایا کہ اللہ کا کوئی شریک نہیں ہے۔ پس اُس کی آزادی کو جائز رکھا۔ (ابوداؤد)

٣٢٥١ / ١١ وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوْكًا لِاُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ اُعْتِقُكَ وَاَشْتَرِطُ عَلَيْكَ اَنْ تَخْدُمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ فَقُلْتُ اِنْ

حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں حضرت اُمِّ سلمہ کا غلام تھا اُنھوں نے فرمایا کہ میں تمہیں اس شرط پر آزاد کرتی ہوں کہ عمر بھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت کروگے۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر آپ مجھ

www.alahazratnetwork.org



لَمْ تَشْتَرِطْ عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ فَاَعْتَقَنِيْ وَاشْتَرَطَتْ عَلَيَّ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

پر شرط نہ بھی رکھیں تب بھی میں عمر بھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جدا نہیں ہو سکتا۔ پس انہوں نے مجھے آزاد کر دیا اور شرط لگائے رکھی۔

(ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۲۵۲ [۱۲] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ مُكَاتَبَتِهٖ دِرْهَمٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

عمرو بن شعیب، ان کے والد ماجد، ان کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مکاتب اس وقت تک غلام ہے جب تک مکاتبت سے ایک درہم بھی اس کی طرف باقی ہے۔

(ابوداؤد)

۳۲۵۳ [۱۳] وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ عِنْدَ مُكَاتَبِ اِحْدٰكُنَّ وَفَاءٌ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کسی کے مکاتب کے پاس اتنا مال ہو کہ مکاتبت ادا کر سکے تو اس سے پردہ کرنا چاہیے۔

(ترمذی، ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۲۵۴ [۱۴] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَاتَبَ عَبْدَهٗ عَلٰى مِائَةِ اُوْقِيَّةٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشَرَةَ اَوَاقٍ اَوْ قَالَ عَشَرَةَ دَنَانِيْرَ ثُمَّ عَجَزَ فَهُوَ رَقِيْقٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

عمرو بن شعیب، ان کے والد ماجد، ان کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے اپنے غلام سے سو اوقیہ پر مکاتبت کی۔ اس نے دس اوقیہ کے سوا باقی ادا کر دی یا دس دینار فرمایا۔ پھر وہ عاجز ہو گیا تو وہ غلام ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۲۵۵ [۱۵] عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ الْمُكَاتَبُ حَدًّا اَوْ مِيْرَاثًا وَرِثَ بِحِسَابِ مَا عَتَقَ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ يُؤَدِّي الْمُكَاتَبُ بِحِصَّةِ مَا اَدّٰى دِيَةَ حُرٍّ وَمَا بَقِيَ دِيَةَ عَبْدٍ وَّضَعَّفَهٗ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب مکاتب حدّیا میراث پائے تو اسی قدر میراث ملے گی جتنا آزاد ہوا ہے۔ اسے ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا۔ انہی کی ایک روایت میں یوں ہے:۔

مکاتب جتنا حصہ ادا کر چکا اس کے مطابق آزاد کی میراث پائے گا اور جتنا باقی ہے اس کے مطابق غلام کی دیت اور اسے ضعیف قرار دیا۔

## تیسری فصل

۳۲۵۶ [۱۶] عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ اُمَّهٗ اَرَادَتْ اَنْ تُعْتِقَ فَاَخَّرَتْ ذٰلِكَ اِلٰى اَنْ تُصْبِحَ فَمَاتَتْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَيَنْفَعُهَا اَنْ اُعْتِقَ عَنْهَا فَقَالَ الْقَاسِمُ اَتٰى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبدالرحمٰن بن ابو عمرہ انصاری سے روایت ہے کہ ان کی والدہ ماجدہ نے غلام آزاد کرنے کا ارادہ کیا مگر صبح تک دیر کر دی تو وہ فوت ہو گئیں۔ میں نے امام قاسم بن محمد سے کہا کہ اگر میں ان کی طرف سے آزاد کر دوں تو کیا انہیں فائدہ پہنچے گا؟ امام قاسم نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت سعد بن عبادہ حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ میری

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ اِنَّ اُمِّیْ هَلَکَتْ فَهَلْ یَنْفَعُهَا اَنْ اُعْتِقَ عَنْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

والدہ ماجدہ فوت ہو گئی ہیں، اگر میں اُن کی طرف سے غلام آزاد کروں تو کیا انہیں فائدہ پہنچے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ (مالک)

۳۲۵۷ وَعَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ قَالَ تُوُفِّیَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ نَوْمٍ نَامَهٗ فَاَعْتَقَتْ عَنْهُ عَائِشَةُ اُخْتُهٗ رِقَابًا کَثِیْرَةً۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

یحیٰی بن سعید کا بیان کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر نے سوتے ہوئے وفات پائی تو اُن کی بہن حضرت عائشہ صدیقہ نے اُن کی طرف سے بہت سے غلام آزاد کیے۔ (مالک)

۳۲۵۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰی عَبْدًا فَلَمْ یَشْتَرِطْ مَالَهٗ فَلَا شَیْءَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غلام خریدا اور اُس کے مال کی شرط نہ کی تو خریدار کو کچھ نہیں ملے گا۔ (دارمی)

## بَابُ الْاَیْمَانِ وَالنُّذُوْرِ — قسموں اور نذروں کا بیان

### پہلی فصل

۳۲۵۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَکْثَرُ مَا کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَحْلِفُ لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ اکثر یوں قسم یاد فرمایا کرتے: "دلوں کے پھیرنے والے کی قسم"۔ (بخاری)

۳۲۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ یَنْهٰکُمْ اَنْ تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِکُمْ مَنْ کَانَ حَالِفًا فَلْیَحْلِفْ بِاللّٰهِ اَوْ لِیَصْمُتْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہارے آبا و اجداد کی قسم کھانے سے منع فرمایا ہے۔ جس نے قسم کھانی ہو تو اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے۔ (متفق علیہ)

۳۲۶۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِالطَّوَاغِیْ وَلَا بِاٰبَائِکُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ بتوں کی قسم کھاؤ اور نہ اپنے آبا و اجداد کی۔ (مسلم)

۳۲۶۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِیْ حَلِفِهٖ بِاللَّاتِ وَالْعُزّٰی فَلْیَقُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ تَعَالَ اُقَامِرْكَ فَلْیَتَصَدَّقْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قسم کھاتے ہوئے کہا لات و عزیٰ کی قسم تو اسے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ لینا چاہیے اور جو اپنے ساتھی سے کہے کہ آؤ جوا کھیلیں تو اسے صدقہ دینا چاہیے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



٣٢٦٣ ۵ وَعَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی مِلَّةٍ غَیْرِ الْاِسْلَامِ کَاذِبًا فَهُوَ کَمَا قَالَ وَلَیْسَ عَلَی ابْنِ اٰدَمَ نَذْرٌ فِیْمَا لَا یَمْلِكُ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِشَیْءٍ فِی الدُّنْیَا عُذِّبَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ کَقَتْلِهٖ وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِکُفْرٍ فَهُوَ کَقَتْلِهٖ وَمَنِ ادَّعٰی دَعْوٰی کَاذِبَةً لِیَتَکَثَّرَ بِهَا لَمْ یَزِدْهُ اللّٰهُ اِلَّا قِلَّةً۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے اسلام کے سوا کسی اور ملت کی جھوٹی قسم کھائی تو وہ اپنے کہنے کے مطابق ہے اور آدمی پر اُس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں جو اُس کے اختیار میں نہ ہو۔ جس نے کسی چیز سے خود کو قتل کیا تو قیامت کے روز اُسی چیز سے عذاب دیا جائے گا اور جس نے کسی مسلمان پر لعنت کی تو یہ اُسے قتل کرنے کی طرح ہے اور جو کسی مسلمان پر کفر کا الزام لگائے تو یہ بھی اُسے قتل کرنے کی طرح ہے اور جو جھوٹا دعویٰ کرے تاکہ اُس کے ذریعے زیادہ مال سمیٹے تو اللہ تعالیٰ اُسے قلتِ مال سے دوچار کرے گا۔

(متفق علیہ)

٣٢٦٤ ٦ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ وَاللّٰهِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَا اَحْلِفُ عَلٰی یَمِیْنٍ فَاَرٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا اِلَّا کَفَّرْتُ عَنْ یَمِیْنِیْ وَاَتَیْتُ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک خدا کی قسم اِنْ شَآءَ اللّٰہ میں قسم نہیں کھاتا اور بھلائی اُس کے سوا میں دیکھتا ہوں تو اپنی قسم کا کفارہ دے کر بھلائی والے پہلو کو اختیار کر لیتا ہوں۔

(متفق علیہ)

٣٢٦٥ ٧ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ فَاِنَّكَ اِنْ اُوْتِیْتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُکِلْتَ اِلَیْهَا وَاِنْ اُوْتِیْتَهَا عَنْ غَیْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا وَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاَیْتَ غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا فَکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ وَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَفِیْ رِوَایَةٍ فَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عبدالرحمٰن بن سمرہ! عہدے کا مطالبہ نہ کرنا کیونکہ اگر تمہارے کہنے پر تمہیں دے دیا گیا تو تمہیں اُس کے سپرد کر دیا جائے گا اور اگر تمہیں بغیر تمہارے مطالبے کے دیا گیا تو اُس پر تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم کسی بات پر قسم کھاؤ اور بھلائی اُس کے سوا دوسری صورت میں دیکھو تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو اور بھلائی کی جانب آجاؤ۔ دوسری روایت میں ہے کہ بھلائی کی طرف آجاؤ اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو۔

(متفق علیہ)

٣٢٦٦ ٨ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاٰی خَیْرًا مِّنْهَا فَلْیُکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِهٖ وَلْیَفْعَلْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی بات پر قسم کھائی اور اُس سے بہتر دوسری صورت دیکھی تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کرکے بہتر کو کرے۔

(مسلم)

٣٢٦٧ ٩ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَاَنْ یَّلَجَّ اَحَدُکُمْ بِیَمِیْنِهٖ فِیْ اَهْلِهٖ اٰثَمُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ اَنْ یُّعْطِیَ کَفَّارَتَهُ الَّتِی افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کسی کا اپنے گھر والوں کے متعلق اپنی قسم پر اڑا رہنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے بڑا گناہ ہے کہ اُس کا کفارہ ادا کرے جو اللہ تعالیٰ نے اُس پر مقرر فرمایا ہے۔

(متفق علیہ)

٣٢٦٨ ١٠ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تمہاری قسم اس بات پر ہے کہ تمہارا ساتھی اس پر تمہاری تصدیق کرے۔ (مسلم)

۳۲۶۹ [۱۱] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَمِيْنُ عَلٰى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قسم حلف اُٹھانے والے کی نیت پر ہے۔ (مسلم)

۳۲۷۰ [۱۲] وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ اَيْمَانِكُمْ فِيْ قَوْلِ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ لَفْظُ الْمَصَابِيْحِ وَقَالَ رَفَعَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَائِشَةَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ یہ آیت کہ اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری لغو قسموں پر نہیں پکڑتا (۲ : ۲۲۵) یہ لوگوں کے کہنے:۔ نہیں خدا کی قسم اور کیوں نہیں خدا کی قسم کے بارے میں نازل فرمائی گئی۔ (بخاری) شرح السنہ کے اندر مصابیح کے لفظوں میں ہے اور کہا کہ بعض نے اسے حضرت عائشہ سے مرفوعًا روایت کیا ہے۔

## دوسری فصل

۳۲۷۱ [۱۳] عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِكُمْ وَلَا بِاُمَّهَاتِكُمْ وَلَا بِالْاَنْدَادِ وَلَا تَحْلِفُوْا بِاللّٰهِ اِلَّا وَاَنْتُمْ صَادِقُوْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اپنے باپوں کی قسم نہ کھایا کرو اور نہ اپنی ماؤں کی اور نہ بتوں کی اور اللہ کی قسم بھی نہ کھایا کرو مگر جب کہ تم سچے ہو۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۲۷۲ [۱۴] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ جس نے اللہ کے سوا کسی کی قسم کھائی تو یقینًا اُس نے شرک کیا۔ (ترمذی)

۳۲۷۳ [۱۵] وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ بِالْاَمَانَةِ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے امانت کی قسم کھائی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۲۷۴ [۱۶] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّنَ الْاِسْلَامِ فَاِنْ كَانَ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ وَاِنْ كَانَ صَادِقًا فَلَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الْاِسْلَامِ سَالِمًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کہا کہ میں اسلام سے لاتعلق ہوں۔ اگر قسم میں جھوٹا ہے تو کہنے کے مطابق ہوگیا اور اگر قسم میں سچا ہے تب بھی اسلام کی طرف صحیح سالم نہیں لوٹے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ)

۳۲۷۵ [۱۷] وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اجْتَهَدَ فِي الْيَمِيْنِ قَالَ لَا وَالَّذِيْ نَفْسُ اَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب قسم میں مبالغہ منظور ہوتا تو فرماتے:۔ اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں ابوالقاسم کی جان ہے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



٣٢٧٦ (١٨) وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتْ يَمِيْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَلَفَ لَا وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب حلف اٹھاتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قسم یہ ہوتی ،۔ قسم ہے اور میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں ۔ (ابن داؤد ۔ ابن ماجہ)

٣٢٧٧ (١٩) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلَا حِنْثَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) وَذَكَرَ التِّرْمِذِيُّ جَمَاعَةً وَقَفُوْهُ عَلَى ابْنِ عُمَرَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ،۔ جس نے کسی بات پر قسم کھائی اور ان شاء اللہ بھی کہا تو اُس پر حنث نہیں ہے (ترمذی ، ابوداؤد ۔ نسائی ، ابن ماجہ ، دارمی) ترمذی نے ایک جماعت کا ذکر کیا جنھوں نے اِسے حضرت ابن عمر پر موقوف کیا ہے ۔

## تیسری فصل

٣٢٧٨ (٢٠) عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ ابْنَ عَمٍّ لِیْ اٰتِيْهِ اَسْاَلُهٗ فَلَا يُعْطِيْنِیْ وَلَا يَصِلُنِیْ ثُمَّ يَحْتَاجُ اِلَیَّ فَيَاْتِيْنِیْ فَيَسْاَلُنِیْ وَقَدْ حَلَفْتُ اَنْ لَّا اُعْطِيَهٗ وَلَا اَصِلَهٗ فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰتِیَ الَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ وَّاُكَفِّرَ عَنْ يَمِيْنِیْ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

وَفِیْ رِوَايَةٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَاْتِيْنِی ابْنُ عَمِّیْ فَاَحْلِفُ اَنْ لَّا اُعْطِيَهٗ وَلَا اَصِلَهٗ قَالَ كَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ۔

ابو الاحوص عوف بن مالک نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ میں عرض گزار ہوا :۔ یا رسول اللہ ! میرے چچا کے بیٹے کو دیکھیے کہ میں اُس کے پاس جاکر کوئی چیز مانگتا ہوں تو مجھے نہیں دیتا حالانکہ مجھے اُس کی ضرورت ہوتی ہے اور اُلٹا میرے پاس آکر مانگنے لگتا ہے ۔ لہٰذا میں نے قسم کھائی ہے کہ نہ اُسے کچھ دوں گا اور نہ صلہ رحمی کروں گا ۔ پس آپ نے مجھے بھلائی کی طرف کرنے کا حکم فرمایا اور یہ کہ اپنی قسم کا کفارہ دے دوں ۔ (نسائی ، ابن ماجہ)

دوسری روایت میں ہے کہ میں عرض گزار ہوا ، یا رسول اللہ ! میرے چچا کا بیٹا میرے پاس آتا ہے ۔ میں نے قسم کھائی ہے کہ اُسے نہیں دوں گا اور نہ اُس سے صلہ رحمی کروں گا ۔ فرمایا کہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرو ۔

# بَابٌ فِی النُّذُوْرِ

# نذروں کا بیان

## پہلی فصل

٣٢٧٩ (١) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَابْنِ عُمَرَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْذِرُوْا فَاِنَّ النَّذْرَ لَا يُغْنِیْ مِنَ الْقَدَرِ شَيْئًا وَّاِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهٖ مِنَ الْبَخِيْلِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ،۔ نذر نہ مانا کرو کیونکہ نذر کی تقدیر کے مقابلے پر نہیں چلتی لیکن اِس کے ذریعے بخیل کا مال نکل جاتا ہے (متفق علیہ)

٣٢٨٠ (٢) وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ اَنْ يُّطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِيَهٗ فَلَا يَعْصِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ،۔ جس نے اللہ کا حکم ماننے کی نذر کی تو ضرور حکم مانے اور جس نے اُس کی نافرمانی کرنے کی نذر مانی تو اُس کی نافرمانی نہ کرے ۔ (بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۳۲۸۱ (۳) وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةٍ وَّلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ الْعَبْدُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ کی نذر کو پورا نہیں کرنا چاہیے اور نہ اُس کو جس پر بندہ اختیار نہ رکھے (مسلم) اُسی کی دوسری روایت میں ہے: اللہ کی نافرمانی میں نذر نہیں۔

۳۲۸۲ (۴) وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: نذر کا کفارہ قسم ہی کا کفارہ ہے۔ (مسلم)

۳۲۸۳ (۵) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذَا هُوَ بِرَجُلٍ قَائِمٍ فَسَأَلَ عَنْهُ فَقَالُوْا اَبُوْ اِسْرَائِيْلَ نَذَرَ اَنْ يَّقُوْمَ وَلَا يَقْعُدَ وَلَا يَسْتَظِلَّ وَلَا يَتَكَلَّمَ وَيَصُوْمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرُوْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے تو ایک آدمی کھڑا تھا۔ اُس کے متعلق پوچھا تو لوگ عرض گزار ہوئے: ابو اسرائیل نے نذر مانی ہے کہ کھڑا رہے گا، بیٹھے گا نہیں، نہ سائے میں جائے گا، نہ کلام کرے گا اور روزہ رکھے گا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اسے حکم دو کہ کلام کرے، سائے میں جائے، بیٹھے اور اپنا روزہ پورا کرے۔ (بخاری)

۳۲۸۴ (۶) وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى شَيْخًا يُّهَادٰى بَيْنَ ابْنَيْهِ فَقَالَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا نَذَرَ اَنْ يَّمْشِيَ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهٗ لَغَنِيٌّ وَّاَمَرَهٗ اَنْ يَّرْكَبَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ ارْكَبْ اَيُّهَا الشَّيْخُ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكَ وَعَنْ نَّذْرِكَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایک بوڑھے کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان چل رہا تھا۔ فرمایا کہ اس کا کیا حال ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ بیت اللہ تک پیدل چلنے کی نذر مانی ہے فرمایا کہ جو یہ اپنی جان کو تکلیف دے رہا ہے اللہ تعالٰی کو اس کی ضرورت نہیں پھر اُسے حکم دیا کہ سوار ہو جائے (متفق علیہ) مسلم میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے۔ فرمایا کہ بڑے میاں! سوار ہو جاؤ کیونکہ اللہ تعالٰی تم سے اور تمہاری نذر سے بے نیاز ہے۔

۳۲۸۵ (۷) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى اُمِّهٖ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهٗ فَاَفْتَاهُ اَنْ يَّقْضِيَهٗ عَنْهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اُس نذر کے متعلق فتویٰ لیا جو اُن کی والدہ ماجدہ پر تھی اور جس کو پورا کرنے سے پہلے وہ وفات پا گئی تھیں۔ آپ نے انہیں فتویٰ دیا کہ اُن کی طرف سے وہ پوری کر دی جائے۔ (متفق علیہ)

۳۲۸۶ (۸) وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَّالِيْ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا طَرَفٌ مِّنْ حَدِيْثٍ مُّطَوَّلٍ)۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! میری مکمل توبہ یہ ہے کہ اپنا سارا مال اللہ اور رسول کے لیے خیرات کر کے اُس سے علیحدہ ہو جاؤں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنا کچھ مال روک لو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ عرض گزار ہوا کہ میں اپنا خیبر والا حصہ رکھ لیتا ہوں (متفق علیہ) اور یہ طویل حدیث کا ایک ٹکڑا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# دوسری فصل

۳۲۸۷ [۹] عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ وَّكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ کے کام کی نذر نہیں اور اُس کا کفارہ وہی قسم والا کفارہ ہے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی، نسائی)

۳۲۸۸ [۱۰] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهٖ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فِيْ مَعْصِيَةٍ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَا يُطِيْقُهٗ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا اَطَاقَهٗ فَلْيَفِ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَوَقَّفَهٗ بَعْضُهُمْ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غیر معین نذر مانی تو اُس کا کفارہ وہی قسم والا کفارہ ہے۔ جس نے گناہ کے کام کی نذر مانی تو اُس کا کفارہ وہی قسم والا کفارہ ہے اور جس نے ایسے کام کی نذر مانی جو اُس کی طاقت سے باہر ہے تو اُس کا کفارہ وہی قسم والا کفارہ ہے اور جس نے ایسی نذر مانی جس کو پورا کر سکتا ہے تو اُس کو پوری کرے۔ اِسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کیا اور بعض نے اسے حضرت ابن عباس پر موقوف کیا ہے۔

۳۲۸۹ [۱۱] وَعَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ نَذَرَ رَجُلٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْحَرَ اِبِلًا بِبُوَانَةَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كَانَ فِيْهَا وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ قَالُوْا لَا قَالَ فَهَلْ كَانَ فِيْهَا عِيْدٌ مِّنْ اَعْيَادِهِمْ قَالُوْا لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ فَاِنَّهٗ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ اٰدَمَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں ایک آدمی نے بوانہ کے مقام پر اونٹ ذبح کرنے کی نذر مانی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا جاہلیت کے بتوں میں سے وہاں کوئی بُت تھا جس کی پوجا کی جاتی تھی؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا کیا وہ اُن کے عید منانے کی جگہ تو نہیں تھی؟ لوگوں نے عرض کی نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی نذر پوری کرو کیونکہ پوری وہ نذر نہیں کی جاتی جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہو اور نہ وہ جو آدمی کی بساط سے باہر ہو۔ (ابوداؤد)

۳۲۹۰ [۱۲] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى رَاْسِكَ بِالدُّفِّ قَالَ اَوْفِيْ بِنَذْرِكِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَزَادَ رَزِيْنٌ قَالَتْ وَنَذَرْتُ اَنْ اَذْبَحَ بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا مَكَانٌ يَّذْبَحُ فِيْهِ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ هَلْ كَانَ بِذٰلِكَ الْمَكَانِ وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ قَالَتْ لَا قَالَ هَلْ كَانَ فِيْهِ عِيْدٌ مِّنْ اَعْيَادِهِمْ قَالَتْ

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میں نے نذر مانی ہے کہ آپ کے سرِ مبارک پر دف بجاؤں گی؟ فرمایا کہ اپنی نذر پوری کرلو (ابوداؤد) رزین نے یہ بھی ہے کہ عرض گزار ہوئی: میں نے نذر مانی ہے کہ فلاں مکان میں جا کر ذبح کروں جہاں اہلِ جاہلیت ذبح کیا کرتے تھے؟ فرمایا کیا اُس جگہ اہلِ جاہلیت کے بتوں میں سے کوئی بُت تھا جس کی پوجا کی جاتی تھی؟ عرض گزار ہوئی نہیں۔ فرمایا کیا اُس میں اُن کی کوئی عید منائی جاتی تھی؟ عرض گزار ہوئی نہیں۔

www.alahazratnetwork.org



۳۲۹۱ ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ لُبَابَةَ اَنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ اَهْجُرَ دَارَ قَوْمِیَ الَّتِیْ اَصَبْتُ فِیْهَا الذَّنْبَ وَاَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ کُلِّهٖ صَدَقَةً قَالَ یُجْزِئُ عَنْكَ الثُّلُثُ۔

(رَوَاهُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابولبابہ رضی تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے، میری مکمل توبہ تب ہے کہ اس گھر کو چھوڑ دوں جس میں مجھ سے گناہ سرزد ہوا اور صدقہ کر کے اپنے کل مال سے علیحدہ ہو جاؤں۔ فرمایا کہ تہائی مال تمہاری طرف سے کفایت کرتا ہے۔

(رزین)

۳۲۹۲ ۱۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْكَ مَكَّةَ اَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِ الْمَقْدِسِ رَكْعَتَیْنِ قَالَ صَلِّ هٰهُنَا ثُمَّ اَعَادَ عَلَیْهِ فَقَالَ صَلِّ هٰهُنَا ثُمَّ اَعَادَ عَلَیْهِ فَقَالَ شَاْنَكَ اِذًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی فتح مکہ کے سال عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! میں نے اللہ کے لیے نذر مانی ہے کہ اللہ تعالٰی اگر مکہ مکرمہ پر آپ کو فتح دے تو بیت المقدس میں دو رکعتیں پڑھوں۔ فرمایا کہ یہاں پڑھ لو۔ پھر اس نے دوبارہ گزارش کی تو فرمایا: یہاں پڑھ لو۔ سہ بارہ عرض گزار ہوا تو فرمایا: اچھا جو تمہاری مرضی۔

(ابوداؤد۔ دارمی)

۳۲۹۳ ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اُخْتَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ مَاشِیَةً وَّاَنَّهَا لَا تُطِیْقُ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنْ مَشْیِ اُخْتِكَ فَلْتَرْكَبْ وَلْتُهْدِ بَدَنَةً (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ) وَفِیْ رِوَایَةٍ لِاَبِیْ دَاوٗدَ فَاَمَرَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْكَبَ وَتُهْدِیَ هَدْیًا وَفِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَصْنَعُ بِشَقَاءِ اُخْتِكَ شَیْئًا فَلْتَرْكَبْ وَلْتَحُجَّ وَتُكَفِّرْ یَمِیْنَهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر کی بہن نے پیدل حج کرنے کی نذر مانی جب کہ ان میں اتنی طاقت نہ تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالٰی تمہاری بہن کے پیدل چلنے سے بے نیاز ہے۔ وہ سوار ہو اور اونٹ کی ہدی پیش کرے (ابوداؤد، دارمی) ابوداؤد کی ایک اور روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اسے حکم فرمایا کہ سوار ہو اور ہدی پیش کرے اور انہی کی دوسری روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰی تمہاری بہن کی مشقت کا کچھ بھی نہیں بنائے گا، لہٰذا وہ سوار ہو کر حج کرے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے۔

۳۲۹۴ ۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اُخْتٍ لَّهٗ نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ حَافِیَةً غَیْرَ مُخْتَمِرَةٍ فَقَالَ مُرُوْهَا فَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَرْكَبْ وَلْتَصُمْ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِیُّ)

عبداللہ بن مالک سے روایت ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اپنی بہن کے متعلق پوچھا جس نے ننگے پیر اور بغیر دوپٹہ اوڑھے حج کرنے کی نذر مانی تھی۔ فرمایا اسے حکم دو کہ دوپٹہ اوڑھے، سوار ہو جائے اور تین روزے رکھے (ابوداؤد۔ ترمذی۔ نسائی، ابن ماجہ، دارمی)

۳۲۹۵ ۱۷ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ اَخَوَیْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ كَانَ بَیْنَهُمَا مِیْرَاثٌ فَسَاَلَ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ الْقِسْمَةَ
[illegible]

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ دو انصاری بھائیوں کے درمیان میراث تھی۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے تقسیم کرنے کے لیے کہا تو دوسرے نے کہا: اگر دوبارہ تم نے تقسیم کرنے کے لیے کہا تو میں سارا مال خانۂ کعبہ پر خرچ

www.alahazratnetwork.org



کَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ وَكَلِّمْ اَخَاكَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَمِیْنَ عَلَیْكَ وَلَا نَذْرَ فِیْ مَعْصِیَۃِ الرَّبِّ وَلَا فِیْ قَطِیْعَۃِ الرَّحِمِ وَلَا فِیْمَا لَا یَمْلِكُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دو اور اپنے بھائی سے کلام کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے ، رب تعالیٰ کی نافرمانی کی قسم پر نذر ہے اور نہ قسم اور قطع رحم کرنے کی اور نہ اس چیز کی جس کے تم مالک نہیں ۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۲۹۶ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَیْنٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ
۱۸
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ النَّذْرُ نَذْرَانِ فَمَنْ كَانَ نَذَرَ فِیْ طَاعَۃٍ فَذٰلِكَ لِلّٰہِ فِیْہِ الْوَفَاءُ وَمَنْ كَانَ نَذَرَ فِیْ مَعْصِیَۃٍ فَذٰلِكَ لِلشَّیْطَانِ وَلَا وَفَاءَ فِیْہِ وَ یُكَفِّرُہٗ مَا یُكَفِّرُ الْیَمِیْنَ۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ، نذر دو قسم کی ہے جس نے اللہ کی اطاعت میں نذر مانی تو وہ اللہ کے لیے ہے اور اسے پوری کرے اور دوسری جو اللہ کی نافرمانی میں نذر مانی وہ شیطان کے لیے ہے ۔ اسے پوری نہ کرے بلکہ اس کا کفارہ ادا کرے جو قسم کا کفارہ ہے ۔

(نسائی)

۳۲۹۷ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ قَالَ اِنَّ رَجُلًا نَذَرَ
۱۹
اَنْ یَّنْحَرَ نَفْسَہٗ اِنْ نَجَّاہُ اللّٰہُ مِنْ عَدُوِّہٖ فَسَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَہٗ سَلْ مَسْرُوْقًا فَسَاَلَہٗ فَقَالَ لَہٗ لَا تَنْحَرْ نَفْسَكَ فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُؤْمِنًا قَتَلْتَ نَفْسًا مُؤْمِنَۃً وَاِنْ كُنْتَ كَافِرًا تَعَجَّلْتَ اِلَی النَّارِ وَاشْتَرِ كَبْشًا فَاذْبَحْہُ لِلْمَسَاكِیْنِ فَاِنَّ اِسْحٰقَ خَیْرٌ مِّنْكَ وَفُدِیَ بِكَبْشٍ فَاَخْبَرَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ هٰكَذَا كُنْتُ اَرَدْتُّ اَنْ اُفْتِیَكَ۔

(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

محمد بن منتشر کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے نذر مانی کہ اپنے آپ کو ذبح کرے گا اگر اللہ تعالیٰ اسے دشمن سے بچائے ۔ اس نے حضرت ابن عباس سے پوچھا ۔ انہوں نے اس سے فرمایا کہ مسروق سے پوچھو ۔ اس نے پوچھا تو فرمایا ، اپنی جان کو ذبح نہ کرو کیونکہ اگر تم مومن ہو تو ایک مومن کو قتل کرو گے اور اگر تم کافر ہو تو جہنم کی طرف جلدی کرو گے ۔ بلکہ ایک دنبہ خرید کر اسے مساکین کے لیے ذبح کر دو کیونکہ حضرت اسحاق تم سے بہتر تھے جن کا فدیہ ایک دنبہ دیا گیا ۔ حضرت ابن عباس کو بتایا گیا تو فرمایا ، میں نے بھی یہی فتویٰ دینے کا ارادہ کیا تھا ۔

(رزین)

# کِتَابُ الْقِصَاصِ

# قصاص کا بیان

## پہلی فصل

۳۲۹۸ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
۱
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ یَّشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَّا بِاِحْدٰی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ہے جو یہ گواہی دے کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور بیشک میں اللہ کا رسول ہوں

www.alahazratnetwork.org



ثَلٰثٍ اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ وَالْمَارِقُ لِدِيْنِهِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مگر تین میں سے ایک بوجہ سے۔ جان کے بدلے جان اور شادی شدہ زانی اور اپنے دین کو چھوڑنے والا جماعت کو چھوڑ کر۔ (متفق علیہ)

۳۲۹۹ [2] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّزَالَ الْمُؤْمِنُ فِيْ فُسْحَةٍ مِّنْ دِيْنِهٖ مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ہمیشہ اپنے دین کی وسعت میں رہتا ہے جب تک کوئی حرام خون نہ بہائے۔ (متفق علیہ)

۳۳۰۰ [3] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے روز سب سے پہلے لوگوں کے درمیان اُن کا فیصلہ کیا جائے گا جو خون بہائے گئے ہیں۔ (متفق علیہ)

۳۳۰۱ [4] وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ لَقِيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْكُفَّارِ فَاقْتَتَلْنَا فَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيَّ بِالسَّيْفِ فَقَطَعَهَا ثُمَّ لَاذَ مِنِّيْ بِشَجَرَةٍ فَقَالَ اَسْلَمْتُ لِلّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَلَمَّا اَهْوَيْتُ لِاَقْتُلَهٗ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَاَقْتُلُهٗ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا قَالَ لَا تَقْتُلْهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ قَطَعَ اِحْدٰى يَدَيَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْتُلْهُ فَاِنْ قَتَلْتَهٗ فَاِنَّهٗ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَقْتُلَهٗ وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے، یا رسول اللہ! اگر کافروں کے کسی فرد سے میرا مقابلہ ہو، ہم لڑیں اور وہ تلوار سے میرے ہاتھ پر وار کرے اور اُسے کاٹ ڈالے پھر ایک درخت کی پناہ لے کر کہیں اللہ کے لیے مسلمان ہوگیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ جب میں اُسے قتل کرنے کا ارادہ کروں تو کہہ دے کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ کیا یہ کہنے کے بعد میں اُسے قتل کر دوں؟ فرمایا کہ اُسے قتل نہ کرو۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اُس نے میرا ایک ہاتھ کاٹ دیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے قتل نہ کرو کیونکہ اگر تم اُسے قتل کرو گے تو وہ تمہاری اُس جگہ پر ہوگا جس پر تم قتل کرنے سے پہلے تھے اور تم اُس جگہ پر ہو گے کہ جو کلمہ اُس نے کہا ہے اِس کو کہنے سے پہلے وہ جس جگہ پر تھا۔ (متفق علیہ)

۳۳۰۲ [5] وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُنَاسٍ مِّنْ جُهَيْنَةَ فَاَتَيْتُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَذَهَبْتُ اَطْعَنُهٗ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَطَعَنْتُهٗ فَقَتَلْتُهٗ فَجِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اَقَتَلْتَهٗ وَقَدْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِكَ تَعَوُّذًا قَالَ فَهَلَّا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ (مُتَّفَقٌ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں جہینہ کے کچھ لوگوں کی طرف بھیجا۔ میں اُن میں سے ایک آدمی کے قریب پہنچا اور اُسے نیزہ مارنے لگا تو اُس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا۔ میں نے نیزہ مار کر اُسے قتل کر دیا۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو یہ بات بتائی تو فرمایا۔ کیا تم نے اُسے قتل کر دیا جس نے لا الٰہ الا اللہ کی شہادت دی تھی؟ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اُس نے بچنے کے لیے ایسا کیا تھا۔ فرمایا کہ تم نے اُس کا دل کیوں نہیں چیر

أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كيف تصنع بلا إله إلا الله إذا جاءت يوم القيامة قاله مرارا۔

(رواه مسلم)

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس وقت تم لا اِلٰہ اِلا اللہ کے ساتھ کیا کرو گے جب وہ قیامت کے روز آئے گا؟ یہ بار بار فرمایا۔

(مسلم)

۳۳۰۳ وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى[7] الله عليه وسلم من قتل معاهدا لم يرح رائحة الجنة وإن ريحها توجد من مسيرة أربعين خريفا۔

(رواه البخاري)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی عہد والے کو قتل کرے تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھے گا حالانکہ اُس کی خوشبو چالیس سال کی مسافت تک پہنچی ہے۔

(بخاری)

۳۳۰۴ وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تردى من جبل فقتل نفسه فهو في نار جهنم يتردى فيها خالدا مخلدا فيها أبدا ومن تحسى سما فقتل نفسه فسمه في يده يتحساه في نار جهنم خالدا مخلدا فيها أبدا ومن قتل نفسه بحديدة فحديدته في يده يتوجأ بها في بطنه في نار جهنم خالدا مخلدا فيها أبدا۔

(متفق عليه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پہاڑ سے گرا کر اپنے آپ کو ختم کیا تو اُس نے اپنے آپ کو جہنم کی آگ میں گرایا ہمیشہ ہمیشہ تک اُس میں رہے گا جس نے زہر کھا کر اپنے آپ کو قتل کیا تو وہ زہر اُس کے ہاتھ میں ہوگا اور اُسے جہنم کی آگ میں کھاتا رہے گا اور ہمیشہ ہمیشہ اُس میں رہے گا اور جس نے کسی ہتھیار کے ساتھ اپنے آپ کو قتل کیا تو اُس کا وہ ہتھیار اُس کے ہاتھ میں ہوگا جسے جہنم کی آگ میں اپنے پیٹ کے اندر گھونپتا رہے گا اور اُس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔

(متفق علیہ)

۳۳۰۵ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه[8] وسلم الذي يخنق نفسه يخنقها في النار والذي يطعنها يطعنها في النار۔ (رواه البخاري)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا گلا گھونٹا تو وہ جہنم میں اپنا گلا گھونٹے گا اور جو خود کو نیزہ مارے وہ جہنم میں خود کو نیزہ مارتا رہے گا۔ (بخاری)

۳۳۰۶ وعن جندب بن عبد الله قال قال رسول الله[9] صلى الله عليه وسلم كان فيمن كان قبلكم رجل به جرح فجزع فأخذ سكينا فحز بها يده فما رقأ الدم حتى مات قال الله تعالى بادرني عبدي بنفسه فحرمت عليه الجنة۔

(متفق عليه)

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے لوگوں میں ایک آدمی کو زخم تھا تو گھبرا گیا تو چھری لے کر اُس کے ساتھ اپنا ہاتھ کاٹ لیا۔ پس اتنا خون بہا کر وہ مر گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندے نے اپنی جان کے متعلق مجھ پر جلدی کی لہٰذا میں نے اس پر جنت حرام کر دی۔

(متفق علیہ)

۳۳۰۷ وعن جابر أن الطفيل بن عمرو الدوسي لما[10] هاجر النبي صلى الله عليه وسلم إلى المدينة هاجر إليه وهاجر معه رجل من قومه فمرض فجزع فأخذ مشاقص له فقطع بها براجمه

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو حضرت طفیل بن عمرو دوسی نے بھی آپ کی طرف ہجرت کی اور اُن کے ساتھ اُن کی قوم کے ایک اور آدمی نے بھی جو بیمار پڑا تو گھبرا گیا اور اپنے تیروں کے پیکاں لے کر اپنے پورے کاٹ ڈالے۔ پس ہاتھوں سے خون بہا اور وہ

فشخبت یداہ حتی مات فراٰہ الطفیل بن عمرو فی منامہ وھیئتہ حسنۃ وراٰہ مغطیا یدیہ فقال لہ ما صنع بک ربک فقال غفر لی بھجرتی الی نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ما لی اراک مغطیا یدیک قال قیل لی لن نصلح منک ما افسدت فقصھا الطفیل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم ولیدیہ فاغفر۔ (رواہ مسلم)

فوت ہوگیا۔ پس حضرت طفیل بن عمرو نے اُسے خواب میں دیکھا تو حالت اچھی تھی لیکن اپنے ہاتھ چھپائے ہوئے تھے۔ اُس سے کہا کہ تمہارے ساتھ تمہارے رب نے کیا کیا؟ کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کرنے کے باعث مجھے بخش دیا ہے۔ کہا: میں دیکھتا ہوں کہ تم نے ہاتھ چھپائے ہوئے ہیں؟ کہا کہ مجھ سے کہہ دیا گیا: ہم تیرے اُن حصوں کو درست نہیں کریں گے جو تُو نے خراب کرلیے۔ حضرت طفیل نے اِس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعاگو ہوئے: اے اللہ! اُس کے ہاتھوں کو بھی معاف فرما۔ (مسلم)

٣٣٠٨/١١ وعن ابی شریح الکعبی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ثم انتم یا خزاعۃ قد قتلتم ھذا القتیل من ھذیل وانا واللہ عاقلہ من قتل بعدہ قتیلا فاھلہ بین خیرتین ان احبوا قتلوا وان احبوا اخذوا العقل۔ (رواہ الترمذی والشافعی وفی شرح السنۃ باسنادہ وصرح بانہ لیس فی الصحیحین عن ابی شریح وقال واخرجاہ من روایۃ ابی ھریرۃ یعنی بمعناہ)

حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اے خزاعہ! بیشک ہذیل کے اِس آدمی کو تم نے قتل کیا ہے اور خدا کی قسم میں اِس کی دیت ادا کیے دیتا ہوں۔ اِس کے بعد جو کسی کو قتل کرے گا تو اُس کے وارثوں کو دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا کہ اگر چاہیں تو قتل کریں اور چاہیں دیت لے لیں (ترمذی، شافعی) شرح السنہ میں بھی اِن کی اسناد کے ساتھ ہے اور تصریح کی کہ صحیحین میں ابو شریح سے نہیں ہے اور کہا کہ اُن دونوں نے اِسے حضرت ابوہریرہ سے معناً روایت کیا ہے۔

٣٣٠٩/١٢ وعن انس ان یھودیا رض راس جاریۃ بین حجرین فقیل لھا من فعل بک ھذا افلان افلان حتی سمی الیھودی فاومت براسھا فجیء بالیھودی فاعترف فامر بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض راسہ بالحجارۃ۔ (متفق علیہ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کسی یہودی نے ایک لڑکی کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا۔ اُس سے کہا گیا کہ تیرے ساتھ یہ کس نے کیا؟ کیا فلاں نے، کیا فلاں نے؟ یہاں تک کہ جب یہودی کا نام لیا گیا تو اُس نے سر سے اشارہ کردیا۔ پس یہودی کو لایا گیا اور اُس نے اعتراف کرلیا۔ پس یہی اُس کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو اُس کا سر بھی پتھروں سے کچل دیا گیا۔ (متفق علیہ)

٣٣١٠/١٣ وعنہ قال کسرت الربیع وھی عمۃ انس بن مالک ثنیۃ جاریۃ من الانصار فاتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامر بالقصاص فقال انس بن النضر عم انس بن مالک لا واللہ لا تکسر ثنیتھا یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا انس کتاب اللہ القصاص فرضی القوم وقبلوا الارش فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اُن سے ہی روایت ہے کہ حضرت ربیع نے انصار کی ایک لڑکی کا سامنے والا دانت توڑ دیا اور یہ حضرت انس بن مالک کی پھوپھی تھیں۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے تو آپ نے قصاص کا حکم فرمایا۔ حضرت انس بن مالک کے چچا حضرت انس بن نضر عرض گزار ہوئے: نہیں، یا رسول اللہ! خدا کی قسم، اِس کا دانت نہیں توڑا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انس! قصاص اللہ کی کتاب میں ہے۔ پس وہ لوگ راضی ہوگئے اور انہوں نے دیت لینا قبول کرلیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ مَنْ لَّوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

نے فرمایا ،، اللہ کے بندوں میں سے ایسے بھی ہیں کہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھا جائیں تو وہ پوری کر دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

۳۳۱۱ [۱۴] وَعَنْ اَبِیْ جُحَیْفَۃَ قَالَ سَاَلْتُ عَلِیًّا ھَلْ عِنْدَکُمْ شَیْءٌ لَیْسَ فِی الْقُرْاٰنِ فَقَالَ وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّۃَ وَبَرَءَ النَّسَمَۃَ مَا عِنْدَنَا اِلَّا مَا فِی الْقُرْاٰنِ اِلَّا فَھْمًا یُّعْطٰی رَجُلٌ فِیْ کِتَابِہٖ وَمَا فِی الصَّحِیْفَۃِ قُلْتُ وَمَا فِی الصَّحِیْفَۃِ قَالَ الْعَقْلُ وَفِکَاکُ الْاَسِیْرِ وَاَنْ لَّا یُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِکَافِرٍ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) وَذُکِرَ حَدِیْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا فِیْ کِتَابِ الْعِلْمِ۔

حضرت جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی سے پوچھا کہ کیا آپ کے پاس کوئی ایسی چیز بھی ہے جو قرآن مجید میں نہ ہو؟ فرمایا کہ اُس ذات کی قسم جس نے دانے کو چیرا اور جان کو پیدا کیا' نہیں ہے ہمارے پاس مگر جو قرآن مجید میں ہے ماسوائے اُس فہم کے جو آدمی کو اپنی کتاب میں عطا فرمائے اور جو اس کتابچے میں ہے۔ میں نے کہا کہ کتابچے میں کیا ہے؟ فرمایا کہ دیت، قیدی کو چھڑانا اور یہ کہ مسلمان کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے (بخاری) اور لَا تُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا والی حضرت ابنِ مسعود کی حدیث کتاب العلم مذکور ہو چکی۔

## دوسری فصل

۳۳۱۲ [۱۵] عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَزَوَالُ الدُّنْیَا اَھْوَنُ عَلَی اللّٰہِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَوَقَفَہٗ بَعْضُھُمْ وَھُوَ الْاَصَحُّ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ،، دنیا کا مٹ جانا اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہلکی بات ہے کسی مسلمان کے قتل ہونے سے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور نسائی نے اور بعض نے اسے موقوف کیا ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسے حضرت براء بن عازب سے۔

۳۳۱۳ [۱۶] وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَّاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اَنَّ اَھْلَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اشْتَرَکُوْا فِیْ دَمِ مُؤْمِنٍ لَاَکَبَّھُمُ اللّٰہُ فِی النَّارِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ،، اگر ایک صاحبِ ایمان کے خون میں زمین و آسمان والے سارے شریک ہوں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو اوندھے منہ جہنم میں ڈال دے گا۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۳۱۴ [۱۷] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَجِیْءُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ نَاصِیَتُہٗ وَرَاْسُہٗ بِیَدِہٖ وَاَوْدَاجُہٗ تَشْخَبُ دَمًا یَقُوْلُ یَا رَبِّ قَتَلَنِیْ حَتّٰی یُدْنِیَہٗ مِنَ الْعَرْشِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ،، قیامت میں مقتول اپنے قاتل کو لے کر پیش ہوگا جب کہ اُس کی پیشانی اور اُس کا سر مقتول کے ہاتھ میں ہوگا اور اُس کی رگوں سے خون بہتا ہوگا۔ کہہ رہا ہوگا ،، اس نے مجھے قتل کیا تھا، یہاں تک کہ اُسے عرش کے نزدیک لے جائے گا۔ (ترمذی، نسائی، ابنِ ماجہ)

۳۳۱۵ [۱۸] وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ اَشْرَفَ یَوْمَ الدَّارِ فَقَالَ اَنْشُدُکُمْ بِاللّٰہِ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گھیراؤ کے دنوں میں باہر جھانکتے ہوئے فرمایا ،، میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

www.alahazratnetwork.org



قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلٰثٍ زِنًا بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ كُفْرٍ بَعْدَ اِسْلَامٍ اَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقُتِلَ بِهٖ فَوَاللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّلَا اِسْلَامٍ وَّلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ فَبِمَ تَقْتُلُوْنَنِيْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَلِلدَّارِمِيِّ لَفْظُ الْحَدِيْثِ)

کسی مسلمان کا خون حلال نہیں مگر تین میں سے ایک بات کے باعث، شادی کے بعد زنا کرنے، اسلام لانے کے بعد کفر کرنے اور ناحق کسی مسلمان کو قتل کرنے سے تو خدا کی قسم، نہ میں نے جاہلیت میں زنا کیا اور دورِ اسلام میں اور رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت کرنے کے بعد میں کفر کی طرف نہیں پھرا اور نہ میں نے کسی جان کو قتل کیا جو اللہ نے حرام فرمائی ہو پھر تم مجھے کیوں قتل کرتے ہو۔ اسے ترمذی، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے روایت کیا اور یہ الفاظ دارمی کے ہیں۔

٣٣١٦ (١٩) وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا فَاِذَا اَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ہمیشہ نیکیوں کی طرف پیش قدمی کرتا رہتا ہے جب تک حرام خون نہ کرے۔ جب حرام خون کرے تو بھونچکا ہوکر رہ جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

٣٣١٧ (٢٠) وَعَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّغْفِرَهٗ اِلَّا مَنْ مَّاتَ مُشْرِكًا اَوْ مَنْ يَّقْتُلُ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ مُعَاوِيَةَ)

ان سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: امید ہے کہ ہر گناہ کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے مگر جو شرک کی حالت میں مرا یا جس نے کسی صاحبِ ایمان کو جان بوجھ کر قتل کیا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور نسائی نے حضرت معاویہ سے روایت کی ہے۔

٣٣١٨ (٢١) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُقَادُ بِالْوَلَدِ الْوَالِدُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حدیں مسجدوں میں قائم نہ کی جائیں اور نہ باپ کا قصاص بیٹے سے لیا جائے۔ (ترمذی، دارمی)

٣٣١٩ (٢٢) وَعَنْ اَبِيْ رِمْثَةَ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَبِيْ فَقَالَ مَنْ هٰذَا الَّذِيْ مَعَكَ قَالَ اِبْنِيْ اَشْهَدُ بِهٖ قَالَ اَمَا اِنَّهٗ لَا يَجْنِيْ عَلَيْكَ وَلَا تَجْنِيْ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ فِيْ اَوَّلِهٖ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاٰى اَبِي الَّذِيْ بِظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعْنِيْ اُعَالِجُ الَّذِيْ بِظَهْرِكَ فَاِنِّيْ طَبِيْبٌ فَقَالَ اَنْتَ رَفِيْقٌ وَاللّٰهُ الطَّبِيْبُ)

حضرت ابو رمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں اپنے والد ماجد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ فرمایا کہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میرا بیٹا ہے، آپ اس کے گواہ ہو جائیں۔ فرمایا آگاہ رہو کہ نہ وہ تمہارے جرم میں پکڑا جائے گا اور نہ تم اس کے جرم میں پکڑے جاؤ گے (ابوداؤد، نسائی) شرح السنہ میں اس کی ابتدا میں یہ بھی ہے: میں اپنے والد ماجد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ والد محترم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پشت مبارک پر کوئی چیز دیکھی تو عرض گزار ہوئے: اجازت دیجئے کہ میں اُس چیز کا علاج کردوں جو آپ کی پشت مبارک پر ہے کیونکہ میں طبیب ہوں۔ فرمایا کہ تم رفیق ہو، طبیب تو اللہ تعالیٰ ہے۔

٣٣٢٠ (٢٣) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ

عمرو بن شعیب ان کے والد ماجد ان کے جدِ امجد حضرت سراقہ بن مالک رضی

عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَضَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِيْدُ الْاَبَ مِنْ اِبْنِهٖ وَلَا يُقِيْدُ الْاِبْنَ مِنْ اَبِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ)

اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہُوا تو آپ باپ کا بیٹے سے قصاص لیتے لیکن بیٹے کا باپ سے قصاص نہیں لیتے تھے۔ ترمذی نے اِسے روایت کیا اور ضعیف بتایا۔

٣٣٢١ ٢٤ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ عَبْدَهٗ قَتَلْنَاهُ وَمَنْ جَدَعَ عَبْدَهٗ جَدَعْنَاهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَزَادَ النَّسَائِيُّ فِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى وَمَنْ خَصٰى عَبْدَهٗ خَصَيْنَاهُ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو قتل کیا ہم اُسے قتل کریں گے اور جس نے اپنے غلام کا کوئی عضو کاٹا تو ہم اُس کا عضو کاٹیں گے (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی) نسائی کی دوسری روایت میں یہ بھی ہے کہ جس نے اپنے غلام کو خصی کیا تو ہم اُسے خصی کر دیں گے۔

٣٣٢٢ ٢٥ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ مُتَعَمِّدًا دُفِعَ اِلٰى اَوْلِيَاءِ الْمَقْتُوْلِ فَاِنْ شَاءُوْا قَتَلُوْا وَاِنْ شَاءُوْا اَخَذُوا الدِّيَةَ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ حِقَّةً وَثَلٰثُوْنَ جَذَعَةً وَاَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً وَمَا صَالَحُوْا عَلَيْهِ فَهُوَ لَهُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر قتل کیا تو اُسے مقتول کے وارثوں کے سپرد کر دیا جائے گا۔ اگر وہ چاہیں تو دیت لے لیں اور وہ تیس تین سالہ، تیس چار سالہ اور چالیس حاملہ اُونٹنیاں ہیں اور جس چیز پر وہ صلح کر لیں وہ اُن کے لیے ہے۔

(ترمذی)

٣٣٢٣ ٢٦ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ اَدْنَاهُمْ وَيَرُدُّ عَلَيْهِمْ اَقْصَاهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ اَلَا لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام مسلمانوں کا خون برابر ہے اور اُن کا ادنیٰ بھی ذمہ کی کوشش کرے گا اور اُن کا دُور والا بھی رد کر سکتا ہے اور وہ دوسروں کے مقابلے میں دست و بازو ہیں۔ خبردار کافر کے بدلے مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا اور نہ کسی عہد والے کو اُس کے عہد کے دوران (ابوداؤد، نسائی) ابنِ ماجہ نے اِسے حضرت ابنِ عباس سے روایت کیا ہے۔

٣٣٢٤ ٢٧ وَعَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اُصِيْبَ بِدَمٍ اَوْ خَبْلٍ وَالْخَبْلُ الْجُرْحُ فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ اِحْدٰى ثَلٰثٍ فَاِنْ اَرَادَ الرَّابِعَةَ فَخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ بَيْنَ اَنْ يَقْتَصَّ اَوْ يَعْفُوَ اَوْ يَاْخُذَ الْعَقْلَ فَاِنْ اَخَذَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ النَّارُ خَالِدًا فِيْهَا مُخَلَّدًا اَبَدًا۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو شریح خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا: جس کو خون یا خبل پہنچایا گیا اور خبل زخم کو کہتے ہیں تو اُسے تین میں سے ایک بات کا اختیار ہے۔ اگر چوتھی بات کا ارادہ کرے تو اُس کے ہاتھ پکڑ لو۔ یعنی قصاص لے یا معاف کر دے یا دیت وصول کرے۔ اگر ان میں سے ایک چیز لے لی اور اِس کے بعد پھر زیادتی کی تو اُس کے لیے جہنم ہے جس میں ہمیشہ رہے گا۔

(دارمی)

www.alahazratnetwork.org



۳۳۲۵ وَعَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ[28] صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِیْ عِمِّیَّۃٍ فِیْ رَمْیٍ یَّکُوْنُ بَیْنَہُمْ بِالْحِجَارَۃِ اَوْجَلْدٍ بِالسِّیَاطِ اَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَہُوَ خَطَأٌ وَعَقْلُہٗ عَقْلُ الْخَطَاءِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَہُوَ قَوَدٌ وَمَنْ حَالَ دُوْنَہٗ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَغَضَبُہٗ لَا یُقْبَلُ مِنْہُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا جو بلوے میں قتل کیا گیا کہ ان کے درمیان پتھراؤ ہو رہا تھا یا کوڑے بازی تھی یا لاٹھی چارج ہوا تو وہ قتل خطا ہے اور اس کی دیت قتل خطا کی دیت ہے اور جو عمدًا قتل کیا گیا تو اس کا قصاص ہے اور جو حد میں حائل ہو اس پر اللہ کی لعنت اور اس کا غضب۔ نہ اس کا نفل قبول ہوگا اور نہ فرض۔

(ابوداؤد۔ نسائی۔)

۳۳۲۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ[29] وَسَلَّمَ لَا اُعْفِیْ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ اَخْذِ الدِّیَۃِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کو معاف نہیں کیا جائے گا جو دیت لے کر بھی قتل کردے۔

(ابوداؤد)

۳۳۲۷ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی[30] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ یُّصَابُ بِشَیْءٍ فِیْ جَسَدِہٖ فَیَتَصَدَّقُ بِہٖ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ بِہٖ دَرَجَۃً وَّحَطَّ عَنْہُ خَطِیْئَۃً۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ نہیں ہے ایسا کوئی شخص کہ اس کے جسم میں زخم پہنچایا جائے اور وہ معاف کردے مگر اللہ تعالٰی اس کا درجہ بلند فرما دیتا ہے اور اس کی خطائیں معاف کر دیتا ہے۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۳۳۲۸ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَتَلَ[31] نَفَرًا خَمْسَۃً اَوْسَبْعَۃً بِرَجُلٍ وَّاحِدٍ قَتَلُوْہُ قَتْلَ غِیْلَۃٍ وَّقَالَ عُمَرُ لَوْتَمَالَاَ عَلَیْہِ اَہْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُہُمْ جَمِیْعًا (رَوَاہُ مَالِکٌ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَہٗ)

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے پانچ یا سات آدمیوں کو قتل کیا جنہوں نے دھوکے سے ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا اور حضرت عمر نے فرمایا کہ اگر سارے صنعاء والے اس میں ملوث ہوتے تو میں سب کو قتل کر دیتا (مالک) اور بخاری نے اسے حضرت ابن عمر سے روایت کیا ہے

۳۳۲۹ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ فُلَانٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ[32] صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَجِیْءُ الْمَقْتُوْلُ بِقَاتِلِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَقُوْلُ سَلْ ہٰذَا فِیْمَا قَتَلَنِیْ فَیَقُوْلُ قَتَلْتُہٗ عَلٰی مُلْکِ فُلَانٍ قَالَ جُنْدُبٌ فَاتَّقِہَا۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت جندب رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ فلاں نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے روز مقتول اپنے قاتل کو لائے گا اور کہے گا۔ اس سے پوچھیے کہ مجھے کیوں قتل کیا؟ وہ کہے گا کہ میں نے اسے فلاں کی بادشاہی میں قتل کیا۔ حضرت جندب نے فرمایا کہ اس سے بچو۔

(نسائی)۔

۳۳۳۰ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی[33] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعَانَ عَلٰی قَتْلِ مُؤْمِنٍ شَطْرَ کَلِمَۃٍ لَقِیَ اللّٰہَ مَکْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْہِ اٰیِسٌ مِّنْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی مسلمان کے قتل میں آدھے لفظ سے بھی مدد دی تو اللہ سے یوں ملے گا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہوگا

www.alahazratnetwork.org



رَحْمَةِ اللهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

اللہ کی رحمت سے نااُمید۔ (ابن ماجہ)

۳۳۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَمْسَكَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ وَقَتَلَهُ الْآخَرُ يُقْتَلُ الَّذِيْ قَتَلَ وَيُحْبَسُ الَّذِيْ أَمْسَكَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب ایک آدمی نے کسی کو پکڑا اور دوسرے نے اُسے قتل کر دیا تو قتل کرنے والے کو قتل کیا جائے گا اور روکنے والے کو قید کیا جائے گا۔ (دار قطنی)

# بَابُ الدِّيَاتِ

# دیتوں کا بیان

## پہلی فصل

۳۳۳۲ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ سَوَاءٌ يَعْنِي الْخِنْصَرَ وَالْإِبْهَامَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ اور یہ برابر ہیں یعنی چھنگلیا اور انگوٹھا۔ (بخاری)

۳۳۳۳ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِّنْ بَنِيْ لِحْيَانَ سَقَطَ مَيِّتًا بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِيْ قُضِيَ عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا وَالْعَقْلَ عَلٰى عَصَبَتِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے بنی لحیان کی ایک عورت کے بارے میں فیصلہ فرمایا جس کے پیٹ کا بچہ مردہ ساقط ہوا تھا کہ ایک بردہ ہو غلام یا لونڈی۔ پھر جس عورت کے خلاف فیصلہ ہوا تھا وہ مرگئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس کی میراث اُس کے بیٹے اور خاوند کے لیے ہے اور اس کی دیت اُس کے عصبہ پر ہے۔ (متفق علیہ)

۳۳۳۴ وَعَنْهُ قَالَ اقْتَتَلَتِ امْرَأَتَانِ مِنْ هُذَيْلٍ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرٰى بِحَجَرٍ فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِيْ بَطْنِهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ أَنَّ دِيَةَ جَنِيْنِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ وَلِيْدَةٌ وَقَضٰى بِدِيَةِ الْمَرْأَةِ عَلٰى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَّعَهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ ہذیل کی دو عورتیں لڑ پڑیں اور دونوں نے ایک دوسری کو پتھر مارے۔ ایک عورت مرگئی اور اُس کے پیٹ کا بچہ بھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ پیٹ کے بچے کی دیت ایک بردہ ہے غلام یا لونڈی اور عورت کی دیت کے متعلق فیصلہ فرمایا کہ وہ اُس کے کنبہ والوں پر ہے جب کہ اُس کی میراث اُس کا بیٹا پائے گا اور جو لوگ اُس کے ساتھ ہیں۔ (متفق علیہ)

۳۳۳۵ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا ضَرَّتَيْنِ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرٰى بِحَجَرٍ أَوْ عَمُوْدِ [illegible]

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دو عورتیں جو آپس میں سوکنیں تھیں اُنہوں نے ایک دوسری کو پتھر مارے یا خیمے کی [illegible]

www.alahazratnetwork.org



عَلٰی عَصَبَۃِ الْمَرْاَۃِ ھٰذِہٖ رِوَایَۃُ التِّرْمِذِیِّ وَفِیْ رِوَایَۃِ مُسْلِمٍ قَالَ ضَرَبَتِ امْرَاَۃٌ ضَرَّتَھَا بِعَمُوْدِ فُسْطَاطٍ وَّھِیَ حُبْلٰی فَقَتَلَتْھَا قَالَ وَاِحْدٰھُمَا لِحْیَانِیَّۃٌ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دِیَۃَ الْمَقْتُوْلَۃِ عَلٰی عَصَبَۃِ الْقَاتِلَۃِ وَغُرَّۃً لِّمَا فِیْ بَطْنِھَا ۔

اُس عورت کے عصبہ پر ڈالا ۔ یہ ترمذی کی روایت ہے اور مسلم کی روایت میں ہے کہ فرمایا کہ دو سوکنیں لڑ پڑیں خیمے کی لکڑی سے ۔ ایک حاملہ تھی جو مر گئی ۔ دوسری لحیان سے تھی ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقتولہ کی دیت قاتلہ کے عصبہ پر رکھی اور اُس کے پیٹ کے بچے کے بدلے ایک بردہ رکھا ۔

## دوسری فصل

۳۳۳۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ دِیَۃَ الْخَطَاِ شِبْہِ الْعَمْدِ مَا کَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَۃٌ مِّنَ الْاِبِلِ مِنْھَا اَرْبَعُوْنَ فِیْ بُطُوْنِھَا اَوْلَادُھَا ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ وَرَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْہُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَفِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ لَفْظُ الْمَصَابِیْحِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : خطا کی دیت شبہ عمد والی ہے یعنی سو اونٹ جن میں چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں (نسائی ، ابن ماجہ ، دارمی) ابو داؤد نے اسے اِن اور حضرت ابن عمر سے روایت کیا اور شرح السنہ میں حضرت ابن عمر سے مصابیح کے لفظوں میں ہے ۔

۳۳۳۷ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی اَھْلِ الْیَمَنِ وَکَانَ فِیْ کِتَابِہٖ اَنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا فَاِنَّہٗ قَوَدُ یَدِہٖ اِلَّا اَنْ یَّرْضٰی اَوْلِیَاءُ الْمَقْتُوْلِ وَفِیْہِ اَنَّ الرَّجُلَ یُقْتَلُ بِالْمَرْاَۃِ وَفِیْہِ فِیْ نَفْسِ الدِّیَۃُ مِائَۃٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَعَلٰی اَھْلِ الذَّھَبِ اَلْفُ دِیْنَارٍ وَفِی الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُہُ الدِّیَۃُ مِائَۃٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِی الْاَسْنَانِ الدِّیَۃُ وَفِی الشَّفَتَیْنِ الدِّیَۃُ وَفِی الْبَیْضَتَیْنِ الدِّیَۃُ وَفِی الذَّکَرِ الدِّیَۃُ وَفِی الصُّلْبِ الدِّیَۃُ وَفِی الْعَیْنَیْنِ الدِّیَۃُ وَفِی الرِّجْلِ الْوَاحِدَۃِ نِصْفُ الدِّیَۃِ وَفِی الْمَاْمُوْمَۃِ ثُلُثُ الدِّیَۃِ وَفِی الْجَائِفَۃِ ثُلُثُ الدِّیَۃِ وَفِی الْمُنَقِّلَۃِ خَمْسَ عَشْرَۃَ مِنَ الْاِبِلِ وَفِیْ کُلِّ اِصْبَعٍ مِّنْ اَصَابِعِ الْیَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِی السِّنِّ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ

ابو بکر بن محمد بن عمرو بن حزم ، اُن کے والد ماجد ، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یمن والوں کے لیے لکھا اور آپ کے گرامی نامہ میں تھا کہ جس نے ناحق کسی مسلمان کو قتل کیا تو وہ اپنے کیے پر قصاص میں قتل ہوگا مگر جب کہ مقتول کے وارثوں کو راضی کر لے اور اس میں تھا کہ عورت کے بدلے آدمی کو قتل کیا جائے گا اور دیت کے متعلق اس میں تھا کہ سو اونٹ ہیں اور سونے والوں پر ایک ہزار دینا اور ناک جب پوری کاٹ دی جائے تو پوری دیت یعنی سو اونٹ ہیں اور دانتوں میں دیت ہے اور ہونٹوں میں دیت ہے اور فوطوں میں دیت ہے اور آلت میں دیت ہے اور پیٹھ میں دیت ہے اور آنکھوں میں دیت ہے اور ایک ٹانگ کی نصف دیت ہے اور مغز تک پہنچنے والے زخم میں تہائی دیت ہے اور پیٹ میں پہنچنے والے زخم میں تہائی دیت ہے اور ہڈی ہٹ جانے والے زخم میں پندرہ اونٹ ہیں اور ہاتھ اور پاؤں کی ہر ایک انگلی میں دس اونٹ ہیں اور دانت میں پانچ اونٹ ہیں (نسائی ، دارمی) مالک کی روایت میں ہے کہ دونوں آنکھوں میں پچاس اور ہاتھ میں پچاس اور پیر میں پچاس اور ہڈی کھل جانے والے زخم میں پچاس اونٹ ۔

www.alahazratnetwork.org



رَوَاہُ النَّسَآئِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَفِیْ رِوَایَۃِ مَالِكٍ وَفِی الْعَیْنِ خَمْسُوْنَ وَفِی الْیَدِ خَمْسُوْنَ وَفِی الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ وَفِی الْمُوْضِحَۃِ خَمْسٌ۔

٣٣٣٨ (٧) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَوَاضِحِ خَمْسًا خَمْسًا مِنَ الْاِبِلِ وَفِی الْاَسْنَانِ خَمْسًا خَمْسًا مِنَ الْاِبِلِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ اَلْفَصْلَ الْاَوَّلَ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہڈی کھل جانے والے زخموں میں پانچ پانچ اونٹوں کا فیصلہ فرمایا اور دانتوں میں بھی پانچ پانچ اونٹوں کا (ابوداؤد، نسائی، دارمی) جبکہ ترمذی اور ابن ماجہ نے صرف پہلا جملہ روایت کیا ہے۔

۔۔۔۔۔۔

٣٣٣٩ (٨) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَصَابِعَ الْیَدَیْنِ وَالرِّجْلَیْنِ سَوَآءً۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کو برابر رکھا۔

(ابوداؤد، ترمذی)

٣٣٤٠ (٩) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْاَصَابِعُ سَوَآءٌ وَالْاَسْنَانُ سَوَآءٌ اَلثَّنِیَّۃُ وَالضِّرْسُ سَوَآءٌ ھٰذِہٖ وَھٰذِہٖ سَوَآءٌ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

اُن ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انگلیاں برابر ہیں۔ دانت برابر ہیں سامنے کے دانت اور داڑھیں برابر ہیں نیز چھنگلیا اور انگوٹھا برابر ہیں۔

(ابوداؤد)

٣٣٤١ (١٠) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ ثُمَّ قَالَ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَا حِلْفَ فِی الْاِسْلَامِ وَمَا کَانَ مِنْ حِلْفٍ فِی الْجَاهِلِیَّۃِ فَاِنَّ الْاِسْلَامَ لَا یَزِیْدُہٗ اِلَّا شِدَّۃً اَلْمُؤْمِنُوْنَ یَدٌ عَلٰی مَنْ سِوَاهُمْ یُجِیْرُ عَلَیْهِمْ اَدْنَاهُمْ وَیَرُدُّ عَلَیْهِمْ اَقْصَاهُمْ یَرُدُّ سَرَایَاهُمْ عَلٰی قَعِیْدَتِهِمْ لَا یُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِکَافِرٍ دِیَۃُ الْکَافِرِ نِصْفُ دِیَۃِ الْمُسْلِمِ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا تُؤْخَذُ صَدَقَاتُهُمْ اِلَّا فِیْ دُوْرِهِمْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ دِیَۃُ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ دِیَۃِ الْحُرِّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد اُن کے جدِّ امجد کا بیان ہے کہ فتح مکہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، پھر فرمایا۔ اے لوگو! اسلام میں حلیف بنانا نہیں ہے لیکن جو حلف جاہلیت میں ہو چکے تو اسلام انہیں مضبوط ہی کرے گا۔ دوسروں کے مقابلے میں مسلمان ایک دوسرے کے مددگار ہیں ان کا ادنیٰ بھی امان دے سکتا ہے۔ ان کا دور والا آدمی غنیمت واپس کر سکتا ہے اور ان کے لشکر پیچھے بیٹھے مجاہدوں پر لوٹ کریں گے۔ مومن کافر کے بدلے قتل نہیں کیا جائے گا، کافر کی دیت مسلمان کی دیت سے نصف ہے، نہ منگانا ہے اور نہ دور سے جانا۔ اُن سے صدقات وصول نہ کیے جائیں مگر اُن کے گھروں میں (معاہدہ والے کی دیت آزاد کی دیت کا نصف ہے)

(ابوداؤد)

٣٣٤٢ (١١) وَعَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ دِیَۃِ

خشف بن مالک نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطا کی دیت میں فیصلہ

الخطأ عشرين بنت مخاض وعشرين ابن مخاض ذكور وعشرين بنت لبون وعشرين جذعة وعشرين حقة۔ (رواه الترمذي وأبو داود والنسائي) والصحيح أنه موقوف على ابن مسعود وخشف مجهول لا يعرف إلا بهذا الحديث وروي في شرح السنة أن النبي صلى الله عليه وسلم ودى قتيل خيبر بمائة من إبل الصدقة وليس في أسنان إبل الصدقة ابن مخاض إنما فيها ابن لبون۔

فرمایا کہ بیس ایک سالہ اونٹنیاں، بیس ایک سالہ نر، بیس دو سالہ اونٹنیاں، بیس تین سالہ اونٹنیاں اور بیس چار سالہ اونٹنیاں ہوں۔ روایت کیا ہے ترمذی، ابوداؤد اور نسائی نے اور صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت ابن مسعود پر موقوف ہے کیونکہ خشف مجہول ہے جو اس حدیث میں جانا گیا اور شرح السنہ میں روایت کی گئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے مقتول کی دیت زکوٰۃ کے اونٹوں سے ادا کی تو زکوٰۃ کے اونٹوں میں ایک سالہ اونٹ نہیں تھے بلکہ دو سالہ تھے۔

٣٣٤٣ وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده
١٢
قال كانت قيمة الدية على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمان مائة دينار أو ثمانية آلاف درهم ودية أهل الكتاب يومئذ النصف من دية المسلمين قال فكان كذلك حتى استخلف عمر فقام خطيبا فقال إن الإبل قد غلت قال ففرضها عمر على أهل الذهب ألف دينار وعلى أهل الورق اثني عشر ألفا وعلى أهل البقر مائتي بقرة وعلى أهل الشاء ألفي شاة وعلى أهل الحلل مائتي حلة قال وترك دية أهل الذمة لم يرفعها فيما رفع من الدية۔ (رواه أبو داود)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں دیت کی قیمت آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درہم تھی اور اہل کتاب کی دیت اُن دنوں مسلمانوں سے نصف تھی۔ اسی پر عمل رہا یہاں تک کہ حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ اونٹ مہنگے ہو گئے ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے سونے والوں پر ایک ہزار دینار، چاندی والوں پر بارہ ہزار درہم، گائے والوں پر دو سو گائیں، بکری والوں پر دو ہزار بکریاں اور کپڑے والوں پر دو سو جوڑے مقرر فرمائے۔ راوی کا بیان ہے کہ ذمیوں کی دیت کو چھوڑ دیا، جس طرح دوسری دیت بڑھائی تھیں اس طرح اسے نہ بڑھایا۔ (ابوداؤد)

٣٣٤٤ وعن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه
١٣
وسلم أنه جعل الدية اثني عشر ألفا۔ (رواه الترمذي وأبو داود والنسائي والدارمي)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیت کے بارہ ہزار درہم مقرر فرمائے۔ (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)

٣٣٤٥ وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن
١٤
جده قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقوم دية الخطأ على أهل القرى أربع مائة دينار أو عدلها من الورق ويقومها على أثمان الإبل فإذا غلت رفع في قيمتها وإذا هاجت

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گاؤں والوں کے لیے قتل خطا کی دیت کی قیمت چار سو دینار مقرر فرمایا کرتے یا اس کے برابر چاندی اور یہ قیمت اونٹ کی قیمت پر تھی۔ جب اونٹ مہنگے ہو جاتے تو قیمت بڑھا دیتے اور جب سستے ہو جاتے تو قیمت گھٹا دیتے

www.alahazratnetwork.org



رُخُصٌ نَقَصَ مِنْ قِيْمَتِهَا وَبَلَغَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ اَرْبَعِ مِائَةِ دِيْنَارٍ اِلٰى ثَمَانِ مِائَةِ دِيْنَارٍ وَّعِدْلُهَا مِنَ الْوَرِقِ ثَمَانِيَةُ اٰلَافِ دِرْهَمٍ قَالَ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَّعَلٰى اَهْلِ الشَّاءِ اَلْفَيْ شَاةٍ وَّقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَقْلَ مِيْرَاثٌ بَيْنَ وَرَثَةِ الْقَتِيْلِ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَقْلَ الْمَرْاَةِ بَيْنَ عَصَبَتِهَا وَلَا يَرِثُ الْقَاتِلُ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

اور رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں قیمت چار سو دینار سے آٹھ سو دینار تک رہی یا اس کے برابر چاندی یعنی آٹھ ہزار درہم۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے گائے والوں کے لیے دو سو گایوں کا فیصلہ فرمایا اور بکری والوں کیلئے دو ہزار بکریوں کا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیت مقتول کے وارثوں کے درمیان میراث ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ عورت کی دیت اس کے عصبہ وارثوں کے درمیان ہے اور قاتل میراث میں کوئی چیز نہیں پائے گا۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

٣٣٣٦ وَعَنْهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى [15] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَقْلُ شِبْهِ الْعَمْدِ مُغَلَّظٌ مِثْلُ عَقْلِ الْعَمْدِ وَلَا يُقْتَلُ صَاحِبُهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

وہی، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: قتل شبہ عمد کی دیت مغلظہ ہے جیسے قتل عمد کی لیکن اس میں قاتل کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

(ابوداؤد)

٣٣٣٧ وَعَنْهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى [16] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَيْنِ الْقَائِمَةِ السَّادَّةِ لِمَكَانِهَا بِثُلُثِ الدِّيَةِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

وہی، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایسی آنکھ کا جو اپنی جگہ قائم رہے اور بینائی چلی جائے، تہائی دیت کا فیصلہ فرمایا۔

(ابوداؤد، نسائی)

٣٣٣٨ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ [17] عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ اَوْ فَرَسٍ اَوْ بَغْلٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ) وَقَالَ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَخَالِدُ الْوَاسِطِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَلَمْ يَذْكُرَا اَوْ فَرَسٍ اَوْ بَغْلٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

محمد بن عمرو، ابو سلمہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے پیٹ کے بچے کے بدلے ایک بردہ کا فیصلہ فرمایا جو غلام ہو یا لونڈی یا گھوڑا یا خچر (ابوداؤد) اور فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو حماد بن سلمہ اور خالد واسطی نے محمد بن عمرو سے لیکن گھوڑے اور خچر کا ذکر نہیں کیا۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

٣٣٣٩ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ [18] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَطَبَّبَ وَلَمْ يُعْلَمْ مِنْهُ طِبٌّ فَهُوَ ضَامِنٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو علاج کرے اور فنِ طب نہ جانتا ہو تو وہ ذمہ دار ہے۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

www.alahazratnetwork.org



۳۳۵۰ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ غُلَامًا لِاُنَاسٍ فُقَرَاءَ [19] قَطَعَ اُذُنَ غُلَامٍ لِاُنَاسٍ اَغْنِيَاءَ فَاَتٰى اَهْلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّا اُنَاسٌ فُقَرَاءُ فَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْهِمْ شَيْئًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ غریب لوگوں کے غلام نے امیر لوگوں کے غلام کا کان کاٹ دیا۔ اُس کے مالک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہم غریب آدمی ہیں تو آپ نے اُن پر کوئی دیت نہ رکھی۔

(ابوداؤد، نسائی۔

## تیسری فصل

۳۳۵۱ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ قَالَ دِيَةُ شِبْهِ الْعَمْدِ اَثْلَاثٌ [20] ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ حِقَّةً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ جَذَعَةً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ ثَنِيَّةً اِلٰى بَازِلِ عَامِهَا كُلُّهَا خَلِفَاتٌ وَّفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فِي الْخَطَاِ اَرْبَاعًا خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ حِقَّةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ جَذَعَةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ لَبُوْنٍ وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ مَخَاضٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شبہ عمد کی دیت کے تین حصے ہیں۔ تینتیس تین سالہ، تینتیس چار سالہ اور چونتیس پانچ سالہ سے بازل عام تک جو سب حاملہ ہوں۔ دوسری روایت میں فرمایا کہ قتل خطا میں چار قسم کے اُونٹ ہیں: پچیس تین سالہ، پچیس چار سالہ، پچیس دو سالہ اُونٹنیاں اور پچیس ایک سالہ اُونٹنیاں۔

(ابوداؤد)

۳۳۵۲ وَعَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَضٰى عُمَرُ فِيْ شِبْهِ الْعَمْدِ [21] ثَلٰثِيْنَ حِقَّةً وَّثَلٰثِيْنَ جَذَعَةً وَّاَرْبَعِيْنَ خَلِفَةً مَّا بَيْنَ ثَنِيَّةٍ اِلٰى بَازِلِ عَامِهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

مجاہد سے روایت ہے کہ شبہ عمد میں حضرت عمر نے فیصلہ فرمایا کہ تیس تین سالہ، تیس چار سالہ اور چالیس حاملہ اُونٹنیاں جو چھ سے نو سال کے درمیان ہوں۔

(ابوداؤد)

۳۳۵۳ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ [22] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي الْجَنِيْنِ يُقْتَلُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ وَلِيْدَةٍ فَقَالَ الَّذِيْ قُضِيَ عَلَيْهِ كَيْفَ اَغْرَمُ مَنْ لَّا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ وَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هٰذَا مِنْ اِخْوَانِ الْكُهَّانِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّالنَّسَائِيُّ مُرْسَلًا وَّرَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مُتَّصِلًا)

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ پیٹ کا بچہ جس کو اُس کی ماں کے پیٹ میں مار دیا گیا ہو، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے متعلق ایک بردہ کا فیصلہ فرمایا خواہ وہ غلام ہو یا لونڈی۔ جس پر یہ حکم لگایا گیا تھا اُس نے کہا: میں کیسے اُس کا تاوان دوں جس نے نہ پیا، نہ کھایا، نہ بولا اور نہ چلایا، ایسی چیز تو ضائع جانی چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک یہ کاہنوں کا بھائی ہے۔ اسے مالک اور نسائی نے مرسلاً روایت کیا جب کہ ابوداؤد نے ان سے اور حضرت ابوہریرہ سے اسے متصلاً روایت کیا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ مَا لَا يُضْمَنُ مِنَ الْجِنَايَاتِ

## جن زخموں کا تاوان نہیں ہے

### پہلی فصل

۳۳۵۴ (۱) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَّالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- چوپائے کے زخمی کرنے کا تاوان نہیں، کان میں دب کر مرنے کا تاوان نہیں، کنوئیں میں گر کر مرنے کا تاوان نہیں۔

(متفق علیہ)

۳۳۵۵ (۲) وَعَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ وَكَانَ لِيْ اَجِيْرٌ فَقَاتَلَ اِنْسَانًا فَعَضَّ اَحَدُهُمَا يَدَ الْاٰخَرِ فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهٗ مِنْ فِي الْعَاضِّ فَاَنْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ فَسَقَطَتْ فَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ وَقَالَ اَيَدَعُ يَدَهٗ فِيْ فِيْكَ تَقْضَمُهَا كَالْفَحْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت یعلیٰ بن اُمیّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں غزوۂ تبوک کیا۔ میرا ایک مزدور تھا وہ ایک آدمی سے لڑ پڑا تو اُن میں سے ایک نے دوسرے کا ہاتھ کاٹ کھایا۔ اُس نے اپنا ہاتھ کاٹنے والے کے منہ سے کھینچا اور اُس کا سامنے کا ایک دانت ٹوٹ گیا۔ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا تو آپ نے دانت کو باطل قرار دیا اور فرمایا کہ کیا وہ اپنا ہاتھ تمہارے منہ میں چھوڑے رکھتا تاکہ تم اُسے اونٹ کی طرح چبا ڈالتے:

(متفق علیہ)

۳۳۵۶ (۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:- جو اپنے مال کی حفاظت کرتا ہُوا مارا جائے وہ شہید ہے۔

(متفق علیہ)

۳۳۵۷ (۴) وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ جَاءَ رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَخْذَ مَالِیْ قَالَ فَلَا تُعْطِهٖ مَالَكَ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلَنِیْ قَالَ قَاتِلْهُ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلَنِیْ قَالَ فَاَنْتَ شَهِيْدٌ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلْتُهٗ قَالَ هُوَ فِی النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- ایک آدمی آ کر عرض گزار ہُوا: یا رسول اللہ! فرمائیے اگر کوئی میرا مال چھین لینا چاہے؟ فرمایا کہ اُسے اپنا مال نہ لینے دو۔ عرض کی کہ اگر وہ مجھ سے لڑے؟ فرمایا تو تم اُس سے لڑو۔ عرض گزار ہُوا کہ اگر وہ مجھے قتل کر دے؟ فرمایا کہ تب تم شہید ہو۔ عرض گزار ہُوا کہ اگر میں اُسے قتل کر دوں؟ فرمایا کہ تب بھی وہ جہنم میں ہے۔

(مسلم)

۳۳۵۸ (۵) وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوِ اطَّلَعَ فِیْ بَيْتِكَ اَحَدٌ وَّلَمْ تَاْذَنْ لَهٗ

اُنہوں نے ہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:- اگر تمہارے گھر میں کوئی جھانکے اور تم نے اُسے اجازت نہ دی ہو۔ پس تم

www.alahazratnetwork.org



جُنَاحٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

نہیں۔ (متفق علیہ)

**۳۳۵۹** ۶ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا اِطَّلَعَ فِیْ جُحْرٍ فِیْ بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًی یَحُكُّ بِهٖ رَاْسَهٗ فَقَالَ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْظُرُنِیْ لَطَعَنْتُ بِهٖ فِیْ عَیْنِكَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِسْتِیْذَانُ مِنْ اَجْلِ الْبَصَرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دروازے کے سوراخ سے اندر جھانک کر دیکھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سلائی تھی جس سے سر مبارک کو کھجا رہے تھے۔ فرمایا اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تو مجھے جھانک رہا ہے تو میں تیری آنکھ میں سلائی گھونپ دیتا۔ اجازت کا حکم دیکھنے ہی کی وجہ سے ہے۔ (متفق علیہ)

**۳۳۶۰** ۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّهٗ رَاٰی رَجُلًا یَخْذِفُ فَقَالَ لَا تَخْذِفْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ اِنَّهٗ لَا یُصَادُ بِهٖ صَیْدٌ وَلَا یُنْكَاُ بِهٖ عَدُوٌّ وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَاُ الْعَیْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک آدمی کو کنکریاں پھینکتے دیکھا تو فرمایا کہ کنکریاں نہ پھینکو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنکریاں پھینکنے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ ان سے نہ تو شکار ہوتا ہے اور نہ دشمن کو زخمی کیا جا سکتا ہے لیکن یہ دانت توڑ دیتی اور آنکھ پھوڑ دیتی ہیں۔ (متفق علیہ)

**۳۳۶۱** ۸ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَّ اَحَدُكُمْ فِیْ مَسْجِدِنَا اَوْ فِیْ سُوْقِنَا وَمَعَهٗ نَبْلٌ فَلْیُمْسِكْ عَلٰی نِصَالِهَا اَنْ یُّصِیْبَ اَحَدًا مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ مِنْهَا بِشَیْءٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی ہماری مسجد یا ہمارے بازار سے گزرے اور اس کے ساتھ تیر ہوں تو ان کے پیکانوں کو پکڑے رکھے مبادا ان میں سے کوئی کسی مسلمان کو لگ جائے۔ (متفق علیہ)

**۳۳۶۲** ۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یُشِیْرُ اَحَدُكُمْ عَلٰی اَخِیْهِ بِالسِّلَاحِ فَاِنَّهٗ لَا یَدْرِیْ لَعَلَّ الشَّیْطَانَ یَنْزِعُ فِیْ یَدِهٖ فَیَقَعُ فِیْ حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی طرف ہتھیار سے اشارہ نہ کرے کیونکہ اسے کیا معلوم، شاید شیطان اس کے ہاتھ سے کھینچ لے اور وہ جہنم کے گڑھے میں جا گرے۔ (متفق علیہ)

**۳۳۶۳** ۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَشَارَ اِلٰی اَخِیْهِ بِحَدِیْدَةٍ فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ تَلْعَنُهٗ حَتّٰی یَضَعَهَا وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِیْهِ وَاُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے بھائی کی طرف لوہے سے اشارہ کرے تو فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں یہاں تک کہ اسے رکھ دے، خواہ وہ اس کا سگا بھائی کیوں نہ ہو۔ (بخاری)

**۳۳۶۴** ۱۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَمَلَ عَلَیْنَا السِّلَاحَ فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ) وَزَادَ مُسْلِمٌ

حضرت ابن عمر اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے ہم پر ہتھیار اٹھایا وہ ہم میں سے نہیں ہے (بخاری) اور مسلم میں یہ بھی ہے۔ جس نے ہمیں دھوکا دیا

www.alahazratnetwork.org



وَمَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا۔

وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۳۳۶۵ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[12] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَّ عَلَيْنَا السَّيْفَ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہم پر تلوار سونت لی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (مسلم)

۳۳۶۶ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ هِشَامَ[13] بْنَ حَكِيْمٍ مَرَّ بِالشَّامِ عَلٰى أُنَاسٍ مِنَ الْأَنْبَاطِ وَقَدْ أُقِيْمُوْا فِي الشَّمْسِ وَصُبَّ عَلٰى رُءُوْسِهِمُ الزَّيْتُ فَقَالَ مَا هٰذَا قِيْلَ يُعَذَّبُوْنَ فِي الْخَرَاجِ فَقَالَ هِشَامٌ أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ يُعَذِّبُ الَّذِيْنَ يُعَذِّبُوْنَ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ہشام بن حکیم شام میں بعض کسانوں کے پاس سے گزرے جنہیں دھوپ میں کھڑا کیا گیا تھا اور اُن کے سروں پر تیل ڈالا جا رہا تھا۔ فرمایا: یہ کیا ہے؟ کہا گیا کہ لگان کے بارے میں عذاب دیے جا رہے ہیں۔ حضرت ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا: بیشک اللہ تعالیٰ انہیں عذاب دے گا جو دنیا میں لوگوں کو عذاب دیتے ہیں۔ (مسلم)

۳۳۶۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى[14] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ إِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ أَنْ تَرٰى قَوْمًا فِيْ أَيْدِيْهِمْ مِثْلُ أَذْنَابِ الْبَقَرِ يَغْدُوْنَ فِيْ غَضَبِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ لَعْنَةِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے اگر تمہاری عمر دراز ہوئی تو ایسے لوگ بھی دیکھو گے جن کے ہاتھوں میں گائے کی دُم جیسی چیز ہو گی۔ وہ صبح کریں گے تو اللہ کے غضب میں اور شام کریں گے تو اللہ کی ناراضگی میں۔ ایک روایت میں ہے کہ اللہ کی لعنت میں شام کریں گے۔ (مسلم)

۳۳۶۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[15] صِنْفَانِ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَمْ أَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَأَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُءُوْسُهُنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا وَإِنَّ رِيْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذَا وَكَذَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو قسم کے آدمی جہنمیوں سے ہیں، جنہیں ہم نے نہیں دیکھا۔ ایک وہ جن کے ہاتھوں میں گائے کی دُم جیسے کوڑے ہوں گے جن کے ساتھ لوگوں کو ماریں گے اور دوسری وہ عورتیں جو لباس پہن کر بھی ننگی ہوں گی، مائل کرنے والی اور مائل ہونے والی ہوں گی۔ اُن کے سر موٹی اونٹنیوں کے کوہانوں کی طرح ہلتے ہوں گے۔ وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گی اور نہ اُس کی خوشبو سونگھیں گی جب کہ اُس کی خوشبو اتنی مسافت تک پہنچتی ہے۔ (مسلم)

۳۳۶۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[16] إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ فَإِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آدمی کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا ہے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

٣٣٧٠ (١٧) عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَشَفَ سِتْرًا فَاَدْخَلَ بَصَرَہٗ فِی الْبَیْتِ قَبْلَ اَنْ یُّؤْذَنَ لَہٗ فَرَاٰی عَوْرَۃَ اَھْلِہٖ فَقَدْ اَتٰی حَدًّا لَا یَحِلُّ لَہٗ اَنْ یَّاْتِیَہٗ وَلَوْ اَنَّہٗ حِیْنَ اَدْخَلَ بَصَرَہٗ فَاسْتَقْبَلَہٗ رَجُلٌ فَفَقَاَ عَیْنَیْہِ مَا عَیَّرْتُ عَلَیْہِ وَاِنْ مَرَّ الرَّجُلُ عَلٰی بَابٍ لَا سِتْرَ لَہٗ غَیْرِ مُغْلَقٍ فَنَظَرَ فَلَا خَطِیْئَۃَ عَلَیْہِ اِنَّمَا الْخَطِیْئَۃُ عَلٰی اَھْلِ الْبَیْتِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے پردہ ہٹایا اور گھر میں دیکھ لیا' اجازت ملنے سے پہلے اور گھر کے چھپے ہوئے افراد دیکھ لیے تو وہ ایسی حد پر آ گیا جو اُس کے لیے جائز نہ تھی۔ جب اُس نے اندر دیکھا اگر کوئی بڑھ کر اُس کی آنکھ پھوڑ دے تو اِس پر میں اُسے شرمسار نہیں کروں گا۔ اگر کوئی ایسے دروازے کے پاس سے گزرا جس پر نہ پردہ ہے اور نہ دروازہ بند ہے۔ لہٰذا اُس نے دیکھا تو اُس پر گناہ نہیں بلکہ غلطی گھر والوں کی ہے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٣٧١ (١٨) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّتَعَاطَی السَّیْفُ مَسْلُوْلًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ننگی تلوار لینے دینے سے منع فرمایا ہے۔

(ابوداؤد)

٣٣٧٢ (١٩) وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی اَنْ یُّقَدَّ السَّیْرُ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے تسمہ دو انگلیوں کے درمیان رکھ کر چیرنے سے منع فرمایا ہے۔

(ابوداؤد)

٣٣٧٣ (٢٠) وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِیْنِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَھْلِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت سعید ابن زید رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو اپنے دین کی حفاظت کرتا ہُوا مارا جائے وہ شہید ہے۔ جو اپنے خون کی حفاظت کرتا ہُوا مارا جائے وہ شہید ہے۔ جو اپنے مال کی حفاظت کرتا ہُوا مارا جائے وہ شہید ہے اور جو اپنے گھر والوں کی حفاظت کرتا ہُوا مارا جائے وہ شہید ہے۔

(ترمذی' ابوداؤد' نسائی)

٣٣٧٤ (٢١) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَھَنَّمَ سَبْعَۃُ اَبْوَابٍ بَابٌ مِّنْھَا لِمَنْ سَلَّ السَّیْفَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَوْ قَالَ عَلٰی اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ) وَحَدِیْثُ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَلرِّجْلُ جُبَارٌ ذُکِرَ فِیْ بَابِ الْغَصْبِ۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جہنم کے سات دروازے ہیں جن میں سے ایک دروازہ اُن کے لیے ہے جو میری اُمت پر تلوار اُٹھائے یا فرمایا کہ اُمتِ محمد پر۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اَلرِّجْلُ جُبَارٌ والی حدیث ابوہریرہ باب الغصب میں مذکور ہو چکی۔

www.alahazratnetwork.org



# باب القسامۃ

# قسامت کا بیان

## پہلی فصل

۳۳۷۵ عن رافع بن خديج وسهل بن أبي حثمة أنهما حدثا أن عبد الله بن سهل ومحيصة بن مسعود أتيا خيبر فتفرقا في النخل فقتل عبد الله بن سهل فجاء عبد الرحمن بن سهل وحويصة ومحيصة ابنا مسعود إلى النبي صلى الله عليه وسلم فتكلموا في أمر صاحبهم فبدأ عبد الرحمن وكان أصغر القوم فقال له النبي صلى الله عليه وسلم كبر الكبر قال يحيى بن سعيد يعني ليلي الكلام الأكبر فتكلموا فقال النبي صلى الله عليه وسلم استحقوا قتيلكم أو قال صاحبكم بأيمان خمسين منكم قالوا يا رسول الله أمر لم نره قال فتبرئكم يهود في أيمان خمسين منهم قالوا يا رسول الله قوم كفار ففداهم رسول الله صلى الله عليه وسلم من قبله وفي رواية تحلفون خمسين يمينا وتستحقون قاتلكم أو صاحبكم فوداه رسول الله صلى الله عليه وسلم من عنده بمائة ناقة۔

(متفق عليه)

حضرت رافع بن خدیج اور حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن سہل اور حضرت محیصہ بن مسعود دونوں خیبر پہنچے اور کھجور کے باغات میں متفرق ہو گئے تو حضرت عبداللہ بن سہل کو قتل کر دیا گیا۔ پس حضرت عبدالرحمٰن بن سہل اور حضرت حویصہ و حضرت محیصہ پسران مسعود نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اپنے ساتھی کے بارے میں عرض کرنے لگے۔ حضرت عبدالرحمٰن نے معروضات کی ابتدا کی جب کہ وہ سب سے چھوٹے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ بڑے کی عزت کرو۔ یحییٰ بن سعید نے کہا، مراد یہ تھی کہ بڑا کلام کرے۔ انہوں نے کلام کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے مقتول یا اپنے ساتھی کے مستحق ہو گے کہ پچاس قسمیں کھاؤ۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ایسے کام پر جو ہم نے دیکھا نہیں۔ فرمایا تو یہودی اپنی پچاس قسموں کے ساتھ تم سے بری ہو جائیں گے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ تو کافر ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنی طرف سے دیت ادا کر دی۔ دوسری روایت میں ہے کہ پچاس قسمیں اُٹھا لو تو اپنے قاتل پر یا اپنے ساتھی کی دیت کے مستحق ہو جاؤ گے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے انہیں سو اونٹ ادا کیے۔

(متفق علیہ)

## دوسری فصل

وهذا الباب خال عن الفصل الثاني۔

اور یہ باب دوسری فصل سے خالی ہے۔

## تیسری فصل

۳۳۷۶ عن رافع بن خديج قال أصبح رجل من الأنصار مقتولا بخيبر فانطلق أولياؤه إلى النبي صلى الله عليه وسلم فذكروا ذلك له فقال ألكم

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خیبر میں انصار کا ایک آدمی کی لاش ملی تو اس کے وارث نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اس بات کا آپ سے ذکر کیا۔ فرمایا کہ تمہارے پاس دو گواہ

www.alahazratnetwork.org



شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ عَلٰى قَاتِلِ صَاحِبِكُمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ اَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّمَا هُمْ يَهُوْدُ وَقَدْ يَجْتَرِءُوْنَ عَلٰى اَعْظَمَ مِنْ هٰذَا قَالَ فَاخْتَارُوْا مِنْهُمْ خَمْسِيْنَ فَاسْتَحْلِفُوْهُمْ فَاَبَوْا فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهٖ - (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

ہیں جو تمہارے ساتھی کے قاتل کی گواہی دیں، عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم اور ایک مسلمان بھی وہاں نہیں تھا اور وہ یہودی اس سے بھی بڑے کاموں کی جرأت کر جاتے ہیں۔ فرمایا تو ان میں سے آدمی چُن لو اور اُن سے پچاس قسمیں لے لو۔ انہوں نے انکار کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیت اپنے پاس سے ادا کر دی۔ (ابو داؤد)

# بَابُ قَتْلِ اَهْلِ الرِّدَّةِ وَالسُّعَاةِ بِالْفَسَادِ

# مرتدّوں اور فساد کی کوشش کرنے والوں کو قتل کرنے کا بیان

## پہلی فصل

۳۳۷۷ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ اُتِيَ عَلِيٌّ بِزَنَادِقَةٍ فَاَحْرَقَهُمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَوْ كُنْتُ اَنَا لَمْ اُحْرِقْهُمْ لِنَهْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ وَلَقَتَلْتُهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ - (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عکرمہ کا بیان ہے کہ حضرت علی کی خدمت میں زندیق لائے گئے تو انہوں نے انہیں جلا دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک یہ بات پہنچی تو فرمایا۔ اگر میں ہوتا تو انہیں نہ جلاتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روکا ہے کہ اللہ کے عذاب کی طرح عذاب دیا جائے بلکہ میں انہیں قتل کرتا جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے، جو اپنا دین بدل لے تو اُس کو قتل کر ڈالو۔ (بخاری)

۳۳۷۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النَّارَ لَا يُعَذِّبُ بِهَا اِلَّا اللّٰهُ - (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آگ کے ساتھ عذاب نہیں دیتا مگر اللہ۔ (بخاری)

۳۳۷۹ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ حُدَّاثُ الْاَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ لَا يُجَاوِزُ اِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ فَاَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ فَاِنَّ فِيْ قَتْلِهِمْ اَجْرًا لِّمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ - (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، عنقریب آخر زمانے میں ایک ایسی قوم نکلے گی جو عمر کے چھوٹے اور عقل کے کھوٹے ہوں گے۔ اُن کی زبانوں پر حدیثیں ہوں گی لیکن اُن کے ایمان اُن کے حلق سے نیچے نہیں اتریں گے۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ جب تمہاری اُن سے ملاقات ہو تو انہیں قتل کر دینا کیونکہ اُن کو قتل کرنے کا قیامت کے روز ثواب ملے گا۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



٣٣٨٠ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ[4] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُونُ أُمَّتِي فِرْقَتَيْنِ فَيَخْرُجُ مِنْ بَيْنِهِمَا مَارِقَةٌ يَلِي قَتْلَهُمْ أَوْلَاهُمْ بِالْحَقِّ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میری اُمت کے دو گروہ ہو جائیں گے۔ ایک اُن میں سے جماعت سے نکل جائے گا۔ اُن کے قتل کا انتظام وہ گروہ کرے گا جو حق کے قریب ہوگا۔ (مسلم)

٣٣٨١ وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[5] وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تَرْجِعُنَّ بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔ (متفق علیہ)

٣٣٨٢ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[6] وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ حَمَلَ أَحَدُهُمَا عَلَى أَخِيهِ السِّلَاحَ فَهُمَا فِي جُرُفِ جَهَنَّمَ فَإِذَا قَتَلَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ دَخَلَاهَا جَمِيعًا وَفِي رِوَايَةٍ عَنْهُ قَالَ إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ قُلْتُ هٰذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ قَالَ إِنَّهُ كَانَ حَرِيصًا عَلَى قَتْلِ صَاحِبِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب دو مسلمان ایک دوسرے بھائی پر ہتھیار اٹھا کر لیں تو دونوں جہنم کے کنارے پر ہیں۔ جب ایک اُن میں سے دوسرے کو قتل کرے تو دونوں اُس میں داخل ہو گئے۔ اُن سے ہی ایک اور روایت میں فرمایا:۔ جب دو مسلمان تلواروں کے ساتھ ملیں تو قاتل اور مقتول جہنم میں ہیں۔ میں عرض گزار ہوا:۔ قاتل تو معلوم لیکن مقتول کیوں؟ فرمایا کہ وہ بھی تو اپنے ساتھی کو قتل کرنے کی تمنا رکھتا تھا۔ (متفق علیہ)

٣٣٨٣ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ[7] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِنْ عُكْلٍ فَأَسْلَمُوا فَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَأْتُوا إِبِلَ الصَّدَقَةِ فَيَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَفَعَلُوا فَصَحُّوا فَارْتَدُّوا وَقَتَلُوا رُعَاتَهَا وَاسْتَاقُوا الْإِبِلَ فَبَعَثَ فِي آثَارِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ ثُمَّ لَمْ يَحْسِمْهُمْ حَتّٰى مَاتُوا وَفِي رِوَايَةٍ فَسَمَّرُوا أَعْيُنَهُمْ وَفِي رِوَايَةٍ أَمَرَ بِمَسَامِيرَ فَأُحْمِيَتْ فَكَحَلَهُمْ بِهَا وَطَرَحَهُمْ بِالْحَرَّةِ يَسْتَسْقُونَ فَمَا يُسْقَوْنَ حَتّٰى مَاتُوا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ عکل کے کچھ لوگ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ مدینہ منورہ کی آب و ہوا انہیں موافق نہ آئی تو آپ نے انہیں حکم فرمایا کہ زکوٰۃ کے اونٹوں کے پاس چلے جائیں اور وہاں ان کا پیشاب اور دودھ پئیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا تو تندرست ہو گئے اور دین سے پھر گئے۔ چرواہوں کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ہانک کر لے گئے۔ آپ نے اُن کا پیچھا کروایا جو انہیں لے آئے۔ پس اُن کے ہاتھ پیر کاٹ ڈالے گئے، اُن کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری گئیں اور انہیں داغ لگائے گئے یہاں تک کہ وہ مر گئے۔ دوسری روایت میں ہے کہ اُن کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری گئیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ آپ نے سلائیوں کا حکم دیا تو انہیں گرم کر کے آنکھوں میں پھیرا گیا اور انہیں حرہ میں ڈال دیا گیا، جہاں وہ پانی مانگتے مانگتے ہی مر گئے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

٣٣٨٤ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ
٨
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُثُّنَا عَلَى الصَّدَقَةِ وَ
يَنْهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ وَرَوَاهُ
النَّسَائِيُّ عَنْ أَنَسٍ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں صدقہ کی رغبت دلایا کرتے اور مثلہ کرنے سے منع فرمایا کرتے (ابوداؤد) اور نسائی نے اسے حضرت انس سے روایت کیا ہے۔

٣٣٨٥ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ
٩
أَبِيْهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِيْ سَفَرٍ فَانْطَلَقَ لِحَاجَتِهٖ فَرَأَيْنَا حُمَّرَةً مَّعَهَا
فَرْخَانِ فَأَخَذْنَا فَرْخَيْهَا فَجَاءَتِ الْحُمَّرَةُ فَجَعَلَتْ
تَفْرُشُ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ
مَنْ فَجَعَ هٰذِهٖ بِوَلَدِهَا رُدُّوْا وَلَدَهَا إِلَيْهَا وَرَاٰى
قَرْيَةَ نَمْلٍ قَدْ حَرَّقْنَاهَا قَالَ مَنْ حَرَّقَ هٰذِهٖ
قُلْنَا نَحْنُ قَالَ إِنَّهٗ لَا يَنْبَغِيْ أَنْ يُّعَذِّبَ بِالنَّارِ
إِلَّا رَبُّ النَّارِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

عبدالرحمٰن بن عبداللہ سے اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ پس آپ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے تو ہم نے ایک چڑیا دیکھی جس کے دو بچے تھے۔ ہم نے اُس کا ایک بچہ پکڑ لیا۔ پس چڑیا آئی اور پنے پر بچھانے لگی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو فرمایا:۔ اِس کو بچے کی وجہ سے کس نے پریشان کیا ہے؟ اس کا بچہ اسے دے دو۔ آپ نے چیونٹیوں کی ایک جگہ ملاحظہ فرمائی جس کو ہم نے جلایا تھا۔ فرمایا کہ اِس کو کس نے جلایا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم نے۔ فرمایا کہ آگ کے ساتھ عذاب دینا مناسب نہیں ہے مگر آگ کے رب کے لیے (ابوداؤد)

(ابوداؤد)

٣٣٨٦ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ وَأَنَسِ بْنِ
١٠
مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ اِخْتِلَافٌ وَّفُرْقَةٌ قَوْمٌ يُّحْسِنُوْنَ
الْقِيْلَ وَيُسِيْئُوْنَ الْفِعْلَ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ
تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ السَّهْمِ مِنَ
الرَّمِيَّةِ لَا يَرْجِعُوْنَ حَتّٰى يَرْتَدَّ السَّهْمُ عَلٰى فُوْقِهٖ
هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ طُوْبٰى لِمَنْ قَتَلَهُمْ وَ
قَتَلُوْهُ يَدْعُوْنَ إِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَلَيْسُوْا مِنَّا فِيْ
شَيْءٍ مَّنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ أَوْلٰى بِاللّٰهِ مِنْهُمْ قَالُوْا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا سِيْمَاهُمْ قَالَ التَّحْلِيْقُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابو سعید خدری اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عنقریب میری اُمت میں اختلاف اور فرقہ بازی ہوگی۔ ایک ٹولے والے گفتار کے اچھے اور کردار کے گندے ہوں گے۔ قرآن مجید پڑھیں گے لیکن اُن کے گلوں سے نیچے نہیں اُترے گا۔ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔ واپس نہیں آئیں گے جب تک تیر اپنے چلّے کی طرف نہ لوٹ آئے۔ وہ ساری مخلوق سے بدتر ہیں۔ اُس کے لیے خوشخبری ہے جو انہیں قتل کرے اور جس کو وہ قتل کریں۔ وہ اللہ کی کتاب کی طرف بُلائیں گے اور کسی بات میں وہ ہمارے نہیں۔ جو انہیں قتل کرے وہ اُن کی نسبت اللہ کے زیادہ قریب ہوگا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اُن کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا کہ سر منڈانا۔

(ابوداؤد)

٣٣٨٧ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
١١
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ يَّشْهَدُ أَنْ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ہے

www.alahazratnetwork.org



عَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلٰثٍ زِنًی بَعْدَ اِحْصَانٍ فَاِنَّہٗ یُرْجَمُ وَرَجُلٌ خَرَجَ مُحَارِبًا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فَاِنَّہٗ یُقْتَلُ اَوْ یُصْلَبُ اَوْ یُنْفٰی مِنَ الْاَرْضِ اَوْ یَقْتُلُ نَفْسًا فَیُقْتَلُ بِھَا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

جو یہ گواہی دیتا ہو کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور بیشک محمد مصطفٰی اُس کے رسول ہیں، مگر تین میں سے ایک بات پر کہ شادی کے بعد زنا کرے تو سنگسار کیا جائے گا اور جو آدمی اللہ اور اُس کے رسول سے لڑنے کے لیے نکلا تو وہ قتل کیا جائے گا یا سُولی دیا جائے گا یا اُسے جلاوطن کیا جائے گا یا اُس نے کسی جان کو قتل کیا ہو تو اُس کے بدلے قتل کیا جائے گا۔ (ابوداؤد)

۳۳۸۸ / ۱۲ وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّھُمْ کَانُوْا یَسِیْرُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَنَامَ رَجُلٌ مِّنْھُمْ فَانْطَلَقَ بَعْضُھُمْ اِلٰی حَبْلٍ مَّعَہٗ فَاَخَذَہٗ فَفَزِعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یُّرَوِّعَ مُسْلِمًا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

ابن ابی لیلیٰ کا بیان ہے کہ ہم سے محمد مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے حدیث بیان کی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ پس ان میں سے ایک آدمی سو گیا۔ اُن میں سے دوسرا اُس کی رسّی کی طرف گیا اور اُسے لے لیا تو وہ ڈر گیا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ دوسرے مسلمان کو ڈرائے۔ (ابوداؤد)

۳۳۸۹ / ۱۳ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَخَذَ اَرْضًا بِجِزْیَتِھَا فَقَدِ اسْتَقَالَ ھِجْرَتَہٗ وَمَنْ نَّزَعَ صَغَارَ کَافِرٍ مِّنْ عُنُقِہٖ فَجَعَلَہٗ فِیْ عُنُقِہٖ فَقَدْ وَلَّی الْاِسْلَامَ ظَھْرَہٗ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو زمین کو اُس کے جزیہ سمیت لے اُس نے اپنی ہجرت ختم کر دی اور جس نے کافر کی ذلّت اُس کے گلے سے اُتار کر اپنی گردن میں ڈال لی اُس نے اسلام کو پس پشت ڈال دیا۔ (ابوداؤد)

۳۳۹۰ / ۱۴ وَعَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَرِیَّۃً اِلٰی خَثْعَمَ فَاعْتَصَمَ نَاسٌ بِالسُّجُوْدِ فَاَسْرَعَ فِیْھِمُ الْقَتْلُ فَبَلَغَ ذٰلِکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ لَھُمْ بِنِصْفِ الْعَقْلِ وَقَالَ اَنَا بَرِیْءٌ مِّنْ کُلِّ مُسْلِمٍ مُّقِیْمٍ بَیْنَ اَظْھُرِ الْمُشْرِکِیْنَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لِمَ قَالَ لَا تَتَرَاءٰی نَارَاھُمَا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت جریر بن عبد اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خثعم کی طرف ایک فوجی دستہ روانہ فرمایا۔ کچھ لوگوں نے سجدہ کر کے خود کو بچانا چاہا تو انہیں فوراً قتل کر دیا گیا۔ جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے اُن کے لیے نصف دیت کا حکم دیا اور فرمایا، میں ہر اُس مسلمان سے لاتعلق ہوں جو کافروں میں رہائش پذیر رہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیوں؟ فرمایا کہ دونوں کی آگ الگ الگ نظر آنی چاہیے۔ (ابوداؤد)

۳۳۹۱ / ۱۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِیْمَانُ قَیَّدَ الْفَتْکَ لَا یَفْتِکُ مُؤْمِنٌ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان اچانک قتل کرنے سے روکتا ہے۔ مومن اچانک قتل نہیں کرتا۔ (ابوداؤد)

۳۳۹۲ / ۱۶ وَعَنْ جَرِیْرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

قَالَ إِذَا أَبَقَ الْعَبْدُ إِلَى الشِّرْكِ فَقَدْ حَلَّ دَمُهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب غلام مشرکوں کی طرف بھاگ جائے تو اُس کا خون حلال ہوگیا۔ (ابوداؤد)

٣٣٩٣ / ١٧ وَعَنْ عَلِيٍّ أَنَّ يَهُوْدِيَّةً كَانَتْ تَشْتِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِيْهِ فَخَنَقَهَا رَجُلٌ حَتّٰى مَاتَتْ فَأَبْطَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمَهَا۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہودیہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب وشتم کرتی اور بدگوئی کیا کرتی تھی۔ ایک آدمی نے اُسے گلا گھونٹ کر ماردیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا خون باطل قرار دیا۔ (ابوداؤد)

٣٣٩٤ / ١٨ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جادوگر کی سزا اُسے تلوار سے قتل کردینا ہے۔ (ترمذی)

## تیسری فصل

٣٣٩٥ / ١٩ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ خَرَجَ يُفَرِّقُ بَيْنَ أُمَّتِيْ فَاضْرِبُوْا عُنُقَهُ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو خروج کرے اور میری اُمت میں تفرقہ ڈالے اُس کی گردن اڑادو۔ (نسائی)

٣٣٩٦ / ٢٠ وَعَنْ شَرِيْكِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ كُنْتُ أَتَمَنّٰى أَنْ أَلْقٰى رَجُلًا مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ عَنِ الْخَوَارِجِ فَلَقِيْتُ أَبَا بَرْزَةَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ أَصْحَابِهِ فَقُلْتُ لَهُ هَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْخَوَارِجَ قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُذُنِيْ وَرَأَيْتُهُ بِعَيْنِيْ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ فَقَسَمَهُ فَأَعْطٰى مَنْ عَنْ يَمِيْنِهِ وَمَنْ عَنْ شِمَالِهِ وَلَمْ يُعْطِ مَنْ وَّرَاءَهُ شَيْئًا فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْ وَّرَائِهِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَا عَدَلْتَ فِي الْقِسْمَةِ رَجُلٌ أَسْوَدُ مَطْمُوْمُ الشَّعْرِ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَبْيَضَانِ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَضَبًا شَدِيْدًا وَقَالَ وَاللّٰهِ لَا تَجِدُوْنَ بَعْدِيْ رَجُلًا هُوَ أَعْدَلُ مِنِّيْ ثُمَّ قَالَ

شریک بن شہاب کا بیان ہے کہ میری یہ تمنا تھی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے ملوں اور اُن سے خوارج کے متعلق دریافت کروں پس مجھے عید کے روز اپنے چند ساتھیوں سمیت حضرت ابوبرزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے۔ میں اُن کے حضور عرض گزار ہوا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خوارج کا ذکر فرماتے ہوئے سنا؟ فرمایا:۔ ہاں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنے کانوں کے ساتھ سُنا اور حضور کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں مال آیا تو آپ اُسے تقسیم فرمانے لگے تو اپنے دائیں والے کو دیا، اپنے بائیں والے کو دیا اور اپنے پیچھے والے کو کچھ نہ دیا۔ آپکے پیچھے سے ایک آدمی نے کھڑے ہوکر کہا:۔ اے محمد! آپ نے تقسیم میں انصاف نہیں کیا۔ وہ آدمی کالے رنگ کا اور بکھرے ہوئے بالوں والا تھا۔ اُس نے دو سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت ہی ناراض ہوئے اور فرمایا:۔ خدا کی قسم تم میرے بعد کسی شخص کو نہیں پاؤگے جو مجھ سے زیادہ انصاف کرنے والا ہو۔ پھر فرمایا کہ آخری زمانے میں ایک قوم نکلے گی گویا یہ شخص اُن میں سے ہے وہ قرآن مجید پڑھیں گے لیکن اُن کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔

www.alahazratnetwork.org



يَخْرُجُ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ كَأَنَّ هٰذَا مِنْهُمْ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ سِيْمَاهُمُ التَّحْلِيْقُ لَا يَزَالُوْنَ يَخْرُجُوْنَ حَتّٰى يَخْرُجَ اٰخِرُهُمْ مَعَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

اسلام سے اِس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ اُن کی نشانی سر منڈانا ہے۔ وہ برابر نکلتے رہیں گے یہاں تک کہ اُن کی آخری جماعت دجّال کے ساتھ ہوگی۔ جب تم اُنہیں ملو تو جان لو کہ وہ ساری مخلوق سے بدتر ہیں۔ (نسائی)

۳۳۹۷ وَعَنْ اَبِيْ غَالِبٍ رَاٰى اَبُوْ اُمَامَةَ رُءُوْسًا مَنْصُوْبَةً عَلٰى دَرَجِ دِمَشْقَ فَقَالَ اَبُوْ اُمَامَةَ كِلَابُ النَّارِ شَرُّ قَتْلٰى تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَاءِ وَخَيْرُ قَتْلٰى مَنْ قَتَلُوْهُ ثُمَّ قَرَاَ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ «الْاٰيَةَ» قَالَ لِاَبِيْ اُمَامَةَ اَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَمْ اَسْمَعْهُ اِلَّا مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا حَتّٰى عَدَّ سَبْعًا مَّا حَدَّثْتُكُمُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ)

ابو غالب سے روایت ہے کہ حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چند سر دیکھے جو دمشق کے راستے میں سولی پر لٹکے ہوئے تھے۔ حضرت ابو امامہ نے فرمایا کہ یہ جہنم کے کتّے اور آسمان کی چھت کے نیچے بُرے مقتول ہیں۔ وہ اچھا مقتول ہے جس کو انہوں نے قتل کیا۔ پھر یہ آیت پڑھی: ۔ جس روز کتنے ہی منہ سفید ہوں گے اور کتنے ہی سیاہ (۳: ۱۰۶) حضرت ابو امامہ سے عرض کی گئی کہ کیا یہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا ہے؟ فرمایا کہ میں نے ایک دو یا تین مرتبہ ہی نہیں سُنا، حتیٰ کہ سات مرتبہ نہ سُنا ہوتا تو تم سے حدیث ہی بیان نہ کرتا۔ اسے ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

# كِتَابُ الْحُدُوْدِ

# حدود کا بیان

## پہلی فصل

۳۳۹۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَقَالَ الْاٰخَرُ اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِّيْ اَنْ اَتَكَلَّمَ قَالَ تَكَلَّمْ قَالَ اِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلَى ابْنِي الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّبِجَارِيَةٍ لِّيْ ثُمَّ اِنِّيْ سَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلَى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَّتَغْرِيْبَ عَامٍ وَّاِنَّمَا

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ دو آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنا جھگڑا لائے۔ ایک نے عرض کی کہ ہمارا فیصلہ اللہ کی کتاب کے مطابق کیجیے۔ دوسرا عرض گزار ہوا۔ ہاں یا رسول اللہ! ہمارا فیصلہ اللہ کی کتاب کے مطابق فرمائیے اور مجھے عرض کرنے کی اجازت دیجیے۔ فرمایا کہ بیان کرو۔ عرض گزار ہوا کہ میرا بیٹا اِس کے پاس مزدوری کرتا تھا۔ پس اُس نے اِس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا۔ مجھے بتایا گیا کہ تمہارے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا تو میں نے اُس کے فدیہ میں سو بکریاں اور ایک اپنی لونڈی دی۔ پھر میں نے اہلِ علم حضرات سے پوچھا تو اُنہوں نے مجھے بتایا کہ تمہارے بیٹے کے لیے سو کوڑے اور ایک

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ اَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ عَلَيْكَ وَاَمَّا ابْنُكَ فَعَلَيْهِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّتَغْرِيْبُ عَامٍ وَاَمَّا اَنْتَ يَا اُنَيْسُ فَاغْدُ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آگاہ رہو قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے میں تم دونوں کے درمیان ضرور اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ تمہاری بکریاں اور تمہاری لونڈی تمہیں واپس دی جاتی ہیں اور تمہارے بیٹے کو سو کوڑے مارے جائیں گے نیز ایک سال کے لیے جلاوطن ہوگا۔ اے انیس! صبح اس کی بیوی کے پاس جاکر پوچھنا۔ اگر وہ اعتراف کرلے تو اسے سنگسار کردینا۔ عورت نے اعتراف کرلیا تو اسے سنگسار کیا۔ (متفق علیہ)

۳۳۹۹ (۲) وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ فِيْمَنْ زَنٰى وَلَمْ يُحْصَنْ جَلْدَ مِائَةٍ وَّتَغْرِيْبَ عَامٍ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کے متعلق حکم فرماتے ہوئے سنا جس نے زنا کیا اور غیر شادی شدہ ہو کہ سو کوڑے مارے جائیں اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے۔ (بخاری)

۳۴۰۰ (۳) وَعَنْ عُمَرَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰيَةُ الرَّجْمِ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهٗ وَالرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى اِذَا اُحْصِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفیٰ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اور ان پر کتاب نازل فرمائی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے نازل فرمائے ہوئے میں رجم کی آیت بھی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سنگسار کیا اور ان کے بعد ہم نے سنگسار کیا کہ سنگسار کرنا اللہ کی کتاب میں حق ہے۔ جس شادی شدہ مرد یا عورت نے زنا کیا ہو جبکہ گواہوں سے ثابت ہو جائے یا عورت حاملہ ہو جائے یا اعتراف کرلے۔ (متفق علیہ)

۳۴۰۱ (۴) وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوْا عَنِّيْ خُذُوْا عَنِّيْ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا اَلْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّتَغْرِيْبُ عَامٍ وَّالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَّالرَّجْمُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے لے لو، اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لیے راستہ نکال دیا ہے۔ کنوارا اگر کنواری سے کرے تو سو کوڑے اور سال کی جلاوطنی۔ شادی شدہ اگر شادی شدہ سے کرے تو سو کوڑے۔ اور سنگسار کرنا۔ (مسلم)

۳۴۰۲ (۵) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ الْيَهُوْدَ جَاءُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوْا لَهٗ اَنَّ رَجُلًا مِّنْهُمْ وَامْرَاَةً زَنَيَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجِدُوْنَ فِي التَّوْرٰةِ فِيْ شَاْنِ الرَّجْمِ قَالُوْا نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُوْنَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ اِنَّ فِيْهَا الرَّجْمَ فَاَتَوْا بِالتَّوْرٰةِ فَنَشَرُوْهَا فَوَضَعَ اَحَدُهُمْ يَدَهٗ عَلٰى اٰيَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ یہودی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور ذکر کیا کہ ان میں سے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم توریت میں رجم کے متعلق کیا پاتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ رسوا کیے جاتے اور کوڑے مارے جاتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے کہا۔ تم جھوٹ بولتے ہو اس میں سنگسار کرنا ہے۔ چنانچہ توریت لائی گئی اور اسے کھولا گیا تو ان میں سے ایک نے اپنا ہاتھ آیت

الرَّجْمِ فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اِرْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَاِذَا فِيْهَا اٰيَةُ الرَّجْمِ فَقَالُوْا صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ فِيْهَا اٰيَةُ الرَّجْمِ فَاَمَرَ بِهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِرْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَ فَاِذَا اٰيَةُ الرَّجْمِ تَلُوْحُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ فِيْهَا اٰيَةَ الرَّجْمِ وَلٰكِنَّا نَتَكَاتَمُهُ بَيْنَنَا فَاَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

رجم پر رکھ لیا اور اُس کے آگے پیچھے سے پڑھنے لگے۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے کہا کہ اپنا ہاتھ اُٹھاؤ۔ اُٹھایا تو اُس کے نیچے آیتِ رجم تھی۔ کہنے لگے کہ اے محمد! آپ نے سچ فرمایا، واقعی اس میں آیتِ رجم ہے۔ پس نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو دونوں کو سنگسار کر دیا گیا۔

(متفق علیہ)

۳۴۰۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَحّٰى لِشِقِّ وَجْهِهِ الَّذِيْ اَعْرَضَ قِبَلَهُ فَقَالَ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ فَلَمَّا شَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبِكَ جُنُوْنٌ قَالَ لَا فَقَالَ اَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اذْهَبُوْا بِهِ فَارْجُمُوْهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ فَرَجَمْنَاهُ بِالْمَدِيْنَةِ فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ حَتّٰى اَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ حَتّٰى مَاتَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ عَنْ جَابِرٍ بَعْدَ قَوْلِهِ قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ بِالْمُصَلّٰى فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ فَاُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَصَلّٰى عَلَيْهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جب کہ آپ مسجد میں تھے اور پکارا: یا رسول اللہ! میں نے زنا کیا ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے منہ پھیر لیا۔ وہ اُس طرف آیا جس جانب آپ نے منہ پھیرا تھا اور کہا کہ میں نے زنا کیا ہے۔ آپ نے اُس سے منہ پھیر لیا۔ جب وہ چار دفعہ گواہی دے چکا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے بُلا کر فرمایا: کیا تم دیوانے ہو؟ اُس نے کہا، نہیں۔ فرمایا، کیا تم شادی شدہ ہو؟ عرض گزار ہُوا، ہاں یا رسول اللہ۔ فرمایا کہ اسے لے جاؤ اور سنگسار کر دو۔ ابنِ شہاب کا بیان ہے کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے حضرت جابر بن عبداللہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ہم نے مدینہ منورہ میں اُسے سنگسار کیا۔ جب اُسے پتھر لگے تو بھاگ کھڑا ہُوا، یہاں تک کہ حرہ کے مقام پر ہم نے اُسے پکڑ کر سنگسار کر دیا اور وہ مر گیا (متفق علیہ) بخاری کی ایک روایت میں اُس کے قول جی ہاں کے بعد ہے کہ آپ نے حکم فرمایا تو اُسے عیدگاہ میں سنگسار کیا گیا۔ جب اُسے پتھر لگے تو بھاگ کھڑا ہُوا لیکن پکڑا گیا اور سنگسار کیا گیا، یہاں تک کہ مر گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے لیے اچھے کلمات کہے اور اُس پر نماز پڑھی۔

۳۴۰۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا اَتٰى مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ اَوْ غَمَزْتَ اَوْ نَظَرْتَ قَالَ لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَنِكْتَهَا لَا يَكْنِيْ قَالَ نَعَمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ اَمَرَ بِرَجْمِهِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب حضرت ماعز بن مالک آئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: شاید تم نے اُسے بوسہ دیا ہوگا یا اشارہ کیا ہوگا یا دیکھا ہوگا؟ عرض گزار ہوئے: نہیں یا رسول اللہ! فرمایا کیا تُم نے اُس سے صحبت کی؟ بغیر کنایہ کے پوچھا۔ عرض کی: ہاں۔ پس اُس وقت سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



٣٤٠٥ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ[8] إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَيْهِ قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَ أُطَهِّرُكَ قَالَ مِنَ الزِّنَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِهِ جُنُونٌ فَأُخْبِرَ أَنَّهُ لَيْسَ بِمَجْنُونٍ فَقَالَ أَشَرِبَ خَمْرًا فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَنْكَهَهُ فَلَمْ يَجِدْ مِنْهُ رِيحَ خَمْرٍ فَقَالَ أَزَنَيْتَ قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَلَبِثُوا يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ لَوَسِعَتْهُمْ ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الْأَزْدِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ وَيْحَكِ ارْجِعِي فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ فَقَالَتْ تُرِيدُ أَنْ تَرُدَّنِي كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ إِنَّهَا حُبْلَى مِنَ الزِّنَا فَقَالَ أَنْتِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَهَا حَتّٰى تَضَعِي مَا فِي بَطْنِكِ قَالَ فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ حَتّٰى وَضَعَتْ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ فَقَالَ إِذًا لَا نَرْجُمُهَا وَنَدَعُ وَلَدَهَا صَغِيرًا لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ إِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ فَرَجَمَهَا وَفِي رِوَايَةٍ أَنَّهُ قَالَ لَهَا اذْهَبِي حَتّٰى تَلِدِي فَلَمَّا وَلَدَتْ قَالَ اذْهَبِي فَأَرْضِعِيهِ حَتّٰى تَفْطِمِيهِ فَلَمَّا فَطَمَتْهُ أَتَتْهُ بِالصَّبِيِّ فِي يَدِهِ كِسْرَةُ خُبْزٍ فَقَالَتْ هٰذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ فَطَمْتُهُ وَقَدْ أَكَلَ الطَّعَامَ فَدَفَعَ الصَّبِيَّ إِلَى رَجُلٍ مِنَ

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر حضرت ماعز بن مالک عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھے پاک کر دیجیے۔ فرمایا کہ تم پر افسوس! لوٹ جاؤ، اللہ سے معافی مانگو اور توبہ کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ لوٹ گئے، پھر تھوڑی دور جا کر واپس آ کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھے پاک کر دیجیے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسی طرح فرمایا۔ جب چار دفعہ کہہ چکے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کس چیز سے پاک کروں؟ عرض گزار ہوئے کہ زنا سے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دیوانے ہو؟ بتایا گیا کہ وہ دیوانے نہیں ہیں۔ فرمایا کہ تم نے شراب پی ہے؟ ایک آدمی سونگھنے کے لیے کھڑا ہوا لیکن ان کے منہ سے شراب کی بدبو نہ آئی۔ فرمایا کیا تم نے زنا کیا ہے؟ عرض کی: ہاں۔ آپ نے حکم فرمایا تو انہیں سنگسار کر دیا گیا۔ جب دو یا تین دن گزر گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا: ماعز بن مالک کے لیے استغفار کرو کیونکہ اُس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کسی پوری اُمت پر تقسیم کر دی جائے تو سب کے لیے کافی ہو۔ پھر آپ کی بارگاہ میں ایک عورت حاضر ہوئی جو ازد قبیلے کی غامد شاخ سے تھی۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! مجھے پاک کر دیجیے۔ فرمایا کہ تم پر افسوس، واپس چلی جاؤ، اللہ سے معافی مانگو اور توبہ کرو۔ عرض گزار ہوئی کہ آپ مجھے اُسی طرح واپس بھیجنا چاہتے ہیں جیسے ماعز بن مالک کو واپس بھیج دیا تھا جبکہ یہ زنا سے حاملہ ہے۔ فرمایا کہ تم؟ عرض کی: ہاں۔ اُس سے فرمایا کہ پہلے اپنا بچہ جن لو۔ راوی کا بیان ہے کہ انصار سے ایک آدمی نے اُس کی کفالت کی، یہاں تک کہ بچہ جن لیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ غامدیہ نے بچہ جن لیا ہے۔ فرمایا کہ ابھی اس کو سنگسار نہیں کریں گے کہ اس کے چھوٹے بچے کو چھوڑ دیں جسے کوئی دودھ پلانے والی نہیں۔ پس انصار سے ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا، یا نبی اللہ! اس کو دودھ پلانے کا میں ذمہ دار ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ اُسے سنگسار کر دیا گیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا: جاؤ یہاں تک کہ بچہ جن لو۔ جب بچہ جن چکی تو فرمایا: جاؤ اسے دودھ پلاؤ یہاں تک کہ دودھ چھوڑا دے۔ جب دودھ چھوڑا دیا تو بچے کو لے کر حاضر ہوئی اور اُس کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا۔ عرض گزار ہوئی کہ یا نبی اللہ! یہ ہے جس کا میں نے دودھ چھڑا دیا ہے اور اب کھانا کھاتا ہے۔ پس بچہ ایک مسلمان کے سپرد کر دیا گیا، پھر اُس کے لیے سینے کے برابر گڑھا کھودنے کا حکم فرمایا اور

www.alahazratnetwork.org



الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَحُفِرَ لَهَا إِلَى صَدْرِهَا وَأَمَرَ النَّاسَ فَرَجَمُوْهَا فَيُقْبِلُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بِحَجَرٍ فَرَمَى رَأْسَهَا فَتَنَضَّحَ الدَّمُ عَلَى وَجْهِ خَالِدٍ فَسَبَّهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلًا يَا خَالِدُ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَغُفِرَ لَهٗ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَصَلَّى عَلَيْهَا وَدُفِنَتْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

لوگوں کو حکم دیا تو انہوں نے اُسے سنگسار کیا۔ حضرت خالد بن ولید پتھر لائے اور اُس کے سر پر مارا تو خون کے چھینٹے حضرت خالد کے چہرے پر پڑے، انہوں نے اُسے بُرا بھلا کہا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے خالد! رک جاؤ، قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کوئی ظالم ٹیکس لینے والا بھی توبہ کرے تو اُسے بھی بخش دیا جائیگا پھر آپ نے حکم فرمایا تو اُس پر نماز پڑھی گئی اور اُسے دفن کر دیا گیا۔

(مسلم)

۳۴۰۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِّنْ شَعْرٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا۔ جب تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کرے اور اُس کا زنا ظاہر ہو جائے تو اُس کو حد کے کوڑے مارے اور عار نہ دلائے۔ پھر زنا کرے تو حد کے کوڑے مارے اور عار نہ دلائے۔ اگر تیسری دفعہ بھی زنا کرے اور اس کا زنا ظاہر ہو جائے تو اُسے فروخت کر دے اگرچہ بالوں کی ایک رسی کے بدلے بیچے۔

(متفق علیہ)

۳۴۰۷ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَقِيْمُوْا عَلَى أَرِقَّائِكُمُ الْحَدَّ مَنْ أَحْصَنَ مِنْهُمْ وَمَنْ لَّمْ يُحْصِنْ فَإِنَّ أَمَةً لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَنَتْ فَأَمَرَنِيْ أَنْ أَجْلِدَهَا فَإِذَا هِيَ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِنِفَاسٍ فَخَشِيْتُ إِنْ أَنَا جَلَدْتُهَا أَنْ أَقْتُلَهَا فَذَكَرْتُ ذَالِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحْسَنْتَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةِ أَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ دَعْهَا حَتّٰى يَنْقَطِعَ دَمُهَا ثُمَّ أَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ وَأَقِيْمُوا الْحُدُوْدَ عَلٰى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اپنے غلاموں پر حد قائم کیا کرو خواہ اُن میں سے کوئی شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ ہو۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک لونڈی نے زنا کیا تو آپ نے اُسے کوڑے مارنے کا مجھے حکم فرمایا جب کہ اُس کے بچہ جننے کا وقت قریب تھا۔ میں ڈرا کہ کوڑے ماروں تو مبادا یہ مر جائے۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا فرمایا کہ تم نے اچھا کیا (مسلم) ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ فرمایا: اسے چھوڑ دو یہاں تک کہ خون بند ہو جائے۔ پھر اُس پر حد قائم کرنا اور لونڈی غلاموں پر حد قائم کیا کرو۔

## دوسری فصل

۳۴۰۸ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ الْأَسْلَمِيُّ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهٗ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ شِقِّهِ الْآخَرِ فَقَالَ إِنَّهٗ قَدْ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَ مِنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ماعز اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی کہ اُس نے زنا کیا ہے۔ آپ نے اُن سے منہ پھیر لیا۔ پھر وہ دوسری جانب سے آئے اور کہا کہ اُس نے زنا کیا ہے۔ آپ نے اُن سے منہ پھیر لیا۔ پھر تیسری جانب سے آ کر عرض

www.alahazratnetwork.org



شِقِّهِ الْآخَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَأَمَرَ بِهِ فِي الرَّابِعَةِ فَأُخْرِجَ إِلَى الْحَرَّةِ فَرُجِمَ بِالْحِجَارَةِ فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ حَتّٰى مَرَّ بِرَجُلٍ مَعَهُ لَحْيُ جَمَلٍ فَضَرَبَهُ بِهِ وَضَرَبَهُ النَّاسُ حَتّٰى مَاتَ فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ فَرَّ حِيْنَ وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ وَمَسَّ الْمَوْتِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَفِي رِوَايَةٍ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ لَعَلَّهُ أَنْ يَتُوبَ فَيَتُوبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

گزار ہوئے، یا رسول اللہ! اس نے زنا کیا ہے۔ چوتھی دفعہ پر آپ نے حکم فرمایا تو انہیں حرّہ کی جانب لے گئے اور پتھروں سے سنگسار کیا۔ جب پتھر لگے تو تیزی سے بھاگ کھڑے ہوئے یہاں تک کہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جس کے پاس اونٹ کی ہڈی تھی، اُس نے وہی ماری اور لوگوں نے بھی انہیں مارا، یہاں تک کہ فوت ہوگئے۔ اس بات کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا گیا کہ جب انہیں پتھر لگے اور موت نظر آنے لگی تو بھاگ کھڑے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اُسے چھوڑ کیوں نہیں دیا تھا (ترمذی، ابن ماجہ)۔ دوسری روایت میں ہے کہ تم نے اسے چھوڑ کیوں نہ دیا، شاید وہ توبہ کرتا اور اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرما لیتا۔

٣٤٠٩/١٢ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ أَحَقٌّ مَا بَلَغَنِي عَنْكَ قَالَ فَمَا بَلَغَكَ عَنِّي قَالَ بَلَغَنِي أَنَّكَ قَدْ وَقَعْتَ بِجَارِيَةِ آلِ فُلَانٍ قَالَ نَعَمْ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک سے فرمایا: تمہاری جو بات مجھ تک پہنچی، کیا وہ سچ ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میری کیا بات آپ تک پہنچی ہے؟ فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تم نے آلِ فلاں کی لونڈی سے صحبت کی ہے۔ عرض کی ہاں۔ پس انہوں نے چار دفعہ گواہی دی تو آپ کے حکم سے انہیں سنگسار کر دیا گیا۔ (مسلم)

٣٤١٠/١٣ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ مَاعِزًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقَرَّ عِنْدَهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ وَقَالَ لِهَزَّالٍ لَوْ سَتَرْتَهُ بِثَوْبِكَ كَانَ خَيْرًا لَكَ قَالَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ إِنَّ هَزَّالًا أَمَرَ مَاعِزًا أَنْ يَأْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُخْبِرَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

یزید بن نعیم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ماعز نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کے پاس چار دفعہ اقرار کیا تو آپ نے انہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا اور حضرت ہزّال سے فرمایا کہ اگر تم اُس پر پردہ ڈالتے تو تمہارے لیے بہتر تھا۔ ابن منکدر کا بیان ہے کہ حضرت ہزّال نے حضرت ماعز سے کہا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو بتا دو۔ (ابوداؤد)

٣٤١١/١٤ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَافُوا الْحُدُودَ فِيمَا بَيْنَكُمْ فَمَا بَلَغَنِي مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک تمہارے درمیان رہیں تو حدود کو معاف کر دیا کرو کیونکہ جب حد مجھ تک پہنچے گی تو قائم کرنا واجب ہو جائے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

٣٤١٢/١٥ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَقِيلُوا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ إِلَّا الْحُدُودَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مروّت والوں کی لغزشوں سے درگزر کیا کرو سوائے حدود کے۔ (ابوداؤد)

٣٤١٣/١٦ وَعَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

وَسَلَّمَ ادْرَءُوا الْحُدُودَ عَنِ الْمُسْلِمِينَ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَإِنْ كَانَ لَهُ مَخْرَجٌ فَخَلُّوا سَبِيلَهُ فَإِنَّ الْإِمَامَ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يُخْطِئَ فِي الْعُقُوبَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔ وَقَالَ قَدْ رُوِيَ عَنْهَا وَلَمْ يُرْفَعْ وَهُوَ أَصَحُّ)

تم سے جہاں تک ہو سکے حدود کو مسلمانوں سے ہٹایا کرو۔ اگر اس کے سوا چارہ نہ ہو تو راستے سے ہٹ جاؤ کیونکہ امام اگر معافی میں غلطی کرے تو یہ سزا میں غلطی کرنے سے بہتر ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حضرت صدیقہ سے مرفوعاً روایت نہیں کیا گیا اور یہی زیادہ صحیح ہے۔

۳۴۱۴ / ۱۷ وَعَنْ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ قَالَ اسْتُكْرِهَتِ امْرَأَةٌ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَرَأَ عَنْهَا الْحَدَّ وَأَقَامَهُ عَلَى الَّذِي أَصَابَهَا وَلَمْ يُذْكَرْ أَنَّهُ جَعَلَ لَهَا مَهْرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک عورت سے جبراً بدکاری کی گئی تو آپ نے عورت سے حد دفع فرما دی اور بدکاری کرنے والے پر قائم فرمائی۔ اس کا ذکر نہیں کیا گیا کہ آپ نے اس کے لیے کوئی مہر مقرر فرمایا؟ (ترمذی)

۳۴۱۵ / ۱۸ وَعَنْهُ أَنَّ امْرَأَةً خَرَجَتْ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرِيدُ الصَّلٰوةَ فَتَلَقَّاهَا رَجُلٌ فَتَجَلَّلَهَا فَقَضٰى حَاجَتَهُ مِنْهَا فَصَاحَتْ وَانْطَلَقَ وَمَرَّتْ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ فَقَالَتْ إِنَّ ذٰلِكَ الرَّجُلَ فَعَلَ بِي كَذَا وَكَذَا فَأَخَذُوا الرَّجُلَ فَأَتَوْا بِهِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا اذْهَبِي فَقَدْ غَفَرَ اللهُ لَكِ وَقَالَ لِلرَّجُلِ الَّذِي وَقَعَ عَلَيْهَا ارْجُمُوهُ وَقَالَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا أَهْلُ الْمَدِينَةِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک عورت نماز کے لیے نکلی تو اُسے ایک آدمی ملا جس نے اُسے دبوچ لیا اور اُس سے اپنی حاجت پوری کی۔ جب وہ چلائی تو آدمی چلا گیا۔ مہاجرین کی ایک جماعت اُس کے پاس سے گزری تو اُس نے کہا۔ اِس آدمی نے میرے ساتھ ایسا فعل کیا ہے۔ انہوں نے اُسے پکڑ لیا اور لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ آپ نے عورت سے فرمایا۔ تم جاؤ، اللہ تعالیٰ تمہیں معاف فرمائے اور بدکاری کرنے والے آدمی کے لیے فرمایا کہ اسے سنگسار کر دو۔ پھر ارشاد ہوا کہ اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اہلِ مدینہ ایسی توبہ کریں تو سب کی قبول ہو جائے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۳۴۱۶ / ۱۹ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا زَنٰى بِامْرَأَةٍ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ أُخْبِرَ أَنَّهُ مُحْصَنٌ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کسی عورت کے ساتھ زنا کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کو کوڑے مارنے کا حکم فرمایا۔ پھر بتایا گیا کہ وہ شادی شدہ ہے تو اُسے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔ (ابوداؤد)

۳۴۱۷ / ۲۰ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ كَانَ فِي الْحَيِّ مُخْدَجٍ سَقِيمٍ فَوُجِدَ عَلٰى أَمَةٍ مِنْ إِمَائِهِمْ يَخْبُثُ بِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا لَهُ عِثْكَالًا فِيهِ مِائَةُ شِمْرَاخٍ فَاضْرِبُوهُ

سعید بن سعد بن عبادہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ ایک شخص کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لائے جو قبیلے میں قریب المرگ بیمار تھا۔ وہ ایک لونڈی کے ساتھ بدکاری کرتا ہوا پایا گیا تھا۔ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک بڑی ٹہنی لو جس میں سو شوشیں ہوں اور اس کے ساتھ اسے ایک ضرب لگاؤ۔ شرح السنہ

www.alahazratnetwork.org



ضَرْبَةً۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ مَاجَةَ نَحْوَهُ)

نے اسے روایت کیا اور ابن ماجہ میں بھی اسی طرح ہے۔

٭ ٭ ٭

۳۴۱۸ / ۲۱ وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدْتُمُوْهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُوْلَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو تم قوم لوط والا عمل کرتے ہوئے پاؤ تو فاعل اور مفعول دونوں کو قتل کر دو۔ (ترمذی۔ ابن ماجہ)

۳۴۱۹ / ۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتٰى بَهِيْمَةً فَاقْتُلُوْهُ وَاقْتُلُوْهَا مَعَهٗ قِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا شَأْنُ الْبَهِيْمَةِ قَالَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ شَيْئًا وَلٰكِنْ أَرَاهُ كَرِهَ أَنْ يُّؤْكَلَ لَحْمُهَا أَوْ يُنْتَفَعَ بِهَا وَقَدْ فُعِلَ بِهَا ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جانور سے بدفعلی کرے تو اُسے قتل کر دو اور اُس کے ساتھ جانور کو بھی۔ حضرت ابن عباس سے کہا گیا کہ جانور کا کیا قصور ہے۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بارے میں کچھ نہیں سنا لیکن میرے خیال میں آپ نے ناپسند فرمایا ہوگا کہ اس کا گوشت کھایا جائے یا اُس سے نفع حاصل کیا جائے جس سے یہ فعل کیا گیا۔ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۴۲۰ / ۲۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلٰى أُمَّتِيْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اُمت کے بارے میں جن کاموں سے میں ڈرتا ہوں ان میں بہت ہی خوفناک کام قوم لوط کا عمل ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۳۴۲۱ / ۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ بَكْرِ بْنِ لَيْثٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقَرَّ أَنَّهٗ زَنٰى بِامْرَأَةٍ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَجَلَدَهٗ مِائَةً وَكَانَ بِكْرًا ثُمَّ سَأَلَهُ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمَرْأَةِ فَقَالَتْ كَذَبَ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَجُلِدَ حَدَّ الْفِرْيَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ بنی بکر بن لیث کے ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر چار دفعہ اقرار کیا کہ اس نے ایک عورت کے ساتھ زنا کیا ہے۔ کنوارا ہونے کے باعث اُسے سو کوڑے مارے گئے۔ پھر عورت پر اس سے گواہ مانگے گئے۔ عورت عرض گزار ہوئی: خدا کی قسم، یا رسول اللہ! یہ جھوٹ بول رہا ہے۔ چنانچہ اس کو تہمت کے کوڑے بھی مارے گئے۔ (ابوداؤد)

۳۴۲۲ / ۲۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ عُذْرِيْ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ فَلَمَّا نَزَلَ مِنَ الْمِنْبَرِ أَمَرَ بِالرَّجُلَيْنِ وَالْمَرْأَةِ فَضُرِبُوْا حَدَّهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: جب میری صفائی نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور اس کا ذکر فرمایا۔ جب منبر سے اُترے تو دو آدمیوں اور ایک عورت کے متعلق فرمایا تو انہیں حد کے کوڑے مارے گئے۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۴۲۳ / ۲۶ وَعَنْ نَافِعٍ أَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ أَبِيْ عُبَيْدٍ

نافع کو صفیہ بنت ابو عبید نے بتایا کہ حکومت کے غلاموں سے ایک

www.alahazratnetwork.org



اَخْبَرَتْهُ اَنَّ عَبْدًا مِّنْ رَقِيْقِ الْاِمَارَةِ وَقَعَ عَلٰى وَلِيْدَةٍ مِّنَ الْخُمُسِ فَاسْتَكْرَهَهَا حَتّٰى اِقْتَضَّهَا فَجَلَدَهٗ عُمَرُ وَلَمْ يَجْلِدْهَا مِنْ اَجْلِ اَنَّهٗ اسْتَكْرَهَهَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نے خمس کی ایک لونڈی سے بدکاری کی اور زبردستی کرکے اُس کا پردۂ بکارت پھاڑ دیا۔ پس حضرت عمر نے اُسے کوڑے لگائے اور عورت کو نہ مارے کیونکہ اُس کے ساتھ زبردستی کی گئی تھی۔

(بخاری)

۳۴۲۴ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ نُعَيْمِ بْنِ هَزَّالٍ عَنْ اَبِيْهِ
۲۷ قَالَ كَانَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ يَتِيْمًا فِيْ حِجْرِ اَبِيْ فَاَصَابَ جَارِيَةً مِّنَ الْحَيِّ فَقَالَ لَهٗ اَبِي ائْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبِرْهُ بِمَا صَنَعْتَ لَعَلَّهٗ يَسْتَغْفِرُ لَكَ وَاِنَّمَا يُرِيْدُ بِذٰلِكَ رَجَاءَ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ مَخْرَجًا فَاَتَاهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللّٰهِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ فَعَادَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ زَنَيْتُ فَاَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللّٰهِ حَتّٰى قَالَهَا اَرْبَعَ مِرَارٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ قَدْ قُلْتَهَا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَبِمَنْ قَالَ بِفُلَانَةَ قَالَ هَلْ ضَاجَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ بَاشَرْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ جَامَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّرْجَمَ فَاُخْرِجَ بِهٖ اِلَى الْحَرَّةِ فَلَمَّا رُجِمَ فَوَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَجَزِعَ فَخَرَجَ يَشْتَدُّ فَلَقِيَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُنَيْسٍ وَّقَدْ عَجَزَ اَصْحَابُهٗ فَنَزَعَ لَهٗ بِوَظِيْفِ بَعِيْرٍ فَرَمَاهُ بِهٖ فَقَتَلَهٗ ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ هَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ لَعَلَّهٗ اَنْ يَّتُوْبَ فَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

یزید بن نعیم بن ہزال سے اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ حضرت ماعز بن مالک یتیم ہونے کے باعث والدِ محترم کے پاس زیرِ پرورش رہے تھے۔ وہ قبیلے کی ایک لونڈی سے بُرا فعل کر بیٹھے تو والدِ محترم نے اُن سے کہا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو بتا دو جو تم نے کیا ہے، شاید حضور تمہارے لیے استغفار کریں اور اس سے اُن کا مقصد یہی تھا کہ کوئی راستہ نکل آئے گا۔ وہ حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! میں نے زنا کیا ہے لہٰذا مجھ پر اللہ کی کتاب کا حکم قائم فرما دیجئے۔ آپ نے اُن سے منہ پھیر لیا۔ دوبارہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں نے زنا کیا ہے لہٰذا مجھ پر اللہ کی کتاب کا حکم قائم فرما دیجئے۔ یہاں تک کہ چار دفعہ کہا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے چار مرتبہ کہہ دیا، بتاؤ کس کے ساتھ کیا؟ عرض کی فلاں عورت سے۔ فرمایا کیا تم اُس کے ساتھ لیٹے؟ کہا، ہاں۔ فرمایا کیا تم نے مباشرت کی؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کیا تم نے اُس سے جماع کیا؟ عرض گزار ہوئے، ہاں۔ آپ نے اُن کو سنگسار کرنے کا حکم فرمایا تو انہیں حرّہ کی طرف لے جایا گیا۔ جب سنگسار کرنے لگے اور انہیں پتھر لگے تو گھبرا اُٹھے اور نکل کر دوڑ گئے۔ پس اُنہیں حضرت عبداللہ بن انیس ملے جبکہ ساتھی اُن سے عاجز آ گئے تھے۔ انہوں نے اُونٹ کی ایک ہڈی اُٹھا کر اُنہیں ماری تو وہ جاں بحق ہو گئے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا آپ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تم نے اُسے چھوڑ کیوں نہ دیا۔ شاید وہ توبہ کرتا اور اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرما لیتا۔

(ابوداؤد)

۳۴۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
۲۸ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ قَوْمٍ يَّظْهَرُ فِيْهِمُ الزِّنَا اِلَّا اُخِذُوْا بِالسَّنَةِ وَمَا مِنْ قَوْمٍ يَّظْهَرُ فِيْهِمُ الرُّشَا اِلَّا اُخِذُوْا بِالرُّعْبِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ کوئی قوم ایسی نہیں جس میں زنا بڑھے مگر وہ قحط سے پکڑے جاتے ہیں اور کوئی قوم نہیں جس میں رشوت پھیل جائے مگر وہ رعب سے پکڑے جاتے ہیں۔

(احمد)

www.alahazratnetwork.org



٣٤٢٦ (٢٩) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَلْعُونٌ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ (رَوَاهُ رَزِينٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عَلِيًّا أَحْرَقَهُمَا وَأَبَا بَكْرٍ هَدَمَ عَلَيْهِمَا حَائِطًا)

حضرت ابن عباس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قوم لوط والا عمل کرے وہ ملعون ہے (رزین) اُسی کی ایک روایت میں حضرت ابن عباس سے ہے کہ حضرت علی نے اُن دونوں کو جلا دیا اور حضرت ابوبکر نے اُن دونوں پر دیوار گرا دی۔

٣٤٢٧ (٣٠) وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى رَجُلٍ أَتَى رَجُلًا أَوِ امْرَأَةً فِي دُبُرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس آدمی کی طرف نظر نہیں فرمائے گا جو کسی مرد یا عورت کی مقعد میں بُرا فعل کرے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

٣٤٢٨ (٣١) وَعَنْهُ أَنَّهُ قَالَ مَنْ أَتَى بَهِيمَةً فَلَا حَدَّ عَلَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ هٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيثِ الْأَوَّلِ وَهُوَ مَنْ أَتَى بَهِيمَةً فَاقْتُلُوهُ وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ)

اُنہوں نے ہی فرمایا کہ جو کسی چوپائے سے بُرا فعل کرے تو اُس پر حد نہیں ہے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابوداؤد نے۔ ترمذی نے کہا کہ امام سفیان ثوری نے فرمایا: یہ پہلی حدیث سے زیادہ صحیح ہے جو یوں ہے: جو کسی جانور سے بُرا فعل کرے تو اُسے قتل کر دو۔ جب کہ اہلِ علم حضرات کا عمل اسی پر ہے۔

٣٤٢٩ (٣٢) وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقِيمُوا حُدُودَ اللّٰهِ فِي الْقَرِيبِ وَالْبَعِيدِ وَلَا تَأْخُذْكُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی حدیں قائم کرو خواہ کوئی قریبی ہو یا دور والا اور اللہ کے معاملے میں تمہیں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت نہ روکے۔ (ابن ماجہ)

٣٤٣٠ (٣٣) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِقَامَةُ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ مَطَرِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً فِي بِلَادِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حدوں میں سے کسی حد کا قائم کرنا اللہ کے شہروں پر چالیس دن بارش ہونے سے بہتر ہے (ابن ماجہ) اور نسائی نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔

## بَابُ قَطْعِ السَّرِقَةِ — چوری پر ہاتھ کاٹنا

### پہلی فصل

٣٤٣١ (١) عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ إِلَّا بِرُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے مگر چوتھائی دینار پر اور زیادہ پر۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۳۴۳۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ سَارِقٍ فِي مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چور کا ہاتھ ڈھال کے بدلے کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔ (متفق علیہ)

۳۴۳۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چور پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے کہ خود چرائے تو ہاتھ کاٹا جاتا ہے اور رسی چرائے تو اس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۴۳۴ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پھل اور کھجور کے گابھے پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ (مالک، ترمذی، ابوداؤد۔ نسائی۔ دارمی، ابن ماجہ)

۳۴۳۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ قَالَ مَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ أَنْ يُؤْوِيَهُ الْجَرِينُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لٹکے ہوئے پھلوں کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا کہ جس نے اس میں سے کوئی چیز چرائی جس کو کھلیان میں جگہ دے دی ہو اور وہ ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائے تو اس پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔ (ابوداؤد۔ نسائی)

۳۴۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ الْمَكِّيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ مُعَلَّقٍ وَلَا فِي حَرِيسَةِ جَبَلٍ فَإِذَا آوَاهُ الْمُرَاحُ وَالْجَرِينُ فَالْقَطْعُ فِيمَا بَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابن ابو حسین مکی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لٹکے ہوئے پھلوں اور پہاڑوں پر رکھے چرنے والے جانوروں کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ جب انہیں تھان اور خرمن میں جگہ مل جائے تو ہاتھ کاٹا جائے گا جب کہ چوری ڈھال کی قیمت کو پہنچے۔ (مالک)

۳۴۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُنْتَهِبِ قَطْعٌ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً مَشْهُورَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زبردستی مال چھین لینے پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور جو علانیہ لوٹ مار کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۳۴۳۸ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

انہی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

www.alahazratnetwork.org



لَيْسَ عَلٰى خَائِنٍ وَّلَا مُنْتَهِبٍ وَّلَا مُخْتَلِسٍ قَطْعٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَنَامَ فِي الْمَسْجِدِ وَتَوَسَّدَ رِدَاءَهٗ فَجَاءَ سَارِقٌ وَّاَخَذَ رِدَاءَهٗ فَاَخَذَهٗ صَفْوَانُ فَجَاءَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ اَنْ تُقْطَعَ يَدُهٗ فَقَالَ صَفْوَانُ اِنِّيْ لَمْ اُرِدْ هٰذَا هُوَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَنِيْ بِهٖ وَرَوٰى نَحْوَهٗ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ عَنْ اَبِيْهِ وَالدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ۔

خیانت کرنے والے' لوٹنے والے اور اُچکنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا (ترمذی، نسائی، ابنِ ماجہ، دارمی) شرح السنّہ میں روایت کی گئی ہے کہ حضرت صفوان بن امیہ جب مدینہ منورہ میں آئے تو مسجد میں سوگئے اور اپنی چادر سر کے نیچے رکھ لی۔ ایک چور آیا اور اِن کی چادر لے لی۔ حضرت صفوان نے اُسے پکڑ لیا اور اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے آئے۔ آپ نے حکم فرمایا کہ اِس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے۔ حضرت صفوان عرض گزار ہوئے کہ میرا یہ ارادہ نہیں، وہ اس کے لیے صدقہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس لانے سے پہلے یہ کیوں نہ کیا۔ اسی طرح روایت کی ابنِ ماجہ نے کہ عبداللہ بن صفوان نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی اور دارمی نے حضرت ابنِ عباس سے۔

٣٤٣٩ (٩) وَعَنْ بُسْرِ بْنِ اَرْطَاةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُقْطَعُ الْاَيْدِيْ فِي الْغَزْوِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ اِلَّا اَنَّهُمَا قَالَا فِي السَّفَرِ بَدَلَ الْغَزْوِ)

حضرت بُسر بن ارطاۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ غزوہ میں ہاتھ نہ کاٹے جائیں (ترمذی، دارمی، ابوداؤد۔ نسائی) مگر مؤخر الذکر دونوں نے غزوہ کی جگہ سفر کہا ہے۔

٣٤٤٠ (١٠) وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي السَّارِقِ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا يَدَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا يَدَهٗ ثُمَّ اِنْ سَرَقَ فَاقْطَعُوْا رِجْلَهٗ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چور اگر چوری کرے تو اُس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر چوری کرے تو اُس کا پیر کاٹ دو۔ پھر چوری کرے تو دوسرا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر چوری کرے تو دوسرا پیر کاٹ دو۔ (شرح السنّہ)

٣٤٤١ (١١) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جِيْءَ بِسَارِقٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيْءَ بِهٖ الثَّانِيَةَ فَقَالَ اقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيْءَ بِهِ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيْءَ بِهِ الرَّابِعَةَ فَقَالَ اقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ فَاُتِيَ بِهِ الْخَامِسَةَ فَقَالَ اقْتُلُوْهُ فَانْطَلَقْنَا بِهٖ فَقَتَلْنَاهُ ثُمَّ اجْتَرَرْنَاهُ فَاَلْقَيْنَاهُ فِيْ بِئْرٍ وَّرَمَيْنَا عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرُوِيَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ فِيْ قَطْعِ السَّارِقِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْطَعُوْهُ ثُمَّ احْسِمُوْهُ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک چور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا۔ فرمایا کہ اِس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پس کاٹ دیا گیا۔ پھر دوسری دفعہ لایا گیا۔ فرمایا کہ کاٹ دو۔ چنانچہ کاٹ دیا گیا۔ پھر تیسری دفعہ لایا گیا۔ فرمایا کہ کاٹ دو۔ پس کاٹ دیا گیا۔ پھر چوتھی دفعہ لایا گیا۔ فرمایا کہ کاٹ دو۔ پس کاٹ دیا گیا۔ جب پانچویں دفعہ لایا گیا تو فرمایا کہ قتل کردو۔ پس ہم اُسے لے گئے اور قتل کر دیا۔ پھر اُسے کھینچ کر ہم نے ایک کنوئیں میں ڈال دیا اور ہم نے اُس پر پتھر برسائے (ابوداؤد۔ نسائی) اور شرح السنّہ میں چور کا ہاتھ کاٹنے کے متعلق روایت کی گئی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاتھ کاٹ دو پھر اُسے جھلسا دو۔

www.alahazratnetwork.org



۳۴۴۲ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ [12] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقُطِعَتْ يَدُهٗ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَعُلِّقَتْ فِي عُنُقِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت فضالہ بن عُبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور کو لایا گیا تو اُس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ پھر آپ نے حکم فرمایا تو وہ اُس کی گردن میں لٹکا دیا گیا (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)۔

۳۴۴۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى [13] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَرَقَ الْمَمْلُوْكُ فَبِعْهُ وَلَوْ بِنَشٍّ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب غلام چوری کرے تو اُسے فروخت کردو خواہ ایک نَش یعنی نصف اوقیہ چاندی میں بکے۔

(ابوداؤد۔ نسائی، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۳۴۴۴ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [14] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقَطَعَهٗ فَقَالُوْا مَا كُنَّا نَرَاكَ تَبْلُغُ بِهٖ هٰذَا قَالَ لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ لَقَطَعْتُهَا۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک چور کو لایا گیا تو اُس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ لوگوں نے کہا،۔ ہمارا خیال نہیں تھا کہ نوبت یہاں تک پہنچے گی۔ فرمایا اگر فاطمہ بھی ہوتی تو میں اُس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔ (نسائی)

۳۴۴۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى عُمَرَ [15] بِغُلَامٍ لَهٗ فَقَالَ اقْطَعْ يَدَهٗ فَإِنَّهٗ سَرَقَ مِرْآةً لِامْرَأَتِي فَقَالَ عُمَرُ لَا قَطْعَ عَلَيْهِ وَهُوَ خَادِمُكُمْ أَخَذَ مَتَاعَكُمْ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی اپنے غلام کو لے کر حضرت عمر کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ اس کا ہاتھ کاٹ دیجیے کیونکہ اس نے میری بیوی کا آئینہ چرایا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا:۔ یہ تمہارا خادم ہے، تمہاری چیز لینے پر اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

(مالک)

۳۴۴۶ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى [16] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ يَكُوْنُ الْبَيْتُ فِيْهِ بِالْوَصِيْفِ يَعْنِي الْقَبْرَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ قَالَ حَمَّادُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ تُقْطَعُ يَدُ النَّبَّاشِ لِأَنَّهٗ دَخَلَ عَلَى الْمَيِّتِ بَيْتَهٗ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤٗدَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا:۔ اے ابوذر! عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں خدمت میں حاضر اور مستعد ہوں۔ فرمایا کہ تمہارا اُس وقت کیا حال ہوگا جب لوگوں کو موت کا سامنا ہوگا اور اُن دنوں گھر کی قیمت قبر کے برابر ہوگی۔ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اُس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ تم پر صبر لازم ہے۔ حماد بن ابو سلیمان نے کہا کہ کفن چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا کیونکہ وہ میت کے گھر میں داخل ہوتا ہے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الشَّفَاعَةِ فِي الْحُدُوْدِ

## حدود میں سفارش کرنے کا بیان

### پہلی فصل

٣٤٤٧ (١) عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يُّكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا وَمَنْ يَّجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ ابْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَايْمُ اللهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَتْ كَانَتِ امْرَأَةٌ مَّخْزُوْمِيَّةٌ تَسْتَعِيْرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا فَأَتٰى أَهْلُهَا أُسَامَةَ فَكَلَّمُوْهُ فَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِ مَا تَقَدَّمَ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت کے معاملے نے قریش کو پریشان کر دیا جس نے چوری کی تھی۔ لوگوں نے کہا کہ اس بارے میں کون رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرے گا۔ بعض لوگوں نے کہا کہ حضرت اسامہ بن زید کے سوا کوئی ایسی جرأت نہیں کر سکتا کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہیتے ہیں۔ پس حضرت اسامہ نے گفتگو کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اللہ کی حدوں میں سے ایک حد کے متعلق سفارش کرتے ہو؟ پھر کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا۔ ارشاد ہوا کہ تم سے پہلے لوگ اسی لیے ہلاک کیے گئے کہ جب کوئی معزز چوری کرتا تو اُسے چھوڑ دیتے اور جب کوئی کمزور چوری کرتا تو اُس پر حد قائم کر دیتے۔ خدا کی قسم! اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرے تو میں اُس کا ہاتھ بھی کاٹ دوں گا (متفق علیہ) مسلم کی روایت میں حضرت صدیقہ نے فرمایا: وہ عورت مخزومیہ تھی۔ جو چیزیں ادھار لیتی اور مکر جاتی تھی چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹ دینے کا حکم فرمایا۔ اُس کے خاندان والے حضرت اسامہ کے پاس آئے اور ان سے بات کی۔ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بارے میں گزارش کی۔ پھر اُسی طرح حدیث بیان کی جیسے بیان کی جا چکی ہے۔

### دوسری فصل

٣٤٤٨ (٢) عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهٗ دُوْنَ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللهِ فَقَدْ ضَادَّ اللهَ وَمَنْ خَاصَمَ فِيْ بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهٗ لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللهِ تَعَالٰى حَتّٰى يَنْزِعَ وَمَنْ قَالَ فِيْ مُؤْمِنٍ مَّا لَيْسَ فِيْهِ أَسْكَنَهُ اللهُ رَدْغَةَ الْخَبَالِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبَيْهَقِيِّ فِيْ شُعَبِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو اللہ کی حدوں میں سے کسی حد کے سامنے سفارش کر کے حائل ہوا اُس نے اللہ کی مخالفت کی اور جو جان بوجھ کر غلط بات میں جھگڑا تو وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی میں رہے گا جب تک اُسے نہ چھوڑے اور جس نے کسی صاحبِ ایمان کے متعلق ایسی بات کہی جو اُس میں نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کو جہنمیوں کے خون اور پیپ میں رکھے گا یہاں تک کہ اُس بات سے نکل جائے جو اُس نے کہی (احمد، ابوداؤد)۔

www.alahazratnetwork.org



الْإِيْمَانِ مَنْ أَعَانَ عَلَى خُصُوْمَةٍ لَا يَدْرِيْ أَحَقٌّ أَمْ بَاطِلٌ فَهُوَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ۔

اور بیہقی نے شعب الایمان میں جو روایت کی اُس میں ہے: جو ایسے جھگڑے میں مدد کرے جس کے متعلق جانتا نہ ہو کہ حق ہے یا باطل تو وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی میں رہےگا یہاں تک کہ اُس سے الگ ہو جائے۔

۳۴۴۹ وَعَنْ أَبِيْ أُمَيَّةَ الْمَخْزُوْمِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِلِصٍّ قَدِ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا وَلَمْ يُوْجَدْ مَعَهُ مَتَاعٌ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا إِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰى فَأَعَادَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلٰثًا كُلُّ ذٰلِكَ يَعْتَرِفُ فَأَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَ وَجِيْءَ بِهٖ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ إِلَيْهِ فَقَالَ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ ثَلٰثًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) هٰكَذَا وَجَدْتُ فِي الْأُصُوْلِ الْأَرْبَعَةِ وَجَامِعِ الْأُصُوْلِ وَشُعَبِ الْإِيْمَانِ وَمَعَالِمِ السُّنَنِ عَنْ أَبِيْ أُمَيَّةَ وَفِيْ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ أَبِيْ رِمْثَةَ بِالرَّاءِ وَالثَّاءِ الْمُثَلَّثَةِ بَدَلَ الْهَمْزَةِ وَالْيَاءِ۔

حضرت ابو امیہ مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک چور کو لایا گیا جس نے کھل کر اعتراف کر لیا لیکن اُس کے پاس کوئی چیز پائی نہ گئی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: میرے خیال میں تم نے چوری نہیں کی ہوگی۔ عرض گزار ہوا کہ کیوں نہیں اور یہ بات دو تین دفعہ دہرائی، ہر دفعہ اقبالِ جرم کرتا رہا۔ آپ نے حکم فرمایا تو اُس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ اُسے لے کر گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو اور توبہ کرو۔ اُس نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا اور توبہ کرتا ہوں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین دفعہ کہا: اے اللہ! اس کی توبہ قبول فرما۔ (ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی) اور اسی طرح میں اصول الاربعہ، جامع الاصول، شعب الایمان، معالم السنن میں پایا ہوں کہ ابو امیہ سے روایت ہے جبکہ المصابیح کے نسخوں میں ابو رمثہ سے ہمزہ اور یا کی جگہ را اور ثائے مثلثہ ہے۔

# بَابُ حَدِّ الْخَمْرِ — شراب کی حد کا بیان

## پہلی فصل

۳۴۵۰ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ أَبُوْ بَكْرٍ أَرْبَعِيْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضْرِبُ فِي الْخَمْرِ بِالنِّعَالِ وَالْجَرِيْدِ أَرْبَعِيْنَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شراب پینے پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ٹہنی اور جوتوں کے ساتھ پیٹا اور حضرت ابو بکر نے چالیس کوڑے مارے (متفق علیہ) اُن سے ہی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شراب پینے پر جوتوں اور ٹہنیوں سے چالیس ضربیں مارا کرتے تھے۔

۳۴۵۱ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ يُؤْتٰى بِالشَّارِبِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِمْرَةِ أَبِيْ بَكْرٍ وَصَدْرًا مِّنْ خِلَافَةِ عُمَرَ فَنَقُوْمُ عَلَيْهِ بِأَيْدِيْنَا وَنِعَالِنَا وَأَرْدِيَتِنَا حَتّٰى كَانَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں شرابی کو لایا جاتا اور حضرت ابو بکر کے عہدِ خلافت میں اور حضرت عمر کے ابتدائی دورِ خلافت میں تو ہم اپنے ہاتھوں، جوتوں اور کپڑوں سے اُسے مارنے کے لیے کھڑے ہو جاتے یہاں تک کہ جب حضرت عمر کی خلافت کا آخری

آخِرِ اِمْرَةِ عُمَرَ فَجَلَدَ اَرْبَعِيْنَ حَتّٰى اِذَا عَتَوْا وَفَسَقُوْا جَلَدَ ثَمَانِيْنَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)۔

دور آیا اُس وقت تک چالیس کوڑے مارے جاتے یہاں تک کہ جب بعض لوگ حد توڑنے اور فسق کرنے لگے تو اسّی کوڑے مارنے لگے۔

(بخاری)

## دوسری فصل

٣٤٥٢ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [3] قَالَ اِنَّ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ فَاِنْ عَادَ فِي الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ قَالَ ثُمَّ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فِي الرَّابِعَةِ فَضَرَبَهٗ وَلَمْ يَقْتُلْهُ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَرَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ وَفِي اُخْرٰى لَهُمَا وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيِّ عَنْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ ابْنُ عُمَرَ وَمُعَاوِيَةُ وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ وَالشَّرِيْدُ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاقْتُلُوْهُ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شراب پئے اُس کو کوڑے مارو اور اگر چوتھی دفعہ بھی پئے تو اُسے قتل کر دو۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی لایا گیا جس نے چوتھی دفعہ شراب پی تھی تو آپ نے اُسے مارا اور قتل نہ کیا (ترمذی) اور ابوداؤد نے حضرت قبیصہ بن ذؤیب سے اور دونوں نے اُکی دوسری روایت میں نیز نسائی، ابن ماجہ اور دارمی میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کتنے ہی اصحاب سے ہے جن میں حضرت ابن عمر، حضرت معاویہ، حضرت ابوہریرہ، اور حضرت شرید ہیں، انھوں نے فَاقْتُلُوْهُ تک روایت کی ہے۔

٣٤٥٣ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْهَرِ قَالَ كَاَنِّيْ [4] اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ اضْرِبُوْهُ فَمِنْهُمْ مَّنْ ضَرَبَهٗ بِالنِّعَالِ وَمِنْهُمْ مَّنْ ضَرَبَهٗ بِالْعَصَا وَمِنْهُمْ مَّنْ ضَرَبَهٗ بِالْمِيْتَخَةِ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ يَعْنِي الْجَرِيْدَةَ الرَّطْبَةَ ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرَابًا مِّنَ الْاَرْضِ فَرَمٰى بِهٖ فِيْ وَجْهِهٖ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا گویا میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں جبکہ آپ کی بارگاہ میں ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی۔ آپ نے لوگوں سے فرمایا کہ اسے مارو۔ پس ان میں سے کسی نے اُسے جوتوں سے مارا، کسی نے لاٹھی سے اور کوئی ٹہنی سے مار رہا تھا۔ ابن وہب نے کہا کہ ہری شاخ۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمین سے مٹی لی اور اس کے چہرے پر ڈال دی۔

(ابوداؤد)

٣٤٥٤ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى [5] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ اضْرِبُوْهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهٖ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهٖ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهٖ ثُمَّ قَالَ بَكِّتُوْهُ فَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِ يَقُوْلُوْنَ مَا اتَّقَيْتَ اللّٰهَ مَا خَشِيْتَ اللّٰهَ وَمَا اسْتَحْيَيْتَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی۔ فرمایا کہ اسے مارو پس ہم میں سے کوئی اپنے ہاتھ سے مار رہا تھا، کوئی اپنے کپڑے سے اور کوئی اپنے جوتے سے۔ پھر فرمایا کہ اسے شرمسار کرو۔ لوگ اس کی طرف یہ کہتے ہوئے بڑھے۔ تُو نے اللہ کے لیے تقویٰ اختیار نہ کیا، تو خدا سے نہ ڈرا، تجھے اللہ

www.alahazratnetwork.org



مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اَخْزَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ لَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا لَا تُعِيْنُوْا عَلَيْهِ الشَّيْطٰنَ وَلٰكِنْ قُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

کے رسول سے شرم نہ آئی۔ لوگوں میں سے ایک نے کہا، تجھے اللہ نے ذلیل کیا۔ فرمایا کہ ایسا نہ کہو اور اس کے مقابلے پر شیطان کی مدد نہ کرو، بلکہ یوں کہو۔ اے اللہ! اسے معاف کر دے۔ اے اللہ! اس پر رحم فرما۔ (ابوداؤد)

۳۴۵۵ (۶) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَرِبَ رَجُلٌ فَسَكِرَ فَلُقِيَ يَمِيْلُ فِي الْفَجِّ فَانْطُلِقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا حَاذٰى دَارَ الْعَبَّاسِ انْفَلَتَ فَدَخَلَ عَلَى الْعَبَّاسِ فَالْتَزَمَهٗ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ وَقَالَ اَفَعَلَهَا وَلَمْ يَاْمُرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی نے شراب پی اور اُسے نشہ ہوگیا تو اُسے راستے میں جھومتا ہوا پایا گیا۔ پس اُسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا۔ جب وہ حضرت عباس کے مکان کے سامنے پہنچا تو دوڑ کر حضرت عباس کے پاس گیا اور انھیں چمٹ گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا گیا تو آپ ہنس پڑے اور فرمایا، اس نے ایسا کیا اور اُس کے متعلق کوئی حکم نہ فرمایا۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۴۵۶ (۷) عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ النَّخَعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ يَقُوْلُ مَا كُنْتُ لِاُقِيْمَ عَلٰى اَحَدٍ حَدًّا فَيَمُوْتَ فَاَجِدُ فِيْ نَفْسِيْ مِنْهُ شَيْئًا اِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ فَاِنَّهٗ لَوْ مَاتَ وَدَيْتُهٗ وَذٰلِكَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عمیر بن سعد نخعی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں کسی پر حد قائم کروں اور وہ مر جائے تو میرے دل میں کوئی صدمہ نہیں پہنچے گا ماسوائے شرابی کے کہ اگر وہ مر گیا تو میں اُس کی دیت ادا کروں گا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کی کوئی سزا مقرر نہیں فرمائی تھی۔ (متفق علیہ)

۳۴۵۷ (۸) وَعَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدَّيْلِيِّ قَالَ اِنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ اَرٰى اَنْ تَجْلِدَهٗ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً فَاِنَّهٗ اِذَا شَرِبَ سَكِرَ وَاِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى فَجَلَدَ عُمَرُ فِيْ حَدِّ الْخَمْرِ ثَمَانِيْنَ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

ثور بن زید دیلی سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شراب کی حد کے بارے میں مشورہ کیا تو حضرت علی نے اُن سے کہا، میری رائے میں اسے اسّی کوڑے مارے جائیں کیونکہ جب شراب پیئے گا تو نشہ ہوگا اور جب نشہ ہوگا تو بیہودہ باتیں کرے گا اور جب بکے گا تو بہتان گھڑے گا۔ پس حضرت عمر نے شراب کی حد میں اسّی کوڑے مارے۔ (مالک)

# بَابُ مَا لَا يُدْعٰى عَلَى الْمَحْدُوْدِ

## جس پر حد جاری ہو اُس کو بددعا نہ دی جائے

## پہلی فصل

۳۴۵۸ (۱) عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ رَجُلًا اسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی جس کا نام عبداللہ

يُلَقَّبُ حِمَارًا كَانَ يُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَلَدَهُ فِي الشَّرَابِ فَأُتِيَ بِهِ يَوْمًا فَأَمَرَ بِهِ فَجُلِدَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ مَا أَكْثَرَ مَا يُؤْتٰى بِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنُوْهُ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ أَنَّهُ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اور لقب حمار تھا، وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہنسایا کرتا تھا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے شراب پر کوڑے مارے تھے۔ ایک دفعہ اُسے لایا گیا تو آپ کے حکم سے کوڑے مارے گئے۔ لوگوں میں سے ایک نے کہا: اے اللہ! اس پر لعنت کر، اسے کتنی دفعہ لایا گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پر لعنت نہ بھیجو کیونکہ خدا کی قسم، میں تو یہی جانتا ہوں کہ یہ اللہ اور اُس کے رسول سے محبت رکھتا ہے۔

(بخاری)

۳۴۵۹ (۲) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَقَالَ اضْرِبُوْهُ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهِ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهِ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ أَخْزَاكَ اللّٰهُ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا لَا تُعِيْنُوْا عَلَيْهِ الشَّيْطٰنَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ اسے مارو۔ ہم میں سے کوئی اپنے ہاتھ سے مارنے والا، کوئی اپنے جوتے سے مارنے والا اور کوئی اپنے کپڑے سے مارنے والا تھا۔ جب وہ لوٹا تو لوگوں میں سے کسی نے کہا: اللہ تجھے رسوا کرے۔ فرمایا کہ ایسا نہ کہو کہ اس کے مقابلے پر شیطان کی مدد نہ کرو۔ (بخاری)۔

## دوسری فصل

۳۴۶۰ (۳) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ الْأَسْلَمِيُّ إِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ أَنَّهُ أَصَابَ امْرَأَةً حَرَامًا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ فَأَقْبَلَ فِي الْخَامِسَةِ فَقَالَ أَنِكْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ حَتّٰى غَابَ ذٰلِكَ مِنْكَ فِيْ ذٰلِكَ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ كَمَا يَغِيْبُ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِي الْبِئْرِ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَدْرِيْ مَا الزِّنَا قَالَ نَعَمْ أَتَيْتُ مِنْهَا حَرَامًا مَا يَأْتِي الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِهِ حَلَالًا قَالَ فَمَا تُرِيْدُ بِهٰذَا الْقَوْلِ قَالَ أُرِيْدُ أَنْ تُطَهِّرَنِيْ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَسَمِعَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِهِ يَقُوْلُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ انْظُرْ إِلٰى هٰذَا الَّذِيْ سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهُ حَتّٰى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ فَسَكَتَ عَنْهُمَا ثُمَّ سَارَ سَاعَةً حَتّٰى مَرَّ بِجِيْفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اسلمی آیا اور چار دفعہ اپنے اوپر گواہی دی کہ اُس نے ایک عورت سے حرام فعل کیا ہے۔ ہر دفعہ آپ اُس سے منہ پھیر لیتے۔ جب پانچویں دفعہ اُس نے اقبالِ جرم کیا تو فرمایا: کیا تم نے اُس سے صحبت کی ہے؟ عرض گزار ہوا: ہاں۔ فرمایا: یہاں تک کہ یہ چیز اُس چیز میں غائب ہو گئی؟ عرض کی: ہاں۔ فرمایا کہ جیسے سلائی سرمہ دانی میں گم ہو جاتی ہے یا رسی کنوئیں میں؟ عرض کی: ہاں۔ فرمایا: تم جانتے ہو کہ زنا کیا چیز ہے؟ عرض گزار ہوا: ہاں، میں نے اُس سے حرام طریقے پر وہی فعل کیا جو آدمی حلال طریقے پر اپنی بیوی سے کرتا ہے۔ فرمایا کہ ایسا کہنے سے تمہارا مقصد کیا ہے؟ عرض گزار ہوا: میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے پاک کر دیں۔ پس آپ نے حکم فرمایا تو اُسے سنگسار کر دیا گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دو ساتھیوں کو سنا کہ ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا: اس شخص کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ ڈالا تھا لیکن اس نے اپنے آپ کو نہ چھوڑا مگر ایسے سنگسار کروایا جیسے کتے کو کیا جاتا ہے۔ پس دونوں خاموش ہو گئے۔ پھر کچھ دیر چلتے رہے یہاں تک کہ ایک گدھے کی لاش کے پاس سے گزرے

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ اَیْنَ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ فَقَالَا نَحْنُ ذَانِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ اَنْزِلَا فَکُلَا مِنْ جِیْفَۃِ ھٰذَا الْحِمَارِ فَقَالَا یَا نَبِیَّ اللّٰہِ مَنْ یَّاْکُلُ مِنْ ھٰذَا قَالَ فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِیْکُمَا اٰنِفًا اَشَدُّ مِنْ اَکْلٍ مِّنْہُ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّہُ الْاٰنَ لَفِیْ اَنْھَارِ الْجَنَّۃِ یَنْغَمِسُ فِیْھَا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

جس کی ٹانگیں اٹھی ہوئی تھیں۔ فرمایا کہ فلاں اور فلاں آدمی کہاں ہیں؟ وہ دونوں عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم یہیں ہیں۔ فرمایا اُترو اور اس گدھے کی لاش سے کھاؤ۔ دونوں عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس کو کون کھاتا ہے؟ فرمایا کہ تم نے جو اپنے بھائی کی ابھی آبروریزی کی ہے وہ اس میں سے کھانے کی نسبت زیادہ سخت ہے۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اب وہ جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے۔

(ابوداؤد)

۳۴۶۱ (۴) وَعَنْ خُزَیْمَۃَ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصَابَ ذَنْبًا اُقِیْمَ عَلَیْہِ حَدُّ ذٰلِکَ الذَّنْبِ فَھُوَ کَفَّارَتُہٗ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے کوئی گناہ ہو جائے جس کے باعث اُس پر حد قائم ہو تو وہ اُس گناہ کا کفارہ ہو جاتی ہے۔

(شرح السنہ)

۳۴۶۲ (۵) وَعَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُہٗ فِی الدُّنْیَا فَاللّٰہُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ یُّثَنِّیَ عَلٰی عَبْدِہِ الْعُقُوْبَۃَ فِی الْاٰخِرَۃِ وَمَنْ اَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَہُ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَفَا عَنْہُ فَاللّٰہُ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْہُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حد کا کام کیا جس کی سزا اُسے دنیا میں دی گئی تو اللہ تعالیٰ بڑا انصاف کرنے والا ہے اس سے کہ آخرت میں دوبارہ اپنے بندے کو سزا دے اور جس نے حد کا کام کیا اور اللہ تعالیٰ نے اُس پر پردہ ڈالا تو وہ بڑا کرم کرنے والا ہے اس سے کہ اُس چیز کو دہرائے جس پر وہ معاف فرما چکا۔ اسے ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

# بَابُ التَّعْزِیْرِ

# تعزیر کا بیان

## پہلی فصل

۳۴۶۳ (۱) عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ بْنِ نِیَارٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ اِلَّا فِیْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰہِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوبردہ بن نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو دس کوڑوں سے زیادہ نہیں مارے جاتے مگر اللہ تعالیٰ کی حدوں میں سے کسی حد کے باعث۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۴۶۴ (۲) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَّقِ الْوَجْهَ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُد)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی کو مارے تو چہرے پر مارنے سے بچے۔ (ابوداؤد)

٣٤٦٥ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ يَا يَهُوْدِيُّ فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ وَاِذَا قَالَ يَا مُخَنَّثُ فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ وَمَنْ وَّقَعَ عَلٰى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوْهُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی آدمی دوسرے سے اے یہودی کہے تو اسے بیس کوڑے مارو اور جب کوئی کسی سے اے مخنث کہے تو اسے بھی بیس کوڑے مارو اور جو اپنی کسی ذی محرم سے صحبت کرے تو اسے قتل کر دو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٤٦٦ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَجَدْتُّمُ الرَّجُلَ قَدْ غَلَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَحْرِقُوْا مَتَاعَهٗ وَاضْرِبُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم دیکھو کہ کسی شخص نے اللہ کی راہ میں خیانت کی ہے تو اُس کا سامان جلا دو اور اُسے مارو (ترمذی، ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

# بَابُ بَيَانِ الْخَمْرِ وَوَعِيْدِ شَارِبِهَا

## شراب کا بیان اور شرابی کے لیے وعید

### پہلی فصل

٣٤٦٧ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب ان دو درختوں سے بنائی جاتی ہے: کھجور اور انگور سے۔ (مسلم)

٣٤٦٨ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَطَبَ عُمَرُ عَلٰى مِنْبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةِ اَشْيَآءَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْعَسَلِ وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منبر پر حضرت عمر نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: بیشک شراب کی حرمت نازل ہو چکی اور وہ پانچ چیزوں سے بنتی ہے: انگور، کھجور، گندم، جو اور شہد سے۔ اور شراب وہ ہے جو عقل میں فتور ڈال دے۔
(بخاری)

٣٤٦٩ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ لَقَدْ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ حِيْنَ حُرِّمَتْ وَمَا نَجِدُ خَمْرَ الْاَعْنَابِ اِلَّا قَلِيْلًا وَّعَامَّةُ خَمْرِنَا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شراب جب بھی حرام فرمائی گئی تو اُس وقت ہم انگوروں کی شراب بہت کم پیتے تھے کیونکہ زیادہ تر ہماری شراب کچی اور خشک کھجوروں کی ہوتی تھی۔
(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



٣٤٧٠ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ وَهُوَ نَبِيْذُ الْعَسَلِ فَقَالَ كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بتع نامی شراب کے متعلق پوچھا گیا جو شہد کا شیرہ ہوتا تھا فرمایا کہ شراب جو نشہ لائے وہ حرام ہے۔
(متفق علیہ)

٣٤٧١ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَتُبْ لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الْاٰخِرَةِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔ جس نے دنیا میں شراب پی اور اس پر مداومت کرتا ہوا مر جائے جبکہ توبہ نہ کی ہو تو آخرت میں نہیں پئے گا۔ (مسلم)۔

٣٤٧٢ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابٍ يَشْرَبُوْنَهُ بِاَرْضِهِمْ مِنَ الذُّرَةِ يُقَالُ لَهُ الْمِزْرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ مُسْكِرٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ قَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ اِنَّ عَلَى اللّٰهِ عَهْدًا لِمَنْ يَشْرَبُ الْمُسْكِرَ اَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِيْنَةِ الْخَبَالِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا طِيْنَةُ الْخَبَالِ قَالَ عَرَقُ اَهْلِ النَّارِ اَوْ عُصَارَةُ اَهْلِ النَّارِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی یمن سے آیا تو اس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا جس کو وہ اپنی سرزمین میں جوار سے بنا کر پیتے اور اسے مزر کہا جاتا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ نشہ لاتی ہے؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ عہد ہے کہ جو نشہ لانے والی چیز پیئے گا اس کو طینۃ الخبال سے پلائے گا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! طینۃ الخبال کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ جہنمیوں کا پسینہ یا جہنمیوں کا خون پیپ۔
(مسلم)

٣٤٧٣ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ خَلِيْطِ التَّمْرِ وَالْبُسْرِ وَعَنْ خَلِيْطِ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ وَعَنْ خَلِيْطِ الزَّهْوِ وَالرُّطَبِ وَقَالَ انْتَبِذُوْا كُلَّ وَاحِدٍ عَلٰى حِدَةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خشک اور کچی کھجور کو ملانے سے منع فرمایا نیز کشمش اور خشک کھجوروں کو ملانے سے نیز کچی اور تر کھجوروں کو ملانے سے اور فرمایا کہ ہر ایک کا نبیذ الگ بناؤ۔ (مسلم)

٣٤٧٤ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْخَمْرِ تُتَّخَذُ خَلًّا فَقَالَ لَا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا گیا کہ ہم اس کا سرکہ بنا لیا کریں؟ فرمایا نہیں۔
(مسلم)

٣٤٧٥ وَعَنْ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ طَارِقَ ابْنَ سُوَيْدٍ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ فَقَالَ اِنَّمَا اَصْنَعُهَا لِلدَّوَاءِ فَقَالَ اِنَّهُ لَيْسَ بِدَوَاءٍ وَلٰكِنَّهُ دَاءٌ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت وائل حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت طارق بن سوید نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا تو آپ نے انہیں منع فرما دیا۔ عرض گزار ہوئے کہ میں اس سے دوا بناتا ہوں۔ فرمایا کہ یہ دوا نہیں بلکہ بیماری ہے۔
(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۳۴۷۶ (۱۰) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِنْ عَادَ فِي الرَّابِعَةِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهٗ صَلٰوةَ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَقَاهُ مِنْ نَهْرِ الْخَبَالِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی تو اللہ تعالیٰ اُس کی چالیس روز کی نماز قبول نہیں فرماتا۔ اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ اگر دوبارہ پیے تو اللہ تعالیٰ اُس کی چالیس روز کی نماز قبول نہیں فرماتا۔ اگر توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ اگر سہ بارہ پیے تو اللہ تعالیٰ اُس کی چالیس روز کی نماز قبول نہیں فرماتا۔ اگر توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ اگر چوتھی دفعہ بھی پیے تو اللہ تعالیٰ اُس کی چالیس روز کی نماز قبول نہیں فرماتا۔ اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی توبہ قبول نہیں کرے گا اور نہر خبال سے اُسے پیپ پلائے گا (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) اور دارمی نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کیا ہے۔

۳۴۷۷ (۱۱) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهٗ فَقَلِيْلُهٗ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو زیادہ چیز نشہ لائے وہ تھوڑی بھی حرام ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۴۷۸ (۱۲) وَعَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَسْكَرَ مِنْهُ الْفَرَقُ فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو فرق کے برابر ہو کر نشہ لائے وہ کفِ دست کے برابر ہو تب بھی حرام ہے۔ (ترمذی، احمد، ابوداؤد)

۳۴۷۹ (۱۳) وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا وَّمِنَ الشَّعِيْرِ خَمْرًا وَّمِنَ التَّمْرِ خَمْرًا وَّمِنَ الزَّبِيْبِ خَمْرًا وَّمِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک گندم سے شراب بنتی ہے، جَو سے بھی شراب، کھجور سے بھی شراب، انگور سے بھی شراب اور شہد سے بھی شراب بنتی ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۴۸۰ (۱۴) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِيَتِيْمٍ فَلَمَّا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقُلْتُ اِنَّهٗ لِيَتِيْمٍ فَقَالَ اَهْرِيْقُوْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب سورۂ مائدہ نازل ہوئی تو ہمارے پاس ایک یتیم کی شراب تھی۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا اور عرض کر دیا کہ وہ یتیم کی ہے۔ فرمایا کہ اُسے بہا دو۔ (ترمذی)

۳۴۸۱ (۱۵) وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّهٗ قَالَ يَا نَبِيَّ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ عرض

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهِ إِنِّي اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِأَيْتَامٍ فِي حَجْرِي قَالَ أَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهُ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَيْتَامٍ وَرِثُوا خَمْرًا قَالَ أَهْرِقْهَا قَالَ أَفَلَا أَجْعَلُهَا خَلًّا قَالَ لَا)

گزار ہوئے: یا نبی اللہ! میں نے اپنے زیرِ پرورش یتیموں کے لیے شراب خریدی ہے۔ فرمایا کہ شراب کو بہا دو اور مٹکے کو توڑ دو۔ ترمذی نے اسے روایت کیا اور ضعیف بتایا۔ ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یتیموں کے متعلق پوچھا جنہیں میراث میں شراب ملی۔ فرمایا کہ اُسے بہا دو۔ عرض گزار ہوئے کہ اُس کا سرکہ نہ بنا لوں؟ فرمایا نہیں۔

## تیسری فصل

۳۴۸۲
۱۶
عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ وَمُفَتِّرٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: نشہ لانے والی اور فتور پیدا کرنے والی ہر چیز حرام ہے۔

(ابو داؤد)

۳۴۸۳
۱۷
وَعَنْ دَيْلَمٍ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ قُلْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا بِأَرْضٍ بَارِدَةٍ وَنُعَالِجُ فِيهَا عَمَلًا شَدِيدًا وَإِنَّا نَتَّخِذُ شَرَابًا مِنْ هٰذَا الْقَمْحِ نَتَقَوَّى بِهِ عَلَى أَعْمَالِنَا وَعَلَى بَرْدِ بِلَادِنَا قَالَ هَلْ يُسْكِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاجْتَنِبُوهُ قُلْتُ إِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيهِ قَالَ إِنْ لَمْ يَتْرُكُوهُ فَاقْتُلُوهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت دیلم حمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم سرد علاقے میں رہتے اور سخت محنت کرتے ہیں۔ ہم وہاں گندم سے شراب بناتے ہیں جس سے محنت کے لیے قوت پیدا کرتے اور اپنے علاقے کی سردی سے بچتے ہیں۔ فرمایا کیا وہ نشہ لاتی ہے؟ میں نے عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ اس سے بچو۔ عرض گزار ہوئے کہ لوگ اُسے نہیں چھوڑیں گے۔ فرمایا کہ نہ چھوڑیں تو اُن سے لڑو۔

(ابو داؤد)

۳۴۸۴
۱۸
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَالْكُوبَةِ وَالْغُبَيْرَاءِ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب، جُوا، طبلہ اور جوار کی شراب سے منع کیا ہے اور فرمایا کہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔

(ابو داؤد)

۳۴۸۵
۱۹
وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَلَا قَمَّارٌ وَلَا مَنَّانٌ وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ) وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ وَلَا وَلَدُ

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: والدین کا نافرمان، جواری، احسان جتانے والا اور ہمیشہ شراب پینے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا (دارمی) اور اُسی کی دوسری روایت میں جواری کی جگہ

www.alahazratnetwork.org



بِعِزَّتِيْ لَا يَشْرَبُ عَبْدًا مِّنْ عَبِيْدِيْ جُرْعَةً مِّنْ خَمْرٍ إِلَّا سَقَيْتُهُ مِنَ الصَّدِيْدِ مِثْلَهَا وَلَا يَتْرُكُهَا مِنْ مَّخَافَتِيْ إِلَّا سَقَيْتُهُ مِنْ حِيَاضِ الْقُدُسِ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

میرے رب عزوجل نے میری عزت کی قسم یاد فرمائی کہ نہیں پئے گا میرے بندوں سے کوئی بندہ ایک گھونٹ شراب مگر اسی قدر پیپ پلاؤں گا اور نہیں چھوڑے گا اُسے کوئی میرے ڈر سے مگر میں اُسے پاک حوضوں کی شراب پلاؤں گا۔
(احمد)

۳۴۸۷/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ قَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْعَاقُّ وَالدَّيُّوْثُ الَّذِيْ يُقِرُّ فِيْ أَهْلِهِ الْخُبْثَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام فرمادی ہے ہمیشہ شراب پینے والا، ماں باپ کا نافرمان اور وہ بے حیا جو اپنے گھر والوں میں بے غیرتی کے کاموں کو برقرار رکھے۔ (احمد، نسائی)

۳۴۸۸/۲۲ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَقَاطِعُ الرَّحِمِ وَمُصَدِّقٌ بِالسِّحْرِ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی جنت میں داخل نہیں ہوں گے، ہمیشہ شراب پینے والا، رشتہ توڑنے والا اور جادو کی تصدیق کرنے والا۔
(احمد)

۳۴۸۹/۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ إِنْ مَّاتَ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى كَعَابِدِ وَثَنٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ وَقَالَ ذَكَرَ الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيْخِ عَنْ مُّحَمَّدِ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ شراب پینے والا اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا جیسے بت پوجنے والا۔ اسے احمد نے روایت کیا اور ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی جبکہ بیہقی میں محمد بن عبیداللہ سے بواسطہ اُن کے والد یا جد کے ہے اور کہا کہ بخاری نے اپنی تاریخ میں محمد بن عبیداللہ سے بواسطہ اُن کے والد یا جد کے ذکر کی ہے۔

۳۴۹۰/۲۴ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسٰى أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ مَا أُبَالِيْ شَرِبْتُ الْخَمْرَ أَوْ عَبَدْتُ هٰذِهِ السَّارِيَةَ دُوْنَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے: میں فرق محسوس نہیں کرتا کہ شراب پیتا رہوں یا اللہ کے سوا اس ستون کی پوجا کروں۔
(نسائی)

# كِتَابُ الْإِمَارَةِ وَالْقَضَاءِ

# ۱۷۔ حکومت اور فیصلے کرنے کا بیان

## پہلی فصل

۳۴۹۱/۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَطَاعَنِيْ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ يُّطِعِ الْأَمِيْرَ فَقَدْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرا حکم مانا اُس نے اللہ کا حکم مانا اور جس نے میری نافرمانی کی اُس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کا حکم مانا تو اُس

www.alahazratnetwork.org



اَطَاعَنِیْ وَمَنْ یَّعْصِ الْاَمِیْرَ فَقَدْ عَصَانِیْ وَاِنَّمَا الْاِمَامُ جُنَّۃٌ یُّقَاتَلُ مِنْ وَّرَآئِہٖ وَیُتَّقٰی بِہٖ فَاِنْ اَمَرَ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَعَدَلَ فَاِنَّ لَہٗ بِذٰلِكَ اَجْرًا وَّاِنْ قَالَ بِغَیْرِہٖ فَاِنَّ عَلَیْہِ مِنْہُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

نے میرا حکم مانا اور جس نے امیر کی نافرمانی کی تو اس نے میری نافرمانی کی کیونکہ امام ایک ڈھال ہے جس کے پیچھے جہاد کیا جاتا ہے اور جس کی آڑلی جاتی ہے اور وہ اللہ سے ڈرتے ہوئے انصاف سے حکم دے تو اس کا اسے ثواب ملے گا اور اگر اس کے برعکس کرے تو اس کا گناہ اس پر ہوگا۔

(متفق علیہ)۔

٣٤٩٢ ٢ وَعَنْ اُمِّ الْحُصَیْنِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ اُمِّرَ عَلَیْکُمْ عَبْدٌ مُّجَدَّعٌ یَّقُوْدُکُمْ بِکِتَابِ اللّٰہِ فَاسْمَعُوْا لَہٗ وَاَطِیْعُوْا۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت امّ الحصین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر تمہارے اوپر ناک کان کٹے غلام کو امیر بنا دیا جائے جو تمہیں اللہ کی کتاب کے مطابق چلائے تو اس کی بات سنو اور اس کا حکم مانو۔

(مسلم)

٣٤٩٣ ٣ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا وَاِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَیْکُمْ عَبْدٌ حَبَشِیٌّ کَاَنَّ رَاْسَہٗ زَبِیْبَۃٌ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، سنو اور اس کا حکم مانو خواہ تمہارے اوپر حبشی غلام کو عامل مقرر کر دیا جائے اور اگرچہ اس کا سر انگور جیسا ہو۔

(بخاری)۔

٣٤٩٤ ٤ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السَّمْعُ وَالطَّاعَۃُ عَلَی الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِیْمَا اَحَبَّ وَکَرِہَ مَا لَمْ یُؤْمَرْ بِمَعْصِیَۃٍ فَاِذَا اُمِرَ بِمَعْصِیَۃٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَۃَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہر مسلمان پر سننا اور حکم ماننا ہے خواہ اُسے پسند کرتا ہو یا ناپسند جب تک کہ خدا کی نافرمانی کا حکم نہ دیا جائے۔ جب خدا کی نافرمانی کا حکم دیا جائے تو اُس میں سُننا اور حکم ماننا نہیں ہے۔

(متفق علیہ)

٣٤٩٥ ٥ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا طَاعَۃَ فِیْ مَعْصِیَۃٍ اِنَّمَا الطَّاعَۃُ فِی الْمَعْرُوْفِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، معصیت میں کسی کی اطاعت نہیں۔ اطاعت تو نیک کاموں میں ہے۔ (متفق علیہ)۔

٣٤٩٦ ٦ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ بَایَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی السَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ فِی الْعُسْرِ وَالْیُسْرِ وَالْمَنْشَطِ وَالْمَکْرَہِ وَعَلٰی اَثَرَۃٍ عَلَیْنَا وَعَلٰی اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَھْلَہٗ وَعَلٰی اَنْ نَّقُوْلَ بِالْحَقِّ اَیْنَمَا کُنَّا لَا نَخَافُ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَائِمٍ وَّفِیْ رِوَایَۃٍ وَّعَلٰی اَنْ لَّا نُنَازِعَ الْاَمْرَ اَھْلَہٗ اِلَّا اَنْ تَرَوْا
[illegible]

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت کی سننے اور حکم ماننے پر، خواہ تنگی ہو یا آسانی، خوشی سے ہو یا ناخوشی سے، خواہ دوسروں کو ہم پر ترجیح دی جا رہی ہو اور حکومت کے اہل سے نہ جھگڑیں مگر جب کہ تم واضح کفر دیکھو جس کی تمہارے پاس اللہ کی طرف سے مضبوط دلیل ہو۔

(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



٣٤٩٧ ٧ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا إِذَا بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ يَقُوْلُ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ہم نے جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سننے اور حکم ماننے پر بیعت کی تو آپ ہم سے فرماتے تھے "جہاں تک تمہاری بساط میں ہو۔ (متفق علیہ)

٣٤٩٨ ٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيْرِهِ شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَصْبِرْ فَإِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ يُفَارِقُ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا فَيَمُوْتُ إِلَّا مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو امیر سے کوئی ایسی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو صبر کرے کیونکہ جو جماعت کو ایک بالشت برابر بھی چھوڑ کر مرے تو جاہلیت کی موت مرے گا۔

(متفق علیہ)

٣٤٩٩ ٩ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِعَصَبِيَّةٍ أَوْ يَدْعُوْا لِعَصَبِيَّةٍ أَوْ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً فَقُتِلَ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلَى أُمَّتِيْ بِسَيْفِهِ يَضْرِبُ بَرَّهَا وَفَاجِرَهَا وَلَا يَتَحَاشَى مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا يَفِيْ لِذِيْ عَهْدٍ عَهْدَهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو امیر کی اطاعت سے نکل جائے اور جماعت سے جدا ہو گیا پس مرا تو جاہلیت کی موت مرے گا اور جس نے کسی مقصد جھنڈے کے نیچے لڑائی کی کہ عصبیت کے باعث ناراض ہے یا عصبیت کی طرف بلائے یا عصبیت کی مدد کرے اور قتل کر دیا جائے تو وہ جاہلیت پر قتل ہوا ہے اور جو تلوار لے کر میری امت کو مارنے نکلا خواہ کوئی نیک سامنے آئے یا بد اور اُس کے ایمان والے کو بھی نظر انداز نہ کرے اور نہ عہد والے کے عہد کو پورا کرے، لہٰذا وہ مجھ سے نہیں اور میں اس سے نہیں۔ (مسلم)۔

٣٥٠٠ ١٠ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَيْهِمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْكُمْ وَشِرَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَفَلَا نُنَابِذُهُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَا مَا أَقَامُوْا فِيْكُمُ الصَّلٰوةَ لَا مَا أَقَامُوْا فِيْكُمُ الصَّلٰوةَ أَلَا مَنْ وُلِّيَ عَلَيْهِ وَالٍ فَرَاٰهُ يَأْتِيْ شَيْئًا مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَلْيَكْرَهْ مَا يَأْتِيْ مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا يَنْزِعَنَّ يَدًا مِنْ طَاعَةٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے اچھے حاکم وہ ہیں جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں اور تم اُن پر نماز پڑھو اور وہ تم پر نماز پڑھیں اور تمہارے بُرے حاکم وہ ہیں جن سے تم عداوت رکھو اور وہ تم سے عداوت رکھیں تم اُن پر لعنت بھیجو اور وہ تم پر لعنت بھیجیں۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا اُس وقت ہم انھیں پھینک دیں؟ فرمایا: نہیں جب تک وہ تم میں نماز پڑھتے رہیں۔ نہیں جب تک وہ تم میں نماز پڑھتے رہیں۔ خبردار جس پر کوئی حاکم مقرر کیا جائے اور وہ دیکھے کہ اللہ کی نافرمانی کا کام کر رہا ہے تو جو اللہ کی نافرمانی کر رہا ہے اُسے ناپسند کرے لیکن حاکم کی اطاعت سے ہاتھ نہ کھینچے۔

(مسلم)

٣٥٠١ ١١ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ تَعْرِفُونَ وَتُنْكِرُونَ
فَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰكِنْ
مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ قَالُوا أَفَلَا نُقَاتِلُهُمْ قَالَ لَا مَا
صَلَّوْا لَا مَا صَلَّوْا أَيْ مَنْ كَرِهَ بِقَلْبِهٖ وَأَنْكَرَ
بِقَلْبِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر ایسے امیر مقرر ہوں گے جو پسندیدہ اور ناپسندیدہ کام کریں گے۔ جو انکار کرے وہ بری الذمہ ہوگیا اور جو ناپسند کرے وہ محفوظ رہا لیکن جو راضی ہوا اور پیروی کی۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ کیا ہم اُن سے لڑیں؟ فرمایا نہیں جب تک نماز پڑھیں، نہیں جب تک نماز پڑھیں یعنی جو دل سے ناپسند کرے اور دل سے انکار کرے۔ (مسلم)

٣٥٠٢ — ١٢ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا
رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ
بَعْدِيْ أَثَرَةً وَّأُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَأْمُرُنَا
يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ أَدُّوْا إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللهَ
حَقَّكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے بعد ترجیح دیکھو گے اور ایسے کام جن کو تم ناپسند کرو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ ہمارے لیے کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ اُن کے حقوق پورے ادا کرنا اور اپنا حق اللہ تعالیٰ سے مانگنا۔ (متفق علیہ)

٣٥٠٣ — ١٣ وَعَنْ وَائِلِ ابْنِ حُجْرٍ قَالَ سَأَلَ سَلَمَةُ
بْنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِيُّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قَامَتْ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ
يَسْأَلُوْنَا حَقَّهُمْ وَيَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ
اسْمَعُوْا وَأَطِيْعُوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَيْكُمْ
مَا حُمِّلْتُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سلمہ بن یزید جعفی سوال کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے: یا نبی اللہ! اگر ہم پر ایسے حاکم مقرر ہوں جو ہم سے اپنا حق مانگیں اور ہمارا حق نہ دیں تو آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ سنو اور اطاعت کرو کیونکہ اُن پر اُن کی ذمہ داری کا بوجھ ہے اور تم پر تمہاری ذمہ داری کا بوجھ۔ (مسلم)

٣٥٠٤ — ١٤ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ خَلَعَ يَدًا مِّنْ
طَاعَةٍ لَقِيَ اللهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا حُجَّةَ لَهٗ وَمَنْ مَاتَ
وَلَيْسَ فِيْ عُنُقِهٖ بَيْعَةٌ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا جس نے امیر کی اطاعت سے اپنا ہاتھ نکال لیا تو جب قیامت میں اللہ تعالیٰ سے ملے گا تو اُس کے پاس کوئی دجہ جواز نہیں ہوگی اور جو مر گیا اور اُس کے گلے میں کسی کی بیعت نہ تھی تو جاہلیت کی موت مرا۔ (مسلم)

٣٥٠٥ — ١٥ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ تَسُوْسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ
كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهٗ نَبِيٌّ وَإِنَّهٗ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ
وَسَيَكُوْنُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُوْنَ قَالُوْا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ
فُوْا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ أَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ فَإِنَّ اللهَ
سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل کی سیاست انبیائے کرام سنبھالتے تھے۔ جب ایک نبی فوت ہوتا تو دوسرا اُس کا جانشین ہو جاتا جبکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ عنقریب خلفا ہوں گے اور کثرت سے ہوں گے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہمارے لیے کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ پہلے کی بیعت پوری کرو، پہلا ہی پہلا ہے۔ انھیں اُن کا حق دو اور جنھیں اُن کی رعایا بنایا ہے اُن کے متعلق اللہ تعالیٰ پوچھنے والا ہے۔ (متفق علیہ)

٣٥٠٦ — ١٦ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بُوْيِعَ لِخَلِيْفَتَيْنِ فَاقْتُلُوا الْاٰخَرَ مِنْهُمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو ان میں سے دوسرے کو قتل کر دو۔ (مسلم)

۳۵۰۶ (۱۶ ب) وَعَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ هَنَاتٌ وَّهَنَاتٌ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهِيَ جَمِيْعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَّنْ كَانَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عرفجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: عنقریب فتنے ہی فتنے ہوں گے جو اس امت میں تفرقہ ڈالنا چاہے جبکہ یہ اکٹھی ہو تو اُسے تلوار سے مار ڈالو خواہ وہ کوئی ہو۔ (مسلم)

۳۵۰۷ (۱۷) وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَتَاكُمْ وَاَمْرُكُمْ جَمِيْعٌ عَلٰى رَجُلٍ وَّاحِدٍ يُّرِيْدُ اَنْ يَّشُقَّ عَصَاكُمْ اَوْ يُفَرِّقَ جَمَاعَتَكُمْ فَاقْتُلُوْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن کا ہی بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو تمہارے پاس آئے جبکہ تم ایک آدمی کے پیچھے اکٹھے ہو اور وہ تمہیں اپنی لاٹھی سے چیرنا چاہے یا تمہاری جماعت کو بکھیرنا چاہے تو اُسے قتل کر دو۔ (مسلم)

۳۵۰۸ (۱۸) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَايَعَ اِمَامًا فَاَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهٖ وَثَمَرَةَ قَلْبِهٖ فَلْيُطِعْهُ اِنِ اسْتَطَاعَ فَاِنْ جَاءَ اٰخَرُ يُنَازِعُهٗ فَاضْرِبُوْا عُنُقَ الْاٰخَرِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک امام سے بیعت کی۔ اُسے ہاتھ کا عقد اور دل کا میوہ دیا، پس اگر طاقت رکھتا ہے تو اُس کی اطاعت کرے۔ اگر دوسرا آ کر اُس سے جھگڑے تو دوسرے کی گردن اڑا دو۔ (مسلم)

۳۵۰۹ (۱۹) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِيْتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا وَاِنْ اُعْطِيْتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حکومت کا سوال نہ کرنا کیونکہ مانگنے پر اگر تمہیں دے دی گئی تو تم اُس کے سپرد کر دیے جاؤ گے اور اگر بغیر مانگے تمہیں دے دی گئی تو اس پر تمہاری مدد کی جائے گی۔ (متفق علیہ)

۳۵۱۰ (۲۰) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ سَتَحْرِصُوْنَ عَلَى الْاِمَارَةِ وَسَتَكُوْنُ نَدَامَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَبِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک تم حکومت کے لیے حریص ہو جاؤ گے جو عنقریب قیامت میں ندامت کا باعث ہوگی کیونکہ دودھ پلانے والی اچھی اور دودھ چھڑانے والی بری ہے۔ (بخاری)

۳۵۱۱ (۲۱) وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَسْتَعْمِلُنِيْ قَالَ فَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى مَنْكِبِيْ ثُمَّ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے عامل مقرر نہیں فرماتے؟ آپ نے دست

الْقِيٰمَةِ خِزْيٌ وَّنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَ اَدَّى الَّذِيْ عَلَيْهِ فِيْهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَهٗ يَا اَبَا ذَرٍّ اِنِّيْ اَرَاكَ ضَعِيْفًا وَّاِنِّيْ اُحِبُّ لَكَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِيْ لَا تَاَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيْمٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور یہ امانت ہے جو قیامت کے روز رُسوائی اور ندامت ہے ماسوائے اُس کے جس نے اِسے حق کے ساتھ لیا اور اس کی ذمہ داریاں پوری کیں۔ دوسری روایت میں اُن سے فرمایا: میں تمہیں کمزور دیکھتا ہوں۔ میں تمہارے لیے وہی چاہتا ہوں جو اپنے لیے چاہتا ہوں۔ دو آدمیوں کا بھی امیر نہ بننا اور نہ یتیم کے مال کا متولی بننا۔ (مسلم)

۳۵۱۲ / ۲۲ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَرَجُلَانِ مِنْ بَنِيْ عَمِّيْ فَقَالَ اَحَدُهُمَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمِّرْنَا عَلٰى بَعْضِ مَا وَلَّاكَ اللّٰهُ وَقَالَ الْاٰخَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّا وَاللّٰهِ لَا نُوَلِّيْ عَلٰى هٰذَا الْعَمَلِ اَحَدًا سَاَلَهٗ وَلَا اَحَدًا حَرَصَ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلٰى عَمَلِنَا مَنْ اَرَادَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں اور میرے چچا کے بیٹوں سے دو آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔ اُن میں سے ایک عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! مجھے اُس میں سے بعض کا امیر بنا دیجیے جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو والی بنایا ہے۔ دوسرے نے بھی اسی طرح کہا۔ آپ نے فرمایا: خدا کی قسم ہم اس کام پر کسی کو حاکم نہیں بنایا کرتے جو اُس کا سوال کرے اور نہ کسی ایسے شخص کو جو اُس کی طمع رکھے۔ دوسری روایت میں فرمایا: ہم اپنے کام پر ایسے شخص کو عامل نہیں بناتے جو اُس کا ارادہ کرے (متفق علیہ)

۳۵۱۳ / ۲۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ اَشَدَّهُمْ كَرَاهِيَةً لِّهٰذَا الْاَمْرِ حَتّٰى يَقَعَ فِيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بہترین لوگوں میں اُسے پاؤ گے جس کو حکومت حاصل کرنے سے سخت نفرت ہوگی یہاں تک کہ اُس میں مبتلا ہو جاؤ۔

(متفق علیہ)

۳۵۱۴ / ۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ فَالْاِمَامُ الَّذِيْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَّهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ عَلٰى بَيْتِ زَوْجِهَا وَوَلَدِهٖ وَهِيَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُمْ وَعَبْدُ الرَّجُلِ رَاعٍ عَلٰى مَالِ سَيِّدِهٖ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ اَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار ہو جاؤ کہ تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اُس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ پس امام لوگوں پر نگران ہے اور اُس سے اُس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ آدمی اپنے گھر والوں میں نگران ہے اور اُس سے اُس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ عورت اپنے خاوند کے گھر اور اُس کی اولاد پر نگران ہے اور وہ اپنے ماتحتوں کے متعلق پوچھی جائے گی۔ غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اور وہ اُس کے متعلق پوچھا جائے گا۔ خبردار تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور ہر ایک سے اُس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ (متفق علیہ)۔

۳۵۱۵ / ۲۵ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ وَّالٍ يَّلِيْ رَعِيَّةً مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لَّهُمْ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: کوئی حاکم نہیں جس کو مسلمانوں پر حاکم بنایا جائے اور وہ لوگوں سے خیانت کرتا ہوا مر جائے تو اللہ تعالیٰ اُس پر جنت حرام فرما دیتا ہے۔ (متفق علیہ)۔

www.alahazratnetwork.org



۳۵۱۶ / ۲۶ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيْهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً فَلَمْ يَحُطْهَا بِنَصِيْحَةٍ إِلَّا لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن کا ہی بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہر کوئی بندہ ایسا نہیں جس کو اللہ تعالیٰ لوگوں کا نگران بنائے اور وہ اُن کی خیر خواہی نہ کرے تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پا سکے گا۔ (متفق علیہ)۔

۳۵۱۷ / ۲۷ وَعَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ شَرَّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائذ بن عمرو کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: ظلم کرنے والے بُرے نگران ہیں۔ (مسلم)

۳۵۱۸ / ۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ مَنْ وُلِّيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِيْ شَيْئًا فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَاشْقُقْ عَلَيْهِ وَمَنْ وُلِّيَ مِنْ أَمْرِ أُمَّتِيْ شَيْئًا فَرَفَقَ بِهِمْ فَارْفُقْ بِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا مانگی: اے اللہ جس کو میری اُمت کا حاکم بنایا جائے اور وہ لوگوں پر سختی کرے تو تُو بھی اُس پر سختی فرما اور جو میری اُمت کا کسی کام کے لیے حاکم بنایا جائے تو وہ لوگوں سے نرمی کے ساتھ سلوک کرے تو تُو بھی اُس پر نرمی فرما۔ (مسلم)

۳۵۱۹ / ۲۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ الَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَأَهْلِيْهِمْ وَمَا وَلُوْا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک انصاف کرنے والے حکام اللہ تعالیٰ کے نزدیک رحمٰن کے دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے جبکہ اُس کے دونوں دستِ قدرت ہی دائیں ہیں۔ جو اپنے احکام میں انصاف کرتے ہیں اور اپنے گھر والوں میں جن کے وہ حاکم ہوں۔ (مسلم)

۳۵۲۰ / ۳۰ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ وَلَا اسْتَخْلَفَ مِنْ خَلِيْفَةٍ إِلَّا كَانَتْ لَهٗ بِطَانَتَانِ بِطَانَةٌ تَأْمُرُهٗ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَحُضُّهٗ عَلَيْهِ وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهٗ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهٗ عَلَيْهِ وَالْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی مبعوث نہیں فرمایا اور نہ کسی کو خلیفہ بنایا مگر اُس کے دو پوشیدہ ساتھی ہوتے۔ ایک ساتھی اُس سے نیک کاموں کے لیے کہتا اور اُن کی رغبت دلاتا تو دوسرا ساتھی بُرے کاموں کے لیے کہتا اور اُن کی رغبت دلاتا جبکہ بُرائی سے وہی محفوظ رہتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتا ہے۔ (بخاری)

۳۵۲۱ / ۳۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الْأَمِيْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت قیس بن سعد کا وہی مقام تھا جو بادشاہ کے سامنے تھانیدار کا ہوتا ہے۔ (بخاری)

۳۵۲۲ / ۳۲ وَعَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أَهْلَ فَارِسَ قَدْ مَلَّكُوْا

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ خبر پہنچی کہ ایران والوں نے کسریٰ کی بیٹی کو اپنا حکمران بنایا ہے

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِمْ بِنْتَ كِسْرٰى قَالَ لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا اَمْرَهُمْ اِمْرَاَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تو فرمایا: وہ قوم فلاح نہیں پاتی جو اپنے معاملات عورت کے سپرد کر دے۔ (بخاری)

## دوسری فصل

۳۵۲۳ عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمُرُكُمْ بِخَمْسٍ بِالْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنَّهٗ مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهٖ اِلَّا اَنْ يُّرَاجِعَ وَمَنْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ مِنْ جُثٰى جَهَنَّمَ وَاِنْ صَامَ وَصَلّٰى وَزَعَمَ اَنَّهٗ مُسْلِمٌ۔
۳۳
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت حارث اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں: جماعت میں رہنے، حکمران کی سننے اور ماننے، ہجرت اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا۔ جو بالشت برابر بھی جماعت سے نکلا اس نے اسلام کا پٹا اپنے گلے سے نکال دیا مگر جبکہ واپس آجائے اور جو دور جاہلیت کی طرح مدد کے لیے بلائے وہ جہنمیوں کے گروہ سے ہے، اگرچہ روزے رکھے، نماز پڑھے اور خود کو مسلمان ہی سمجھتا ہو۔

(احمد، ترمذی)

۳۵۲۴ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ كُسَيْبٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِيْ بَكْرَةَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابْنِ عَامِرٍ وَّهُوَ يَخْطُبُ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ رِّقَاقٌ فَقَالَ اَبُوْ بِلَالٍ اُنْظُرُوْا اِلٰى اَمِيْرِنَا يَلْبَسُ ثِيَابَ الْفُسَّاقِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرَةَ اُسْكُتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ اَهَانَهُ اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)
۳۴

زیاد بن کسیب عدوی کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوبکرہ کے ساتھ حضرت ابن عامر کے منبر کے نیچے تھا جبکہ وہ خطبہ دے رہے تھے اور ان کے اوپر باریک کپڑے تھے۔ ابوبلال نے کہا کہ ہمارے امیر کو تو دیکھو جو فاسقوں جیسے کپڑے پہنتے ہیں۔ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خاموش رہو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے جو زمین میں اللہ کے بنائے ہوئے بادشاہ کی توہین کرے اس نے اللہ کی توہین کی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۵۲۵ وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِيْ مَعْصِيَةِ الْخَالِقِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)
۳۵

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق کا حکم نہیں مانا جائے گا جس میں خالق کی نافرمانی ہو۔ (شرح السنہ)

۳۵۲۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَمِيْرِ عَشَرَةٍ اِلَّا يُؤْتٰى بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَغْلُوْلًا حَتّٰى يَفُكَّ عَنْهُ الْعَدْلُ اَوْ يُوْبِقَهُ الْجَوْرُ۔
۳۶
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دس آدمیوں کا بھی امیر ہو وہ قیامت کے روز طوق پہنا کر لایا جائے گا یہاں تک کہ انصاف اسے چھڑا دے گا یا ظلم اسے ہلاک کر دے گا۔

(دارمی)

۳۵۲۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ان سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

www.alahazratnetwork.org



اَقْوَامٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَّ نَوَاصِيَهُمْ مُعَلَّقَةٌ بِالثُّرَيَّا يَتَجَلْجَلُوْنَ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَاَنَّهُمْ لَمْ يَلُوْا عَمَلًا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ) وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ اَنَّ ذَوَائِبَهُمْ كَانَتْ مُعَلَّقَةً بِالثُّرَيَّا يَتَذَبْذَبُوْنَ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَكُوْنُوْا عُمِّلُوْا عَلٰى شَيْءٍ۔

امانت رکھنے والوں کے لیے۔ کتنے ہی لوگ قیامت کے روز تمنا کریں گے کہ اُن کی پیشانیاں زمین و آسمان کے درمیان ثریا سے لٹکی ہوئی ہوتیں لیکن کسی کام کے ذمہ دار نہ بنتے (شرح السنہ) اور احمد کی ایک روایت میں ہے کہ اُن کے گیسو ثریا کے ساتھ لٹکے ہوئے ہوتے جو زمین و آسمان کے درمیان ہلتے رہتے لیکن کسی کے عامل نہ بنائے جاتے۔

٣٥٢٨/٣٨ وَعَنْ غَالِبِ الْقَطَّانِ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعِرَافَةَ حَقٌّ وَلَا بُدَّ لِلنَّاسِ مِنْ عُرَفَآءَ وَلٰكِنَّ الْعُرَفَآءَ فِي النَّارِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

غالب قطان، ایک آدمی، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سرداری حق ہے اور سرداری کے بغیر لوگوں کے لیے چارۂ کار نہیں لیکن سردار جہنم میں جائیں گے۔

(ابوداؤد)

٣٥٢٩/٣٩ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَآءِ قَالَ وَمَا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اُمَرَآءُ سَيَكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ مَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكِذْبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسُوْا مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُمْ وَلَنْ يَّرِدُوْا عَلَيَّ الْحَوْضَ وَمَنْ لَّمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكِذْبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ وَاُولٰٓئِكَ يَرِدُوْنَ عَلَيَّ الْحَوْضَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں بے وقوف لوگوں کی سرداری سے تمہیں اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا کہ میرے کچھ عرصہ بعد حکام ہوں گے۔ جو جھوٹ پر بھی اُن کی تصدیق کرے اور ظلم پر بھی اُن کی مدد کرے، وہ مجھ سے نہیں اور میں اُن سے نہیں۔ وہ حوضِ کوثر پر میرے پاس نہیں آسکیں گے۔ جو اُن کے پاس نہ جائے جھوٹ پر اُن کی تصدیق نہ کرے اور ظلم پر اُن کی مدد نہ کریں تو ایسے لوگ مجھ سے ہیں اور میں اُن سے ہوں اور یہی لوگ ہیں جو حوضِ کوثر پر میرے پاس آئیں گے۔

(ترمذی)

٣٥٣٠/٤٠ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ وَمَنْ اَتَى السُّلْطَانَ افْتُتِنَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاؤُدَ مَنْ لَّزِمَ السُّلْطَانَ افْتُتِنَ وَمَا ازْدَادَ عَبْدٌ مِّنَ السُّلْطَانِ دُنُوًّا اِلَّا ازْدَادَ مِنَ اللّٰهِ بُعْدًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنگل میں رہنے لگے تو سخت دل ہو جاتا ہے، جو شکار کے پیچھے لگے وہ غافل ہو جاتا ہے اور جو بادشاہ کے پاس جائے وہ فتنے میں پڑ جاتا ہے (احمد، ترمذی، نسائی) ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ جو بادشاہ سے چمٹ گیا وہ فتنے میں پڑ گیا اور بندہ جتنا بادشاہ سے نزدیک ہوتا ہے اُتنا ہی خدا سے دُور ہو جاتا ہے۔

٣٥٣١/٤١ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے کندھے پر مارتے ہوئے فرمایا:

www.alahazratnetwork.org



أَفْلَحْتَ يَا قُدَيْمُ إِنْ مُتَّ وَلَمْ تَكُنْ أَمِيرًا وَلَا كَاتِبًا وَلَا عَرِيفًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

اے قدیم! اتم فلاح پاگئے اگر اس حالت میں فوت ہوئے کہ کسی کے امیر، منشی اور سردار نہ بنے۔ (ابوداؤد)

۳۵۳۲ ۴۲ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ صَاحِبُ مَكْسٍ يَعْنِي الَّذِي يَعْشُرُ النَّاسَ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹیکس وصول کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا یعنی جو لوگوں سے غیر شرعی عشر وصول کرے۔
(ابوداؤد، احمد، دارمی)

۳۵۳۳ ۴۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَقْرَبَهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا إِمَامٌ عَادِلٌ وَإِنَّ أَبْغَضَ النَّاسِ إِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَشَدَّهُمْ عَذَابًا وَفِي رِوَايَةٍ وَأَبْعَدَهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا إِمَامٌ جَائِرٌ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب لوگوں سے پیارا اور مجلس کے لحاظ سے نزدیک تر انصاف کرنے والا حاکم ہوگا اور قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام لوگوں سے بُرا، سب سے زیادہ عذاب کا مستحق اور دوسری روایت میں ہے کہ بلحاظ مجلس سب سے دور ظالم حکمران ہوگا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۳۵۳۴ ۴۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْجِهَادِ مَنْ قَالَ كَلِمَةَ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ طَارِقِ ابْنِ شِهَابٍ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ افضل جہاد ہے جس نے ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہی۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، احمد) اور نسائی نے اسے حضرت طارق بن شہاب سے روایت کیا۔

۳۵۳۵ ۴۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِالْأَمِيْرِ خَيْرًا جَعَلَ لَهُ وَزِيْرَ صِدْقٍ فَإِنْ نَسِيَ ذَكَّرَهُ وَإِنْ ذَكَرَ أَعَانَهُ وَإِذَا أَرَادَ بِهِ غَيْرَ ذٰلِكَ جَعَلَ لَهُ وَزِيْرَ سُوْءٍ إِنْ نَسِيَ لَمْ يُذَكِّرْهُ وَإِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی امیر کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اُس کے لیے سچا وزیر مقرر فرما دیتا ہے تاکہ وہ بھولے تو یاد کروا دے اور کسی بات کے لیے کہے تو اُس کی مدد کرے اور جب کسی کے لیے اس کے برعکس ارادہ کرے تو اُس کے لیے بُرا وزیر مقرر فرما دیتا ہے کہ بھولے تو وہ یاد نہیں کرواتا اور کسی بات کا ذکر کرے تو اُس کی مدد نہیں کرتا۔ (ابوداؤد، نسائی)

۳۵۳۶ ۴۶ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْأَمِيْرَ إِذَا ابْتَغَى الرِّيْبَةَ فِي النَّاسِ أَفْسَدَهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک حاکم جب لوگوں میں شک و شبہ تلاش کرنے لگے تو اُنھیں خراب کر دیتا ہے۔ (ابوداؤد)

۳۵۳۷ ۴۷ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّكَ إِذَا اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ أَفْسَدْتَهُمْ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم لوگوں کی چھپی ہوئی باتیں کھوجو گے تو انھیں خراب کر دو گے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

www.alahazratnetwork.org


۳۵۳۸/۴۸ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ اَنْتُمْ وَاَئِمَّۃٌ مِّنْ بَعْدِیْ یَسْتَاْثِرُوْنَ بِھٰذَا الْفَیْءِ قُلْتُ اَمَا وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ اَضَعُ سَیْفِیْ عَلٰی عَاتِقِیْ ثُمَّ اَضْرِبُ بِہٖ حَتّٰی اَلْقَاکَ قَالَ اَوَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی خَیْرٍ مِّنْ ذٰلِکَ تَصْبِرُ حَتّٰی تَلْقَانِیْ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کیا حال ہوگا جب میرے بعد حکمران اس فَے کے معاملے میں دوسروں کو ترجیح دیں گے۔ میں عرض گزار ہوا: قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، میں اپنی تلوار اپنے کندھے پر رکھ لوں گا اور اس کے ساتھ لڑتا رہوں گا یہاں تک کہ آپ سے جا ملوں۔ فرمایا کہ کیا میں تمہیں اس سے بہتر بات بتاؤں۔ مجھ سے ملنے تک صبر سے کام لینا۔ (ابوداؤد)۔

## تیسری فصل

۳۵۳۹/۴۹ عَنْ عَائِشَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَنِ السَّابِقُوْنَ اِلٰی ظِلِّ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالُوْا اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ الَّذِیْنَ اِذَا اُعْطُوا الْحَقَّ قَبِلُوْہُ وَاِذَا سُئِلُوْہُ بَذَلُوْہُ وَحَکَمُوْا لِلنَّاسِ کَحُکْمِھِمْ لِاَنْفُسِھِمْ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ قیامت کے روز اللہ عزوجل کے سائے کی طرف سبقت کرنے والے کون لوگ ہیں؟ ہم عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُنہیں حق دیا جائے تو قبول کر لیتے ہیں، جب اُن سے سوال کیا جائے تو خرچ کرتے ہیں اور لوگوں کا اُسی طرح حکم دیتے ہیں جیسے اپنی ذات کا حکم کرتے ہیں۔

۳۵۴۰/۵۰ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ثَلٰثَۃٌ اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِی الْاِسْتِسْقَاءُ بِالْاَنْوَاءِ وَحَیْفُ السُّلْطَانِ وَتَکْذِیْبٌ بِالْقَدَرِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اپنی اُمت پر تین چیزوں سے ڈرتا ہوں، برجوں سے بارش مانگنا، بادشاہ کا ظلم کرنا اور تقدیر کا انکار کرنا۔ (احمد)

۳۵۴۱/۵۱ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سِتَّۃَ اَیَّامٍ اَعْقِلْ یَا اَبَاذَرٍّ مَا یُقَالُ لَکَ بَعْدُ فَلَمَّا کَانَ الْیَوْمُ السَّابِعُ قَالَ اُوْصِیْکَ بِتَقْوَی اللّٰہِ فِیْ سِرِّ اَمْرِکَ وَعَلَانِیَتِہٖ وَاِذَا اَسَاْتَ فَاَحْسِنْ وَلَا تَسْاَلَنَّ اَحَدًا شَیْئًا وَّاِنْ سَقَطَ سَوْطُکَ وَلَا تَقْبِضْ اَمَانَۃً وَّلَا تَقْضِ بَیْنَ اثْنَیْنِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے چھ روز تک فرمایا: اے ابوذر! تم سے جو کچھ کہا جائے اُس میں غور کرنا۔ جب ساتواں روز ہوا تو فرمایا: میں ظاہر و باطن میں تمہیں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ جب تم سے کوئی بُرا کام ہو جائے تو نیکی کرو اور کسی سے کسی چیز کا سوال نہ کرنا خواہ تمہارا کوڑا ہی گر پڑے اور کسی کی امانت اپنے پاس رکھنا اور دو آدمیوں کے درمیان فیصلے کی ذمہ داری نہ اُٹھانا۔ (احمد)

۳۵۴۲/۵۲ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَا مِنْ رَّجُلٍ یَّلِیْ اَمْرَ عَشَرَۃٍ فَمَا فَوْقَ ذٰلِکَ اِلَّا اَتَاہُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مَغْلُوْلًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَدُہٗ اِلٰی عُنُقِہٖ فَکَّہٗ بِرُّہٗ اَوْ اَوْبَقَہٗ اِثْمُہٗ اَوَّلُھَا مَلَامَۃٌ وَّاَوْسَطُھَا نَدَامَۃٌ وَّاٰخِرُھَا خِزْیٌ یَّوْمَ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی نہیں جو دس یا زیادہ آدمیوں پر حاکم بنے مگر قیامت میں اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہوگا کہ گلے میں طوق پڑا ہوا ہوگا اُس کا ہاتھ گردن سے لگا ہوا ہوگا۔ اُس کی نیکی اُسے چھڑائے گی یا اُس کا گناہ اُسے ہلاک کرے گا۔ اس کا اوّل ملامت، اوسط ندامت اور آخر قیامت میں

www.alahazratnetwork.org



الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

٣٥٤٣/٥٣ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاوِيَةُ إِنْ وُلِّيْتَ أَمْرًا فَاتَّقِ اللّٰهَ وَاعْدِلْ قَالَ فَمَا زِلْتُ أَظُنُّ أَنِّيْ مُبْتَلًى بِعَمَلٍ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى ابْتُلِيْتُ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

٣٥٤٤/٥٤ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ رَأْسِ السَّبْعِيْنَ وَإِمَارَةِ الصِّبْيَانِ رَوَى الْأَحَادِيْثَ السِّتَّةَ۔ (أَحْمَدُ وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ حَدِيْثَ مُعَاوِيَةَ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

٣٥٤٥/٥٥ وَعَنْ يَحْيَى ابْنِ هَاشِمٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا تَكُوْنُوْنَ كَذٰلِكَ يُؤَمَّرُ عَلَيْكُمْ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

٣٥٤٦/٥٦ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ السُّلْطَانَ ظِلُّ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ يَأْوِيْ إِلَيْهِ كُلُّ مَظْلُوْمٍ مِنْ عِبَادِهٖ فَإِذَا عَدَلَ كَانَ لَهُ الْأَجْرُ وَعَلَى الرَّعِيَّةِ الشُّكْرُ وَإِذَا جَارَ كَانَ عَلَيْهِ الْإِصْرُ وَعَلَى الرَّعِيَّةِ الصَّبْرُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

٣٥٤٧/٥٧ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَفْضَلَ عِبَادِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِمَامٌ عَادِلٌ رَفِيْقٌ وَإِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِمَامٌ جَائِرٌ خَرِقٌ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

٣٥٤٨/٥٨ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَظَرَ إِلٰى أَخِيْهِ نَظْرَةً يُخِيْفُهٗ أَخَافَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَى الْأَحَادِيْثَ الْأَرْبَعَةَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِ

رسوائی ہے (احمد)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاویہ اگر تمہیں کسی کام کا والی بنایا جائے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں ہمیشہ یہی گمان کرتا رہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے فرمانے کے بموجب میں کسی کام میں مبتلا ہو کر رہوں گا یہاں تک کہ مجھے مبتلا کر دیا گیا۔ (احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سن ستر کی ابتدا اور لڑکوں کی حکومت سے اللہ کی پناہ مانگو۔ مذکورہ چھ حدیثوں کو امام احمد نے روایت کیا جبکہ حدیث معاویہ کو بیہقی نے دلائل النبوۃ میں روایت کیا۔

یحیٰی بن ہاشم، یونس بن اسحاق، اُن کے والد ماجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جیسے تم ہو جاؤ گے اسی طرح کے تم پر حاکم مقرر کیے جائیں گے۔

(بیہقی)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک بادشاہ زمین میں اللہ تعالٰی کا سایہ ہوتا ہے جس کے پاس بندوں میں سے ہر مظلوم آتا ہے۔ جب وہ انصاف کرے تو اُسے ثواب ملتا ہے اور ہر رعیت پر شکر لازم ہے اور جب ظلم کرے تو اُس پر بوجھ ہے اور رعایا پر صبر لازم ہے۔

(بیہقی)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک قیامت کے روز مرتبے کے لحاظ سے اللہ تعالٰی کے نزدیک اللہ کے بندوں میں انصاف اور نرمی کرنے والا حکمران افضل ہوگا اور قیامت کے روز مرتبے کے لحاظ سے اللہ تعالٰی کے نزدیک بدترین ظلم اور سختی کرنے والا حکمران ہوگا۔ (بیہقی)۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بھائی کی طرف ڈرانے والی نظر سے دیکھے تو قیامت کے روز اللہ تعالٰی اُسے ڈرائے گا۔ ان چاروں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا اور حدیث یحیٰی کے متعلق کہا کہ یہ منقطع

www.alahazratnetwork.org



يَحْيٰى هٰذَا مُنْقَطِعٌ وَّرِوَايَتُهٗ ضَعِيْفٌ)

٣٥٤٩ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
٥٩ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَنَا اللّٰهُ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا مَالِكُ الْمُلُوْكِ وَمَلِكُ الْمُلُوْكِ قُلُوْبُ
الْمُلُوْكِ فِيْ يَدِيْ وَاِنَّ الْعِبَادَ اِذَا اَطَاعُوْنِيْ حَوَّلْتُ
قُلُوْبَ مُلُوْكِهِمْ عَلَيْهِمْ بِالرَّحْمَةِ وَالرَّأْفَةِ وَاِنَّ
الْعِبَادَ اِذَا عَصَوْنِيْ حَوَّلْتُ قُلُوْبَهُمْ بِالسَّخْطَةِ وَ
النِّقْمَةِ فَسَامُوْهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ فَلَا تَشْغَلُوْا
اَنْفُسَكُمْ بِالدُّعَآءِ عَلَى الْمُلُوْكِ وَلٰكِنِ اشْغَلُوْا
اَنْفُسَكُمْ بِالذِّكْرِ وَالتَّضَرُّعِ كَيْ اَكْفِيَكُمْ مُلُوْكَكُمْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

ہے اور اس کی روایت ضعیف ہے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ میں ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں، میں بادشاہوں کا مالک اور بادشاہوں کا بادشاہ ہوں۔ بادشاہوں کے دل میرے ہاتھ میں ہیں۔ جب بندے میرا حکم مانتے ہیں تو ان کے بادشاہوں کے دل ان پر مہربانی اور نرمی کی طرف پھیر دیتا ہوں اور جب وہ میری نافرمانی کرتے ہیں تو ان (بادشاہوں) کے دلوں کو سختی اور زیادتی کی طرف پھیر دیتا ہوں تو وہ انھیں برا عذاب پہنچاتے ہیں۔ تو تم اپنے آپ کو بادشاہوں پر بددعا کرنے میں مشغول نہ کرو۔ پس اپنے نفسوں کو ذکر اور عاجزی میں مشغول رکھو تاکہ میں تمہارے بادشاہوں سے کفایت کروں۔ اسے ابو نعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ مَا عَلَى الْوُلَاةِ مِنَ التَّيْسِيْرِ

## حکام کے لیے ضروری ہے کہ آسانی پیدا کریں

### پہلی فصل

٣٥٥٠ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
١ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ فِيْ بَعْضِ
اَمْرِهٖ قَالَ بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَيَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے کسی صحابی کو کسی کام کے لیے بھیجتے تو فرماتے: خوش کرنا اور متنفر نہ کر دینا۔ آسانی پیدا کرنا اور مشکل میں مبتلا نہ کر دینا۔
(متفق علیہ)

٣٥٥١ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
٢ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَكِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آسانی پیدا کرنا اور مشکل میں نہ پھنسانا۔ تسکین دینا اور نفرت پیدا نہ کرنا۔ (متفق علیہ)۔

٣٥٥٢ وَعَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
٣ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَدَّهٗ اَبَا مُوْسٰى وَمُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ
يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا وَلَا
تَخْتَلِفَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابو بردہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے جد امجد حضرت ابو موسیٰ اور حضرت معاذ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا: آسانی پیدا کرنا اور مشکل میں نہ ڈالنا، خوش کرنا اور نفرت نہ دلانا۔ دونوں اتفاق سے رہنا اور اختلاف نہ کرنا۔ (متفق علیہ)

٣٥٥٣ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
٤

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهٗ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک عہد شکن کے لیے قیامت کے روز ایک جھنڈا کھڑا کیا جائے گا۔ چنانچہ کہا جائے گا کہ یہ فلاں بن فلاں کی وعدہ خلافی ہے۔ (متفق علیہ)

۳۵۵۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُعْرَفُ بِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز ہر عہد شکن کے لیے ایک جھنڈا ہوگا جس کے ذریعے اُسے پہچانا جائے گا۔ (متفق علیہ)

۳۵۵۵ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ عِنْدَ اسْتِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرْفَعُ لَهٗ بِقَدْرِ غَدْرِهٖ اَلَا وَلَا غَادِرَ اَعْظَمُ غَدْرًا مِّنْ اَمِيْرِ عَامَّةٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر عہد شکن کے لیے اُس کے سرین کے نزدیک بروز قیامت ایک جھنڈا ہوگا۔ دوسری روایت میں ہے کہ قیامت کے روز ہر عہد شکن کا جھنڈا ہوگا جس کو وہ اپنی وعدہ خلافی کے مطابق بلند کرے گا۔ آگاہ رہو کہ عوام کے حکمران کی غداری سے بڑھ کر کوئی غدار نہیں۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۳۵۵۶ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اَنَّهٗ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ شَيْئًا مِّنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاحْتَجَبَ دُوْنَ حَاجَتِهِمْ وَخَلَّتِهِمْ وَفَقْرِهِمُ احْتَجَبَ اللّٰهُ دُوْنَ حَاجَتِهٖ وَخَلَّتِهٖ وَفَقْرِهٖ فَجَعَلَ مُعَاوِيَةُ رَجُلًا عَلٰى حَوَائِجِ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِاَحْمَدَ اَغْلَقَ اللّٰهُ لَهٗ اَبْوَابَ السَّمَاءِ دُوْنَ خَلَّتِهٖ وَحَاجَتِهٖ وَمَسْكَنَتِهٖ)

حضرت عمرو بن مرّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت معاویہ سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جس کو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے کسی کام کا والی بنائے اور وہ اُن کی ضرورت اور تنگ دستی کے سامنے آڑ کھڑی کر دے تو اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت، ضرورت اور تنگ دستی کے سامنے آڑ کھڑی کر دیتا ہے۔ پس حضرت معاویہ نے لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے آدمی مقرر کر دیے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور ترمذی نے جبکہ ترمذی اور احمد کی ایک روایت میں ہے: اللہ تعالیٰ آسمان کے دروازے اُس کی ضرورت، حاجت اور محتاجی کے سامنے آڑ کھڑی کر دیتا ہے۔

## تیسری فصل

۳۵۵۷ عَنْ اَبِي الشَّمَّاخِ الْاَزْدِيِّ عَنِ ابْنِ عَمٍّ لَّهٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَتٰى مُعَاوِيَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وَّلِيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا ثُمَّ اَغْلَقَ بَابَهٗ دُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَوِ الْمَظْلُوْمِ اَوْ ذِي الْحَاجَةِ اَغْلَقَ اللّٰهُ دُوْنَهٗ اَبْوَابَ رَحْمَتِهٖ عِنْدَ

ابو شماخ ازدی، اُن کے چچازاد بھائی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت معاویہ کے پاس آئے اور کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جس کو مسلمانوں کے کسی کام کا والی بنایا گیا، پھر وہ مسلمانوں، مظلوموں اور حاجت مندوں کے لیے اپنا دروازہ بند کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت کے وقت اپنی رحمت کے دروازے بند کرے گا جبکہ اُس کی محتاجی لوگوں کی محتاجی سے بڑھ

www.alahazratnetwork.org



حَاجَتِہِمْ وَفَقْرِہٖ اَفْقَرَ مَا یَکُوْنُ عَلَیْہِ۔
(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

کر ہوگی۔
(بیہقی)

۳۵۵۸ (۹) وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّہٗ کَانَ اِذَا بَعَثَ عُمَّالَہٗ شَرَطَ عَلَیْہِمْ اَنْ لَّا تَرْکَبُوْا بِرْذَوْنًا وَلَا تَاْکُلُوْا نَقِیًّا وَلَا تَلْبَسُوْا رَقِیْقًا وَلَا تُغْلِقُوْا اَبْوَابَکُمْ دُوْنَ حَوَائِجِ النَّاسِ فَاِنْ فَعَلْتُمْ شَیْئًا مِّنْ ذٰلِکَ فَقَدْ حَلَّتْ بِکُمُ الْعُقُوْبَۃُ ثُمَّ یُشَیِّعُہُمْ۔
(رَوَاہُمَا الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب وہ کسی کو عامل بنا کر بھیجتے تو شرط لگا دیتے کہ ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہونا۔ میدے کی روٹی نہ کھانا۔ باریک کپڑے نہ پہننا اور ضرورت مند لوگوں کے لیے اپنے دروازے بند نہ کرنا۔ اگر تم نے ان میں سے کوئی کام کیا تو تمہیں سزا دی جائے گی۔ پھر انھیں رخصت کرتے۔ ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ الْعَمَلِ فِی الْقَضَاءِ وَالْخَوْفِ مِنْہُ

## قضا کا کام کرنا اور اُس سے ڈرنے کا بیان

### پہلی فصل

۳۵۵۹ (۱) عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا یَقْضِیَنَّ حَکَمٌ بَیْنَ اثْنَیْنِ وَھُوَ غَضْبَانُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ غصے کی حالت کے اندر کوئی شخص دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ کرے (متفق علیہ)

۳۵۶۰ (۲) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرٍو وَّاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا حَکَمَ الْحَاکِمُ فَاجْتَہَدَ وَاَصَابَ فَلَہٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَکَمَ فَاجْتَہَدَ وَاَخْطَاَ فَلَہٗ اَجْرٌ وَّاحِدٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب حاکم اپنے اجتہاد سے فیصلہ کرے اور وہ درست ہو تو اُس کے لیے دگنا اجر ہے اور جب اپنے اجتہاد سے فیصلہ کرے اور اُس میں غلطی ہو جائے تو اُس کے لیے اکہرا ثواب ہے۔ (متفق علیہ)

### دوسری فصل

۳۵۶۱ (۳) عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ جُعِلَ قَاضِیًا بَیْنَ النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَیْرِ سِکِّیْنٍ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو لوگوں کے درمیان قاضی بنایا گیا تو وہ چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔
(ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۵۶۲ (۴) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَغَى الْقَضَاءَ وَسَأَلَ وُكِّلَ إِلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أُكْرِهَ عَلَيْهِ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ -
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قاضی کا عہدہ تلاش کرے اور مانگے تو وہ اس کے نفس کے سپرد کر دیا جائے گا اور جو اس پر مجبور کیا جائے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ نازل فرما دیتا ہے جو اُسے راہِ راست پر رکھتا ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)۔

٣٥٦٣ ٥ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُضَاةُ ثَلٰثَةٌ وَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ وَاثْنَانِ فِي النَّارِ فَأَمَّا الَّذِيْ فِي الْجَنَّةِ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضٰى بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ قَضٰى لِلنَّاسِ عَلٰى جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ -
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قضا تین قسم کی ہے۔ ایک جنت میں اور دو جہنم میں لے جاتی ہیں۔ جنت میں وہ لے جاتی ہے کہ آدمی حق کو پہچان کر اس کے مطابق فیصلہ کرے اور جس نے حق کو پہچان کر فیصلے میں ناانصافی کی تو وہ جہنم میں ہے اور جس نے لوگوں کے فیصلے حق سے بے خبر رہ کر کیے وہ بھی جہنم میں ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)۔

٣٥٦٤ ٦ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى يَنَالَهٗ ثُمَّ غَلَبَ عَدْلُهٗ جَوْرَهٗ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ غَلَبَ جَوْرُهٗ عَدْلَهٗ فَلَهُ النَّارُ -
(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسلمانوں کا عہدۂ قضا تلاش کیا اور اُسے حاصل کر لیا، پھر اس کا انصاف اس کے ظلم پر غالب رہے تو اس کے لیے جنت ہے اور جس کا ظلم اس کے انصاف پر غالب رہے تو اس کے لیے جہنم ہے۔ (ابوداؤد)۔

٣٥٦٥ ٧ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهٗ إِلَى الْيَمَنِ قَالَ كَيْفَ تَقْضِيْ إِذَا عَرَضَ لَكَ قَضَاءٌ قَالَ أَقْضِيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَإِنْ لَّمْ تَجِدْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنْ لَّمْ تَجِدْ فِيْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَجْتَهِدُ رَأْيِيْ وَلَا اٰلُوْ قَالَ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صَدْرِهٖ وَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَفَّقَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا يَرْضٰى بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ -
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا: جب تمہارے سامنے کوئی قضیہ پیش کیا گیا تو کس طرح فیصلہ کرو گے؟ عرض گزار ہوئے کہ میں اللہ کی کتاب کے ساتھ فیصلہ کروں گا۔ فرمایا کہ اگر تم اللہ کی کتاب میں نہ پاؤ؟ عرض گزار ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے ساتھ۔ فرمایا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت میں نہ پاؤ؟ عرض گزار ہوئے کہ اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور کوتاہی نہیں کروں گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے سینے پر تھپکی دی اور فرمایا: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے شخص کو وہ توفیق دی جو اللہ کے رسول کو راضی کرے۔ (ترمذی، ابوداؤد، دارمی)۔

٣٥٦٦ ٨ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ قَاضِيًا فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُرْسِلُنِيْ وَأَنَا حَدِيْثُ السِّنِّ وَلَا عِلْمَ لِيْ بِالْقَضَاءِ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِيْ قَلْبَكَ وَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ إِذَا تَقَاضٰى

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے قاضی بنا کر یمن کی طرف بھیجا تو میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں حالانکہ میں کم عمر ہوں اور مجھے قضا کا علم بھی نہیں۔ فرمایا کہ ضرور اللہ تعالیٰ تمہارے دل کو راہ دکھائے گا اور تمہاری زبان کو ثابت

www.alahazratnetwork.org



فَاِنَّہٗ اَحْرٰی اَنْ یَّتَبَیَّنَ لَکَ الْقَضَآءُ قَالَ فَمَا شَکَکْتُ فِیْ قَضَآءٍ بَعْدُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ) وَسَنَذْکُرُ حَدِیْثَ اُمِّ سَلَمَۃَ اِنَّمَا اَقْضِیْ بَیْنَکُمْ بِرَاْیِیْ فِیْ بَابِ الْاَقْضِیَۃِ وَالشَّھَادَاتِ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

کہ فیصلہ نہ کر دینا جبکہ دوسرے کی بات بھی سُننا کیونکہ فیصلے کو تمہارے لیے واضح کرنے میں اس سے بہت مدد ملے گی۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد مجھے فیصلہ کرنے میں شک بھی نہیں گزرا۔ (ترمذی، ابو داؤد، ابنِ ماجہ)

## تیسری فصل

٣٥٦٧ (٩) عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ حَاکِمٍ یَّحْکُمُ بَیْنَ النَّاسِ اِلَّا جَآءَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَمَلَکٌ اٰخِذٌ بِقَفَاہُ ثُمَّ یَرْفَعُ رَاْسَہٗ اِلَی السَّمَآءِ فَاِنْ قَالَ اَلْقِہٖ اَلْقَاہُ فِیْ مَھْوَاۃٍ اَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حاکم نہیں جو لوگوں کے درمیان فیصلہ کرتا ہو مگر قیامت کے روز آئے گا کہ فرشتے نے اُسے گردن سے پکڑا ہوا ہوگا۔ پھر اپنا سر آسمان کی طرف اٹھائے گا۔ اگر کہا کہ اسے ڈال دو تو فرشتہ ایسے گڑھے میں ڈالے گا جس کی گہرائی چالیس برس کی ہوگی۔ (احمد، ابنِ ماجہ، بیہقی فی شعب الایمان)

٣٥٦٨ (١٠) وَعَنْ عَآئِشَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَاْتِیَنَّ عَلَی الْقَاضِی الْعَدْلِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَتَمَنّٰی اَنَّہٗ لَمْ یَقْضِ بَیْنَ اثْنَیْنِ فِیْ تَمْرَۃٍ قَطُّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انصاف کرنے والا قاضی قیامت کے روز آئے گا اور تمنا کرے گا کہ کاش! اُس نے دو آدمیوں کے درمیان ایک کھجور کا فیصلہ بھی نہ کیا ہوتا۔ (احمد)

٣٥٦٩ (١١) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْقَاضِیْ مَا لَمْ یَجُرْ فَاِذَا جَارَ تَخَلّٰی عَنْہُ وَلَزِمَہُ الشَّیْطٰنُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَاِذَا جَارَ وَکَلَہٗ اِلٰی نَفْسِہٖ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بےشک قاضی کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہے جب تک وہ ظلم نہ کرے۔ جب ظلم کرتا ہے تو وہ الگ ہو جاتا ہے اور شیطان اُس سے چمٹ جاتا ہے (ترمذی، ابنِ ماجہ) ایک روایت میں ہے کہ جب ظلم کرے تو اُسے اُس کے نفس کے سپرد کر دیتا ہے۔

٣٥٧٠ (١٢) وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ اَنَّ مُسْلِمًا وَّیَھُوْدِیًّا اخْتَصَمَا اِلٰی عُمَرَ فَرَاٰی الْحَقَّ لِلْیَھُوْدِیِّ فَقَضٰی لَہٗ عُمَرُ بِہٖ فَقَالَ لَہُ الْیَھُوْدِیُّ وَاللّٰہِ لَقَدْ قَضَیْتَ بِالْحَقِّ فَضَرَبَہٗ عُمَرُ بِالدِّرَّۃِ وَقَالَ وَمَا یُدْرِیْکَ فَقَالَ الْیَھُوْدِیُّ وَاللّٰہِ اِنَّا نَجِدُ فِی التَّوْرٰٮۃِ اَنَّہٗ لَیْسَ قَاضٍ یَّقْضِیْ بِالْحَقِّ اِلَّا کَانَ عَنْ یَّمِیْنِہٖ مَلَکٌ وَّعَنْ شِمَالِہٖ مَلَکٌ یُسَدِّدَانِہٖ وَیُوَفِّقَانِہٖ لِلْحَقِّ مَا دَامَ مَعَ الْحَقِّ فَاِذَا تَرَکَ الْحَقَّ عَرَجَا وَتَرَکَاہُ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ)

سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ ایک مسلمان اور ایک یہودی نے اپنا جھگڑا حضرت عمر کی بارگاہ میں پیش کیا۔ انھوں نے حق یہودی کا دیکھا تو اُس کے لیے فیصلہ کر دیا۔ یہودی نے اُن سے کہا کہ خدا کی قسم، آپ نے حق کے ساتھ فیصلہ کیا۔ حضرت عمر نے اُسے کوڑا مار کر فرمایا: تمہیں کیسے معلوم ہوا؟ یہودی نے کہا: خدا کی قسم ہم توریت میں پاتے ہیں کہ کوئی قاضی نہیں جو حق کے ساتھ فیصلہ کرے مگر اُس کے دائیں جانب فرشتہ ہوتا ہے اور بائیں جانب بھی۔ وہ دونوں اُسے راہِ راست پر رکھتے اور حق کی توفیق دیتے ہیں جب تک وہ حق پر رہتا ہے۔ جب حق کو چھوڑ دے تو وہ اُسے چھوڑ کر اوپر چڑھ جاتے ہیں۔ (مالک)

www.alahazratnetwork.org



٣٥٧١ ١٣ وَعَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ اقْضِ بَيْنَ النَّاسِ قَالَ اَوَتُعَافِيْنِيْ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ وَمَا تَكْرَهُ مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ كَانَ اَبُوْكَ يَقْضِيْ قَالَ لِاَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ قَاضِيًا فَقَضٰى بِالْعَدْلِ فَبِالْحَرِيِّ اَنْ يَّنْقَلِبَ مِنْهُ كَفَافًا فَمَا رَاجَعَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةِ رَزِيْنٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ لِعُثْمَانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَا اَقْضِيْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ قَالَ فَاِنَّ اَبَاكَ كَانَ يَقْضِيْ فَقَالَ اِنَّ اَبِيْ لَوْ اُشْكِلَ عَلَيْهِ شَيْءٌ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ اُشْكِلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سَاَلَ جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاِنِّيْ لَا اَجِدُ مَنْ اَسْاَلُهُ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ عَاذَ بِاللّٰهِ فَقَدْ عَاذَ بِعَظِيْمٍ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَنْ عَاذَ بِاللّٰهِ فَاَعِيْذُوْهُ وَاِنِّيْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ تَجْعَلَنِيْ قَاضِيًا فَاَعْفَاهُ وَقَالَ عُثْمَانُ لَا تُخْبِرْ اَحَدًا۔

ابن موہب سے روایت ہے کہ حضرت عثمان نے حضرت ابن عمر سے کہا کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا کرو۔ کہا کہ اے امیر المؤمنین! مجھے معاف رکھیے۔ فرمایا کہ تم اسے کیوں ناپسند کرتے ہو جبکہ تمہارے والد ماجد فیصلے کیا کرتے تھے۔ عرض گزار ہوئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، جو قاضی ہو اور انصاف کے ساتھ فیصلے کرے تو زیادہ سے زیادہ اس لائق ہے کہ برابر ہو چھوٹے۔ چنانچہ اس کے بعد اُن سے نہ کہا (ترمذی) رزین میں نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر نے حضرت عثمان سے کہا، اے امیر المؤمنین! میں دو آدمیوں کے درمیان بھی فیصلہ نہیں کروں گا۔ فرمایا کہ تمہارے والد محترم تو فیصلے کیا کرتے تھے۔ عرض گزار ہوئے کہ والد ماجد کو جب کوئی مشکل پیش آتی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کر لیا کرتے اور اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی اشکال پیش آتا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام سے پوچھ لیتے لیکن مجھے کوئی نہیں ملتا جس سے پوچھوں۔ جبکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جس نے اللہ کی پناہ لی اس نے بہت بڑی ذات کی پناہ لی اور فرماتے ہوئے سُنا کہ جو اللہ کے نام پر پناہ مانگے تو اُسے پناہ دے دو اور میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ آپ مجھے قاضی بنائیں پس انہیں معاف رکھا گیا اور فرمایا کسی کو نہ بتلانا۔

# بَابُ رِزْقِ الْوُلَاةِ وَهَدَايَاهُمْ

## حُکّام کی روزی اور اُن کے تحفوں کا بیان

### پہلی فصل

٣٥٧٢ ١ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُعْطِيْكُمْ وَلَا اَمْنَعُكُمْ اَنَا قَاسِمٌ اَضَعُ حَيْثُ اُمِرْتُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ میں تمہیں دیتا ہوں اور نہ دینے سے روکتا ہوں بلکہ میں تو تقسیم کرنے والا ہوں، وہاں چیز کو رکھتا ہوں جہاں کے لیے حکم دیا جاتا ہے۔ (بخاری)

٣٥٧٣ ٢ وَعَنْ خَوْلَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رِجَالًا يَّتَخَوَّضُوْنَ فِيْ مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت خولہ انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض لوگ اللہ کے مال پر بغیر حق کے قبضہ جما لیتے ہیں۔ قیامت کے روز وہ جہنم میں جائیں گے۔ (بخاری)۔

www.alahazratnetwork.org



٣٥٧٤ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اسْتُخْلِفَ اَبُوْبَكْرٍ
٣ قَالَ لَقَدْ عَلِمَ قَوْمِيْ اَنَّ حِرْفَتِيْ لَمْ تَكُنْ تَعْجِزُ عَنْ مُؤْنَةِ
اَهْلِيْ وَشُغِلْتُ بِاَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَسَيَاْكُلُ اٰلُ اَبِيْ بَكْرٍ
مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَيَحْتَرِفُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رونق افزائے خلافت ہوئے تو فرمایا: میری قوم بخوبی جانتی ہے کہ میرا ذریعہ معاش میرے گھر والوں کے اخراجات سے عاجز نہیں تھا لیکن مجھے مسلمانوں کے کام میں مشغول کر دیا گیا پس ابوبکر کے اہل و عیال اس مال سے کھائیں گے اور میں اس میں مسلمانوں کی خدمت کروں گا۔ (بخاری)

## دوسری فصل

٣٥٧٥ عَنْ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
٤ قَالَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَرَزَقْنَاهُ رِزْقًا فَمَا
اَخَذَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ غُلُوْلٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو ہم کسی کام کا عامل بنائیں اور اس پر جو روزی اُسے دیں تو جو اس کے بعد اور لے گا تو وہ خیانت ہے۔

(ابوداؤد)

٣٥٧٦ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
٥ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَمَّلَنِيْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں عامل رہا تو مجھے حق محنت دیا گیا۔

(ابوداؤد)

٣٥٧٧ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
٦ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَلَمَّا سِرْتُ اَرْسَلَ فِيْ اَثَرِيْ
فَرُدِدْتُ فَقَالَ اَتَدْرِيْ لِمَ بَعَثْتُ اِلَيْكَ لَا تُصِيْبَنَّ
شَيْئًا بِغَيْرِ اِذْنِيْ فَاِنَّهُ غُلُوْلٌ وَمَنْ يَغْلُلْ يَاْتِ بِمَا
غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِهٰذَا دَعَوْتُكَ فَامْضِ لِعَمَلِكَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف بھیجا۔ جب میں چل دیا تو بلانے کے لیے آپ نے میرے پیچھے آدمی بھیجا۔ میں واپس آیا تو فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ میں نے اُسے تمہاری طرف کیوں بھیجا؟ میری اجازت کے بغیر کوئی چیز نہ لینا کیونکہ یہ خیانت ہے اور جو خیانت کرے تو وہ اپنی خیانت کے ساتھ قیامت کے روز حاضر ہوگا۔ اس لیے تمہیں بلایا تھا، اب اپنے کام پر جاؤ۔ (ترمذی)۔

٣٥٧٨ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ
٧ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ لَنَا عَامِلًا
فَلْيَكْتَسِبْ زَوْجَةً فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهٗ خَادِمٌ فَلْيَكْتَسِبْ
خَادِمًا فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهٗ مَسْكَنٌ فَلْيَكْتَسِبْ مَسْكَنًا
وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنِ اتَّخَذَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَهُوَ غَالٌّ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو ہمارا عامل ہو تو وہ بیوی کر لے اگر اس کے پاس خادم نہ ہو تو خادم رکھ لے۔ اگر اس کی رہائش گاہ نہ ہو تو مکان بنا لے۔ ایک روایت میں ہے کہ جو اس کے سوا لے گا وہ خائن ہے۔

(ابوداؤد)

٣٥٧٩ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَمِيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
٨ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عُمِّلَ مِنْكُمْ
لَنَا عَلٰى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِنْهُ مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ فَهُوَ غَالٌّ

حضرت عدی بن عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! تم میں سے جس کو ہم کسی کام کے لیے عامل بنائیں۔ پس وہ ہم سے سوئی یا اس سے زیادہ چیز بھی چھپائے تو وہ

www.alahazratnetwork.org



يَأْتِيْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْبَلْ عَنِّيْ عَمَلَكَ قَالَ وَمَا ذَاكَ قَالَ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَاَنَا اَقُوْلُ ذٰلِكَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَاْتِ بِقَلِيْلِهٖ وَكَثِيْرِهٖ فَمَا اُوْتِيَ مِنْهُ اَخَذَهٗ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَّاَبُوْ دَاوٗدَ وَاللَّفْظُ لَهٗ)

خائن ہے قیامت کے روز اُسے لے کر حاضر ہوگا۔ پس انصار سے ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! مجھ سے عامل کا عہدہ واپس لے لیجئے۔ فرمایا کس لیے؟ عرض گزار ہوا کہ میں نے آپ کو یہ کچھ فرماتے ہوئے سُنا ہے۔ فرمایا کہ میں یہ کہتا ہوں کہ جس کو ہم کسی کام کے لیے عامل بنائیں تو وہ لے آئے خواہ تھوڑا مال ہو یا زیادہ۔ پس جو اُسے دیا گیا ہے وہ لے اور جس سے روکا گیا ہے اُس سے رک جائے۔ اِسے مسلم اور ابوداؤد نے روایت کیا اور یہ الفاظ ابوداؤد کے ہیں۔

۳۵۸۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[9] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ عَنْهُ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ ثَوْبَانَ وَزَادَ وَالرَّائِشَ يَعْنِي الَّذِيْ يَمْشِيْ بَيْنَهُمَا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے اِن سے روایت کی اور حضرت ابوہریرہ سے بھی اور روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ثوبان سے اور یہ بھی کہا کہ آلرَّائِش پر بھی یعنی جو دونوں کے درمیان واسطہ بنے۔

۳۵۸۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ[10] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ اجْمَعْ عَلَيْكَ سِلَاحَكَ وَثِيَابَكَ ثُمَّ ائْتِنِيْ قَالَ فَاَتَيْتُهٗ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ فَقَالَ يَا عَمْرُو اِنِّيْ اَرْسَلْتُ اِلَيْكَ لِاَبْعَثَكَ فِيْ وَجْهٍ يُسَلِّمُكَ اللّٰهُ وَيُغْنِمُكَ وَاَزْعَبُ لَكَ زَعْبَةً مِّنَ الْمَالِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَانَتْ هِجْرَتِيْ لِلْمَالِ وَمَا كَانَتْ اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ قَالَ نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوٰى اَحْمَدُ نَحْوَهٗ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ لِلرَّجُلِ الصَّالِحِ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے لیے پیغام بھیجا کہ اپنے ہتھیار لگا کر اور کپڑے پہن کر میرے پاس آؤ۔ میں حاضرِ خدمت ہوا تو آپ وضو فرما رہے تھے۔ فرمایا اے عمرو! میں نے تمہیں اس لیے بلایا ہے کہ تمہیں ایک جانب بھیجوں اور اللہ تعالیٰ تمہیں سلامتی کے ساتھ لوٹائے گا اور مالِ غنیمت عطا فرمائے گا اور تمہیں کچھ مال بھی دوں گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میری ہجرت مال کے لیے نہیں بلکہ اللہ اور اُس کے رسول کے لیے ہے۔ فرمایا کہ اچھا مال اچھے آدمی کے لیے کیا ہی خوب ہے۔ روایت کیا اسے شرح السنہ میں اور احمد نے بھی اسی طرح روایت کی اور اسی کی ایک روایت میں ہے کہ فرمایا۔ اچھا مال اچھے آدمی کے لیے بہت خوب ہے۔

## تیسری فصل

۳۵۸۲ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[11] قَالَ مَنْ شَفَعَ لِاَحَدٍ شَفَاعَةً فَاَهْدٰى لَهٗ هَدِيَّةً عَلَيْهَا فَقَبِلَهَا فَقَدْ اَتٰى بَابًا عَظِيْمًا مِّنْ اَبْوَابِ الرِّبَا۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی کی سفارش کی اور وہ اُس کے لیے تحفہ بھیجے جسے وہ قبول کرے تو وہ سود کے دروازوں میں سے بہت بڑے دروازے پر آگیا۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْاَقْضِيَةِ وَالشَّهَادَاتِ

## جھگڑوں اور شہادتوں کا بیان

### پہلی فصل

۳۵۸۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ شَرْحِهٖ لِلنَّوَوِيِّ اَنَّهٗ قَالَ وَجَآءَ فِيْ رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ اَوْ صَحِيْحٍ زِيَادَةٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا لٰكِنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگوں کو ان کے دعوے کے مطابق دے دیا جائے تو وہ لوگوں کی جانوں اور مالوں کا دعویٰ کرنے لگ جائیں لیکن مدعا علیہ پر قسم ہے (مسلم) اور اس کی شرح میں امام نووی نے کہا کہ بیہقی کی ایک روایت میں حسن یا صحیح اسناد کے ساتھ حضرت ابن عباس سے مرفوعاً ہے کہ گواہی مدعی پر اور قسم انکار کرنے والے پر ہے۔

۳۵۸۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ هُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو روک دینے والی قسم اٹھائے حالانکہ وہ اس میں جھوٹا ہو تاکہ کسی مسلمان آدمی کا مال مارے تو قیامت کے روز جب اللہ تعالیٰ سے ملے گا تو وہ اس پر ناراض ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی یہ تصدیق نازل فرمائی: بیشک جو لوگ خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے ذلیل پونجی (۳: ۷۷) آخر آیت تک۔ (متفق علیہ)

۳۵۸۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ بِيَمِيْنِهٖ فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ وَّاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاِنْ كَانَ قَضِيْبًا مِّنْ اَرَاكٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قسم کے ذریعے کسی مسلمان آدمی کا مال ہڑپ کر لیا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم واجب کر دیتا ہے اور اس پر جنت حرام فرما دیتا ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! خواہ وہ معمولی سی چیز ہو؟ فرمایا کہ خواہ وہ پیلو کی شاخ ہو۔ (مسلم)

۳۵۸۶ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَّاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی بشر ہوں اور تم اپنے جھگڑے میرے پاس لاتے ہو اور شاید تم میں سے کوئی اپنا ثبوت پیش کرنے

فَاَقْضِيْ لَهٗ عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيْهِ فَلَا يَاْخُذَنَّهٗ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہیں دوسرے سے زیادہ ماہر ہو اور میں جو اُس سے سنوں اُس کے مطابق فیصلہ کر دوں۔ پس جس کے لیے اُس کے بھائی کے حق کا فیصلہ کر دوں تو اُسے نہ لے کیونکہ وہ جہنم کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا ہے۔

(متفق علیہ)

٣٥٨٧ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک سخت جھگڑالو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے (متفق علیہ)۔

٣٥٨٨ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِيَمِيْنٍ وَّشَاهِدٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قسم اور گواہ پر فیصلہ فرمایا۔

(مسلم)

٣٥٨٩ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِّنْ كِنْدَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا غَلَبَنِيْ عَلٰى اَرْضٍ لِّيْ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضِيْ وَفِيْ يَدِيْ لَيْسَ لَهٗ فِيْهَا حَقٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ يَمِيْنُهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لَا يُبَالِيْ عَلٰى مَا حَلَفَ عَلَيْهِ وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ قَالَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ اِلَّا ذٰلِكَ فَانْطَلَقَ لِيَحْلِفَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَدْبَرَ لَئِنْ حَلَفَ عَلٰى مَالِهٖ لِيَاْكُلَهٗ ظُلْمًا لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

علقمہ بن وائل سے اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک آدمی حضرموت سے اور ایک کندہ سے آیا۔ حضرمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس نے میری زمین دبا رکھی ہے۔ کندی عرض گزار ہوا کہ وہ میری زمین ہے، میرے قبضے میں ہے، اس کا اُس میں کوئی حق نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرمی سے فرمایا: کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کہ تب تمہارے لیے اس کی قسم ہے۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ جھوٹا آدمی ہے کسی بات پر قسم کھانے کی پروا نہیں کرتا اور نہ کسی چیز سے پرہیز کرتا ہے۔ فرمایا کہ تمہارے لیے صرف یہی چیز ہے۔ وہ قسم کھانے کے لیے اُٹھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے مڑتے وقت فرمایا: اگر تم نے اس کے مال پر قسم اُٹھائی کہ اُسے ظلم کے ساتھ کھا جاؤ تو اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملو گے کہ وہ تمہاری طرف توجہ نہیں فرمائے گا۔

(مسلم)

٣٥٩٠ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ادَّعٰى مَا لَيْسَ لَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا وَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو ایسی چیز کا دعویٰ کرے کہ اُس کی نہ ہو تو وہ ہم سے نہیں ہے اور اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

(مسلم)

٣٥٩١ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

الشہداء الذی یاتی بشہادتہ قبل ان یسئلہا

(رواہ مسلم)

اپنی گواہی دینے آتے ہیں اس سے پہلے کہ اُن سے گواہی کا مطالبہ کیا جائے۔ (مسلم)

۳۵۹۲ وعن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم[10] خیر الناس قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یجیء قوم تسبق شہادۃ احدہم یمینہ ویمینہ شہادتہ

(متفق علیہ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے بہتر میرا زمانہ ہے، پھر جو اُن کے نزدیک ہیں، پھر جو اُن کے نزدیک ہیں، پھر ایسے لوگ آئیں گے کہ ایک کی شہادت دوسرے کی قسم سے سبقت لے جائے گی اور اس کی قسم اُس کی شہادت سے۔ (متفق علیہ)

۳۵۹۳ وعن ابی ہریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم[11] عرض علی قوم الیمین فاسرعوا فامر ان یسہم بینہم فی الیمین ایہم یحلف۔

(رواہ البخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں پر قسم پیش کی تو وہ جلدی کرنے لگے۔ آپ نے حکم فرمایا کہ قسم کے متعلق ان کے درمیان قرعہ ڈالا جائے کہ ان میں سے کون قسم اُٹھائے گا۔ (بخاری)۔

## دوسری فصل

۳۵۹۴ عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی[12] صلی اللہ علیہ وسلم قال البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ۔

(رواہ الترمذی)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، گواہ مدعی پر ہیں اور قسم مدعا علیہ پر۔

(ترمذی)

۳۵۹۵ وعن ام سلمۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم[13] فی رجلین اختصما الیہ فی مواریث لم تکن لہما بینۃ الا دعواہما فقال من قضیت لہ بشیء من حق اخیہ فانما اقطع لہ قطعۃ من النار فقال الرجلان کل واحد منہما یا رسول اللہ حقی ہذا لصاحبی فقال لا ولکن اذہبا فاقتسما وتوخیا الحق ثم استہما ثم لیحلل کل واحد منکما صاحبہ وفی روایۃ قال انما اقضی بینکما برایی فیما لم ینزل علی فیہ۔

(رواہ ابوداؤد)

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں دو شخصوں نے میراث کا جھگڑا پیش کیا جن کے پاس اپنے دعووں کے سوا گواہ کوئی نہیں تھا۔ فرمایا کہ جس کے لیے میں اُس کے بھائی کے حق سے کسی چیز کا فیصلہ کر دوں تو میں اُسے جہنم کا ایک ٹکڑا کاٹ کر دوں گا۔ پس دونوں میں سے ہر ایک عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میرا حق میرے ساتھی کے لیے ہے۔ فرمایا نہیں بلکہ تم دونوں جاؤ اور حق کو پہچان کر خود تقسیم کر لو۔ پھر قرعہ ڈال لو اور تم میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کو معاف کر دے۔ دوسری روایت میں آپ نے فرمایا: میں تمہارے درمیان اپنی رائے سے فیصلہ کرتا ہوں جس کے متعلق مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



تَدَاعَيَا دَابَّةً فَأَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا الْبَيِّنَةَ أَنَّهَا دَابَّتُهُ نَتَجَهَا فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهٖ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

آدمیوں نے ایک جانور کے متعلق دعویٰ کیا اور دونوں میں سے ہر ایک نے گواہ پیش کیے کہ یہ جانور اُس کا ہے اور اُس کے پاس پیدا ہوا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ یہ اُس کا ہے جس کے قبضے میں ہے۔ (شرح السنہ)۔

۳۵۹۷ (۱۵) وَعَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيْرًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا شَاهِدَيْنِ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِلنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيْرًا لَيْسَتْ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَجَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دو آدمیوں نے ایک اُونٹ کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں دعویٰ کیا اور ہر ایک نے اُن میں سے دو گواہ پیش کر دیے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے دونوں کے درمیان برابر برابر تقسیم کر دیا (ابوداؤد) دوسری روایت کے اندر ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ میں ہے کہ دو آدمیوں نے ایک اُونٹ کا دعویٰ کیا اور دونوں میں سے گواہ کسی کے پاس بھی نہ تھے لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ دونوں میں تقسیم فرما دیا۔

۳۵۹۸ (۱۶) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِيْ دَابَّةٍ وَّلَيْسَ لَهُمَا بَيِّنَةٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِيْنِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دو آدمیوں نے ایک جانور کے متعلق جھگڑا پیش کیا اور اُن کے پاس گواہ نہیں تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں قسم پر قرعہ ڈال لو۔
(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۵۹۹ (۱۷) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ حَلَّفَهٗ احْلِفْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ مَا لَهٗ عِنْدَكَ شَيْءٌ يَّعْنِيْ لِلْمُدَّعِيْ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص سے قسم کے لیے فرمایا: اللہ کی قسم اُٹھاؤ جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ تمہارے پاس اُس کی کوئی چیز نہیں یعنی مدعی کی۔ (ابوداؤد)۔

۳۶۰۰ (۱۸) وَعَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِّنَ الْيَهُوْدِ أَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ فَقَدَّمْتُهٗ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ احْلِفْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِذًا يَّحْلِفُ وَيَذْهَبُ بِمَالِيْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا۔ (الْآيَة)
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرے اور ایک یہودی کے درمیان زمین مشترک تھی تو اس نے مجھ سے انکار کر دیا۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا تو آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ عرض کی: نہیں۔ یہودی سے فرمایا کہ قسم اُٹھاؤ۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! پھر تو یہ قسم کھا کر میرا مال لے جائے گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: "بیشک جو لوگ خریدتے ہیں اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے دنیا کی پونجی"۔
(۳: ۷۷ —— ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۶۰۱ (۱۹) وَعَنْهُ أَنَّ رَجُلًا مِّنْ كِنْدَةَ وَرَجُلًا مِّنْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ کندہ سے ایک آدمی اور حضرموت سے ایک

حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَرْضٍ مِّنَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَرْضِيْ اغْتَصَبَنِيْهَا اَبُوْ هٰذَا وَهِيَ فِيْ يَدِهٖ قَالَ هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا وَلٰكِنْ اُحَلِّفُهٗ وَاللّٰهِ مَا يَعْلَمُ اَنَّهَا اَرْضِيْ اغْتَصَبَنِيْهَا اَبُوْهُ فَتَهَيَّاَ الْكِنْدِيُّ لِلْيَمِيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْطَعُ اَحَدٌ مَالًا بِيَمِيْنٍ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ اَجْذَمُ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضُهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤد)

آدمی یمن سے ایک زمین کا جھگڑا لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میری زمین اس کے باپ نے دبالی تھی جو اس کے قبضے میں ہے۔ فرمایا کہ کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ عرض گزار ہوا: نہیں، لیکن میں اس سے قسم لوں گا۔ خدا کی قسم اُسے معلوم نہیں کہ میری زمین اُس کے باپ نے غصب کر لی تھی۔ پس کندی قسم دینے کے لیے تیار ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی قسم اٹھا کر کسی کا مال ہڑپ نہیں کرتا مگر کوڑھی ہو کر اللہ سے ملے گا۔ کندی نے کہا کہ وہ زمین اسی کی ہے۔

(ابوداؤد)

۳۶۰۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ الشِّرْكُ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰهِ يَمِيْنَ صَبْرٍ فَاَدْخَلَ فِيْهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوْضَةٍ اِلَّا جُعِلَتْ نُكْتَةً فِيْ قَلْبِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔
۲۰

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کبیرہ گناہوں میں سے بہت بڑے گناہ شرک، والدین کی نافرمانی اور جھوٹی قسم کھانا ہے۔ روک دینے والی اللہ کی قسم کھانے والا جس نے مچھر کے پر کے برابر بھی اُس میں جھوٹ شامل کیا تو قیامت تک کے لیے اُس کے دل پر ایک داغ لگا دیا جاتا ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۶۰۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْلِفُ اَحَدٌ عِنْدَ مِنْبَرِيْ هٰذَا عَلٰى يَمِيْنٍ اٰثِمَةٍ وَلَوْ عَلٰى سِوَاكٍ اَخْضَرَ اِلَّا تَبَوَّاَ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ اَوْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔
۲۱

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَّاَبُوْ دَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی میرے اس منبر کے پاس جھوٹی قسم نہیں اٹھائے گا خواہ وہ سبز مسواک پر ہی ہو مگر وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بناتا ہے یا اُس پر جہنم واجب ہو جاتی ہے۔

(مالک، ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۶۰۴ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَامَ قَائِمًا فَقَالَ عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ بِالْاِشْرَاكِ بِاللّٰهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَرَاَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ۔
۲۲

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز فجر پڑھائی۔ جب فارغ ہوئے تو کھڑے ہو کر تین مرتبہ فرمایا: جھوٹی گواہی شرک کے برابر کر دی گئی۔ پھر یہ آیت پڑھی: بتوں کی گندگی سے بچو اور جھوٹی بات سے بچو صرف خدا کے ہو کر، اُس کے ساتھ شرک نہ کرتے ہوئے (۲۲:۳۰، ۳۱۔ ابوداؤد، ابن ماجہ) اور روایت کیا ہے احمد اور ترمذی نے حضرت ایمن بن خریم سے لیکن ابن ماجہ نے قرأت کا ذکر نہیں کیا۔

www.alahazratnetwork.org



ماجة لم يذكر القراءة)

٣٦٠٥ / ٢٣ وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا مجلود حدا ولا ذي غمر على أخيه ولا ظنين في ولاء ولا قرابة ولا القانع مع أهل البيت۔ (رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ويزيد بن زياد الدمشقي الراوي منكر الحديث)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ۔ گواہی جائز نہیں خائن مرد اور خائنہ عورت کی، نہ جس پر حد جاری ہوئی ہو اور نہ اپنے بھائی سے کینہ رکھنے والے کی اور نہ ولاء اور قرابت میں تہمت والے کی اور نہ گھر والوں کے خرچ پر گزارنے والے کی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے کیونکہ اس کا ایک راوی یزید بن زیاد دمشقی منکر الحدیث ہے۔

٣٦٠٦ / ٢٤ وعن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تجوز شهادة خائن ولا خائنة ولا زان ولا زانية ولا ذي غمر على أخيه ورد شهادة القانع لأهل البيت۔ (رواه أبو داود)

عمرو بن شعیب اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شہادت جائز نہیں خائن مرد اور خائنہ عورت کی اور نہ زانی مرد اور زانیہ عورت کی اور نہ اپنے بھائی سے کینہ رکھنے والے کی اور گھر والوں کے خرچ پر گزارا کرنے والے کی شہادت آپ نے ردّ فرمائی۔ (ابو داؤد)

٣٦٠٧ / ٢٥ وعن أبي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تجوز شهادة بدوي على صاحب قرية۔ (رواه أبو داود وابن ماجة)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگل میں رہنے والے کی گواہی آبادی میں رہنے والے کے خلاف جائز نہیں ہے۔

(ابو داؤد، ابن ماجہ)

٣٦٠٨ / ٢٦ وعن عوف بن مالك أن النبي صلى الله عليه وسلم قضى بين رجلين فقال المقضي عليه لما أدبر حسبي الله ونعم الوكيل فقال النبي صلى الله عليه وسلم إن الله تعالى يلوم على العجز ولكن عليك بالكيس فإذا غلبك أمر فقل حسبي الله ونعم الوكيل۔ (رواه أبو داود)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ فرمایا۔ جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا جب اُس نے پیٹھ پھیری تو کہا: ۔ میرے لیے اللہ کافی ہے جو اچھا کام بنانے والا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ کمزوری پر ملامت کرتا ہے بلکہ تم پر ہوشیاری لازم ہے جب تم کسی کام میں غالب آجاؤ تب کہو کہ میرے لیے اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کام بنانے والا ہے۔ (ابو داؤد)

٣٦٠٩ / ٢٧ وعن بهز بن حكيم عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم حبس رجلا في تهمة۔ (رواه أبو داود والترمذي والنسائي ثم خلى عنه)

بہز بن حکیم، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کسی تہمت میں قید کیا (ابو داؤد، ترمذی، نسائی) اور پھر اُسے آزاد کر دیا۔

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

٣٦١٠ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ [٢٨] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الْخَصْمَيْنِ يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَاكِمِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ فریقین کو حاکم کے سامنے بٹھایا جائے۔

(احمد، ابوداؤد)

# كِتَابُ الْجِهَادِ

# جہاد کا بیان

## پہلی فصل

٣٦١١ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [١] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ جَلَسَ فِيْ اَرْضِهِ الَّتِيْ وُلِدَ فِيْهَا قَالُوْا اَفَلَا نُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهٗ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَاَعْلَى الْجَنَّةِ وَفَوْقَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے، نماز پڑھے، رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہے کہ اُسے جنت میں داخل کرے خواہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے یا اُس جگہ بیٹھا رہے جہاں پیدا ہوا تھا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ کیا ہم لوگوں کو بشارت دے دیں؟ فرمایا کہ جنت کے سَو درجے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کے لیے بنائے ہیں جو اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں۔ ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا زمین و آسمان میں۔ جب تم اللہ سے مانگو تو فردوس کا سوال کرو کیونکہ وہ جنت کا درمیانہ اور اعلیٰ حصہ ہے اور اُس کے اوپر اللہ تعالیٰ کا عرش ہے جس سے پھوٹ کر جنت کی نہریں نکلتی ہیں۔

(بخاری)

٣٦١٢ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [٢] وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّآئِمِ الْقَآئِمِ الْقَانِتِ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَّلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مثال ہمیشہ روزے رکھنے والے اور اللہ کی آیتوں کے ساتھ قیام کرنے والے جیسی ہے، جو روزے اور نماز سے تھکتا نہیں، یہاں تک کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا واپس لوٹ آئے۔

(متفق علیہ)

٣٦١٣ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [٣] وَسَلَّمَ انْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِيْ سَبِيْلِهٖ لَا يُخْرِجُهٗ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں نکلے تو اس کا اللہ تعالیٰ ذمہ دار ہے جس کو نہ نکالے مگر مجھ

www.alahazratnetwork.org



إِلَّا إِيمَانٌ بِي وَتَصْدِيقٌ بِرُسُلِي أَنْ أُرْجِعَهُ بِمَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ أَوْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ -

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پر ایمان اور میرے رسول کی تصدیق کر اُسے ثواب یا مالِ غنیمت دے کر واپس بھیجوں یا اُسے جنت میں داخل کر دوں۔

(متفق علیہ)

٣٦١٤ — ٤ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنِّي وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنْ أُقْتَلَ فِي سَبِيلِ اللهِ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ ثُمَّ أُحْيَى ثُمَّ أُقْتَلَ -

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُنہی سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اہلِ ایمان کو مجھ سے پیچھے رہنا ناپسند ہوگا اور میرے پاس اتنے جانور نہیں کہ اُنھیں سواریاں دوں تو جو تم جہاد کرتے ہو میں کسی سریہ سے پیچھے نہ رہتا۔ قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں

(متفق علیہ)

٣٦١٥ — ٥ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا -

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ کی راہ میں گھوڑا باندھ کر ایک روز نگرانی کرنا دنیا اور جو اُس پر ہے اُس سے بہتر ہے۔

(متفق علیہ)

٣٦١٦ — ٦ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا -

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ صبح کو ایک بار اللہ کی راہ میں جانا یا شام کو دنیا اور جو اُس میں ہے اُس سے بہتر ہے۔

(متفق علیہ)

٣٦١٧ — ٧ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ رِبَاطُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَقِيَامِهِ وَإِنْ مَاتَ جَرَى عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُهُ وَأُجْرِيَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ وَأَمِنَ الْفَتَّانَ -

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ایک دن یا ایک رات اللہ کی راہ میں گھوڑا باندھ کر نگرانی کرنا ایک مہینے کے روزوں اور قیام سے بہتر ہے۔ اگر وہ مر جائے تو اُس کا وہ عمل جاری رہتا ہے جس کو کیا کرتا تھا اور اُس کا رزق اُس کے لیے جاری رکھا جاتا ہے اور فتنوں سے محفوظ کر دیا جاتا ہے۔ (مسلم)

٣٦١٨ — ٨ وَعَنْ أَبِي عَبْسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ -

حضرت ابو عبس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ کی راہ میں کسی بندے کے قدم غبار آلودہ ہوں اور اُسے آگ چھوئے، یہ نہیں ہوگا۔

www.alahazratnetwork.org



۳۶۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَجْتَمِعُ كَافِرٌ وَّقَاتِلُهٗ فِی النَّارِ اَبَدًا۔ ۹

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور اُس کا قتل کرنے والا جہنم میں ہمیشہ اکٹھے نہیں رہیں گے۔ (مسلم)

۳۶۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَیْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَطِیْرُ عَلٰی مَتْنِهٖ كُلَّمَا سَمِعَ هَیْعَةً اَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَیْهِ یَبْتَغِی الْقَتْلَ وَ الْمَوْتَ مَظَانَّهٗ اَوْ رَجُلٌ فِیْ غُنَیْمَةٍ فِیْ رَاْسِ شَعَفَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الشَّعَفِ اَوْ بَطْنِ وَادٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاَوْدِیَةِ یُقِیْمُ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتِی الزَّكٰوةَ وَیَعْبُدُ رَبَّهٗ حَتّٰی یَاْتِیَهُ الْیَقِیْنُ لَیْسَ مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِیْ خَیْرٍ۔ ۱۰

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے لیے بہتر زندگی یہ ہے کہ ایک آدمی اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی لگام تھامے رہے۔ وہ اُس کی پیٹھ پر اُڑتا چلا جائے جب بھی کوئی شور یا مدد کے لیے پکار سنے۔ اُس پر اُڑتا ہوا قتل اور موت کے ٹھکانوں کو تلاش کرے یا وہ شخص جو پہاڑ کی اِن چوٹیوں میں سے کسی چوٹی پر بکریوں کے ساتھ ہے یا ان وادیوں میں سے کسی وادی میں نماز پڑھے زکوٰۃ دے اور اپنے رب کی عبادت کرے یہاں تک کہ اُس کا آخری وقت آجائے۔ نہیں ہے وہ لوگوں سے مگر بھلائی میں۔

(مسلم)

۳۶۲۱ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فِیْ اَهْلِهٖ فَقَدْ غَزَا۔ ۱۱

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سامان درست کر کے اللہ کی راہ میں جہاد کیا تو اُس نے جہاد ہی کیا اور جس نے مجاہد کے گھر والوں کی نگرانی کی تو اُس نے بھی جہاد کیا۔ (متفق علیہ)

۳۶۲۲ وَعَنْ بُرَیْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَآءِ الْمُجَاهِدِیْنَ عَلَی الْقَاعِدِیْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَّجُلٍ مِّنَ الْقَاعِدِیْنَ یَخْلُفُ رَجُلًا مِّنَ الْمُجَاهِدِیْنَ فِیْ اَهْلِهٖ فَیَخُوْنُهٗ فِیْهِمْ اِلَّا وُقِفَ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَیَاْخُذُ مِنْ عَمَلِهٖ مَا شَآءَ فَمَا ظَنُّكُمْ۔ ۱۲

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہدین کی بیویوں کی حرمت گھروں میں بیٹھنے والوں پر اس طرح ہے جیسے اُن کی اپنی ماؤں کی اور بیٹھنے والوں میں سے کوئی آدمی نہیں جس کے سپرد مجاہدین میں سے کوئی اپنے اہل وعیال کو کرے۔ اور وہ اُن میں خیانت کرے مگر قیامت کے روز اُسے کھڑا کیا جائے گا کہ مجاہد اُس کے اعمال سے جتنے چاہے لے۔ پس تمہارا کیا گمان ہے؟

(مسلم)

۳۶۲۳ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَّخْطُوْمَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَكَ بِهَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ۔ ۱۳

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی مہار والی اُونٹنی لے کر آیا اور عرض گزار ہوا: یہ جہاد فی سبیل اللہ کے لیے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں اس کے بدلے بروزِ قیامت سات سو اونٹنیاں ملیں گی اور سب ہی مہار والی ہوں گی۔

(مسلم)

۳۶۲۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ ۱۴

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا إِلَى بَنِي لِحْيَانَ مِنْ هُذَيْلٍ فَقَالَ لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا وَالْأَجْرُ بَيْنَهُمَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لشکر بنی لحیان کی طرف بھیجا جو ہذیل سے ہیں۔ فرمایا کہ ہر دو میں سے ایک آدمی جائے جبکہ اجر میں دونوں شریک ہوں گے۔

(مسلم)

۳۶۲۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ۱۵ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَبْرَحَ هٰذَا الدِّيْنُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا اور مسلمانوں کی ایک جماعت اس کے لیے لڑتی رہے گی یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔

(مسلم)

۳۶۲۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى ۱۶ اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُكْلَمُ أَحَدٌ فِي سَبِيْلِ اللهِ وَاللهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُّكْلَمُ فِي سَبِيْلِهٖ إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجُرْحُهٗ يَثْعَبُ دَمًا اَللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی کو اللہ کی راہ میں زخمی نہیں کیا جاتا اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں زخمی ہوا، مگر وہ قیامت کے روز آئے گا کہ اس کے زخم سے خون بہہ رہا ہوگا جس کا رنگ خون جیسا ہوگا اور اس کی خوشبو مشک جیسی ہوگی۔ (متفق علیہ)۔

۳۶۲۷ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ ۱۷ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ أَحَدٍ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ أَنْ يَّرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا الشَّهِيْدُ يَتَمَنّٰى أَنْ يَّرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا نہیں کہ جنت میں داخل ہو اور دنیا میں واپس جانا چاہے خواہ اسے دنیا کی ساری چیزیں دی جائیں، ماسوائے شہید کے کہ وہ دنیا میں واپس جانے کی تمنا کرے گا کہ دس دفعہ اسے قتل کیا جائے کیونکہ شہید کا احترام دیکھ لیا ہے۔

(متفق علیہ)

۳۶۲۸ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَأَلْنَا عَبْدَ اللهِ بْنَ ۱۸ مَسْعُوْدٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ (الْاٰيَةَ) قَالَ إِنَّا قَدْ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ أَرْوَاحُهُمْ فِيْ أَجْوَافِ طَيْرٍ خُضْرٍ لَهَا قَنَادِيْلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ ثُمَّ تَأْوِيْ إِلٰى تِلْكَ الْقَنَادِيْلِ فَاطَّلَعَ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمُ اطِّلَاعَةً فَقَالَ هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا قَالُوْا أَيَّ شَيْءٍ نَشْتَهِيْ وَنَحْنُ نَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْنَا فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهِمْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ

مسروق کا بیان ہے کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس آیت: اور ان لوگوں کو مردہ گمان نہ کرو جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس رزق دیے جاتے ہیں (۳: ۱۶۹) کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا کہ ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوتی ہیں جن کے لیے عرش کے ساتھ قندیلیں لٹکی ہوئی ہیں، وہ جنت میں جہاں چاہیں جاتی ہیں۔ پھر ان قندیلوں کی طرف جاتی ہیں۔ ان کے رب نے جب ان کی طرف توجہ کی تو فرمایا: کیا انہیں کسی چیز کی خواہش ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم کس چیز کی خواہش کریں جبکہ ہم جنت میں جہاں چاہیں پھرتے ہیں۔ پس ایسا ہی ان سے تین مرتبہ پوچھا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ پوچھے بغیر انہیں

www.alahazratnetwork.org



قَالُوْا يَا رَبِّ نُرِيْدُ اَنْ تَرُدَّ اَرْوَاحَنَا فِيْ اَجْسَادِنَا حَتّٰى نُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى فَلَمَّا رَاٰى اَنْ لَيْسَ لَهُمْ حَاجَةٌ تُرِكُوْا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

روحوں کو ہمارے جسموں میں لوٹا دے یہاں تک کہ ہم تیری راہ میں دوبارہ قتل کیے جائیں۔ جب دیکھا کہ اُن کی اور کوئی حاجت نہیں ہے تو انھیں چھوڑ دیا گیا۔

(مسلم)

۳۶۲۹ / ۱۹ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ اَنَّ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْاِيْمَانَ بِاللّٰهِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفَّرُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِنْ قُتِلْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُّحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ فَقَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَيُكَفَّرُ عَنِّيْ خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَنْتَ صَابِرٌ مُّحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ اِلَّا الدَّيْنَ فَاِنَّ جِبْرِيْلَ قَالَ لِيْ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن میں کھڑے ہوئے اور اُن سے ذکر کیا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنا اور اللہ پر ایمان رکھنا افضل اعمال ہیں تو ایک آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! اگر میں اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جاؤں تو کیا میرے گناہ مجھ سے دُور کر دیے جائیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: ہاں اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ حالانکہ تم صابر رہے، ثواب کے اُمیدوار رہے، آگے بڑھے، پیٹھ نہ دکھائی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کیا کہا؟ میں عرض گزار ہوا کہ اگر اللہ کی راہ میں مارا جاؤں تو کیا میرے گناہ مجھ سے دُور کر دیے جائیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں جبکہ تم صابر رہے، ثواب کے اُمیدوار رہے آگے بڑھے اور پیٹھ نہ دکھائی ہو ماسوائے قرض کے کیونکہ یہ مجھ سے جبرائیل نے کہا ہے۔

(مسلم)

۳۶۳۰ / ۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا الدَّيْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل ہونا ہر گناہ کا کفارہ ہو جاتا ہے ماسوائے قرض کے۔

(مسلم)

۳۶۳۱ / ۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ دو آدمیوں کی طرف ہنستا ہے جن میں سے ایک آدمی دوسرے کو قتل کرتا ہے اور دونوں جنت میں داخل ہو جاتے ہیں تو یہ بھی اللہ کی راہ میں جہاد کر کے قتل ہو جاتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ قاتل کی توبہ قبول فرما کر اُسے شہادت مرحمت فرما دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

۳۶۳۲ / ۲۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سچے دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگے تو اللہ تعالیٰ اُسے شہیدوں کے درجوں پر پہنچا دیتا ہے

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اگرچہ وہ اپنے بستر پر فوت ہو۔ (مسلم)۔

**۳۶۳۳ / ۲۳** وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ الْبَرَاءِ وَهِيَ أُمُّ حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللهِ أَلَا تُحَدِّثُنِي عَنْ حَارِثَةَ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ أَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَإِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ وَإِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ اجْتَهَدْتُ عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ فَقَالَ يَا أُمَّ حَارِثَةَ إِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْأَعْلٰى۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت حارثہ بن سراقہ کی والدۂ ماجدہ حضرت ربیع بنت براء نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئیں: اے نبی اللہ! کیا آپ مجھے حارثہ کے متعلق نہیں بتائیں گے جنھیں غزوۂ بدر میں نامعلوم تیر لگا تھا۔ اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کروں اور اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو میں اُس پر خوب گریہ وزاری کروں۔ فرمایا اے اُمّ حارثہ! جنت میں کتنے ہی درجے ہیں اور بیشک تمہارا بیٹا فردوسِ اعلیٰ میں ہے۔

(بخاری)

**۳۶۳۴ / ۲۴** وَعَنْهُ قَالَ انْطَلَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِينَ إِلٰى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلٰى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ قَالَ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ قَالَ لَا وَاللهِ يَا رَسُولَ اللهِ إِلَّا رَجَاءَ أَنْ أَكُونَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَإِنَّكَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَأَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِنْ قَرَنِهِ فَجَعَلَ يَأْكُلُ مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ أَنَا حَيِيتُ حَتّٰى آكُلَ تَمَرَاتِي إِنَّهَا لَحَيٰوةٌ طَوِيلَةٌ قَالَ فَرَمٰى بِمَا كَانَ مَعَهُ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب چلے یہاں تک کہ مقام بدر پر مشرکوں سے پہلے جا پہنچے اور مشرکین آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی طرف کھڑے ہو جاؤ جس کی چوڑائی زمین و آسمان کے برابر ہے۔ حضرت عُمیر بن حمام نے کہا: بہت خوب۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں بہت خوب کہنے پر کس بات نے آمادہ کیا؟ عرض گزار ہوئے کہ خدا کی قسم، یا رسول اللہ! بس اس امید نے کہ میں بھی جنتی ہو جاؤں۔ فرمایا کہ تم جنتی ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ اُنھوں نے اپنے ترکش سے کھجوریں نکالیں اور کھانے لگے۔ پھر کہا کہ اگر میں کھجوروں کے کھانے تک زندہ رہا تو یہ زندگی بڑی طویل ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ جتنی کھجوریں ان کے پاس تھیں وہ پھینک دیں۔ پھر اُن سے لڑے یہاں تک کہ شہید کر دیے گئے۔

(مسلم)

**۳۶۳۵ / ۲۵** وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَعُدُّونَ الشَّهِيدَ فِيكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ إِنَّ شُهَدَاءَ أُمَّتِي إِذًا لَقَلِيلٌ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُونِ فَهُوَ شَهِيدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الْبَطْنِ فَهُوَ شَهِيدٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے میں سے شہید کس کو شمار کرتے ہو؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! جو اللہ کی راہ میں قتل کر دیا جائے وہ شہید ہے۔ فرمایا یوں تو میری امت کے شہید تھوڑے رہ جائیں گے بلکہ ..... جو اللہ کی راہ میں مرے وہ شہید ہے، جو طاعون سے مرے وہ شہید ہے اور جو پیٹ کی بیماری سے مرے وہ شہید ہے۔

(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



٣٦٣٦/٢٦ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْا فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوْا قَدْ تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ أُجُوْرِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ إِلَّا تَمَّ أُجُوْرُهُمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی غزوہ یا سریہ والے نہیں جو جہاد کریں تو غنیمت پائیں اور سلامت آئیں مگر انھیں اُن کا دو تہائی ثواب فوراً دے دیا جاتا ہے اور کسی غزوہ یا سریہ والے نہیں جو ناکام رہیں اور زخمی کیے جائیں مگر انھیں پورا اجر دیا جاتا ہے۔

(مسلم)

٣٦٣٧/٢٧ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو فوت ہو گیا اور اُس نے جہاد نہ کیا اور نہ اُس کے دل میں اس کا خیال آیا تو وہ نفاق کے ایک حصے پر مرا۔

(مسلم)

٣٦٣٨/٢٨ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسٰى قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرٰى مَكَانُهٗ فَمَنْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ایک آدمی غنیمت کے لیے لڑتا ہے۔ دوسرا آدمی شہرت کے لیے لڑتا ہے اور تیسرا آدمی اپنی بہادری دکھانے کے لیے لڑتا ہے، پس اللہ کی راہ میں لڑنے والا کون ہے؟ فرمایا کہ جو اس لیے لڑے کہ اللہ کا کلمہ بلند ہو وہ اللہ کی راہ میں لڑنے والا ہے۔ (متفق علیہ)۔

٣٦٣٩/٢٩ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ إِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ أَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيْرًا وَّلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا إِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِلَّا شَرِكُوْكُمْ فِي الْأَجْرِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ جَابِرٍ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غزوۂ تبوک سے واپس لوٹے اور مدینہ منورہ کے نزدیک پہنچے تو فرمایا: بے شک مدینہ منورہ میں ایسے لوگ بھی ہیں کہ تم نے نہ سفر کیا اور نہ کوئی وادی طے کی مگر وہ بھی تمہارے ساتھ تھے۔ دوسری روایت میں ہے کہ وہ ثواب میں تمہارے ساتھ شریک ہیں۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ تو مدینہ منورہ میں ہیں۔ فرمایا کہ واقعی مدینہ منورہ میں ہیں لیکن انھیں مجبوری نے روکا ہوا ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا اور مسلم نے اسے حضرت جابر سے روایت کیا ہے۔

٣٦٤٠/٣٠ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَهٗ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ أَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(وَفِيْ رِوَايَةٍ فَارْجِعْ إِلٰى وَالِدَيْكَ فَأَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اُس نے جہاد کی اجازت مانگی، فرمایا کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ وہ عرض گزار ہوا ہاں۔ فرمایا تو اُن کے پاس رہتے ہوئے جہاد کرو (متفق علیہ) ایک روایت میں ہے کہ اپنے والدین کی طرف لوٹ جاؤ اور اُن سے اچھا سلوک کرو۔

٣٦٤١/٣١ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز فرمایا۔ فتح کے بعد ہجرت نہیں ہے لیکن جہاد اور نیت ہے لہٰذا جب تمہیں جہاد کے لیے بلایا جائے تو نکل آیا کرو۔
(متفق علیہ)

## دوسری فصل

٣٦٤٢ ٣٢ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کی خاطر لڑتا رہے گا اور اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال سے لڑے گا۔
(ابوداؤد)

٣٦٤٣ ٣٣ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَغْزُ وَلَمْ يُجَهِّزْ غَازِيًا أَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِيْ أَهْلِهٖ بِخَيْرٍ أَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نہ خود جہاد کرے، نہ کسی مجاہد کو سامان سے مدد دے اور نہ کسی غازی کے گھر والوں کی بھلائی کے ساتھ نگرانی کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے اُسے حوصلہ شکن مصیبت پہنچائے گا۔ (ابوداؤد)

٣٦٤٤ ٣٤ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں کے ساتھ اپنے مالوں، اپنی جانوں اور اپنی زبانوں کے ساتھ جہاد کرو۔ (ابوداؤد، نسائی، دارمی)

٣٦٤٥ ٣٥ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْشُوا السَّلَامَ وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کو پھیلاؤ، کھانا کھلاؤ اور کھوپڑیوں پر مارو تو جنت کے وارث بنا دیے جاؤ گے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٦٤٦ ٣٦ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى [illegible]

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر مرنے والے کے اعمال کا سلسلہ ختم ہوجاتا

www.alahazratnetwork.org



اللهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَإِنَّهَا تَجِيءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَأَغْزَرِ مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَرِيحُهَا الْمِسْكُ وَمَنْ خَرَجَ بِهِ خُرَاجٌ فِي سَبِيلِ اللهِ فَإِنَّ عَلَيْهِ طَابَعَ الشُّهَدَاءِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

میں جہاد کیا جتنی دیر اونٹنی کا دودھ دوہتے ہیں تو اُس کے لیے جنت واجب ہو گئی اور جس کو اللہ کی راہ میں کوئی زخم آیا یا کوئی تکلیف پہنچائی گئی تو اُس زخم کا رنگ قیامت کے دن اس سے بھی زیادہ چمکدار اور زعفرانی ہوگا اور اس کی خوشبو مشک جیسی ہوگی اور جس کو اللہ کی راہ میں پھنسی بھی نکل آئے تو اُس پر شہیدوں والی مہر ہوگی۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

3648/38 وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَنْفَقَ نَفَقَةً فِي سَبِيلِ اللهِ كُتِبَ لَهُ بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت خُریم بن فاتک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں مال خرچ کیا تو اس کے لیے سات سو گنا لکھ دیا جاتا ہے۔

(ترمذی، نسائی)

3649/39 وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِي سَبِيلِ اللهِ وَمَنِيحَةُ خَادِمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ طَرُوقَةُ فَحْلٍ فِي سَبِيلِ اللهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقات میں افضل اللہ کی راہ میں سائے کے لیے خیمہ دینا ہے اور اللہ کی راہ میں خادم کا تحفہ دینا ہے اور اللہ کی راہ میں سواری کے لیے اونٹ دینا ہے۔ (ترمذی)

3650/40 وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَلِجُ النَّارَ مَنْ بَكٰى مِنْ خَشْيَةِ اللهِ حَتّٰى يَعُودَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ عَلٰى عَبْدٍ غُبَارٌ فِي سَبِيلِ اللهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَزَادَ النَّسَائِيُّ فِي أُخْرٰى فِي مَنْخِرَيْ مُسْلِمٍ أَبَدًا وَفِي أُخْرٰى لَهُ فِي جَوْفِ عَبْدٍ أَبَدًا وَلَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْإِيمَانُ فِي قَلْبِ عَبْدٍ أَبَدًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے رویا وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں واپس نہ آجائے اور نہیں جمع ہوں گے کسی بندے پر اللہ کی راہ کا غبار اور جہنم کا دھواں۔ (ترمذی) اور نسائی کی دوسری روایت میں ہے کہ مسلمان کے نتھنوں میں اور اسی کی ایک اور روایت میں ہے کہ کبھی کسی بندے کے پیٹ میں اور کسی بندے کے دل میں بخل اور ایمان کبھی جمع نہیں ہوتے۔

3651/41 وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِي سَبِيلِ اللهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو قسم کی آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی۔ ایک وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر سے روئی اور دوسری وہ آنکھ جس نے اللہ کی راہ میں نگرانی کرتے ہوئے رات گزاری۔

3652/42 وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِعْبٍ فِيهِ عُيَيْنَةٌ مِنْ مَاءٍ عَذْبَةٍ فَأَعْجَبَتْهُ فَقَالَ لَوِ اعْتَزَلْتُ النَّاسَ فَأَقَمْتُ فِي هٰذَا الشِّعْبِ فَذُكِرَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے ایک آدمی کسی درے سے گزرا جس میں میٹھے پانی کا چشمہ تھا تو اُسے بہت پسند آیا۔ اُس نے کہا کہ لوگ الگ ہو جائیں تو میں اسی درے میں رہنے لگوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا گیا تو

ذَالِكَ لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ فَاِنَّ مَقَامَ اَحَدِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ سَبْعِيْنَ عَامًا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ اُغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرمایا: ایسا نہ کرو کیونکہ تم میں سے کسی کا اللہ کی راہ میں ٹھہرنا اپنے گھر میں ستر سال نماز پڑھنے سے افضل ہے۔ کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں بخش دے اور تمہیں جنت میں داخل کرے۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرو کیونکہ جو اونٹنی کا دودھ دوہنے کے برابر بھی اللہ کی راہ میں لڑا تو اُس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔

(ترمذی)

٣٦٥٣ وَعَنْ عُثْمَانَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: راہِ اللہ میں ایک دن گھوڑا باندھ کر نگرانی کرنا دوسرے دنوں میں ہزار روز ٹھہرنے سے افضل ہے۔

(ترمذی، نسائی)

٣٦٥٤ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرِضَ عَلَيَّ اَوَّلُ ثَلٰثَةٍ يَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ شَهِيْدٌ وَّعَفِيْفٌ مُّتَعَفِّفٌ وَّعَبْدٌ اَحْسَنَ عِبَادَةَ اللهِ وَنَصَحَ لِمَوَالِيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر تینوں پیش کیے گئے جو جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے یعنی شہید، پاک دامن اور سوال سے بچنے والا نیز وہ غلام جو اللہ کی اچھی طرح عبادت کرے اور اپنے مالکوں کا خیر خواہ رہے۔

(ترمذی)

٣٦٥٥ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ حُبْشِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقِيَامِ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ قِيْلَ فَاَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ قِيْلَ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَالِهٖ وَنَفْسِهٖ قِيْلَ فَاَيُّ الْقَتْلِ اَشْرَفُ قَالَ مَنْ اُهْرِيْقَ دَمُهٗ وَعُقِرَ جَوَادُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ) وَفِيْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيْمَانٌ لَّا شَكَّ فِيْهِ وَجِهَادٌ لَّا غُلُوْلَ فِيْهِ وَحَجَّةٌ مَّبْرُوْرَةٌ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ ثُمَّ اتَّفَقَا فِي الْبَاقِيْ۔

حضرت عبداللہ بن حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اعمال سے کونسا عمل افضل ہے؟ فرمایا کہ لمبا قیام۔ عرض کی گئی کہ کونسا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا کہ بے بضاعت کی کوشش۔ عرض کی گئی کہ کونسی ہجرت افضل ہے؟ فرمایا کہ جو اُن کاموں کو چھوڑے جو اللہ نے حرام کیے ہیں۔ کہا گیا کہ کون سا جہاد افضل ہے؟ فرمایا کہ جو مشرکوں سے اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرے۔ عرض کی گئی کہ کس قتل کا درجہ زیادہ ہے؟ فرمایا کہ جس کا خون بہایا جائے اُس کے گھوڑے کی ٹانگیں بھی کاٹ دی جائیں (ابوداؤد) اور نسائی کی روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا کہ وہ ایمان جس میں شک نہ ہو اور جہاد جس میں خیانت نہ ہو اور پاکیزہ حج۔ عرض کی گئی کہ کونسی نماز افضل ہے؟ فرمایا کہ لمبے قیام والی۔ پھر باقی پر دونوں متفق ہیں۔

٣٦٥٦ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ قَالَ قَالَ

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



سِتُّ خِصَالٍ يُغْفَرُ لَهٗ فِيْ أَوَّلِ دَفْعَةٍ وَيُرٰى مَقْعَدُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ وَيُوْضَعُ عَلٰى رَأْسِهٖ تَاجُ الْوَقَارِ الْيَاقُوْتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَيُزَوَّجُ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ زَوْجَةً مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَيُشَفَّعُ فِيْ سَبْعِيْنَ مِنْ أَقْرِبَائِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ہیں: پہلی دفعہ ہی اُس کو بخش دیا جاتا ہے۔ جنّت میں اُس کا ٹھکانا دکھا دیا جاتا ہے۔ عذابِ قبر سے اُس کو محفوظ رکھا جاتا ہے۔ بڑی گھبراہٹ سے امن میں رکھا جاتا ہے۔ اُس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جاتا ہے، جس کا ایک یاقوت بھی دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے۔ حورِ عین سے بہتّر بیویوں کے ساتھ اُس کا نکاح کیا جائے گا اور اُس کے ستّر رشتہ داروں کے متعلق اُس کی شفاعت قبول کی جائے گی۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

٣٦٥٧ [٤٧] وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ بِغَيْرِ أَثَرٍ مِّنْ جِهَادٍ لَقِيَ اللّٰهَ وَفِيْهِ ثُلْمَةٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالٰی سے ملے اور اُس پر جہاد کا کوئی نشان نہ ہو تو اُس میں کمی ہے۔

(ترمذی- ابن ماجہ)

٣٦٥٨ [٤٨] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهِيْدُ لَا يَجِدُ أَلَمَ الْقَتْلِ إِلَّا كَمَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ أَلَمَ الْقَرْصَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: شہید قتل ہونے کی اتنی ہی تکلیف پاتا ہے جتنی تم میں سے کوئی چیونٹی کے کاٹنے کی۔ روایت کیا اسے ترمذی، نسائی اور دارمی نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

٣٦٥٩ [٤٩] وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَأَثَرَيْنِ قَطْرَةُ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَقَطْرَةُ دَمٍ يُهْرَاقُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَمَّا الْأَثَرَانِ فَأَثَرٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَأَثَرٌ فِيْ فَرِيْضَةٍ مِّنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالٰى (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالٰی کو دو قطروں اور دو نشانوں سے کوئی چیز پیاری نہیں۔ ایک آنسو کا قطرہ جو اللہ کے ڈر سے نکلا اور دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ کی راہ میں بہایا گیا۔ دو نشانوں میں سے ایک جہاد کا نشان اور دوسرا اللہ کے فرضوں میں سے کسی فرض کا نشان۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٦٦٠ [٥٠] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبِ الْبَحْرَ إِلَّا حَاجًّا أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَإِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَّتَحْتَ النَّارِ بَحْرًا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سمندری سفر نہ کرے مگر حج یا عمرہ کرنے والا یا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا کیونکہ سمندر کے نیچے آگ اور آگ کے نیچے سمندر ہے۔

(ابوداؤد)

٣٦٦١ [٥١] وَعَنْ أُمِّ حَرَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ الْقَيْءُ لَهٗ

حضرت اُمِّ حرام رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر میں چکرانے والا جس کو قے آجائے تو اُس کو

www.alahazratnetwork.org



أَجْرُ شَهِيدٍ وَالْغَرِيقُ لَهُ أَجْرُ شَهِيدَيْنِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

شہید کا ثواب دیا جاتا ہے اور ڈوبنے والے کے لیے دو شہیدوں کا ثواب ہے۔

(ابوداؤد)

۳۶۶۲/۵۲ وَعَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ فَصَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ أَوْ قُتِلَ أَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ أَوْ بَعِيْرُهُ أَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ أَوْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ بِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ فَإِنَّهُ شَهِيْدٌ وَإِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جو اللہ کی راہ میں نکل گیا پس مر گیا یا قتل کر دیا گیا یا اُس کا گھوڑا یا اونٹ اُسے کچل دے یا کوئی زہریلا جانور اُسے ڈس لے یا اپنے بستر پر مر جائے جیسے بھی اللہ چاہے تو وہ شہید ہے اور اُس کے لیے جنت ہے۔

(ابوداؤد)

۳۶۶۳/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑائی کی نوبت نہ آئی تب بھی جہاد کی طرح ہے۔ (ابوداؤد)۔

۳۶۶۴/۵۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِيْ أَجْرُهُ وَلِلْجَاعِلِ أَجْرُهُ وَأَجْرُ الْغَازِيْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غازی کے لیے اجر ہے اور سامان دینے والے کے لیے اپنا اور غازی کے برابر اجر ہے۔ (ابوداؤد)۔

۳۶۶۵/۵۵ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْأَمْصَارُ وَسَتَكُوْنُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ يُقْطَعُ عَلَيْكُمْ فِيْهَا بُعُوْثٌ فَيَكْرَهُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهِ ثُمَّ يَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ عَلَيْهِمْ مَنْ أَكْفِيْهِ بَعْثَ كَذَا أَلَا وَذٰلِكَ الْأَجِيْرُ إِلٰى آخِرِ قَطْرَةٍ مِنْ دَمِهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: عنقریب تم کتنے ہی شہروں کو فتح کرو گے اور عنقریب تمہارے کتنے ہی جرار لشکر ہوں گے جن میں تمہارے لیے دستے بنائے جائیں گے۔ ایک آدمی بھیجے جانے کو ناپسند کرے گا اور وہ اپنی قوم سے جدا ہو جائے گا، پھر وہ قبیلوں کو تلاش کرے اور اُن پر اپنے آپ کو پیش کرے گا کہ کون ہے جس کی میں فلاں لشکر سے کفایت کروں حالانکہ وہ اپنے خون کے آخری قطرے تک مزدور ہوگا۔

(ابوداؤد)

۳۶۶۶ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ أَذَّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَأَنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ لَيْسَ لِيْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ أَجِيْرًا يَكْفِيْنِيْ فَوَجَدْتُ رَجُلًا سَمَّيْتُ لَهُ ثَلَاثَةَ دَنَانِيْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ غَنِيْمَةٌ أَرَدْتُ أَنْ أُجْرِيَ لَهُ سَهْمَهُ فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهُ فَقَالَ مَا أَجِدُ

حضرت یعلیٰ بن اُمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاد کا اعلان کیا اور میں بہت بوڑھا تھا اور میرا کوئی خادم نہ تھا۔ میں نے مزدور تلاش کیا جو میری طرف سے کفایت کرے۔ مجھے ایک آدمی مل گیا جس سے تین دینار مقرر کر لیے۔ جب مالِ غنیمت آیا تو میں نے ارادہ کیا کہ اُسے حصہ دوں۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے ذکر کیا: فرمایا کہ میں اس جہاد میں دنیا اور آخرت

www.alahazratnetwork.org



إِلَّا دَنَانِيرَهُ الَّتِي تَسَمَّى۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

(ابوداؤد)

٣٦٦٧ / ٥٧ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ رَجُلٌ يُرِيدُ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللهِ وَهُوَ يَبْتَغِي عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْيَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَجْرَ لَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص عرض گزار ہوا، یارسول اللہ! ایک شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہے اور وہ دنیاوی مال سے کسی مال کی خواہش بھی رکھتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس کے لیے کوئی ثواب نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

٣٦٦٨ / ٥٨ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَزْوُ غَزْوَانِ فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللهِ وَأَطَاعَ الْإِمَامَ وَأَنْفَقَ الْكَرِيمَةَ وَيَاسَرَ الشَّرِيكَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَإِنَّ نَوْمَهُ وَنُبْهَهُ أَجْرٌ كُلُّهُ وَأَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَسُمْعَةً وَعَصَى الْإِمَامَ وَأَفْسَدَ فِي الْأَرْضِ فَإِنَّهُ لَمْ يَرْجِعْ بِالْكَفَافِ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، جہاد دو قسم کا ہے ایک جو رضائے الٰہی کو تلاش کرے، امام کی اطاعت کرے، پیاری چیز خرچ کرے، ساتھی سے نرمی برتے اور فساد سے اجتناب کرے تو اُس کو سونے اور جاگنے کا ثواب ملے گا اور جو جہاد کرے فخریہ دکھانے کو شہرت کے لیے، امام کی نافرمانی کرے اور زمین میں فساد پھیلائے تو وہ برابر بھی نہیں لوٹے گا۔

(مالک، ابوداؤد، نسائی)۔

٣٦٦٩ / ٥٩ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللهِ أَخْبِرْنِي عَنِ الْجِهَادِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو إِنْ قَاتَلْتَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا بَعَثَكَ اللهُ صَابِرًا مُحْتَسِبًا وَإِنْ قَاتَلْتَ مُرَائِيًا مُكَاثِرًا بَعَثَكَ اللهُ مُرَائِيًا مُكَاثِرًا يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرٍو عَلَى أَيِّ حَالٍ قَاتَلْتَ أَوْ قُتِلْتَ بَعَثَكَ اللهُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ عرض گزار ہوئے، یارسول اللہ! مجھے جہاد کے متعلق بتائیے۔ فرمایا، کہ عبداللہ بن عمرو! اگر تم صبر کے ساتھ ثواب کی غرض سے لڑے تو اللہ تعالٰی تمہیں صابر اور ثواب پانے والا اٹھائے گا اور اگر تم دکھاوے اور مال بڑھانے کے لیے لڑے تو اللہ تعالٰی تمہیں ریاکار اور لالچی اٹھائے گا۔ اے عبداللہ بن عمرو! تم جس حال میں لڑے یا قتل کیے گئے اللہ تعالٰی اُسی حال میں اٹھائے گا۔

(ابوداؤد)

٣٦٧٠ / ٦٠ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَعَجَزْتُمْ إِذَا بَعَثْتُ رَجُلًا فَلَمْ يَمْضِ لِأَمْرِي أَنْ تَجْعَلُوا مَكَانَهُ مَنْ يَمْضِي لِأَمْرِي (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ) وَذُكِرَ حَدِيثُ فَضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِي كِتَابِ الْإِيمَانِ۔

حضرت عقبہ بن مالک سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، کیا تم اس بات سے عاجز ہو کہ جب میں کسی شخص کو بھیجوں اور وہ میرے حکم کو جاری نہ کرے تو تم اُس کی جگہ دوسرا مقرر کرو جو میرے حکم کو جاری کرے (ابوداؤد) اور اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ والی حدیث فضالہ کتاب الایمان میں پیش کر دی گئی ہے۔

## تیسری فصل

٣٦٧١ / ٦١ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَمَرَّ رَجُلٌ بِغَارٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ ایک فوجی دستے میں نکلے۔ ایک آدمی غار کے پاس سے

www.alahazratnetwork.org



فِيهِ شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ وَبَقْلٍ فَحَدَّثَ نَفْسَهُ بِأَنْ يُقِيمَ فِيهِ وَيَتَخَلَّى مِنَ الدُّنْيَا فَاسْتَأْذَنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ بِالْيَهُودِيَّةِ وَلَا بِالنَّصْرَانِيَّةِ وَلٰكِنِّي بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَغَدْوَةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَمَقَامُ أَحَدِكُمْ فِي الصَّفِّ خَيْرٌ مِنْ صَلٰوتِهِ سِتِّينَ سَنَةً۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

گزرا جس میں پانی اور سبزی تھی۔ اُس کے دل میں خیال آیا کہ دنیا سے کنارا کر کے یہیں ٹھہر جائے۔ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت طلب کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہودیت اور نصرانیت کے ساتھ مبعوث نہیں فرمایا گیا بلکہ مجھے دینِ حنیف دے کر بھیجا گیا ہے جو آسان ہے۔ قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے صبح یا شام کو اللہ کی راہ میں نکلنا دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے اور تم میں سے کسی کا صف میں کھڑے ہونا اُس کی ساٹھ سالہ تنہائی کی نماز سے بہتر ہے۔

(احمد)۔

٣٦٧٢/٦٢ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَزَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَمْ يَنْوِ إِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوٰى۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور ایک رسی کی نیت بھی رکھی تو اُس کے لیے وہی ہے جس کی نیت کی ہو۔

(نسائی)

٣٦٧٣/٦٣ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَعَجِبَ لَهَا أَبُو سَعِيدٍ فَقَالَ أَعِدْهَا عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعَادَهَا عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ وَأُخْرٰى يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا الْعَبْدَ مِائَةَ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ قَالَ وَمَا هِيَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔ اَلْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَلْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد مصطفیٰ کے رسول ہونے پر راضی ہوا اُس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔ حضرت ابو سعید کو اس کا تعجب ہوا لہٰذا عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھے یہ دوبارہ بتائیے۔ چنانچہ آپ نے دوبارہ بتایا، پھر فرمایا کہ دوسری چیز بھی ہے جس کے باعث اللہ تعالیٰ جنت میں بندے کے سو درجے بلند فرمائے گا ہر دو درجوں کے درمیان زمین و آسمان کے برابر فاصلہ ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ چیز کیا ہے؟ فرمایا کہ اللہ کی راہ میں جہاد، اللہ کی راہ میں جہاد، اللہ کی راہ میں جہاد۔

(مسلم)

٣٦٧٤/٦٤ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ فَقَامَ رَجُلٌ رَثُّ الْهَيْئَةِ فَقَالَ يَا أَبَا مُوسٰى أَأَنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ فَرَجَعَ إِلٰى أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَقْرَأُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ ثُمَّ كَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک جنت کے دروازے تلواروں کے سائے تلے ہیں۔ ایک پراگندہ حال شخص کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا: اے ابو موسیٰ! کیا یہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے خود سُنا؟ فرمایا ہاں۔ پس وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹا، انھیں سلام کیا۔ پھر اپنی تلوار کا غلاف توڑ کر پھینک دیا اور ننگی تلوار لے کر دشمن کی طرف پیش قدمی کی۔ اُس

www.alahazratnetwork.org



فَأَلْقَاهُ ثُمَّ مَشٰى بِسَيْفِهٖ إِلَى الْعَدُوِّ فَضَرَبَ بِهٖ حَتّٰى قُتِلَ -

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کے ساتھ وار کیے یہاں تک کہ قتل کر دیا گیا۔

(مسلم)

٣٦٧٥/٦٥ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَصْحَابِهٖ إِنَّهٗ لَمَّا أُصِيْبَ إِخْوَانُكُمْ يَوْمَ أُحُدٍ جَعَلَ اللّٰهُ أَرْوَاحَهُمْ فِيْ جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَرِدُ أَنْهَارَ الْجَنَّةِ تَأْكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا وَتَأْوِيْ إِلٰى قَنَادِيْلَ مِنْ ذَهَبٍ مُعَلَّقَةٍ فِيْ ظِلِّ الْعَرْشِ فَلَمَّا وَجَدُوْا طِيْبَ مَأْكَلِهِمْ وَمَشْرَبِهِمْ وَمَقِيْلِهِمْ قَالُوْا مَنْ يُّبَلِّغُ إِخْوَانَنَا عَنَّا أَنَّا أَحْيَاءٌ فِي الْجَنَّةِ لِئَلَّا يَزْهَدُوْا فِي الْجَنَّةِ وَلَا يَنْكُلُوْا عِنْدَ الْحَرْبِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنَا أُبَلِّغُهُمْ عَنْكُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ إِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَاتِ

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: جب تمہارے بھائیوں کو غزوۂ احد میں شہید کر دیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے اُن کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں رکھ دیں جو جنت کی نہروں پہ جاتے، اُس کے پھل کھاتے اور سونے کی قندیلوں کی طرف لوٹ آتے ہیں جو عرش کے سائے میں لٹکی ہوئی ہیں۔ جب اُنھیں عمدہ کھانا، پینا اور رہنے کے ٹھکانے مل گئے تو کہنے لگے ہمارے بھائیوں کو ہماری خبر کون پہنچائے گا کہ ہم جنت میں زندہ ہیں تاکہ وہ جنت سے بے رغبت نہ ہوں اور لڑائی کے وقت سستی نہ دکھائیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تمہاری خبر میں پہنچاؤں گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی:۔ اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے اُنھیں مُردے گمان نہ کرو بلکہ وہ تو زندہ ہیں (۳: ۱۶۹) آخر آیت تک۔

(ابوداؤد)

٣٦٧٦/٦٦ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُوْنَ فِي الدُّنْيَا عَلٰى ثَلٰثَةِ أَجْزَاءٍ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجَاهَدُوْا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ يَأْمَنُهُ النَّاسُ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ثُمَّ الَّذِيْ إِذَا أَشْرَفَ عَلٰى طَمَعٍ تَرَكَهٗ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ -

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان والے اس دنیا میں تین طرح کے ہیں۔ ایک وہ جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں، پھر شک میں نہیں پڑتے اور اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں۔ دوسرا وہ جو لوگوں کو اُن کے مالوں اور جانوں کی طرف سے بے خوف رکھتا ہے۔ پھر تیسرا وہ جو کسی طمع کو دیکھتا ہے تو اللہ عزّوجلّ کے لیے اُسے ترک کر دیتا ہے۔

(احمد)

٣٦٧٧/٦٧ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عُمَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ نَفْسٍ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا رَبُّهَا تُحِبُّ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْكُمْ وَأَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا غَيْرُ الشَّهِيْدِ قَالَ ابْنُ أَبِيْ عُمَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ أُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَّكُوْنَ لِيْ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کی جان نہیں جس کو اللہ تعالیٰ قبض فرمائے تو وہ تمہاری طرف واپس آنا چاہے خواہ اُسے دنیا و مافیہا دی جائے، سوائے شہید کے۔ حضرت ابن ابی عمیرہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی لیے مجھے اللہ کی راہ میں قتل ہو جانا اس سے زیادہ پسند ہے کہ خیموں اور محلات میں رہنے والے میرے زیرِ نگیں ہوں۔

www.alahazratnetwork.org



أهل الوبر والمدر۔ (رواه النسائي)

(نسائی)

۳۶۷۸/۶۸ وعن حسناء بنت معاوية قال حدثني عمي قال قلت للنبي صلى الله عليه وسلم من في الجنة قال النبي في الجنة والشهيد في الجنة والمولود في الجنة والوئيد في الجنة۔

(رواه أبو داود)

حسنا بنت معاویہ کا بیان ہے کہ ہم سے حدیث بیان کرتے ہوئے میرے چچا جان نے فرمایا۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا کہ جنت میں کون جائے گا؟ فرمایا کہ نبی جنت میں ہے، شہید جنت میں ہے، نومولود جنت میں ہے اور زندہ درگور کی ہوئی جنت میں ہے۔

(ابوداؤد)

۳۶۷۹/۶۹ وعن علي وأبي الدرداء وأبي هريرة وأبي أمامة وعبد الله بن عمر وعبد الله بن عمرو وجابر بن عبد الله وعمران بن حصين رضي الله عنهم أجمعين كلهم يحدث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال من أرسل نفقة في سبيل الله وأقام في بيته فله بكل درهم سبع مائة درهم ومن غزا بنفسه في سبيل الله وأنفق في وجهه ذلك فله بكل درهم سبع مائة ألف درهم ثم تلا هذه الآية والله يضاعف لمن يشاء۔

(رواه ابن ماجة)

حضرت علی، حضرت ابو درداء، حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابو امامہ، حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت عبداللہ بن عمرو، حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالٰی عنہم سب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجاہدین کے لیے خرچ بھیجا اور خود اپنے گھر میں رہا اُس کے لیے ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ہیں اور جس نے خود بھی جہاد کیا اور اُس میں مال خرچ کیا تو اُس کے لیے ہر درہم کے بدلے سات لاکھ درہم ہیں۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی اور اللہ کئی گنا و بڑھا دیتا ہے جس کے لیے چاہے (۲: ۲۶۱) آخر تک

(ابن ماجہ)

---

۳۶۸۰/۷۰ وعن فضالة بن عبيد قال سمعت عمر بن الخطاب يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الشهداء أربعة رجل مؤمن جيد الإيمان لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذلك الذي يرفع الناس إليه أعينهم يوم القيامة هكذا ورفع رأسه حتى سقطت قلنسوته فما أدري أقلنسوة عمر أراد أم قلنسوة النبي صلى الله عليه وسلم قال ورجل مؤمن جيد الإيمان لقي العدو كأنما ضرب جلده بشوك طلح من الجبن أتاه سهم غرب فقتله فهو في الدرجة الثانية ورجل

حضرت فضالہ بن عُبید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہر شہید چار قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ آدمی پکے ایمان والا ہے جو دشمن سے ملے تو اس حالت میں قتل کر دیا جائے کہ وہ اللہ کی تصدیق کرتا تھا۔ قیامت کے روز ایسے شخص کی طرف لوگ نگاہیں اٹھا کر دیکھیں گے اور سر اُٹھایا یہاں تک کہ آپ کی ٹوپی گر پڑی۔ مجھے نہیں معلوم کہ اس سے حضرت عمر کی ٹوپی مراد ہے یا نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ٹوپی مبارک۔ فرمایا کہ دوسرا وہ آدمی جو پکے ایمان والا ہے جب دشمن سے ملے تو گویا اُس کی کھال میں بزدلی کے باعث کانٹا چبھ گیا۔ ایک اجنبی تیر آتا ہے جس سے وہ جاں بحق ہو جاتا ہے تو یہ دوسرے درجے میں ہے۔ تیسرا وہ آدمی جو ایمان والا ہے لیکن اُس کے اچھے اور بُرے اعمال مخلوط ہیں۔ وہ قتل ہونے تک اللہ کی تصدیق کرتا ہے تو یہ تیسرے درجے

www.alahazratnetwork.org



لقي العدو وصدق الله حتى قتل فذاك في الدرجة الثالثة ورجل مؤمن أسرف على نفسه لقي العدو فصدق الله حتى قتل فذاك في الدرجة الرابعة (رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب)

کو دشمن سے ملا اور اللہ کی تصدیق کرتا ہوا قتل کر دیا گیا۔ یہ چوتھے درجے میں ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

---

۳۶۸۱ وعن عتبة بن عبد السلمي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم القتلى ثلاثة مؤمن جاهد بنفسه وماله في سبيل الله فإذا لقي العدو قاتل حتى يقتل قال النبي صلى الله عليه وسلم فيه فذلك الشهيد الممتحن في خيمة الله تحت عرشه لا يفضله النبيون إلا بدرجة النبوة ومؤمن خلط عملا صالحا وآخر سيئا جاهد بنفسه وماله في سبيل الله إذا لقي العدو قاتل حتى يقتل قال النبي صلى الله عليه وسلم فيه ممصمصة محت ذنوبه وخطاياه إن السيف محاء للخطايا وأدخل من أي أبواب الجنة شاء ومنافق جاهد بنفسه وماله فإذا لقي العدو قاتل حتى يقتل فذاك في النار إن السيف لا يمحو النفاق۔

(رواه الدارمي)

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید تین قسم کے ہیں: ایک وہ مومن جو اپنی جان اور مال کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔ جب دشمن سے مڈبھیڑ ہو تو لڑے، یہاں تک کہ قتل کر دیا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ شہید ہے جس کی آزمائش کی گئی، وہ جو عرش کے نیچے اللہ کے خیمے میں ہوگا۔ انبیائے کرام کو اس پر فضیلت نہیں ہوگی مگر مقام نبوت ہی کے باعث۔ دوسرا وہ مومن جس نے اچھے اور برے اعمال ملائے رکھے۔ اپنی جان اور مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔ جب دشمن سے مقابلہ ہو تو لڑے یہاں تک کہ قتل کر دیا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس میں کمی ہے لیکن اس کے گناہ اور خطائیں مٹا دی جائیں گی کیونکہ تلوار پوری طرح گناہوں کو مٹا دیتی ہے اور اسے جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل کیا جائے گا۔ تیسرا منافق جو اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرے جب دشمن سے مڈبھیڑ ہو تو لڑے یہاں تک کہ قتل کر دیا جائے۔ یہ جہنم میں جائے گا کیونکہ تلوار نفاق کو نہیں مٹاتی۔

(دارمی)

۳۶۸۲ وعن ابن عائذ قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في جنازة رجل فلما وضع قال عمر بن الخطاب لا تصل عليه يا رسول الله فإنه رجل فاجر فالتفت رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الناس فقال هل رآه أحد منكم على عمل الإسلام فقال رجل نعم يا رسول الله حرس ليلة في سبيل الله فصلى عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم وحثى عليه التراب وقال أصحابك يظنون أنك من أهل النار وأنا أشهد

حضرت ابن عائذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک آدمی کے جنازے کے ساتھ نکلے۔ جب اسے رکھا گیا تو حضرت عمر بن خطاب عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس پر نماز نہ پڑھیے کیونکہ یہ بڑا گنہگار ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم میں سے کسی نے اس کا کوئی اسلامی کام بھی دیکھا ہے؟ ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہاں، ایک رات اس نے اللہ کی راہ میں پہرہ دیا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور اس پر مٹی ڈالی اور فرمایا کہ تمہارے ساتھی یہی گمان کرتے ہیں کہ تم جہنمی ہو لیکن میں گواہی دیتا ہوں کہ تم جنتی ہو نیز فرمایا کہ اے عمر! تم سے لوگوں

www.alahazratnetwork.org



اَنَّكَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَقَالَ يَا عُمَرُ اِنَّكَ لَا تُسْئَلُ عَنْ اَعْمَالِ النَّاسِ وَلٰكِنْ تُسْئَلُ عَنِ الْفِطْرَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

کے اعمال نہیں پوچھے جائیں گے بلکہ فطرت کے متعلق پوچھا جائے گا۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ اِعْدَادِ اٰلَةِ الْجِهَادِ

## سامانِ جہاد کی تیاری کا بیان

### پہلی فصل

۳۶۸۳ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر اور اُن کے لیے بساط بھر تیار رہو قوت سے (۸: ۶۰) کے متعلق فرماتے ہوئے سُنا، آگاہ ہو جاؤ کہ قوت نشانہ بازی ہے، آگاہ ہو جاؤ کہ قوت نشانہ بازی ہے آگاہ ہو جاؤ کہ قوت نشانہ بازی ہے۔ (مسلم)

۳۶۸۴ [2] وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الرُّوْمُ وَيَكْفِيْكُمُ اللّٰهُ فَلَا يَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّلْهُوَ بِاَسْهُمِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، عنقریب تم روم کو فتح کرو گے اور اللہ تعالیٰ تمہیں کفایت کرے گا۔ پس تم میں سے کوئی عاجز نہ ہو جائے کہ اپنے تیروں سے کھیلنے لگے۔ (مسلم)

۳۶۸۵ [3] وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ عَلِمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا اَوْ قَدْ عَصٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، جو نشانہ بازی سیکھے اور پھر اُسے ترک کر دے تو وہ ہم سے نہیں یا نافرمانی کی۔ (مسلم)۔

۳۶۸۶ [4] وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْمٍ مِّنْ اَسْلَمَ يَتَنَاضَلُوْنَ بِالسُّوْقِ فَقَالَ ارْمُوْا بَنِيْ اِسْمٰعِيْلَ فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا وَّاَنَا مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ فَاَمْسَكُوْا بِاَيْدِيْهِمْ فَقَالَ مَا لَكُمْ قَالُوْا كَيْفَ نَرْمِيْ وَاَنْتَ مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ ارْمُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنی اسلم کے کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے جو بازار میں تیر اندازی کر رہے تھے۔ فرمایا، اے بنی اسمٰعیل! تیر اندازی کرو کیونکہ تمہارے جدِ اعلیٰ بھی تیر انداز تھے اور میں دونوں میں سے ایک فریق بنی فلاں کے ساتھ ہوں۔ دوسروں نے اپنے ہاتھ روک لیے۔ فرمایا کہ تمہیں کیا ہوا؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم کیسے تیر اندازی کریں جبکہ آپ بنی فلاں کے ساتھ ہیں۔ فرمایا کہ تیر اندازی کرو اور میں تم سب کے ساتھ ہوں۔ (بخاری)

۳۶۸۷ [5] وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَتَتَرَّسُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ابو طلحہ نبی کریم صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتُرْسٍ وَّاحِدٍ وَّكَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ حَسَنَ الرَّمْيِ فَكَانَ إِذَا رَمٰى تَشَرَّفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْظُرُ إِلٰى مَوْضِعِ نَبْلِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہی ڈھال کی آڑ لیتے اور حضرت ابو طلحہ بڑے تیر انداز تھے۔ جب یہ تیر پھینکتے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوپر ہو کر اُن کے تیر کے ٹھکانے کو دیکھتے۔

(بخاری)

٣٦٨٨ / ٦ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، برکت گھوڑوں کی پیشانیوں میں ہے۔

(متفق علیہ)

٣٦٨٩ / ٧ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْوِيْ نَاصِيَةَ فَرَسٍ بِإِصْبَعِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ بِنَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ الْأَجْرُ وَالْغَنِيْمَةُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ گھوڑے کی پیشانی کے بال اپنی انگشت مبارک سے بٹاتے تھے اور فرما رہے تھے: قیامت تک بھلائی گھوڑوں کی پیشانی سے باندھ دی گئی ہے کہ ثواب اور مالِ غنیمت۔

(مسلم)

٣٦٩٠ / ٨ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ إِيْمَانًا بِاللهِ وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِهٖ فَإِنَّ شِبَعَهٗ وَرِيَّهٗ وَرَوْثَهٗ وَبَوْلَهٗ فِيْ مِيْزَانِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے اللہ کی راہ میں گھوڑا روکے رکھا، اللہ پر ایمان رکھتے ہوئے اور اُس کے وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے تو قیامت کے روز گھوڑے کی خوراک، اُس کا پانی، اُس کی لید اور اُس کا پیشاب بھی میزان میں ہوگا۔

(بخاری)

٣٦٩١ / ٩ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ وَالشِّكَالُ أَنْ يَّكُوْنَ الْفَرَسُ فِيْ رِجْلِهِ الْيُمْنٰى بَيَاضٌ وَّفِيْ يَدِهِ الْيُسْرٰى أَوْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى وَرِجْلِهِ الْيُسْرٰى۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُنھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھوڑے میں شکال کو ناپسند فرماتے۔ شکال یہ ہے کہ گھوڑے کی دائیں ٹانگ اور بایاں ہاتھ سفید ہو یا اُس کا دایاں ہاتھ اور بائیں ٹانگ سفید ہو۔

(مسلم)

٣٦٩٢ / ١٠ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَأَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ وَبَيْنَهُمَا سِتَّةُ أَمْيَالٍ وَّسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِيْ لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ وَّبَيْنَهُمَا مِيْلٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن گھوڑوں کی دوڑ حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک کروائی جن کا اضمار کیا گیا تھا جبکہ دونوں کے درمیان چھ میل کا فاصلہ ہے اور جن کا اضمار نہیں کیا گیا تھا اُن گھوڑوں کی دوڑ ثنیہ سے مسجد بنی زریق تک کروائی، دونوں کا درمیانی فاصلہ ایک میل ہے۔

(متفق علیہ)

٣٦٩٣ / ١١ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ نَاقَةٌ لِّرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُسَمّٰی الْعَضْبَاءَ وَکَانَتْ لَا تُسْبَقُ فَجَاءَ اَعْرَابِیٌّ عَلٰی قَعُوْدٍ لَّہٗ فَسَبَقَہَا فَاشْتَدَّ ذٰلِکَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ اَنْ لَّا یَرْتَفِعَ شَیْءٌ مِّنَ الدُّنْیَا اِلَّا وَضَعَہٗ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

علیہ وسلم کی عضباء نامی ناقہ تھی جس پر کوئی سبقت نہیں لے جاتا تھا۔ ایک اعرابی اپنے اونٹ پر بیٹھ کر آیا جو آگے نکل گیا۔ مسلمانوں پر یہ بات گراں گزری تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ دنیا میں کسی چیز کو نہیں اٹھاتا مگر گراتا بھی ہے۔

(بخاری)

## دوسری فصل

۳۶۹۴ عَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
۱۲
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یُدْخِلُ بِالسَّہْمِ الْوَاحِدِ ثَلٰثَۃَ نَفَرٍ فِی الْجَنَّۃِ صَانِعَہٗ یَحْتَسِبُ فِیْ صَنْعَتِہِ الْخَیْرَ وَالرَّامِیَ بِہٖ وَمُنْبِلَہٗ وَارْمُوْا وَارْکَبُوْا وَاَنْ تَرْمُوْا اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ تَرْکَبُوْا کُلُّ شَیْءٍ یَلْہُوْ بِہِ الرَّجُلُ بَاطِلٌ اِلَّا رَمْیَہٗ بِقَوْسِہٖ وَتَادِیْبَہٗ فَرَسَہٗ وَمُلَاعَبَتَہُ امْرَاَتَہٗ فَاِنَّہُنَّ مِنَ الْحَقِّ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ) وَزَادَ اَبُوْدَاؤُدَ وَالدَّارِمِیُّ وَمَنْ تَرَکَ الرَّمْیَ بَعْدَ مَا عَلِمَہٗ رَغْبَۃً عَنْہُ فَاِنَّہَا نِعْمَۃٌ تَرَکَہَا اَوْقَالَ کَفَرَہَا۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ ایک تیر کے باعث تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرماتا ہے۔ اس کے بنانے والے کو جو اسے نیکی کی نیت سے بنائے تیر چلانے والے اور جو اسے پکڑائے لہٰذا تیر اندازی اور سواری کرو جبکہ تیر اندازی کرنا مجھے سواری کرنے سے زیادہ پسند ہے۔ ہر وہ چیز جس کے ساتھ آدمی کھیلے باطل ہے سوائے اپنی کمان کے ساتھ تیر اندازی کرنے، اپنے گھوڑے کو سدھانے اور اپنی بیوی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنے کے کیونکہ یہ چیزیں حق ہیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ) ابوداؤد اور دارمی میں یہ بھی ہے کہ جو سیکھنے کے بعد بیزار ہو کر تیر اندازی کو ترک کر دے تو اس نے ایک نعمت کو ترک کر دیا یا فرمایا کہ ناشکری کی۔

۳۶۹۵ وَعَنْ اَبِیْ نَجِیْحِ السُّلَمِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
۱۳
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ بَلَغَ بِسَہْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَہُوَلَہٗ دَرَجَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ وَمَنْ رَمٰی بِسَہْمٍ فِی الْاِسْلَامِ فَہُوَلَہٗ عِدْلُ مُحَرَّرٍ وَمَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤُدَ الْفَصْلَ الْاَوَّلَ وَالنَّسَائِیُّ الْاَوَّلَ وَالثَّانِیَ وَالتِّرْمِذِیُّ الثَّانِیَ وَالثَّالِثَ وَفِیْ رِوَایَتِہِمَا مَنْ شَابَ شَیْبَۃً [illegible]

حضرت ابو نجیح سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جس نے اللہ کی راہ میں تیر پہنچایا اُس کے لیے جنت میں ایک درجہ ہے اور جس نے اللہ کی راہ میں تیر پھینکا اُس کے لیے غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے اور جس کو اسلام میں بڑھاپا آیا تو وہ قیامت کے روز اُس کے لیے نور ہوگا۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا اور ابوداؤد نے پہلی بات روایت کی، نسائی نے پہلی اور دوسری، ترمذی نے دوسری اور تیسری اور ان دونوں کی روایت میں فی الاسلام کی جگہ مَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِیْ نَصْلٍ اَوْ خُفٍّ اَوْ حَافِرٍ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سبقت لے جانے پر مال نہیں مگر تیر چلانے یا اونٹ اور گھوڑا دوڑانے پر (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)۔

۳۶۹۷/۱۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَیْنَ فَرَسَیْنِ فَاِنْ کَانَ یُؤْمَنُ اَنْ یُّسْبَقَ فَلَا خَیْرَ فِیْہِ وَاِنْ کَانَ لَا یُؤْمَنُ اَنْ یُّسْبَقَ فَلَا بَاْسَ بِہٖ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ) وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاؤدَ قَالَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَیْنَ فَرَسَیْنِ یَعْنِیْ وَھُوَ لَا یَاْمَنُ اَنْ یُّسْبَقَ فَلَیْسَ بِقِمَارٍ وَمَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَیْنَ فَرَسَیْنِ وَقَدْ اَمِنَ اَنْ یُّسْبَقَ فَھُوَ قِمَارٌ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو گھوڑوں کے درمیان گھوڑا داخل کیا، اگر اُسے یقین ہے کہ سبقت لے جائے گا تو اس میں کوئی بھلائی نہیں اور اگر اُسے سبقت لے جانے کا یقین نہیں تو اس کا کوئی مضائقہ نہیں۔ اسے شرح السنہ میں روایت کیا اور ابوداؤد کی روایت میں فرمایا: جس نے دو گھوڑوں کے درمیان گھوڑا داخل کیا یعنی اُسے سبقت لے جانے کا یقین نہیں تو یہ جوا نہیں اور جس نے دو گھوڑوں کے درمیان گھوڑا داخل کیا اور اُسے سبقت لے جانے کا یقین ہو تو یہ جوا ہے۔

۳۶۹۸/۱۶ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ زَادَ یَحْیٰی فِیْ حَدِیْثِہٖ فِی الرِّھَانِ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَرَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ مَعَ زِیَادَۃٍ فِیْ بَابِ الْغَصَبِ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ ڈانٹ ڈپٹ ہے اور نہ دوسرا گھوڑا رکھنا ہے۔ یحییٰ نے اپنی حدیث میں فی الرھان بھی کہا ہے (ابوداؤد، نسائی) اور ترمذی نے اسے کچھ اضافے کے ساتھ باب الغصب میں روایت کیا ہے۔

۳۶۹۹/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَیْرُ الْخَیْلِ الْاَدْھَمُ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ ثُمَّ الْاَقْرَحُ الْمُحَجَّلُ طَلْقُ الْیَمِیْنِ فَاِنْ لَّمْ یَکُنْ اَدْھَمَ فَکُمَیْتٌ عَلٰی ھٰذِہِ الشِّیَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہتر گھوڑا وہ ہے جس کا رنگ سیاہ، پیشانی سفید اور ناک سفید ہو۔ پھر سفید پیشانی والا پنج کلیان لیکن داہنا پاؤں خالی ہو پھر اگر سیاہ نہ ہو تو سرخ رنگ انہیں صفات والا ہو۔ (ترمذی، دارمی)

۳۷۰۰/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ وَھْبٍ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُمْ بِکُلِّ کُمَیْتٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَشْقَرَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَدْھَمَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ہر اُس گھوڑے کو اختیار کرو جو سرخ پنج کلیان سفید پیشانی والا ہو یا صاف سرخ رنگ پنج کلیان یا جو سیاہ رنگ پنج کلیان ہو۔ (ابوداؤد، نسائی)

۳۷۰۱/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُمْنُ الْخَیْلِ فِی الشُّقْرِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے کا مبارک ہونا صاف سرخ رنگ میں ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۳۷۰۲/۲۰ وَعَنْ عُتْبَۃَ بْنِ عَبْدِ السُّلَمِیِّ اَنَّہٗ سَمِعَ

حضرت عتبہ بن عبد السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں

www.alahazratnetwork.org



رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَقُصُّوْا نَوَاصِیَ الْخَیْلِ وَلَا مَعَارِفَہَا وَلَا اَذْنَابَہَا فَاِنَّ اَذْنَابَہَا مَذَابُّہَا وَمَعَارِفَہَا دِفَاؤُہَا وَنَوَاصِیَہَا مَعْقُوْدٌ فِیْہَا الْخَیْرُ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: گھوڑے کی پیشانی، ایال اور دُم کے بال نہ کاٹو کیونکہ اُن کی دُمیں تو اُن کے مورچھل ہیں اور گردن کے بال ان کے کمبل ہیں اور اُن کی پیشانیوں کے ساتھ بھلائی بندھی ہوئی ہے۔ (ابوداؤد)

۳۷۰۳/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ وَھْبٍ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِرْتَبِطُوا الْخَیْلَ وَامْسَحُوْا بِنَوَاصِیْہَا وَاَعْجَازِھَا اَوْ قَالَ اَکْفَالِھَا وَقَلِّدُوْھَا وَلَا تُقَلِّدُوْھَا الْاَوْتَارَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے پالا کرو نیز اُن کی پیشانیوں اور پیٹھوں پر ہاتھ پھیرا کرو یا فرمایا کہ اُن کی سرین پر اور انھیں ہار پہنایا کرو لیکن تانت کے ہار نہ پہنانا۔

(ابوداؤد۔ نسائی)

۳۷۰۴/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَبْدًا مَّاْمُوْرًا مَا اخْتَصَّنَا دُوْنَ النَّاسِ بِشَیْءٍ اِلَّا بِثَلٰثٍ اَمَرَنَا اَنْ نُّسْبِغَ الْوُضُوْءَ وَاَنْ لَّا نَاْکُلَ الصَّدَقَۃَ وَاَنْ لَّا نُنْزِیَ حِمَارًا عَلٰی فَرَسٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صاحبِ حکم بندے تھے۔ آپ نے دوسرے لوگوں کے علاوہ ہمیں کسی چیز میں خاص نہ فرمایا مگر تین باتوں میں۔ ہم پورا وضو کریں، صدقہ نہ کھائیں اور گدھے کو گھوڑی پر نہ چڑھائیں۔

(ترمذی، نسائی)

۳۷۰۵/۲۳ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ اُھْدِیَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَغْلَۃٌ فَرَکِبَہَا فَقَالَ عَلِیٌّ لَوْ حَمَلْنَا الْحَمِیْرَ عَلَی الْخَیْلِ فَکَانَتْ لَنَا مِثْلُ ھٰذِہٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا یَفْعَلُ ذٰلِکَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک خچر تحفے کے طور پر بھیجا گیا۔ آپ اُس پر سوار ہوئے تو حضرت علی عرض گزار ہوئے: کیوں نہ ہم بھی گدھے کو گھوڑی پر چڑھائیں کہ ہمارے لیے اس جیسے ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا کام وہ کرتے ہیں جو جانتے کچھ نہیں۔

(ابوداؤد، نسائی)

۳۷۰۶/۲۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَتْ قَبِیْعَۃُ سَیْفِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّۃٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی، دارمی)

۳۷۰۷/۲۵ وَعَنْ ھُوْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَدِّہٖ مَزِیْدَۃَ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰی سَیْفِہٖ ذَھَبٌ وَّفِضَّۃٌ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

ہود بن عبد اللہ بن سعد کے نانا جان حضرت مزیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ فتح مکہ کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہر میں داخل ہوئے تو آپ کی تلوار پر سونا تھا اور چاندی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۳۷۰۸ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



ظَاهِرَتَيْهِمَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

جمع فرمایا تھا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

۳۷۰۹/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ رَايَةُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْدَاءَ وَلِوَاءُهُ أَبْيَضَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بڑا جھنڈا سیاہ اور چھوٹا سفید تھا۔
(ترمذی، ابن ماجہ)

۳۷۱۰/۲۸ وَعَنْ مُوْسَى ابْنِ عُبَيْدَةَ مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ بَعَثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ إِلَى الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ يَسْأَلُهُ عَنْ رَايَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَتْ سَوْدَاءَ مُرَبَّعَةً مِّنْ نَمِرَةٍ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاؤدَ)

موسیٰ بن عبیدہ مولیٰ محمد بن قاسم کا بیان ہے کہ مجھے محمد بن قاسم نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جھنڈے کے متعلق پوچھنے کے لیے بھیجا۔ فرمایا کہ سیاہ رنگ، چوکور، اور اونی تھا۔
(احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۳۷۱۱/۲۹ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَلِوَاءُهُ أَبْيَضُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کا جھنڈا سفید تھا۔
(ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۳۷۱۲/۳۰ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَاءِ مِنَ الْخَيْلِ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عورتوں کے بعد گھوڑے سے بڑھ کر کوئی چیز پسند نہ تھی۔
(نسائی)

۳۷۱۳/۳۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَتْ بِيَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْسٌ عَرَبِيَّةٌ فَرَأَى رَجُلًا بِيَدِهٖ قَوْسٌ فَارِسِيَّةٌ قَالَ مَا هٰذِهٖ أَلْقِهَا وَعَلَيْكُمْ بِهٰذِهٖ وَأَشْبَاهِهَا وَرِمَاحِ الْقَنَا فَإِنَّهَا يُؤَيِّدُ اللّٰهُ لَكُمْ بِهَا فِي الدِّيْنِ وَيُمَكِّنُ لَكُمْ فِي الْبِلَادِ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں عربی کمان تھی جبکہ آپ نے ایک آدمی کے ہاتھ میں ایرانی کمان دیکھی تو فرمایا یہ کیا ہے؟ اسے ڈال دو کیونکہ تمہارے لیے یہ اور اس جیسی ضروری ہیں کیونکہ ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ دین میں تمہاری مدد فرماتا اور شہروں میں تمہیں قرار دیتا ہے۔
(ابن ماجہ)

# بَابُ اٰدَابِ السَّفَرِ

# سفر کے آداب

## پہلی فصل

۳۷۱۴/۱ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَكَانَ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے لیے جمعرات کے روز نکلے اور آپ جمعرات

www.alahazratnetwork.org



يُحِبُّ أَنْ يَخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

کے روز نکلنے کو پسند فرمایا کرتے تھے۔
(بخاری)

٣٧١٥ (2) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا أَعْلَمُ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهٗ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگ جانتے کہ تنہائی میں کیا ہے تو میں نہیں جانتا کہ کوئی سوار رات کو تنہا سفر کرے۔
(بخاری)

٣٧١٦ (3) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰئِكَةُ رُفْقَةً فِيْهَا كَلْبٌ وَّلَا جَرَسٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے ایسے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن کے ساتھ کتا یا گھنٹی ہو۔
(مسلم)

٣٧١٧ (4) وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَرَسُ مَزَامِيْرُ الشَّيْطٰنِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گھنٹی شیطان کا باجہ ہے۔
(مسلم)

٣٧١٨ (5) وَعَنْ أَبِيْ بَشِيْرٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهٗ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهٖ فَأَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا لَا تُبْقَيَنَّ فِيْ رَقَبَةِ بَعِيْرٍ قِلَادَةٌ مِّنْ وَّتَرٍ أَوْ قِلَادَةٌ إِلَّا قُطِعَتْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوبشیر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ کسی سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا کہ کسی اُونٹ کی گردن میں تانت کا ہار یا کوئی ہار نہ چھوڑا جائے مگر کاٹ دیا جائے۔
(متفق علیہ)

٣٧١٩ (6) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَأَعْطُوا الْإِبِلَ حَقَّهَا مِنَ الْأَرْضِ وَإِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَأَسْرِعُوْا عَلَيْهَا السَّيْرَ وَإِذَا عَرَّسْتُمْ بِاللَّيْلِ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ فَإِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَأْوَى الْهَوَامِّ بِاللَّيْلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ إِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ہریالی کے دنوں میں سفر کرو تو اونٹ کو زمین سے اُس کا حق دو اور جب قحط سالی میں سفر کرو تو جلدی سے مسافت طے کر لیا کرو اور جب رات کو اُترو تو راستے سے بچنا کیونکہ وہ رات کو درندوں کے راستے اور کیڑے مکوڑوں کے ٹھکانے ہیں۔ ایک روایت میں ہے کہ جب تم قحط سالی میں سفر کرو تو جلدی کرو کہ اُس کی ہڈیوں کی مینگ نہ نکل آئے۔

لَهٗ فَضْلُ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهٖ عَلٰى مَنْ لَّا زَادَ لَهٗ قَالَ فَذَكَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ حَتّٰى رَاَيْنَا اَنَّهٗ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِّنَّا فِيْ فَضْلٍ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کے پاس زادِ راہ نہیں ہے۔ پھر آپ نے مال کی قسمیں بیان فرمائیں جس سے ہمیں محسوس ہونے لگا کہ زائد مال میں ہمارا کوئی حق نہیں ہے۔ (مسلم)

۳۷۲۱ / ۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهٗ وَطَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ فَاِذَا قَضٰى نَهْمَتَهٗ مِنْ وَّجْهِهٖ فَلْيُعَجِّلْ اِلٰى اَهْلِهٖ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر عذاب کا ایک حصہ ہے جو تمہیں سونے، کھانے اور پینے سے روک دیتا ہے۔ جب تم سفر سے اپنی حاجت پوری کرو تو اپنے گھر والوں میں پہنچنے کی جلدی کرو۔ (متفق علیہ)

۳۷۲۲ / ۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ تُلُقِّيَ بِصِبْيَانِ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَاِنَّهٗ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَسُبِقَ بِيْ اِلَيْهِ فَحَمَلَنِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ جِيْءَ بِاَحَدِ ابْنَيْ فَاطِمَةَ فَاَرْدَفَهٗ خَلْفَهٗ قَالَ فَاُدْخِلْنَا الْمَدِيْنَةَ ثَلٰثَةً عَلٰى دَابَّةٍ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو آپ کے اہلِ بیت کے بچوں کے ساتھ آپ کا استقبال کیا جاتا۔ اسی طرح آپ ایک سفر سے لوٹے تو استقبال کرنے میں مجھے آگے رکھا گیا۔ آپ نے مجھے اپنے آگے بٹھا لیا۔ پھر حضرت فاطمہ کے ایک صاحبزادے کو لایا گیا تو اُسے آپ نے پیچھے بٹھایا اور ہم تینوں ایک سواری پر مدینہ منورہ میں داخل ہوئے۔ (مسلم)

۳۷۲۳ / ۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ اَقْبَلَ هُوَ وَاَبُوْ طَلْحَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةُ مُرْدِفُهَا عَلٰى رَاحِلَتِهٖ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اور حضرت ابو طلحہ دونوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ آئے جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر حضرت صفیہ تھیں۔ (بخاری)

۳۷۲۴ / ۱۱ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَطْرُقُ اَهْلَهٗ لَيْلًا وَّكَانَ لَا يَدْخُلُ اِلَّا غُدْوَةً اَوْ عَشِيَّةً ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے گھر والوں میں رات کے وقت تشریف نہ لاتے بلکہ صبح و شام کو تشریف فرما ہوتے۔ (متفق علیہ)

۳۷۲۵ / ۱۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَطَالَ اَحَدُكُمُ الْغَيْبَةَ فَلَا يَطْرُقْ اَهْلَهٗ لَيْلًا ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی زیادہ دنوں تک غائب رہے تو رات کے وقت اپنے گھر والوں میں نہ آئے۔ (متفق علیہ)

۳۷۲۶ / ۱۳ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دَخَلْتَ لَيْلًا فَلَا تَدْخُلْ اَهْلَكَ حَتّٰى تَسْتَحِدَّ الْمُغِيْبَةُ وَتَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی رات کے وقت آئے تو اپنی بیوی کے پاس نہ جائے یہاں تک کہ وہ موئے زیرِ ناف صاف کرے اور بکھرے ہوئے بالوں میں کنگھی کر لے۔ (متفق علیہ)

۳۷۲۷ / ۱۴ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ

www.alahazratnetwork.org



الْمَدِينَةَ نَحَرَ جَزُورًا أَوْ بَقَرَةً۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

میں تشریف لاتے تو اُونٹ یا گائے ذبح فرماتے۔

(بخاری)

۳۷۲۸ [15] وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ إِلَّا نَهَارًا فِي الضُّحٰى فَإِذَا قَدِمَ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلَّى فِيهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِيهِ لِلنَّاسِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سفر سے واپس نہ لوٹتے مگر دن میں چاشت کے وقت آتے ہی پہلے مسجد میں جاتے اور اُس میں دو رکعتیں پڑھتے پھر اُس میں لوگوں کی خاطر بیٹھتے۔ (متفق علیہ)

۳۷۲۹ [16] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ قَالَ لِي أُدْخُلِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ میں ایک سفر میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب ہم مدینہ منورہ میں پہنچے تو مجھ سے فرمایا: مسجد میں جاؤ اور اُس میں دو رکعتیں پڑھو۔

(بخاری)

## دوسری فصل

۳۷۳۰ [17] عَنْ صَخْرِ بْنِ وَدَاعَةَ الْغَامِدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ تَاجِرًا فَكَانَ يَبْعَثُ تِجَارَتَهُ أَوَّلَ النَّهَارِ فَأَثْرٰى وَكَثُرَ مَالُهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت صخر بن وداعہ غامدی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے دعا فرمائی: اے اللہ! میری اُمّت کو دن کے پہلے حصے میں برکت دے اور آپ جب کوئی سریہ یا لشکر روانہ فرماتے تو دن کے پہلے حصے میں بھیجتے۔ حضرت صخر تاجر تھے اور اپنا مالِ تجارت دن کے پہلے حصے میں بھیجا کرتے، لہٰذا مالدار ہو گئے اور اُن کا مال بڑھ گیا۔ (ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

۳۷۳۱ [18] وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوٰى بِاللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی تاریکی میں سفر کیا کرو کیونکہ رات کے وقت زمین لپیٹ دی جاتی ہے۔ (ابوداؤد)۔

۳۷۳۲ [19] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: ایک سوار ایک شیطان ہے، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار قافلہ ہیں۔

(مالک، ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

۳۷۳۳ [20] وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ ثَلَاثَةٌ فِي سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوا أَحَدَهُمْ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جب سفر میں تین آدمی ہوں تو اپنے میں سے ایک کو امیر بنا لیں۔ (ابوداؤد)۔

۳۷۳۴ [21] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی

www.alahazratnetwork.org



وسلم قال خير الصحابة اربعة وخير السرايا اربع مائة وخير الجيوش اربعة آلاف ولن يغلب اثنا عشر الفا من قلة. (رواه الترمذي وابوداؤد والدارمي وقال الترمذي هذا حديث غريب)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہتر ساتھی چار ہیں اور بہتر دستہ چار سو افراد کا ہے اور بہتر فوج چار ہزار اشخاص کی ہے اور بارہ ہزار کی فوج قلت کے باعث مغلوب نہیں ہوگی۔ اسے ترمذی، ابوداؤد اور دارمی نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٧٣٥/٢٢ وعن جابر قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتخلف في المسير فيزجي الضعيف ويردف ويدعو لهم.

(رواه ابوداؤد)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ سفر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیچھے رہتے چنانچہ کمزور کو چلاتے اور پیچھے بٹھا لیتے نیز ان کے لیے دعا فرمایا کرتے۔

(ابوداؤد)

٣٧٣٦/٢٣ وعن ابي ثعلبة الخشني قال كان الناس اذا نزلوا منزلا تفرقوا في الشعاب والاودية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان تفرقكم في هذه الشعاب والاودية انما ذالكم من الشيطن فلم ينزلوا بعد ذلك منزلا الا انضم بعضهم الى بعض حتى يقال لو بسط عليهم ثوب لعمهم.

(رواه ابوداؤد)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ لوگ جب کسی منزل پر اُترتے تو گھاٹیوں اور وادیوں میں بکھر جاتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا گھاٹیوں اور وادیوں میں بکھرنا شیطان کی طرف سے ہے۔ پس اس کے بعد کسی منزل پر نہیں اُترے مگر ایک دوسرے کے قریب رہتے۔ یہاں تک کہا جاتا کہ اگر ایک کپڑا پھیلا یا جائے تو سب کو ڈھانپ لے گا۔

(ابوداؤد)

٣٧٣٧/٢٤ وعن عبد الله بن مسعود قال كنا يوم بدر كل ثلثة على بعير فكان ابولبابة وعلي ابن ابي طالب زميلي رسول الله صلى الله عليه وسلم قال فكانت اذا جاءت عقبة رسول الله صلى الله عليه وسلم قالا نحن نمشي عنك قال ما انتما باقوى مني وما انا باغنى عن الاجر منكما.

(رواه في شرح السنة)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے روز ہر تین آدمیوں کے حصے میں ایک اُونٹ تھا۔ حضرت ابولبابہ اور حضرت علی دونوں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اُترنے کی باری آتی تو دونوں عرض گزار ہوتے: ہم آپ کی طرف سے پیدل چلیں گے۔ فرمایا کہ تم مجھ سے زیادہ طاقت ور نہیں ہو اور نہ تمہاری نسبت ثواب سے بے نیاز ہوں۔

(شرح السنہ)

٣٧٣٨/٢٥ وعن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تتخذوا ظهور دوابكم منابر فان الله انما سخرها لكم لتبلغكم الى بلد لم تكونوا بالغيه الا بشق الانفس وجعل لكم الارض فعليها فاقضوا حاجاتكم. (رواه ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی سواریوں کی پشت کو منبر نہ بناؤ۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں تمہارے تابع کیا ہے تاکہ تمہیں ایک شہر سے دوسرے تک پہنچا دیں جہاں تم جان توڑ کر ہی پہنچ سکتے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے زمین بنائی ہے اس پر اپنی حاجتیں پوری کیا کرو۔ (ابوداؤد)۔

www.alahazratnetwork.org



۳۷۳۹/۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا نُسَبِّحُ حَتّٰى نَحُلَّ الرِّحَالَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤد)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب ہم کسی منزل پر اُترتے تو نوافل نہ پڑھتے جب تک کجاوے نہ کھول دیتے۔

(ابوداؤد)

۳۷۴۰/۲۷ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مَعَهُ حِمَارٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ارْكَبْ وَتَاَخَّرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَنْتَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِكَ اِلَّا اَنْ تَجْعَلَهُ لِيْ قَالَ جَعَلْتُهُ لَكَ فَرَكِبَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤد)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدل چل رہے تھے کہ ایک آدمی آیا جس کے پاس گدھا تھا اور عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! سوار ہو جائیے اور وہ پیچھے ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے جانور پر آگے بیٹھنے کے زیادہ حق دار ہو مگر جبکہ اسے میرے لیے کر دو۔ عرض گزار ہوا کہ میں نے یہ آپ کی نذر کیا۔ پس سوار ہو گئے (ترمذی۔ ابوداؤد)

۳۷۴۱/۲۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ اِبِلٌ لِلشَّيٰطِيْنِ وَبُيُوْتٌ لِلشَّيٰطِيْنِ فَاَمَّا اِبِلُ الشَّيٰطِيْنِ فَقَدْ رَاَيْتُهَا يَخْرُجُ اَحَدُكُمْ بِنَجِيْبَاتٍ مَعَهُ قَدْ اَسْمَنَهَا فَلَا يَعْلُوْ بَعِيْرًا مِنْهَا وَيَمُرُّ بِاَخِيْهِ قَدِ انْقَطَعَ بِهٖ فَلَا يَحْمِلُهُ وَاَمَّا بُيُوْتُ الشَّيٰطِيْنِ فَلَمْ اَرَهَا كَانَ سَعِيْدٌ يَقُوْلُ لَا اَرَاهَا اِلَّا هٰذِهِ الْاَقْفَاصَ الَّتِيْ يَسْتُرُ النَّاسُ بِالدِّيْبَاجِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤد)

سعید بن ابو ہند نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض اُونٹ شیاطین کے لیے ہوتے ہیں اور بعض گھر شیاطین کے لیے ہوتے ہیں۔ شیاطین کے اُونٹ وہ ہیں جو میں دیکھتا ہوں کہ تم میں سے کوئی اُونٹنیاں لے کر نکلتا ہے جنہیں فربہ کیا ہوا ہے۔ وہ اُن میں سے کسی اُونٹ پر سوار نہیں ہوتا اور اپنے بھائی کے پاس سے گزرتا ہے جو سفر کرنے سے عاجز ہو گیا تو اُسے سوار نہیں کرتا۔ شیاطین کے گھر میں نے نہیں دیکھے۔ سعید کہا کرتے کہ میرے خیال میں یہ وہ پنجرے ہیں جنہیں لوگ ریشم سے ڈھانپتے ہیں۔

(ابوداؤد)

۳۷۴۲/۲۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَيَّقَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ وَقَطَعُوا الطَّرِيْقَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُنَادِيْ فِي النَّاسِ اَنَّ مَنْ ضَيَّقَ مَنْزِلًا اَوْ قَطَعَ طَرِيْقًا فَلَا جِهَادَ لَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤد)

سہل بن معاذ سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زیرِ سایہ جہاد کیا تو لوگوں نے منزلیں تنگ کر دیں اور راستے بند کر دیے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ندا کرنے والے کو بھیجا جو اعلان کرتا تھا کہ جس نے منزل تنگ کی یا راستہ بند کیا تو اُس کا کوئی جہاد نہیں ہے۔

(ابوداؤد)

۳۷۴۳/۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا دَخَلَ الرَّجُلُ اَهْلَهٗ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اَوَّلُ اللَّيْلِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤد)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اچھا وقت جبکہ آدمی اپنے گھر والوں میں سفر سے [illegible] آئے رات کا ابتدائی حصہ ہے۔

(ابوداؤد)

## تیسری فصل

٣٧٤٤/٣١ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَعَرَّسَ بِلَيْلٍ اضْطَجَعَ عَلَى يَمِينِهِ وَإِذَا عَرَّسَ قُبَيْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهُ وَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى كَفِّهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی سفر میں ہوتے اور رات کو اترتے تو اپنی داہنی کروٹ پر لیٹتے اور جب صبح کے قریب آرام فرماتے تو کلائی کو کھڑی کر لیتے اور سر مبارک کو اپنی ہتھیلی پر رکھتے۔ (مسلم)

٣٧٤٥/٣٢ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ فِي سَرِيَّةٍ فَوَافَقَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَغَدَا أَصْحَابُهُ وَقَالَ أَتَخَلَّفُ فَأُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَلْحَقُهُمْ فَلَمَّا صَلَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَآهُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَغْدُوَ مَعَ أَصْحَابِكَ فَقَالَ أَرَدْتُ أَنْ أُصَلِّيَ مَعَكَ ثُمَّ أَلْحَقَهُمْ فَقَالَ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَدْرَكْتَ فَضْلَ غَدْوَتِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبد اللہ بن رواحہ کو ایک سریہ میں بھیجا تو وہ جمعہ کا دن پڑا۔ ان کے ساتھی صبح کو چلے گئے اور انھوں نے کہا کہ میں پیچھے رہ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ پڑھ لوں پھر انھیں جا ملوں گا۔ جب انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ لی تو آپ نے انھیں دیکھ کر فرمایا: تمہیں صبح کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ جانے سے کس چیز نے روکا؟ عرض گزار ہوئے: میں نے چاہا کہ آپ کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھ لوں پھر انھیں جا ملوں گا۔ فرمایا کہ زمین پر جو کچھ ہے تم سارا بھی خرچ کرو تو صبح کے وقت جانے کی فضیلت کو نہ پا سکو گے (ترمذی)

٣٧٤٦/٣٣ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰئِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا جِلْدُ نَمِرٍ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے اُن لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن میں چیتے کی کھال ہو۔ (ابوداؤد)

٣٧٤٧/٣٤ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ الْقَوْمِ فِي السَّفَرِ خَادِمُهُمْ فَمَنْ سَبَقَهُمْ بِخِدْمَةٍ لَمْ يَسْبِقُوهُ بِعَمَلٍ إِلَّا الشَّهَادَةَ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر میں قوم کا سردار اُن کا خادم ہے۔ جو اُن کی خدمت میں سبقت لے جائے اُس کے عمل سے شہادت کے سوا کوئی چیز نہیں بڑھ سکتی۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے

# بَابُ الْكِتَابِ إِلَى الْكُفَّارِ وَدُعَائِهِمْ إِلَى الْإِسْلَامِ

## کفار کے لیے خط لکھنا اور انہیں دعوتِ اسلام دینا

## پہلی فصل

٣٧٤٨/١ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



كَتَبَ إِلَى قَيْصَرَ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ وَبَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلَيْهِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ وَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى لِيَدْفَعَهُ إِلَى قَيْصَرَ فَإِذَا فِيهِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدَاعِيَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ إِثْمُ الْأَرِيسِيِّينَ وَيَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ وَقَالَ إِثْمُ الْيَرِيسِيِّينَ وَقَالَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قیصر کے لیے نامۂ مبارک لکھا اور اُسے اسلام کی دعوت دی اور آپ نے وہ گرامی نامہ دے کر حضرت دحیہ کلبی کو بھیجا اور اُنھیں حکم دیا کہ حاکم بصریٰ کو دے دینا تاکہ وہ قیصر تک پہنچا دے۔ اُس میں مرقوم تھا:۔

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے بندے اور اُس کے رسول محمد کی طرف سے ہرقل بادشاہ روم کے لیے۔ سلام اُس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔ اما بعد۔ میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں۔ مسلمان ہو جاؤ، سلامت رہو گے۔ اگر مسلمان ہو جاؤ تو اللہ تعالیٰ تمہیں دوگنا اجر دے گا۔ اگر منہ پھیر و تو تمہاری رعایا کا بھی گناہ تم پر ہوگا۔ اے اہل کتاب ایک بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم عبادت نہ کریں مگر اللہ کی اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں اور بعض دوسرے بعض کو اللہ کے سوا رب نہ بنائیں۔ اگر وہ منہ پھیریں تو کہو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں (۳: ۶۴۔ متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں فرمایا:۔ اللہ کے رسول محمد کی طرف سے، نیز فرمایا:۔ اِثْمُ الْيَرِيسِيِّيْنَ نیز فرمایا:۔ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ

۳۷۴۹ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِكِتَابِهِ إِلَى كِسْرَى مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ فَأَمَرَهُ أَنْ يَدْفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ الْبَحْرَيْنِ فَدَفَعَهُ عَظِيمُ الْبَحْرَيْنِ إِلَى كِسْرَى فَلَمَّا قَرَأَهُ مَزَّقَهُ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُمَزَّقُوا كُلَّ مُمَزَّقٍ۔
۲

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک گرامی نامہ کسریٰ کے لیے حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی کے ہاتھوں بھیجا اور انھیں حکم فرمایا کہ کسریٰ کو پہنچانے کے لیے یہ حاکم بحرین کے سپرد کر دیا جائے۔ جب کسریٰ نے پڑھا تو پھاڑ دیا۔ ابن مسیب نے فرمایا کہ اُن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دُعا فرمائی کہ وہ بھی پھاڑ کر ریزہ ریزہ کر دیے جائیں۔

(بخاری)

۳۷۵۰ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى وَإِلَى قَيْصَرَ وَإِلَى النَّجَاشِيِّ وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِي صَلَّى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔
۳

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسریٰ، قیصر اور نجاشی کی طرف گرامی نامے لکھے اور ہر جبار کے لیے انھیں اللہ کی طرف بلاتے ہوئے۔ یہ وہ نجاشی نہیں جس کی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھی تھی۔

(مسلم)

۳۷۵۱

www.alahazratnetwork.org



أَمِيرًا عَلَى جَيْشٍ أَوْ سَرِيَّةٍ أَوْصَاهُ فِي خَاصَّتِهِ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اغْزُوا بِاسْمِ اللّٰهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اغْزُوا فَلَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا وَإِذَا لَقِيتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَادْعُهُمْ إِلَى ثَلٰثِ خِصَالٍ أَوْ خِلَالٍ فَأَيَّتُهُنَّ مَا أَجَابُوكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ أَجَابُوكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلَى دَارِ الْمُهَاجِرِينَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ إِنْ فَعَلُوا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِينَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِينَ فَإِنْ أَبَوْا أَنْ يَتَحَوَّلُوا مِنْهَا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ يَكُونُونَ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِينَ يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَكُونُ لَهُمْ فِي الْغَنِيمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يُجَاهِدُوا مَعَ الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَإِنْ هُمْ أَجَابُوكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهِ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهِ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ أَصْحَابِكَ فَإِنَّكُمْ إِنْ تُخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ أَصْحَابِكُمْ أَهْوَنُ مِنْ أَنْ تُخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُولِهِ وَإِنْ حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ أَنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي أَتُصِيبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيهِمْ أَمْ لَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تو خاص طور پر اُسے اللہ کا تقویٰ اور اُس کے ساتھی مسلمانوں کی خیر خواہی کے لیے وصیت فرماتے۔ پھر فرمایا کہ اللہ کے نام کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور جو اللہ کا انکار کرے اُس سے لڑو جہاد کرو مگر خیانت نہ کرنا، عہد شکنی نہ کرنا، مثلہ نہ کرنا، بچوں کو قتل نہ کرنا اور جب مشرک دشمنوں سے تمہارا مقابلہ ہو تو اُنھیں تین باتوں یا کاموں کی دعوت دو۔ اُن میں سے جس بات کو وہ تسلیم کریں تم بھی اُن کی طرف سے قبول کر لینا اور اُن سے ہاتھ روک لینا۔ پھر اُنھیں اسلام کی دعوت دو۔ اگر تمہاری بات مان لیں تو اُن کی طرف سے قبول لو اور اُن سے ہاتھ روک لو۔ پھر اُنھیں دعوت دو کہ اپنے گھروں سے مہاجرین کے گھروں کی طرف لوٹ جائیں اور اُنھیں بتا دو کہ اُنھوں نے ایسا کیا تو اُن کے وہی حقوق ہوں گے جو مہاجرین کے ہیں اور اُن پر وہی ذمہ داریاں ہوں گی جو مہاجرین پر ہیں اگر وہ منتقل ہونے سے انکار کریں تو اُنھیں بتا دو کہ وہ بدو مسلمانوں کی طرح ہوں گے، اُن پر اللہ کا حکم اُسی طرح جاری کیا جائے گا جیسے مسلمانوں پر جاری کیا جاتا ہے جبکہ اُن کے لیے غنیمت اور فَے کے مال سے کچھ نہیں ہوگا مگر جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں اگر وہ اِس سے انکار کریں تو اُن سے جزیہ کا مطالبہ کرو۔ اگر وہ تمہاری بات مان لیں تو اُن کی طرف سے قبول کر لو اور اُن سے ہاتھ روک لو اور وہ چاہیں کہ تم اُنھیں اللہ اور اُس کے نبی کا ذمہ دو تو اُنھیں اللہ اور اُس کے نبی کا ذمہ نہ دو۔ بلکہ اُنھیں اپنا اور اپنے ساتھیوں کا ذمہ دو کیونکہ اگر تم اپنا اور اپنے ساتھیوں کا ذمہ توڑ دو گے تو یہ اللہ اور اُس کے رسول کا ذمہ توڑنے سے ہلکی بات ہے اگر تم قلعے والوں کا محاصرہ کر لو اور چاہیں کہ تم اُنھیں اللہ کے حکم پر اُتار لو تو اُنھیں اللہ کے حکم پر نہ اُتارو بلکہ اپنے حکم پر اُتارو کیونکہ تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ کا حکم اُن کے متعلق پہنچے گا یا نہیں۔

(مسلم)

۳۷۵۲/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَيَّامِهِ الَّتِي لَقِيَ

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز جبکہ دشمن سے تصادم ہونے والا تھا تو انتظار

فِيهَا الْعَدُوَّ انْتَظَرَ حَتّٰى مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَاسْأَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاصْبِرُوا وَاعْلَمُوا أَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَمُجْرِيَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْأَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کیا یہاں تک کہ سورج ڈھل گیا۔ پھر لوگوں میں کھڑے ہوئے اور فرمایا: لوگو! دشمن سے مڈبھیڑ ہو جانے کی تمنا نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگو۔ اگر تصادم ہو تو ثابت قدم رہو اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔ پھر دعا فرمائی: اے اللہ! کتاب نازل کرنے والے، بادلوں کو چلانے والے اور لشکروں کو شکست دینے والے ان کو شکست دے اور اُن کے خلاف ہماری مدد فرما۔

(متفق علیہ)

۳۷۵۳ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا غَزَا بِنَا قَوْمًا لَمْ يَكُنْ يَغْزُو بِنَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَنْظُرَ إِلَيْهِمْ فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ وَإِنْ لَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ عَلَيْهِمْ قَالَ فَخَرَجْنَا إِلٰى خَيْبَرَ فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِمْ لَيْلًا فَلَمَّا أَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْتُ خَلْفَ أَبِي طَلْحَةَ وَإِنَّ قَدَمِي لَتَمَسُّ قَدَمَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَرَجُوا إِلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَمَسَاحِيهِمْ فَلَمَّا رَأَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسُ فَلَجَأُوا إِلَى الْحِصْنِ فَلَمَّا رَآهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ہمیں لے کر کسی قوم سے جہاد کرتے تو ہمیں صبح تک لڑائی کی اجازت نہ دیتے اور اُن کی طرف دیکھتے۔ اگر اذان سنتے تو اُن سے ہاتھ روک لیتے اور اگر نہ سنتے تو اُن پر حملہ آور ہو جاتے۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم خیبر کی طرف نکلے تو ہم رات کے وقت اُن تک پہنچے۔ جب صبح ہوئی اور اذان نہ سنی تو آپ سوار ہوئے اور میں حضرت ابو طلحہ کے پیچھے سوار ہو گیا۔ میرے قدم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک قدموں سے ٹکراتے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ اپنی زنبیلیں اور کسیاں لے کر ہماری طرف نکلے۔ جب اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو کہا: محمد، خدا کی قسم محمد اور فوج۔ پس وہ قلعے میں چھپ گئے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنھیں دیکھا تو فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، خیبر برباد ہو گیا کیونکہ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اُترتے ہیں تو کافروں کے بُرے دن آ جاتے ہیں۔

(متفق علیہ)

۳۷۵۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ شَهِدْتُ الْقِتَالَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتّٰى تَهُبَّ الْأَرْوَاحُ وَتَحْضُرَ الصَّلٰوةُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں ایک لڑائی میں خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ جب آپ دن کے شروع میں لڑائی نہ کرتے تو انتظار فرماتے یہاں تک کہ ہوا چلنے لگتی اور نماز کا وقت ہو جاتا۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اِذَا لَمْ يُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ وَيَنْزِلَ النَّصْرُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا اور جب آپ دن کے پہلے حصے میں جنگ شروع نہ کرتے تو انتظار فرماتے یہاں تک کہ سورج ڈھل جاتا اور ہوائیں چلنے لگتیں اور مدد نازل ہونے لگتی۔

(ابوداؤد)

۳۷۵۶ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ اَمْسَكَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتْ قَاتَلَ فَاِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ اَمْسَكَ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ فَاِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَاتَلَ حَتَّى الْعَصْرِ ثُمَّ اَمْسَكَ حَتّٰى يُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ يُقَاتِلُ قَالَ قَتَادَةُ كَانَ يُقَالُ عِنْدَ ذٰلِكَ تَهِيْجُ رِيَاحُ النَّصْرِ وَيَدْعُوا الْمُؤْمِنُوْنَ لِجُيُوْشِهِمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا۔ جب فجر طلوع ہو جاتی تو آپ ٹھہرے رہتے یہاں تک کہ سورج نکل آتا اور جب دوپہر ہو جاتی تو آپ ٹھہرے رہتے یہاں تک کہ سورج ڈھل جاتا۔ پھر ٹھہرے رہتے یہاں تک کہ نمازِ عصر پڑھ لیتے۔ پھر لڑتے۔ قتادہ کا بیان ہے کہ اُس وقت کہا جاتا تھا کہ نصرت کی ہوائیں چلنے لگی ہیں اور مسلمان اپنی نماز میں اپنی فوجوں کے لیے دُعا کیا کرتے۔

(ترمذی)

۳۷۵۷ وَعَنْ عِصَامٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَقَالَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَسْجِدًا اَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلَا تَقْتُلُوْا اَحَدًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عصام مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجتے ہوئے فرمایا:- جب تم مسجد دیکھو یا مؤذن کی آواز سنو تو کسی ایک کو بھی قتل نہ کرنا۔

(ترمذی، ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۷۵۸ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ قَالَ كَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ اِلٰى اَهْلِ فَارِسَ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اِلٰى رُسْتُمَ وَمِهْرَانَ فِيْ مَلَاِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّا نَدْعُوْكُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَبَيْتُمْ فَاَعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَاَنْتُمْ صَاغِرُوْنَ فَاِنْ اَبَيْتُمْ فَاِنَّ مَعِيَ قَوْمًا يُحِبُّوْنَ الْقَتْلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَا يُحِبُّ فَارِسُ الْخَمْرَ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ابو وائل سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایرانیوں کے لیے لکھا:-

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

خالد بن ولید کی طرف سے رستم اور مہران وغیرہ ایرانی سرداروں کے لیے۔ سلام اُس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔ اما بعد:- ہم تمہیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں اگر انکار کرتے ہو تو جزیہ دو اپنے ہاتھ سے ذلیل و خوار ہو کر۔ اگر اس سے بھی انکار کرو تو میرے ساتھ ایسی قوم ہے جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جانے کو اُسی طرح پسند کرتے ہیں جیسے ایرانی شراب کو پسند کرنے میں اور سلام اُس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔

(شرح السنہ)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْقِتَالِ فِی الْجِهَادِ

# جہاد میں معرکہ آرا ہونا

## پہلی فصل

٣٧٥٩ (١) عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ اَرَأَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فَاَیْنَ اَنَا قَالَ فِی الْجَنَّةِ فَاَلْقٰی تَمَرَاتٍ فِیْ یَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰی قُتِلَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ اُحد کے روز ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا:۔ ارشاد ہو کہ اگر میں قتل کر دیا جاؤں تو میرا ٹھکانا کہاں ہوگا؟ فرمایا کہ جنت میں۔ پس اُس نے کھجوریں پھینک دیں جو اُس کے ہاتھ میں تھیں پھر لڑا یہاں تک کہ قتل کر دیا گیا (متفق علیہ)

٣٧٦٠ (٢) وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمْ یَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُرِیْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰی بِغَیْرِهَا حَتّٰی كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ یَعْنِیْ غَزْوَةَ تَبُوْكَ غَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَرٍّ شَدِیْدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِیْدًا وَّمَفَازًا وَّعَدُوًّا كَثِیْرًا فَجَلّٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ لِیَتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِیْ یُرِیْدُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی غزوہ کا ارادہ نہ کرتے مگر اُس کے سوا کا توریہ فرماتے یہاں تک کہ غزوۂ تبوک کی نوبت آگئی۔ یہ غزوہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سخت گرمی میں کیا جبکہ سفر لمبا، جنگل بے آب وگیاہ اور دشمن کی تعداد کثیر تھی۔ آپ نے مسلمانوں پہ واضح کر دیا کہ مکمل تیاری کر لیں اور جدھر جانے کا ارادہ تھا اُس کی لوگوں کو خبر دے دی۔ (بخاری)

٣٧٦١ (٣) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ دھوکا ہے۔ (متفق علیہ)

٣٧٦٢ (٤) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَغْزُوْ بِاُمِّ سُلَیْمٍ وَّنِسْوَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مَعَهٗ اِذَا غَزَا یَسْقِیْنَ الْمَآءَ وَیُدَاوِیْنَ الْجَرْحٰی۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جہاد کے لیے جاتے تو حضرت اُمِ سُلیم اور انصار کی چند عورتوں کو اپنے ساتھ لے جاتے کہ دورانِ جنگ پانی پلائیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کریں (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْیَانِ
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (متفق علیہ)

۳۷۶۵ وَعَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَۃَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اَھْلِ الدِّیَارِ یُبَیَّتُوْنَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ فَیُصَابُ مِنْ نِّسَآئِھِمْ وَذَرَارِیِّھِمْ قَالَ ھُمْ مِنْھُمْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ ھُمْ مِّنْ اٰبَآئِھِمْ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گھروں میں رہنے والے مشرکوں کے متعلق پوچھا گیا کہ شب خون مارا جائے اور اُن کی عورتیں اور بچے بھی قتل ہو جائیں۔ فرمایا کہ وہ اُن میں سے ہیں۔ دوسری روایت میں ہے کہ وہ اپنے باپوں سے ہیں۔ (متفق علیہ)

۳۷۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [8] قَطَعَ نَخْلَ بَنِی النَّضِیْرِ وَحَرَّقَ وَلَھَا یَقُوْلُ حَسَّانُ۔

وَھَانَ عَلٰی سَرَاۃِ بَنِیْ لُؤَیٍّ
حَرِیْقٌ بِالْبُوَیْرَۃِ مُسْتَطِیْرُ

وَفِیْ ذٰلِکَ نَزَلَتْ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّیْنَۃٍ اَوْ تَرَکْتُمُوْھَا قَآئِمَۃً عَلٰٓی اُصُوْلِھَا فَبِاِذْنِ اللّٰہِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجوروں کے درخت کاٹے اور جلائے۔ اُن کے متعلق حضرت حسان فرماتے ہیں:۔

بنی لؤی کے سرداروں پر آسان
بُویرہ کا جلانا ہو گیا ہے

اسی سلسلے میں وحی نازل ہوئی: جو درخت تم نے کاٹا یا جس کو اُس کی جڑ پر کھڑا رہنے دیا تو وہ اللہ کے حکم سے ہے۔ (۵:۵۹)
(متفق علیہ)

۳۷۶۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَوْنٍ اَنَّ نَافِعًا کَتَبَ [9] اِلَیْہِ یُخْبِرُہٗ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَہٗ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَغَارَ عَلٰی بَنِی الْمُصْطَلِقِ غَارِّیْنَ فِیْ نَعَمِھِمْ بِالْمُرَیْسِیْعِ فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَۃَ وَسَبَی الذُّرِّیَّۃَ
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

عبد اللہ بن عون سے روایت ہے کہ نافع نے انھیں بتاتے ہوئے لکھا کہ حضرت ابن عمر نے انھیں بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی مصطلق پر حملہ کیا جبکہ مریسیع کے مقام پر وہ اپنے مویشیوں میں تھے پس اُن کے لڑنے والوں کو قتل کیا اور بال بچوں کو قید کر لیا۔
(متفق علیہ)

۳۷۶۸ وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ [10] وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا یَوْمَ بَدْرٍ حِیْنَ صَفَفْنَا لِقُرَیْشٍ وَصَفُّوْا لَنَا اِذَا اَکْثَبُوْکُمْ فَعَلَیْکُمْ بِالنَّبْلِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِذَا اَکْثَبُوْکُمْ فَارْمُوْھُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَکُمْ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

وَحَدِیْثُ سَعْدٍ ھَلْ تُنْصَرُوْنَ سَنَذْکُرُ فِیْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَآءِ وَحَدِیْثُ الْبَرَآءِ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَھْطًا فِیْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔

حضرت ابو اُسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے غزوۂ بدر کے روز فرمایا جبکہ ہم قریش کے لیے اور وہ ہمارے لیے صف بستہ ہو گئے تھے کہ جب وہ تمہارے نزدیک آجائیں تو تیر اندازی شروع کر دینا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جب وہ تمہارے نزدیک آجائیں تو اُن پر تیر اندازی کرنا اور اپنے کچھ تیر بچائے رکھنا (بخاری) اور ھَلْ تُنْصَرُوْنَ والی حدیث سعد عنقریب باب فضل الفقراء میں اور بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ والی حدیث براء ان شاء اللہ تعالیٰ باب المعجزات میں ذکر کی جائے گی۔

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۳۷۶۹ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَبَّانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَدْرٍ لَيْلًا۔[11]
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بدر کے مقام پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں رات کے وقت جنگی لحاظ سے تیار کیا۔ (ترمذی)۔

۳۷۷۰ وَعَنِ الْمُهَلَّبِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ بَيَّتَكُمُ الْعَدُوُّ فَلْيَكُنْ شِعَارُكُمْ[12] حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

مہلب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر دشمن تم پر شب خون مارے تو تمہاری جنگی پہچان حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ہوگی۔ (ترمذی۔ ابوداؤد)

۳۷۷۱ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ شِعَارُ الْمُهَاجِرِيْنَ[13] عَبْدَ اللّٰهِ وَشِعَارُ الْاَنْصَارِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مہاجرین کی جنگی پہچان عبداللہ اور انصار کی جنگی پہچان عبدالرحمٰن تھی۔
(ابوداؤد)

۳۷۷۲ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ[14] زَمَنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيَّتْنَا هُمْ نَقْتُلُهُمْ وَكَانَ شِعَارُنَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ اَمِتْ اَمِتْ
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں ہم نے حضرت ابوبکر کی سرکردگی میں جہاد کیا تو کافروں پر شب خون مارا اور انھیں قتل کیا۔ اُس رات ہماری پہچان ..
اَمِتْ اَمِتْ تھی۔ (ابوداؤد)

۳۷۷۳ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ كَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ[15] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُوْنَ الصَّوْتَ عِنْدَ الْقِتَالِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

قیس بن عبادہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب جنگ کے دوران شور کرنے کو ناپسند فرماتے تھے۔
(ابوداؤد)

۳۷۷۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ[16] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْتُلُوْا شُيُوْخَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاسْتَحْيُوْا شَرْخَهُمْ اَيْ صِبْيَانَهُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ مشرکین کے بوڑھوں کو قتل کر دیا کرو اور اُن کے بچوں کو چھوڑ دیا کرو۔
(ترمذی، ابوداؤد)

۳۷۷۵ وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اُسَامَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ[17] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَهِدَ اِلَيْهِ قَالَ اَغِرْ عَلٰى اُبْنٰى صَبَاحًا وَحَرِّقْ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

عروہ کا بیان ہے کہ مجھ سے حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں تاکید فرمائی تھی کہ صبح کے وقت اُبنا پر حملہ کرنا اور جلا دینا۔
(ابوداؤد)

۳۷۷۶ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى[18]

ابو اُسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



۳۷۷۷/۱۹ وَعَنْ رِبَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَى مَا اجْتَمَعَ هٰؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هٰذِهٖ لِتُقَاتِلَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا تَقْتُلِ امْرَأَةً وَّلَا عَسِيفًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت رباح بن ربیع رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ ایک غزوہ میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ کسی چیز پر جمع ہو رہے ہیں۔ آپ نے ایک آدمی کو بھیجتے ہوئے فرمایا کہ دیکھو یہ کس چیز پر جمع ہو رہے ہیں۔ وہ حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ایک عورت پر جو قتل کر دی گئی ہے۔ فرمایا کہ یہ لڑتی تو نہیں تھی جبکہ اگلے دستے کے سردار حضرت خالد بن ولید تھے۔ آپ نے ایک آدمی بھیج کر فرمایا۔ خالد سے کہو کہ عورت اور مزدور کو قتل نہ کریں۔ (ابوداؤد)

۳۷۷۸/۲۰ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ انْطَلِقُوا بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَّلَا طِفْلًا صَغِيرًا وَّلَا امْرَأَةً وَّلَا تَغُلُّوا وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ چلو اللہ کا نام لے کر، اللہ کے بھروسے اور رسول کے طریقے پر۔ بہت بوڑھے کو قتل نہ کرنا اور نہ چھوٹے بچے کو اور نہ عورت کو۔ خیانت نہ کرنا اور اپنی غنیمت کو جمع کرلو۔ اصلاح کرو اور نیکی کرو کیونکہ اللہ تعالٰی نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

(ابوداؤد)

۳۷۷۹/۲۱ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ تَقَدَّمَ عُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَتَبِعَهُ ابْنُهُ وَأَخُوهُ فَنَادَى مَنْ يُّبَارِزُ فَانْتَدَبَ لَهٗ شَبَابٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ فَأَخْبَرُوهُ فَقَالَ لَا حَاجَةَ لَنَا فِيكُمْ إِنَّمَا أَرَدْنَا بَنِي عَمِّنَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ يَا حَمْزَةُ قُمْ يَا عَلِيُّ قُمْ يَا عُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ فَأَقْبَلَ حَمْزَةُ إِلٰى عُتْبَةَ وَأَقْبَلْتُ إِلٰى شَيْبَةَ وَاخْتَلَفَ بَيْنَ عُبَيْدَةَ وَالْوَلِيدِ ضَرْبَتَانِ فَأَثْخَنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهٗ ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيدِ فَقَتَلْنَاهُ وَاحْتَمَلْنَا عُبَيْدَةَ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ غزوہ بدر کے روز عتبہ بن ربیعہ آگے بڑھا جس کے پیچھے اُس کا بیٹا اور بھائی تھا۔ آواز دی کہ کون مقابلہ کرتا ہے۔ انصار کے جوان مقابلے پر پہنچ گئے۔ کہا تم کون ہو؟ اُنھوں نے بتایا تو کہا کہ ہمیں تمہاری حاجت نہیں کیونکہ ہم اپنے چچا کے بیٹوں سے لڑنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: اے حمزہ! کھڑے ہو جاؤ۔ اے علی! کھڑے ہو جاؤ۔ اے عبیدہ بن حارث! کھڑے ہو جاؤ۔ پس حضرت حمزہ تو عتبہ کی طرف بڑھے اور میں شیبہ کی طرف بڑھا جبکہ حضرت عبیدہ اور ولید کے درمیان دو مختلف ضربیں ہوئیں کیونکہ دونوں نے ایک دوسرے کو زخمی کر دیا تھا۔ پھر ہم ولید پر ٹوٹ پڑے اُسے قتل کر دیا اور حضرت عبیدہ کو اُٹھا لائے۔

(احمد، ابوداؤد)

۳۷۸۰/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَأَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَاخْتَفَيْنَا بِهَا وَقُلْنَا هَلَكْنَا ثُمَّ أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَحْنُ الْفَرَّارُونَ قَالَ بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا۔ لوگ بھاگ اُٹھے اور ہم مدینہ منورہ میں آ کر چھپ گئے اور کہا کہ ہم ہلاک ہو گئے۔ پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہم بھاگے ہوئے ہیں۔ فرمایا بلکہ تم پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمہارے

www.alahazratnetwork.org



وَأَنَا فِئَتُكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ نَحْوَهُ وَقَالَ لَا بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُونَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهُ فَقَالَ أَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِينَ۔ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ أُمَيَّةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ يَسْتَفْتِحُ وَحَدِيثَ أَبِي الدَّرْدَاءِ اِبْغُونِي فِي ضُعَفَائِكُمْ فِي بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

گروہ میں ہوں (ترمذی) ابوداؤد کی روایت بھی اسی طرح ہے اور فرمایا ہے: نہیں بلکہ تم پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم نزدیک ہوگئے اور ہم نے دستِ مبارک کو بوسہ دیا۔ فرمایا کہ میں مسلمانوں کی جماعت میں ہوں اور ہم کَانَ یَسْتَفْتِحُ والی حدیث امیہ بن عبداللہ اور اِبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ والی حدیث ابودرداء کو عنقریب باب فضل الفقراء میں بیان کریں گے۔

## تیسری فصل

۳۷۸۱ (۲۳) عَنْ ثَوْبَانَ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِيقَ عَلٰى أَهْلِ الطَّائِفِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

حضرت ثوبان بن یزید سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طائف والوں پر منجنیق نصب فرمائی۔ اسے ترمذی نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

# بَابُ حُكْمِ الْأُسَرَاءِ

# قیدیوں کے حکم کا بیان

## پہلی فصل

۳۷۸۲ (۱) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ قَوْمٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ وَفِي رِوَايَةٍ يُقَادُونَ إِلَى الْجَنَّةِ بِالسَّلَاسِلِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس قوم سے خوش ہوتا ہے جو زنجیروں کے ذریعے جنت میں داخل ہوتے ہیں۔ دوسری روایت میں ہے کہ زنجیروں کے ساتھ کھینچ کر جنت کی طرف لائے جاتے ہیں۔ (بخاری)

۳۷۸۳ (۲) وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَهُوَ فِي سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ أَصْحَابِهِ يَتَحَدَّثُ ثُمَّ انْفَتَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطْلُبُوهُ وَاقْتُلُوهُ فَقَتَلْتُهُ فَنَفَّلَنِي سَلَبَهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس مشرکوں میں سے ایک جاسوس آیا جبکہ آپ سفر میں تھے۔ وہ آپ کے اصحاب کے پاس بیٹھا باتیں کرتا رہا، پھر چلا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے تلاش کرو اور قتل کر دو۔ پس میں نے اُسے قتل کر دیا تو اُس کا سامان آپ نے مجھے عطا فرمایا۔ (متفق علیہ)

۳۷۸۴ (۳) وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَا نَحْنُ نَتَضَحَّى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ أَحْمَرَ فَأَنَاخَهُ وَجَعَلَ يَنْظُرُ وَفِينَا ضَعْفَةٌ وَرِقَّةٌ مِنَ

انہوں نے ہی فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں ہوازن سے جہاد کیا۔ پس جبکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ناشتا کر رہے تھے تو سرخ اونٹ پر ایک آدمی آیا، اُسے بٹھایا اور دیکھنے لگا۔ ہم میں کمزوری اور سواریوں کی قلت تھی اور بعض ہم

www.alahazratnetwork.org



الظَّهْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاةٌ إِذْ خَرَجَ يَشْتَدُّ فَأَتَى جَمَلَهُ فَأَثَارَهُ فَاشْتَدَّ بِهِ الْجَمَلُ فَخَرَجْتُ أَشْتَدُّ حَتَّى أَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ فَأَنَخْتُهُ ثُمَّ اخْتَرَطْتُ سَيْفِي فَضَرَبْتُ رَأْسَ الرَّجُلِ ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ أَقُودُهُ عَلَيْهِ رَحْلُهُ وَسِلَاحُهُ فَاسْتَقْبَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ قَالُوا ابْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میں سے پیدل تھے۔ وہ تیزی سے نکل کر اونٹ کے پاس آیا اسے کھڑا کیا اور تیزی سے اونٹ کو دوڑانے لگا۔ پس میں بھی تیزی سے نکلا یہاں تک کہ میں نے اونٹ کی مہار پکڑلی اور اُسے بٹھالیا۔ پھر اپنی تلوار اُس آدمی کے سر پر ماری۔ پھر میں اونٹ کو اُس کے سامان اور ہتھیاروں سمیت کھینچ کرلے گیا۔ آگے مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملے اور لوگ۔ چنانچہ فرمایا کہ اُس آدمی کو کس نے قتل کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ ابن اکوع نے۔ فرمایا کہ مقتول کا سارا سامان اُسی کے لیے ہے۔

(متفق علیہ)

۳۷۸۵ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُو قُرَيْظَةَ عَلَى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ عَلَى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ فَجَاءَ فَجَلَسَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ قَالَ فَإِنِّي أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وَفِي رِوَايَةٍ بِحُكْمِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب بنو قریظہ حضرت سعد بن معاذ کے حکم پر اتر آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں بلایا۔ وہ گدھے پر آئے۔ جب نزدیک پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اپنے سردار کی طرف کھڑے ہو جاؤ۔ وہ آکر بیٹھ گئے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تمہارے حکم پر اتر آئے ہیں۔ کہا کہ میں یہ فیصلہ دیتا ہوں کہ ان کے لڑائی کے قابل افراد قتل کر دیے جائیں اور بچوں کو قید کر لیا جائے۔ فرمایا کہ تم نے ان کا فرشتے کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ اللہ کے حکم کے مطابق۔

(متفق علیہ)

۳۷۸۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ إِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ الْغَدُ فَقَالَ لَهُ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي مَا قُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد کی جانب کچھ سوار بھیجے جو بنی حنیفہ کے ایک آدمی کو لے آئے جس کو ثمامہ بن اثال کہا جاتا تھا اور وہ یمامہ والوں کا سردار تھا۔ اُسے مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا:۔ اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ کہا اے محمد! میرے پاس بھلائی ہے۔ اگر آپ قتل کریں تو خون کے بدلے قتل کریں گے۔ اگر انعام کریں تو قدردان پر انعام کریں گے۔ اگر مال چاہیں تو فرمائیے کہ جتنا چاہیں اُس میں سے پیش کر دیا جائے گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کو چھوڑ گئے، یہاں تک کہ جب اگلا روز شروع ہوا تو اُس سے فرمایا:۔ اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ کہا کہ میرے پاس وہی ہے جو عرض کر چکا۔ اگر آپ انعام کریں

www.alahazratnetwork.org



وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ
فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ مَا عِنْدَكَ يَا
ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِيْ مَا قُلْتُ لَكَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰى
شَاكِرٍ وَاِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ
تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ اِلٰى نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِّنَ
الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ اَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ
رَسُوْلُهٗ يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ
وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ وَّجْهِكَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُكَ
اَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا اِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ دِيْنٍ
اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ فَاَصْبَحَ دِيْنُكَ اَحَبَّ الدِّيْنِ
كُلِّهٖ اِلَيَّ وَوَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْ
بَلَدِكَ فَاَصْبَحَ بَلَدُكَ اَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا اِلَيَّ وَ
اِنَّ خَيْلَكَ اَخَذَتْنِيْ وَاَنَا اُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا
تَرٰى فَبَشَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهٗ
قَائِلٌ اَصَبَوْتَ فَقَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اَسْلَمْتُ مَعَ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَاللّٰهِ لَا يَاْتِيْكُمْ مِّنَ
الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰى يَاْذَنَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاخْتَصَرَهُ الْبُخَارِيُّ)

٣٧٨٧ / ٦ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

تو قدرداں پر انعام کریں گے اور اگر قتل کریں تو خون کے بدلے قتل کریں گے اور اگر آپ مال چاہیں تو فرمائیے کہ جتنا چاہیں اُس میں سے پیش کر دیا جائے گا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُسے چھوڑ گئے۔ جب اس سے اگلا روز آیا تو اُس سے فرمایا۔ اے ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ کہا کہ میرے پاس وہی ہے جو عرض کر چکا کہ اگر انعام کریں تو قدرداں پر انعام کریں گے، اگر آپ قتل کریں تو خون کے ملزم کو قتل کریں گے اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو حکم فرمائیں کہ جتنا چاہیں اُس میں سے پیش کر دیا جائے گا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ثمامہ کو چھوڑ دو۔ پس وہ ایک باغ میں گیا جو مسجد سے قریب تھا، غسل کیا، پھر مسجد میں داخل ہوا اور کہا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد مصطفیٰ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں۔ اے محمد! خدا کی قسم، مجھے روئے زمین پر کوئی چہرہ آپ کے چہرے سے زیادہ ناپسند نہیں تھا اور اب آپ کا پُرنور چہرہ مجھے تمام چہروں سے زیادہ پیارا ہے۔ خدا کی قسم کوئی دین مجھے آپ کے دین سے زیادہ ناپسندیدہ ... لیکن اب آپ کا دین مجھے تمام ادیان سے پیارا ہے۔ خدا کی قسم کوئی شہر مجھے آپ کے شہر سے زیادہ ناپسند نہیں تھا لیکن اب آپ کا شہر مجھے تمام شہروں سے پیارا ہے۔ آپ کے سواروں نے مجھے پکڑ لیا جبکہ میرا عمرہ کرنے کا ارادہ تھا۔ لہٰذا اب کیا ارشاد ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے بشارت دی اور حکم دیا کہ عمرہ کرے۔ جب مکہ مکرمہ میں پہنچے تو کہنے والے نے کہا تم بے دین ہو گئے۔ فرمایا نہیں بلکہ میں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اسلام قبول کر چکا ہوں اور خدا کی قسم یمامہ سے اب تمہارے پاس گندم کا ایک دانہ بھی نہیں آئے گا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی اجازت مرحمت فرمائیں! اسے مسلم نے روایت کیا اور بخاری نے اسے اختصار کے ساتھ پیش کیا ہے

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی

النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه فأخذهم سلما فاستحياهم وفي رواية فأعتقهم فأنزل الله تعالى وهو الذي كف أيديهم عنكم وأيديكم عنهم ببطن مكة۔ (رواه مسلم)

۳۷۸۹/۸ وعن قتادة قال ذكر لنا أنس بن مالك عن أبي طلحة أن نبي الله صلى الله عليه وسلم أمر يوم بدر بأربعة وعشرين رجلا من صناديد قريش فقذفوا في طوي من أطواء بدر خبيث مخبث وكان إذا ظهر على قوم أقام بالعرصة ثلث ليال فلما كان ببدر اليوم الثالث أمر براحلته فشد عليها رحلها ثم مشى واتبعه أصحابه حتى قام على شفة الركي فجعل يناديهم بأسماء آبائهم وأسماء آبائهم يا فلان ابن فلان يا فلان بن فلان أيسركم أنكم أطعتم الله ورسوله فإنا قد وجدنا ما وعدنا ربنا حقا فهل وجدتم ما وعد ربكم حقا فقال عمر يا رسول الله ما تكلم من أجساد لا أرواح لها قال النبي صلى الله عليه وسلم والذي نفس محمد بيده ما أنتم بأسمع لما أقول منهم وفي رواية ما أنتم بأسمع منهم ولكن لا يجيبون۔ (متفق عليه) وزاد البخاري قال قتادة أحياهم الله حتى أسمعهم قوله توبيخا وتصغيرا ونقمة وحسرة وندما۔

۳۷۹۰/۹ وعن مروان والمسور بن مخرمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قام حين جاءه وفد هوازن مسلمين فسألوه أن يرد إليهم أموالهم وسبيهم فقال فاختاروا إحدى الطائفتين إما السبي وإما المال قالوا فإنا نختار سبينا فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم فأثنى على الله بما هو أهله ثم قال أما بعد فإن

تھے۔ پس انہیں گرفتار کر لیا اور زندہ چھوڑ دیئے دوسری روایت میں ہے کہ انہیں آزاد کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی: وہی ذات ہے جس نے تم سے ان کے ہاتھ اور اُن سے تمہارے ہاتھ وادیٔ مکہ میں روک دیئے (۴۸: ۲۴) (مسلم)

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک نے حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے ہم سے ذکر کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سردارانِ قریش کے متعلق جو بیس آدمیوں کو حکم فرمایا کہ انہیں بدر کے ایک گندے اور ناپاک کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔ جب آپ کسی قوم پر غالب آتے تو اُن کے میدان میں تین دن ٹھہرتے۔ جب بدر کے مقام پر تیسرا دن ہُوا تو آپ نے اپنا کجاوہ کسنے کا حکم فرمایا۔ پس اُس پر کجاوہ کسا گیا۔ پھر آپ چل دیئے اور پیچھے پیچھے آپ کے اصحاب بھی۔ یہاں تک کہ آپ کنوئیں کے کنارے پر کھڑے ہوئے، پس آپ اُن کے اور اُن کے باپوں کے نام لے کر پکارنے لگے:۔ اے فلاں ابنِ فلاں اور اے فلاں ابنِ فلاں! کیا تمہیں یہ پسند ہے کہ تم نے اللہ اور اُس کے رسول کا حکم مانا ہوتا۔ پس ہم نے پالیا جو ہمارے رب نے ہم سے سچا وعدہ فرمایا تھا تو کیا تم نے بھی اُسے پالیا جو تمہارے رب نے تم سے سچا وعدہ فرمایا تھا؟ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ ایسے جسموں سے کلام فرما رہے ہیں جن میں رُوحیں نہیں ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں محمد مصطفیٰ کی جان ہے، میری بات کو تم اُن سے زیادہ نہیں سُنتے۔ دوسری روایت میں ہے کہ تم اُن سے زیادہ نہیں سُنتے لیکن وہ جواب نہیں دے سکتے (متفق علیہ) اور بخاری نے یہ بھی کہا کہ قتادہ کا قول ہے: اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کیا تاکہ انہیں حضور کا ارشاد سُنا دے جس سے سرزنش، ذلت، رسوائی، حسرت اور ندامت ہو۔

مروان اور حضرت مسوّر بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے جبکہ ہوازن کے مسلمانوں کا وفد حاضر بارگاہ ہُوا اور عرض گزار ہوئے کہ اُن کے مال اور قیدی واپس کر دیئے جائیں۔ فرمایا کہ قیدیوں اور مال میں سے ایک چیز کا انتخاب کر لو۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ ہم اپنے قیدیوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی ثناخوانی کی جو اُس کی شان کے لائق ہے۔ پھر فرمایا: اما بعد بیشک تمہارے بھائی ہمارے پاس توبہ کر کے

www.alahazratnetwork.org



إِخْوَانَكُمْ قَدْ جَاءُوْا تَائِبِيْنَ وَإِنِّيْ قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُّطَيِّبَ ذَالِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى حَظِّهٖ حَتّٰى نُعْطِيَهٗ إِيَّاهُ مِنْ أَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذَالِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَّمْ يَأْذَنْ فَارْجِعُوْا حَتّٰى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ أَمْرَكُمْ فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوْا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوْهُ أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا وَأَذِنُوْا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

آئے ہیں۔ میرے خیال میں ان کے قیدی انھیں واپس دے دیے جائیں تو جو تم میں سے بخوشی ایسا کرنا چاہے تو کرے اور جو تم میں سے اپنا حصہ برقرار رکھنا چاہے یہاں تک کہ ہم اُسے اُس کے حصے کے برابر دے دیں جبکہ اللہ تعالیٰ ہمیں پہلی دفعہ "کوئی" مال عطا فرمائے تو ایسا کرے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! ہم بخوشی آزاد کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہمیں نہیں معلوم کہ کس نے اجازت دی اور کس نے نہ دی، لہٰذا تم چلے جاؤ اور اپنے سرداروں کو ہمارے پاس بھیجو۔ پس لوگ چلے گئے اور اپنے سرداروں سے گفتگو کی پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو سرداروں نے آپ کو بتایا کہ انھوں نے دل کی خوشی سے اجازت دی ہے۔

(بخاری)

۳۷۹۱ ۱۰ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَ ثَقِيْفُ حَلِيْفًا لِّبَنِيْ عُقَيْلٍ فَأَسَرَتْ ثَقِيْفُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَرَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ عُقَيْلٍ فَأَوْثَقُوْهُ فَطَرَحُوْهُ فِي الْحَرَّةِ فَمَرَّ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فِيْمَا أُخِذْتُ قَالَ بِجَرِيْرَةِ حُلَفَائِكُمْ ثَقِيْفٍ فَتَرَكَهٗ وَمَضٰى فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَرَحِمَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ إِنِّيْ مُسْلِمٌ فَقَالَ لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ قَالَ فَفَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّجُلَيْنِ الَّذَيْنِ أَسَرَتْهُمَا ثَقِيْفُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ثقیف بنی عقیل کے حلیف تھے۔ ثقیف نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے دو حضرات کو گرفتار کر لیا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے بنی عقیل کے ایک آدمی کو گرفتار کر لیا اور اُسے باندھ کر حرہ کے مقام پر ڈال دیا۔ اُس کے پاس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر ہوا تو اُس نے آواز دی، اے محمد! اے محمد! مجھے کس لیے پکڑا ہے؟ فرمایا کہ تمہارے حلیف ثقیف کی زیادتی کے باعث۔ پس آپ اُسے چھوڑ کر چلے گئے اور وہ اے محمد! اے محمد! پکارتا رہا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اُس پر ترس آگیا، لہٰذا آپ واپس لوٹے اور فرمایا، تمہارا کیا حال ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میں مسلمان ہوں۔ فرمایا کہ اگر تم نے یہ بات اُس وقت کہی ہوتی جبکہ تم بااختیار تھے تو مکمل نجات پاگئے ہوتے۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے اُن دو آدمیوں کے فدیہ میں چھوڑ دیا جنھیں ثقیف نے گرفتار کر لیا تھا۔

(مسلم)

## دوسری فصل

۳۷۹۲ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا بَعَثَ أَهْلُ مَكَّةَ فِيْ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جب مکہ والوں نے

www.alahazratnetwork.org



بِمَالٍ وَّبَعَثَتْ فِيْهِ بِقِلَادَةٍ لَّهَا كَانَتْ عِنْدَ خَدِيْجَةَ أَدْخَلَتْهَا بِهَا عَلَى أَبِي الْعَاصِ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهَا رِقَّةً شَدِيْدَةً وَّقَالَ إِنْ رَأَيْتُمْ أَنْ تُطْلِقُوْا لَهَا أَسِيْرَهَا وَتَرُدُّوْا عَلَيْهَا الَّذِيْ لَهَا فَقَالُوْا نَعَمْ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ عَلَيْهِ أَنْ يُّخَلِّيَ سَبِيْلَ زَيْنَبَ إِلَيْهِ وَبَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَرَجُلًا مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ كُوْنَا بِبَطْنِ يَاْجِجَ حَتّٰى تَمُرَّ بِكُمَا زَيْنَبُ فَتَصْحَبَاهَا حَتّٰى تَأْتِيَا بِهَا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

مال بھیجا جس میں اُن کا وہ ہار بھی تھا جو حضرت خدیجہ کے پاس تھا اور جس کو یہ ابوالعاص کے پاس لے گئی تھیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا تو آپ پر بے حد رقت طاری ہوئی اور فرمایا، اگر تم مناسب سمجھو تو اُس کے قیدی کو چھوڑ دیا جائے اور اُس کا مال لوٹا دیا جائے۔ عرض گزار ہوئے، ہاں اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے عہد لیا کہ زینب کے آنے میں رکاوٹ نہ ڈالیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ اور انصار کے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا کہ بطن یاجج میں رہنا یہاں تک کہ زینب تمہارے پاس سے گزرے۔ پس دونوں اُس کو اپنے ساتھ لے آنا۔

(احمد، ابو داؤد)

٣٧٩٣ ١٢ وَعَنْهَا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَسَرَ أَهْلَ بَدْرٍ قَتَلَ عُقْبَةَ ابْنَ أَبِيْ مُعَيْطٍ وَّالنَّضْرَ بْنَ الْحَارِثِ وَمَنَّ عَلٰى أَبِيْ عَزَّةَ الْجُمَحِيِّ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب بدر والوں کو قید کیا تو عقبہ بن ابی مُعَیط اور نضر بن حارث کو قتل کر دیا جبکہ ابوعزۃ جمحی پر احسان فرمایا۔

(شرح السنہ)

٣٧٩٤ ١٣ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ قَتْلَ عُقْبَةَ بْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ قَالَ مَنْ لِّلصِّبْيَةِ قَالَ النَّارُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب عقبہ بن ابی مُعَیط کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو اُس نے کہا: بچوں کا سرپرست کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جہنم۔

(ابو داؤد)

٣٧٩٥ ١٤ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ جِبْرَئِيْلَ هَبَطَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ خَيِّرْهُمْ يَعْنِيْ أَصْحَابَكَ فِيْ أُسَارٰى بَدْرٍ الْقَتْلَ أَوِ الْفِدَاءَ عَلٰى أَنْ يُّقْتَلَ مِنْهُمْ قَابِلًا مِّثْلُهُمْ قَالُوا الْفِدَاءَ وَيُقْتَلُ مِنَّا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل حاضر ہوئے اور کہا: اپنے اصحاب کو بدر کے قیدیوں سے متعلق قتل یا فدیہ کا اختیار دے دیجیے کہ اگلے سال اُن میں سے اتنے ہی قتل ہوں گے۔ انھوں نے فدیہ کہا کہ ہم میں سے شہید کر دیے جائیں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٧٩٦ ١٥ وَعَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ كُنْتُ فِيْ سَبْيِ قُرَيْظَةَ عُرِضْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانُوْا يَنْظُرُوْنَ فَمَنْ أَنْبَتَ الشَّعْرَ قُتِلَ وَمَنْ لَّمْ يُنْبِتْ لَمْ يُقْتَلْ فَكَشَفُوْا عَانَتِيْ فَوَجَدُوْهَا لَمْ تُنْبِتْ فَجَعَلُوْنِيْ فِي السَّبْيِ۔ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ۔

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں قریظہ کے قیدیوں میں تھا۔ ہمیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا، مسلمان دیکھتے کہ جس کے بال اُگے ہوئے ہیں اُسے قتل کر دیتے اور جس کے نہ اُگے ہوتے اُسے قتل نہ کرتے۔ انھوں نے میرے جسم کا زیرِ ناف کھولا تو دیکھا کہ نہیں اُگے لہٰذا مجھے قیدیوں میں رکھا۔

(ابو داؤد، ابن ماجہ، دارمی)

www.alahazratnetwork.org



۳۷۹۷ ۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ خَرَجَ عُبْدَانٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَبْلَ الصُّلْحِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ مَوَالِيْهِمْ قَالُوْا يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا خَرَجُوْا إِلَيْكَ رَغْبَةً فِيْ دِيْنِكَ وَإِنَّمَا خَرَجُوْا هَرَبًا مِّنَ الرِّقِّ فَقَالَ نَاسٌ صَدَقُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رُدَّهُمْ إِلَيْهِمْ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَا أُرَاكُمْ تَنْتَهُوْنَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى يَبْعَثَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَّضْرِبُ رِقَابَكُمْ عَلٰى هٰذَا وَأَبٰى أَنْ يَّرُدَّهُمْ وَقَالَ هُمْ عُتَقَاءُ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حدیبیہ کے روز صلح سے پہلے کچھ غلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نکلے۔ اُن کے مالکوں نے لکھتے ہوئے کہا کہ اے محمد اللہ کی قسم، یہ آپ کی طرف آپ کے دین کو پسند کرتے ہوئے نہیں نکلے بلکہ یہ غلامی سے نکلنے کے لیے بھاگے ہیں۔ بعض لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اُنھوں نے ٹھیک کہا ہے لہٰذا انھیں لوٹا دیجیے۔ رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا: اے قریش کے گروہ! میں دیکھتا ہوں کہ تم باز نہیں آؤ گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے ایسا شخص بھیجے جو ایسے امور پر تمہاری گردنیں اُڑائے۔ چنانچہ آپ نے انھیں واپس بھیجنے سے انکار کیا اور فرمایا کہ یہ اللہ کے لیے آزاد ہیں۔

(ابو داؤد)

## تیسری فصل

۳۷۹۸ ۱۷ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ إِلٰى بَنِيْ جَذِيْمَةَ فَدَعَاهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَلَمْ يُحْسِنُوْا أَنْ يَّقُوْلُوْا أَسْلَمْنَا فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ صَبَأْنَا صَبَأْنَا فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ وَيَأْسِرُ وَدَفَعَ إِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِّنَّا أَسِيْرَهٗ حَتّٰى إِذَا كَانَ يَوْمٌ أَمَرَ خَالِدٌ أَنْ يَّقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا أَسِيْرَهٗ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا أَقْتُلُ أَسِيْرِيْ وَلَا يَقْتُلُ رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِيْ أَسِيْرَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَاهُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ مَرَّتَيْنِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو بنی جذیمہ کی طرف بھیجا۔ انھوں نے انھیں اسلام کی دعوت دی تو وہ اچھی طرح نہ کہہ سکے کہ ہم مسلمان ہو گئے۔ بلکہ صبانا صبانا کہنے لگے۔ پس حضرت خالد انھیں قتل اور قید کرتے رہے یہاں تک کہ ہم میں سے ہر ایک کے پاس ایک قیدی ہو گیا۔ آخر کار وہ دن بھی آیا جب حضرت خالد نے حکم دیا کہ ہر شخص اپنے قیدی کو قتل کر دے۔ میں نے کہا: خدا کی قسم، میں اپنے قیدی کو قتل نہیں کروں گا اور نہ میرا کوئی ساتھی اپنے قیدی کو قتل کرے گا۔ یہاں تک کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور آپ سے اس کا ذکر کیا۔ آپ نے دستِ مبارک اٹھا کر دو مرتبہ کہا: اے اللہ! خالد نے جو کیا میں اس سے تیری بارگاہ میں لاتعلق ہوں۔ (بخاری)

# بَابُ الْأَمَانِ

# امن دینے کا بیان

## پہلی فصل

www.alahazratnetwork.org



إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ وَفَاطِمَةُ ابْنَتُهُ تَسْتُرُهُ بِثَوْبٍ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ؟ فَقُلْتُ أَنَا أُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهٖ قَامَ فَصَلّٰى ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِيْ ثَوْبٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَعَمَ ابْنُ أُمِّيْ عَلِيٌّ أَنَّهٗ قَاتِلٌ رَجُلًا أَجَرْتُهٗ فُلَانَ بْنَ هُبَيْرَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَجَرْنَا مَنْ أَجَرْتِ يَا أُمَّ هَانِئٍ. قَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ وَذٰلِكَ ضُحًى (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ قَالَتْ أَجَرْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَحْمَائِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَّنَّا مَنْ أَمَّنْتِ۔

کے سال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی تو آپ کو غسل فرماتے ہوئے پایا اور آپ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ نے کپڑے سے پردہ کیا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ کون ہے؟ میں عرض گزار ہوئی کہ اُمّ ہانی بنت ابوطالب۔ فرمایا کہ اُمّ ہانی خوش آمدید۔ جب آپ غسل سے فارغ ہوئے آپ نے کھڑے ہو کر ایک کپڑے میں لپٹے ہوئے آٹھ رکعت نماز ادا فرمائی تو میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میرے ماں جائے بھائی حضرت علی ایسے شخص فلاں بن ہبیرہ کو قتل کرنا چاہتے ہیں جس کو میں نے پناہ دی ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اُمّ ہانی! ہم نے اس کو پناہ دی جس کو تم نے پناہ دی ہے اُمّ ہانی فرماتی ہیں اور وہ چاشت کا وقت تھا (متفق علیہ) ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ عرض گزار ہوئیں کہ میں نے اپنی سسرال کے دو شخصوں کو امان دی ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک ہم نے اس کو امان دی جس کو تم نے امان دی ہے۔

## دوسری فصل

۳۸۰۰ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَأْخُذُ لِلْقَوْمِ يَعْنِيْ تُجِيْرُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عورت کسی قوم کو امان دے سکتی ہے یعنی مسلمانوں کی طرف سے امان دے سکتی ہے۔ (ترمذی)

۳۸۰۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ أَمَّنَ رَجُلًا عَلٰى نَفْسِهٖ فَقَتَلَهٗ أُعْطِيَ لِوَاءَ الْغَدْرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جو کسی شخص کو اُس کی جان کی امان دے اور اُسے قتل کر دے تو قیامت کے روز اُسے بدعہدی کا جھنڈا دیا جائے گا۔ (شرح السنۃ)

۳۸۰۲ وَعَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ كَانَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ وَبَيْنَ الرُّوْمِ عَهْدٌ وَكَانَ يَسِيْرُ نَحْوَ بِلَادِهِمْ حَتّٰى إِذَا انْقَضَى الْعَهْدُ أَغَارَ عَلَيْهِمْ فَجَاءَ رَجُلٌ عَلٰى فَرَسٍ أَوْ بِرْذَوْنٍ وَهُوَ يَقُوْلُ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَفَاءٌ لَا غَدْرٌ فَنَظَرُوْا فَإِذَا هُوَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ فَسَأَلَهٗ مُعَاوِيَةُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَحُلَّنَّ عَهْدًا

سُلیم بن عامر کا بیان ہے کہ حضرت معاویہ اور رومیوں کے درمیان معاہدہ تھا۔ جب معاہدہ ختم ہونے پہ آیا تو یہ اُن کے شہروں کے نزدیک پہنچ گئے تاکہ اچانک اُن پر حملہ کر دیں۔ پس ایک آدمی ترکی یا عربی گھوڑے پر یہ کہتا ہوا آیا۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ عہد پورا کیا جائے عہد شکنی نہ کی جائے۔ دیکھا تو وہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے حضرت معاویہ نے اُن سے پوچھا تو انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کا کسی قوم سے معاہدہ ہو تو عہد کو نہ توڑے اور نہ اُسے باندھے یہاں تک کہ اُس کی مدت گزر جائے یا برابری کی سطح

www.alahazratnetwork.org



وَلَا يَشُدَّنَّهُ حَتّٰى يَمْضِيَ أَمَدُهُ أَوْ يَنْبِذَ إِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ قَالَ فَرَجَعَ مُعَاوِيَةُ بِالنَّاسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

پر انھیں خبردار کردے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت معاویہ لوگوں کو لے کر لوٹ آئے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

٣٨٠٣/٥ وَعَنْ أَبِيْ رَافِعٍ قَالَ بَعَثَنِيْ قُرَيْشٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُلْقِيَ فِيْ قَلْبِي الْإِسْلَامُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهِمْ أَبَدًا قَالَ إِنِّيْ لَا أَخِيْسُ بِالْعَهْدِ وَلَا أَحْبِسُ الْبُرُدَ وَلٰكِنِ ارْجِعْ فَإِنْ كَانَ فِيْ نَفْسِكَ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِكَ الْآنَ فَارْجِعْ قَالَ فَذَهَبْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمْتُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ قریش نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیجا۔ جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام ڈال دیا گیا۔ میں عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! خدا کی قسم میں اُن کی طرف کبھی نہیں جاؤں گا۔ فرمایا کہ میں عہد نہیں توڑا کرتا اور نہ قاصدوں کو روکتا ہوں۔ تم اب لوٹ جاؤ اب جو تم اپنے دل کی بات بتاتے ہو اگر واقعی یہی تمہارے دل میں ہے تو آجانا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں چلا گیا اور پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہوگیا۔ (ابوداؤد)

٣٨٠٤/٦ وَعَنْ نُعَيْمِ بْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلَيْنِ جَاءَا مِنْ عِنْدِ مُسَيْلِمَةَ أَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت نعیم بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو آدمیوں سے فرمایا جو مسیلمہ کے پاس سے آئے تھے کہ خدا کی قسم، اگر یہ بات نہ ہوتی کہ قاصدوں کو قتل نہیں کیا جاتا تو میں تم دونوں کی گردنیں اڑا دیتا۔ (احمد، ابوداؤد)

٣٨٠٥/٧ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ أَوْفُوْا بِحِلْفِ الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّهٗ لَا يَزِيْدُهٗ يَعْنِي الْإِسْلَامَ إِلَّا شِدَّةً وَلَا تُحْدِثُوْا حِلْفًا فِي الْإِسْلَامِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مِنْ طَرِيْقِ حُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَمْرٍو وَقَالَ حَسَنٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَلِيٍّ الْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ فِيْ كِتَابِ الْقِصَاصِ۔

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے خطبے میں فرمایا بہ جاہلیت کے معاہدے پورے کرو کیونکہ اسلام اُن میں پختگی کا اضافہ ہی کرتا ہے اور اسلام میں نیا معاہدہ نہ کرو۔ اسے ترمذی نے حسین بن ذکوان کے طریقے سے عمرو سے روایت کیا اور اسے حسن کہا اور اَلْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ والی حدیث علی کتاب القصاص میں مذکور ہو چکی۔

## تیسری فصل

٣٨٠٦/٨ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ ابْنُ النَّوَّاحَةِ وَابْنُ أُثَالٍ رَسُوْلَا مُسَيْلِمَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ابن النواحہ اور ابن اثال دونوں مسیلمہ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمَا أَتَشْهَدَانِ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَا نَشْهَدُ أَنَّ مُسَيْلِمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَوْ كُنْتُ قَاتِلًا رَسُوْلًا لَقَتَلْتُكُمَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَمَضَتِ السُّنَّةُ أَنَّ الرَّسُوْلَ لَا يُقْتَلُ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

ہو گئے۔ آپ نے دونوں سے فرمایا: کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ وہ کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ کا رسول ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں۔ اگر میں قاصدوں کو قتل کرنے والا ہوتا تو تم دونوں کو قتل کر دیتا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ سنت جاری ہو گئی کہ قاصد کو قتل نہ کیا جائے۔

(احمد)

# بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَائِمِ وَالْغُلُوْلِ فِيْهَا

## مالِ غنیمت کی تقسیم اور اُس میں خیانت کرنا

### پہلی فصل

۳۸۰۷ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِأَحَدٍ مِّنْ قَبْلِنَا ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے لوگوں میں سے غنیمت کسی کے لیے بھی حلال نہیں ہوئی۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری کمزوری اور ناتوانی ملاحظہ فرمائی تو اُسے ہمارے لیے حلال فرما دیا۔ (متفق علیہ)۔

۳۸۰۸ وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ فَرَأَيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَضَرَبْتُهٗ مِنْ وَّرَائِهٖ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ بِالسَّيْفِ فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ وَأَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ قَالَ أَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعُوْا وَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ فَقُمْتُ فَقَالَ مَا لَكَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ حنین کے سال ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے۔ جب ہمارا تصادم ہوا تو مسلمانوں میں افراتفری پھیل گئی۔ میں نے مشرکین کے ایک شخص کو دیکھا کہ ایک مسلمان پر چھایا ہوا ہے۔ میں نے پیچھے سے تلوار کے ساتھ اُس کے کندھے کی رگ پر ضرب لگائی اور زرہ کاٹ دی۔ وہ میری جانب بڑھا اور اُس نے مجھے ایسے دبوچا کہ مجھے موت کا ذائقہ چکھا دیا۔ پھر وہ مر گیا اور اُس نے مجھے چھوڑ دیا۔ مجھے حضرت عمر بن خطاب ملے۔ میں نے کہا کہ لوگوں کا کیا حال ہے؟ فرمایا کہ اللہ کا حکم۔ پھر جب لوٹے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھ گئے تو فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا ہو اور اُس کے پاس گواہ ہوں تو مقتول کا سامان اُسی کے لیے ہے۔ میں نے دل میں کہا کہ میری کون گواہی دے گا لہٰذا بیٹھ گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوبارہ اُسی طرح فرمایا اور میں نے سوچا کہ میری گواہی کون دے گا، لہٰذا بیٹھ گیا۔ سہ بارہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسی طرح فرمایا تو میں کھڑا ہو گیا۔ فرمایا: اے ابوقتادہ! کیا بات ہے؟ میں نے واقعہ عرض کر دیا۔ ایک آدمی نے کہا کہ یہ سچے ہیں اور اُس کا سامان

www.alahazratnetwork.org



يَا أَبَا قَتَادَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَجُلٌ صَدَقَ وَسَلَبُهُ عِنْدِي فَأَرْضِهِ مِنِّي فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ لَاهَا اللّٰهِ إِذًا لَا يَعْمِدُ إِلٰى أَسَدٍ مِنْ أُسُدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ فَيُعْطِيكَ سَلَبَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَأَعْطِهِ فَأَعْطَانِيهِ فَابْتَعْتُ بِهِ مَخْرَفًا فِي بَنِي سَلِمَةَ فَإِنَّهُ لَأَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُهُ فِي الْإِسْلَامِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

میرے پاس ہے، پس انھیں میری طرف سے راضی کر دیجیے۔ حضرت ابوبکر نے کہا: خدا کی قسم، نہیں کہ اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لڑے اور اُسے نظر انداز کر کے اُس کا سامان تمہیں دے دیا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سچ کہا ہے۔ چنانچہ اُس نے سامان دے دیا جو انھیں عطا فرما دیا گیا۔ پس میں نے اُس سے بنی سلمہ میں ایک باغ خریدا اور یہ پہلا مال ہے جو مجھے دورِ اسلام میں حاصل ہوا۔

(متفق علیہ)

۳۸۰۹ / ۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْهَمَ لِرَجُلٍ وَلِفَرَسِهِ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ سَهْمًا لَهُ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آدمی اور اُس کے گھوڑے کے تین حصے دیے۔ ایک حصہ آدمی کا اور دو اُس کے گھوڑے کے۔

(متفق علیہ)

۳۸۱۰ / ۴ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ الْحَرُورِيُّ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنِ الْعَبْدِ وَالْمَرْأَةِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا فَقَالَ لِيَزِيدَ اُكْتُبْ إِلَيْهِ أَنَّهُ لَيْسَ لَهُمَا سَهْمٌ إِلَّا أَنْ يُحْذَيَا وَفِي رِوَايَةٍ كَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ إِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ فَقَدْ كَانَ يَغْزُو بِهِنَّ يُدَاوِينَ الْمَرْضٰى وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيمَةِ وَأَمَّا السَّهْمُ فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

یزید بن ہرمز سے روایت ہے کہ نجدہ حروری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھتے ہوئے لکھا کہ غلام اور عورت اگر غنیمت کے وقت حاضر ہوں تو کیا انھیں حصہ دیا جائے گا؟ آپ نے یزید سے فرمایا، اُس کے لیے لکھ دو کہ ان دونوں کا حصہ نہیں ہے مگر جو کچھ انھیں دے دیا جائے۔ دوسری روایت میں ہے کہ حضرت ابن عباس نے اُس کے لیے لکھا کہ تم نے یہ پوچھنے کے لیے لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جہاد میں عورتوں کو لے جاتے تھے جو بیماروں کا علاج کرتی تھیں اور غنیمت سے انھیں کچھ دے دیا جاتا تھا۔ رہی حصے کی بات تو انھیں حصہ نہیں دیا جاتا تھا۔

(مسلم)

۳۸۱۱ / ۵ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهِ مَعَ رَبَاحٍ غُلَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا إِذَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ أَغَارَ عَلٰى ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے غلام حضرت رباح کے ہاتھوں سواری کے کچھ اونٹ بھیجے اور میں بھی اُس کے ساتھ تھا۔ جب صبح ہوئی تو عبدالرحمٰن بن فزاری نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں پر اچانک حملہ کر دیا۔ میں ٹیلے

www.alahazratnetwork.org



ثَلٰثًا يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ خَرَجْتُ فِي آثَارِ الْقَوْمِ أَرْمِيهِمْ بِالنَّبْلِ وَأَرْتَجِزُ أَقُولُ أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَمَا زِلْتُ أَرْمِيهِمْ وَأَعْقِرُ بِهِمْ حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ بَعِيرٍ مِنْ ظَهْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا خَلَّفْتُهُ وَرَاءَ ظَهْرِي ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ أَرْمِيهِمْ حَتّٰى أَلْقَوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً وَثَلَاثِينَ رُمْحًا يَسْتَخِفُّونَ وَلَا يَطْرَحُونَ شَيْئًا إِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ آرَامًا مِنَ الْحِجَارَةِ يَعْرِفُهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتّٰى رَأَيْتُ فَوَارِسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَحِقَ أَبُو قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَتَلَهُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ أَبُو قَتَادَةَ وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ أَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ سَهْمَ الْفَارِسِ وَسَهْمَ الرَّاجِلِ فَجَمَعَهُمَا لِي جَمِيعًا ثُمَّ أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاءَهُ عَلَى الْعَضْبَاءِ رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور میں رجز پڑھتا ہوا کہہ رہا تھا: میں ابن الاکوع ہوں اور آج دودھ چھوڑنے کا دن ہے۔ میں برابر تیر اندازی کرتا اور اُن کی سواریوں کو چلنے سے عاجز کرتا رہا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں کو جنھیں اللہ نے پیدا کیا تھا میں نے اپنی پیٹھ کے پیچھے کر لیا۔ پھر تیر اندازی کرتا ہوا پیچھا کرتا رہا یہاں تک کہ مجھے تیس سے زیادہ چادریں اور تیس نیزے ملے، وہ بوجھ ہلکا کرتے تھے اور وہ جس چیز کو پھینکتے میں اُس پہ پتھر کی نشانی رکھ دیتا تھا تاکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اُسے پہچان لیں، یہاں تک کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوار دیکھے حضرت ابو قتادہ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوار تھے وہ عبدالرحمن سے جا ملے اور اُسے قتل کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہمارے سواروں میں بہتر آج ابو قتادہ ہے اور ہمارے پیدلوں میں بہتر سلمہ ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے دو حصے عطا فرمائے۔ ایک حصہ سوار کا اور ایک پیدل کا۔ پس آپ نے دونوں حصے میرے لیے جمع فرما دیے۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے عضباء پہ اپنے پیچھے بٹھا لیا مدینہ منورہ کی جانب لوٹتے ہوئے۔

(مسلم)

---

٣٨١٢ / ٦ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ يَبْعَثُ مِنَ السَّرَايَا لِأَنْفُسِهِمْ خَاصَّةً سِوٰى قِسْمَةِ عَامَّةِ الْجَيْشِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو سرایا بھیجتے تو بعض حضرات کو خصوصی انعامات سے بھی نوازتے تھے۔ اُس تقسیم کے علاوہ جو عام لشکر میں کی جاتی تھی۔

(متفق علیہ)

٣٨١٣ / ٧ وَعَنْهُ قَالَ نَفَّلَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَلًا سِوٰى نَصِيبِنَا مِنَ الْخُمُسِ فَأَصَابَنِي شَارِفٌ وَالشَّارِفُ الْمُسِنُّ الْكَبِيرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں انعام عطا فرمایا اُس کے علاوہ جو خمس میں ہمارا حصہ تھا پس مجھے ایک شارف بھی ملی اور شارف عمر رسیدہ اونٹنی کو کہتے ہیں۔

(متفق علیہ)

٣٨١٤ / ٨ وَعَنْهُ قَالَ ذَهَبَتْ فَرَسٌ لَهُ فَأَخَذَهَا الْعَدُوُّ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُونَ فَرُدَّ عَلَيْهِ فِي

انھوں نے ہی فرمایا کہ ان کا ایک گھوڑا بھاگ گیا اور اُسے کافروں نے پکڑ لیا۔ پس مسلمان اُن پہ غالب آ گئے اور انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَبَقَ عَبْدٌ لَّہٗ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَہَرَ عَلَیْہِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرَدَّ عَلَیْہِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں لوٹا دیا۔ ایک روایت میں ہے کہ ان کا ایک غلام بھاگ گیا اور رومیوں سے جا ملا۔ پس مسلمان اُن پر غالب آئے تو حضرت خالد بن ولید نے وہ انھیں واپس دے دیا۔ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کی بات ہے۔ (بخاری)

۳۸۱۵ وَعَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ مَشَیْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَعْطَیْتَ بَنِی الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمُسِ خَیْبَرَ وَتَرَکْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَۃٍ وَّاحِدَۃٍ مِّنْکَ فَقَالَ اِنَّمَا بَنُوْ ہَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَیْءٌ وَّاحِدٌ قَالَ جُبَیْرٌ وَلَمْ یَقْسِمِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِبَنِیْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّبَنِیْ نَوْفَلٍ شَیْئًا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اور حضرت عثمان دونوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ نے خیبر کے خمس سے بنی مطلب کو عطا فرمایا اور ہمیں نظر انداز کر دیا جبکہ آپ کے نزدیک ہم ایک جیسے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک چیز ہیں۔ حضرت جبیر نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی عبد شمس اور بنی نوفل میں کوئی چیز تقسیم نہیں فرمائی۔ (بخاری)

۳۸۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا قَرْیَۃٍ اَتَیْتُمُوْہَا وَاَقَمْتُمْ فِیْہَا فَسَہْمُکُمْ فِیْہَا وَاَیُّمَا قَرْیَۃٍ عَصَتِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاِنَّ خُمُسَہَا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ ثُمَّ ہِیَ لَکُمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس بستی میں تم پہنچو اور اُس کے اندر قیام کرو تو اُس میں تمہارا حصہ ہے اور جو بستی اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے تو اُس کا پانچواں حصہ اللہ اور اُس کے رسول کا ہے۔ پھر وہ تمہارے لیے ہے۔ (مسلم)

۳۸۱۷ وَعَنْ خَوْلَۃَ الْاَنْصَارِیَّۃِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ رِجَالًا یَّتَخَوَّضُوْنَ فِیْ مَالِ اللّٰہِ بِغَیْرِ حَقٍّ فَلَہُمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت خولہ انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بعض لوگ اللہ کے مال پر حق کے بغیر قبضہ جما لیتے ہیں تو قیامت کے روز اُن کے لیے جہنم ہے۔ (بخاری)

۳۸۱۸ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ فَذَکَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَہٗ وَعَظَّمَ اَمْرَہٗ ثُمَّ قَالَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ بَعِیْرٌ لَّہٗ رُغَاءٌ یَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ فَرَسٌ لَّہٗ حَمْحَمَۃٌ فَیَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِکُ لَکَ شَیْئًا قَدْ اَبْلَغْتُکَ لَا اُلْفِیَنَّ اَحَدَکُمْ یَجِیْءُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلٰی رَقَبَتِہٖ شَاۃٌ لَّہَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں کھڑے ہوئے تو غنیمت میں چوری کا ذکر فرمایا اور اُسے بڑے گناہ کا کام بتایا۔ پھر فرمایا کہ میں تم میں سے کسی کو یوں نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اُس کا اونٹ اُس کی گردن میں بلبلاتا ہو۔ کہے یا رسول اللہ! میری مدد فرمائیے۔ میں کہوں کہ آج میں تمہارے کام نہیں آسکتا کیونکہ میں نے تم تک حکم پہنچا دیا تھا۔ تم میں سے کسی کو یوں نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اُس کا گھوڑا اُس کی گردن پہ ہنہنا رہا ہو۔ پس کہے کہ یا رسول اللہ! میری مدد فرمائیے۔ میں کہوں کہ میں تمہارے کام نہیں آسکتا کیونکہ میں نے تم تک حکم پہنچا دیا

www.alahazratnetwork.org



ثُغَاءٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ وَهُوَ اَتَمُّ)

تھا تم میں سے کسی کو یوں نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اُس کی گردن پر بکری لی ہو، رہی ہو پس کہے یارسول اللہ میری مدد فرمایئے میں کہوں کہ میں تمہارے کام نہیں آ سکتا کیونکہ میں تم تک حکم پہنچا چکا ہوں۔ تم میں سے کسی کو نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اس کی گردن پر غلام چیختا ہو۔ پس کہے یارسول اللہ! میری مدد فرمایئے۔ کہوں کہ میں تمہارے کام نہیں آسکتا کیونکہ میں نے تم تک حکم پہنچا دیا تھا۔ تم میں سے کسی کو یوں نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اُس کی گردن پر کپڑے ہلتے ہوں۔ پس کہے کہ یارسول اللہ! میری مدد فرمایئے۔ کہوں کہ میں تمہارے کام نہیں آسکتا کیونکہ میں نے تم تک حکم پہنچا دیا تھا۔ تم میں سے کسی کو یوں نہ پاؤں کہ قیامت کے روز آئے تو اُس کی گردن پر سونا چاندی ہو۔ کہے کہ یارسول اللہ! میری مدد فرمایئے۔ کہوں کہ میں تمہارے کام نہیں آسکتا۔ کیونکہ میں نے تم تک حکم پہنچا دیا تھا۔ (متفق علیہ) اور یہ مسلم کے لفظوں میں ہے جو زیادہ مکمل ہے۔

٣٨١٩
١٣ وَعَنْهُ قَالَ اَهْدٰى رَجُلٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا يُقَالُ لَهٗ مِدْعَمٌ فَبَيْنَمَا مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَصَابَهٗ سَهْمٌ عَائِرٌ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيْئًا لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِيْ اَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَاءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ اَوْ شِرَاكَيْنِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شِرَاكٌ مِّنْ نَّارٍ اَوْ شِرَاكَانِ مِنْ نَّارٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تحفے کے طور پر ایک غلام دیا جس کو مدعم کہا جاتا تھا۔ جب مدعم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کجاوہ اُتار رہا تھا تو اُسے ایک نامعلوم تیر لگا اور جاں بحق ہو گیا۔ لوگوں نے کہا کہ اسے جنت مبارک ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہرگز نہیں، اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، وہ چادر جو خیبر کے روز اس نے غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے لی وہ اس پر آگ بن کر بھڑکے گی۔ جب لوگوں نے یہ بات سُنی تو ایک آدمی تسمہ یا دو تسمے لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ فرمایا کہ ایک تسمہ آگ سے ہے یا دو تسمے آگ سے ہیں۔

(متفق علیہ)

٣٨٢٠
١٤ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ عَلٰى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ كِرْكِرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامان پر ایک آدمی تھا جس کو کرکرہ کہا جاتا تھا، وہ فوت ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، وہ جہنم میں ہے۔ لوگ دیکھنے کے لیے گئے تو اُنھوں نے ایک کمبل پایا جو اُس نے مالِ غنیمت سے چھپا لیا تھا۔ (بخاری)۔

٣٨٢١
١٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُصِيْبُ فِيْ مَغَازِيْنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مالِ غنیمت سے ہمیں

اَلْعَسَلَ وَالْعِنَبَ فَنَاْكُلُهٗ وَلَا نَرْفَعُهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

شہد اور انگور ملتے مجھیں ہم کھا لیتے اور اُٹھا کر نہیں رکھا کرتے تھے۔ (بخاری)

۳۸۲۲ / ۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ اَصَبْتُ جِرَابًا مِّنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ فَالْتَزَمْتُهٗ فَقُلْتُ لَا اُعْطِي الْيَوْمَ اَحَدًا مِّنْ هٰذَا شَيْئًا فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَبَسَّمُ اِلَيَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا اُعْطِيْكُمْ فِيْ بَابِ رِزْقِ الْوُلَاةِ۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ خیبر کے روز مجھے چربی کا ایک تھیلا ملا جس نے سنبھال لیا اور کہا کہ میں آج اس میں سے کسی کو کچھ بھی نہیں دوں گا۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو مجھے دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبسم فرما رہے تھے۔ (متفق علیہ) اور مَا اُعْطِيْكُمْ والی حدیث ابوہریرہ پیچھے باب رزق الولاۃ میں پیش کی جا چکی ہے۔

## دوسری فصل

۳۸۲۳ / ۱۷ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ فَضَّلَنِيْ عَلَى الْاَنْبِيَاءِ اَوْ قَالَ فَضَّلَ اُمَّتِيْ عَلَى الْاُمَمِ وَاَحَلَّ لَنَا الْغَنَائِمَ۔

(تِرْمِذِيُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے دیگر انبیائے کرام پر فضیلت دی یا فرمایا کہ میری اُمت کو دوسری اُمتوں پر فضیلت دی کہ ہمارے لیے غنیمتوں کو حلال فرمایا۔ (ترمذی)

۳۸۲۴ / ۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ يَعْنِيْ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقَتَلَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا وَّاَخَذَ اَسْلَابَهُمْ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے روز فرمایا: آج جو کسی کافر کو قتل کرے تو مقتول کا سامان اُسی کے لیے ہے۔ حضرت ابو طلحہ نے اُس روز بیس آدمی قتل کیے اور اُن کا سامان حاصل کیا۔ (دارمی)

۳۸۲۵ / ۱۹ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي السَّلَبِ لِلْقَاتِلِ وَلَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سامانِ مقتول کے متعلق فیصلہ فرمایا کہ وہ قاتل کے لیے ہے اور اُس میں سے خمس نہ لیا۔ (ابوداؤد)

۳۸۲۶ / ۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ نَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ سَيْفَ اَبِيْ جَهْلٍ وَّكَانَ قَتَلَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے روز ابوجہل کی تلوار مجھے بطور انعام عطا فرمائی کیونکہ انھوں نے اُسے قتل کیا تھا۔ (ابوداؤد)

۳۸۲۷ / ۲۱ وَعَنْ عُمَيْرٍ مَوْلٰى اَبِي اللَّحْمِ قَالَ شَهِدْتُ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِيْ فَكَلَّمُوْا فِيَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمیر مولیٰ ابو اللحم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنے مالکوں کے ساتھ غزوۂ خیبر میں شریک ہوا۔ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ فَكَلَّمُوْهُ أَنِّيْ مَمْلُوْكٌ فَأَمَرَنِيْ فَقُلِّدْتُ سَيْفًا
فَإِذَا أَنَا أَجُرُّهٗ فَأَمَرَ لِيْ
بِشَيْءٍ مِّنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ وَعَرَضْتُ
عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ أَرْقِيْ بِهَا الْمَجَانِيْنَ فَأَمَرَنِيْ بِطَرْحِ
بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤدَ) إِلَّا أَنَّ رِوَايَتَهٗ
اِنْتَهَتْ عِنْدَ قَوْلِهِ الْمَتَاعِ۔

سے میرے متعلق معروضات کیں اور عرض کیا کہ میں غلام ہوں۔ پس آپ نے حکم فرمایا تو میرے گلے میں تلوار لٹکا دی گئی۔ ابھی میں اُسے کھینچ ہی رہا تھا کہ مجھے تھوڑا سا سامان دینے کا حکم بھی فرمایا۔ میں نے آپ کے حضور جھاڑ پھونک کے الفاظ پیش کیے جن کے ذریعے میں دیوانوں پر دم کیا کرتا تھا۔ آپ نے مجھے حکم فرمایا کہ بعض الفاظ نکال دو اور بعض باقی رکھو (ترمذی، ابو داؤد) مگر ابو داؤد کی روایت ارشادِ گرامی اَلْمَتَاع پر ختم ہو جاتی ہے۔

۳۸۲۸/۲۲ وَعَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ قَالَ قُسِمَتْ خَيْبَرُ
عَلٰى أَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا وَكَانَ الْجَيْشُ أَلْفًا
وَخَمْسَ مِائَةٍ فِيْهِمْ ثَلٰثُ مِائَةِ فَارِسٍ فَأَعْطَى
الْفَارِسَ سَهْمَيْنِ وَالرَّاجِلَ سَهْمًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ)
وَقَالَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ أَصَحُّ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ وَأَتَى الْوَهْمُ فِيْ حَدِيْثِ
مُجَمِّعٍ أَنَّهٗ قَالَ ثَلٰثُ مِائَةِ فَارِسٍ وَإِنَّمَا كَانُوْا مِائَتَيْ فَارِسٍ۔

حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خیبر کی غنیمت اہلِ حدیبیہ پر تقسیم فرمائی گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے اٹھارہ حصے فرمائے جبکہ فوجیوں کی تعداد پندرہ سو تھی، جن میں سے تین سو سوار تھے۔ آپ نے سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ مرحمت فرمایا۔ (ابو داؤد) اور کہا کہ حضرت ابن عمر کی حدیث زیادہ صحیح ہے اور اُسی پر عمل ہے جبکہ حدیث مجمع میں وہم ہو گیا ہے کہ اُنھوں نے تین سو سوار کہے جبکہ سوار دو سو تھے۔

۳۸۲۹/۲۳ وَعَنْ حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ
شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ الرُّبُعَ فِي
الْبَدْأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ)

حضرت حبیب بن مسلمہ فہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ابتدا میں نفل کا چوتھائی حصہ اور لوٹتے وقت تہائی مرحمت فرمایا۔

(ابو داؤد)

۳۸۳۰/۲۴ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
كَانَ يُنَفِّلُ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَالثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ
إِذَا قَفَلَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خمس کے بعد چوتھائی نفل دیا کرتے اور خمس کے بعد تہائی لوٹتے وقت۔

(ابو داؤد)

۳۸۳۱/۲۵ وَعَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ أَصَبْتُ
بِأَرْضِ الرُّوْمِ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيْهَا دَنَانِيْرُ فِيْ إِمْرَةِ
مُعَاوِيَةَ وَعَلَيْنَا رَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ يُقَالُ لَهٗ مَعْنُ بْنُ
يَزِيْدَ فَأَتَيْتُهٗ بِهَا فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ

ابو جویریہ جرمی کا بیان ہے کہ سرزمینِ روم میں مجھے ایک سرخ گھڑا ملا جس کے اندر دینار تھے۔ حضرت معاویہ کے دورِ اقتدار میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے بنی سلیم کے ایک فرد ہمارے حاکم تھے، جنھیں حضرت معن بن یزید کہا جاتا تھا۔ میں اُسے اُن کی خدمت میں لے گیا تو اُنھوں نے مسلمانوں پر تقسیم فرما دیا اور مجھے بھی اُتنا ہی حصہ دیا جتنا اُن

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

(ابوداؤد)

۳۸۳۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَدِمْنَا
۲۶
فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ اِفْتَتَحَ خَیْبَرَ فَاَسْہَمَ لَنَا اَوْ قَالَ فَاَعْطَانَا مِنْہَا وَ مَا قَسَمَ لِاَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَیْبَرَ مِنْہَا شَیْئًا اِلَّا لِمَنْ شَہِدَ مَعَہٗ اِلَّا اَصْحَابَ سَفِیْنَتِنَا جَعْفَرًا وَّ اَصْحَابَہٗ اَسْہَمَ لَہُمْ مَعَہُمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم حاضر بارگاہ ہوئے تو ہم نے رسولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پایا کہ آپ نے خیبر فتح فرما لیا تھا۔ آپ نے ہمیں بھی حصہ دیا یا فرمایا کہ ہمیں بھی اُس میں سے عطا فرمایا اور جو فتح خیبر کے وقت موجود نہ تھے اُن سے کسی ایک کو بھی حصہ نہیں دیا مگر جو آپ کے ساتھ موجود تھے سوائے ہماری کشتی والوں کے یعنی حضرت جعفر اور اُن کے ساتھیوں کو دوسروں کے ساتھ حصہ دیا گیا۔

(ابوداؤد)

۳۸۳۳ وَعَنْ یَزِیْدَ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ
۲۷
رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تُوُفِّیَ یَوْمَ خَیْبَرَ فَذَکَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلُّوْا عَلٰی صَاحِبِکُمْ فَتَغَیَّرَتْ وُجُوْہُ النَّاسِ لِذٰلِکَ فَقَالَ اِنَّ صَاحِبَکُمْ غَلَّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَفَتَّشْنَا مَتَاعَہٗ فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِّنْ خَرَزِ یَہُوْدَ لَا یُسَاوِیْ دِرْہَمَیْنِ۔ (رَوَاهُ مَالِکٌ وَّاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے ایک کا خیبر کے روز انتقال ہو گیا تو لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا۔ فرمایا کہ تم اپنے ساتھی پر نماز پڑھ لو۔ اس پر لوگوں کے چہروں کے رنگ اُڑ گئے۔ فرمایا کہ تمہارے ساتھی نے مالِ غنیمت میں خیانت کی تھی۔ پس ہم نے اُس کے سامان کی تلاشی لی تو ہم نے یہود کے منکوں سے کچھ منکے پائے جن کی قیمت دو[۲] درہم کے برابر نہیں تھی۔ (مالک، ابوداؤد۔ نسائی)۔

۳۸۳۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ کَانَ رَسُوْلُ
۲۸
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ غَنِیْمَۃً اَمَرَ بِلَالًا فَنَادٰی فِی النَّاسِ فَیَجِیْئُوْنَ بِغَنَائِمِہِمْ فَیُخَمِّسُہٗ وَیُقَسِّمُہٗ فَجَآءَ رَجُلٌ یَوْمًا بَعْدَ ذٰلِکَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ھٰذَا فِیْمَا کُنَّا اَصَبْنَاہُ مِنَ الْغَنِیْمَۃِ قَالَ اَسَمِعْتَ بِلَالًا نَادٰی ثَلٰثًا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا مَنَعَکَ اَنْ تَجِیْءَ بِہٖ فَاعْتَذَرَ قَالَ کُنْ اَنْتَ تَجِیْءُ بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَلَنْ اَقْبَلَہٗ عَنْکَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مالِ غنیمت تک پہنچتے تو حضرت بلال کو حکم فرمایا جنھوں نے لوگوں میں منادی کر دی تو وہ اپنی غنیمتیں لے آئے۔ پس آپ خمس نکالتے اور اُسے تقسیم فرما دیتے۔ پس ایک آدمی اس کے ایک روز بعد بالوں کی لگام لایا اور عرض گزار ہُوا کہ یا رسول اللہ! یہ ہمیں غنیمت سے حاصل ہوئی تھی۔ فرمایا کہ تم نے بلال کو تین دفعہ اعلان کرتے ہوئے سُنا؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ اسے لانے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟ اُس نے عذر بیان کیا۔ فرمایا کہ اسی طرح رہو تم اسے قیامت کے دن لے کر آؤ گے۔ میں ہرگز تمہاری طرف سے قبول نہیں کرتا۔

(ابوداؤد)

۳۸۳۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ
۲۹
جَدِّہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَکْرٍ وَّعُمَرَ حَرَّقُوْا مَتَاعَ الْغَالِّ وَضَرَبُوْہُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

عمرو بن شعیب کا اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے غنیمت میں خیانت کرنے والے کا سامان جلایا اور اُسے پیٹا۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۳۸۳۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ
۳۰
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَّكْتُمْ غَالًّا
فَإِنَّهٗ مِثْلُهٗ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے: جو غنیمت میں خیانت کرنے والے کو چھپائے تو وہ بھی اُسی کے مانند ہے۔ (ابوداؤد)

۳۸۳۷ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۳۱
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شِرَى الْمَغَانِمِ حَتّٰى تُقْسَمَ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غنیمت کو خریدنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ تقسیم ہو جائے۔ (ترمذی)۔

۳۸۳۸ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۳۲
وَسَلَّمَ أَنَّهٗ نَهٰى أَنْ تُبَاعَ السِّهَامُ حَتّٰى تُقْسَمَ۔
(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حصوں کو فروخت کرنے سے منع فرمایا یہاں تک کہ تقسیم کر دیے جائیں۔ (ترمذی)

۳۸۳۹ وَعَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
۳۳
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ
خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ
وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَّالِ
اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلَّا النَّارُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: یہ مال ہرا بھرا اور میٹھا ہے جس نے اِس میں سے اپنا حق لیا تو اُسے اِس میں برکت دی جائے گی جبکہ کتنے ہی آدمی اپنی مرضی کے مطابق اللہ اور اُس کے رسول کے مال میں گھس جاتے ہیں۔ نہیں ہے ایسے کے لیے قیامت کے روز مگر جہنم۔ (ترمذی)

۳۸۴۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۳۴
وَسَلَّمَ تَنَفَّلَ سَيْفَهٗ ذَا الْفَقَارِ يَوْمَ بَدْرٍ۔ (رَوَاهُ
ابْنُ مَاجَةَ) وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَهُوَ الَّذِيْ رَأٰى فِيْهِ
الرُّؤْيَا يَوْمَ أُحُدٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی تلوار ذوالفقار بدر کے روز بطور نفل قبول فرمائی۔ (ابن ماجہ) اور ترمذی نے یہ بھی روایت کی کہ یہ وہی ہے جس کے متعلق آپ نے اُحد کے روز خواب دیکھا۔

۳۸۴۱ وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
۳۵
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ فَلَا يَرْكَبْ دَابَّةً مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى
إِذَا أَعْجَفَهَا رَدَّهَا فِيْهِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِّنْ فَيْءِ الْمُسْلِمِيْنَ
حَتّٰى إِذَا أَخْلَقَهٗ رَدَّهٗ فِيْهِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت رُوَیفع بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمان کے مالِ فَیٔ کے کسی جانور پر سواری نہ کرے تاکہ اُسے دُبلا کر کے واپس لوٹائے اور جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمان کے مالِ فَیٔ سے کپڑا نہ پہنے تاکہ جب پُرانا ہو جائے تو اُسے واپس لوٹا دے۔ (ابوداؤد)

۳۸۴۲ وَعَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمُجَالِدِ عَنْ عَبْدِ
۳۶
اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ أَوْفٰى قَالَ قُلْتُ هَلْ كُنْتُمْ تُخَمِّسُوْنَ
الطَّعَامَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

محمد بن ابی المجالد نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اور عرض گزار ہوئے: کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کھانے سے خمس نکالا کرتے تھے؟ فرمایا کہ ہمیں خیبر

www.alahazratnetwork.org



قَالَ اَصَبْنَا طَعَامًا يَوْمَ خَيْبَرَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَجِيْءُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ مِقْدَارَ مَا يَكْفِيْهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

کے روز کھانا ملا تو آدمی آتا اور اپنی ضرورت کے مطابق اُس میں سے لے لیتا، پھر چلا جاتا۔

(ابوداؤد)

۳۸۴۳ / ۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ جَيْشًا غَنِمُوْا فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا وَّعَسَلًا فَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُمُ الْخُمُسُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک لشکر رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں غنیمت کے اندر کھانا اور شہد لایا تو اُس میں سے خمس نہ لیا گیا۔

(ابوداؤد)

۳۸۴۴ / ۳۸ وَعَنِ الْقَاسِمِ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ الْجَزُوْرَ فِي الْغَزْوِ وَلَا نَقْسِمُهُ حَتّٰى اِذَا كُنَّا لَنَرْجِعُ اِلٰى رِحَالِنَا وَاَخْرِجَتُنَا مِنْهُ مَمْلُوَّةٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

قاسم مولیٰ عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض اصحاب نے فرمایا:۔ دَورانِ جہاد ہم اونٹ کا گوشت کھاتے اور انہیں تقسیم نہ کرتے یہاں تک کہ جب ہم اپنے خیموں کی طرف لوٹتے تو ہماری خرجیاں اُس سے بھری ہوئی ہوتی تھیں۔

(ابوداؤد)

۳۸۴۵ / ۳۹ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ وَاِيَّاكُمْ وَالْغُلُوْلَ فَاِنَّهٗ عَارٌ عَلٰى اَهْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے:۔ دھاگہ اور سوئی بھی ادا کر دو اور غنیمت میں خیانت سے بچا کیونکہ کرنے والے کے لیے قیامت کے روز یہ شرمندگی کا باعث ہوگا (دارمی) اور نسائی نے اسے عمرو بن شعیب اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت کیا۔

۳۸۴۶ / ۴۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ دَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعِيْرٍ فَاَخَذَ وَبَرَةً مِّنْ سَنَامِهٖ ثُمَّ قَالَ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ شَيْءٌ وَّلَا هٰذَا وَرَفَعَ اِصْبَعَهٗ اِلَّا الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكُمْ فَاَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ فَقَامَ رَجُلٌ فِيْ يَدِهٖ كُبَّةٌ مِّنْ شَعْرٍ فَقَالَ اَخَذْتُ هٰذِهٖ لِاُصْلِحَ بِهَا بَرْذَعَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكَ فَقَالَ اَمَّا اِذَا بَلَغَتْ مَا اَرٰى فَلَا اَرَبَ لِيْ فِيْهَا وَنَبَذَهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک اونٹ کے قریب ہوئے اور اُس کے کوہان سے ایک بال لے کر فرمایا:۔ اے لوگو! میرے لیے اِس فَے میں سے کوئی چیز نہیں اور نہ یہ اور اپنی انگشت مبارک اُٹھائی، ماسوائے خمس کے جبکہ خمس بھی تمہاری طرف ہی لوٹا دیا جاتا ہے۔ پس دھاگا اور سوئی بھی ادا کر دو۔ پس ایک آدمی کھڑا ہو گیا جس کے ہاتھ میں بالوں کا ایک گچھا تھا، عرض گزار ہوا کہ میں نے اِسے کمبل درست کرنے کے لیے لیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اچھا جو میرے اور بنی مطلب کے لیے ہے وہ تمہارا۔ عرض گزار ہوا کہ بات یہاں تک پہنچی جو میں نے دیکھی تو مجھے اِس کی ضرورت نہیں اور اُسے پھینک دیا۔

(ابوداؤد)

۳۸۴۷ / ۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى بعير من المغنم فلما سلم أخذ وبرة من جنب البعير ثم قال ولا يحل لي من غنائمكم مثل هذا إلا الخمس والخمس مردود فيكم۔

(رواه أبو داود)

تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں غنیمت کے ایک اُونٹ کی طرف نماز پڑھائی۔ جب سلام پھیرا تو اونٹ کے پہلو سے ایک بال لے کر فرمایا۔ تمہارے اموالِ غنیمت سے میرے لیے اس کے برابر بھی حلال نہیں ماسوائے خمس کے اور خمس بھی تم میں ہی لوٹا دیا جاتا ہے۔

(ابوداؤد)

۳۸۴۸ وعن جبير بن مطعم قال لما قسم ۴۲ رسول الله صلى الله عليه وسلم سهم ذوي القربى بين بني هاشم وبني المطلب أتيته أنا وعثمان بن عفان فقلنا يا رسول الله هؤلاء إخواننا من بني هاشم لا ننكر فضلهم لمكانك الذي وضعك الله منهم أرأيت إخواننا من بني المطلب أعطيتهم وتركتنا وإنما قرابتنا وقرابتهم واحدة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما بنو هاشم وبنو المطلب شيء واحد هكذا وشبك بين أصابعه۔ (رواه الشافعي) وفي رواية أبي داود والنسائي نحوه وفيه أنا وبني المطلب لا نفترق في جاهلية ولا إسلام وإنما نحن وهم شيء واحد وشبك بين أصابعه۔

حضرت جُبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، جب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرابت داروں کا حصہ بنی ہاشم اور بنی مطلب میں تقسیم فرما دیا تو میں اور حضرت عثمان آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! یہ ہمارے بھائی بنی ہاشم ہیں جن کی فضیلت کا ہمیں انکار نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُن میں آپ کو پیدا فرمایا ہے لیکن ہمارے بھائی بنی مطلب کو آپ نے مال عطا فرمایا، اور ہمیں نظرانداز کر دیا جبکہ ہماری اور اُن کی قرابت ایک جیسی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہیں اور اپنی انگلیوں میں انگلیاں ڈالیں (شافعی) نیز ابوداؤد اور نسائی کی ایک روایت اسی طرح ہے۔ اُس میں فرمایا کہ میں اور بنی مطلب جاہلیت اور اسلام میں جدا نہیں ہوئے اور بیشک ہم اور وہ ایک چیز ہیں اور اپنی انگلیوں میں انگلیاں ڈالیں۔

## تیسری فصل

۳۸۴۹ عن عبد الرحمن بن عوف قال إني ۴۳ لواقف في الصف يوم بدر فنظرت عن يميني وعن شمالي فإذا أنا بغلامين من الأنصار حديثة أسنانهما فتمنيت أن أكون بين أضلع منهما فغمزني أحدهما فقال أي عم هل تعرف أبا جهل قلت نعم فما حاجتك إليه يا ابن أخي قال أخبرت أنه يسب رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے روز میں صف میں کھڑا تھا۔ میں نے اپنے دائیں بائیں دیکھا تو میں انصار کے دو نوعمر لڑکوں کے درمیان تھا۔ میں نے چاہا کہ اُن میں سے طاقت ور آدمیوں کے درمیان ہوتا۔ اُن میں سے ایک نے مجھے دبایا اور کہا۔ چچا جان! کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا، ہاں۔ اے بھتیجے! تمہیں اُس سے کیا کام ہے؟ کہا مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے، قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اگر میں اُسے دیکھ لوں تو میرا جسم

لَئِنْ رَأَيْتُهُ لَا يُفَارِقُ سَوَادِي سَوَادَهُ حَتّٰى يَمُوْتَ الْاَعْجَلُ مِنَّا قَالَ فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ قَالَ وَغَمَزَنِي الْاٰخَرُ فَقَالَ لِيْ مِثْلَهَا فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ نَظَرْتُ اِلٰى اَبِيْ جَهْلٍ يَجُوْلُ فِي النَّاسِ فَقُلْتُ اَلَا تَرَيَانِ هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِيْ تَسْاَلَانِيْ عَنْهُ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا فَضَرَبَاهُ حَتّٰى قَتَلَاهُ ثُمَّ انْصَرَفَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ فَقَالَ اَيُّكُمَا قَتَلَهٗ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنَا قَتَلْتُهٗ فَقَالَ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا فَقَالَا لَا فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَلَبِهٖ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَآءَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُس کے جسم سے جدا نہ ہو یہاں تک کہ ہم میں سے جلد باز موت کے منہ میں چلا جائے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں اس پر حیران ہُوا اور دوسرے نے بھی مجھے دبایا اور اُسی طرح کہا۔ دیر نہیں ہوئی تھی کہ میں نے ابوجہل کو دیکھا جو لوگوں میں گھوم رہا تھا۔ میں نے کہا کہ دیکھتے ہو یہ ہے وہ شخص جس کے متعلق پوچھتے تھے۔ دونوں اپنی تلواریں لے کر ٹوٹ پڑے، اُس پر وار کیے اور اُسے قتل کر دیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف لوٹے اور آپ کو بتایا۔ فرمایا کہ تم میں سے کس نے اُسے قتل کیا ہے؟ دونوں میں سے ہر ایک نے کہا کہ میں نے اُسے قتل کیا ہے۔ فرمایا کہ تم نے اپنی تلواریں صاف کر لی ہیں؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں تلواریں دیکھیں تو فرمایا کہ تم دونوں نے اُسے قتل کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے سامان کا حضرت معاذ بن عمرو بن جموح کے لیے فیصلہ فرمایا اور وہ دونوں لڑکے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفراء تھے۔

(متفق علیہ)

۳۸۵۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۴۴] يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ يَّنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْ جَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَآءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ فَقَالَ اَنْتَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فَلَوْ غَيْرُ اَكَّارٍ قَتَلَنِيْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے روز فرمایا۔ کون دیکھے گا کہ ابوجہل نے کیا بنایا؟ پس حضرت ابن مسعود گئے تو پایا کہ اُسے حضرت عفراء کے دونوں فرزندوں نے مار کر ٹھنڈا کر دیا ہے۔ فرمایا کہ میں نے اُسے داڑھی سے پکڑ کر کہا۔ تو ابوجہل ہے۔ کہا کہ کیا اس سے بڑا کوئی کارنامہ ہے کہ مجھے قتل کر دیا گیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ کہا۔ کاش! مجھے کسانوں کے علاوہ کوئی اور قتل کرتا۔

(متفق علیہ)

۳۸۵۱ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ [۴۵] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا وَّاَنَا جَالِسٌ فَتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ رَجُلًا هُوَ اَعْجَبُهُمْ اِلَيَّ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ وَّاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرَاهُ مُؤْمِنًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مُسْلِمًا ذَكَرَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کو دیا اور میں بیٹھا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن میں سے ایک آدمی کو چھوڑ دیا جو مجھے پسند تھا۔ میں کھڑا ہو کر عرض گزار ہُوا۔ حضور! فلاں کو کیا ہوا جبکہ میں تو اُس کو مومن سمجھتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یا مسلمان۔ حضرت سعد نے تین مرتبہ یہی کہا اور آپ نے تینوں دفعہ یہی جواب دیا۔ پھر فرمایا کہ جو آدمی مجھے

www.alahazratnetwork.org



قَالَ إِنِّي لَأُعْطِي الرَّجُلَ وَغَيْرُهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ خَشْيَةَ أَنْ يُكَبَّ فِي النَّارِ عَلَى وَجْهِهِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لَهُمَا قَالَ الزُّهْرِيُّ فَنَرَى أَنَّ الْإِسْلَامَ الْكَلِمَةُ وَالْإِيمَانَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ۔

کہیں اوندھے منہ جہنم میں نہ گر جائے۔ (متفق علیہ) دونوں کی ایک اور روایت میں ہے کہ زہری نے فرمایا: ہم دیکھتے ہیں کہ اسلام کلمہ ہے اور ایمان نیک اعمال۔

۳۸۵۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَعْنِي يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ إِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِي حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُولِهِ وَإِنِّي أُبَايِعُ لَهُ فَضَرَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَهْمٍ وَلَمْ يَضْرِبْ لِأَحَدٍ غَابَ غَيْرَهُ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ بدر کے روز کھڑے ہوئے اور فرمایا: بے شک عثمان اللہ اور اس کے رسول کے کام گئے ہیں اور میں اُن کو بیعت کرتا ہوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کا حصہ نکالا جبکہ کسی غیر موجود کو حصہ نہیں دیا گیا۔

(ابوداؤد)

۳۸۵۳ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْعَلُ فِي قَسْمِ الْمَغَانِمِ عَشْرًا مِنَ الشَّاءِ بِبَعِيرٍ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غنیمت تقسیم کرتے وقت دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر رکھا کرتے تھے۔

(نسائی)

۳۸۵۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهِ لَا يَتْبَعْنِي رَجُلٌ مَلَكَ بُضْعَ امْرَأَةٍ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَبْنِيَ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ بِهَا وَلَا أَحَدٌ بَنَى بُيُوتًا وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُوفَهَا وَلَا رَجُلٌ اشْتَرَى غَنَمًا أَوْ خَلِفَاتٍ وَهُوَ يَنْتَظِرُ وِلَادَهَا فَغَزَا فَدَنَا مِنَ الْقَرْيَةِ صَلَاةَ الْعَصْرِ أَوْ قَرِيبًا مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لِلشَّمْسِ إِنَّكِ مَأْمُورَةٌ وَأَنَا مَأْمُورٌ اَللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيْنَا فَحُبِسَتْ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْغَنَائِمَ فَجَاءَتْ يَعْنِي النَّارَ لِتَأْكُلَهَا فَلَمْ تَطْعَمْهَا فَقَالَ إِنَّ فِيكُمْ غُلُولًا فَلْيُبَايِعْنِي مِنْ كُلِّ قَبِيلَةٍ رَجُلٌ فَلَزِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهِ فَقَالَ فِيكُمُ الْغُلُولُ فَجَاءُوا بِرَأْسٍ مِثْلِ رَأْسِ بَقَرَةٍ مِنَ الذَّهَبِ فَوَضَعَهَا فَجَاءَتِ النَّارُ فَأَكَلَتْهَا زَادَ فِي رِوَايَةٍ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِأَحَدٍ قَبْلَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیائے کرام سے ایک نبی نے جہاد کیا اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میرے پیچھے وہ آدمی نہ آئے جس نے کسی عورت سے نکاح کیا ہے اور وہ زفاف کرنا چاہتا ہے جبکہ زفاف ابھی نہیں ہوا اور نہ وہ جس نے گھر بنایا ہو اور اُس کی چھت ڈالی نہ گئی ہو اور نہ وہ آدمی جس نے بکریاں یا حاملہ اونٹنیاں خریدیں اور وہ انتظار میں ہے کہ وہ بچے دیں۔ انھوں نے جہاد کیا یہاں تک کہ وہ نمازِ عصر کے وقت یا اُس کے لگ بھگ اُس بستی تک پہنچ گئے تو سورج سے فرمایا کہ تو بھی حکم کا پابند ہے اور میں بھی۔ اے اللہ! اسے ہمارے لیے روک لے۔ پس روک لیا گیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں فتح اور غنیمت دی۔ پس غنیمت کو کھانے کے لیے آگ آئی لیکن اُسے نہ کھایا۔ فرمایا کہ تم نے خیانت کی ہے۔ پس ہر قبیلے کا ایک آدمی میری بیعت کرے۔ چنانچہ ایک آدمی کا ہاتھ چمٹ گیا۔ فرمایا کہ خائن تم میں ہے۔ پس وہ گائے کے سر کے برابر سونا لے کر آئے اور اُسے رکھ دیا تو آگ آئی اور اُسے کھا لیا۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ تم سے پہلے غنیمت کسی کے لیے بھی حلال نہیں فرمائی گئی۔ پھر اللہ

www.alahazratnetwork.org



ثُمَّ اَحَلَّ اللّٰهُ لَنَا الْغَنَائِمَ رَاٰى ضُعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَاَحَلَّهَا لَنَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تعالیٰ نے غنیمتوں کو ہمارے لیے حلال فرمایا یعنی ہماری کمزوری اور ناتوانائی کو دیکھا تو ہمارے لیے حلال فرمایا۔

(متفق علیہ)

۳۸۵۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ اَقْبَلَ نَفَرٌ مِّنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا فُلَانٌ شَهِيْدٌ وَّفُلَانٌ شَهِيْدٌ حَتّٰى مَرُّوْا عَلٰى رَجُلٍ فَقَالُوْا فُلَانٌ شَهِيْدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا اِنِّيْ رَاَيْتُهٗ فِي النَّارِ فِيْ بُرْدَةٍ غَلَّهَا اَوْ عَبَاءَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اِذْهَبْ فَنَادِ فِي النَّاسِ اَنَّهٗ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ ثَلٰثًا قَالَ فَخَرَجْتُ فَنَادَيْتُ اَلَا اِنَّهٗ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ ثَلٰثًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ مجھ سے حدیث بیان کرتے ہوئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب خیبر کا روز ہوا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ صحابہ آئے اور انھوں نے کہا کہ فلاں شہید ہے، فلاں شہید ہے۔ یہاں تک کہ وہ ایک شخص کے پاس سے گزرے اور کہا فلاں شہید ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں، میں نے اُسے دوزخ میں دیکھا ہے اُس چادر یا کمبل کے باعث جو اُس نے چرایا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن خطاب! جاؤ اور لوگوں میں تین دفعہ اعلان کر دو کہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے مگر ایمان والے۔ پس میں نکلا اور تین دفعہ میں نے اعلان کیا کہ جنت میں کوئی داخل نہیں ہو گا ماسوائے ایمان والوں کے۔

(مسلم)

# بَابُ الْجِزْيَةِ

# جزیہ کا بیان

## پہلی فصل

۳۸۵۶ عَنْ بَجَالَةَ قَالَ كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَمِّ الْاَحْنَفِ فَاَتَانَا كِتَابُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِسَنَةٍ فَرِّقُوْا بَيْنَ كُلِّ ذِيْ مَحْرَمٍ مِّنَ الْمَجُوْسِ وَلَمْ يَكُنْ عُمَرُ اَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوْسِ حَتّٰى شَهِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا مِنْ مَجُوْسِ هَجَرَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ بُرَيْدَةَ اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ فِيْ بَابِ الْكِتَابِ اِلَى الْكُفَّارِ۔

بجالہ کا بیان ہے کہ میں احنف کے چچا جزء بن معاویہ کا کاتب تھا۔ ہمارے پاس اُن کا گرامی نامہ اُن کی وفات سے ایک سال پہلے آیا کہ مجوسیوں کے ہر ذی محرم میں جدائی کر دو اور حضرت عمر مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیا کرتے تھے یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے شہادت دی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجر کے مجوسیوں سے لیا تھا (بخاری) اور اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ والی حدیث بریدہ، باب الکتاب الی الکفار میں پیش کر دی گئی ہے۔

---

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۳۸۵۷ (۲) عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّہَہٗ اِلَی الْیَمَنِ اَمَرَہٗ اَنْ یَّاْخُذَ مِنْ کُلِّ حَالِمٍ یَعْنِیْ مُحْتَلِمٍ دِیْنَارًا اَوْ عِدْلَہٗ مِنَ الْمَعَافِرِیِّ ثِیَابٌ تَکُوْنُ بِالْیَمَنِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب اُنھیں یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا کہ ہر بالغ سے ایک دینار لینا یا اُس کی قیمت کا معافری کپڑا جو یمن میں ہوتا ہے۔

(ابوداؤد)

۳۸۵۸ (۳) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَصْلُحُ قِبْلَتَانِ فِیْ اَرْضٍ وَّاحِدَۃٍ وَّلَیْسَ عَلَی الْمُسْلِمِ جِزْیَۃٌ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک زمین میں دو قبلے درست نہیں ہیں اور مسلمان پر جزیہ نہیں ہے۔

(احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۳۸۵۹ (۴) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ اِلٰی اُکَیْدِرِ دُوْمَۃَ فَاَخَذُوْہُ فَاَتَوْا بِہٖ فَحَقَنَ لَہٗ دَمَہٗ وَصَالَحَہٗ عَلَی الْجِزْیَۃِ۔　(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو دومہ کے اکیدر کی طرف بھیجا۔ پس یہ اُسے پکڑ کر لے گئے۔ آپ نے اُس کا خون معاف فرما دیا اور جزیہ کی شرط پر اُس سے صلح کرلی۔ (ابوداؤد)

۳۸۶۰ (۵) وَعَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ جَدِّہٖ اَبِیْ اُمِّہٖ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا الْعُشُوْرُ عَلَی الْیَہُوْدِ وَالنَّصَارٰی وَلَیْسَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ عُشُوْرٌ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حرب بن عُبید اللہ، اُن کی دادی جان، اُن کے والد ماجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر دسواں حصہ یہود و نصاریٰ سے لیا جاتا ہے۔ مسلمانوں پر دسواں حصہ نہیں ہے۔

(احمد، ابوداؤد)

۳۸۶۱ (۶) وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلَا ھُمْ یُضَیِّفُوْنَا وَلَا ھُمْ یُؤَدُّوْنَ مَا لَنَا عَلَیْہِمْ مِّنَ الْحَقِّ وَلَا نَحْنُ نَاْخُذُ مِنْہُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ اَبَوْا اِلَّا اَنْ تَاْخُذُوْا کَرْھًا فَخُذُوْا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم ایسی قوم کے پاس سے گزرتے ہیں جو ہماری ضیافت نہیں کرتے اور نہ وہ حق ادا کرتے ہیں جو اُن پر ہمارا ہے اور نہ ہم اُن سے خود لیتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ انکار کریں اور تم لے سکتے ہو تو لے لیا کرو۔

(ترمذی)

## تیسری فصل

۳۸۶۲ (۷) عَنْ اَسْلَمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ضَرَبَ الْجِزْیَۃَ

اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سونے والوں

www.alahazratnetwork.org



عَلٰی اَهْلِ الذَّهَبِ اَرْبَعَةَ دَنَانِيْرَ وَعَلٰی اَهْلِ الْوَرِقِ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا مَعَ ذٰلِكَ اَرْزَاقُ الْمُسْلِمِيْنَ وَضِيَافَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

پر چار دینار، چاندی والوں پر چالیس درہم جزیہ مقرر فرمایا۔ اس کے علاوہ تین دن تک مسلمانوں کی خوراک اور ضیافت۔

(مسلم)

# بَابُ الصُّلْحِ

# صلح کا بیان

## پہلی فصل

۳۸۶۳ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ ابْنِ الْحَكَمِ قَالَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشَرَةَ مِائَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَلَمَّا اَتٰی ذَا الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَاَشْعَرَ وَاَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ وَسَارَ حَتّٰی اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِيْ يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ فَقَالَ النَّاسُ حَلْ حَلْ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَلَاَتِ الْقَصْوَاءُ وَمَا ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ وَّلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَسْاَلُوْنِيْ خُطَّةً يُّعَظِّمُوْنَ فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ اِلَّا اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا ثُمَّ زَجَرَهَا فَوَثَبَتْ فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتّٰی نَزَلَ بِاَقْصَی الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰی ثَمَدٍ قَلِيْلِ الْمَاءِ يَتَبَرَّضُهُ النَّاسُ تَبَرُّضًا فَلَمْ يُلَبِّثْهُ النَّاسُ حَتّٰی نَزَحُوْهُ وَشُكِيَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشُ فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِّنْ كِنَانَتِهٖ ثُمَّ اَمَرَهُمْ اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا زَالَ يَجِيْشُ لَهُمْ بِالرِّيِّ حَتّٰی صَدَرُوْا عَنْهُ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ جَاءَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ خُزَاعَةَ ثُمَّ اَتَاهُ عُرْوَةُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّسَاقَ الْحَدِيْثَ اِلٰی اَنْ قَالَ اِذْ جَاءَ سُهَيْلُ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مروان بن حکم نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیبیہ کے سال ایک ہزار اور کچھ اپنے اصحاب کو لے کر نکلے۔ جب ذوالحلیفہ کے مقام پر پہنچے تو ہدی کو ہار پہنایا اور اشعار کیا اور وہاں سے عمرہ کا احرام باندھ لیا۔ چلتے رہے یہاں تک کہ جب ثنیہ کے مقام پر پہنچے جہاں سے اُن (اہل مکہ) پر اُترا جاتا ہے تو اُس میں آپ کی سواری بیٹھ گئی۔ لوگوں نے اُٹھ اُٹھ کہا کہ قصواء ضد کر بیٹھی، قصواء ضد کر بیٹھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قصواء ضد نہیں کر بیٹھی اور نہ یہ اس کی عادت ہے بلکہ اسے ہاتھیوں کو روکنے والے نے روکا ہے۔ پھر فرمایا: اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، مجھ سے وہ کوئی ایسا مطالبہ نہیں کریں گے جس میں اللہ تعالیٰ کی حرمت والی ٹھہرائی ہوئی چیزوں کی تعظیم ہو مگر میں وہ چیز اُنھیں دے دوں گا۔ پھر اُسے ڈانٹا تو وہ اُچھل کر کھڑی ہو گئی اور آپ لوگوں سے ایک جانب ہو گئے، یہاں تک کہ حدیبیہ کے کنارے جا اُترے، ایسی جگہ پر جہاں پانی تھوڑا تھا۔ لوگ تھوڑا تھوڑا پانی پیتے لیکن پھر بھی اُسے ختم کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پیاس کی شکایت کی۔ آپ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور انھیں حکم دیا کہ اسے اُس (کنوئیں) میں ڈال دیں۔ خدا کی قسم، وہ برابر جوش مارتا رہا یہاں تک کہ لوگ سیراب ہو کر لوٹ گئے۔ وہ اسی حال میں تھے کہ بدیل بن ورقہ خزاعی آیا خزاعہ کے چند افراد سمیت۔ پھر عروہ بن مسعود آیا۔ آگے باقی حدیث بیان کرتے ہوئے کہا: جب سہیل بن عمرو آیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ معاہدہ ہے جو اللہ کے رسول محمد سے

www.alahazratnetwork.org



وَاللّٰهِ لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا صَدَدْنَاكَ عَنِ
الْبَيْتِ وَلَا قَاتَلْنَاكَ وَلٰكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ
اللّٰهِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ
اِنِّيْ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِنْ كَذَّبْتُمُوْنِيْ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ
عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَعَلٰى اَنْ لَا يَاْتِيَكَ مِنَّا رَجُلٌ
وَاِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ اِلَّا رَدَدْتَّهٗ عَلَيْنَا فَلَمَّا فَرَغَ
مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهٖ قُوْمُوْا فَانْحَرُوْا ثُمَّ احْلِقُوْا ثُمَّ
جَآءَ نِسْوَةٌ مُّؤْمِنَاتٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ
الْاٰيَةَ فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ يَّرُدُّوْهُنَّ وَاَمَرَهُمْ
اَنْ يَّرُدُّوا الصَّدَاقَ ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَجَآءَهٗ اَبُوْ
بَصِيْرٍ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ وَّهُوَ مُسْلِمٌ فَاَرْسَلُوْا فِيْ
طَلَبِهٖ رَجُلَيْنِ فَدَفَعَهٗ اِلَى الرَّجُلَيْنِ فَخَرَجَا بِهٖ
حَتّٰى اِذَا بَلَغَا ذَا الْحُلَيْفَةِ نَزَلُوْا يَاْكُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ
لَّهُمْ فَقَالَ اَبُوْ بَصِيْرٍ لِاَحَدِ الرَّجُلَيْنِ وَاللّٰهِ اِنِّيْ
لَاَرٰى سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ جَيِّدًا اَرِنِيْ اَنْظُرْ اِلَيْهِ
فَاَمْكَنَهٗ مِنْهُ فَضَرَبَهٗ حَتّٰى بَرَدَ وَفَرَّ الْاٰخَرُ حَتّٰى
اَتَى الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُوْ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَاٰى هٰذَا ذُعْرًا فَقَالَ
قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ وَاِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ فَجَآءَ اَبُوْ
بَصِيْرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلُ
اُمِّهٖ مِسْعَرُ حَرْبٍ لَّوْ كَانَ لَهٗ اَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ
عَرَفَ اَنَّهٗ سَيَرُدُّهٗ اِلَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰى اَتٰى سَيْفَ
الْبَحْرِ قَالَ وَانْفَلَتَ اَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلٍ
فَلَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ فَجَعَلَ لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ رَجُلٌ
قَدْ اَسْلَمَ اِلَّا لَحِقَ بِاَبِيْ بَصِيْرٍ حَتَّى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ
عِصَابَةٌ فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ
اِلَى الشَّامِ اِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا فَقَتَلُوْهُمْ وَ

لکھیے۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، خدا کی قسم، میں یقیناً اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم مجھے جھٹلاتے ہو، لہٰذا محمد بن عبداللہ لکھ دو۔ سہیل نے کہا کہ اس شرط پر کہ نہیں جائے گا ہماری طرف سے کوئی آدمی آپ کے پاس، خواہ وہ آپ کے دین پر ہو مگر اُسے آپ ہماری طرف لوٹائیں گے۔ جب معاہدہ لکھنے سے فارغ ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ، نحر کرو اور سر منڈاؤ۔ پھر ایمان لانے والی عورتیں حاضر ہوئیں تو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا اے ایمان والو! جب تمہارے پاس ایمان لانے والی عورتیں ہجرت کر کے آئیں (۶۰۔ ۱۰)۔ پس اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو انھیں واپس کرنے سے روک دیا اور حکم دیا کہ اُن کے مہر واپس کر دو۔ پھر مدینہ منورہ کی طرف لوٹ آئے تو قریش کے ایک فرد ابو بصیر آ گئے تھے۔ قریش نے اُن کے مطالبے کو دو آدمی بھیجے۔ آپ نے وہ اُن دونوں آدمیوں کے سپرد کر دیے۔ وہ انھیں لے کر نکلے۔ یہاں تک کہ جب ذوالحلیفہ کے مقام پر پہنچے تو کھجوریں کھانے کے لیے اُتر پڑے۔ حضرت ابو بصیر نے اُن میں کے ایک سے کہا، خدا کی قسم مجھے تو تمہاری تلوار بڑی عمدہ نظر آتی ہے ذرا دکھاؤ تو سہی کہ میں بھی اسے دیکھوں۔ پس وہ اُس سے لے لی اور ضرب لگائی یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا۔ دوسرا بھاگ کر مدینہ منورہ جا پہنچا اور دوڑتا ہوا مسجد میں داخل ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ خوف زدہ ہے۔ عرض گزار ہوا کہ خدا کی قسم میرا ساتھی قتل کر دیا گیا اور میں بھی قتل کر دیا جاتا۔ اتنے میں حضرت ابو بصیر آ گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی ماں کی خرابی، جنگ کو بھڑکانے والا ہے اگر اس کا ایک بھی ساتھی ہو۔ جب انھوں نے یہ سنا تو جان گئے کہ انھیں قریش کی طرف لوٹایا جائے گا۔ وہ نکل آئے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے پر آ گئے۔ حضرت ابو جندل بن سہیل بھی حضرت ابو بصیر سے آ ملے۔ پس قریش سے کوئی آدمی مسلمان ہو کر نہ نکلتا مگر حضرت ابو بصیر سے آ ملتا، یہاں تک کہ ان کی پوری جماعت ہو گئی۔ خدا کی قسم، وہ قریش کے کسی قافلے کے متعلق نہ سنتے جو شام جا رہا ہو مگر اُس کا تعاقب کرتے، اُن سے لڑتے اور اُن کا مال چھین لیتے۔ پس قریش نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدا کی قسم اور قرابت کا واسطہ دیتے ہوئے پیغام بھیجا کہ انھیں پیغام بھیجیے کہ جو آپ کے پاس جائے وہ امن میں ہو گا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن حضرات کے لیے پیغام بھیج دیا۔

www.alahazratnetwork.org



اَخَذُوْا اَمْوَالَهُمْ فَاَرْسَلَتْ قُرَيْشٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُنَاشِدُهُ اللّٰهَ وَالرَّحِمَ لَمَّا اَرْسَلَ اِلَيْهِمْ فَمَنْ اَتَاهُ فَهُوَ اٰمِنٌ فَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

(بخاری)

---

۳۸۶۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَشْيَاءَ عَلٰى اَنَّ مَنْ اَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَدَّهٗ اِلَيْهِمْ وَمَنْ اَتَاهُمْ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ وَعَلٰى اَنْ يَّدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ وَّيُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَّلَا يَدْخُلَهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ وَالسَّيْفِ وَالْقَوْسِ وَنَحْوِهٖ فَجَاءَ اَبُوْ جَنْدَلٍ يَحْجُلُ فِيْ قُيُوْدِهٖ فَرَدَّهٗ اِلَيْهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے روز مشرکین سے تین باتوں پر صلح کی: مشرکین سے جو آئے گا وہ اُن کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور جو اُن کے پاس مسلمانوں سے آئے گا اُسے وہ نہیں لوٹائیں گے اور اگلے سال اس (مکہ مکرمہ) میں داخل ہونا اور اس میں تین دن قیام کرو گے اور اس میں داخل نہ ہوں، مگر اپنے ہتھیار اور کمان وغیرہ کو چھپائے ہوئے۔ پس حضرت ابوجندل بیڑیوں میں گھسٹتے ہوئے آئے تو آپ نے اُن کی طرف لوٹا دیئے۔

(متفق علیہ)

۳۸۶۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ قُرَيْشًا صَالَحُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَرَطُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَنْ جَاءَنَا مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكُمْ وَمَنْ جَاءَكُمْ مِّنَّا رَدَدْتُّمُوْهُ عَلَيْنَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَكْتُبُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ اِنَّهٗ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا اِلَيْهِمْ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ لَهٗ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قریش نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مصالحت کی۔ پس اُنھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر شرطیں لگائیں کہ آپ میں سے جو ہمارے پاس آجائے گا اُسے ہم آپ کی طرف نہیں لوٹائیں گے اور جو ہم میں سے آپ کے پاس چلا جائے تو وہ ہماری طرف لوٹانا ہوگا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا ہم یہ لکھیں؟ فرمایا، ہاں کیونکہ جو ہم میں سے اُن کی طرف جائے گا اُسے اللہ تعالیٰ نے دور کر دیا اور جو اُن میں سے ہمارے پاس آئے گا تو عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے لیے کشادگی اور نکلنے کا راستہ بنا دے گا۔ (مسلم)

۳۸۶۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فِيْ بَيْعَةِ النِّسَاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ فَمَنْ اَقَرَّتْ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنْهُنَّ قَالَ لَهَا قَدْ بَايَعْتُكِ كَلَامًا يُكَلِّمُهَا بِهٖ وَاللّٰهِ مَا مَسَّتْ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عورتوں کی بیعت کے متعلق فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت کے تحت اُن کا امتحان لیا کرتے۔ اے نبی! جب تمہاری خدمت میں ایمان والی عورتیں بیعت کے لیے حاضر ہوں (۱۲:۶۰) اُن میں سے جو اس شرط پر قائم رہتی اس سے فرماتے کہ میں نے تمہیں بیعت کر لیا۔ پس زبانی اتنا فرماتے۔ خدا کی قسم بیعت لیتے وقت آپ کے

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

٣٨٦٧ عَنِ الْمِسْوَرِ وَمَرْوَانَ أَنَّهُمُ اصْطَلَحُوْا عَلٰى [٥] وَضْعِ الْحَرْبِ عَشْرَ سِنِيْنَ يَأْمَنُ فِيْهِنَّ النَّاسُ وَعَلٰى أَنَّ بَيْنَنَا عَيْبَةً مَكْفُوْفَةً وَأَنَّهُ لَا إِسْلَالَ وَلَا إِغْلَالَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُد)

حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان سے روایت ہے کہ انھوں نے اس شرط پر صلح کی کہ دس سال تک لڑائی نہ کی جائے۔ ان میں لوگ امن و امان سے رہیں اور اس شرط پر کہ ہمارے درمیان بند صندوق ہو نیز نہ تلوار سونتی جائے اور نہ زرہ پہنی جائے۔ (ابوداؤد)

٣٨٦٨ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ [٦] أَبْنَاءِ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ آبَائِهِمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا أَوِ انْتَقَصَهُ أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ فَأَنَا حَجِيْجُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُد)

صفوان بن سلیم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے متعدد صاحبزادوں سے اور انھوں نے اپنے باپوں سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آگاہ رہو کہ جس نے معاہدے والے پر ظلم کیا یا عہد توڑا یا اس کی طاقت سے بڑھ کر اسے تکلیف دی یا اس کی مرضی کے بغیر اس سے کوئی چیز لی تو قیامت کے روز میں اس سے جھگڑنے والا ہوں۔ (ابوداؤد)

٣٨٦٩ وَعَنْ أُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ بَايَعْتُ [٧] النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَأَطَقْتُنَّ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَرْحَمُ بِنَا مِنَّا بِأَنْفُسِنَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَايِعْنَا تَعْنِيْ صَافِحْنَا قَالَ إِنَّمَا قَوْلِيْ لِمِائَةِ امْرَأَةٍ كَقَوْلِيْ لِامْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ۔

حضرت امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے چند عورتوں کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ سے بیعت کی۔ ہم سے فرمایا کہ جہاں تک تمہاری استطاعت اور طاقت ہو۔ میں عرض گزار ہوئی کہ اللہ اور اس کا رسول ہم پر ہماری ذاتوں سے بھی زیادہ مہربان ہیں۔ پھر عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! ہماری بیعت لیجیے یعنی ہم سے مصافحہ کیجیے۔ فرمایا کہ میرا سو عورتوں سے کہہ دینا اسی طرح ہے جیسے ایک عورت سے کہنا

## تیسری فصل

٣٨٧٠ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ [٨] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ فَأَبٰى أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى أَنْ يَدْخُلَ يَعْنِيْ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ يُقِيْمُ بِهَا ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالُوْا لَا نُقِرُّ بِهَا فَلَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ وَلٰكِنْ أَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ أَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَأَنَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذی قعدہ میں عمرہ کیا تو اہلِ مکہ نے انکار کیا کہ وہ آپ کو مکہ مکرمہ میں داخل ہو جانے دیں یہاں تک کہ انھوں نے اس شرط پر معاہدہ کیا کہ آئندہ سال داخل ہوں اور تین دن اس میں ٹھہریں۔ جب معاہدہ لکھنے لگے تو لکھا: یہ وہ ہے جس پر اللہ کے رسول محمد نے معاہدہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ ہم اس کے قائل نہیں۔ اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو آپ کو نہ روکتے جبکہ آپ محمد بن عبداللہ ہیں۔ فرمایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور میں محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر حضرت علی بن ابو طالب سے فرمایا کہ رسول اللہ کو مٹا دو عرض

www.alahazratnetwork.org



مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ اُمْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا أَمْحُوْكَ أَبَدًا فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يَدْخُلُ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ إِلَّا السَّيْفَ فِي الْقِرَابِ وَأَنْ لَا يَخْرُجَ مِنْ أَهْلِهَا بِأَحَدٍ إِنْ أَرَادَ أَنْ يَّتْبَعَهُ وَأَنْ لَا يَمْنَعَ مِنْ أَصْحَابِهِ أَحَدًا إِنْ أَرَادَ أَنْ يُّقِيْمَ بِهَا فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْأَجَلُ أَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا قُلْ لِصَاحِبِكَ أُخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْأَجَلُ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

گزار ہوئے کہ خدا کی قسم: میں تو آپ کو کبھی نہیں مٹاؤں گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قلم پکڑ لیا حالانکہ آپ اچھی طرح نہیں لکھتے تھے۔ پس لکھا کہ یہ وہ معاہدہ ہے جو محمد بن عبد اللہ نے کیا کہ مکۂ مکرمہ میں ہتھیار لے کر داخل نہ ہوں سوائے تلوار کے اُسے نیام میں ڈال کر اور اس کے رہنے والوں میں سے کسی ایک کو بھی اپنے ساتھ نہیں لے جائیں گے جبکہ وہ آپ کے پیچھے جانا چاہے اور اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو نہیں روکیں گے جو یہاں رہنا چاہے۔ جب اُس میں داخل ہوئے اور مدت گزر گئی تو حضرت علی کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے بزرگ سے کہیے کہ ہمارے پاس سے چلے جائیں۔ مدت پوری ہوتے ہی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے گئے۔

(متفق علیہ)

# بَابُ إِخْرَاجِ الْيَهُوْدِ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ

## یہود کو جزیرۂ عرب سے نکالنے کا بیان

### پہلی فصل

۳۸۷۱ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوْا إِلٰى يَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ يَهُوْدَ أَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا اعْلَمُوْا أَنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَإِنِّي أُرِيْدُ أَنْ أُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْأَرْضِ فَمَنْ وَّجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور فرمایا کہ یہودیوں کی طرف چلو۔ پس ہم آپ کے ساتھ چلے یہاں تک کہ بیت مدراس تک پہنچ گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے یہودیوں کے گروہ! مسلمان ہو جاؤ گے تو سلامت رہو گے۔ جان لو کہ زمین اللہ اور اُس کے رسول کی ہے۔ اور میں تمہیں اس سرزمین سے جلاوطن کرنا چاہتا ہوں جو تم میں سے اپنا کوئی مال پائے تو اُسے فروخت کر دے۔

(متفق علیہ)

۳۸۷۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ عُمَرُ خَطِيْبًا فَقَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَامَلَ يَهُوْدَ خَيْبَرَ عَلٰى أَمْوَالِهِمْ وَقَالَ نُقِرُّكُمْ مَا أَقَرَّكُمُ اللّٰهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: حضرت عمر خطبہ دینے کھڑے ہوئے تو فرمایا: بےشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے اُن کے مالوں پر معاملہ کیا تھا اور فرمایا تھا کہ ہم تمہیں برقرار

www.alahazratnetwork.org



ذٰلِكَ اَتَاهُ اَحَدُ بَنِي اَبِي الْحُقَيْقِ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَتُخْرِجُنَا وَقَدْ اَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ وَعَامَلَنَا عَلَى الْاَمْوَالِ فَقَالَ عُمَرُ اَظَنَنْتَ اَنِّي نَسِيْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ تَعْدُوْ بِكَ قَلُوْصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ كَانَتْ هُزَيْلَةً مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ فَقَالَ كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ فَاَجْلَاهُمْ عُمَرُ وَاَعْطَاهُمْ قِيْمَةَ مَا كَانَ لَهُمْ مِنَ الثَّمَرِ مَالًا وَّاِبِلًا وَّعُرُوْضًا مِنْ اَقْتَابٍ وَّحِبَالٍ وَّغَيْرِ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انھیں جلاوطن کردیا جائے۔ جب حضرت عمر نے اس بات کا مصمم ارادہ کر لیا تو بنی ابوالحقیق کا ایک آدمی آکر عرض گزار ہوا۔ اے امیر المومنین! کیا آپ ہمیں نکالتے ہیں، جبکہ محمد مصطفیٰ نے ہمیں برقرار رکھا تھا اور ہمارے مالوں کے متعلق ہم سے معاملہ کیا تھا۔ حضرت عمر نے فرمایا: تمہارا یہ گمان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی بھول گیا ہوں۔ تیرا اُس وقت کیا حال ہوگا جب تجھے خیبر سے نکالا جائے گا اور تو اپنی اونٹنی پر راتوں کو مارا مارا پھرے گا۔ کہنے لگا یہ تو ابوالقاسم نے مذاق کے طور پر فرمایا تھا۔ فرمایا: اے دشمنِ خدا! جھوٹ بولتا ہے۔ پس حضرت عمر نے انھیں جلاوطن کر دیا اور اُن کے پھل، مال اور اونٹوں کی نیز اسباب سے پالان اور رسیوں تک کی قیمت انھیں ادا کر دی۔ (بخاری)

۳۸۷۳ — وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى بِثَلٰثَةٍ قَالَ اَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَاَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ اُجِيْزُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ اَوْ قَالَ فَاُنْسِيْتُهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین باتوں کی وصیت کرتے ہوئے فرمایا: مشرکوں کو جزیرہ عرب سے نکال دینا، ہر وفد کے ساتھ اُسی طرح سلوک کرنا جس طرح میں سلوک کرتا ہوں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ تیسری بات سے آپ خاموش ہو گئے یا فرمایا کہ میں اُسے بھول گیا۔ (متفق علیہ)

۳۸۷۴ — وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاُخْرِجَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ حَتّٰى لَا اَدَعَ فِيْهَا اِلَّا مُسْلِمًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَئِنْ عِشْتُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَاُخْرِجَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ یہود و نصاریٰ کو میں جزیرہ عرب سے نکال دوں گا یہاں تک مسلمان کے سوا میں اُس میں کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔ (مسلم) ایک اور روایت میں ہے کہ اگر میری زندگی رہی تو ان شاء اللہ تعالیٰ میں یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکال دوں گا۔

## دوسری فصل

لَيْسَ فِيْهِ اِلَّا حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ لَا يَكُوْنُ قِبْلَتَانِ وَقَدْ مَرَّ فِيْ بَابِ الْجِزْيَةِ۔

اس فصل میں لَا تَكُوْنُ قِبْلَتَانِ والی حدیث ابن عباس کے سوا کوئی حدیث نہیں اور وہ باب الجزیہ میں پیش کی جا چکی ہے۔

## تیسری فصل

۳۸۷۵ — عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ اَجْلٰى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر

www.alahazratnetwork.org



الیهود والنصارى من ارض الحجاز وکان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما ظهر على اهل خيبر اراد ان يخرج اليهود منها وكانت الارض لما ظهر عليها لله ولرسوله وللمسلمين فسأل اليهود رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يتركهم على ان يكفوا العمل ولهم نصف الثمر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم نقركم على ذلك ما شئنا فاقروا حتى اجلاهم عمر في امارته الى تيماء واريحاء۔

(متفق علیہ)

نے یہود و نصاریٰ کو سرزمین حجاز سے جلاوطن کیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب خیبر والوں پر غالب آئے تو یہود کو وہاں سے نکالنے کا ارادہ فرمایا کیونکہ غلبے کے بعد اب وہ اللہ، اس کے رسول اور مسلمانوں کے لیے تھی۔ یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ انھیں رہنے دیں کہ محنت وہ کریں اور انھیں پیداوار میں نصف حصہ ملے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہم تمہیں اس پر برقرار رکھیں گے جب تک ہم چاہیں۔ پس انھیں برقرار رکھا یہاں تک کہ حضرت عمر نے انھیں اپنے دورِ خلافت میں تیما اور اریحا کی طرف جلاوطن کیا۔

(متفق علیہ)

# باب الفیٔ — فیٔ کا بیان

## پہلی فصل

۳۸۷۶ عن مالك بن اوس بن الحدثان قال قال عمر بن الخطاب ان الله قد خص رسوله في هذا الفيء بشيء لم يعطه احدا غيره ثم قرأ ما افاء الله على رسوله منهم الى قوله قدير فكانت هذه خالصة لرسول الله صلى الله عليه وسلم ينفق على اهله نفقة سنتهم من هذا المال ثم يأخذ ما بقي فيجعله مجعل مال الله۔

(متفق علیہ)

حضرت مالک بن اوس بن حدثان سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس فیٔ کے ساتھ مخصوص فرمایا جبکہ آپ کے سوا کسی کو نہ دیا۔ پھر تلاوت کی: اُن میں سے جو چیز اللہ نے اپنے رسول کو دی ... قدیر (۵۹:۶) پس یہ خالص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھا۔ اسی مال سے اپنی ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچ دیا کرتے۔ پھر جو باقی بچتا اُس کو لے کر وہاں خرچ کرتے، جہاں اللہ کے مال کو خرچ کیا کرتے تھے۔

(متفق علیہ)

۳۸۷۷ وعن عمر قال كانت اموال بني النضير مما افاء الله على رسوله مما لم يوجف المسلمون عليه بخيل ولا ركاب فكانت لرسول الله صلى الله عليه وسلم خاصة ينفق على اهله نفقة سنتهم ثم يجعل ما بقي في السلاح والكراع عدة في سبيل الله۔

(متفق علیہ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بنو نضیر کا مال وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو عنایت فرمایا، جس پر مسلمانوں نے نہ گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ۔ پس یہ خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھا، جس سے اپنی ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچ دیتے۔ پھر جو باقی بچتا تو اُس کو جہاد کے ہتھیاروں اور سواریوں پر خرچ فرماتے۔

(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۳۸۷۸ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى [3] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَتَاهُ الْفَيْءُ قَسَمَهُ فِيْ يَوْمِهِ فَأَعْطَى الْآهِلَ حَظَّيْنِ وَأَعْطَى الْأَعْزَبَ حَظًّا فَدُعِيْتُ فَأَعْطَانِيْ حَظَّيْنِ وَكَانَ لِيْ أَهْلٌ ثُمَّ دُعِيَ بَعْدِيْ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَأُعْطِيَ حَظًّا وَاحِدًا۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جس روز مالِ فئ آتا تو اسی روز تقسیم فرما دیتے۔ بال بچے دار کو دو حصے اور تنہا کو ایک حصہ دیا کرتے۔ پس مجھے بلایا گیا اور دو حصے مرحمت فرمائے کیونکہ میری بیوی تھی اور میرے بعد حضرت عمار بن یاسر بلائے گئے تو انھیں ایک حصہ عطا فرمایا۔

(ابوداؤد)

۳۸۷۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى [4] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَا جَاءَهُ فَيْءٌ بَدَأَ بِالْمُحَرَّرِيْنَ

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب پہلے کوئی چیز آپ کی خدمت میں آتی تو آزاد شدگان سے ابتداء فرماتے۔ (ابوداؤد)

۳۸۸۰ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5] أُتِيَ بِظَبْيَةٍ فِيْهَا خَرَزٌ فَقَسَمَهَا لِلْحُرَّةِ وَالْأَمَةِ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ أَبِيْ يَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک تھیلا لایا گیا جس میں نگینے تھے۔ پس آپ نے وہ آزاد عورتوں اور لونڈیوں میں تقسیم فرمائے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میرے والدِ ماجد آزاد اور غلاموں میں تقسیم فرمایا کرتے تھے (ابوداؤد)

۳۸۸۱ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ [6] ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمًا الْفَيْءَ فَقَالَ مَا أَنَا أَحَقُّ بِهٰذَا الْفَيْءِ مِنْكُمْ وَمَا أَحَدٌ مِنَّا بِأَحَقَّ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا أَنَّا عَلٰى مَنَازِلِنَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَقَسْمِ رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالرَّجُلُ وَقِدَمُهُ وَالرَّجُلُ وَبَلَاؤُهُ وَالرَّجُلُ وَعِيَالُهُ وَالرَّجُلُ وَحَاجَتُهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت مالک بن اوس بن حدثان سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فئ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: میں اس فئ میں تم سے زیادہ حق دار نہیں ہوں اور نہ تم میں سے کوئی ایک دوسرے سے زیادہ حق دار ہے کیونکہ ہم سب اپنے اپنے درجے پر ہیں، اللہ کی کتاب اور اُس کے رسول کی تقسیم کے مطابق (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پس آدمی اور اُس کا قدیم الاسلام ہونا، آدمی اور اُس کی مشقت، آدمی اور اُس کے بال بچے، آدمی اور اُس کی حاجت کو دیکھا جائے گا۔

(ابوداؤد)

۳۸۸۲ وَعَنْهُ قَالَ قَرَأَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِنَّمَا [7] الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ حَتّٰى بَلَغَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ فَقَالَ هٰذِهِ لِهٰؤُلَاءِ ثُمَّ قَرَأَ وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ حَتّٰى بَلَغَ وَابْنِ السَّبِيْلِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهِ لِهٰؤُلَاءِ ثُمَّ قَرَأَ مَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مِنْ أَهْلِ

اُن سے ہی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آیت پڑھی: بیشک صدقات غریبوں اور مسکینوں کے لیے ہیں۔۔۔ (۹: ۴۰)۔ اور فرمایا کہ یہ ان لوگوں کے لیے ہیں۔ پھر تلاوت کی: جان لو کہ جو چیز تمہیں بطور غنیمت ملی تو اُس کا پانچواں حصہ اللہ اور اُس کے رسول کے لیے ہے۔۔۔۔ (۸: ۴۱)۔ پھر فرمایا کہ یہ ان لوگوں کے لیے ہے۔ پھر تلاوت کی: جو چیز اللہ نے اپنے رسول کو بطورِ فئ دی بستیوں والوں سے

www.alahazratnetwork.org



الْقُرٰى حَتّٰى بَلَغَ لِلْفُقَرَآءِ ثُمَّ قَرَءَ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْ (۵۹: ۷) یہاں تک کہ لِلْفُقَرَآءِ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْ بَعْدِهِمْ

بَعْدِهِمْ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ اسْتَوْعَبَتِ الْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً فَلَئِنْ عِشْتُ فَلَيَأْتِيَنَّ الرَّاعِيَ وَهُوَ بِسَرْوِ حِمْيَرَ نَصِيْبُهٗ مِنْهَا لَمْ يَعْرَقْ فِيْهَا جَبِيْنُهٗ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

تک جا پہنچے اور فرمایا کہ اس حکم نے تمام مسلمانوں کو گھیر لیا ہے۔ اگر میں زندہ رہا تو سرو اور حمیر کا چرواہا بھی آئے گا اور اُس کا بھی اس میں حصہ ہوگا جس کی پیشانی عرق آلودہ نہیں ہوئی ہوگی۔

(شرح السنۃ)

۳۸۸۳ ۸ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ فِيْمَا احْتَجَّ بِهٖ عُمَرُ اَنْ قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ صَفَايَا بَنُو النَّضِيْرِ وَخَيْبَرُ وَفَدَكُ فَاَمَّا بَنُو النَّضِيْرِ فَكَانَتْ حُبْسًا لِنَوَائِبِهٖ وَاَمَّا فَدَكُ فَكَانَتْ حُبْسًا لِاَبْنَآءِ السَّبِيْلِ وَاَمَّا خَيْبَرُ فَجَزَّاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ اَجْزَآءٍ جُزْئَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَجُزْءًا نَفَقَةً لِاَهْلِهٖ فَمَا فَضَلَ عَنْ نَفَقَةِ اَهْلِهٖ جَعَلَهٗ بَيْنَ فُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے بھی دلیل پکڑی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تین صفایا تھے، یعنی بنو نضیر، خیبر اور فدک۔ پس بنو نضیر تو آپ کی ضروریات کے لیے مخصوص تھا۔ فدک مسافروں کے لیے مخصوص تھا اور خیبر کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین حصوں میں تقسیم فرمایا تھا۔ دو حصے مسلمانوں میں تقسیم کرنے کے لیے اور ایک حصہ اپنی ازواج مطہرات کے خرچ کا تھا۔ جو ازواج مطہرات کے خرچ سے بچتا وہ غریب مہاجرین میں تقسیم فرماتے۔

(ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۸۸۴ ۹ عَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ جَمَعَ بَنِيْ مَرْوَانَ حِيْنَ اسْتُخْلِفَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهٗ فَدَكُ فَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهَا وَيَعُوْدُ مِنْهَا عَلٰى صَغِيْرِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَيُزَوِّجُ مِنْهَا اَيِّمَهُمْ وَاِنَّ فَاطِمَةَ سَاَلَتْهُ اَنْ يَّجْعَلَهَا لَهَا فَاَبٰى فَكَانَتْ كَذٰلِكَ فِيْ حَيٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وُّلِّيَ اَبُوْ بَكْرٍ عَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَيٰوتِهٖ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وُّلِّيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَمِلَ فِيْهَا بِمِثْلِ مَا عَمِلَا حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ ثُمَّ اَقْطَعَهَا مَرْوَانُ ثُمَّ صَارَتْ لِعُمَرَ

مغیرہ ابن مقسم سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز جب خلیفہ بنائے گئے تو انھوں نے بنی مروان کو جمع کر کے فرمایا:۔ بےشک فدک خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تھا جس کو آپ خرچ کرتے اور بنی ہاشم کے نوعمر لوگوں پر لوٹاتے تھے اور اُس سے بیواؤں کا نکاح کرتے اور بےشک حضرت فاطمہ نے اُس کا سوال کیا تھا کہ انھیں دے دیا جائے تو آپ نے انکار فرما دیا، یہاں تک کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ میں اُسی طرح رہا، یہاں تک کہ آپ نے وفات پائی۔ جب حضرت ابوبکر کو حکمران بنایا گیا تو انھوں نے اُسی کے مطابق عمل کیا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی حیاتِ مقدسہ میں کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ انھوں نے بھی وفات پائی۔ جب حضرت عمر کو حکمران بنایا گیا تو انھوں نے بھی اُسی کے مطابق عمل کیا جیسے پہلے عمل ہو رہا

www.alahazratnetwork.org



اُشْهِدُ كُمْ اَنِّیْ رَدَدْتُهَا عَلٰى مَا كَانَتْ يَعْنِیْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

دیکھا جس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو منع فرما دیا تھا تو اُس میں میرا حق نہیں ہے لہٰذا میں تمہیں گواہ بنا کر اسے اُسی حالت پر لوٹاتا ہوں جس پر یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے زمانوں میں تھا۔ (ابوداؤد)

# كِتَابُ الصَّيْدِ وَالذَّبَائِحِ

# شکار اور ذبیحہ کا بیان

## پہلی فصل

۳۸۸۵ ۱ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ اَمْسَكَ عَلَيْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَاِنْ اَدْرَكْتَهٗ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَاِنْ اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ فَاِنْ وَجَدْتَ مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهٗ وَقَدْ قَتَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِیْ اَيُّهُمَا قَتَلَ وَاِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيْهِ اِلَّا اَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ اِنْ شِئْتَ وَاِنْ وَجَدْتَهٗ غَرِيْقًا فِی الْمَآءِ فَلَا تَاْكُلْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: جب تم اپنے کتّے کو چھوڑو تو اُس پر اللہ کا نام لو۔ اگر وہ تمہارے لیے روک لے اور زندہ ہو تو اُسے ذبح کرو اور اگر پاؤ کہ مار دیا ہے لیکن اُس میں سے کھایا نہیں ہے تو اُسے کھالو اور اگر کھایا ہے تو نہ کھاؤ کیونکہ اُس نے اپنے لیے شکار کیا ہے۔ اگر تم اپنے کتّے کے ساتھ دوسرا کتّا پاؤ اور شکار کو مار دیا ہو تو اُسے نہ کھاؤ کیونکہ تمہیں نہیں معلوم کہ دونوں میں سے کس نے مارا ہے۔ جب تم تیر مارو تو اُس پر اللہ کا نام لو۔ اگر وہ ایک روز تم سے غائب رہے اور تم اُس میں اپنے تیر کے سوا کوئی نشان نہ پاؤ تو کھالو اگر چاہو اور اگر اُسے پانی میں ڈوبا ہوا پاؤ تو نہ کھاؤ۔

(متفق علیہ)

۳۸۸۶ ۲ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرْسِلُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ قَالَ كُلْ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَاِنْ قَتَلْنَ قَالَ وَاِنْ قَتَلْنَ قُلْتُ اِنَّا نَرْمِیْ بِالْمِعْرَاضِ قَالَ كُلْ مَا خَزَقَ وَمَا اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَقَتَلَ فَاِنَّهٗ وَقِيْذٌ فَلَا تَاْكُلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! ہم سدھائے ہوئے کتّے چھوڑتے ہیں۔ فرمایا کہ کھالو جس کو وہ تمہارے لیے روک لیں۔ عرض گزار ہوا کہ خواہ مار دیں؟ فرمایا کہ خواہ مار دیں۔ میں نے عرض کی کہ ہم بے پَروں کا تیر مارتے ہیں؟ فرمایا کہ پھاڑ دے تو کھالو اور اگر عرض کی طرف سے لگے اور مار دے تو وہ موقوذہ ہے اُسے نہ کھاؤ۔ (متفق علیہ)۔

۳۸۸۷ ۳ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضِ قَوْمٍ اَهْلِ الْكِتَابِ اَفَنَاْكُلُ فِیْ اٰنِيَتِهِمْ وَبِاَرْضِ صَيْدٍ اَصِيْدُ بِقَوْسِیْ وَبِكَلْبِیَ الَّذِیْ لَيْسَ بِمُعَلَّمٍ وَبِكَلْبِیَ الْمُعَلَّمِ فَمَا يَصْلُحُ لِیْ قَالَ اَمَّا مَا

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا نبی اللہ! ہم اہلِ کتاب کی سرزمین میں رہتے ہیں تو کیا ہم اُن کے برتنوں میں کھا لیا کریں؟ نیز شکار کی جگہ میں تو میں اپنی کمان اور اپنے بے سدھائے ہوئے کتّے اور اپنے سدھائے ہوئے کتّے سے شکار

وَكُلُوْا فِيْهَا وَمَا صِدْتَ بِقَوْسِكَ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَ بِكَلْبِكَ غَيْرِ مُعَلَّمٍ فَاَدْرَكْتَ ذَكٰوتَهٗ فَكُلْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اگر نہ ملیں تو انہیں دھو لو اور ان میں کھا لو اور جب تم اپنی کمان سے شکار کرو اور اس پر اللہ کا نام لیا تو کھا لو اور جو تم نے اپنے سدھائے ہوئے کتے سے شکار کیا تو اسے اگر ذبح کر سکو تو کھاؤ اور اگر اپنے غیر سدھائے ہوئے کتے سے شکار کرو تو اس کی ذبح کو پاؤ تو کھا لو۔

(متفق علیہ)

۳۸۸۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَغَابَ عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ فَكُلْ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم تیر مارو اور وہ تم سے غائب ہو جائے تو کھا لو جب تک بدبو نہ چھوڑے۔ (مسلم)۔

۳۸۸۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الَّذِيْ يُدْرِكُ صَيْدَهٗ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَكُلْهُ مَا لَمْ يُنْتِنْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو اپنے شکار کو تین دن کے بعد پائے تو اسے کھا لو جب تک بدبو نہ آئے۔ (مسلم)

۳۸۹۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هُنَا اَقْوَامًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِشِرْكٍ يَاْتُوْنَنَا بِلُحْمَانٍ لَا نَدْرِيْ اَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اَمْ لَا قَالَ اذْكُرُوْا اَنْتُمْ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ لوگ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! یہاں کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے شرک کا زمانہ قریب ہے، وہ ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں، ہمیں نہیں معلوم کہ اس پر اللہ کا نام لیا ہے یا نہیں لیا؟ فرمایا کہ تم اللہ کا نام لے کر کھا لیا کرو۔

(بخاری)

۳۸۹۱ وَعَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِيٌّ هَلْ خَصَّكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا بِشَيْءٍ لَمْ يَعُمَّ بِهِ النَّاسَ اِلَّا مَا فِيْ قِرَابِ سَيْفِيْ هٰذَا فَاَخْرَجَ صَحِيْفَةً فِيْهَا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنْ غَيَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهٗ وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰوٰى مُحْدِثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو طفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی سے پوچھا گیا کہ کیا آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی چیز کے ساتھ خاص کیا ہے؟ فرمایا کہ ہمیں کسی چیز کے ساتھ خاص نہیں فرمایا جو لوگوں کو عام نہ دی ہو مگر جو میری اس تلوار کے میان میں ہے انہوں نے صحیفہ نکالا جس میں تھا کہ اللہ اس پر لعنت کرے جو غیر خدا کے لیے ذبح کرے اور اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے جو زمین کے نشان چرائے اور دوسری روایت میں ہے کہ جو زمین کے نشانات تبدیل کرے اور اپنے باپ پر لعنت کرے اور اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے جو دین میں نئی بات کرنے والے کو جگہ دے۔ (مسلم)

۳۸۹۲ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَاقُوا الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى اَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ لَيْسَ السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَاُحَدِّثُكَ عَنْهُ اَمَّا السِّنُّ
[illegible]

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم صبح دشمن سے ملنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھریاں نہیں ہیں تو کیا ہم بانس کی لکڑی سے ذبح کر لیں؟ فرمایا کہ جو خون بہا دے اور اللہ کا نام لیا ہو تو کھاؤ لیکن دانت یا ناخن نہ ہو۔ اس کے
[illegible]

www.alahazratnetwork.org



فَحَبَسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوْا بِهٖ هٰكَذَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک اونٹ بھاگ گیا۔ ایک آدمی نے اُسے تیر مار کر روک لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان اونٹوں میں سے بعض کی عادت وحشی جانوروں جیسی ہوتی ہے، جب اُن میں سے کوئی جانور تم پر غالب آجائے تو اُس کے ساتھ ایسا ہی کیا کرو۔ (متفق علیہ)۔

۳۸۹۳ (۹) وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ كَانَ لَهٗ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَاَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ لَّنَا بِشَاةٍ مِّنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا فَذَبَحَتْهَا بِهٖ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهٗ بِاَكْلِهَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُن کی بکریاں سلع کے مقام پر چر رہی تھیں۔ ہماری ایک لونڈی نے دیکھا کہ بکریوں میں سے ایک مر رہی ہے تو اُس نے ایک پتھر توڑ کر اُس کے ساتھ اسے ذبح کر دیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے اُس کو کھانے کا حکم فرمایا۔ (بخاری)

۳۸۹۴ (۱۰) وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَاِذَا ذَبَحْتُمْ فَاَحْسِنُوا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ اَحَدُكُمْ شَفْرَتَهٗ وَلْيُرِحْ ذَبِيْحَتَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پر احسان کرنا ضروری قرار دیا ہے لہٰذا جب کسی کو قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو اور جب کسی کو ذبح کرو تو اچھی طرح ذبح کرو اور تم اپنی چھری کو اچھی طرح تیز کر لیا کرو اور ذبیحہ کو آرام دیا کرو۔

(مسلم)

۳۸۹۵ (۱۱) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةٌ اَوْ غَيْرُهَا لِلْقَتْلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مویشی وغیرہ کو باندھ کر قتل کرنے سے منع فرمایا۔

(متفق علیہ)

۳۸۹۶ (۱۲) وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس پر لعنت فرمائی جو کسی ذی روح چیز کو نشانہ بنائے۔

(متفق علیہ)

۳۸۹۷ (۱۳) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی ذی روح چیز کو نشانہ نہ بنایا کرو۔

(مسلم)

۳۸۹۸ (۱۴) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ وَعَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منہ پر مارنے اور منہ پر داغ لگانے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

۳۸۹۹ (۱۵) وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک گدھے

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ حِمَارٌ وَقَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهٖ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِي وَسَمَهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کے پاس سے گزرے۔ جس کے چہرے پر داغ لگایا گیا تھا۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اُس پر لعنت کرے جس نے اسے داغ لگایا ہے۔ (مسلم)

۳۹۰۰ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ غَدَوْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى[16] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ لِيُحَنِّكَهٗ فَوَافَيْتُهٗ فِي يَدِهِ الْمِيْسَمُ يَسِمُ إِبِلَ الصَّدَقَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عبداللہ بن ابو طلحہ کو لے گیا تاکہ آپ اس کی تحنیک فرما دیں۔ میں نے دیکھا کہ آپ کے دستِ مبارک میں داغنے کا آلہ تھا اور زکوٰۃ کے اونٹوں کو داغتے تھے۔ (متفق علیہ)

۳۹۰۱ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى[17] النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مِرْبَدٍ فَرَأَيْتُهٗ يَسِمُ شَاءً حَسِبْتُهٗ قَالَ فِي آذَانِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہشام بن زید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ آپ باڑے میں تھے۔ پس میں نے دیکھا کہ بکریوں کو داغ رہے تھے میرے خیال میں فرمایا کہ اُن کے کانوں پر۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۹۰۲ وَعَنْ عَدِيِّ ابْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ[18] اللّٰهِ أَرَأَيْتَ أَحَدَنَا أَصَابَ صَيْدًا وَلَيْسَ مَعَهٗ سِكِّيْنٌ أَيَذْبَحُ بِالْمَرْوَةِ وَشِقَّةِ الْعَصَا فَقَالَ أَمْرِرِ الدَّمَ بِمَا شِئْتَ وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! اگر ہم میں سے کوئی شکار پائے اور اُس کے پاس چھری نہ ہو تو کیا پتھر اور لاٹھی کی پھانس سے ذبح کرے؟ فرمایا کہ جس چیز سے چاہو خون بہا دیا کرو اور اللہ کا نام لے لیا کرو۔ (ابوداؤد، نسائی)

۳۹۰۳ وَعَنْ أَبِي الْعُشَرَاءِ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ[19] اللّٰهِ أَمَا تَكُوْنُ الذَّكَاةُ إِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ فَقَالَ لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَءَ عَنْكَ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) وَقَالَ أَبُوْ دَاوُدَ هٰذَا ذَكَاةُ الْمُتَرَدِّيْ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا فِي الضَّرُوْرَةِ۔

ابوالعشراء سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ ماجد عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! کیا ذبح کرنا صرف حلق اور سینے میں ہی ہوتا ہے؟ فرمایا کہ اگر تم اُس کی ران میں نیزہ مارو تب بھی تمہارے لیے کافی ہے (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، دارمی) ابوداؤد نے کہا کہ یہ کنوئیں میں گرنے والے کا ذبح کرنا ہے۔ ترمذی نے کہا کہ یہ ضرورت کے وقت ہے۔

۳۹۰۴ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ[20] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ أَوْ بَازٍ ثُمَّ أَرْسَلْتَهٗ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا أَمْسَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَإِنْ قَتَلَ قَالَ إِذَا قَتَلَهٗ وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَإِنَّمَا أَمْسَكَهٗ عَلَيْكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کتے یا باز کو تم نے سدھایا ہو پھر اُسے شکار پر چھوڑو اور اللہ کا نام لے کر تو اُسے کھا لو جو تمہارے لیے روک لیا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر مار ڈالے؟ فرمایا کہ اگر مار ڈالے اور اُس میں سے ذرا بھی نہ کھایا تو اُس نے وہ تمہارے لیے روکا ہے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



٣٩٠٥ / ٢١ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرْمِي الصَّيْدَ فَأَجِدُ فِيْهِ مِنَ الْغَدِ سَهْمِيْ قَالَ إِذَا عَلِمْتَ أَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهٗ وَلَمْ تَرَ فِيْهِ أَثَرَ سَبُعٍ فَكُلْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں شکار کو تیر مارتا ہوں تو اگلے روز اُس میں اپنا تیر دیکھتا ہوں۔ فرمایا جب تم یہ جان لو کہ تمہارے ہی تیر سے مرا ہے اور اُس میں کسی درندے کا نشان نہ دیکھو تو کھالو۔ (ابوداؤد)

٣٩٠٦ / ٢٢ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِيْنَا عَنْ صَيْدِ كَلْبِ الْمَجُوْسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں مجوسی کے کُتّے کے ساتھ شکار کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ (ترمذی)

٣٩٠٧ / ٢٣ وَعَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا أَهْلُ سَفَرٍ نَمُرُّ بِالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسِ فَلَا نَجِدُ غَيْرَ آنِيَتِهِمْ قَالَ فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا بِالْمَاءِ ثُمَّ كُلُوْا فِيْهَا وَاشْرَبُوْا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم سفر کرنے والے ہیں، یہودیوں، نصاریٰ اور مجوسیوں کے پاس سے گزرتے ہیں اور ہمیں اُن کے برتنوں کے سوا نہیں ملتے۔ فرمایا کہ اگر تم اُن کے سوا دوسرے نہ پاؤ تو انہیں پانی سے دھولو اور پھر اُن میں کھا پی لو۔ (ترمذی)۔

٣٩٠٨ / ٢٤ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ هُلْبٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰى وَفِيْ رِوَايَةٍ سَأَلَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا أَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِيْ صَدْرِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

قبیصہ بن ہلب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نصاریٰ کے کھانوں کے متعلق پوچھا: دوسری روایت میں ہے کہ ایک آدمی نے پوچھا۔ فرمایا کہ کھانا تو ایسا بھی ہے جس سے میں بچتا ہوں۔ فرمایا کہ تمہارے دل میں ذرا بھی خلجان پیدا نہ ہو کہ تم میں نصرانیت آگئی ہے۔

(ترمذی۔ ابوداؤد)

٣٩٠٩ / ٢٥ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَهِيَ الَّتِيْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجثمہ کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔ مجثمہ وہ ہے جس کو باندھ کر تیر مارا جائے۔ (ترمذی)

٣٩١٠ / ٢٦ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ وَأَنْ تُوْطَأَ الْحَبَالٰى حَتّٰى يَضَعْنَ مَا فِيْ بُطُوْنِهِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى سُئِلَ أَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ أَنْ يُّنْصَبَ الطَّيْرُ أَوِ الشَّيْءُ فَيُرْمٰى وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِيْسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ أَوِ السَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ فَيَأْخُذُ مِنْهُ فَيَمُوْتُ فِيْ يَدِهٖ قَبْلَ أَنْ يُّذَكِّيَهَا۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز منع فرمایا کیلوں والے ہر درندے سے اور پنجوں سے شکار کرنے والے ہر پرندے سے یہاں تک کہ وہ جن لیں جو اُن کے پیٹوں میں ہیں۔ محمد بن یحییٰ کا بیان ہے کہ ابو عاصم سے مجثمہ کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: کسی پرندے وغیرہ کو باندھ کر تیر وغیرہ سے مارا جائے اور خلیسہ کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ بھیڑیا یا کوئی درندہ اُسے پائے اور کوئی شخص اُس سے چھڑا لے لیکن اُس کے ہاتھوں میں وہ ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

(ترمذی)

۳۹۱۱
۲۷
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ شَرِيْطَةِ الشَّيْطٰنِ زَادَ ابْنُ عِيْسٰى هِيَ الذَّبِيْحَةُ يُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرٰى الْاَوْدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتّٰى تَمُوْتَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شریطۂ شیطان سے منع فرمایا ہے۔ ابن عیسیٰ نے یہ بھی کہا کہ یہ وہ ذبیحہ ہے کہ کھال کاٹ دی جائے اور رگیں نہ کاٹی جائیں۔ پھر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔ (ابوداؤد)

۳۹۱۲
۲۸
وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكٰوةُ الْجَنِيْنِ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ الدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پیٹ کے بچے کا ذبح کرنا وہی اس کی ماں کا ذبح کرنا ہے۔ (ابوداؤد، دارمی) اور ترمذی نے ہے حضرت ابوسعید سے روایت کیا ہے

۳۹۱۳
۲۹
وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَنْحَرُ النَّاقَةَ وَنَذْبَحُ الْبَقَرَةَ وَالشَّاةَ فَنَجِدُ فِيْ بَطْنِهَا الْجَنِيْنَ اَنُلْقِيْهِ اَمْ نَاْكُلُهٗ قَالَ كُلُوْهُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَكٰوتَهٗ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہم اونٹنی کو نحر کریں اور گائے بکری کو ذبح کریں تو اس کے پیٹ سے بچہ پائیں، کیا اسے پھینک دیں یا کھالیں؟ فرمایا کہ اگر چاہو تو کھالو کیونکہ اس کی ماں کا ذبح کرنا ہی اس کا ذبح کرنا ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۳۹۱۴
۳۰
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا سَاَلَهُ اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهٖ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ اَنْ يَّذْبَحَهَا فَيَاْكُلَهَا وَلَا يَقْطَعَ رَاْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے چڑیا یا کسی دوسرے جانور کو ناحق قتل کیا تو اللہ تعالیٰ اس کو قتل کرنے کے متعلق اس سے پوچھے گا۔ عرض کی گئی کہ یا رسول! اس کا حق کیا ہے؟ فرمایا کہ ذبح کرکے اس کو کھائے اور اس کے سر کو کاٹ کر پھینک نہ دے۔ (احمد، نسائی، دارمی)۔

۳۹۱۵
۳۱
وَعَنْ اَبِيْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يَجُبُّوْنَ اَسْنِمَةَ الْاِبِلِ وَيَقْطَعُوْنَ اَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ مَا يُقْطَعُ مِنَ الْبَهِيْمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ لَّا تُؤْكَلُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو لوگ اونٹ کے کوہان اور دنبوں کی چکیاں کاٹ لینا پسند کرتے تھے۔ فرمایا کہ زندہ جانور سے جو حصہ کاٹ لیا جائے وہ مردار ہے، اسے نہ کھایا جائے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۹۱۶
۳۲
عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ بَنِيْ حَارِثَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَرْعٰى لِقْحَةً بِشِعْبٍ مِّنْ شِعَابِ

عطاء بن یسار نے بنی حارثہ کے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ وہ احد کی ایک گھاٹی میں اونٹنی چرا رہا تھا تو اس پر موت دیکھی لیکن

www.alahazratnetwork.org



أُحُدٍ فَرَأَى بِهَا الْمَوْتَ فَلَمْ يَجِدْ مَا يَنْحَرُهَا بِهٖ فَأَخَذَ وَتَدًا فَوَجَأَ بِهٖ فِيْ لَبَّتِهَا حَتّٰى أَهْرَاقَ دَمَهَا ثُمَّ أَخْبَرَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهٗ بِأَكْلِهَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَمَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَتِهٖ قَالَ فَذَكَّاهَا بِشِظَاظٍ)

کوئی چیز نہ ملی جس سے نحر کرے۔ پس ایک کیل لی اور اس کے گلے میں چبھو دی یہاں تک کہ اس کا خون بہہ گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی تو آپ نے اس کو کھا لینے کا حکم فرمایا۔ (ابو داؤد) اور مالک کی ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: پس اُسے تیز دھار والی لکڑی سے ذبح کیا۔

۳۹۱۷ / ۳۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْبَحْرِ إِلَّا وَقَدْ ذَكَّاهَا اللهُ لِبَنِيْ آدَمَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر میں کوئی جانور نہیں مگر اُس کو اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کے لیے ذبح فرما دیا ہے۔ (دارقطنی)

# بَابُ ذِكْرِ الْكَلْبِ — کتے کا بیان

## پہلی فصل

۳۹۱۸ / ۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ ضَارٍ نُقِصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کتا پالے سوائے مویشیوں اور شکار کے تو اس کے ثواب سے روزانہ دو قیراط گھٹا دیے جائیں گے۔ (متفق علیہ)

۳۹۱۹ / ۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا إِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ صَيْدٍ أَوْ زَرْعٍ انْتَقَصَ مِنْ أَجْرِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مویشیوں کی حفاظت، شکار اور کھیتی باڑی کے علاوہ کتا رکھا تو اس کے ثواب سے روزانہ ایک قیراط گھٹا دیا جائے گا۔ (متفق علیہ)

۳۹۲۰ / ۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى إِنَّ الْمَرْأَةَ تَقْدَمُ مِنَ الْبَادِيَةِ بِكَلْبِهَا فَنَقْتُلُهٗ ثُمَّ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا وَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ الْبَهِيْمِ ذِي النُّقْطَتَيْنِ فَإِنَّهٗ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کتوں کو مارنے کا حکم فرمایا، یہاں تک کہ ایک عورت جنگل سے اپنا کتا لاتی تو ہم اس کو بھی مار دیتے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو مارنے سے منع فرمایا اور حکم دیا کہ دو نقطوں والے خالص سیاہ کتے کو مارا کرو کیونکہ وہ شیطان ہے۔ (مسلم)

۳۹۲۱ / ۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ كَلْبَ غَنَمٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم فرمایا سوائے شکاری کتے، ریوڑ

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۳۹۲۲ ۵ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنَّ الْکِلَابَ اُمَّۃٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِہَا کُلِّہَا فَاقْتُلُوْا مِنْہَا کُلَّ اَسْوَدَ بَہِیْمٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالدَّارِمِیُّ وَزَادَ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَمَا مِنْ اَہْلِ بَیْتٍ یَّرْتَبِطُوْنَ کَلْبًا اِلَّا نُقِصَ مِنْ عَمَلِہِمْ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ اِلَّا کَلْبَ صَیْدٍ اَوْ کَلْبَ حَرْثٍ اَوْ کَلْبَ غَنَمٍ۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ نہ ہوتا کہ کتے بھی امتوں میں سے ایک امت ہیں تو میں ان سب کو مارنے کا حکم دیتا۔ لہٰذا تم ہر بالکل سیاہ کتے کو مار دیا کرو (ابوداؤد، دارمی) نیز ترمذی اور نسائی میں یہ بھی ہے نہیں ہیں کسی گھر والے جو کتا باندھیں مگر ان کے اعمال سے روزانہ ایک قیراط گھٹا دیے جائیں گے، ماسوائے شکاری کتے، کھیتی والے کتے اور بکریوں والے کتے کے۔

۳۹۲۳ ۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِیْشِ بَیْنَ الْبَہَائِمِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مویشیوں کو آپس میں لڑانے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)۔

# بَابُ مَا یَحِلُّ اَکْلُہٗ وَمَا یَحْرُمُ

## کن چیزوں کا کھانا حلال ہے اور کن کا حرام؟

## پہلی فصل

۳۹۲۴ ۱ عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ فَاَکْلُہٗ حَرَامٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دانتوں سے چیر کر کھانے والا ہر درندہ اس کا کھانا حرام ہے۔ (مسلم)

۳۹۲۵ ۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ کُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَکُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّیْرِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دانتوں سے چیر کر کھانے والے ہر درندے اور پنجوں سے شکار کرنے والے ہر پرندے سے منع فرمایا ہے۔ (مسلم)

۳۹۲۶ ۳ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَۃَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَہْلِیَّۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں کا گوشت حرام فرمایا ہے۔ (متفق علیہ)۔

۳۹۲۷ ۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَاَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا اور گھوڑوں کے گوشت کی اجازت دی۔ (متفق علیہ)

۳۹۲۸ [۵] وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ رَاٰى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَعَقَرَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهٖ شَيْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُهٗ فَاَخَذَهَا فَاَكَلَهَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے ایک گورخر دیکھا تو اُس کا شکار کر لیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تمہارے پاس اُس کے گوشت میں سے کچھ ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہمارے پاس اُس کی ران ہے۔ پس آپ نے لے لی اور اُسے کھا لیا (متفق علیہ)

۳۹۲۹ [۶] وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَنْفَجْنَا اَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَيْتُ بِهَا اَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا وَبَعَثَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا وَفَخِذَيْهَا فَقَبِلَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مرّ الظہران کے مقام پر ہم نے ایک خرگوش کو جگایا۔ پس میں نے اُس کو پکڑ لیا اور حضرت ابو طلحہ کے پاس لے آیا۔ انھوں نے ذبح کیا اور اُس کے سرین اور دونوں رانیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بھیجیں تو آپ نے قبول فرمالیں (متفق علیہ)

۳۹۳۰ [۷] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضَّبُّ لَسْتُ اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گوہ کو نہ میں کھاتا ہوں اور نہ حرام قرار دیتا ہوں۔ (متفق علیہ)

۳۹۳۱ [۸] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ وَهِيَ خَالَتُهٗ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوْذًا فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ خَالِدٌ اَحَرَامٌ الضَّبُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَّمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِيْ فَاَجِدُنِيْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهٗ فَاَكَلْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس کو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت میمونہ کے پاس گئے جو اُن کی خالہ اور حضرت ابن عباس کی خالہ تھیں۔ اُن کے پاس بھنی ہوئی گوہ تھی جو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے پیش کی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ سے ہاتھ اُٹھا لیا۔ حضرت خالد عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا گوہ حرام ہے؟ فرمایا نہیں لیکن میری قوم کی زمین میں نہیں ہوتی اس لیے مجھے اس سے گھن آتی ہے۔ حضرت خالد کا بیان ہے کہ میں نے اُسے کھینچ لیا اور اُسے کھایا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری جانب دیکھ رہے تھے۔ (متفق علیہ)

۳۹۳۲ [۹] وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرغ کا گوشت کھاتے دیکھا۔ (متفق علیہ)

۳۹۳۳ [۱۰] وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ كُنَّا نَاْكُلُ مَعَهُ الْجَرَادَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایسے سات غزوات کیے جن میں ہم آپ کے ساتھ ٹڈی کھاتے رہے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۳۹۳۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ جَيْشَ الْخَبَطِ وَ
۱۱
أُمِّرَ أَبُو عُبَيْدَةَ فَجُعْنَا جُوعًا شَدِيدًا فَأَلْقَى الْبَحْرُ
حُوتًا مَيِّتًا لَمْ نَرَ مِثْلَهُ يُقَالُ لَهُ الْعَنْبَرُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ
نِصْفَ شَهْرٍ فَأَخَذَ أَبُو عُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ
فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَكَرْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوا رِزْقًا أَخْرَجَهُ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ
وَأَطْعِمُونَا إِنْ كَانَ مَعَكُمْ قَالَ فَأَرْسَلْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے جیشِ خبط کے ساتھ جہاد کیا اور ہم پر حضرت ابو عُبیدہ کو امیر بنایا گیا۔ ہمیں سخت بھوک لگی تو سمندر نے ایک مردہ مچھلی ڈال دی کہ اُس جیسی ہم نے دیکھی نہ تھی اُسے عنبر کہا جاتا تھا۔ ہم اُس میں سے نصف مہینہ کھاتے رہے۔ حضرت ابو عُبیدہ نے اُس کی ایک ہڈی لی تو ایک سوار اُس کے نیچے سے نکل گیا۔ جب ہم واپس لوٹے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا۔ فرمایا کہ وہ رزق کھاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف نکالا اور اگر تمہارے پاس ہے تو ہمیں بھی کھلاؤ۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اُس میں سے بھیجا تو آپ نے اُسے کھایا (متفق علیہ)

۳۹۳۵ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
۱۲
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي إِنَاءِ أَحَدِكُمْ
فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ ثُمَّ لِيَطْرَحْهُ فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ
شِفَاءً وَفِي الْآخَرِ دَاءً۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مکھی تم میں سے کسی کے برتن میں گر جائے تو اُس ساری کو ڈبو دو۔ پھر اُسے پھینک دو کیونکہ اُس کے ایک پر میں شفا اور دوسرے میں بیماری ہے۔

(بخاری)

۳۹۳۶ وَعَنْ مَيْمُونَةَ أَنَّ فَأْرَةً وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ
۱۳
فَمَاتَتْ فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا
فَقَالَ أَلْقُوهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوهُ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ چوہا گھی میں گر کر مر گیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اُس کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا۔ اُس کے ارد گرد کے گھی کو پھینک دو اور باقی کو کھا لو۔ (بخاری)

۳۹۳۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
۱۴
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَاقْتُلُوا ذَا
الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ فَإِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَ
يَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَبَيْنَا أَنَا أُطَارِدُ حَيَّةً
أَقْتُلُهَا نَادَانِي أَبُو لُبَابَةَ لَا تَقْتُلْهَا فَقُلْتُ إِنَّ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ فَقَالَ
إِنَّهُ نَهَى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوتِ وَهُنَّ الْعَوَامِرُ
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ سانپوں کو مار دیا کرو اور دو لکیروں والے اور دم کٹے سانپ کو بھی مار دیا کرو کیونکہ یہ دونوں بینائی کو ختم کرتے اور حمل کو گرا دیتے ہیں۔ حضرت عبداللہ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ سانپ کو مارنے کے لیے میں حملہ کر رہا تھا کہ حضرت ابو لبابہ نے آواز دی۔ اسے نہ مارو۔ میں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سانپوں کو مارنے کا حکم فرمایا ہے۔ فرمایا کہ اس کے بعد آپ نے گھروں میں رہنے والے سانپوں سے منع فرمایا اور وہ عوامر ہیں (متفق علیہ)

۳۹۳۸ وَعَنْ أَبِي السَّائِبِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى أَبِي
۱۵
سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ فَبَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ إِذْ سَمِعْنَا تَحْتَ

ابو سائب کا بیان ہے کہ ہم حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے [illegible]

لِأَقْتُلَهَا وَأَبُو سَعِيدٍ يُصَلِّي فَأَشَارَ إِلَيَّ أَنْ اجْلِسْ فَجَلَسْتُ فَلَمَّا انْصَرَفَ أَشَارَ إِلَى بَيْتٍ فِي الدَّارِ فَقَالَ أَتَرَى هٰذَا الْبَيْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ كَانَ فِيهِ فَتًى مِنَّا حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْخَنْدَقِ فَكَانَ ذٰلِكَ الْفَتَى يَسْتَأْذِنُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنْصَافِ النَّهَارِ فَيَرْجِعُ إِلَى أَهْلِهِ فَاسْتَأْذَنَهُ يَوْمًا فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ عَلَيْكَ سِلَاحَكَ فَإِنِّي أَخْشَى عَلَيْكَ قُرَيْظَةَ فَأَخَذَ الرَّجُلُ سِلَاحَهُ ثُمَّ رَجَعَ فَإِذَا امْرَأَتُهُ بَيْنَ الْبَابَيْنِ قَائِمَةٌ فَأَهْوَى إِلَيْهَا بِالرُّمْحِ لِيَطْعُنَهَا بِهِ وَأَصَابَتْهُ غَيْرَةٌ فَقَالَتْ لَهُ اكْفُفْ عَلَيْكَ رُمْحَكَ وَادْخُلِ الْبَيْتَ حَتَّى تَنْظُرَ مَا الَّذِي أَخْرَجَنِي فَدَخَلَ فَإِذَا بِحَيَّةٍ عَظِيمَةٍ مُنْطَوِيَةٍ عَلَى الْفِرَاشِ فَأَهْوَى إِلَيْهَا بِالرُّمْحِ فَانْتَظَمَهَا بِهِ ثُمَّ خَرَجَ فَرَكَزَهُ فِي الدَّارِ فَاضْطَرَبَتْ عَلَيْهِ فَمَا يُدْرَى أَيُّهُمَا كَانَ أَسْرَعَ مَوْتًا الْحَيَّةُ أَمِ الْفَتَى قَالَ فَجِئْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ وَقُلْنَا ادْعُ اللّٰهَ يُحْيِيهِ لَنَا فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِصَاحِبِكُمْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ لِهٰذِهِ الْبُيُوتِ عَوَامِرَ فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَحَرِّجُوا عَلَيْهَا ثَلَاثًا فَإِنْ ذَهَبَ وَإِلَّا فَاقْتُلُوهُ فَإِنَّهُ كَافِرٌ وَقَالَ لَهُمُ اذْهَبُوا فَادْفِنُوا صَاحِبَكُمْ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ إِنَّ بِالْمَدِينَةِ جِنًّا قَدْ أَسْلَمُوا فَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَآذِنُوهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوهُ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۳۹۳۹/۱۶ وَعَنْ أُمِّ شَرِيكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَقَالَ كَانَ يَنْفُخُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۳۹۴۰/۱۷ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

کے لیے لپکا اور حضرت ابوسعید نماز پڑھ رہے تھے تو میری طرف بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ پس میں بیٹھ گیا۔ جب فارغ ہوئے تو گھر کی ایک کوٹھری کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: کیا اس گھر کو دیکھتے ہو؟ میں عرض گزار ہوا: ہاں۔ فرمایا کہ اس کے اندر ہم میں سے ایک نوجوان تھا جس کی نئی شادی ہوئی تھی۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خندق کی طرف نکلا۔ وہ نوجوان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت لے کر دوپہر کے وقت اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ آتا۔ ایک روز اس نے اجازت مانگی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اوپر ہتھیار سجا لو کیونکہ تمہارے متعلق مجھے قریظہ کا ڈر ہے۔ اس نے ہتھیار لے لیے اور لوٹ آیا تو اس کی بیوی دروازے کے درمیان میں کھڑی تھی۔ پس یہ نیزہ لے کر اسے مارنے کے لیے آگے بڑھے کیونکہ اسے غیرت آئی۔ عورت نے کہا کہ اپنا نیزہ روک لیجیے اور گھر میں داخل ہو کر دیکھیے کہ مجھے کس چیز نے باہر نکالا ہے۔ وہ داخل ہوا تو ایک بہت بڑا سانپ بستر پر کنڈلی مارے ہوئے تھا۔ نوجوان نے نیزے سے اس پر حملہ کیا اور اسے نیزے میں پرو لیا۔ پھر نکلا اور اسے گھر میں چبھو دیا۔ پس وہ اس پر تڑپا۔ نہیں معلوم کہ دونوں میں سے پہلے کون مرا، سانپ یا نوجوان۔ راوی کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس بات کا آپ سے ذکر کیا اور عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ اسے ہمارے لیے زندہ فرما دے۔ فرمایا کہ اپنے ساتھی کی بخشش کے لیے دعا کرو۔ پھر فرمایا کہ ان گھروں میں جنات رہتے ہیں، جب تم انہیں ایسی شکل میں دیکھو تو تین دن ان پر تنگی کرو، اگر چلا جائے تو فبہا ورنہ اسے قتل کردو کیونکہ وہ کافر ہے اور ان حضرات سے فرمایا کہ جاؤ اپنے ساتھی کو دفن کرو اور دوسری روایت میں فرمایا: بیشک مدینہ منورہ میں کچھ جن ہیں جو مسلمان ہو گئے ہیں۔ جب تم ان میں سے کسی کو دیکھو تو تین دن اسے خبردار کرو، اگر اس کے بعد بھی تمہیں نظر آئے تو اسے قتل کردو کیونکہ وہ شیطان ہے۔ (مسلم)

حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا ہے اور فرمایا کہ وہ حضرت ابراہیم پر پھونکیں مارتا تھا۔ (متفق علیہ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَسَمَّاهُ فُوَيْسِقًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گرگٹ کو مارنے کا حکم فرمایا اور اُس کا نام چھوٹا فاسق رکھا ہے۔ (مسلم)

٣٩٤١ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[18] قَالَ مَنْ قَتَلَ وَزَغًا فِي أَوَّلِ ضَرْبَةٍ كُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَفِي الثَّانِيَةِ دُوْنَ ذَالِكَ وَفِي الثَّالِثَةِ دُوْنَ ذَالِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پہلی ضرب میں گرگٹ کو مار دیا اُس کے لیے سو نیکیاں ہیں اور دوسری میں اس سے کم اور تیسری میں اس سے کم۔ (مسلم)

٣٩٤٢ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[19] قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِّنَ الْأَنْبِيَاءِ فَأَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَأُحْرِقَتْ فَأَوْحَى اللّٰهُ تَعَالَى إِلَيْهِ أَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ أَحْرَقْتَ أُمَّةً مِّنَ الْأُمَمِ تُسَبِّحُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک چیونٹی نے کسی نبی کو کاٹا تو اُنھوں نے چیونٹیوں کی بستی کو جلا دینے کا حکم فرمایا۔ پس وہ جلا دی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی طرف وحی فرمائی کہ تمہیں ایک چیونٹی نے کاٹا تھا لیکن تم نے تسبیح بیان کرنے والی ایک پوری اُمّت کو جلا دیا۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

٣٩٤٣ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[20] إِذَا وَقَعَتِ الْفَارَةُ فِي السَّمْنِ فَإِنْ كَانَ جَامِدًا فَأَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَإِنْ كَانَ مَائِعًا فَلَا تَقْرَبُوْهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب چوہا گھی میں گر جائے اور وہ جما ہوا ہو تو اُس کے ارد گرد کے گھی کو پھینک دو اور اگر وہ بہنے والا ہے تو اُس کے نزدیک نہ جاؤ (احمد، ابوداؤد) اور دارمی نے اسے حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے۔

٣٩٤٤ وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ أَكَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[21] لَحْمَ حُبَارَى۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ بٹیر کا گوشت کھایا۔ (ابوداؤد)

٣٩٤٥ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[22] عَنْ أَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوٗدَ قَالَ نَهَى عَنْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضلہ خور جانور کو کھانے اور اُس کے دودھ سے منع فرمایا ہے (ترمذی) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں فرمایا کہ جلالہ پر سواری کرنے سے منع فرمایا۔

٣٩٤٦ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[23] نَهَى عَنْ أَكْلِ لَحْمِ الضَّبِّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ترمذی)

www.alahazratnetwork.org



نَهٰى عَنْ اَكْلِ الْهِرَّةِ وَاَكْلِ ثَمَنِهَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے بلی کو کھانے سے منع فرمایا اور اُس کی قیمت کھانے سے بھی (ابوداؤد، ترمذی)۔

٣٩٤٨ وَعَنْهُ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [25] يَعْنِيْ يَوْمَ خَيْبَرَ الْحُمُرَ الْاِنْسِيَّةَ وَلُحُوْمَ الْبِغَالِ وَكُلَّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَكُلَّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز پالتو گدھوں کا گوشت اور دانتوں سے پھاڑنے والا ہر درندہ اور پنجوں سے شکار کرنے والا ہر پرندہ حرام فرمایا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٣٩٤٩ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [26] نَهٰى عَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھوڑے، خچر اور گدھے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد، نسائی)

٣٩٥٠ وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [27] يَوْمَ خَيْبَرَ فَاَتَتِ الْيَهُوْدُ فَشَكَوْا اَنَّ النَّاسَ قَدْ اَسْرَعُوْا اِلٰى حَظَائِرِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا لَا يَحِلُّ اَمْوَالُ الْمُعَاهِدِيْنَ اِلَّا بِحَقِّهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں غزوۂ خیبر کیا تو یہودی آئے اور انھوں نے شکایت کی کہ لوگوں نے اُن کی سبز کھجوروں میں جلدی کی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آگاہ رہو کہ معاہدہ کا مال حلال نہیں ہے مگر حق کے ساتھ۔ (ابوداؤد)

٣٩٥١ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [28] اُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ الْمَيْتَتَانِ الْحُوْتُ وَالْجَرَادُ وَالدَّمَانِ الْكَبِدُ وَالطِّحَالُ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہمارے لیے دو مُردے اور دو خون حلال فرما دیے گئے ہیں۔ مُردے مچھلی اور ٹڈی ہیں جبکہ دو خون جگر اور تلی ہیں۔ (احمد، ابن ماجہ، دارقطنی)

٣٩٥٢ وَعَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [29] مَا اَلْقَاهُ الْبَحْرُ اَوْ جَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ فَكُلُوْهُ وَمَا مَاتَ فِيْهِ وَطَفَا فَلَا تَاْكُلُوْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ) وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ الْاَكْثَرُوْنَ عَلٰى اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰى جَابِرٍ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس کو سمندر پھینک دے یا پانی اُس سے دور ہو جائے اُسے کھاؤ اور جو اُس میں مر کر تیرنے لگے اُسے نہ کھاؤ (ابوداؤد، ابن ماجہ) امام محی السنہ نے فرمایا کہ اکثر محدثین کے نزدیک یہ حضرت جابر پر موقوف ہے۔

٣٩٥٣ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [30] عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ اَكْثَرُ جُنُوْدِ اللّٰهِ لَا اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ ضَعِيْفٌ۔

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ٹڈی کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا، اللہ تعالیٰ کے اکثر لشکر ایسے ہیں جن کو نہ میں کھاتا اور نہ انھیں حرام قرار دیتا ہوں (ابوداؤد) محی السنہ نے فرمایا کہ یہ روایت ضعیف ہے۔

٣٩٥٤ [illegible]

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



لِلصَّلٰوۃِ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

لیے اذان کہتا ہے۔ (شرح السنہ)

۳۹۵۵ [32] وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الدِّیْکَ فَاِنَّہٗ یُوْقِظُ لِلصَّلٰوۃِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مرغ کو گالی نہ دو کیونکہ وہ نماز کے لیے جگاتا ہے۔ (ابوداؤد)

۳۹۵۶ [33] وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ قَالَ اَبُوْ لَیْلٰی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ظَھَرَتِ الْحَیَّۃُ فِی الْمَسْکَنِ فَقُوْلُوْا لَھَا اِنَّا نَسْئَلُکِ بِعَھْدِ نُوْحٍ وَّبِعَھْدِ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاؤدَ اَنْ لَّا تُؤْذِیْنَا فَاِنْ عَادَتْ فَاقْتُلُوْھَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ نے حضرت ابو لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب گھر میں سانپ نمودار ہو تو اُس سے کہو کہ ہم تم سے حضرت نوح اور حضرت سلیمان بن داؤد کے عہد کا سوال کرتے ہیں کہ ہمیں تکلیف نہ دو۔ اگر پھر بھی نظر آئے تو اُسے مار دو۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۳۹۵۷ [34] وَعَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا رَفَعَ الْحَدِیْثَ اَنَّہٗ کَانَ یَاْمُرُ بِقَتْلِ الْحَیَّاتِ وَقَالَ مَنْ تَرَکَھُنَّ خَشْیَۃَ ثَائِرٍ فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میرے علم کے مطابق یہ حدیث مرفوع ہے کہ آپ سانپوں کے قتل کر دینے کے متعلق فرمایا کرتے اور فرمایا کہ جو انھیں حملہ کرنے کے ڈر سے چھوڑ دے وہ ہم میں سے نہیں۔ (شرح السنہ)

۳۹۵۸ [35] وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا سَالَمْنَاھُمْ مُنْذُ حَارَبْنَاھُمْ وَمَنْ تَرَکَ شَیْئًا مِّنْھُمْ خِیْفَۃً فَلَیْسَ مِنَّا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے اُن سے صلح نہیں کی جب سے ہماری اُن کے ساتھ لڑائی ہوئی ہے اور جو انھیں ڈرتے ہوئے چھوڑ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۳۹۵۹ [36] وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوا الْحَیَّاتِ کُلَّھُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَارَھُنَّ فَلَیْسَ مِنِّیْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر قسم کے سانپ کو مار دیا کرو۔ جو اُن کے بدلہ لینے سے ڈرے وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد، نسائی)

۳۹۶۰ [37] وَعَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا نُرِیْدُ اَنْ نَّکْنُسَ زَمْزَمَ فَاِنَّ فِیْھَا مِنْ ھٰذِہِ الْجِنَّانِ یَعْنِی الْحَیَّاتِ الصِّغَارَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِھِنَّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہم چاہِ زمزم کو صاف کرنا چاہتے ہیں اور اُس میں یہ چھوٹے سانپ بہت ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کو مار دینے کا حکم دیا۔ (ابوداؤد)

۳۹۶۱ [38] وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْتُلُوا الْحَیَّاتِ کُلَّھَا اِلَّا الْجَانَّ الْاَبْیَضَ الَّذِیْ کَاَنَّہٗ قَضِیْبُ فِضَّۃٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر قسم کے سانپ کو مار دیا کرو سوائے سفید سانپ کے جو چاندی کی چھڑی جیسا ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۳۹۶۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى [۳۹] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَامْقُلُوهُ فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْآخَرِ شِفَاءً فَإِنَّهُ يَتَّقِي بِجَنَاحِهِ الَّذِي فِيهِ الدَّاءُ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اُسے غوطہ دے لو کیونکہ اُس کے ایک پَر میں بیماری اور دوسرے میں شفا ہے۔ وہ اپنے اُس پَر کو ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے لہٰذا پوری کو ڈبو دو۔ (ابوداؤد)

۳۹۶۳ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ [۴۰] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِي الطَّعَامِ فَامْقُلُوهُ فَإِنَّ فِي أَحَدِ جَنَاحَيْهِ سُمًّا وَفِي الْآخَرِ شِفَاءً وَإِنَّهُ يُقَدِّمُ السُّمَّ وَيُؤَخِّرُ الشِّفَاءَ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کھانے میں مکھی گر جائے تو اُسے غوطہ دے لو کیونکہ اُس کے ایک پَر میں زہر اور دوسرے میں شفا ہے۔ وہ زہر کو آگے اور شفا کو پیچھے رکھتی ہے۔

(شرح السنہ)

۳۹۶۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى [۴۱] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ أَرْبَعٍ مِّنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چار جانوروں یعنی چیونٹی، شہد کی مکھی، ہُدہُد اور ممولے کو مارنے سے منع فرمایا ہے۔

(ابوداؤد)

## تیسری فصل

۳۹۶۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ [۴۲] يَأْكُلُونَ أَشْيَاءَ وَيَتْرُكُونَ أَشْيَاءَ تَقَذُّرًا فَبَعَثَ اللّٰهُ نَبِيَّهٗ وَأَنْزَلَ كِتَابَهٗ وَأَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ فَمَا أَحَلَّ فَهُوَ حَلَالٌ وَمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَفْوٌ وَتَلَا قُلْ لَّا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَطْعَمُهٗ إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا الْآيَةَ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جاہلیت والے بعض چیزوں کو کھاتے اور بعض کو نفرت کرتے ہوئے چھوڑ دیتے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو مبعوث فرمایا، اپنی کتاب کو نازل کیا، اُس کے حلال کو حلال کر دیا اور اُس کے حرام کو حرام ٹھہرایا۔ پس حلال وہ ہے جس کو اُس نے حلال فرمایا اور حرام وہ ہے جس کو اُس نے حرام قرار دیا اور جس سے سکوت فرمایا وہ معاف ہے اور یہ آیت پڑھی: تم فرماؤ کہ میری طرف جو وحی کی جاتی ہے میں اُس میں حرام نہیں پاتا جس کو کوئی کھانے والا کھائے مگر جبکہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون۔ (۶: ۱۴۵، ابوداؤد)

۳۹۶۶ وَعَنْ زَاهِرٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ إِنِّي لَأُوقِدُ [۴۳] تَحْتَ الْقُدُورِ بِلُحُومِ الْحُمُرِ إِذْ نَادٰى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَاكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زاہر اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں گدھوں کے گوشت کی ہانڈیوں کے نیچے آگ جلا رہا تھا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہیں گدھوں کے گوشت سے منع فرماتے ہیں۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۳۹۶۷ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَۃَ الْخُشَنِیِّ یَرْفَعُہٗ اَلْجِنُّ ثَلٰثَۃُ اَصْنَافٍ صِنْفٌ لَّھُمْ اَجْنِحَۃٌ یَطِیْرُوْنَ فِی الْھَوَاءِ وَصِنْفٌ حَیَّاتٌ وَّکِلَابٌ وَّصِنْفٌ یَحِلُّوْنَ وَیَظْعَنُوْنَ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جنات تین قسم کے ہیں۔ ایک قسم وہ ہے جن کے پر ہوتے ہیں اور وہ ہوا میں اڑتے ہیں۔ دوسری قسم سانپوں اور کتوں کی شکل میں ہوتی ہے اور تیسری قسم کے قیام کرتے اور سفر بھی کرتے ہیں۔ (شرح السنہ)

# بَابُ الْعَقِیْقَۃِ

# عقیقے کا بیان

## پہلی فصل

۳۹۶۸ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرِ الضَّبِّیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَعَ الْغُلَامِ عَقِیْقَۃٌ فَاَھْرِیْقُوْا عَنْہُ دَمًا وَّاَمِیْطُوْا عَنْہُ الْاَذٰی۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سلمان بن ضبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے۔ پس اُس کی طرف سے خون بہاؤ اور اُس کی تکلیف کو دور کرو۔ (بخاری)

۳۹۶۹ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُؤْتٰی بِالصِّبْیَانِ فَیُبَرِّکُ عَلَیْھِمْ وَیُحَنِّکُھُمْ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بچے لائے جاتے تو آپ اُن کے لیے دعائے برکت فرماتے اور اُن کی تحنیک کیا کرتے۔ (مسلم)

۳۹۷۰ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّھَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الزُّبَیْرِ بِمَکَّۃَ قَالَتْ فَوَلَدْتُ بِقُبَاءٍ ثُمَّ اَتَیْتُ بِہٖ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُہٗ فِیْ حَجْرِہٖ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَۃٍ فَمَضَغَھَا ثُمَّ تَفَلَ فِیْ فِیْہِ ثُمَّ حَنَّکَہٗ ثُمَّ دَعَا لَہٗ وَبَرَّکَ عَلَیْہِ وَکَانَ اَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُّلِدَ فِی الْاِسْلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مکہ مکرمہ کے اندر حضرت عبد اللہ بن زبیر اُن کے پیٹ میں تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے قباء میں اُسے جنا پھر اُسے لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اُسے آپ کی گود میں رکھ دیا۔ آپ نے کھجور منگائی اور چبا کر اُس کے منہ میں رکھ دی۔ پھر اُس کے منہ میں لعاب دہن ڈالا اور تحنیک فرمائی پھر ان کے لیے دعائے برکت فرمائی اور وہ پہلا بچہ تھا جو دورِ اسلام میں پیدا ہوا۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۳۹۷۱ عَنْ اُمِّ کُرْزٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَقِرُّوا الطَّیْرَ عَلٰی مَکِنَاتِھَا قَالَتْ وَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ وَعَنِ الْجَارِیَۃِ شَاۃٌ وَّلَا یَضُرُّکُمْ ذُکْرَانًا کُنَّ اَوْ اِنَاثًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ مِنْ قَوْلِہٖ

حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: پرندوں کو اُن کے گھونسلوں میں رہنے دیا کرو۔ اُن کا بیان ہے کہ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری اور یہ چیز تمہیں تکلیف نہیں دیتی کہ خواہ وہ نر ہو یا مادہ (ابوداؤد، ترمذی اور

www.alahazratnetwork.org



يَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ اِلٰى اٰخِرِهٖ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

نسائی میں ارشادِ گرامی یَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ سے آخر تک ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۳۹۷۲ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيْقَتِهٖ[5] تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَيُسَمّٰى وَيُحْلَقُ رَاْسُهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ لٰكِنْ فِيْ رِوَايَتِهِمَا رَهِيْنَةٌ بَدَلَ مُرْتَهَنٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِاَحْمَدَ وَاَبِيْ دَاوٗدَ يُدَمّٰى مَكَانَ وَيُسَمّٰى وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ يُسَمّٰى اَصَحُّ)

امام حسن بصری نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکا اپنے عقیقے کے بدلے رہن رکھا ہوا ہے۔ ساتویں روز اُس کی طرف سے جانور ذبح کیا جائے، نام رکھا جائے اور اُس کا سر مونڈا جائے (احمد، ترمذی) ابو داؤد، اور نسائی دونوں کی روایت میں مُرْتَهَنٌ کی جگہ رَهِيْنَةٌ ہے نیز احمد اور ابو داؤد کی دوسری روایت میں یُسَمّٰی کی جگہ یُدَمّٰی ہے اور امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یُسَمّٰی زیادہ صحیح ہے۔

۳۹۷۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ عَقَّ[6] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ وَقَالَ يَا فَاطِمَةُ احْلِقِيْ رَاْسَهٗ وَتَصَدَّقِيْ بِزِنَةِ شَعْرِهٖ فِضَّةً فَوَزَنَّاهُ فَكَانَ وَزْنُهٗ دِرْهَمًا اَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَاِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ)

محمد بن علی بن حسین سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حسن کا عقیقہ ایک بکری سے کیا اور فرمایا کہ اے فاطمہ! اس کا سر مونڈ دو اور اس کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ کر دو۔ پس انھوں نے وزن کیا تو ایک درہم کے برابر یا اس کے حصّے کے برابر تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن اور غریب ہے اور اس کی سند متصل نہیں ہے کیونکہ محمد بن علی بن حسین نے حضرت علی کو نہیں پایا تھا۔

۳۹۷۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ[7] عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ كَبْشًا كَبْشًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعِنْدَ النَّسَائِيِّ كَبْشَيْنِ كَبْشَيْنِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حسن اور حسین کا عقیقہ ایک ایک دنبے سے کیا تھا (ابو داؤد) اور نسائی کے نزدیک دو دو دنبے ہیں۔

۳۹۷۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ[8] قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيْقَةِ فَقَالَ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْعُقُوْقَ كَاَنَّهٗ كَرِهَ الْاِسْمَ وَقَالَ مَنْ وُلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَاَحَبَّ اَنْ يَّنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَنْسُكْ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَيْنِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عقیقے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: اللہ تعالیٰ عقوق کو ناپسند فرماتا ہے گویا آپ نے نام کو ناپسند کیا اور فرمایا: جس کے گھر بچہ پیدا ہوا اور وہ اُس کی طرف سے قربانی دینا چاہے تو لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ہے۔

(ابو داؤد، نسائی)

۳۹۷۶ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[9] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِيْ اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حِيْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ بِالصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حسن بن علی کے کان میں اذان کہتے ہوئے سُنا جبکہ حضرت فاطمہ نے انھیں جنا جیسی نماز کے لیے (ترمذی، ابو داؤد) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

۳۹۷۷ عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا وُلِدَ لِأَحَدِنَا غُلَامٌ ذَبَحَ شَاةً وَلَطَخَ رَأْسَهُ بِدَمِهَا فَلَمَّا جَاءَ الْإِسْلَامُ كُنَّا نَذْبَحُ الشَّاةَ يَوْمَ السَّابِعِ وَنَحْلِقُ رَأْسَهُ وَنَلْطَخُهُ بِزَعْفَرَانٍ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَزَادَ رَزِيْنٌ وَنُسَمِّيْهِ)

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دورِ جاہلیت میں جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہوتا تو بکری ذبح کرکے اُس کا خون بچے کے سر پر لگاتا۔ جب دورِ اسلام آیا تو ہم ساتویں روز بکری ذبح کرتے ہیں، اُس کا سر مونڈتے ہیں اور اُس پر زعفران لگاتے ہیں (ابوداؤد) اور رزین میں ہے کہ ہم اُس کا نام رکھتے ہیں۔

# کِتَابُ الْأَطْعِمَةِ — کھانوں کا بیان

## پہلی فصل

۳۹۷۸ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا فِيْ حَجْرِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ يَدِيْ تَطِيْشُ فِي الصَّحْفَةِ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِّ اللهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں لڑکپن میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زیرِ پرورش تھا۔ میرا ہاتھ پیالے میں گھوما کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ بسم اللہ پڑھا کرو، دائیں ہاتھ سے کھایا کرو اور اپنے نزدیک سے کھایا کرو۔ (متفق علیہ)

۳۹۷۹ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ أَنْ لَا يُذْكَرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت حُذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان اُس کھانے کو (اپنے لیے) حلال سمجھتا ہے جس پر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا۔ (مسلم)

۳۹۸۰ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَذَكَرَ اللهَ عِنْدَ دُخُوْلِهِ وَعِنْدَ طَعَامِهِ قَالَ الشَّيْطَانُ لَا مَبِيْتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ وَإِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللهَ عِنْدَ دُخُوْلِهِ قَالَ الشَّيْطَانُ أَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَإِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللهَ عِنْدَ طَعَامِهِ قَالَ أَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَالْعَشَاءَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہو اور داخل ہوتے وقت اللہ کا ذکر کرے اور کھانا کھاتے وقت تو شیطان کہتا ہے: رات کو تمہارے لیے نہ ٹھکانا ہے اور نہ کھانا۔ جب کوئی داخل ہو اور داخل ہوتے وقت اللہ کا ذکر نہ کرے تو شیطان کہتا ہے کہ تمہیں رات کا ٹھکانا مل گیا اور جب کھانا کھاتے وقت اللہ کا نام نہ لے تو کہتا ہے: تمہیں رات کا ٹھکانا اور کھانا مل گیا۔ (مسلم)

۳۹۸۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِيْنِهِ وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھائے تو دائیں ہاتھ سے کھائے اور جب تم میں سے کوئی پیے تو دائیں ہاتھ سے پیے۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



٣٩٨٢ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5] لَا يَأْكُلَنَّ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَشْرَبَنَّ بِهَا فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهٖ وَيَشْرَبُ بِهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ اُس کے ساتھ پیے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور اُسی کے ساتھ پیتا ہے۔

(مسلم)

٣٩٨٣ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6] يَأْكُلُ بِثَلَاثِ أَصَابِعَ وَيَلْعَقُ يَدَهٗ قَبْلَ أَنْ يَمْسَحَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھایا کرتے تھے اور دستِ مبارک کو پونچھنے سے پہلے چاٹ لیا کرتے تھے۔ (مسلم)

٣٩٨٤ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [7] أَمَرَ بِلَعْقِ الْأَصَابِعِ وَالصَّحْفَةِ وَقَالَ إِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِيْ أَيَّةٍ الْبَرَكَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگلیوں اور پیالے کو چاٹنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تمہیں کیا معلوم کہ برکت کس میں ہے؟۔ (مسلم)۔

٣٩٨٥ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [8] قَالَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحْ يَدَهٗ حَتّٰى يَلْعَقَهَا أَوْ يُلْعِقَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اپنا ہاتھ پونچھے یہاں تک کہ اُسے چاٹ نہ لے یا کسی کو چٹا نہ دے۔

(متفق علیہ)

٣٩٨٦ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [9] يَقُوْلُ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَحْضُرُ أَحَدَكُمْ عِنْدَ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ شَأْنِهٖ حَتّٰى يَحْضُرَهٗ عِنْدَ طَعَامِهٖ فَإِذَا سَقَطَتْ مِنْ أَحَدِكُمُ اللُّقْمَةُ فَلْيُمِطْ مَا كَانَ بِهَا مِنْ أَذًى ثُمَّ لِيَأْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطٰنِ فَإِذَا فَرَغَ فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهٗ فَإِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ فِيْ أَيِّ طَعَامِهٖ يَكُوْنُ الْبَرَكَةُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: شیطان تم میں سے ہر ایک کے پاس ہر کام میں حاضر ہوتا ہے یہاں تک کہ اُس کے کھانے کے وقت بھی حاضر ہوتا ہے۔ جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو جو گندگی اُس میں لگ گئی ہے اُسے دُور کر کے کھا لے اور اُسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے اور جب فارغ ہو جائے تو اپنی اُنگلیاں چاٹ لے کیونکہ اُسے معلوم نہیں کہ کھانے کے کون سے حصے میں برکت ہوگی۔

(مسلم)

٣٩٨٧ وَعَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [10] لَا آكُلُ مُتَّكِئًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔

(بخاری)

٣٩٨٨ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَا أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [11] عَلٰى خِوَانٍ وَلَا فِيْ سُكُرُّجَةٍ

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی میز پر کھانا نہیں کھایا اور نہ چھوٹی

۳۹۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَعْلَمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۱۲] رَاٰى رَغِيْفًا مُرَقَّقًا حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ وَلَا رَاٰى شَاةً سَمِيْطًا بِعَيْنِهٖ قَطُّ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: مجھے نہیں معلوم کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پتلی چپاتی دیکھی ہو۔ یہاں تک کہ بارگاہ خداوندی میں حاضر ہوئے اور نہ سالم بھنی ہوئی بکری آپ نے آنکھوں سے دیکھی۔ (بخاری)۔

۳۹۹۰ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۱۳] النَّقِيَّ مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ وَقَالَ مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ غَيْرَ مَنْخُوْلٍ قَالَ كُنَّا نَطْحَنُهٗ وَنَنْفُخُهٗ فَيَطِيْرُ مَا طَارَ وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ فَاَكَلْنَاهُ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعثت سے وصال تک میدہ نہیں دیکھا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعثت سے وفات پانے تک چھلنی نہیں دیکھی۔ کہا گیا کہ آپ حضرات جو کیسے کھاتے تھے؟ فرمایا کہ ہم اُسے پیستے اور اُس میں پھونکیں مارتے تو کچھ بھوسی اُڑ جاتی اور باقی کو پکا کر کھا لیا کرتے۔
(بخاری)

۳۹۹۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۱۴] طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهٗ وَاِنْ كَرِهَهٗ تَرَكَهٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کھانے کی برائی نہیں کی۔ اگر خواہش ہوتی تو اُسے کھا لیتے اور اگر ناپسند فرماتے تو اُسے چھوڑ دیتے (متفق علیہ)۔

۳۹۹۲ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ اَكْلًا كَثِيْرًا فَاَسْلَمَ [۱۵] فَكَانَ يَاْكُلُ قَلِيْلًا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يَاْكُلُ فِيْ مِعًا وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَاْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَرَوٰى مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهٗ ضَيْفٌ وَّهُوَ كَافِرٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَهٗ حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ ثُمَّ اِنَّهٗ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ بِاُخْرٰى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعًا وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک آدمی بہت کھانا کھایا کرتا تھا۔ وہ مسلمان ہو گیا تو بہت کم کھانے لگا۔ لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (بخاری) اور مسلم نے حضرت ابوموسیٰ اور حضرت ابن عمر سے صرف اس کی مسند روایت کی ہے اور اُسی کی دوسری روایت حضرت ابوہریرہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو مہمان بنایا جو کافر تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکری کا حکم دیا تو وہ دوہی گئی اور وہ دودھ پی گیا۔ پھر دوسری کا حکم دیا تو اُسے بھی پی گیا۔ پھر تیسری کا حکم دیا تو اُسے بھی پی گیا۔ یہاں تک کہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا۔ صبح ہوئی تو وہ مسلمان ہو گیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے لیے بکری کا حکم دیا تو وہ دوہی گئی اور وہ اس کا دودھ پی گیا۔ پھر آپ نے دوسری کے لیے حکم فرمایا لیکن وہ اُسے نہ پی سکا۔ آپ نے فرمایا کہ مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



۳۹۹۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[16] طَعَامُ الْاِثْنَيْنِ كَافِی الثَّلٰثَةِ وَطَعَامُ الثَّلٰثَةِ كَافِی الْاَرْبَعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دو آدمیوں کا کھانا تین کے لیے کافی ہے اور تین کا کھانا چار کے لیے کافی ہے۔ (متفق علیہ)

۳۹۹۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[17] يَقُوْلُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِی الْاِثْنَيْنِ وَطَعَامُ الْاِثْنَيْنِ يَكْفِی الْاَرْبَعَةَ وَطَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِی الثَّمَانِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ ایک کا کھانا دو کے لیے کفایت کرتا ہے اور دو کا کھانا چار کے لیے کفایت کرتا ہے اور چار کا کھانا آٹھ کے لیے کفایت کرتا ہے۔ (مسلم)۔

۳۹۹۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[18] يَقُوْلُ التَّلْبِيْنَةُ مُجِمَّةٌ لِفُؤَادِ الْمَرِيْضِ تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تلبینہ مریض کے دل کو راحت پہنچاتا ہے اور بعض غموں کو دور کرتا ہے۔ (متفق علیہ)

۳۹۹۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ خَيَّاطًا دَعَا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[19] لِطَعَامٍ صَنَعَهٗ فَذَهَبْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَ خُبْزَ شَعِيْرٍ وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ فَرَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالِی الْقَصْعَةِ فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمِئِذٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک درزی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کھانے کے لیے بلایا جو اُس نے تیار کیا تھا۔ پس میں بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ گیا۔ پس اُس نے جَو کی روٹیاں اور شوربا پیش کیا۔ جس میں کدو اور خشک گوشت تھا۔ میں نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیالے کے کناروں سے کدو تلاش کرتے تھے۔ پس اُس روز سے میں ہمیشہ کدو کو پسند کرتا ہوں۔ (متفق علیہ)

۳۹۹۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[20] يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ فِیْ يَدِهٖ فَدُعِیَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاَلْقَاهَا وَالسِّكِّيْنَ الَّتِیْ يَحْتَزُّ بِهَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بکری کی دستی کاٹ کر کھاتے دیکھا جو دستِ مبارک میں تھی۔ پس آپ کو نماز کے لیے بلایا گیا تو آپ نے اُسے رکھ دیا اور چھری کو بھی جس کے ساتھ کاٹ رہے تھے۔ پھر نماز پڑھائی اور تازہ وضو نہیں کیا۔ (متفق علیہ)

۳۹۹۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[21] يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میٹھی چیز اور شہد کو پسند فرمایا کرتے تھے۔ (بخاری)

۳۹۹۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[22] سَاَلَ اَهْلَهُ الْاُدُمَ فَقَالُوْا مَا عِنْدَنَا اِلَّا خَلٌّ فَدَعَا [illegible] وَيَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں سے سالن مانگا۔ عرض گزار ہوئے کہ نہیں ہے ہمارے پاس مگر سرکہ۔ پس وہی منگوایا اور اُسی کے ساتھ کھانے لگے اور فرماتے

www.alahazratnetwork.org



۴۰۰۰ وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
۲۳
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مِنَ الْمَنِّ الَّذِي
أَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھنبی مَنّ سے ہے اور اس کے پانی میں آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔ (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ اُس مَنّ سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا تھا۔

۴۰۰۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ
۲۴
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تر کھجوریں ککڑی کے ساتھ کھاتے ہوئے دیکھا۔
(متفق علیہ)

۴۰۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى
۲۵
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ نَجْنِي الْكَبَاثَ فَقَالَ
عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ فَإِنَّهُ أَطْيَبُ فَقِيلَ أَكُنْتَ تَرْعَى
الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا رَعَاهَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں ہم مَرّ الظہران کے مقام پر تھے۔ پیلو چن رہے تھے کہ آپ نے فرمایا: کالے کالے چنو کیونکہ وہ زیادہ بہتر ہوتے ہیں۔ عرض کی گئی کہ آپ نے بکریاں چرائی ہیں؟ فرمایا: ہاں اللہ کا کوئی نبی نہیں ہوا مگر اُس نے بکریاں چرائی ہیں۔ (متفق علیہ)

۴۰۰۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۲۶
وَسَلَّمَ مُقْعِيًا يَأْكُلُ تَمْرًا وَفِي رِوَايَةٍ يَأْكُلُ مِنْهُ أَكْلًا
ذَرِيعًا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اکڑوں بیٹھے کھجوریں کھا رہے تھے۔ دوسری روایت میں ہے کہ اُن میں سے جلدی جلدی کھا رہے تھے۔
(مسلم)

۴۰۰۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۷
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْرِنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ
حَتّٰى يَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ملا کر دو کھجوریں کھانے سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ اپنے ساتھیوں سے اجازت حاصل کرے۔
(متفق علیہ)

۴۰۰۵ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۲۸
وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوعُ أَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُ وَفِي
رِوَايَةٍ قَالَ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ
قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس گھر والے بھوکے نہیں رہتے جن کے پاس کھجوریں ہوں۔ دوسری روایت میں فرمایا: اے عائشہ! جس گھر میں کھجوریں نہیں ہیں اُس گھر والے بھوکے ہیں۔ ایسا دو یا تین مرتبہ ارشاد فرمایا (مسلم)۔

۴۰۰۶ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
۲۹
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ
لَمْ يَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو صبح کے وقت سات عجوہ کھجوریں کھائے تو اُس روز اُسے کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں پہنچائے گا۔
(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِي عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ شِفَاءً وَّإِنَّهَا تِرْيَاقٌ أَوَّلَ الْبُكْرَةِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عالیہ کی عجوہ میں شفاء ہے اور علی الصبح ان کا کھانا تریاق ہے۔ (مسلم)۔

۴۰۰۸ / ۳۱ وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ يَأْتِي عَلَيْنَا الشَّهْرُ مَا نُوقِدُ فِيهِ نَارًا إِنَّمَا هُوَ التَّمْرُ وَالْمَاءُ إِلَّا أَنْ نُّؤْتٰى بِاللُّحَيْمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ہم پر ایسا مہینہ بھی آتا جس میں ہم آگ نہ جلاتے اور ہمارا گزارا کھجوروں اور پانی پر ہوتا ماسوائے تھوڑے سے گوشت کے جو بھیج دیا جاتا۔ (متفق علیہ)۔

۴۰۰۹ / ۳۲ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ إِلَّا وَأَحَدُهُمَا تَمْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ آل محمد نے کبھی متواتر دو دن گندم کی روٹیاں پیٹ بھر کر نہیں کھائیں بلکہ اُن میں سے ایک روز کھجوریں کھائیں۔ (متفق علیہ)

۴۰۱۰ / ۳۳ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْأَسْوَدَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات تک ہم نے دو سیاہ چیزیں شکم سیر ہو کر نہیں کھائیں۔ (متفق علیہ)

۴۰۱۱ / ۳۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ أَلَسْتُمْ فِي طَعَامٍ وَّشَرَابٍ مَّا شِئْتُمْ لَقَدْ رَأَيْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَأُ بَطْنَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کیا تم کھانے پینے میں پھنسے ہوئے نہیں ہو جبکہ میں نے تمہارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کو گھٹیا کھجوریں بھی اتنی نہ ملتیں جنھیں شکم سیر ہو کر کھا لیتے۔ (مسلم)

۴۰۱۲ / ۳۵ وَعَنْ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُتِيَ بِطَعَامٍ أَكَلَ مِنْهُ وَبَعَثَ بِفَضْلِهِ إِلَيَّ وَإِنَّهُ بَعَثَ إِلَيَّ يَوْمًا بِقَصْعَةٍ لَّمْ يَأْكُلْ مِنْهَا لِأَنَّ فِيهَا ثُوْمًا فَسَأَلْتُهُ أَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلٰكِنْ أَكْرَهُهُ مِنْ أَجْلِ رِيْحِهِ قَالَ فَإِنِّي أَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کھانا پیش کیا جاتا تو اُس میں سے تناول فرما لیتے اور بچا ہوا میری طرف بھیج دیتے۔ ایک روز آپ نے میری طرف پیالہ بھیجا جس میں سے تناول نہیں فرمایا تھا کیونکہ اُس میں لہسن تھا۔ میں نے سوال کیا کہ یہ حرام ہے؟ فرمایا: نہیں لیکن میں اسے اس کی بدبو کی وجہ سے ناپسند کرتا ہوں۔ پس آپ کے ناپسند فرمانے کی وجہ سے میں بھی اسے ناپسند کرتا ہوں۔ (مسلم)

۴۰۱۳ / ۳۶ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ ثُوْمًا أَوْ بَصَلًا فَلْيَعْتَزِلْنَا أَوْ قَالَ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا أَوْ لِيَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقِدْرٍ فِيهِ خَضِرَاتٌ مِّنْ بُقُولٍ فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا فَقَالَ قَرِّبُوْهَا إِلٰى بَعْضِ أَصْحَابِهِ وَقَالَ كُلْ فَإِنِّي أُنَاجِي مَنْ لَّا تُنَاجِي۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لہسن یا پیاز کھائے وہ ہم سے دُور رہے یا فرمایا کہ ہماری مسجد سے دُور رہے یا اپنے گھر میں بیٹھے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ہانڈی پیش کی گئی جس میں مختلف سبزیاں تھیں تو ان میں سے بدبو آئی۔ فرمایا کہ یہ فلاں صحابی کو دے دو اور ارشاد ہوا کہ کھا لو کیونکہ میں اس سے سرگوشی کرتا ہوں جس سے تم نہیں کرتے (متفق علیہ)

۴۰۱۴ / ۳۷ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ عَنِ

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

www.alahazratnetwork.org



النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كِيْلُوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اناج کو ماپ تول لیا کرو کیونکہ تمہارے لیے اُس میں برکت ڈالی جائے گی۔ (بخاری)

۴۰۱۵ ۳۸ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رُفِعَ مَائِدَتُهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب دسترخوان اٹھایا جاتا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، بہت زیادہ تعریفیں، پاکیزہ، جس میں برکت دی گئی، نہ کفایت کیا ہوا نہ چھوڑا ہوا اور نہ اُس سے بے پروائی کی، اے رب ہمارے! (بخاری)۔

۴۰۱۶ ۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَّاْكُلَ الْاَكْلَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَيْ عَائِشَةَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ وَّخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ اِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰى۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ بندے سے راضی ہوتا ہے کہ جب وہ کھانا کھائے تو اُس پر اُس کی تعریف کرے اور جب وہ کوئی چیز پئے تو اُس پر اُس کی حمد بیان کرے (مسلم) اور عنقریب ہم باب فضل الفقراء میں حضرت عائشہ اور حضرت ابوہریرہ کی دو حدیثیں پیش کریں گے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دنیا سے تشریف لے جانے تک آلِ محمد نے شکم سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا۔ اِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰى۔

## دوسری فصل

۴۰۱۷ ۴۰ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِّبَ طَعَامٌ فَلَمْ اَرَ طَعَامًا كَانَ اَعْظَمَ بَرَكَةً مِّنْهُ اَوَّلَ مَا اَكَلْنَا وَلَا اَقَلَّ بَرَكَةً فِيْ اٰخِرِهٖ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ كَيْفَ هٰذَا قَالَ اِنَّا ذَكَرْنَا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ حِيْنَ اَكَلْنَا ثُمَّ قَعَدَ مَنْ اَكَلَ وَلَمْ يُسَمِّ اللهَ فَاَكَلَ مَعَهُ الشَّيْطَانُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں تھے تو کھانا پیش کیا گیا۔ ہم نے ایسا کھانا نہیں دیکھا جو اُس سے زیادہ برکت والا ہو شروع میں ہم نے کھایا تو آخر تک اُس میں برکت کم نہ ہوئی۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! یہ کیوں؟ فرمایا کہ جب ہم کھانے لگے تو اس پر بسم اللہ پڑھی۔ پھر ایسا شخص کھانے آبیٹھا جس نے بسم اللہ نہ پڑھی تو اُس کے ساتھ شیطان نے کھایا۔ (شرح السنہ)

۴۰۱۸ ۴۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَنَسِيَ اَنْ يَّذْكُرَ اللهَ عَلٰى طَعَامِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم میں سے کوئی کھائے اور اپنے کھانے پر اللہ کا ذکر کرنا بھول جائے تو کہے۔ بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۰۱۹ ۴۲ وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يَّاْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهٖ اِلَّا لُقْمَةٌ

حضرت امیہ بن مخشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی کھا رہا تھا اور اُس نے بسم اللہ نہیں پڑھی تھی یہاں تک کہ صرف ایک لقمہ رہ گیا جب

www.alahazratnetwork.org



فَلَمَّا رَفَعَهَا إِلَى فِيْهِ بِسْمِ اللهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا زَالَ الشَّيْطَانُ يَأْكُلُ مَعَهُ فَلَمَّا ذَكَرَ اسْمَ اللهِ اسْتَقَاءَ مَا فِيْ بَطْنِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

۴۰۲۰ / ۴۳ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

۴۰۲۱ / ۴۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ سِنَانِ بْنِ سَنَّةَ عَنْ أَبِيْهِ)

۴۰۲۲ / ۴۵ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

۴۰۲۳ / ۴۶ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ أَنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهُ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

۴۰۲۴ / ۴۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُدِّمَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالُوْا أَلَا نَأْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ قَالَ إِنَّمَا أُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ إِذَا قُمْتُ إِلَى الصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ)

۴۰۲۵ / ۴۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَلَا تَأْكُلُوْا مِنْ وَسَطِهَا فَإِنَّ الْبَرَكَةَ

اسے اپنے منہ کی طرف اٹھایا تو کہا: بِسْمِ اللهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے اور فرمایا: اس کے ساتھ شیطان متواتر کھا رہا تھا۔ جب اس نے بسم اللہ پڑھی تو جو اس کے پیٹ میں تھا سارا قے کر کے نکال دیا۔ (ابوداؤد)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہوتے تو کہتے: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا صابر روزہ دار کی طرح ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ) اور دارمی نے سنان بن سنہ سے بواسطہ ان کے والد ماجد کے روایت کیا۔

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھا پی لیتے تو کہتے: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے کھلایا، پلایا اور حلق سے اتارا اور اس کے نکلنے کا راستہ بنایا۔ (ابوداؤد)

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے توریت میں پڑھا کہ کھانے کی برکت کا باعث اس کے بعد ہاتھ دھونا ہے۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانے کی برکت کا باعث اس سے پہلے اور اس کے بعد ہاتھوں کے دھونے میں ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت الخلاء سے نکلے تو آپ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ کیا ہم آپ کے وضو کے لیے پانی نہ لائیں؟ فرمایا کہ مجھے وضو کا حکم دیا گیا ہے جب میں نماز کے لیے کھڑا ہوں۔ (ترمذی، ابوداؤد، نسائی) اور ابن ماجہ نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ثرید کا ایک پیالہ پیش کیا گیا۔ فرمایا کہ اس کے ارد گرد سے کھاؤ اور اس کے درمیان سے نہ کھاؤ کیونکہ برکت درمیان

www.alahazratnetwork.org



تنزل في وسطها ۔ (رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي) وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح وفي رواية أبي داود قال إذا أكل أحدكم طعاما فلا يأكل من أعلى الصحفة ولكن يأكل من أسفلها فإن البركة تنزل من أعلاها ۔

میں نازل ہوتی ہے (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابوداؤد کی ایک روایت میں فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو پیالے کے اونچے حصے سے نہ کھائے بلکہ نیچے حصے سے کھائے کیونکہ برکت اونچے حصے میں نازل ہوتی ہے۔

۴۰۲۶ / ۴۹ وعن عبد الله بن عمرو قال ما رئي رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل متكئا قط ولا يطأ عقبه رجلان ۔

(رواه أبو داود)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ٹیک لگا کر کھاتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا گیا اور نہ دو آدمی بھی آپ کے پیچھے چلتے۔

(ابوداؤد)

۴۰۲۷ / ۵۰ وعن عبد الله بن الحارث بن جزء قال أتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بخبز ولحم وهو في المسجد فأكل وأكلنا معه ثم قام فصلى وصلينا معه ولم نزد على أن مسحنا أيدينا بالحصباء ۔

(رواه ابن ماجة)

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں گوشت کے ساتھ روٹیاں لائی گئیں جبکہ آپ مسجد میں تھے۔ پس آپ نے تناول فرمائیں اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ کھائیں۔ پھر آپ نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی اور ہم نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور ہم نے اس سے زیادہ کچھ نہیں کیا کہ کنکریوں سے اپنے ہاتھ پونچھ لیے۔ (ابن ماجہ)

۴۰۲۸ / ۵۱ وعن أبي هريرة قال أتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بلحم فرفع إليه الذراع وكانت تعجبه فنهس منها ۔

(رواه الترمذي وابن ماجة)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور گوشت لایا گیا اور دستی آپ کی خدمت میں پیش کی گئی جس کو آپ پسند فرماتے تھے تو آپ نے اس میں سے نوچا۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

۴۰۲۹ / ۵۲ وعن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقطعوا اللحم بالسكين فإنه من صنيع الأعاجم وانهسوه فإنه أهنأ وأمرأ ۔

(رواه أبو داود والبيهقي في شعب الإيمان وقالا ليس هو بالقوي)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت کو چھری سے نہ کاٹو کیونکہ ایسا عجمی کرتے ہیں بلکہ اسے دانتوں سے نوچا کرو جو لذت دے گا اور جلد ہضم ہوگا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور دونوں نے کہا کہ یہ قوی نہیں ہے۔

۴۰۳۰ / ۵۳ وعن أم المنذر قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه علي ولنا دوال معلقة فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل وعلي معه يأكل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلي مه يا علي فإنك ناقه قالت فجعلت لهم سلقا وشعيرا فقال النبي صلى الله عليه وسلم

حضرت ام المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور آپ کے ساتھ حضرت علی تھے اور کھجوروں کے گچھے لٹکے ہوئے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تناول فرمانے لگے اور ساتھ ہی حضرت علی بھی کھانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا: اے علی! ٹھہرو، تم کمزور ہو۔ پس میں نے ان کے لیے چقندر اور جو تیار کیے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

www.alahazratnetwork.org



يَا عَلِيُّ مِنْ هٰذَا فَاَصِبْ فَاِنَّهٗ اَوْفَقُ لَكَ ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

وسلم نے فرمایا کہ اے علی! اس سے کھاؤ، یہ تمہارے موافق ہے۔
(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۴۰۳۱ / ۵۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الثُّفْلُ ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھرچن کو پسند فرماتے تھے۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۰۳۲ / ۵۵ وَعَنْ نُبَيْشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ فِيْ قَصْعَةٍ فَلَحِسَهَا اسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت نبیشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پیالے میں کھائے اور اُسے چاٹ لے تو پیالہ اُس کی بخشش کے لیے دعا کرتا ہے۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۰۳۳ / ۵۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ وَفِيْ يَدِهٖ غَمَرٌ لَمْ يَغْسِلْهُ فَاَصَابَهٗ شَيْءٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات گزارے اور اس کے ہاتھ میں چکنائی لگی ہوئی ہو جسے دھویا نہ ہو، اسے کوئی تکلیف پہنچے تو اپنے آپ ہی کو ملامت کرے (ترمذی۔ ابو داؤد۔ ابن ماجہ)۔

۴۰۳۴ / ۵۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَحَبَّ الطَّعَامِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثَّرِيْدُ مِنَ الْخُبْزِ وَالثَّرِيْدُ مِنَ الْحَيْسِ ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام کھانوں سے روٹی کا ثرید اور حیس کا ثرید سب سے زیادہ پسند تھا۔
(ابو داؤد)

۴۰۳۵ / ۵۸ وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْا بِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو اُسید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زیتون کا تیل کھاؤ اور اس کی مالش کرو کیونکہ یہ مبارک درخت سے ہے۔
(ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

۴۰۳۶ / ۵۹ وَعَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعِنْدَكِ شَيْءٌ قُلْتُ لَا اِلَّا خُبْزٌ يَابِسٌ وَخَلٌّ فَقَالَ هَاتِيْ مَا اَقْفَرَ بَيْتٌ مِّنْ اُدُمٍ فِيْهِ خَلٌّ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے؟ میں عرض گزار ہوئی کہ سوکھی روٹی اور سرکہ کے سوا کچھ نہیں ہے۔ فرمایا لے آؤ، وہ گھر سالن سے خالی نہیں جس میں سرکہ ہو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۰۳۷ / ۶۰ وَعَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ كِسْرَةً

حضرت یوسف بن عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جَو کی روٹی کا ٹکڑا لیا اور

www.alahazratnetwork.org



مِنْ خُبْزِ الشَّعِيرِ فَوَضَعَ عَلَيْهَا تَمْرَةً فَقَالَ هٰذِهٖ إِدَامُ هٰذِهٖ وَأَكَلَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

اُس پر کھجوریں رکھ کر فرمایا: یہ اِس کا سالن ہے اور تناول فرمائیں۔

(ابوداؤد)

۴۰۳۸/۶۱ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ مَرِضْتُ مَرَضًا أَتَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِي فَوَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا عَلٰى فُؤَادِي فَقَالَ إِنَّكَ رَجُلٌ مَفْؤُوْدٌ اِئْتِ الْحَارِثَ بْنَ كَلْدَةَ أَخَا ثَقِيفٍ فَإِنَّهٗ رَجُلٌ يَتَطَبَّبُ فَلْيَأْخُذْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِنْ عَجْوَةِ الْمَدِيْنَةِ فَلْيَجَأْهُنَّ بِنَوَاهُنَّ ثُمَّ لْيَلُدَّكَ بِهِنَّ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں بیمار پڑا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور دستِ مبارک میرے پستانوں کے درمیان رکھا یہاں تک کہ اُس کی ٹھنڈک میں نے اپنے دل میں محسوس کی۔ فرمایا کہ تمہارے دل میں تکلیف ہے تم حارث بن کلدہ ثقفی کے پاس جاؤ جو علاج کرتا ہے۔ چاہیے کہ مدینہ منورہ کی سات عجوہ کھجوریں لی جائیں، انھیں گٹھلیوں سمیت کوٹا جائے، پھر اُن کا شیرہ تمہیں پلایا جائے۔

(ابوداؤد)

۴۰۳۹/۶۲ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَزَادَ أَبُوْ دَاوٗدَ وَيَقُوْلُ يُكْسَرُ حَرُّ هٰذَا بِبَرْدِ هٰذَا وَبَرْدُ هٰذَا بِحَرِّ هٰذَا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تربوز کو تر کھجوروں کے ساتھ کھا لیا کرتے تھے۔ (ترمذی) اور ابوداؤد میں یہ بھی ہے کہ فرماتے: اِس کی گرمی اُس کی ٹھنڈک سے توڑی جاتی ہے اور اُس کی ٹھنڈک اِس کی گرمی سے۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۰۴۰/۶۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ عَتِيْقٍ فَجَعَلَ يُفَتِّشُهٗ وَيُخْرِجُ السُّوْسَ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کھجوریں پیش کی گئیں تو آپ انھیں چیرنے اور ان سے کیڑے نکالنے لگے۔

(ابوداؤد)

۴۰۴۱/۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُبْنَةٍ فِي تَبُوْكَ فَدَعَا بِالسِّكِّيْنِ فَسَمّٰى وَقَطَعَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ تبوک کے مقام پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پنیر پیش کیا گیا۔ آپ نے چھری منگوائی، بسم اللہ پڑھی اور اُسے کاٹا۔

(ابوداؤد)

۴۰۴۲/۶۵ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّمْنِ وَالْجُبْنِ وَالْفِرَاءِ فَقَالَ الْحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ فِي كِتَابِهٖ وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهٖ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَمَوْقُوْفٌ عَلَى الْأَصَحِّ)

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گھی، پنیر اور نیل گائے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: حلال وہ ہے جو اللہ کی کتاب میں حلال ہے اور حرام وہ ہے جو اللہ کی کتاب میں حرام ہے اور جس سے سکوت فرمایا وہ اُن چیزوں سے ہے جن سے معاف فرمایا ہے۔ روایت کیا اِسے ابن ماجہ اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے۔

www.alahazratnetwork.org



٤٠٤٣/٦٦ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِدْتُّ اَنَّ عِنْدِیْ خُبْزَةً بَیْضَآءَ مِنْ بُرَّةٍ سَمْرَآءَ مُلَبَّقَةً بِسَمْنٍ وَّلَبَنٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاتَّخَذَهٗ فَجَآءَ بِهٖ فَقَالَ فِیْ اَیِّ شَیْءٍ كَانَ هٰذَا قَالَ فِیْ عُكَّةِ ضَبٍّ قَالَ ارْفَعْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ اَبُوْدَاؤدَ وَ هٰذَا حَدِیْثٌ مُّنْكَرٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس سفید گندم کی روٹی ہو جس کو گھی اور دودھ سے تر کیا ہوا ہو۔ لوگوں میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا اور تیار کر کے لے آیا۔ فرمایا کہ یہ (گھی) کس چیز میں تھا؟ عرض گزار ہوا کہ گوہ کی کُپّی میں۔ فرمایا کہ اسے اٹھا لو (ابوداؤد، ابن ماجہ) اور ابوداؤد نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

٤٠٤٤/٦٧ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لہسن کھانے سے منع فرمایا ہے مگر جبکہ پکا لیا ہو

(ترمذی، ابوداؤد)

٤٠٤٥/٦٨ وَعَنْ اَبِیْ زِیَادٍ قَالَ سُئِلَتْ عَآئِشَةُ عَنِ الْبَصَلِ فَقَالَتْ اِنَّ اٰخِرَ طَعَامٍ اَكَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ فِيْهِ بَصَلٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

ابوزیاد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پیاز کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: آخری کھانا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تناول فرمایا اُس میں پیاز بھی تھی۔

(ابوداؤد)

٤٠٤٦/٦٩ وَعَنِ ابْنَیْ بُسْرٍ السُّلَمِیَّیْنِ قَالَا دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدَّمْنَا زُبْدًا وَّتَمْرًا وَّكَانَ يُحِبُّ الزُّبْدَ وَالتَّمْرَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

بسر کے دونوں سلمی صاحبزادوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے مکھن اور کھجوریں پیش کیں کیونکہ آپ مکھن اور کھجوریں پسند فرماتے تھے۔

(ابوداؤد)

٤٠٤٧/٧٠ وَعَنْ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَیْبٍ قَالَ اُتِیْنَا بِجَفْنَةٍ كَثِیْرَةِ الثَّرِیْدِ وَالْوَذْرِ فَخَبَطْتُّ بِیَدِیْ فِیْ نَوَاحِیْهَا وَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ فَقَبَضَ بِیَدِهِ الْیُسْرٰی عَلٰی یَدِیَ الْیُمْنٰی ثُمَّ قَالَ یَا عِكْرَاشُ كُلْ مِنْ مَّوْضِعٍ وَّاحِدٍ فَاِنَّهٗ طَعَامٌ وَّاحِدٌ ثُمَّ اُتِیْنَا بِطَبَقٍ فِیْهِ اَلْوَانُ التَّمْرِ فَجَعَلْتُ اٰكُلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَجَالَتْ یَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الطَّبَقِ فَقَالَ یَا عِكْرَاشُ كُلْ مِنْ حَیْثُ شِئْتَ فَاِنَّهٗ غَیْرُ لَوْنٍ وَّاحِدٍ ثُمَّ اُتِیْنَا بِمَآءٍ فَغَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یَدَیْهِ وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّیْهِ وَجْهَهٗ وَ

حضرت عکراش بن ذُؤیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے پاس بہت سا ثرید اور پیالے میں گوشت لایا گیا۔ میں اپنا ہاتھ اُس میں ہر طرف مارنے لگا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے سامنے سے کھا رہے تھے۔ آپ نے اپنے دوسرے دستِ مبارک سے میرا دایاں ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اے عکراش ایک جگہ سے کھاؤ کیونکہ کھانا ایک ہی جیسا ہے۔ پھر ہمارے پاس ایک طباق لایا گیا جس میں رنگ رنگ کھجوریں تھیں۔ میں اپنے سامنے سے کھانے لگا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دستِ مبارک طباق میں ہر طرف جاتا۔ فرمایا: اے عکراش جہاں سے چاہو کھاؤ کیونکہ یہ ایک جیسی نہیں ہیں۔ پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ دھوئے اور تری کو اپنے چہرۂ انور، کلائیوں اور سرِ مبارک پر مل لیا اور فرمایا: جو چیز

www.alahazratnetwork.org



ذِرَاعَيْهِ وَرَأْسَهُ وَقَالَ يَا عِكْرَاشُ هٰذَا الْوُضُوْءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

آگ سے پکائی ہو اس کا وضو یہی ہے۔

(ترمذی)

۴۰۴۸ [۴۱] وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَخَذَ اَهْلَهُ الْوَعْكُ اَمَرَ بِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّهُ لَيَرْتُوْ فُؤَادَ الْحَزِيْنِ وَيَسْرُوْ عَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ كَمَا تَسْرُوْ اِحْدَاكُنَّ الْوَسَخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھر والوں میں سے جب کسی کو بخار چڑھ جاتا تو حریرہ کا حکم فرماتے جو بنایا جاتا۔ پھر اُنھیں گھونٹ گھونٹ پینے کا حکم فرماتے اور فرمایا کرتے۔ یہ غمگین کے دل میں طاقت پہنچاتا اور مریض کے دل سے تنگی دور کرتا ہے جیسے تم میں سے کوئی پانی کے ساتھ اپنے چہرے کا مَیل دُور کرتی ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۰۴۹ [۴۲] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِّنَ السَّمِّ وَالْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عجوہ جنت سے ہے اور اس میں زہر سے شفا ہے اور کھنبی مَن ہے اور اس میں شفا ہے آنکھ کے لیے۔

(ترمذی)

## تیسری فصل

۴۰۵۰ [۴۳] عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ضِفْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَاَمَرَ بِجَنْبٍ فَشُوِيَ ثُمَّ اَخَذَ الشَّفْرَةَ فَجَعَلَ يَحُزُّ لِيْ بِهَا مِنْهُ فَجَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلٰوةِ فَاَلْقَى الشَّفْرَةَ فَقَالَ مَا لَهُ تَرِبَتْ يَدَاهُ قَالَ وَكَانَ شَارِبُهُ وَفَاءً فَقَالَ لِيْ اَقُصُّهُ لَكَ عَلٰى سِوَاكٍ اَوْ قُصَّهُ عَلٰى سِوَاكٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک رات میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مہمان ہوا۔ آپ نے دستی کا حکم فرمایا تو اُسے بھونا گیا۔ پھر چھری لے کر اس میں سے کاٹنے لگے۔ پس حضرت بلال نے حاضر ہو کر آپ کو نماز کی اطلاع دی۔ آپ نے چھری ڈال دی اور فرمایا: اسے کیا ہو گیا، اس کے دونوں ہاتھوں میں مٹی لگے۔ راوی کا بیان ہے کہ اُن کی مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں تو مجھ سے فرمایا: کیا مسواک پر رکھ کر میں کاٹ دوں یا مسواک پر رکھ کر تم کاٹ لوگے؟

(ترمذی)

۴۰۵۱ [۴۴] وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا حَضَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا لَمْ نَضَعْ اَيْدِيَنَا حَتّٰى يَبْدَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعَ يَدَهُ وَاِنَّا حَضَرْنَا مَعَهُ مَرَّةً طَعَامًا فَجَاءَتْ جَارِيَةٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کھانے پر حاضر ہوتے تو اپنے ہاتھ نہ ڈالتے جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتدا نہ فرماتے۔ پس آپ دستِ مبارک ڈالتے۔ ایک دفعہ ہم آپ کے ساتھ کھانے پر حاضر ہوئے تو ایک لڑکی آئی گویا اسے دھکیلا جا رہا ہے اور وہ کھانے میں ہاتھ

www.alahazratnetwork.org



فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهَا ثُمَّ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ كَأَنَّمَا يُدْفَعُ فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ أَنْ لَا يُذْكَرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ جَاءَ بِهٰذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا فَأَخَذْتُ بِيَدِهَا فَجَاءَ بِهٰذَا الْأَعْرَابِيِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهِ فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّ يَدَهُ فِي يَدِي مَعَ يَدِهَا زَادَ فِي رِوَايَةٍ ثُمَّ ذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ وَأَكَلَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ڈالنے لگی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر ایک اعرابی آیا گویا اُسے دھکیلا جارہا ہے۔ پس اُس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اُس کھانے کو شیطان اپنے لیے حلال کر لیتا ہے جس پر اللہ کا نام نہ لیا جائے۔ یہ لڑکی آئی تو اُس نے اس کے ذریعے حلال کرنا چاہا تو میں نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔ قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اُس کا ہاتھ ان دونوں کے ساتھ میرے ہاتھ میں ہے۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے پھر اللہ کا نام لیا اور کھایا۔
(مسلم)

۴۰۵۲ (۷۵) وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَ غُلَامًا فَأَلْقَى بَيْنَ يَدَيْهِ تَمْرًا فَأَكَلَ الْغُلَامُ فَأَكْثَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ كَثْرَةَ الْأَكْلِ شُؤْمٌ وَأَمَرَ بِرَدِّهِ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک غلام کو خریدنے کا ارادہ فرمایا تو اُس کے آگے کھجوریں ڈال دیں۔ غلام نے بہت زیادہ کھائیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بسیار خوری نحوست ہے اور اُسے واپس کرنے کا حکم فرمایا۔ اِسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

۴۰۵۳ (۷۶) وَعَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ إِدَامِكُمُ الْمِلْحُ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے سالنوں کا سردار نمک ہے۔ (ابن ماجہ)

۴۰۵۴ (۷۷) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَاخْلَعُوا نِعَالَكُمْ فَإِنَّهُ أَرْوَحُ لِأَقْدَامِكُمْ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کھانا سامنے رکھ دیا جائے تو اپنے جوتے اُتار لیا کرو۔ کیونکہ یہ تمہارے پیروں کے لیے راحت بخش ہے۔

۴۰۵۵ (۷۸) وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهَا كَانَتْ إِذَا أُتِيَتْ بِثَرِيدٍ أَمَرَتْ بِهِ فَغُطِّيَ حَتّٰى تَذْهَبَ فَوْرَةُ دُخَانِهِ وَتَقُولُ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ هُوَ أَعْظَمُ لِلْبَرَكَةِ۔
(رَوَاهُمَا الدَّارِمِيُّ)

حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب اُن کے پاس ثرید لایا جاتا تو اُس کو ڈھانپ دینے کا حکم فرماتیں یہاں تک کہ اُس کی بھاپ کی تیزی جاتی رہتی اور فرماتیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: یہ بہت ہی باعث برکت ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو دارمی نے روایت کیا ہے۔

۴۰۵۶ (۷۹) وَعَنْ نُبَيْشَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَكَلَ فِي قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا تَقُولُ لَهُ الْقَصْعَةُ أَعْتَقَكَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ كَمَا أَعْتَقْتَنِي مِنَ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ رَزِينٌ)

حضرت نُبیشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی پیالے میں کھائے اور پھر اُسے چاٹ لے تو پیالہ اُس سے کہتا ہے: اللہ تعالیٰ تجھے جہنم سے آزاد کرے جیسے تو نے مجھے شیطان سے آزاد کیا ہے۔ (رزین)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الضِّیَافَۃِ

# ضیافت کا بیان

## پہلی فصل

۴۰۵۷ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَہٗ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُؤْذِ جَارَہٗ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیَقُلْ خَیْرًا اَوْ لِیَصْمُتْ وَفِیْ رِوَایَۃٍ بَدَلَ الْجَارِ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے ہمسائے کو تکلیف نہ دے۔ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔ ایک روایت میں ہمسائے کی جگہ ہے کہ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ صلہ رحمی کرے (متفق علیہ)

۴۰۵۸ وَعَنْ اَبِیْ شُرَیْحٍ الْکَعْبِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَہٗ جَائِزَتُہٗ یَوْمٌ وَّلَیْلَۃٌ وَالضِّیَافَۃُ ثَلٰثَۃُ اَیَّامٍ فَمَا بَعْدَ ذٰلِکَ فَھُوَ صَدَقَۃٌ وَّلَا یَحِلُّ لَہٗ اَنْ یَّثْوِیَ عِنْدَہٗ حَتّٰی یُحْرِجَہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے۔ وہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔ ایک دن رات پرتکلف دعوت ہے۔ تین دن ضیافت ہے اور جو اس کے بعد ہو وہ صدقہ ہے اور کسی کے لیے جائز نہیں کہ دوسرے کے پاس اتنا ٹھہرے کہ وہ تنگ آ جائے۔ (متفق علیہ)

۴۰۵۹ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ لَّا یَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰی فَقَالَ لَنَا اِنْ نَّزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْا لَکُمْ بِمَا یَنْبَغِیْ لِلضَّیْفِ فَاقْبَلُوْا فَاِنْ لَّمْ یَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْھُمْ حَقَّ الضَّیْفِ الَّذِیْ یَنْبَغِیْ لَھُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا: آپ ہمیں بھیجتے ہیں تو ہم ایسی قوم کے پاس اترتے ہیں کہ وہ ہماری ضیافت نہیں کرتے، پس کیا حکم ہے؟ آپ نے ہم سے فرمایا: اگر تم ایسی قوم کے پاس اترو جو تمہارے لیے وہ چیز دینے کا حکم دیں جو مہمان کے لائق ہے تو قبول کر لو اور اگر ایسا نہ کریں تو ان سے مہمان کا اتنا حق لے لو جو ان کے لیے مناسب ہو (متفق علیہ)

۴۰۶۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ اَوْ لَیْلَۃٍ فَاِذَا ھُوَ بِاَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ فَقَالَ مَا اَخْرَجَکُمَا مِنْ بُیُوْتِکُمَا ھٰذِہِ السَّاعَۃَ قَالَا الْجُوْعُ قَالَ وَاَنَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَاَخْرَجَنِی الَّذِیْ اَخْرَجَکُمَا قُوْمُوْا فَقَامُوْا مَعَہٗ فَاَتٰی رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا ھُوَ لَیْسَ فِیْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دن یا رات میں باہر نکلے تو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر بھی مل گئے۔ فرمایا کہ تم دونوں کو اس وقت کس چیز نے تمہارے گھروں سے نکالا۔ عرض گزار ہوئے کہ بھوک نے۔ فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، مجھے بھی اسی چیز نے نکالا ہے جس نے تمہیں نکالا لہٰذا کھڑے ہو جاؤ۔ پس انصار سے ایک آدمی کے گھر تشریف

www.alahazratnetwork.org



بَيْتِهٖ فَلَمَّا رَاَتْهُ الْمَرْاَةُ قَالَتْ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ فُلَانٌ قَالَتْ ذَهَبَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَآءِ اِذْ جَآءَ الْاَنْصَارِيُّ فَنَظَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ مَا اَحَدٌ الْيَوْمَ اَكْرَمَ اَضْيَافًا مِّنِّيْ قَالَ فَانْطَلَقَ فَجَآءَهُمْ بِعِذْقٍ فِيْهِ بُسْرٌ وَّتَمْرٌ وَّرُطَبٌ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ هٰذِهٖ وَاَخَذَ الْمُدْيَةَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَالْحَلُوْبَ فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ وَمِنْ ذٰلِكَ الْعِذْقِ وَشَرِبُوْا فَلَمَّا اَنْ شَبِعُوْا وَرَوُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمُ الْجُوْعُ ثُمَّ لَمْ تَرْجِعُوْا حَتّٰى اَصَابَكُمْ هٰذَا النَّعِيْمُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فِيْ بَابِ الْوَلِيْمَةِ۔

سے گئے تو وہ گھر میں موجود نہ تھا۔ جب اُس کی بیوی نے دیکھا تو خوش آمدید اور مرحبا کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا، فلاں کہاں ہے؟ عرض گزار ہوئی کہ ہمارے لیے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ جب انصاری آیا تو اُس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آپ کے دونوں ساتھیوں سمیت دیکھا تو کہا، سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں کہ آج مجھ سے بڑھ کر عزت والے مہمان کسی کے پاس نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ گیا اور اُن کے لیے ایک گچھا لے کر حاضر ہوا جس میں کچی، خشک اور تازہ کھجوریں تھیں۔ عرض گزار ہوا کہ اس میں سے تناول فرمایئے۔ پھر اُس نے چھری پکڑی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا کہ دودھ والے جانور سے بچنا۔ پس اُس نے اُن کے لیے ذبح کیا۔ پس اُنھوں نے بکری کا گوشت اور اُس گچھے سے کھجوریں کھائیں اور پانی پیا۔ جب شکم سیر ہو کر لوٹ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر سے فرمایا، قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے تم سے قیامت کے روز اِن نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ تمہیں بھوک نے اپنے گھروں سے نکالا اور تم واپس نہیں لوٹے کہ تمہیں یہ نعمتیں مل گئیں (مسلم) اور کَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ والی حدیث ابومسعود پیچھے باب الولیمہ میں مذکور ہو چکی۔

## دوسری فصل

۴۰۶۱ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ سَمِعَ النَّبِيَّ
۵
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَيُّمَا مُسْلِمٍ ضَافَ قَوْمًا فَاَصْبَحَ الضَّيْفُ مَحْرُوْمًا كَانَ حَقًّا عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ نَصْرُهٗ حَتّٰى يَاْخُذَ لَهٗ بِقِرَاهُ مِنْ مَّالِهٖ وَزَرْعِهٖ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَاَيُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ يَقْرُوْهُ كَانَ لَهٗ اَنْ يُّعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

روایت ہے کہ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو مسلمان کسی قوم کا مہمان ہو اور صبح تک مہمانی سے محروم رہے تو ہر مسلمان پر اُس کا حق ہے یہاں تک کہ وہ اپنی مہمانی اُس کے مال اور زراعت سے حاصل کرے (دارمی) ابو داؤد) اور اسی کی ایک روایت میں ہے کہ جو آدمی کسی قوم کا مہمان بنے اور وہ اُس کی مہمانی نہ کریں تو اُسے اپنی مہمانی کے برابر لینے کا حق ہے۔

۴۰۶۲ وَعَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ الْجُشَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ
۶
قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمْ يَقْرِنِيْ وَلَمْ يُضِفْنِيْ ثُمَّ مَرَّ بِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَقْرِيْهِ اَمْ اَجْزِيْهِ قَالَ بَلِ اقْرِهٖ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابوالاحوص جشمی سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا، میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا ارشاد ہے جبکہ میں ایک آدمی کے پاس سے گزروں تو نہ وہ میری مہمانی کرے اور نہ ضیافت، پھر اس کے بعد وہ میرے پاس سے گزرے تو کیا میں اُس کی مہمانی کروں یا بدلہ دوں؟ فرمایا کہ اُس کی مہمانی کرو۔ (ترمذی)

www.alahazratnetwork.org



۴۰۶۳ وعن انس او غيره ان رسول الله صلى الله عليه وسلم استأذن على سعد بن عبادة فقال السلام عليكم ورحمة الله فقال سعد وعليكم السلام ورحمة الله ولم يسمع النبي صلى الله عليه وسلم حتى سلم ثلاثا ورد عليه سعد ثلاثا ولم يسمعه فرجع النبي صلى الله عليه وسلم فاتبعه سعد فقال يا رسول الله بابي انت وامي ما سلمت تسليمة الا هي باذني ولقد رددت عليك ولم اسمعك احببت ان استكثر من سلامك ومن البركة ثم دخلوا البيت فقرب له زبيبا فاكل نبي الله صلى الله عليه وسلم فلما فرغ قال اكل طعامكم الابرار وصلت عليكم الملائكة وافطر عندكم الصائمون۔

(رواه في شرح السنة)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا کسی دوسرے صحابی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن عبادہ سے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ حضرت سعد نے وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سنائی نہ دے یہاں تک کہ حضور نے تین دفعہ سلام کیا اور حضرت سعد نے تینوں دفعہ جواب دیا کہ آپ نہ سُنیں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوٹ گئے اور حضرت سعد آپ کے پیچھے ہو لیے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، جتنی دفعہ بھی آپ نے سلام کیا میرے ان کانوں نے سُنا اور میں نے آپ کو جواب دیا لیکن ایسا کہ آپ نہ سُنیں تاکہ آپ زیادہ دفعہ ہم پر سلامتی اور برکت بھیجیں۔ پھر گھر میں داخل ہوئے اور اُنھوں نے کشمش پیش کیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ نے تناول فرمائیں۔ جب فارغ ہوئے تو فرمایا: تمہارا کھانا نیک بندوں نے کھایا، فرشتوں نے تمہارے لیے دعائے رحمت کی اور تمہارے پاس روزہ داروں نے روزہ افطار کیا۔

(شرح السنہ)

۴۰۶۴ وعن ابي سعيد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال مثل المؤمن ومثل الايمان كمثل الفرس في اخيته يجول ثم يرجع الى اخيته وان المؤمن يسهو ثم يرجع الى الايمان فاطعموا طعامكم الاتقياء واولوا معروفكم المؤمنين (رواه البيهقي في شعب الايمان وابو نعيم في الحلية)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی اور ایمان کی مثال گھوڑے جیسی ہے جو اپنی رسّی کے مطابق دوڑتا رہتا ہے، پھر اپنی رسّی کی طرف لوٹ آتا ہے۔ بیشک مومن جب بھول جائے تو اپنے ایمان کی طرف لوٹ آتا ہے لہٰذا تم اپنا کھانا پرہیزگاروں کو کھلاؤ اور اُن لوگوں کو جو ایمان کے لحاظ سے معروف ہوں۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابونعیم نے حلیہ میں۔

۴۰۶۵ وعن عبد الله بن بسر قال كان للنبي صلى الله عليه وسلم قصعة يحملها اربعة رجال يقال لها الغراء فلما اضحوا وسجدوا الضحى اتي بتلك القصعة وقد ثرد فيها فالتفوا عليها فلما كثروا جثى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اعرابي ما هذه الجلسة فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان الله جعلني عبدا كريما ولم يجعلني جبارا عنيدا ثم قال كلوا من حواليها ودعوا ذروتها يبارك فيها۔ (رواه ابوداؤد)

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک بہت بڑا ٹب تھا جس کو چار آدمی اٹھاتے تھے اور اُسے غرا کہا جاتا تھا۔ چاشت کے وقت جب آپ نمازِ چاشت ادا کر لیتے تو اُس ٹب کو لایا جاتا جس میں ثرید بنایا ہوا ہوتا، سب اُس کے گرد جمع ہو جاتے۔ جب لوگ زیادہ ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوزانو بیٹھتے۔ ایک اعرابی نے کہا کہ یہ کیسا بیٹھنا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے متواضع بندہ بنایا ہے اور مجھے متکبر و سرکش نہیں بنایا۔ پھر فرمایا کہ اس کے کناروں سے کھاؤ اور اس کی بلندی کو چھوڑ دو کیونکہ اس میں برکت ہوتی ہے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۰۶۶ وَعَنْ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا نَأْكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَفْتَرِقُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

وحشی بن حرب، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہم کھاتے ہیں اور سیر نہیں ہوتے؟ فرمایا کہ شاید تم الگ الگ کھاتے ہو؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ اپنے کھانے پر اکٹھے ہو جایا کرو اور اللہ کا نام لیا کرو، تمہیں برکت دی جائے گی۔
(ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۰۶۷ عَنْ أَبِيْ عَسِيْبٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلًا فَمَرَّ بِيْ فَدَعَانِيْ فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِأَبِيْ بَكْرٍ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ إِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِعُمَرَ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ إِلَيْهِ فَانْطَلَقَ حَتّٰى دَخَلَ حَائِطًا لِبَعْضِ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لِصَاحِبِ الْحَائِطِ أَطْعِمْنَا بُسْرًا فَجَاءَ بِعِذْقٍ فَوَضَعَهٗ فَأَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهٗ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ بَارِدٍ فَشَرِبَ فَقَالَ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ فَأَخَذَ عُمَرُ الْعِذْقَ فَضَرَبَ بِهِ الْأَرْضَ حَتّٰى تَنَاثَرَ الْبُسْرُ قِبَلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّا لَمَسْئُوْلُوْنَ عَنْ هٰذَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ نَعَمْ إِلَّا مِنْ ثَلٰثٍ خِرْقَةٍ لَفَّ بِهَا الرَّجُلُ عَوْرَتَهٗ أَوْ كِسْرَةٍ سَدَّ بِهَا جَوْعَتَهٗ أَوْ جُحْرٍ يَتَدَخَّلُ فِيْهِ مِنَ الْحَرِّ وَالْقُرِّ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا)

حضرت ابو عسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر نکلے، میرے پاس سے گزرے تو مجھے بلایا۔ پس میں حاضرِ خدمت ہو گیا۔ پھر حضرت ابوبکر کے پاس سے گزرے اور انہیں بلایا تو وہ بھی آ گئے۔ پھر حضرت عمر کے پاس سے گزرے اور انہیں بلایا تو وہ بھی آ گئے۔ پس چلے یہاں تک کہ ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئے۔ باغ والے سے فرمایا کہ ہمیں کچی کھجوریں کھلاؤ۔ وہ ایک گچھا لے آئے اور پیش کر دیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھائیں اور آپ کے اصحاب نے بھی۔ پھر ٹھنڈا پانی مانگا اور پیا۔ فرمایا کہ قیامت کے روز تم سے ان نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے گچھا لیا اور زمین پر دے مارا یہاں تک کہ کھجوریں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب بکھر گئیں۔ پھر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم سے قیامت کے روز ان کے متعلق پوچھا جائے گا؟ فرمایا: ہاں سوائے تین کے یعنی وہ کپڑا جس سے آدمی نے اپنا ستر چھپایا یا روٹی کا وہ ٹکڑا جس سے اپنی بھوک کو روکا یا وہ حجرہ جس میں گرمی اور سردی سے بچنے کے لیے داخل ہو۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً۔

۴۰۶۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَتِ الْمَائِدَةُ فَلَا يَقُوْمُ رَجُلٌ حَتّٰى تُرْفَعَ الْمَائِدَةُ وَلَا يَرْفَعُ يَدَهٗ وَإِنْ شَبِعَ حَتّٰى يَفْرُغَ الْقَوْمُ وَلْيُعْذِرْ فَإِنَّ ذٰلِكَ يُخْجِلُ جَلِيْسَهٗ فَيَقْبِضُ يَدَهٗ وَعَسٰى أَنْ يَكُوْنَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب دسترخوان بچھا دیا جائے تو دسترخوان اٹھانے تک کوئی آدمی کھڑا نہ ہو اور نہ اپنا ہاتھ اٹھائے اگرچہ شکم سیر ہو گیا ہو یہاں تک کہ سب فارغ ہو جائیں یا عذر بیان کر دے ورنہ اُس کا ساتھی شرمسار ہو گا اور اپنا ہاتھ روک لے گا اور ہو سکتا ہے کہ اُسے

www.alahazratnetwork.org



لَهٗ فِي الطَّعَامِ حَاجَةٌ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

اس کی کھانے کی ضرورت ہو۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۰۶۹ (۱۳) وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ مَعَ قَوْمٍ كَانَ اٰخِرَهُمْ أَكْلًا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا)

حضرت جعفر بن محمد سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا ہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب لوگوں کے ساتھ کھانا کھاتے تو ان سے آخر میں کھانا بند کرتے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۰۷۰ (۱۴) وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ فَعَرَضَ عَلَيْنَا فَقُلْنَا لَا نَشْتَهِيْهِ قَالَ لَا تَجْتَمِعْنَ جُوْعًا وَّكِذْبًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور کھانا پیش کیا گیا۔ آپ نے ہمارے سامنے رکھ دیا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ ہمیں تو خواہش نہیں ہے۔ فرمایا کہ بھوک اور جھوٹ کو جمع نہ کرو۔ (ابن ماجہ)

۴۰۷۱ (۱۵) وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مل کر کھایا کرو۔ الگ الگ نہ کھاؤ کیونکہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔ (ابن ماجہ)

۴۰۷۲ (۱۶) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَّخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهٖ إِلٰى بَابِ الدَّارِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّقَالَ فِيْ إِسْنَادِهٖ ضُعْفٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہ سنت یہ ہے کہ آدمی اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک جائے۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ان سے نیز حضرت ابن عباس سے اور کہا کہ اس کی اسناد میں ضعف ہے۔

۴۰۷۳ (۱۷) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَيْرُ أَسْرَعُ إِلَى الْبَيْتِ الَّذِيْ يُؤْكَلُ فِيْهِ مِنَ الشَّفْرَةِ إِلٰى سَنَامِ الْبَعِيْرِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہ جس گھر میں کھانا کھلایا جائے بھلائی اس کی طرف کوہان کی طرف جانے والی چھری سے زیادہ تیزی کے ساتھ دوڑتی ہے۔ (ابن ماجہ)

## بَابٌ فِيْ أَكْلِ الْمُضْطَرِّ

## مجبور کے کھانے کا بیان

### پہلی فصل

وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الْأَوَّلِ۔

یہ باب بھی پہلی فصل سے خالی ہے۔

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۴۰۷۴ عَنِ الْفُجَيْعِ الْعَامِرِيِّ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَحِلُّ لَنَا مِنَ الْمَيْتَةِ قَالَ مَا طَعَامُكُمْ قُلْنَا نَغْتَبِقُ وَنَصْطَبِحُ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ فَسَّرَهٗ لِيْ عُقْبَةُ قَدَحٌ غُدْوَةً وَّقَدَحٌ عَشِيَّةً قَالَ ذَاكَ وَاَبِي الْجُوْعُ فَاَحَلَّ لَهُمُ الْمَيْتَةَ عَلٰى هٰذِهِ الْحَالِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت فجیع عامری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: کونسی حالت ہمارے لیے مردار کو حلال کر دیتی ہے؟ فرمایا کہ تمہارا کھانا کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ دودھ کا ایک پیالہ صبح اور ایک شام کو۔ ابو نعیم نے کہا کہ عقبہ نے مجھے اس کا یہ مطلب بتایا کہ ایک پیالہ صبح کو اور ایک پیالہ شام کے وقت۔ فرمایا کہ ابا جان کی قسم، یہ تو بھوک ہے۔ تو اس حالت میں ان کے لیے مردار کو حلال قرار دے دیا گیا۔ (ابوداؤد)

۴۰۷۵ وَعَنْ اَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَكُوْنُ بِاَرْضٍ فَتُصِيْبُنَا بِهَا الْمَخْمَصَةُ فَمَتٰى يَحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةُ قَالَ مَا لَمْ تَصْطَبِحُوْا اَوْ تَغْتَبِقُوْا اَوْ تَحْتَفِئُوْا بِهَا بَقْلًا فَشَاْنُكُمْ بِهَا مَعْنَاهُ اِذَا لَمْ تَجِدُوْا صَبُوْحًا اَوْ غَبُوْقًا وَلَمْ تَجِدُوْا بَقْلَةً تَاْكُلُوْنَهَا حَلَّتْ لَكُمُ الْمَيْتَةُ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم ایسی زمین میں رہتے ہیں کہ ہمیں بھوک سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے، پس مردار ہمارے لیے کب حلال ہوتا ہے؟ فرمایا کہ جب تم صبح یا شام کو ایک پیالہ دودھ بھی نہ پاؤ اور ساگ سبزی بھی نہ ملے تب۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ صبح یا شام کو دودھ کا ایک پیالہ بھی نہ ملے اور نہ ساگ سبزی پا سکو جسے کھا لو تو تمہارے لیے مردار حلال ہو جاتا ہے۔ (دارمی)

# بَابُ الْاَشْرِبَةِ

# پینے کی چیزوں کا بیان

## پہلی فصل

۴۰۷۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَنَفَّسُ فِي الشَّرَابِ ثَلٰثًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَزَادَ مُسْلِمٌ فِيْ رِوَايَةٍ وَّيَقُوْلُ اِنَّهٗ اَرْوٰى وَاَبْرَاُ وَاَمْرَاُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیتے ہوئے تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے۔ (متفق علیہ) اور مسلم نے ایک روایت میں یہ بھی کہا کہ فرماتے: یہ زیادہ سیر کرنے والا، زیادہ صحت بخش اور زود ہضم ہے۔

۴۰۷۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشک کے دہانے سے منہ لگا کر پینے سے منع فرمایا ہے۔

(متفق علیہ)

۴۰۷۸ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَّاخْتِنَاثُهَا اَنْ يُّقْلَبَ رَاْسُهَا ثُمَّ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ مشکیزے کے منہ سے پانی پیا جائے۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے: اس کا الٹانا یہ ہے کہ اس کے دہانے کو نیچے کر دیا جائے اور

www.alahazratnetwork.org



يَشْرَبُ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اس سے پیا جائے (متفق علیہ)

۴۰۷۹ / ۴ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى اَنْ يَّشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ آدمی کھڑا ہو کر پانی پئے۔ (مسلم)

۴۰۸۰ / ۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَشْرَبَنَّ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَائِمًا فَمَنْ نَسِيَ فَلْيَسْتَقِئْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کھڑا ہو کر نہ پئے۔ اگر بھول جائے تو قے کر دے۔ (مسلم)

۴۰۸۱ / ۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءِ زَمْزَمَ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آبِ زمزم کا ایک ڈول پیش کیا گیا تو آپ نے کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔ (متفق علیہ)

۴۰۸۲ / ۷ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ فِيْ حَوَائِجِ النَّاسِ فِيْ رَحْبَةِ الْكُوْفَةِ حَتّٰى حَضَرَتْ صَلٰوةُ الْعَصْرِ ثُمَّ اُتِيَ بِمَاءٍ فَشَرِبَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَذَكَرَ رَاْسَهُ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَهُ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ اِنَّ نَاسًا يَّكْرَهُوْنَ الشُّرْبَ قَائِمًا وَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے نمازِ ظہر پڑھ لی تو لوگوں کی حاجات کے لیے کوفے کے چبوترے پر بیٹھے، یہاں تک کہ نمازِ عصر کا وقت ہو گیا۔ پھر اُن کی خدمت میں پانی لایا گیا تو پیا اور اُس سے منہ ہاتھ دھوئے۔ سر اور پیروں کا ذکر بھی کیا۔ پھر کھڑے ہوئے اور بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پی لیا۔ پھر فرمایا کہ بعض لوگ کھڑے ہو کر پینا ناپسند کرتے ہیں۔ جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح کرتے تھے جیسے میں نے کیا ہے۔ (بخاری)

۴۰۸۳ / ۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَمَعَهُ صَاحِبٌ لَّهُ فَسَلَّمَ فَرَدَّ الرَّجُلُ وَهُوَ يُحَوِّلُ الْمَاءَ فِيْ حَائِطٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ مَاءٌ بَاتَ فِيْ شَنَّةٍ وَّاِلَّا كَرَعْنَا فَقَالَ عِنْدِيْ مَاءٌ بَاتَ فِيْ شَنٍّ فَانْطَلَقَ اِلَى الْعَرِيْشِ فَسَكَبَ فِيْ قَدَحٍ مَّاءً ثُمَّ حَلَبَ عَلَيْهِ مِنْ دَاجِنٍ فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عَادَ فَشَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِيْ جَاءَ مَعَهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک انصاری کے پاس پہنچے اور آپ کے ساتھ آپ کے ایک ساتھی تھے۔ آپ نے سلام کیا اور اُس نے سلام کا جواب دیا اور وہ باغ کو پانی دے رہا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہارے پاس رات کا باسی پانی ہو تو فبہا ورنہ ہم نالی سے منہ لگا کر پی لیں گے۔ عرض گزار ہوا کہ میرے پاس مشکیزے میں رات کا باسی پانی ہے۔ پس وہ جھونپڑے کی طرف گیا، پیالے میں پانی ڈالا۔ پھر گھر کی پلی ہوئی بکری کا دودھ اُس میں دوہا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوش فرمایا۔ وہ دوبارہ لایا تو اُس آدمی نے پی

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِيْ يَشْرَبُ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ اِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهٖ نَارَ جَهَنَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ اِنَّ الَّذِيْ يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چاندی کے برتن میں پیتا ہے وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ کو بھرتا ہے (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جو چاندی اور سونے کے برتنوں میں کھاتے پیتے ہیں۔

۴۰۸۵ / ۱۰ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوْا فِيْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَاْكُلُوْا فِيْ صِحَافِهَا فَاِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَهِيَ لَكُمْ فِي الْاٰخِرَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: ریشمی اور دیباج کے کپڑے نہ پہنو اور نہ سونے چاندی کے برتنوں میں پیو اور نہ اُن کی تھالی میں کھاؤ کیونکہ اُن کے لیے دنیا میں اور تمہارے لیے آخرت میں ہیں۔

(متفق علیہ)

۴۰۸۶ / ۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حُلِبَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ دَاجِنٌ وَشِيْبَ لَبَنُهَا بِمَاءٍ مِّنَ الْبِئْرِ الَّتِيْ فِيْ دَارِ اَنَسٍ فَاَعْطَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَشَرِبَ وَعَلٰى يَسَارِهٖ اَبُوْبَكْرٍ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ عُمَرُ اَعْطِ اَبَا بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ الَّذِيْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ الْاَيْمَنُ فَالْاَيْمَنُ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَلْاَيْمَنُوْنَ الْاَيْمَنُوْنَ اَلَا فَيَمِّنُوْا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک گھر میں پالی ہوئی بکری دوہی گئی اور اُس میں اُس کنوئیں کا پانی ملایا گیا جو حضرت انس کے گھر میں تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیالہ پیش کیا گیا۔ آپ نے نوش فرمایا جبکہ آپ کے بائیں جانب حضرت ابوبکر اور دائیں جانب ایک اعرابی تھا۔ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! حضرت ابوبکر کو دے دیجئے۔ پس آپ نے اعرابی کو عطا فرما دیا جو آپ کے دائیں دستِ اقدس میں تھا۔ پھر فرمایا کہ دائیں طرف والا زیادہ حق دار ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ دائیں جانب والے زیادہ حق دار ہیں، لہٰذا اُن کا زیادہ خیال رکھو۔ (متفق علیہ)

۴۰۸۷ / ۱۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَعَنْ يَمِيْنِهٖ غُلَامٌ اَصْغَرُ الْقَوْمِ وَالْاَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهٖ فَقَالَ يَا غُلَامُ اَتَاْذَنُ اَنْ اُعْطِيَهُ الْاَشْيَاخَ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاُوْثِرَ بِفَضْلِيْ مِنْكَ اَحَدًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَحَدِيْثُ اَبِيْ قَتَادَةَ سَنَذْكُرُ فِيْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا تو آپ نے اُس میں سے نوش فرمایا اور آپ کے دائیں جانب تمام لوگوں سے چھوٹا ایک لڑکا تھا اور بائیں جانب عمر رسیدہ حضرات۔ فرمایا کہ اے لڑکے! کیا تم اجازت دیتے ہو کہ یہ عمر رسیدہ حضرات کو دے دوں؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ کے پس خوردہ کے سلسلے میں اپنے اوپر میں کسی چیز کو ترجیح نہیں دوں گا۔ پس آپ نے اُسی کو عطا فرمایا۔ (متفق علیہ) اور حدیث ابو قتادہ بھی عنقریب باب المعجزات میں بیان کی جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ

## دوسری فصل

۴۰۸۸ / ۱۳ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ عَلٰى عَهْدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَمْشِيْ وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِيَامٌ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

کے عہد مبارک میں ہم چلتے ہوئے کھایا کرتے تھے اور کھڑے ہو کر پی لیا کرتے تھے۔ (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

۴۰۸۹ / ۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیتے ہوئے دیکھا کھڑے ہو کر اور بیٹھے ہوئے۔

(ترمذی)

۴۰۹۰ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُّتَنَفَّسَ فِي الْإِنَاءِ أَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے برتن میں سانس لینے اور اس میں پھونکیں مارنے سے منع فرمایا ہے (ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۰۹۱ / ۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَشْرَبُوْا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ وَلٰكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَسَمُّوْا إِذَا أَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوْا إِذَا أَنْتُمْ رَفَعْتُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی اونٹ کی طرح نہ پیئے بلکہ دو تین سانسوں میں پیا کرو اور جب پیئے لگو تو بسم اللہ کہو اور جب حاجت پوری کر لو تو الحمد للہ کہو۔

(ترمذی)

۴۰۹۲ / ۱۷ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ الْقَذَاةُ أَرَاهَا فِي الْإِنَاءِ قَالَ أَهْرِقْهَا قَالَ فَإِنِّيْ لَا أَرْوٰى مِنْ نَّفَسٍ وَّاحِدٍ قَالَ فَأَبِنِ الْقَدَحَ عَنْ فِيْكَ ثُمَّ تَنَفَّسْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پینے کی چیز میں پھونکیں مارنے سے منع فرمایا ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ میں برتن میں تنکا دیکھتا ہوں۔ فرمایا کہ اُسے بہا دو۔ عرض گزار ہوا کہ میں ایک سانس میں سیر نہیں ہوتا۔ فرمایا کہ پیالے کو اپنے منہ سے ہٹا کر سانس لیا کرو۔

(ترمذی، دارمی)

۴۰۹۳ / ۱۸ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ وَأَنْ يُّنْفَخَ فِي الشَّرَابِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیالے کے سوراخ سے پینے اور پینے کی چیز میں پھونکیں مارنے سے منع فرمایا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۰۹۴ / ۱۹ وَعَنْ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُّعَلَّقَةٍ قَائِمًا فَقُمْتُ إِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ

حضرت کبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور لٹکے ہوئے مشکیزے کے منہ سے کھڑے ہو کر پانی نوش فرمایا۔ پس میں کھڑی ہوئی اور اس کے منہ کو کاٹ کر رکھ لیا (ترمذی، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث

www.alahazratnetwork.org



غَرِیْبٌ صَحِیْحٌ)

حسن غریب صحیح ہے۔

۴۰۹۵ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ [۲۰] كَانَ أَحَبُّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوَ الْبَارِدَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ مَا رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا)

زہری، عروہ، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پینے کی چیزوں میں میٹھی اور ٹھنڈی زیادہ پسند تھیں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ صحیح وہ ہے جو زہری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کی ہے۔

۴۰۹۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى [۲۱] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ وَإِذَا سُقِيَ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ فَإِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ يُّجْزِئُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ إِلَّا اللَّبَنُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو کہے: اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے بہتر کھلا۔ جب دودھ پئے تو کہے: اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور اس سے زیادہ دے۔ کیونکہ جو چیز کھانے اور پینے دونوں کی جگہ کفایت کرے ایسی دودھ کے سوا کوئی نہیں۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۰۹۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ [۲۲] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَاءُ مِنَ السُّقْيَا قِيْلَ هِيَ عَيْنٌ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمَدِيْنَةِ يَوْمَانِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے شیریں پانی سُقیا سے منگوایا جاتا۔ کہا گیا کہ وہ ایک چشمہ ہے جو مدینہ منورہ سے دو دن کی مسافت پر ہے۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۰۹۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [۲۳] وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَرِبَ فِيْ إِنَاءِ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ أَوْ إِنَاءٍ فِيْهِ شَيْءٌ مِّنْ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سونے یا چاندی کے برتن میں پئے یا اس برتن میں جس کے اندر یہ لگے ہوتے ہوں تو وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے۔ (دار قطنی)

# بَابُ النَّقِيْعِ وَالْأَنْبِذَةِ

# نقیع اور نبیذ کا بیان

## پہلی فصل

۴۰۹۹ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحِيْ هٰذَا الشَّرَابَ كُلَّهُ الْعَسَلَ وَالنَّبِيْذَ وَالْمَاءَ وَاللَّبَنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنے اس پیالے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پینے کی تمام چیزیں پلائی ہیں یعنی شہد، نبیذ، پانی اور دودھ۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



۴۱۰۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[2] فِي سِقَاءٍ يُوكَأُ أَعْلَاهُ وَلَهُ عَزْلَاءُ نَنْبِذُهُ غُدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عِشَاءً وَنَنْبِذُهُ عِشَاءً فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مشکیزے میں نبیذ بناتے تو اُسے اوپر کی جانب سے باندھ دیتے اور اُس کا دہانہ تھا۔ صبح کو نبیذ بھگوتے تو شام کو آپ نوش فرما لیتے اور شام کو بھگوتے تو اُسے صبح کو نوش فرما لیتے۔

(مسلم)

۴۱۰۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[3] يُنْبَذُ لَهُ أَوَّلَ اللَّيْلِ فَيَشْرَبُهُ إِذَا أَصْبَحَ يَوْمَهُ ذَالِكَ وَاللَّيْلَةَ الَّتِي تَجِيءُ وَالْغَدَ وَاللَّيْلَةَ الْأُخْرٰى وَالْغَدَ إِلَى الْعَصْرِ فَإِنْ بَقِيَ شَيْءٌ سَقَاهُ الْخَادِمَ أَوْ أَمَرَ بِهِ فَصُبَّ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے رات کی ابتداء میں نبیذ بھگویا جاتا تو اُسے اگلے روز صبح کو نوش فرما لیتے یا آنے والی رات میں یا اس کے بعد دوسری رات میں یا اگلے روز عصر تک۔ اگر اس کے بعد کچھ بچتا تو خادم کو پلا دیتے یا حکم فرماتے تو بہا دیا جاتا۔

(مسلم)

۴۱۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ يُنْبَذُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[4] فِي سِقَاءٍ فَإِذَا لَمْ يَجِدُوا سِقَاءً يُنْبَذُ لَهُ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مشکیزے میں نبیذ بنایا جاتا اور اگر مشکیزہ نہ ملتا تو پتھر کے بڑے پیالے میں آپ کے لیے نبیذ بنایا جاتا تھا۔

(مسلم)

۴۱۰۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[5] نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ وَأَمَرَ أَنْ يُنْبَذَ فِي أَسْقِيَةِ الْأَدَمِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو کے تونبے، سبز لاکھی برتن، روغنی برتن، جڑ کے برتن سے منع فرمایا ہے اور حکم فرمایا کہ چمڑے کے مشکیزوں میں نبیذ بنایا جائے۔ (مسلم)

۴۱۰۴ وَعَنْ بُرَيْدَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6] قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوفِ فَإِنَّ ظَرْفًا لَا يُحِلُّ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهُ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الْأَشْرِبَةِ إِلَّا فِي ظُرُوفِ الْأَدَمِ فَاشْرَبُوا [illegible]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہیں بعض برتنوں سے منع کیا تھا جبکہ برتن کسی چیز کو حلال کرتے ہیں اور نہ حرام بلکہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔ دوسری روایت میں فرمایا: میں نے تمہیں پینے سے منع کیا تھا [illegible]

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَیَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِی الْخَمْرَ یُسَمُّوْنَھَا بِغَیْرِ اِسْمِھَا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا میری اُمّت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اُس کا کوئی دوسرا نام رکھیں گے۔
(ابوداؤد، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۴۱۰۶ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِیْذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ قُلْتُ اَنَشْرَبُ فِی الْاَبْیَضِ قَالَ لَا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سبز گھڑے میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے۔ میں نے کہا کہ ہم سفید میں پی لیا کریں؟ فرمایا نہیں۔
(بخاری)

# بَابُ تَغْطِیَۃِ الْاَوَانِیْ وَغَیْرِھَا

## برتنوں وغیرہ کو ڈھانپنے کا بیان

## پہلی فصل

۴۱۰۷ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ جُنْحُ اللَّیْلِ اَوْ اَمْسَیْتُمْ فَکُفُّوْا صِبْیَانَکُمْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَنْتَشِرُ حِیْنَئِذٍ فَاِذَا ذَھَبَ سَاعَۃٌ مِّنَ اللَّیْلِ فَخَلُّوْھُمْ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَفْتَحُ بَابًا مُّغْلَقًا وَاَوْکُوْا قِرَبَکُمْ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ وَخَمِّرُوْا اٰنِیَتَکُمْ وَاذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضُوْا عَلَیْہِ شَیْئًا وَاَطْفِئُوْا مَصَابِیْحَکُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ قَالَ خَمِّرُوا الْاٰنِیَۃَ وَاَوْکُوا الْاَسْقِیَۃَ وَاَجِیْفُوا الْاَبْوَابَ وَاکْفِتُوْا صِبْیَانَکُمْ عِنْدَ الْمَسَاءِ فَاِنَّ لِلْجِنِّ انْتِشَارًا وَّخَطْفَۃً وَّاَطْفِئُوا الْمَصَابِیْحَ عِنْدَ الرُّقَادِ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِیْلَۃَ فَاَحْرَقَتْ اَھْلَ الْبَیْتِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رات شروع ہو یا شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو روک لو کیونکہ اس وقت شیطان پھیل جاتے ہیں۔ جب ایک گھنٹہ رات گزر جائے تو انھیں چھوڑ دو اور اللہ کا نام لے کر دروازے بند کر لو کیونکہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھولتا اور اللہ کا نام لے کر اپنے مشکیزوں کے منہ بند کر دو۔ اور اللہ کا نام لے کر اپنے برتنوں کو ڈھانپ دو، خواہ ان پر چوڑائی میں ہی کوئی چیز رکھو اور اپنے چراغوں کو بجھا دیا کرو (متفق علیہ) اور بخاری کی روایت میں فرمایا: برتنوں کو ڈھانپ دو، مشکیزوں کے منہ باندھ دو، دروازے بند کر لو، اپنے بچوں کو شام کے وقت روک لو کیونکہ اس وقت شیطان پھیلتے اور اچک لیتے ہیں اور سوتے وقت چراغوں کو بجھا دو کیونکہ بعض اوقات چوہیا بتی کو کھینچ لیتی ہے اور گھر والوں کو جلا دیتی ہے۔ مسلم کی روایت میں فرمایا، برتنوں کو ڈھانپ دو، مشکیزوں کے منہ باندھ دو، دروازے بند کر دو، چراغ بجھا دو کیونکہ شیطان کے لیے بند مشکیزہ حلال نہیں۔

www.alahazratnetwork.org



اَوْكُوا السِّقَاءَ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحُلُّ سِقَاءً وَّلَا يَفْتَحُ بَابًا وَّلَا يَكْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا اَنْ يَّعْرُضَ عَلٰى اِنَائِهٖ عُوْدًا وَّيَذْكُرَ اسْمَ اللّٰهِ فَلْيَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ لَا تُرْسِلُوْا فَوَاشِيَكُمْ وَصِبْيَانَكُمْ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يُبْعَثُ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ قَالَ غَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوا السِّقَاءَ فَاِنَّ فِي السَّنَةِ لَيْلَةً يَّنْزِلُ فِيْهَا وَبَاءٌ لَّا يَمُرُّ بِاِنَاءٍ لَّيْسَ عَلَيْهِ غِطَاءٌ اَوْ سِقَاءٍ لَّيْسَ عَلَيْهِ وِكَاءٌ اِلَّا نَزَلَ فِيْهِ مِنْ ذٰلِكَ الْوَبَاءِ۔

نہ بند دروازے اور برتن کو کھولے۔ اگر تم کوئی چیز نہ پاؤ تو چوڑائی میں اپنے برتن پر لکڑی ہی رکھ دو اور اللہ کا نام لو اور ضرور ایسا کرو کیونکہ چوہیا گھر والوں پر ان کے گھر کو بھڑکا دیتی ہے۔ اسی کی دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا: جب سورج غروب ہو جائے تو اپنے مویشیوں اور بچوں کو باہر نہ بھیجو یہاں تک کہ ابتدائی سیاہی جاتی رہے کیونکہ شیطان کو سورج غروب ہونے کے وقت بھیجا جاتا ہے یہاں تک کہ رات کی ابتدائی سیاہی جاتی رہے۔ اسی کی ایک اور روایت میں فرمایا: برتنوں کو ڈھانپ دو، مشکیزوں کے منہ باندھ دو کیونکہ سال میں ایک ایسی رات بھی ہے جس میں وبا نازل ہوتی ہے، نہیں گزرتی وہ کسی برتن کے پاس سے جس کو ڈھکا نہ ہو اور مشکیزے کے پاس سے جس پر بندھن نہ ہو مگر وہ وبا اس میں نازل ہو جاتی ہے۔

٤١٠٨ (٢) وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ اَبُوْ حُمَيْدٍ رَّجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِنَ النَّقِيْعِ بِاِنَاءٍ مِّنْ لَّبَنٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا خَمَّرْتَهٗ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُوْدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہوں نے ہی فرمایا کہ انصار میں سے حضرت ابوحمید نامی ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک برتن نقیع سے دودھ لے کر حاضر ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے ڈھانپ کیوں نہیں لیا تھا، خواہ اس کے اوپر لکڑی ہی رکھ لیتے۔ (متفق علیہ)

٤١٠٩ (٣) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سونے لگو تو اپنے گھروں میں آگ کو نہ چھوڑا کرو یعنی کھلی ہوئی (متفق علیہ)

٤١١٠ (٤) وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ احْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَ بِشَاْنِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَّكُمْ فَاِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مدینہ منورہ کا ایک گھر رات کے وقت اپنے رہنے والوں سمیت جل گیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر ہوا تو فرمایا: یہ آگ تمہاری دشمن ہے۔ جب تم سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

٤١١١ (٥) عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِيْقَ الْحَمِيْرِ مِنَ اللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب رات کے وقت تم کتے کے بھونکنے یا گدھے کے رینکنے کی آواز سنو تو اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

www.alahazratnetwork.org



فَإِنَّهُنَّ يَرَيْنَ مَا لَا تَرَوْنَ وَأَقِلُّوا الْخُرُوجَ إِذَا هَدَأَتِ الْأَرْجُلُ فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبُثُّ مِنْ خَلْقِهِ فِي لَيْلَتِهِ مَا يَشَاءُ وَأَجِيفُوا الْأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا إِذَا أُجِيفَ وَذُكِرَ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ وَغَطُّوا الْجِرَارَ وَاكْفَؤُا الْآنِيَةَ وَأَوْكُوا الْقِرَبَ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ کہا کرو کیونکہ وہ اُن چیزوں کو دیکھتے ہیں جنھیں تم نہیں دیکھتے اور جب چلنے والے پیر کم ہو جائیں تو باہر کم نکلو کیونکہ اللہ تعالیٰ رات کے وقت اپنی جس مخلوق کو چاہے پھیلا دیتا ہے اور اللہ کا نام لے کر دروازے بند کر لیا کرو کیونکہ بند دروازے کو شیطان نہیں کھولتا اور جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو نیز گھڑے ڈھک دیا کرو، برتنوں کو الٹے کر دیا کرو اور مشکوں کے منہ باندھ دیا کرو۔

(شرح السنہ)

۴۱۱۲ / ۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ فَارَةٌ تَجُرُّ الْفَتِيلَةَ فَأَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِي كَانَ قَاعِدًا عَلَيْهَا فَأَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ فَقَالَ إِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هٰذِهِ عَلَى هٰذَا فَيُحْرِقُكُمْ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک چوہا بتی کو گھسیٹتا ہوا آیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اُسے چٹائی پر ڈال دیا، جس پر آپ بیٹھے ہوئے تھے اور ایک درہم کے برابر جگہ جلا دی۔ فرمایا کہ جب تم سونے لگو تو اپنے چراغوں کو بجھا دیا کرو کیونکہ شیطان انھیں ایسے ہی کام سجھاتا ہے تاکہ تمہیں جلا دیں۔

(ابوداؤد)

# كِتَابُ اللِّبَاسِ
# لباس کا بیان

## پہلی فصل

۴۱۱۳ / ۱ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَلْبَسَهَا الْحِبَرَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن کپڑوں کو پہنتے اُن میں حبرہ آپ کو سب سے زیادہ پسند تھا۔

(متفق علیہ)

۴۱۱۴ / ۲ وَعَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ جُبَّةً رُومِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رومی جبہ پہنا جس کی آستینیں تنگ تھیں۔

(متفق علیہ)

۴۱۱۵ / ۳ وَعَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ أَخْرَجَتْ إِلَيْنَا عَائِشَةُ كِسَاءً مُلَبَّدًا وَإِزَارًا غَلِيظًا فَقَالَتْ قُبِضَ رُوحُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَيْنِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عائشہ نے پیوند والا کمبل اور ایک موٹا تہبند ہمارے سامنے نکالا اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان دونوں کپڑوں میں وصال ہوا تھا۔

(متفق علیہ)

۴۱۱۶ / ۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِرَاشُ رَسُولِ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ یَنَامُ عَلَیْہِ اَدَمًا حَشْوُہٗ لِیْفٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

تعالیٰ علیہ وسلم کا بستر جس پر سویا کرتے، چمڑے کا تھا جس میں کھجور کا گودا بھرا ہوا تھا۔ (متفق علیہ)

۴۱۱۷ (۵) وَعَنْھَا قَالَتْ کَانَ وِسَادُ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ یَتَّکِیْٔ عَلَیْہِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُہٗ لِیْفٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تکیہ جس سے آپ ٹیک لگاتے چمڑے کا تھا جس میں کھجور کا گودا بھرا ہوا تھا۔ (متفق علیہ)

۴۱۱۸ (۶) وَعَنْھَا قَالَتْ بَیْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِیْ بَیْتِنَا فِیْ حَرِّ الظَّھِیْرَۃِ قَالَ قَائِلٌ لِاَبِیْ بَکْرٍ ھٰذَا رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا مُتَقَنِّعًا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ایک دفعہ گرمیوں میں دوپہر کے وقت ہم اپنے گھر کے اندر بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی نے حضرت ابوبکر سے کہا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر مبارک کو ڈھانپے ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ (بخاری)

۴۱۱۹ (۷) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَہٗ فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِامْرَاَتِہٖ وَالثَّالِثُ لِلضَّیْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّیْطٰنِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا ایک بستر اپنے لیے، دوسرا اُس کی بیوی کے لیے تیسرا مہمان کے لیے اور چوتھا شیطان کے لیے ہوتا ہے۔ (مسلم)

۴۱۲۰ (۸) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَنْظُرُ اللہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِلٰی مَنْ جَرَّ اِزَارَہٗ بَطَرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس شخص کی طرف نظر نہیں فرمائے گا جس نے اپنی چادر کو تکبر کی وجہ سے گھسیٹا ہو۔ (متفق علیہ)

۴۱۲۱ (۹) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَہٗ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللہُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تکبر کی وجہ سے اپنے کپڑے کو گھسیٹا تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس کی طرف نظر نہیں فرمائے گا۔ (متفق علیہ)

۴۱۲۲ (۱۰) وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَجُرُّ اِزَارَہٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ خُسِفَ بِہٖ فَھُوَ یَتَجَلْجَلُ فِی الْاَرْضِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی ازراہِ تکبر اپنی ازار گھسیٹ کر چل رہا تھا تو وہ دھنسا دیا گیا۔ پس وہ قیامت تک زمین میں دھنستا ہی جائے گا۔ (بخاری)

۴۱۲۳ (۱۱) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِی النَّارِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جتنی ازار ٹخنوں سے نیچے ہو وہ آگ میں ہے۔ (بخاری)

۴۱۲۴ (۱۲) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَمْشِيَ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَّاَنْ يَّشْتَمِلَ الصَّمَّاءَ اَوْ يَحْتَبِيَ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ كَاشِفًا عَنْ فَرْجِهٖ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ آدمی بائیں ہاتھ سے کھائے یا ایک جوتا پہن کر چلے یا ایک ہی کپڑے میں پوٹ بن جائے یا ایک ہی کپڑے کو اس طرح لپیٹ لے کہ شرمگاہ کھلی رہے۔

(مسلم)

۴۱۲۵ [13] وَعَنْ عُمَرَ وَاَنَسٍ وَّابْنِ الزُّبَيْرِ وَاَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر، حضرت انس، حضرت ابن زبیر اور حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دنیا میں ریشم پہنا تو آخرت میں اُسے نہیں پہنایا جائے گا۔

(متفق علیہ)

۴۱۲۶ [14] وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَّا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دنیا میں ریشم وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو۔

(متفق علیہ)

۴۱۲۷ [15] وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّشْرَبَ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ وَاَنْ نَّاْكُلَ فِيْهَا وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَالدِّيْبَاجِ وَاَنْ نَّجْلِسَ عَلَيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں چاندی اور سونے کے برتن میں پینے سے منع فرمایا ہے اور اُن میں کھانے سے نیز ریشم اور دیباج پہننے اور ان پر بیٹھنے سے۔

(متفق علیہ)

۴۱۲۸ [16] وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ سِيَرَاءُ فَبَعَثَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَعَرَفْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتُشَقِّقَهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَاءِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں تحفے کے طور پر ایک ریشمی جوڑا پیش کیا گیا۔ آپ نے وہ میرے لیے بھیج دیا۔ میں نے اُسے پہن لیا تو چہرہ مبارک پر ناراضگی کے آثار دیکھے۔ فرمایا کہ میں نے یہ تمہاری طرف پہننے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔ میں نے تمہارے پاس اس لیے بھیجا تھا کہ اسے پھاڑ کر عورتوں کے دوپٹے بنالو۔ (متفق علیہ)

۴۱۲۹ [17] وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا هٰكَذَا وَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةَ وَضَمَّهُمَا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ اَنَّهٗ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ اِلَّا

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم پہننے سے منع فرمایا ہے مگر اتنا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی دو مبارک انگلیاں اٹھائیں یعنی درمیانی اور شہادت والی اور دونوں کو ملایا۔ (متفق علیہ) مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جابیہ کے مقام پر انہوں نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم پہننے سے منع فرمایا ہے مگر جبکہ دو یا تین یا چار انگلیوں کے برابر ہو۔

www.alahazratnetwork.org



إِلَّا مَوْضِعَ إِصْبَعَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ أَوْ أَرْبَعٍ۔

۴۱۳۰/۱۸ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهَا أَخْرَجَتْ جُبَّةَ طَيَالِسَةٍ كِسْرَوَانِيَّةٍ لَهَا لِبْنَةُ دِيبَاجٍ وَفَرْجَيْهَا مَكْفُوفَيْنِ بِالدِّيبَاجِ وَقَالَتْ هٰذِهِ جُبَّةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُهَا فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى نَسْتَشْفِيْ بِهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے ایک طیالسی کسروانیہ جبہ نکالا جس کا گریبان ریشم کا تھا اور اس کے دونوں دامن ریشم سے سِلے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جبہ مبارک ہے اور یہ حضرت عائشہ کے پاس تھا۔ جب وہ فوت ہو گئیں تو میں نے یہ لے لیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے پہنا کرتے تھے اور ہم شفا حاصل کرنے کے لیے اسے دھو کر مریض کو پلاتے ہیں۔

(مسلم)

۴۱۳۱/۱۹ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ بِحِكَّةٍ بِهِمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ إِنَّهُمَا شَكَوَا الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا فِي قُمُصِ الْحَرِيرِ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو خارش کے باعث ریشم پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی (متفق علیہ) اور مسلم کی ایک روایت میں فرمایا۔ انھوں نے جوئیں پڑ جانے کی شکایت کی تو آپ نے دونوں حضرات کو ریشم پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

۴۱۳۲/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ فَقَالَ إِنَّ هٰذِهٖ مِنْ ثِيَابِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهُمَا وَفِي رِوَايَةٍ قُلْتُ أَغْسِلُهُمَا قَالَ بَلْ أَحْرِقْهُمَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عَائِشَةَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے اوپر کسم کے رنگے ہوئے دو کپڑے دیکھے تو فرمایا۔ یہ کفار کے کپڑے ہیں لہٰذا انھیں نہ پہنا کرو۔ ایک روایت میں ہے کہ میں عرض گزار ہوا: انھیں دھو دوں؟ فرمایا کہ انھیں جلا دو۔ (مسلم) اور خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ والی حدیث عائشہ کو اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی ہم عنقریب مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بیان کریں گے۔

## دوسری فصل

۴۱۳۳/۲۱ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمِيصَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قمیص سب کپڑوں سے زیادہ پسند تھی۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۱۳۴/۲۲ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ كَانَ كُمُّ قَمِيصِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الرُّسْغِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قمیص مبارک کی آستینیں پہنچوں تک ہوتی تھیں (ترمذی، ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

www.alahazratnetwork.org



حَسَنٌ غَرِيبٌ۔

۴۱۳۵ / ۲۳ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَبِسَ قَمِيصًا بَدَأَ بِمَيَامِنِهِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب قمیص پہنتے تو دائیں جانب سے ابتدا فرماتے۔
(ترمذی)

۴۱۳۶ / ۲۴ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَا أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ فَفِي النَّارِ قَالَ ذَلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ بَطَرًا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے مومن کا ازار یا تہبند اُس کی نصف پنڈلیوں تک ہے نیز اس کے اور ٹخنوں کے درمیان ہو تب بھی کوئی مضائقہ نہیں لیکن اس سے نیچے ہو تو وہ آگ میں ہے۔ یہ تین مرتبہ فرمایا اور اللہ تعالیٰ قیامت کے روز غرور کے ساتھ ازار گھسیٹنے والے کی طرف نظر نہیں فرمائے گا۔ (ابو داؤد، ابن ماجہ)

۴۱۳۷ / ۲۵ وَعَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْإِسْبَالُ فِي الْإِزَارِ وَالْقَمِيصِ وَالْعِمَامَةِ مَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کپڑے کا لٹکانا تہبند، قمیص اور عمامہ میں ہے۔ جس نے ان میں سے کوئی چیز تکبر سے لٹکائی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُس کی طرف نہیں دیکھے گا۔ (ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ)

۴۱۳۸ / ۲۶ وَعَنْ أَبِي كَبْشَةَ قَالَ كَانَ كِمَامُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُطْحًا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ مُنْكَرٌ)

حضرت ابو کبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کی ٹوپیاں چپٹی ہوتی تھیں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

۴۱۳۹ / ۲۷ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ ذَكَرَ الْإِزَارَ فَالْمَرْأَةُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ تُرْخِي شِبْرًا فَقَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَا تَزِيدُ عَلَيْهِ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفُ أَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِينَ ذِرَاعًا لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئیں جبکہ آپ نے ازار کا ذکر فرمایا کہ یا رسول اللہ! عورتیں؟ فرمایا کہ ایک بالشت لٹکا لیں۔ عرض کی کہ جب اس سے ستر کھلے؟ فرمایا کہ ایک گز سہی اور اس پر اضافہ نہ کرے (مالک، ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ) نیز ترمذی اور نسائی میں حضرت ابن عمر سے ایک روایت ہے کہ یہ عرض گزار ہوئیں: جب ان کے قدم کھلیں تو؟ فرمایا تو ایک گز لٹکا لیا کریں اور اس پر اضافہ نہ کریں۔

۴۱۴۰ / ۲۸ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ مِنْ مُزَيْنَةَ فَبَايَعُوهُ وَإِنَّهُ لَمُطْلَقُ الْأَزْرَارِ فَأَدْخَلْتُ يَدِي فِي جَيْبِ قَمِيصِهِ فَمَسِسْتُ الْخَاتَمَ۔
(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

معاویہ بن قرہ سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: میں مزینہ کے ایک وفد کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ پس اُنھوں نے آپ سے بیعت کی اور آپ کی قمیص مبارک کے بٹن کھلے ہوئے تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ آپ کی قمیص کے گریبان میں داخل کیا اور مہرِ نبوت کو مس کیا۔ (ابو داؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۱۴۱ / ۲۹ وَعَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِلْبَسُوا الثِّيَابَ الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْيَبُ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ یہ زیادہ پاکیزہ اور عمدہ ہیں اور اپنے مُردوں کو ان کا کفن ہی دیا کرو۔

(احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

۴۱۴۲ / ۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب عمامہ باندھتے تو شملہ دونوں کندھوں کے درمیان رکھتے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۱۴۳ / ۳۱ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَمَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَهَا بَيْنَ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے سر پہ عمامہ باندھا تو شملہ میرے آگے اور پیچھے رکھا۔

(ابوداؤد)

۴۱۴۴ / ۳۲ وَعَنْ رُكَانَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَاِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَائِمِ)

حضرت رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے اور مشرکوں کے درمیان ٹوپیوں پر عمامے باندھنے کا فرق ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند قائم نہیں ہے۔

۴۱۴۵ / ۳۳ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُحِلَّ الذَّهَبُ وَالْحَرِيْرُ لِلْاِنَاثِ مِنْ اُمَّتِيْ وَحُرِّمَ عَلٰى ذُكُوْرِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونا اور ریشم میری اُمت کی عورتوں پر حلال فرمایا گیا ہے اور اس کے مردوں پر حرام کیا گیا ہے (ترمذی، نسائی) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۱۴۶ / ۳۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْ رِدَاءً ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ اَسْاَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اس کا نام لیتے جیسے عمامہ، قمیص یا چادر اور پھر کہتے: اے اللہ! سب تعریفیں تیرے لیے ہیں جیسے تو نے مجھے یہ پہنایا۔ میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی بھلائی جس کے لیے بنایا گیا۔ میں اس کی برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں اور اس کی برائی سے جس کے لیے بنایا گیا۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۱۴۷ / ۳۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کھانا کھائے اور پھر کہے: سب

www.alahazratnetwork.org



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)
وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔

تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ روزی دی فرمایا تو اُس کے سابقہ گناہ معاف فرما دیے جاتے ہیں۔ (ترمذی) اور ابوداؤد میں یہ بھی ہے کہ جو کپڑا پہنے اور کہے: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ پہنایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر عطا فرمایا تو اُس کے سابقہ معاف فرما دیے جاتے ہیں۔

۴۱۴۸ - ۳۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَائِشَةُ اِنْ اَرَدْتِ اللُّحُوْقَ بِیْ فَلْیَكْفِكِ مِنَ الدُّنْیَا كَزَادِ الرَّاكِبِ وَاِیَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْاَغْنِیَاءِ وَلَا تَسْتَخْلِقِیْ ثَوْبًا حَتّٰى تُرَقِّعِیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ صَالِحِ بْنِ حَسَّانَ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ صَالِحُ بْنُ حَسَّانَ مُنْكَرُ الْحَدِیْثِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! اگر تم مجھ سے ملنا چاہتی ہو تو دنیا سے مسافر سوار کے برابر ہی زادِ راہ لینا۔ اور امیروں کے پاس بیٹھنے سے بچنا اور کپڑے کو پرانا نہ سمجھنا جب تک اُس میں پیوند نہ لگا لو (ترمذی) اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اسے ہم نہیں جانتے مگر صالح بن حسان کی روایت سے جبکہ محمد بن اسمٰعیل نے کہا کہ صالح بن حسان منکر الحدیث ہے۔

۴۱۴۹ - ۳۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اِیَاسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیْمَانِ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو امامہ ایاس بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم سنتے نہیں، کیا تم سنتے نہیں، بیشک پرانے کپڑے پہننا ایمان کی نشانی ہے، بیشک پرانے کپڑے پہننا ایمان کی نشانی ہے۔ (ابوداؤد)

۴۱۵۰ - ۳۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ فِی الدُّنْیَا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیا میں شہرت حاصل کرنے کے لیے لباس پہنا تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُسے ذلت کا لباس پہنائے گا (احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۱۵۱ - ۳۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جس قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ اُن میں سے ہے۔
(احمد، ابوداؤد)

۴۱۵۲ - ۴۰ وَعَنْ سُوَیْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَبْنَاءِ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَّهُوَ یَقْدِرُ عَلَیْهِ

سوید بن واہب، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے کسی کے صاحبزادے نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو طاقت رکھنے کے باوجود خوبصورت کپڑا پہننا چھوڑ دے۔ ایک روایت میں ہے کہ تواضع کی وجہ سے تو

www.alahazratnetwork.org



وَفِيْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ حَدِيْثَ اللِّبَاسِ۔

اللہ تعالیٰ اُسے بزرگی کا جوڑا پہنائے گا اور جو اللہ کے لیے نکاح کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے بادشاہی تاج پہنائے گا۔ (ابو داؤد) اور ترمذی نے حدیثِ لباس کو ان سے بروایت معاذ بن انس روایت کیا۔

۴۱۵۳ [۴۱] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُرٰى أَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ اُس کے بندے سے اُس کی نعمت کا اثر ظاہر ہو۔ (ترمذی)

۴۱۵۴ [۴۲] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَأٰى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهٗ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ رَأْسَهٗ وَرَأٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ (وسلم) دیکھنے کے لیے تشریف لائے تو دیکھا کہ ایک شخص کے بال بکھرے ہوئے ہیں۔ فرمایا کہ کیا اسے ایسی کوئی چیز نہیں ملتی جس سے اپنے سر کو درست کرلے۔ پھر ایک آدمی کو دیکھا جس کے کپڑے میلے کچیلے تھے۔ فرمایا کہ کیا اسے کوئی ایسی چیز نہیں ملتی جس سے اپنے کپڑے دھولے۔ (احمد، نسائی)

۴۱۵۵ [۴۳] وَعَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ دُوْنٌ فَقَالَ لِيْ أَلَكَ مَالٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مِنْ أَيِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ أَعْطَانِيَ اللّٰهُ مِنَ الْإِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ قَالَ فَإِذَا آتَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَلْيُرَ أَثَرُ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَكَرَامَتِهٖ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ)

ابو الاحوص سے اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میں نے معمولی کپڑے پہن رکھے تھے۔ مجھ سے فرمایا: کیا تمہارے پاس مال ہے؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا، کہ کونسا مال ہے؟ عرض گزار ہوا کہ ہر طرح کا مال اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا فرمایا ہے یعنی اونٹ، گائے، بکریاں، گھوڑے اور غلام سے۔ فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو اُس کی نعمت اور بخشش کا اثر تمہارے اوپر نظر آنا چاہیے۔ روایت کیا اسے نسائی نے اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظوں میں ہے۔

۴۱۵۶ [۴۴] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ایک آدمی گزرا اور اُس کے کپڑے سرخ تھے۔ اُس نے سلام کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے جواب نہ دیا۔ (ترمذی، ابو داؤد)

۴۱۵۷ [۴۵] وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا أَرْكَبُ الْأُرْجُوَانَ وَلَا أَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا أَلْبَسُ الْقَمِيْصَ الْمُكَفَّفَ بِالْحَرِيْرِ وَقَالَ أَلَا وَطِيْبُ الرِّجَالِ رِيْحٌ لَا لَوْنَ لَهٗ وَطِيْبُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ارغوانی زین پوش پر سوار نہیں ہوتا اور نہ کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہنتا ہوں اور نہ ریشمی حاشیے والی قمیص پہنتا ہوں اور فرمایا کہ مردوں کی خوشبو میں خوشبو ہوتی ہے اور رنگ نہیں ہوتا

www.alahazratnetwork.org



النِّسَاءِ لَوْنٌ لَا رِيحَ لَهُ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗد)

جبکہ عورتوں کی خوشبو میں رنگ ہوتا ہے اور خوشبو نہیں ہوتی۔
(ابوداؤد)

۴۱۵۸ ۔ وَعَنْ أَبِي رَيْحَانَةَ قَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَأَنْ يَجْعَلَ الرَّجُلُ فِي أَسْفَلِ ثِيَابِهِ حَرِيرًا مِثْلَ الْأَعَاجِمِ أَوْ يَجْعَلَ عَلَى مَنْكِبَيْهِ حَرِيرًا مِثْلَ الْأَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبَى وَعَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَلُبُوْسِ الْخَاتَمِ إِلَّا لِذِي سُلْطَانٍ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)
۴۶

حضرت ابوریحانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس کاموں سے منع فرمایا ہے:۔ دانت پتلے کروانے گدوانے، سفید بال اکھاڑنے، مرد کے ساتھ مرد کا اور عورت کے ساتھ عورت کا بغیر کپڑوں کے لیٹنے اور آدمی کا اپنے بیٹھنے کے کپڑے میں عجمیوں کی طرح ریشم لگانے، اپنے کندھوں پر ریشم لگانے عجمیوں کی طرح، چیتے کی کھال پر سوار ہونے اور انگوٹھی پہننے سے ماسوائے بادشاہ کے۔
(ابوداؤد، نسائی)

۴۱۵۹ ۔ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمَيَاثِرِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَبِي دَاوٗدَ قَالَ نَهَى عَنْ مَيَاثِرِ الْأُرْجُوَانِ۔
۴۷

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سونے کی انگوٹھی پہننے، نیز قسّی پہننے اور ارغوانی گدوں سے منع فرمایا (ترمذی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں فرمایا کہ سرخ زین پوش سے منع فرمایا۔

۴۱۶۰ ۔ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَرْكَبُوا الْخَزَّ وَلَا النِّمَارَ۔
۴۸
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ریشمی زین پوش اور چیتے کی کھال پر سوار نہ ہوا کرو۔ (ابوداؤد، نسائی)

۴۱۶۱ ۔ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ۔
۴۹
(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سرخ رنگ کے ریشمی زین پوش سے منع فرمایا ہے۔ (شرح السنہ)

۴۱۶۲ ۔ وَعَنْ أَبِي رِمْثَةَ التَّيْمِيِّ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ وَلَهُ شَعْرٌ قَدْ عَلَاهُ الشَّيْبُ وَشَيْبُهُ أَحْمَرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَبِي دَاوٗدَ وَهُوَ ذُوْ وَفْرَةٍ وَبِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ)
۵۰

حضرت ابورمثہ تیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ کے اوپر دو سبز کپڑے تھے اور آپ کے کپڑوں سے بڑھاپا ظاہر ہونے لگا تھا اور وہ موئے مبارک سرخ تھے (ترمذی) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ گیسوئے مبارک تا بہ گوش تھے جنہیں مہندی سے رنگا ہوا تھا۔

۴۱۶۳ ۔ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَاكِيًا فَخَرَجَ يَتَوَكَّأُ عَلَى أُسَامَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قِطْرِيٌّ قَدْ تَوَشَّحَ بِهِ فَصَلَّى بِهِمْ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)
۵۱

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طبیعت ناساز تھی تو آپ حضرت اسامہ کا سہارا لے کر باہر تشریف لائے اور آپ کے اوپر قطر کا کپڑا تھا جو لپیٹا ہوا تھا۔ پس لوگوں کو نماز پڑھائی (شرح السنہ)

۴۱۶۴ / ۵۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قِطْرِيَّانِ غَلِيظَانِ وَكَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلَا عَلَيْهِ فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلَانٍ الْيَهُودِيِّ فَقُلْتُ لَوْ بَعَثْتَ إِلَيْهِ فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ مَا تُرِيدُ إِنَّمَا تُرِيدُ أَنْ تَذْهَبَ بِمَالِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ قَدْ عَلِمَ أَنِّي مِنْ أَتْقَاهُمْ وَآدَاهُمْ لِلْأَمَانَةِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو موٹے قطری کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ جب آپ بیٹھتے تو پسینے کے باعث وہ بھاری ہو جاتے۔ پس شام سے فلاں یہودی کا کپڑا آیا تو میں عرض گزار ہوئی، کاش! آپ کسی کو بھیج کر دو کپڑے اُس سے رقم آنے تک اُدھار خرید لیں۔ آپ نے ایک آدمی کو بھیجا تو اُس (یہودی) نے کہا: میں جانتا ہوں جو آپ چاہتے ہیں، آپ چاہتے ہیں کہ میرا مال ہضم کر لیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جھوٹ بولتا ہے جبکہ بخوبی جانتا ہے کہ میں اُن میں سب سے پرہیزگار اور سب سے بہتر ادا کرنے والا ہوں۔ (ترمذی، نسائی)

۴۱۶۵ / ۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ مَصْبُوغٌ بِعُصْفُرٍ مُوَرَّدًا فَقَالَ مَا هٰذَا فَعَرَفْتُ مَا كَرِهَ فَانْطَلَقْتُ فَأَحْرَقْتُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِكَ قُلْتُ أَحْرَقْتُهُ قَالَ أَفَلَا كَسَوْتَهُ بَعْضَ أَهْلِكَ فَإِنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ لِلنِّسَاءِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا کہ میرے اوپر کسم کا رنگا ہوا گلابی کپڑا تھا۔ فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ میں جان گیا کہ ناپسند ہے۔ میں گیا اور اُسے جلا دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے اپنے کپڑے کا کیا بنایا؟ عرض گزار ہوا کہ اُسے جلا دیا ہے۔ فرمایا کہ گھر میں کسی عورت کو کیوں نہ پہنایا، کیونکہ عورتوں کے لیے اسے پہننے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(ابو داؤد)

۴۱۶۶ / ۵۴ وَعَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يَخْطُبُ عَلَى بَغْلَةٍ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ أَحْمَرُ وَعَلِيٌّ أَمَامَهُ يُعَبِّرُ عَنْهُ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

ہلال بن عامر سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منیٰ میں خچر پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا جبکہ آپ کے اوپر سُرخ چادر تھی اور حضرت علی آپ کے سامنے ارشاداتِ عالیہ کا مطلب بیان کر رہے تھے۔ (ابو داؤد)

۴۱۶۷ / ۵۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صُنِعَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَةٌ سَوْدَاءُ فَلَبِسَهَا فَلَمَّا عَرِقَ فِيهَا وَجَدَ رِيحَ الصُّوفِ فَقَذَفَهَا۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سیاہ چادر بنائی گئی۔ آپ نے اُسے استعمال کیا۔ جب پسینہ آتا تو اُس میں سے اُون کی بُو آتی تو اُسے پھینک دیا۔

(ابو داؤد)

۴۱۶۸ / ۵۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلَى قَدَمَيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ ایک چادر میں لپٹے ہوئے تھے اور اُس کا پھندنا آپ کے مبارک قدموں پر پڑا ہوا تھا۔ (ابو داؤد)

۴۱۶۹ وَعَنْ دِحْيَةَ بْنِ خَلِيفَةَ …

حضرت دحیہ بن خلیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ …

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ اصْدَعْهَا صَدْعَيْنِ فَاقْطَعْ اَحَدَهُمَا قَمِيْصًا وَّاَعْطِ الْاٰخَرَ امْرَاَتَكَ تَخْتَمِرُ بِهٖ فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ وَاْمُرِ امْرَاَتَكَ اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهٗ ثَوْبًا لَّا يَصِفُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

ایک قبطی کپڑا مجھے عطا فرمایا اور ارشاد ہوا کہ اس کے دو حصے کر لینا۔ ایک سے اپنی قمیص کٹوا لینا اور دوسرا اپنی بیوی کو دے دینا کہ اس کا دوپٹہ بنا لیں۔ جب پیٹھ پھیری تو فرمایا کہ اپنی بیوی کو حکم دینا کہ اس کے نیچے کپڑا رکھیں تاکہ جسم کا پتہ نہ لگے۔ (ابوداؤد)

۴۱۷۰/۵۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ لَيَّةً لَّا لَيَّتَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے اور انھوں نے دوپٹہ اوڑھا ہوا تھا۔ فرمایا کہ ایک پیچ کافی ہے نہ کہ دو پیچ۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۱۷۱/۵۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ اِزَارِيْ اسْتِرْخَاءٌ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ ارْفَعْ اِزَارَكَ فَرَفَعْتُهٗ ثُمَّ قَالَ زِدْ فَزِدْتُّ فَمَا زِلْتُ اَتَحَرَّاهَا بَعْدُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اِلٰى اَيْنَ فَقَالَ اِلٰى اَنْصَافِ السَّاقَيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا اور میری ازار میں درازی تھی۔ فرمایا کہ اے عبداللہ! اپنی ازار اٹھا لو پس میں نے اٹھائی۔ پھر فرمایا کہ اور اٹھاؤ۔ میں نے اور اٹھائی۔ اس کے بعد میں ہمیشہ کوشش کرتا رہا۔ بعض لوگوں نے کہا کہ کہاں تک؟ کہا کہ نصف پنڈلیوں تک۔ (مسلم)

۴۱۷۲/۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِزَارِيْ يَسْتَرْخِيْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاهَدَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ لَسْتَ مِمَّنْ يَّفْعَلُهٗ خُيَلَاءَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو تکبر کی وجہ سے اپنا کپڑا لٹکائے تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس کی طرف نظر نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابوبکر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میری چادر لٹک جاتی ہے حالانکہ میں اُس کا خیال رکھتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تم اُن میں سے نہیں ہو جو تکبر کی وجہ سے ایسا کرتے ہیں۔ (بخاری)

۴۱۷۳/۶۱ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَاْتَزِرُ فَيَضَعُ حَاشِيَةَ اِزَارِهٖ مِنْ مُّقَدَّمِهٖ عَلٰى ظَهْرِ قَدَمِهٖ وَيَرْفَعُ مِنْ مُّؤَخَّرِهٖ قُلْتُ لِمَ تَاْتَزِرُ هٰذِهِ الْاِزْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتَزِرُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

عکرمہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا کہ ازار باندھتے تو سامنے کی جانب سے اُس کا کنارا اپنے قدموں کی پشت پر رکھتے اور پیچھے سے اُونچی رکھتے۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ اس طرح ازار کیوں باندھتے ہیں؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی طرح ازار باندھتے ہوئے دیکھا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۱۷۴/۶۲ وَعَنْ عُبَادَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْعَمَائِمِ فَاِنَّهَا سِيْمَاءُ الْمَلٰٓئِكَةِ

حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عمامہ باندھا کرو کیونکہ یہ فرشتوں کی نشانی ہے

www.alahazratnetwork.org



وَارْخُوْهَا خَلْفَ ظُهُوْرِكُمْ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

اور اُن کا شملہ اپنے پیچھے رکھا کرو۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۱۷۵ / ۶۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَسْمَاءَ بِنْتَ اَبِيْ بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَقَالَ يَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيْضَ لَنْ يَصْلُحْ اَنْ يُرٰى مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَهٰذَا وَاَشَارَ اِلٰى وَجْهِهٖ وَكَفَّيْهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت اسماء بنت ابو بکر حاضر ہوئیں اور اُن کے اوپر باریک کپڑا تھا۔ تو آپ نے اُن سے منہ پھیر لیا اور فرمایا:۔ اے اسماء! جس وقت عورت بالغ ہو جائے تو اُس کے لیے درست نہیں ہے کہ اُن کا کوئی حصہ نظر آئے ماسوائے اِن کے اور اپنے چہرے اور ہتھیلیوں کی طرف اشارہ فرمایا۔ (ابو داؤد)

۴۱۷۶ / ۶۴ وَعَنْ اَبِيْ مَطَرٍ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا اشْتَرٰى ثَوْبًا بِثَلٰثَةِ دَرَاهِمَ فَلَمَّا لَبِسَهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَزَقَنِيْ مِنَ الرِّيَاشِ مَا اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِي النَّاسِ وَاُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابو مطر سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تین درہم کا کپڑا خریدا۔ جب اُسے پہنا تو کہا: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے زینت کا لباس عطا فرمایا جس سے لوگوں میں خوبصورتی حاصل کرتا ہوں اور اپنے ستر کو چھپاتا ہوں۔ پھر فرمایا کہ اسی طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کہتے ہوئے سُنا۔

(احمد)

۴۱۷۷ / ۶۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَوْبًا جَدِيْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ ثُمَّ عَمَدَ اِلَى الثَّوْبِ الَّذِيْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ كَانَ فِيْ كَنَفِ اللّٰهِ وَفِيْ حِفْظِ اللّٰهِ وَفِيْ سِتْرِ اللّٰهِ حَيًّا وَّمَيِّتًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نیا کپڑا پہنا تو کہا: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں زینت حاصل کرتا ہوں۔ پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو نیا کپڑا پہنے تو کہے: سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے لباس پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا اور اپنی زندگی میں زینت حاصل کرتا ہوں۔ پھر پُرانے کپڑے کو لے کر اُسے خیرات کر دے تو وہ زندگی اور موت کے اندر اللہ کی پناہ، اللہ کی حفاظت اور اللہ کے پردے میں رہے گا (احمد، ترمذی، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۱۷۸ / ۶۶ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِيْ عَلْقَمَةَ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ دَخَلَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلٰى عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا خِمَارٌ رَقِيْقٌ فَشَقَّتْهُ عَائِشَةُ وَكَسَتْهَا خِمَارًا كَثِيْفًا۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

علقمہ بن ابو علقمہ سے روایت ہے کہ اُن کی والدۂ ماجدہ نے فرمایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حضرت حفصہ بنت عبد الرحمٰن حاضر ہوئیں جن کے اوپر باریک دوپٹہ تھا تو حضرت عائشہ نے اُسے پھاڑ دیا اور اُنھیں موٹا دوپٹہ اُڑھا دیا۔

(مالک)

۴۱۷۹/۶۷ وَعَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَیْمَنَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَةَ وَعَلَیْهَا دِرْعٌ قِطْرِیٌّ ثَمَنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَقَالَتْ اِرْفَعْ بَصَرَكَ اِلٰی جَارِیَتِیْ اُنْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّهَا تُزْهٰی اَنْ تَلْبَسَهٗ فِی الْبَیْتِ وَقَدْ كَانَ لِیْ مِنْهَا دِرْعٌ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ تُقَیَّنُ بِالْمَدِیْنَةِ اِلَّا اَرْسَلَتْ اِلَیَّ تَسْتَعِیْرُهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

عبدالواحد بن ایمن سے روایت ہے کہ ان کے والدِ ماجد نے فرمایا: میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا جن کے اوپر پانچ درہم کی قطری قمیص تھی۔ فرمایا کہ نگاہیں اُٹھاؤ اور میری لونڈی کو دیکھو کہ برا سے گھر میں پہننا بھی پسند نہیں کرتی۔ حالانکہ اس کپڑے کی قمیص میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں بھی تھی اور جس لڑکی کو مدینہ منورہ میں دلہن بنایا جاتا تو وہ قمیص مجھ سے عاریتاً منگوا لیتی تھی۔

(بخاری)

۴۱۸۰/۶۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا قَبَاءَ دِیْبَاجٍ اُهْدِیَ لَهٗ ثُمَّ اَوْشَكَ اَنْ نَزَعَهٗ فَاَرْسَلَ بِهٖ اِلٰی عُمَرَ فَقِیْلَ قَدْ اَوْشَكَ مَا انْتَزَعْتَهٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ نَهَانِیْ عَنْهُ جِبْرِیْلُ فَجَاءَ عُمَرُ یَبْكِیْ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَرِهْتَ اَمْرًا وَاَعْطَیْتَنِیْهِ فَمَا لِیْ فَقَالَ اِنِّیْ لَمْ اُعْطِكَهٗ تَلْبَسُهٗ اِنَّمَا اَعْطَیْتُكَهٗ تَبِیْعُهٗ فَبَاعَهٗ بِاَلْفَیْ دِرْهَمٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ریشمی قبا پہنی جو آپ کو تحفے میں دی گئی تھی۔ پھر جلدی سے اُسے اُتارا اور حضرت عمر کی طرف بھیج دیا۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! آپ نے اسے بہت جلدی اُتار دیا۔ فرمایا کہ جبرئیل نے مجھے اس سے منع کیا ہے۔ پس حضرت عمر روتے ہوئے آئے اور عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ایک چیز کو آپ ناپسند فرماتے ہیں اور وہ مجھے دے دی۔ میرا کیا حال ہوگا؟ فرمایا کہ میں نے تمہیں پہننے کے لیے نہیں دی۔ میں نے یہ فروخت کرنے کے لیے دی ہے۔ پس انہوں نے وہ دو ہزار درہم میں بیچ دی۔ (مسلم)

۴۱۸۱/۶۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمَتِ مِنَ الْحَرِیْرِ فَاَمَّا الْعَلَمُ وَسَدَی الثَّوْبِ فَلَا بَاْسَ بِهٖ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑے سے منع فرمایا ہے لیکن نشان اور تانا ریشمی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(ابوداؤد)

۴۱۸۲/۷۰ وَعَنْ اَبِیْ رَجَاءٍ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ وَعَلَیْهِ مُطْرَفٌ مِنْ خَزٍّ وَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ نِعْمَةً فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ اَنْ یُّرٰی اَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰی عَبْدِهٖ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

ابورجاء کا بیان ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور ان کے اوپر ریشمی نقش و نگار والی چادر تھی اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جس کو اللہ تعالیٰ کسی نعمت سے نوازے تو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے کہ اس نعمت کا اثر اس کے بندے سے ظاہر ہو۔ (احمد)

۴۱۸۳/۷۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُلْ مَا شِئْتَ وَالْبَسْ مَا شِئْتَ مَا اَخْطَاَتْكَ اثْنَتَانِ سَرَفٌ وَّمَخِیْلَةٌ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَةِ بَابٍ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: کھاؤ جو چاہو اور پہنو جو چاہو جبکہ دو چیزیں تم سے دور رہیں یعنی فضول خرچی اور شیخی۔ روایت کیا اسے بخاری نے ترجمۃ الباب میں۔

۴۱۸۴/۷۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ

عمرو بن شعیب، ان کے والدِ ماجد، ان کے جدِ امجد سے روایت

www.alahazratnetwork.org



جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَتَصَدَّقُوْا وَالْبَسُوْا مَا لَمْ يُخَالِطْ اِسْرَافٌ وَّلَا مَخِيْلَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھاؤ، پیو، صدقہ کرو اور پہنو، جب تک فضول خرچی اور شیخی کی ملاوٹ نہ کرو۔

(احمد، نسائی، ابن ماجہ)

۴۱۸۵ [۴۳] وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا زُرْتُمُ اللّٰهَ فِيْ قُبُوْرِكُمْ وَمَسَاجِدِكُمُ الْبَيَاضُ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین لباس جس سے تم اپنی قبروں اور مسجدوں میں اللہ سے ملو، سفید ہے۔

(ابن ماجہ)

# بَابُ الْخَاتَمِ

# انگوٹھی کا بیان

## پہلی فصل

۴۱۸۶ [۱] عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ وَّجَعَلَهٗ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ اَلْقَاهُ ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِّنْ وَّرِقٍ نُقِشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ لَا يَنْقُشَنَّ اَحَدٌ عَلٰى نَقْشِ خَاتَمِيْ هٰذَا وَكَانَ اِذَا لَبِسَهٗ جَعَلَ فَصَّهٗ مِمَّا يَلِيْ بَطْنَ كَفِّهٖ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوائی اور ایک روایت میں ہے کہ اُسے دائیں دست مبارک میں پہنا۔ پھر اُسے پھینک دیا اور چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس میں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ نقش کروایا اور فرمایا کہ کوئی میری انگوٹھی جیسا نقش نہ کروائے اور جب آپ اُسے پہنتے تو اس کے نگینے کو ہتھیلی کی جانب رکھتے۔

(متفق علیہ)

۴۱۸۷ [۲] وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ وَعَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ فِي الرُّكُوْعِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قسی اور کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہننے سے منع فرمایا ہے اور سونے کی انگوٹھی سے اور رکوع میں قرآن مجید پڑھنے سے۔

(مسلم)

۴۱۸۸ [۳] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى خَاتَمًا مِّنْ ذَهَبٍ فِيْ يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِّنْ نَّارٍ فَيَجْعَلُهَا فِيْ يَدِهٖ فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ خَاتَمَكَ انْتَفِعْ بِهٖ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَّقَدْ طَرَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو اُسے اتار کر پھینک دیا۔ پھر فرمایا کہ تم میں سے کوئی آگ کی چنگاری کا قصد کرتا اور اُسے اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اُس آدمی سے کہا گیا کہ اپنی انگوٹھی لے لو اور اس سے نفع حاصل کرو۔ کہا: خدا کی قسم! اُسے ہرگز نہیں لوں گا جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھینک دیا۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



۴۱۸۹ / ۴ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ یَّکْتُبَ اِلٰی کِسْرٰی وَقَیْصَرَ وَالنَّجَاشِیِّ فَقِیْلَ اِنَّھُمْ لَا یَقْبَلُوْنَ کِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ فَصَاغَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا حَلْقَۃً فِضَّۃٍ نُقِشَ فِیْہِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ کَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلٰثَۃَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَّرَسُوْلُ سَطْرٌ وَّاللّٰہِ سَطْرٌ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ قیصر، کسریٰ اور نجاشی کے لیے خط لکھیں۔ عرض کی گئی کہ وہ بغیر مہر کے خط کو قبول نہیں کرتے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس میں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ نقش کروایا۔ (مسلم) اور بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ انگوٹھی کا نقش تین سطروں میں تھا۔ ایک سطر میں لفظ مُحَمَّدٌ دوسری میں رَسُوْلُ اور تیسری میں لفظ اللّٰہِ تھا۔

۴۱۹۰ / ۵ وَعَنْہُ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ خَاتَمُہٗ مِنْ فِضَّۃٍ وَّکَانَ فَصُّہٗ مِنْہُ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتری چاندی کی تھی اور اسی کا نگینہ تھا۔ (بخاری)

۴۱۹۱ / ۶ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَبِسَ خَاتَمَ فِضَّۃٍ فِیْ یَمِیْنِہٖ فِیْہِ فَصٌّ حَبَشِیٌّ کَانَ یَجْعَلُ فَصَّہٗ مِمَّا یَلِیْ کَفَّہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دائیں دستِ مبارک میں چاندی کی انگوٹھی پہنی اور اس میں حبشی نگینہ تھا اور نگینے کو اپنی ہتھیلی کی جانب رکھا کرتے تھے۔ (متفق علیہ)

۴۱۹۲ / ۷ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ خَاتَمُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھٰذِہٖ وَاَشَارَ اِلَی الْخِنْصَرِ مِنْ یَّدِہِ الْیُسْرٰی۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک انگشتری اس میں ہوتی تھی اور اپنے بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کی طرف اشارہ فرمایا۔ (مسلم)

۴۱۹۳ / ۸ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ نَھَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَخَتَّمَ فِیْ اِصْبَعِیْ ھٰذِہٖ اَوْ ھٰذِہٖ قَالَ فَاَوْمٰی اِلَی الْوُسْطٰی وَالَّتِیْ تَلِیْھَا۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے منع فرمایا کہ اپنی اس انگلی اور اس انگلی میں انگوٹھی پہنوں۔ راوی کا بیان ہے کہ انھوں نے اپنی درمیانی اور اس کے نزدیک والی انگلی کی طرف اشارہ فرمایا۔ (مسلم)۔

## دوسری فصل

۴۱۹۴ / ۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَمِیْنِہٖ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَرَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ عَنْ عَلِیٍّ)

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دائیں دستِ مبارک میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے (ابن ماجہ) اور ابوداؤد و نسائی نے اسے حضرت علی سے روایت کیا ہے۔

۴۱۹۵ / ۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَسَارِہٖ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے بائیں دستِ مبارک میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

www.alahazratnetwork.org



۴۱۹۶ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ حَرِيْرًا[11] فَجَعَلَهٗ فِيْ يَمِيْنِهٖ وَاَخَذَ ذَهَبًا فَجَعَلَهٗ فِيْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذَيْنِ حَرَامٌ عَلٰى ذُكُوْرِ اُمَّتِيْ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم کو اپنے داہنے دستِ مبارک میں لیا اور سونے کو اپنے دوسرے دستِ کرم میں لیا۔ پھر فرمایا کہ یہ دونوں میری اُمّت کے مردوں پر حرام ہیں۔
(احمد، ابوداؤد، نسائی)

۴۱۹۷ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى[12] عَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَعَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ اِلَّا مُقَطَّعًا۔　(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چیتے کی کھال پر سوار ہونے اور سونا پہننے سے منع فرمایا ہے مگر جبکہ یہ ریزہ ریزہ ہو۔ (ابوداؤد، نسائی)

۴۱۹۸ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ[13] لِرَجُلٍ عَلَيْهِ خَاتَمٌ مِّنْ شَبَهٍ مَالِيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ الْاَصْنَامِ فَطَرَحَهٗ ثُمَّ جَآءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِّنْ حَدِيْدٍ فَقَالَ مَالِيْ اَرٰى عَلَيْكَ حِلْيَةَ اَهْلِ النَّارِ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ اَتَّخِذُهٗ قَالَ مِنْ وَّرِقٍ وَّلَا تُتِمَّهٗ مِثْقَالًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ) وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ وَقَدْ صَحَّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي الصَّدَاقِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ اِلْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا جس نے تانبے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی :- بات کیا ہے کہ مجھے تم سے بتوں کی بو آ رہی ہے؟ اُس نے وہ پھینک دی اور لوہے کی انگوٹھی پہن کر حاضرِ بارگاہ ہوا۔ فرمایا کیا بات ہے کہ میں تم پر جہنمیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں۔ اُس نے وہ بھی پھینک دی اور عرض گزار ہوا :- یا رسول اللہ! میں کس چیز کی پہنوں؟ فرمایا کہ چاندی کی اور پورے ایک مثقال کی نہ ہو (ترمذی، ابوداؤد، نسائی) اور امام محی السنۃ نے کہا کہ حضرت سہل بن سعد کی مہر کے متعلق حدیث سے یہ بات صحیح ثابت ہو چکی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا:- تلاش کرو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہی ملے۔

۴۱۹۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[14] يَكْرَهُ عَشْرَ خِلَالٍ اَلصُّفْرَةَ يَعْنِي الْخَلُوْقَ وَتَغْيِيْرَ الشَّيْبِ وَجَرَّ الْاِزَارِ وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّيْنَةِ لِغَيْرِ مَحَلِّهَا وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ وَالرُّقٰى اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ وَعَقْدَ التَّمَائِمِ وَعَزْلَ الْمَآءِ لِغَيْرِ مَحَلِّهٖ وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحَرِّمِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دس باتوں کو ناپسند فرماتے تھے :- زردی یعنی خلوق کا استعمال، بالوں کی سفیدی بدلنا، ازار گھسیٹنا، سونے کی انگوٹھی پہننا، عورت کا نامناسب جگہ پر زینت ظاہر کرنا، پانسے کھیلنا، معوذات کے سوا دم کرنا، غیر شرعی تعویذ باندھنا، منی کو غلط جگہ ڈالنا، بچے کی صحت بگاڑنا جبکہ یہ حرام نہیں ہے۔
(ابوداؤد، نسائی)

۴۲۰۰ وَعَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَوْلَاةً لَّهُمْ ذَهَبَتْ بِابْنَةِ الزُّبَيْرِ[15] اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَفِيْ رِجْلِهَا اَجْرَاسٌ فَقَطَعَهَا عُمَرُ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانٌ۔

حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُن کی ایک مولاۃ حضرت زبیر کی ایک لڑکی کو حضرت عمر کی خدمت میں لے گئی جس کے پیروں میں گھنگرو تھے۔ حضرت عمر نے وہ کاٹ دیئے اور فرمایا :- میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ہر

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُد)

۴۲۰۱/۱۶ وَعَنْ بُنَانَةَ مَوْلَاةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَيَّانَ الْأَنْصَارِيِّ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ إِذْ دُخِلَتْ عَلَيْهَا بِجَارِيَةٍ وَعَلَيْهَا جَلَاجِلُ يُصَوِّتْنَ فَقَالَتْ لَا تُدْخِلْنَهَا عَلَيَّ إِلَّا أَنْ تَقْطَعْنَ جَلَاجِلَهَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ جَرَسٌ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُد)

۴۲۰۲/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ طَرَفَةَ أَنَّ جَدَّهٗ عَرْفَجَةَ بْنَ أَسْعَدَ قُطِعَ أَنْفُهٗ يَوْمَ الْكُلَابِ فَاتَّخَذَ أَنْفًا مِّنْ وَّرِقٍ فَأَنْتَنَ عَلَيْهِ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّتَّخِذَ أَنْفًا مِّنْ ذَهَبٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

۴۲۰۳/۱۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّحَلِّقَ حَبِيْبَهٗ حَلْقَةً مِّنْ نَّارٍ فَلْيُحَلِّقْهُ حَلْقَةً مِّنْ ذَهَبٍ وَّمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّطَوِّقَ حَبِيْبَهٗ طَوْقًا مِّنْ نَّارٍ فَلْيُطَوِّقْهُ طَوْقًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُّسَوِّرَ حَبِيْبَهٗ سِوَارًا مِّنْ نَّارٍ فَلْيُسَوِّرْهُ سِوَارًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ فَالْعَبُوْا بِهَا۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُد)

۴۲۰۴/۱۹ وَعَنْ أَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ تَقَلَّدَتْ قِلَادَةً مِّنْ ذَهَبٍ قُلِّدَتْ فِيْ عُنُقِهَا مِثْلَهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ جَعَلَتْ فِيْ أُذُنِهَا خُرْصًا مِّنْ ذَهَبٍ جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ أُذُنِهَا مِثْلَهٗ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَآئِيُّ)

۴۲۰۵/۲۰ وَعَنْ أُخْتٍ لِّحُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

عبدالرحمٰن بن حیان انصاری کی بنانہ نامی مولاۃ سے روایت ہے وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھیں کہ ایک لڑکی کو اُن کی خدمت میں لایا گیا جس نے آواز والی جھانجھ پہن رکھی تھی۔ فرمایا کہ اِسے میرے پاس نہ لائیں مگر اس کے گھنگرو کاٹ کر کیونکہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ فرشتے اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں گھنٹی ہو۔

(ابوداؤد)

عبدالرحمٰن بن طرفہ سے روایت ہے کہ اُن کے جدِ امجد حضرت عرفجہ بن اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ناک جنگ کلاب میں کاٹ دی گئی تھی۔ اُنھوں نے چاندی کی ناک چڑھوائی تو اُس سے بدبو آنے لگی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں سونے کی ناک چڑھوانے کا حکم فرمایا۔

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پسند کرے کہ اُس کے پیارے کو آگ کا حلقہ پہنایا جائے تو وہ اُسے سونے کی بالی پہنا دے اور جو چاہے کہ اس کے لاڈلے کو آگ کا طوق پہنایا جائے تو وہ اُسے سونے کا طوق پہنا دے اور جو چاہے کہ اُس کے لاڈلے کو آگ کے کنگن پہنائے جائیں تو وہ سونے کے کنگن پہنا دے۔ تم چاندی لے لو اور اُس سے کھیلو

(ابوداؤد)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت سونے کا ہار پہنے گی قیامت کے روز اُس کی گردن میں آگ کا ہار پہنایا جائے گا اور جو عورت اپنے کانوں میں سونے کی بالیاں پہنے گی تو قیامت کے روز اُس کے کانوں میں ایسی ہی آگ کی بالیاں پہنائی جائیں گی۔

(ابوداؤد، نسائی)

اُختِ حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ اَمَا لَکُنَّ فِی الْفِضَّۃِ مَا تُحَلِّیْنَ بِہٖ اَمَا اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْکُنَّ امْرَاَۃٌ تُحَلّٰی ذَھَبًا تُظْھِرُہٗ اِلَّا عُذِّبَتْ بِہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورتوں کی جماعت! تم چاندی کے زیور کیوں نہیں پہنتیں؟ جبکہ تم میں سے کوئی عورت نہیں جو دکھانے کے لیے سونے کا زیور پہنے گی مگر اُسی کے ساتھ اُسے عذاب دیا جائے گا۔

(ابوداؤد، نسائی)

## تیسری فصل

۴۲۰۶ عَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
۲۱ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَمْنَعُ اَھْلَ الْحِلْیَۃِ وَالْحَرِیْرِ وَیَقُوْلُ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ حِلْیَۃَ الْجَنَّۃِ وَحَرِیْرَھَا فَلَا تَلْبَسُوْھَا فِی الدُّنْیَا۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیور اور ریشم والوں کو منع کرتے اور فرمایا کرتے: اگر تم جنتی زیور اور اس کا ریشم چاہتے ہو تو دنیا میں انھیں نہ پہنو۔

(نسائی)

۴۲۰۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
۲۲ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَہٗ قَالَ شَغَلَنِیْ ھٰذَا عَنْکُمْ مُنْذُ الْیَوْمِ اِلَیْہِ نَظْرَۃٌ وَاِلَیْکُمْ نَظْرَۃٌ ثُمَّ اَلْقَاہُ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک انگوٹھی بنوا کر پہنی اور فرمایا: اس نے آج مجھے تمہاری طرف سے مشغول رکھا کہ ایک نظر اس کی طرف اور ایک نظر تمہاری طرف رہی پھر اُسے پھینک دیا۔ (نسائی)

۴۲۰۸ وَعَنْ مَالِکٍ قَالَ اَنَا اَکْرَہُ اَنْ یُلْبَسَ الْغِلْمَانُ
۲۳ شَیْئًا مِّنَ الذَّھَبِ لِاَنَّہٗ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّھَبِ فَاَنَا اَکْرَہُہٗ لِلرِّجَالِ الْکَبِیْرِ مِنْھُمْ وَالصَّغِیْرِ۔ (رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّا)

امام مالک سے روایت ہے کہ بچوں کو سونا پہنانے کو میں ناپسند کرتا ہوں کیونکہ مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ پس میں مردوں سے ہر بڑے اور چھوٹے کے لیے ناپسند کرتا ہوں۔

(موطا)

# بَابُ النِّعَالِ

# جوتوں کا بیان

## پہلی فصل

۴۲۰۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
۱ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِیْ لَیْسَ فِیْھَا شَعْرٌ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسے نعلین مبارک پہنتے دیکھا جن میں بال نہیں تھے۔ (بخاری)

۴۲۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ نَعْلَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ
۲ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَھَا قِبَالَانِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعلین مبارک کے دو تسمے ہوتے تھے۔ (بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۴۲۱۱ [3] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا يَقُوْلُ اسْتَكْثِرُوْا مِنَ النِّعَالِ فَإِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک غزوہ کے دوران فرماتے ہوئے سُنا: جوتے زیادہ پہنا کرو کیونکہ آدمی سوار کی طرح ہوتا ہے جب تک جوتے پہنے رہے۔

(مسلم)

۴۲۱۲ [4] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَءْ بِالْيُمْنٰى وَإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَءْ بِالشِّمَالِ لِتَكُنِ الْيُمْنٰى أَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَاٰخِرَهُمَا تُنْزَعُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جوتے پہنے تو دائیں جانب سے شروع کرے اور جب اُتارے تو بائیں طرف سے ابتدا کرے یعنی پہنتے وقت داہنا پہلے اور اُتارتے وقت آخر میں رہے۔ (متفق علیہ)۔

۴۲۱۳ [5] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْشِي أَحَدُكُمْ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ لِيُحْفِهِمَا جَمِيْعًا أَوْ لِيُنْعِلْهُمَا جَمِيْعًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایک جوتا پہن کر نہ چلے۔ چاہیے کہ دونوں کو اُتار دے یا دونوں جوتے پہن لے۔

(متفق علیہ)

۴۲۱۴ [6] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهِ فَلَا يَمْشِ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ حَتّٰى يُصْلِحَ شِسْعَهُ وَلَا يَمْشِ فِي خُفٍّ وَاحِدٍ وَلَا يَأْكُلْ بِشِمَالِهِ وَلَا يَحْتَبِيْ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا يَلْتَحِفُ الصَّمَّاءَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو ایک جوتا پہن کر نہ چلے جب تک کہ دوسرے جوتے کا تسمہ درست نہ ہو جائے اور ایک موزہ پہن کر نہ چلے اور بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور ایک ہی کپڑے میں پیٹ نہ بن جائے اور کپڑا اس طرح نہ لپیٹے کہ شرم گاہ کھلی رہے۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۴۲۱۵ [7] عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ لِنَعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہر نعل مبارک کے دو تسمے ہوتے اور ہر تسمہ دُوہرا ہوتا۔ (ترمذی)۔

۴۲۱۶ [8] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ آدمی کھڑا ہو کر جوتے پہنے (ابوداؤد)۔
اور ترمذی و ابن ماجہ نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔

۴۲۱۷ [9] وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رُبَّمَا مَشَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کبھی کبھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک نعل مبارک

www.alahazratnetwork.org



وَفِی رِوَایَۃٍ اَنَّھَا مَشَتْ بِنَعْلٍ وَّاحِدَۃٍ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا اَصَحُّ)

پہن کر بھی چلتے تھے۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ ایک نعل مبارک پہن کر چلے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ زیادہ صحیح ہے۔

۴۲۱۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّۃِ اِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ اَنْ یَّخْلَعَ نَعْلَیْہِ فَیَضَعَھُمَا بِجَنْبِہٖ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: سنت ہے کہ جب آدمی بیٹھے تو اپنے جوتے اتارے اور انہیں اپنے پہلو میں رکھے۔
(ابو داؤد)

۴۲۱۹ وَعَنِ ابْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ النَّجَاشِیَّ اَھْدٰی اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُفَّیْنِ اَسْوَدَیْنِ سَاذَجَیْنِ فَلَبِسَھُمَا۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَزَادَ التِّرْمِذِیُّ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَیْھِمَا۔

ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دو سیاہ موزے تحفے کے طور پر بھیجے تو آپ نے وہ پہن لیے (ابن ماجہ)۔ اور ترمذی نے ابن بریدہ سے بواسطہ ان کے والد ماجد کے یہ بھی کہا: پھر آپ نے وضو فرمایا اور دونوں کے اوپر مسح کیا۔

# بَابُ التَّرَجُّلِ
# کنگھی کرنے کا بیان

## پہلی فصل

۴۲۲۰ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک میں کنگھی کر دیتی حالانکہ میں حائضہ ہوتی۔ (متفق علیہ)۔

۴۲۲۱ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْفِطْرَۃُ خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دائمی سنتیں پانچ ہیں۔ ختنہ کرنا، موئے زیر ناف صاف کرنا، مونچھیں پست کرنا، ناخن کاٹنا اور بغلوں کے بال اکھاڑنا۔ (متفق علیہ)۔

۴۲۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِکِیْنَ اَوْفِرُوا اللِّحٰی وَاَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَنْھِکُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰی۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں کی مخالفت کرو یعنی داڑھیاں بڑھاؤ اور مونچھیں پست کرو۔ ایک اور روایت میں ہے کہ مونچھیں نیچی کرو اور داڑھیاں بڑھاؤ۔ (متفق علیہ)

۴۲۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ وُقِّتَ لَنَا فِیْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِیْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ الْاِبِطِ وَحَلْقِ الْعَانَۃِ اَنْ لَّا [illegible]

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے لیے وقت مقرر کر دیا گیا ہے کہ مونچھیں پست کرنے، ناخن کاٹنے، بغلوں کے بال اکھاڑ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



۴۲۲۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
۵
وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی لَا یَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود و نصاریٰ خضاب نہیں کرتے لہٰذا تم اُن کی مخالفت کرو۔ (متفق علیہ)۔

۴۲۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِیَ بِاَبِیْ قُحَافَةَ یَوْمَ فَتْحِ
۶
مَکَّةَ وَرَاْسُهٗ وَلِحْیَتُهٗ کَالثَّغَامَةِ بَیَاضًا فَقَالَ النَّبِیُّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوْا هٰذَا بِشَیْءٍ وَّاجْتَنِبُوا
السَّوَادَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ فتح مکہ کے روز حضرت ابو قحافہ کو حاضر بارگاہ کیا گیا تو اُن کا سر اور داڑھی ثغامہ کی طرح سفید تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کا رنگ بدل دو لیکن سیاہ رنگ سے بچنا۔ (مسلم)

۴۲۲۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی
۷
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ مُوَافَقَةَ اَهْلِ الْکِتَابِ فِیْمَا لَمْ
یُؤْمَرْ فِیْهِ وَکَانَ اَهْلُ الْکِتَابِ یَسْدِلُوْنَ اَشْعَارَهُمْ
وَکَانَ الْمُشْرِکُوْنَ یَفْرُقُوْنَ رُءُوْسَهُمْ فَسَدَلَ النَّبِیُّ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَاصِیَتَهٗ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل کتاب کی موافقت پسند فرماتے جس کام کے لیے حکم نہ فرمایا جاتا۔ اہل کتاب اپنے بالوں کو چھوڑتے تھے جبکہ مشرکین اپنے سروں میں مانگ نکالتے تھے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیشانی مبارک کے بال چھوڑے رکھتے۔ پھر بعد میں مانگ نکالنے لگے۔
(متفق علیہ)

۴۲۲۷ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ
۸
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَنْهٰی عَنِ الْقَزَعِ قِیْلَ لِنَافِعٍ
مَا الْقَزَعُ قَالَ یُحْلَقُ بَعْضُ رَاْسِ الصَّبِیِّ وَیُتْرَکُ
الْبَعْضُ وَاَلْحَقَ بَعْضُهُمُ التَّفْسِیْرَ بِالْحَدِیْثِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قزع سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے۔ نافع سے کہا گیا کہ قزع کیا ہے؟ فرمایا کہ بچے کا سر مونڈنا اور کچھ چھوڑ دینا۔ (متفق علیہ)۔

۴۲۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
۹
وَسَلَّمَ رَاٰی صَبِیًّا قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِهٖ وَتُرِکَ بَعْضُهٗ
فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِکَ وَقَالَ احْلِقُوْا کُلَّهٗ اَوِ اتْرُکُوْا
کُلَّهٗ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بچے کو دیکھا جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا اور کچھ چھوڑ دیا گیا تھا۔ آپ نے ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا: سارا مونڈو یا سارا چھوڑ دو۔ (مسلم)

۴۲۲۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ النَّبِیُّ صَلَّی
۱۰
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ
مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ بُیُوْتِکُمْ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں کی وضع اختیار کرنے والے مردوں اور مردوں کی طرح بننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے اور فرمایا کہ انھیں اپنے گھروں سے نکال دیا کرو۔ (بخاری)

۴۲۳۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ
۱۱
سَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَ
الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مردوں کی مشابہت کرنے والی عورتوں اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے۔
(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۴۲۳۱ / ۱۲ وعن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لعن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة۔

(متفق عليه)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بالوں کو ملانے والی، ملوانے والی گودنے والی اور گدوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

(متفق علیہ)

۴۲۳۲ / ۱۳ وعن عبد الله بن مسعود قال لعن الله الواشمات والمستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله فجاءته امرأة فقالت انه بلغني انك لعنت كيت وكيت فقال ما لي لا العن من لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن هو في كتاب الله فقالت لقد قرأت ما بين اللوحين فما وجدت فيه ما تقول قال لئن كنت قرأتيه لقد وجدتيه اما قرأت ما اتكم الرسول فخذوه وما نهكم عنه فانتهوا قالت بلى قال فانه قد نهى عنه۔

(متفق عليه)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے گودنے والی گدوانے والی، بال چننے والی، خوبصورتی کے لیے دانت چھلے کرانے والی اور اللہ کی پیدائش کو بدلنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ پس ایک عورت اُن کے پاس آئی اور کہا: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ فلاں فلاں قسم کی عورتوں پر لعنت کرتے ہیں؟ فرمایا کہ میں کیوں نہ اُس پر لعنت کروں جس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت کی اور وہ اللہ کی کتاب میں ہو۔ کہا کہ میں نے سارا قرآن مجید پڑھا ہے، لیکن اُس میں وہ بات نہیں جو آپ کہتے ہیں۔ فرمایا کہ اگر تم غور سے پڑھتیں تو اُسے پا لیتیں اور ضرور پڑھتیں: اور رسول جو تمہیں دیں اُسے لو اور جس چیز سے منع کریں اُس سے رُک جاؤ (۵۹: ۷) کہنے لگی کیوں نہیں۔ فرمایا تو اسی کے ذریعے آپ نے منع فرمایا ہے (متفق علیہ)۔

۴۲۳۳ / ۱۴ وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العين حق ونهى عن الوشم۔

(رواه البخاري)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نظرِ بد کا لگنا حق ہے اور گودنے سے منع فرمایا۔ (بخاری)

۴۲۳۴ / ۱۵ وعن ابن عمر قال لقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ملبدا۔

(رواه البخاري)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بال چپکائے ہوئے دیکھا۔

(بخاری)

۴۲۳۵ / ۱۶ وعن انس قال نهى النبي صلى الله عليه وسلم ان يتزعفر الرجل۔

(متفق عليه)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرد کو زعفرانی رنگ استعمال کرنے سے منع فرمایا ہے۔

(متفق علیہ)

۴۲۳۶ / ۱۷ وعن عائشة قالت كنت اطيب النبي صلى الله عليه وسلم باطيب ما نجد حتى اجد وبيص الطيب في رأسه ولحيته۔

(متفق عليه)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہترین خوشبو لگاتی جو میسر آجاتی۔ یہاں تک کہ میں خوشبو کی چمک آپ کے سرِ اقدس اور ریش مبارک میں پاتی۔

(متفق علیہ)

۴۲۳۷ / ۱۸ وعن نافع قال كان ابن عمر اذا استجمر

نافع نے فرمایا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب دھونی لیتے

www.alahazratnetwork.org



اِسْتَجْمَرَ بِالْاَلُوَّةِ غَيْرَ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُوْرٍ يَطْرَحُهٗ مَعَ الْاَلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تو لوبان غیر مخلوط کی دھونی لیا کرتے یا کافور بھی لوبان کے ساتھ ڈال لیتے اور فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح دھونی لیا کرتے تھے۔ (مسلم)۔

## دوسری فصل

۴۲۳۸/۱۹ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ اَوْ يَاْخُذُ مِنْ شَارِبِهٖ وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ صَلَوَاتُ الرَّحْمٰنِ عَلَيْهِ يَفْعَلُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی مبارک مونچھوں سے کترتے یا لیتے اور اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی ایسا ہی کیا کرتے۔ (ترمذی)

۴۲۳۹/۲۰ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَاْخُذْ مِنْ شَارِبِهٖ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی مونچھوں سے ذرا نہ کترے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (احمد، ترمذی، نسائی)۔

۴۲۴۰/۲۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ مِنْ لِّحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ریش مبارک کے طول و عرض سے کچھ لیا کرتے تھے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۲۴۱/۲۲ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلَيْهِ خَلُوْقًا فَقَالَ اَلَكَ امْرَاَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت یعلیٰ بن مرّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے اوپر خلوق دیکھی تو فرمایا: کیا تمہاری بیوی ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ اسے دھولو، پھر دھولو پھر دھولو اور پھر اسے نہ لگانا (ترمذی، نسائی)

۴۲۴۲/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ فِيْ جَسَدِهٖ شَيْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس آدمی کی نماز قبول نہیں فرماتا جس کے جسم پر ذرا بھی خلوق لگی ہوئی ہو۔ (ابو داؤد)

۴۲۴۳/۲۴ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سَفَرٍ وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُوْنِيْ بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں سفر سے اپنے گھر والوں کے پاس لوٹا تو میرے دونوں ہاتھ پھٹے ہوئے تھے تو گھر والوں نے زعفران والی خلوق کا لیپ کر دیا۔ اگلے روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سلام عرض کیا تو آپ نے جواب نہ دیا اور فرمایا کہ جا کر اسے دھو ڈالو۔ (ابو داؤد)

۴۲۴۴/۲۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طِیْبُ الرِّجَالِ مَا ظَہَرَ رِیْحُہٗ وَخَفِیَ لَوْنُہٗ وَطِیْبُ النِّسَآءِ مَا ظَہَرَ لَوْنُہٗ وَخَفِیَ رِیْحُہٗ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَآئِیُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کی خوشبو وہ ہے جس کی بُو ظاہر اور رنگ چھپا رہے جبکہ عورتوں کی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ ظاہر اور بُو چھپی رہے (ترمذی، نسائی)

۴۲۴۵/۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُکَّۃٌ یَتَطَیَّبُ مِنْہَا۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک کپی تھی جس سے خوشبو لگایا کرتے تھے۔
(ابوداؤد)

۴۲۴۶/۲۷ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُکْثِرُ دَہْنَ رَأْسِہٖ وَتَسْرِیْحَ لِحْیَتِہٖ وَیُکْثِرُ الْقِنَاعَ کَاَنَّ ثَوْبَہٗ ثَوْبُ زَیَّاتٍ۔
(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر مبارک میں اکثر تیل لگاتے اور ریش مبارک میں کنگھی کرتے۔ اکثر سر اقدس پر کپڑا رکھتے جو تیلی کے کپڑوں کی طرح معلوم ہوتا۔
(شرح السنہ)

۴۲۴۷/۲۸ وَعَنْ اُمِّ ہَانِیءٍ قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَیْنَا بِمَکَّۃَ قَدْمَۃً وَلَہٗ اَرْبَعُ غَدَائِرَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اُمّ ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ کے چار گیسوئے مبارک تھے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۲۴۸/۲۹ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ اِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَأْسَہٗ صَدَعْتُ فَرْقَہٗ عَنْ یَافُوْخِہٖ وَاَرْسَلْتُ نَاصِیَتَہٗ بَیْنَ عَیْنَیْہِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جب میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک میں مانگ نکالتی اور آپ کے "تالو مبارک سے مانگ نکالنا شروع کرتی تو پیشانی کے بالوں کو چشمانِ مبارک کے درمیان چھوڑتی۔ (ابوداؤد)۔

۴۲۴۹/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَالنَّسَآئِیُّ)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے منع فرمایا ہے مگر ایک روز کا ناغہ کر کے (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

۴۲۵۰/۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفَضَالَۃَ ابْنِ عُبَیْدٍ مَالِیْ اَرَاکَ شَعِثًا قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَنْہَانَا عَنْ کَثِیْرٍ مِّنَ الْاِرْفَاہِ قَالَ مَالِیْ لَا اَرٰی عَلَیْکَ حِذَآءً قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْمُرُنَا اَنْ نَّحْتَفِیَ اَحْیَانًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت فضالہ بن عُبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ میں آپ کے بال بکھرے ہوئے کیوں دیکھ رہا ہوں؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں زیادہ زیب و زینت سے منع فرمایا ہے۔ کہا کہ میں آپ کے پیروں میں جوتے کیوں نہیں دیکھتا؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں حکم فرماتے کہ کبھی ننگے پیر بھی رہا کریں۔ (ابوداؤد)۔

۴۲۵۱/۳۲ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ لَہٗ شَعْرٌ فَلْیُکْرِمْہُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بال رکھے ہوئے ہوں تو اُن کا

www.alahazratnetwork.org



۴۲۵۲ / ۳۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُیِّرَ بِہِ الشَّیْبُ الْحِنَّاءُ وَالْکَتَمُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جن چیزوں سے بڑھاپے کو بدلا جاتا ہے، اُن میں سب سے بہتر مہندی اور وسمہ ہیں۔ (ترمذی، ابو داؤد، نسائی)۔

۴۲۵۳ / ۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ قَوْمٌ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ یَخْضِبُوْنَ بِھٰذَا السَّوَادِ کَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا یَجِدُوْنَ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جو اِس سیاہ رنگ سے خضاب کریں گے جیسے کبوتروں کے پوٹے۔ وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائیں گے۔ (ابو داؤد، نسائی)

۴۲۵۴ / ۳۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِیَّۃَ وَیُصَفِّرُ لِحْیَتَہٗ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یَفْعَلُ ذٰلِکَ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبتی نعلینِ مبارک پہنا کرتے اور ریش مبارک کو ورس اور زعفران سے رنگا کرتے اور حضرت ابن عمر بھی اسی طرح کیا کرتے۔ (نسائی)

۴۲۵۵ / ۳۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا اَحْسَنَ ھٰذَا قَالَ فَمَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْکَتَمِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا ثُمَّ مَرَّ اٰخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَۃِ فَقَالَ ھٰذَا اَحْسَنُ مِنْ ھٰذَا کُلِّہٖ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گزرا جس نے مہندی کا خضاب کیا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ کتنا اچھا ہے پھر دوسرا شخص گزرا جس نے مہندی اور وسمہ سے خضاب کیا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ اُس سے بھی اچھا ہے۔ پھر تیسرا شخص گزرا جس نے زردی سے خضاب کیا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ اُن سب سے زیادہ اچھا ہے۔ (ابو داؤد)۔

۴۲۵۶ / ۳۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوا الشَّیْبَ وَلَا تَشَبَّھُوْا بِالْیَھُوْدِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَرَوَاہُ النَّسَائِیُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَیْرِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپے کو بدلو اور یہود کی مشابہت نہ کرو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور نسائی نے حضرت ابن عمر اور حضرت زبیر سے روایت کیا۔

۴۲۵۷ / ۳۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّیْبَ فَاِنَّہٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِی الْاِسْلَامِ کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ بِھَا حَسَنَۃً وَّکَفَّرَ عَنْہُ بِھَا خَطِیْئَۃً وَّرَفَعَہٗ بِھَا دَرَجَۃً۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

عمرو بن شعیب اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفید بال نہ چنو کیونکہ وہ مسلمان کا نور ہے۔ جس کو اسلام میں سفیدی آئی تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے اِس کے باعث نیکیاں لکھے گا، اس کی وجہ سے اُس کی خطائیں معاف فرمائے گا اور اِس کے سبب اُس کے درجے بلند کرے گا۔ (ابو داؤد)

۴۲۵۸ / ۳۹ وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مُرَّۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِی الْاِسْلَامِ کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت کعب بن مُرّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اسلام کے اندر سفیدی آئی تو قیامت کے روز اُس کے لیے نور ہوگا۔ (ترمذی، نسائی)۔

www.alahazratnetwork.org



٤٢٥٩ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ[٤٠] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ -

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں غسل کر لیا کرتے تھے۔ آپ کے گیسوئے مبارک تا بگوش سے زیادہ اور تا بدوش سے کم تھے۔

(ترمذی)

٤٢٦٠ وَعَنِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ[٤١] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْاَسَدِيُّ لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِهٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِهٖ فَبَلَغَ ذٰلِكَ خُرَيْمًا فَاَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهٗ اِلٰى اُذُنَيْهِ وَرَفَعَ اِزَارَهٗ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ -

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے حضرت ابن الحنظلیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- خُریم اسدی بہت اچھا آدمی ہے جبکہ اُس کے بال تا بگوش سے زیادہ نہ ہوں اور ازار نیچی نہ رکھے۔ یہ بات حضرت خُریم تک پہنچی تو انھوں نے سر کے بالوں کو چھری سے کاٹ کر کانوں تک کر لیا اور اپنی ازار کو نصف پنڈلیوں تک اونچا کر لیا۔

(ابوداؤد)

٤٢٦١ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِيْ[٤٢] اُمِّيْ لَا اَجُزُّهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَاْخُذُهَا -

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرے گیسو دراز تھے۔ مجھ سے میری والدہ محترمہ نے فرمایا کہ میں انھیں نہیں کاٹوں گی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کو کھینچتے اور پکڑا کرتے تھے۔

(ابوداؤد)

٤٢٦٢ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[٤٣] وَسَلَّمَ اَمْهَلَ اٰلَ جَعْفَرٍ ثَلٰثًا ثُمَّ اَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوْا عَلٰى اَخِيْ بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوْا لِيْ بَنِيْ اَخِيْ فَجِيْءَ بِنَا كَاَنَّا اَفْرُخٌ فَقَالَ ادْعُوْا اِلَيَّ الْحَلَّاقَ فَاَمَرَهٗ فَحَلَقَ رُءُوْسَنَا -

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آلِ جعفر کو تین دن مہلت دی پھر اُن کے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ آج کے بعد میرے بھائی پر کوئی نہ روئے۔ پھر فرمایا کہ میرے بھتیجوں کو میرے پاس لاؤ۔ ہمیں لایا گیا گویا ہم چڑیا کے بچے تھے۔ فرمایا کہ حجام کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ پس اُسے حکم فرمایا تو اُس نے ہمارے سر مونڈے۔ (ابوداؤد، نسائی)

٤٢٦٣ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تَخْتِنُ[٤٤] بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِيْ فَاِنَّ ذٰلِكَ اَحْظٰى لِلْمَرْاَةِ وَاَحَبُّ اِلَى الْبَعْلِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ ضَعِيْفٌ وَّرَاوِيْهِ مَجْهُوْلٌ)

حضرت اُمِّ عطیہ انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت مدینہ منورہ میں ختنے کیا کرتی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھال زیادہ نہ کاٹا کرو کیونکہ یہ بات عورت کے لیے زیادہ لذت والی اور خاوند کو زیادہ پسند ہے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث ضعیف ہے اور اس کا ایک راوی مجہول ہے۔

٤٢٦٤ وَعَنْ كَرِيْمَةَ بِنْتِ هَمَّامٍ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ عَائِشَةَ[٤٥] عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ لَا بَاْسَ وَلٰكِنِّيْ اَكْرَهُهٗ كَانَ حَبِيْبِيْ يَكْرَهُ رِيْحَهٗ - (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کریمہ بنت ہمام سے روایت ہے کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مہندی کے خضاب کے متعلق پوچھا تو فرمایا۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن میں اسے ناپسند کرتی ہوں کیونکہ میرے محبوب اس کی بُو کو ناپسند فرماتے تھے (نسائی، ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۲۶۵ / ۴۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِيْ فَقَالَ لَا اُبَايِعُكِ حَتّٰى تُغَيِّرِيْ كَفَّيْكِ فَكَاَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ہند بنت عتبہ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! مجھے بیعت کر لیجیے۔ فرمایا کہ میں اُس وقت تک بیعت نہیں کروں گا جب تک تم اپنے ہاتھوں کی رنگت نہ بدل لو جو درندوں کے ہاتھوں جیسے ہیں۔ (ابوداؤد)

۴۲۶۶ / ۴۷ وَعَنْهَا قَالَتْ اَوْمَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ وَّرَاءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فَقَالَ مَا اَدْرِيْ اَيَدُ رَجُلٍ اَوْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَتْ بَلْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً لَغَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ يَعْنِيْ بِالْحِنَّاءِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ایک عورت نے پردے کے پیچھے سے اشارہ کیا جس کے ہاتھ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خط تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک کھینچ لیا اور فرمایا: مجھے نہیں معلوم کہ یہ مرد کا ہاتھ ہے یا عورت کا؟ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! عورت کا۔ فرمایا کہ اگر تم عورت ہو تو اپنے ناخنوں کا رنگ مہندی کے ساتھ بدل لو۔ (ابوداؤد۔ نسائی)۔

۴۲۶۷ / ۴۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ وَالْمُسْتَوْصِلَةُ وَالنَّامِصَةُ وَالْمُتَنَمِّصَةُ وَالْوَاشِمَةُ وَالْمُسْتَوْشِمَةُ مِنْ غَيْرِ دَاءٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: بالوں کو ملانے والی، ملوانے والی، بال چننے والی، بال چنوانے والی، گودنے والی اور بغیر کسی بیماری کے گدوانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی گئی ہے۔

(ابوداؤد)

۴۲۶۸ / ۴۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس مرد پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں جیسا لباس پہنے اور اُس عورت پر جو مردوں جیسا لباس پہنے۔ (ابوداؤد)

۴۲۶۹ / ۵۰ وَعَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ قِيْلَ لِعَائِشَةَ اِنَّ امْرَاَةً تَلْبَسُ النَّعْلَ قَالَتْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَةَ مِنَ النِّسَاءِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا گیا کہ عورت مردوں جیسے جوتے پہنتی ہے۔ فرمایا کہ مردوں سے مشابہت کرنے والی عورت پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۷۰ / ۵۱ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ كَانَ اٰخِرُ عَهْدِهٖ بِاِنْسَانٍ مِّنْ اَهْلِهٖ فَاطِمَةَ وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْهَا فَاطِمَةَ فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ وَقَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا اَوْ سِتْرًا عَلٰى بَابِهَا وَحَلَّتِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ فَقَدِمَ فَلَمْ يَدْخُلْ فَظَنَّتْ اَنَّ مَا مَنَعَهٗ اَنْ يَّدْخُلَ مَا رَاٰى فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَفَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَقَطَعَتْهُ مِنْهُمَا فَانْطَلَقَا اِلٰى رَسُوْلِ

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر کرتے تو اپنے گھر والوں میں سے سب سے آخر میں حضرت فاطمہ سے ملاقات کرتے اور واپسی پر سب سے پہلے حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے جاتے۔ ایک غزوہ سے آپ لوٹے تو انھوں نے دروازے پر ٹاٹ یا پردہ لٹکایا ہوا تھا نیز حسن اور حسین کو چاندی کے کنگن پہنائے ہوئے تھے۔ آپ چلے آئے اور اندر داخل نہ ہوئے۔ وہ جان گئیں کہ اس چیز کے دیکھنے نے آپ کو تشریف لانے سے روکا ہے لہٰذا پردہ پھاڑ دیا اور دونوں بچوں کے کنگن اتار دیے اور انھیں توڑ ڈالا۔ وہ دونوں

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيَانِ فَأَخَذَهُ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اذْهَبْ بِهٰذَا إِلَى آلِ فُلَانٍ إِنَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِي أَكْرَهُ أَنْ يَأْكُلُوا طَيِّبَاتِهِمْ فِي حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

روتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں گئے تو آپ نے دونوں سے انھیں لے کر فرمایا: اے ثوبان! انھیں لے کر آلِ فلاں کے پاس جاؤ کیونکہ یہ میرے گھر والے ہیں، میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنی پاکیزہ چیزیں دُنیا کی زندگی میں کھالیں۔ اے ثوبان! فاطمہ کے لیے عصب کی ہڈی کا ہار اور ہاتھی دانت کے دو کنگن خرید لاؤ۔

(احمد، ابوداؤد)

۴۲۷۱ ۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوا بِالْإِثْمِدِ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلٰثَةً فِي هٰذِهٖ وَثَلٰثَةً فِي هٰذِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اثمد کا سرمہ لگایا کرو کیونکہ وہ نگاہ کو تیز کرتا اور بال اُگاتا ہے۔ اُن کا گمان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سرمہ دانی ہوتی جس سے رات میں روزانہ تین سلائی اس آنکھ میں اور تین دوسری آنکھ میں لگایا کرتے۔

(ترمذی)

۴۲۷۲ ۵۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ أَنْ يَنَامَ بِالْإِثْمِدِ ثَلٰثًا فِي كُلِّ عَيْنٍ قَالَ وَقَالَ إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُودُ وَالسَّعُوطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْإِثْمِدُ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَإِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُونَ فِيهِ يَوْمُ سَبْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ تِسْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ إِحْدٰى وَعِشْرِينَ وَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهٖ مَا مَرَّ عَلٰى مَلَإٍ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ إِلَّا قَالُوا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سونے سے پہلے ہر آنکھ میں اثمد سرمہ تین تین سلائی لگاتے اور فرمایا کہ جو تم علاج کرتے ہو اُن میں بہتر ہیں لیپ کرنا، نسوار لینا، پچھنے لگوانا اور جلاب لینا ہے اور جو تم سُرمے لگاتے ہو اُن میں بہتر اثمد ہے کیونکہ وہ بینائی کو روشن کرتا اور بال اُگاتا ہے اور جن میں تم پچھنے لگواتے ہو اُن میں سترھواں، انیسواں، اور اکیسواں روز بہتر ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب معراج ہوئی تو فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے گزرے تو انھوں نے کہا کہ پچھنے لگوانے کو لازمی اختیار کرو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۲۷۳ ۵۴ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُولِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ أَنْ يَدْخُلُوا بِالْمَيَازِرِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مردوں اور عورتوں کو حماموں میں داخل ہونے سے روکا۔ پھر مردوں کو اجازت دی کہ ازار باندھ کر داخل ہو جایا کریں

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۲۷۴ ۵۵ وَعَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ قَدِمَ عَلٰى عَائِشَةَ نِسْوَةٌ مِنْ أَهْلِ حِمْصَ فَقَالَتْ مِنْ أَيْنَ أَنْتُنَّ قُلْنَ مِنَ الشَّامِ قَالَتْ فَلَعَلَّكُنَّ مِنَ الْكُورَةِ الَّتِي تَدْخُلُ

ابوالملیح نے فرمایا کہ حمص والوں کی چند عورتیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ فرمایا کہ تم کہاں سے ہو؟ عرض گزار ہوئیں کہ شام سے۔ فرمایا کہ شاید تم اُس علاقے کی عورتیں ہو جہاں عورتیں

www.alahazratnetwork.org



نِسَاءُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ بَلٰى قَالَتْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَخْلَعُ امْرَاَةٌ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا اِلَّا هَتَكَتِ السِّتْرَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا وَفِيْ رِوَايَةٍ فِيْ غَيْرِ بَيْتِهَا اِلَّا هَتَكَتْ سِتْرَهَا فِيْمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

بھی حماموں میں داخل ہوتی ہیں۔ ہم نے کہا، کیوں نہیں۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جو عورت اپنے خاوند کے گھر کے سوا کسی دوسرے گھر میں کپڑے اُتارے تو اُس کے اور اُس کے رب کے درمیان جو پردہ ہوتا ہے وہ پردہ پھٹ جاتا ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ اپنے گھر کے سوا، مگر اُس کا وہ پردہ پھٹ جاتا ہے جو اُس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتا ہے۔ (ترمذی، ابو داؤد)

۴۲۷۵ / ۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتُفْتَحُ لَكُمْ اَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِيْهَا بُيُوْتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ اِلَّا بِالْاُزُرِ وَامْنَعُوْهَا النِّسَاءَ اِلَّا مَرِيْضَةً اَوْ نُفَسَاءَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم عجمی علاقوں کو فتح کرو گے اور تم اُن میں ایسے گھر بھی پاؤ گے جن کو حمام کہا جائے گا تو مرد اُن میں داخل نہ ہوں مگر ازار باندھ کر اور عورتوں کو اُن میں داخل ہونے سے منع کرنا، ماسوائے مریضہ اور نفاس والی کے۔

(ابو داؤد)

۴۲۷۶ / ۵۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ اِزَارٍ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُدْخِلْ حَلِيْلَتَهُ الْحَمَّامَ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَجْلِسْ عَلٰى مَائِدَةٍ تُدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں بغیر ازار کے داخل نہ ہو۔ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی بیوی کو حمام میں داخل نہ ہونے دے اور جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اُس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چلتا ہو۔

(ترمذی، نسائی)

## تیسری فصل

۴۲۷۷ / ۵۸ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ سُئِلَ اَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ شِئْتُ اَنْ اَعُدَّ شَمَطَاتٍ كُنَّ فِيْ رَاْسِهٖ فَعَلْتُ قَالَ وَلَمْ يَخْتَضِبْ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَّقَدِ اخْتَضَبَ اَبُوْ بَكْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ بَحْتًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خضاب کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: اگر میں حضور کے سرِ مبارک کے سفید بالوں کو گننا چاہتا تو گن سکتا تھا۔ فرمایا اور آپ نے خضاب نہیں لگایا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابو بکر نے مہندی اور وسمہ کا خضاب کیا جبکہ حضرت عمر نے صرف مہندی کا خضاب کیا۔

(متفق علیہ)

۴۲۷۸ / ۵۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ كَانَ يُصَفِّرُ لِحْيَتَهٗ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى يَمْتَلِئَ ثِيَابُهٗ مِنَ الصُّفْرَةِ فَقِيْلَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ اپنی ریش مبارک کو زردی سے رنگا کرتے تھے یہاں تک کہ اُن کے کپڑوں پر زردی

www.alahazratnetwork.org



لِمَ تَصْبَغُ بِالصُّفْرَةِ قَالَ إِنِّي رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبَغُ بِهَا وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ يَصْبَغُ بِهَا ثِيَابَهُ كُلَّهَا حَتّٰى عِمَامَتَهُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

لگ جاتی۔ اُن سے کہا گیا کہ آپ زردی سے کیوں رنگتے ہیں؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کے ساتھ رنگتے ہوئے دیکھا ہے جبکہ میرے نزدیک اتباعِ رسول سے پیاری کوئی چیز نہیں اور اس کے ساتھ آپ کے کپڑے بھی رنگے جاتے یہاں تک کہ عمامہ مبارک بھی (ابوداؤد، نسائی)

۴۲۷۹ / ۶۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيْنَا شَعْرًا مِنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوْبًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

عثمان بن عبداللہ بن موہب کا بیان ہے کہ میں حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک بالوں میں سے ایک خضاب کیا ہوا موئے مبارک ہمارے پاس لائیں۔ (بخاری)

۴۲۸۰ / ۶۱ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوْا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهٖ فَنُفِيَ إِلَى النَّقِيْعِ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَا نَقْتُلُهُ فَقَالَ إِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّيْنَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مخنث سے فرمایا جس نے اپنے ہاتھ اور پیر مہندی سے رنگے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کا کیا حال ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ عورتوں کی مشابہت اختیار کرتا ہے۔ بس آپ نے حکم فرمایا تو اُسے نقیع کی طرف جلاوطن کر دیا گیا۔ کہا گیا کہ یا رسول اللہ! کیا ہم اس کو قتل نہ کر دیں؟ فرمایا کہ مجھے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۲۸۱ / ۶۲ وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ أَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُوْنَهُ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْءَ بِيْ إِلَيْهِ وَأَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِيْ مِنْ أَجْلِ الْخَلُوْقِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو فتح کیا تو مکہ والے اپنے بچوں کو آپ کے پاس لاتے۔ آپ اُن کے لیے دعائے برکت فرماتے اور اُن کے سروں پر ہاتھ پھیرتے۔ مجھے بھی آپ کی خدمت میں لایا گیا اور مجھے خلوق لگی ہوئی تھی تو خلوق کی وجہ سے مجھے آپ نے ہاتھ نہیں لگایا۔ (ابوداؤد)

۴۲۸۲ / ۶۳ وَعَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ أَنَّهٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِيْ جُمَّةً أَفَأُرَجِّلُهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا قَالَ فَكَانَ أَبُوْ قَتَادَةَ رُبَّمَا دَهَنَهَا فِي الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ مِنْ أَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَأَكْرِمْهَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے: میرے بال کندھوں تک ہیں، کیا میں ان میں کنگھی کروں؟ فرمایا ہاں اور ان کی عزت کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے "ہاں ان کی عزت کرو" فرمانے کے بموجب حضرت ابوقتادہ بعض اوقات دن میں دو مرتبہ بھی اُن میں تیل لگا لیتے۔ (مالک)

۴۲۸۳ / ۶۴ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانَ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِيْ أُخْتِي الْمُغِيْرَةُ قَالَتْ وَأَنْتَ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ أَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَأْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ احْلِقُوْا هٰذَيْنِ أَوْ قُصُّوْهُمَا

حجاج بن حسان نے فرمایا کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میری بہن حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ تم اُن دنوں لڑکے تھے اور تمہارے دو گیسو یا پیشانی کے دونوں جانب بال تھے تو حضور نے تمہارے سر پر

www.alahazratnetwork.org



وَاِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُوْدِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

ہاتھ پھیرا اور دعائے برکت فرمائی اللہ فرمایا کہ دونوں کو منڈا دو یا کترا دو کیونکہ یہ یہودیوں کا طریقہ ہے (ابوداؤد)

۴۲۸۴ / ۶۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَاْسَهَا۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ عورت اپنے سر کے بال منڈائے۔

(نسائی)

۴۲۸۵ / ۶۶ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّاْسِ وَاللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ يَاْمُرُهٗ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ ثَائِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ شَيْطَانٌ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مسجد میں تھے تو ایک آدمی اندر آیا جس کے سر اور داڑھی کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اُس کی طرف ہاتھ سے اشارہ فرمایا گویا بالوں کو درست کرنے کا حکم فرما رہے تھے۔ وہ ایسا ہی کر کے واپس آیا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا یہ اُس سے بہتر نہیں ہے کہ تم میں سے کوئی سر کے بال یوں بکھیرے ہے گویا کہ وہ شیطان ہے۔

(مالک)

۴۲۸۶ / ۶۷ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ سَمِعَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطَّيِّبَ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ابن المسیب کو فرماتے ہوئے سُنا گیا کہ اللہ تعالٰی پاک ہے اور پاکیزگی کو پسند فرماتا ہے۔ ستھرا ہے اور نظافت کو پسند فرماتا ہے کریم ہے اور کرم کرنے کو پسند فرماتا ہے۔ سخی ہے اور سخاوت کو پسند فرماتا ہے۔ پس صاف ستھرے رہو۔ میرے خیال میں فرمایا کہ اپنے صحنوں کو بھی صاف رکھو اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ مہاجر بن مسمار سے میں نے اس کا ذکر کیا تو کہا۔ مجھ سے حدیث بیان کی عامر بن سعد نے اپنے والد ماجد کے واسطے سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا اور یہ بھی ارشاد ہوا اپنے صحنوں کو بھی صاف رکھا کرو۔ (ترمذی)

۴۲۸۷ / ۶۸ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ اَوَّلَ النَّاسِ ضَيَّفَ الضَّيْفَ وَاَوَّلَ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَاَوَّلَ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَهٗ وَاَوَّلَ النَّاسِ رَاَى الشَّيْبَ فَقَالَ يَا رَبِّ مَا هٰذَا قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَارٌ يَّا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَبِّ زِدْنِيْ وَقَارًا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

یحیی بن سعید نے سعید بن مسیب کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام پہلے فرد ہیں جنھوں نے اپنی مونچھیں پست رکھیں اور پہلے انسان ہیں جنھوں نے مہمان کی ضیافت کی اور پہلے شخص ہیں جنھوں نے بڑھاپے کی سفیدی دیکھ کر گزارش کی کہ اے رب یہ کیا ہے؟۔ اللہ تبارک وتعالٰی نے فرمایا کہ ابراہیم! یہ وقار ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ اے رب! میرے وقار کو بڑھا۔ (مالک)

# بَابُ التَّصَاوِیْرِ — تصویروں کا بیان

## پہلی فصل

۴۲۸۸ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِکَةُ بَیْتًا فِیْہِ کَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِیْرُ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا رحمت کے فرشتے اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ (متفق علیہ)

۴۲۸۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَیْمُوْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ یَوْمًا وَّاجِمًا وَّقَالَ اِنَّ جِبْرِیْلَ کَانَ وَعَدَنِیْ اَنْ یَّلْقَانِی اللَّیْلَةَ فَلَمْ یَلْقَنِیْ اَمَ وَاللّٰہِ مَا اَخْلَفَنِیْ ثُمَّ وَقَعَ فِیْ نَفْسِہٖ جِرْوُ کَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَّہٗ فَاَمَرَ بِہٖ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَخَذَ بِیَدِہٖ مَآءً فَنَضَحَ مَکَانَہٗ فَلَمَّا اَمْسٰی لَقِیَہٗ جِبْرِیْلُ فَقَالَ لَقَدْ کُنْتَ وَعَدْتَّنِیْ اَنْ تَلْقَانِی الْبَارِحَةَ قَالَ اَجَلْ وَلٰکِنَّا لَا نَدْخُلُ بَیْتًا فِیْہِ کَلْبٌ وَّلَا صُوْرَةٌ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ فَاَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ حَتّٰٓی اَنَّہٗ یَاْمُرُ بِقَتْلِ کَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِیْرِ وَیَتْرُکُ کَلْبَ الْحَائِطِ الْکَبِیْرِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک روز صبح کے وقت رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غمگین اُٹھے۔ اور فرمایا کہ جبرئیل نے مجھ سے اس رات ملنے کا وعدہ کیا تھا لیکن ملنے نہ آئے حالانکہ خدا کی قسم انھوں نے کبھی وعدہ خلافی نہیں کی تھی۔ پھر آپ کے دل میں ایک پلّے کا خیال آیا جو آپ کے تخت کے نیچے تھا چنانچہ حکم دیا تو اُسے نکال دیا گیا۔ پھر دستِ مبارک میں پانی لے کر اُس جگہ پر چھڑکا۔ جب شام ہوئی تو حضرت جبرئیل ملاقات کے لیے حاضر ہوئے۔ فرمایا کہ تم نے تو مجھ سے گزشتہ رات ملنے کا وعدہ کیا تھا۔ عرض گزار ہوئے ہاں، لیکن ہم اُس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ صبح ہوئی تو اُس روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتّوں کو مار دینے کا حکم فرمایا۔ یہاں تک کہ آپ چھوٹے باغ کے کتے کو بھی مار دینے کا حکم فرماتے اور بڑے باغ کا کتا چھوڑ دیا جاتا۔ (مسلم)

۴۲۹۰ وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَتْرُکُ فِیْ بَیْتِہٖ شَیْئًا فِیْہِ تَصَالِیْبُ اِلَّا نَقَضَہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے کاشانۂ اقدس میں کوئی تصویر نہ چھوڑتے مگر اُسے توڑ دیتے۔ (بخاری)۔

۴۲۹۱ وَعَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِیْهَا تَصَاوِیْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَی الْبَابِ فَلَمْ یَدْخُلْ فَعَرَفْتُ فِیْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِیَةَ قَالَتْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ مَاذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَیْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَیْهَا

اُن سے ہی روایت ہے کہ انھوں نے ایک پردہ خریدا جس میں تصویریں تھیں جب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے دیکھا تو دروازے پر کھڑے ہو گئے اور اندر داخل نہ ہوئے۔ پس میں نے چہرۂ انور پر ناراضگی کے اثرات پہچان لیے۔ عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میں اللہ اور اُس کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں، میں نے کیا گناہ کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پردے کا کیا حال ہے؟ عرض

www.alahazratnetwork.org



لَهُمْ اَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَقَالَ اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰئِكَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تصویر والوں کو قیامت کے روز عذاب دیا جائے گا اور اُن سے کہا جائے گا کہ جو تم نے بنائی ہیں ان میں جان ڈالو اور فرمایا کہ جس گھر میں تصویر ہو اس میں رحمت کے فرشتے نازل نہیں ہوتے۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۲ وَعَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ قَدِ اتَّخَذَتْ عَلٰى سَهْوَةٍ لَهَا سِتْرًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ فَهَتَكَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ نُمْرُقَتَيْنِ فَكَانَتَا فِي الْبَيْتِ يَجْلِسُ عَلَيْهِمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ انھوں نے الماری کے اوپر پردہ ڈالا جس میں تصویریں تھیں تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے پھاڑ دیا۔ میں نے اُس کے دو تکیے بنا لیے جن پر حضور بیٹھا کرتے۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۳ وَعَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ غَزَاةٍ فَاَخَذْتُ نَمَطًا فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْبَابِ فَلَمَّا قَدِمَ فَرَاَى النَّمَطَ فَجَذَبَهُ حَتّٰى هَتَكَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَاْمُرْنَا اَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَالطِّيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غزوہ کے لیے نکلے تو میں نے ایک کپڑا لے کر اُس کا دروازے پر پردہ لٹکا دیا۔ جب آپ تشریف لائے اور آپ نے وہ کپڑا دیکھا تو اُسے کھینچا اور پھاڑ دیا۔ پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم نہیں فرمایا کہ ہم پتھروں اور مٹی کو لباس پہنائیں۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۴ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب سے سخت عذاب اُن لوگوں کو ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی شانِ تخلیق سے مقابلہ کرتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً اَوْ لِيَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْ شَعِيْرَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اُس سے بڑا ظالم کون ہے جو اُسی طرح چیز بنانے لگے جیسی میں نے بنائی۔ بھلا ایک ذرّہ تو بنائیں، ایک دانہ تو بنائیں، ایک جَو تو بنائیں۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عذاب تصویر بنانے والوں کو ہوگا۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ يُجْعَلُ لَهٗ بِكُلِّ صُوْرَةٍ صَوَّرَهَا نَفْسًا فَيُعَذِّبُهٗ فِيْ جَهَنَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَاصْنَعِ الشَّجَرَ وَمَا لَا رُوْحَ فِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہر تصویر بنانے والا جہنم میں جائے گا۔ ہر تصویر جو اُس نے بنائی ہوگی اُس کا جاندار بنایا جائے گا جو جہنم میں اُسے عذاب دے گا۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ اگر چارہ نہ ہو تو درخت وغیرہ چیزوں کی تصویر بنا لو جن میں روح نہیں ہے۔ (متفق علیہ)

۴۲۹۸ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[11] يَقُوْلُ مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلُمٍ لَمْ يَرَهُ كُلِّفَ اَنْ يَعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَفْعَلَ وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُوْنَ اَوْ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَكُلِّفَ اَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو ایسے خواب کو دیکھنے کا دعویٰ کرے جو اُس نے دیکھا نہ ہو تو وہ جَو کے دو دانوں میں گرہ لگانے کی تکلیف دیا جائے گا اور وہ نہیں کر سکے گا۔ جو کان لگا کر ایسے لوگوں کی بات سُنے جو اُسے ناپسند کرتے ہوں یا اُس سے بھاگتے ہوں تو قیامت کے روز اُس کے کانوں میں سیسہ ڈالا جائے گا اور جو کوئی تصویر بنائے اُسے عذاب دیا جائے گا اور تکلیف دی جائے گی کہ اُس میں روح پھونکے اور وہ روح نہیں ڈال سکے گا۔ (بخاری)

۴۲۹۹ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[12] قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيْرِ فَكَاَنَّمَا صَبَغَ يَدَهُ فِيْ لَحْمِ خِنْزِيْرٍ وَدَمِهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بُریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شطرنج کھیلا گویا اُس نے اپنے ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں رنگے۔

(مسلم)

## دوسری فصل

۴۳۰۰ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[13] اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ قَالَ اَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ يَمْنَعْنِيْ اَنْ اَكُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهُ كَانَ عَلَى الْبَابِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِي الْبَيْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِي الْبَيْتِ كَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِيْ عَلٰى بَابِ الْبَيْتِ فَيُقْطَعُ فَيَصِيْرُ كَهَيْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْيُقْطَعْ فَلْيُجْعَلْ وِسَادَتَيْنِ مَنْبُوْذَتَيْنِ تُوْطَاٰنِ وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَلْيُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حضرت جبرئیل میرے پاس آئے اور کہا میں گزشتہ رات حاضر ہوا تھا۔ مجھے اندر داخل ہونے میں کوئی رکاوٹ نہ تھی مگر دروازے پر تصویریں تھیں اور گھر کے اندر باریک پردہ تھا جس میں تصویریں تھیں اور گھر میں ایک کُتا تھا۔ دروازے کی تصویروں کے سر کاٹنے کا حکم فرمائیے تاکہ وہ درخت کی طرح رہ جائیں۔ پردے کو کاٹنے کا حکم فرمائیے کہ اُس کے دو سرہانے بنا لیے جائیں جو پھینکے رہیں اور روندے جائیں اور کُتّے کو نکال دینے کا حکم فرمائیے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۳۰۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[14] يَخْرُجُ عُنُقٌ مِّنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهَا عَيْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ يَّنْطِقُ يَقُوْلُ اِنِّيْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَالْمُصَوِّرِيْنَ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے روز جہنم سے ایک گردن نکلے گی جس کی دو آنکھیں ہوں گی دیکھنے والی اور دو کان ہوں گے سُننے والے اور ایک بولنے والی زبان ہوگی۔ وہ کہے گا کہ مجھے تین شخصوں پر مقرر فرمایا گیا ہے۔ ہر اُس شخص پر جو سرکش اور ظالم ہو، ہر اُس شخص پر جو خدا کے ساتھ دوسروں کی عبادت کرے اور تصویریں

www.alahazratnetwork.org



۴۳۰۲ / ۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْخَمْرَ وَالْمَيْسِرَ وَالْكُوْبَةَ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قِيْلَ الْكُوْبَةُ الطَّبْلُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے شراب، جوا اور کوبہ حرام فرمایا ہے اور فرمایا کہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے کہا گیا کہ "اَلْکُوْبَۃُ" طبلے کو کہتے ہیں۔ بیہقی نے اسے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۳۰۳ / ۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَالْكُوْبَةِ وَالْغُبَيْرَاءِ وَالْغُبَيْرَاءُ شَرَابٌ تَعْمَلُهُ الْحَبَشَةُ مِنَ الذُّرَةِ يُقَالُ لَهَا السُّكُرْكَةُ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب، جوئے، کوبہ اور غبیرہ سے منع فرمایا ہے۔ غبیرہ ایک شراب ہے جس کو حبشی لوگ جنوں سے بناتے ہیں اور اُسے سکرکہ کہا جاتا ہے۔ (ابو داؤد)

۴۳۰۴ / ۱۷ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شطرنج کھیلے اُس نے اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کی۔ (احمد، ابو داؤد)

۴۳۰۵ / ۱۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَتْبَعُ حَمَامَةً فَقَالَ شَيْطَانٌ يَتْبَعُ شَيْطَانَةً۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کبوتر کا پیچھا کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: شیطان شیطانہ کا پیچھا کر رہا ہے۔ روایت کیا اسے احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

## تیسری فصل

۴۳۰۶ / ۱۹ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ إِنِّيْ رَجُلٌ إِنَّمَا مَعِيْشَتِيْ مِنْ صَنْعَةِ يَدِيْ وَإِنِّيْ أَصْنَعُ هٰذِهِ التَّصَاوِيْرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَإِنَّ اللّٰهَ مُعَذِّبُهُ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهِ الرُّوْحَ وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا أَبَدًا فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَةً شَدِيْدَةً وَاصْفَرَّ وَجْهُهُ فَقَالَ وَيْحَكَ إِنْ أَبَيْتَ إِلَّا أَنْ تَصْنَعَ فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الشَّجَرِ وَكُلِّ شَيْءٍ لَيْسَ فِيْهِ رُوْحٌ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

سعید بن ابو الحسن کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تھا کہ ایک آدمی آ کر عرض گزار ہوا، اے ابن عباس! میں ہاتھ سے کام کرنے والا آدمی ہوں یعنی میں یہ تصویریں بناتا ہوں۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ میں تم سے حدیث بیان نہیں کرتا مگر جو میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، جو تصویر بنائے تو اللہ تعالیٰ اُسے عذاب دے گا۔ پس اُس آدمی نے ٹھنڈا سانس لیا اور اُس کے چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا۔ فرمایا کہ تم پر افسوس، اگر تم بنائے بغیر ایک رات گزارو۔ اس درخت کو لازم پکڑ لو اور ہر اُس چیز کو جس میں روح نہیں ہے۔

(بخاری)

---

۴۳۰۷ / ۲۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جب نبی کریم صلے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَکَرَ بَعْضُ نِسَآئِہٖ کَنِیْسَۃً یُّقَالُ لَھَا مَارِیَۃُ وَکَانَتْ اُمُّ سَلَمَۃَ وَاُمُّ حَبِیْبَۃَ اَتَتَا اَرْضَ الْحَبَشَۃِ فَذَکَرَتَا مِنْ حُسْنِھَا وَتَصَاوِیْرِ فِیْھَا فَرَفَعَ رَاْسَہٗ فَقَالَ اُولٰٓئِکَ اِذَا مَاتَ فِیْھِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلٰی قَبْرِہٖ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوْا فِیْہِ تِلْکَ الصُّوَرَ اُولٰٓئِکَ شِرَارُ خَلْقِ اللّٰہِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ کی کسی ازواج مطہرات میں سے کسی نے کنیسہ کا ذکر کیا جس کو ماریہ کہا جاتا تھا اور حضرت امّ سلمہ اور حضرت امّ حبیبہ سرزمین حبشہ سے آئی تھیں۔ انھوں نے اُس کی خوبصورتی کا ذکر کیا اور جو تصویریں اُس میں تھیں۔ آپ نے سرِ مبارک اٹھا کر فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُن میں کوئی نیک آدمی مرجاتا تو اُس کی قبر پر مسجد بنالیتے اور پھر اُس میں یہ تصویریں بنا دیتے۔ وہ اللہ کی مخلوق میں بدترین ہیں۔ (متفق علیہ)۔

۴۳۰۸/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَنْ قَتَلَ نَبِیًّا اَوْ قَتَلَہٗ نَبِیٌّ اَوْ قَتَلَ اَحَدَ وَالِدَیْہِ وَالْمُصَوِّرُوْنَ وَعَالِمٌ لَّمْ یَنْتَفِعْ بِعِلْمِہٖ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب سے سخت عذاب اُس شخص کو ہوگا جس نے کسی نبی کو قتل کیا یا جس کو کسی نبی نے قتل کیا یا اپنے والدین میں سے کسی ایک کو قتل کیا اور تصویر بنانے والوں کو اور اس عالم کو جس نے اپنے علم سے فائدہ حاصل نہ کیا۔ (بیہقی)

۴۳۰۹/۲۲ وَعَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ الشِّطْرَنْجُ ھُوَ مَیْسِرُ الْاَعَاجِمِ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

روایت ہے کہ حضرت علی فرمایا کرتے: شطرنج عجمیوں کا جوا ہے۔ (بیہقی)

۴۳۱۰/۲۳ وَعَنِ ابْنِ شِھَابٍ اَنَّ اَبَا مُوْسَی الْاَشْعَرِیَّ قَالَ لَا یَلْعَبُ بِالشِّطْرَنْجِ اِلَّا خَاطِئٌ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: شطرنج سے نہیں کھیلے گا مگر خطاکار۔ (بیہقی)

۴۳۱۱/۲۴ وَعَنْہُ اَنَّہٗ سُئِلَ عَنْ لَعِبِ الشِّطْرَنْجِ فَقَالَ ھِیَ مِنَ الْبَاطِلِ وَلَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْبَاطِلَ (رَوَی الْبَیْہَقِیُّ الْاَحَادِیْثَ الْاَرْبَعَۃَ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

اُن سے ہی شطرنج کھیلنے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: یہ باطل کا کھیل ہے اور اللہ تعالیٰ باطل کو پسند نہیں فرماتا (ان چاروں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔)

۴۳۱۲/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْتِیْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَھُمْ دَارٌ فَشَقَّ ذٰلِکَ عَلَیْھِمْ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ تَاْتِیْ دَارَ فُلَانٍ وَلَا تَاْتِیْ دَارَنَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ فِیْ دَارِکُمْ کَلْبًا قَالُوْا اِنَّ فِیْ دَارِھِمْ سِنَّوْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ السِّنَّوْرُ سَبُعٌ۔ (رَوَاہُ الدَّارَقُطْنِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک انصاری کے گھر تشریف لے جایا کرتے۔ اُن کے ساتھ ایک گھر تھا تو اُن پر یہ گراں گزرتا۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ فلاں کے گھر تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارے غریب خانے پہ جلوہ افروز نہیں ہوتے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے گھر کتا ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ اُن کے گھر بلی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلی تو درندوں سے ہے۔ (دار قطنی)۔

www.alahazratnetwork.org



# كِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰی [۱]

# طب اور جھاڑ پھونک کا بیان

## پہلی فصل

۴۳۱۳ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں اُتاری مگر اُس کے لیے شفا بھی نازل فرمائی ہے۔ (بخاری)

۴۳۱۴ [۲] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَاِذَا اُصِيْبَ دَوَاءُ الدَّاءِ بَرَءَ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بیماری کے لیے دوا ہے۔ جب دوا بیماری تک پہنچ جاتی ہے تو اللہ کے حکم سے وہ تندرست ہو جاتا ہے۔ (مسلم)۔

۴۳۱۵ [۳] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشِّفَاءُ فِیْ ثَلٰثٍ فِیْ شَرْطَةِ مِحْجَمٍ اَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ اَوْ كَيَّةٍ بِنَارٍ وَّاَنَا اَنْهٰى اُمَّتِیْ عَنِ الْكَیِّ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شفا تین چیزوں میں ہے یعنی پچھنے لگانے والے کے نشتر میں، شہد کے گھونٹ میں اور آگ سے داغ میں لیکن میں اپنی امت کو داغنے سے منع کرتا ہوں۔ (بخاری)

۴۳۱۶ [۴] وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رُمِیَ اُبَیٌّ يَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلٰى اَكْحَلِهٖ فَكَوَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ احزاب کے روز حضرت اُبی بن کعب کی رگِ حیات پر تیر لگا تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنھیں داغ دیا۔ (مسلم)

۴۳۱۷ [۵] وَعَنْهُ قَالَ رُمِیَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِیْ اَكْحَلِهٖ فَحَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ بِمِشْقَصٍ ثُمَّ وَرِمَتْ فَحَسَمَهُ الثَّانِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُنھوں نے ہی فرمایا کہ حضرت سعد بن معاذ کی رگِ حیات پر تیر مارا گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے تیر کے پیکان سے داغ دیا۔ پھر ورم آگیا تو آپ نے دوبارہ داغ دیا۔ (مسلم)

۴۳۱۸ [۶] وَعَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ طَبِيْبًا فَقَطَعَ مِنْهُ عِرْقًا ثُمَّ كَوَاهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُنھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت اُبی بن کعب کی طرف ایک طبیب کو بھیجا تو اُس نے اُن کی ایک رگ کاٹی اور اُس پر داغ دیا۔ (مسلم)

۴۳۱۹ [۷] وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِی الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ اِلَّا السَّامَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَلسَّامُ الْمَوْتُ وَالْحَبَّةُ السَّوْدَاءُ الشُّوْنِيْزُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ سیاہ دانے میں موت کے سوا ہر بیماری کی شفا ہے۔ ابن شہاب نے فرمایا کہ السّامُ سے موت اور سیاہ دانے سے کلونجی مراد ہے۔ (متفق علیہ)۔

۴۳۲۰ [۸] وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أَخِي اسْتَطْلَقَ بَطْنُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْقِهِ عَسَلًا فَسَقَاهُ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ لَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَاءَ الرَّابِعَةَ فَقَالَ اسْقِهِ عَسَلًا فَقَالَ لَقَدْ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ اللّٰهُ وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيكَ فَسَقَاهُ فَبَرَأَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۱ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[9] إِنَّ أَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۳ وَعَنْ أُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى[11] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَا تَدْغَرْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُودِ الْهِنْدِيِّ فَإِنَّ فِيهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى[12] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَأَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۵ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى[13] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ وَالنَّمْلَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۴۳۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ[14] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْتَرْقِيَ مِنَ الْعَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۳۲۷ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[15]

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرے بھائی کا پیٹ چل رہا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے شہد پلاؤ۔ اُس نے پلایا، پھر حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا کہ میں نے اُسے پلایا لیکن دست اور زیادہ ہونے لگے۔ تین مرتبہ آپ نے یہی فرمایا۔ پھر چوتھی مرتبہ آ کر عرض گزار ہوا تو فرمایا کہ اُسے شہد پلاؤ۔ عرض گزار ہوا کہ میں نے اُسے پلایا لیکن دست اور زیادہ آنے لگے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے اور تمہارے بھائی کا پیٹ جھوٹ بولتا ہے۔ پس اُس نے پھر پلایا تو وہ تندرست ہو گیا۔ (متفق علیہ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جن چیزوں کے ساتھ تم علاج کرتے ہو اُن میں پچھنے لگوانا اور قسط بحری بے مثل ہیں۔ (متفق علیہ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بچوں کو گلے دبا کر عذاب نہ دیا کرو بلکہ قسط استعمال کیا کرو۔ (متفق علیہ)

حضرت اُمّ قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گلے آنے پر اپنی اولاد کے گلے کیوں دباتی ہو بلکہ اس عودِ ہندی کو استعمال کیا کرو کہ اس میں سات چیزوں سے شفا ہے جن میں سے ذات الجنب بھی ہے گلے کی تکلیف میں نسوار کی جائے اور ذات الجنب میں لیپ کیا جائے۔ (متفق علیہ)۔

حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت رافع بن خدیج سے روایت ہے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بخار جہنم کے جوش سے ہے لہٰذا اسے پانی سے ٹھنڈا کیا کرو۔ (متفق علیہ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نظر لگنے، ڈس جانے اور غلہ بیماری میں دم کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ (مسلم)۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ہم نظر لگ جانے پر دم کروا لیا کریں۔ (متفق علیہ)

حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



صُفْرَۃٌ فَقَالَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

چھائیں تھی زرد رنگ کی تو فرمایا کہ اس پر دم کراؤ کیونکہ اسے نظر لگ گئی ہے۔
(متفق علیہ)

٤٣٢٨ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقٰى فَجَآءَ اٰلُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَانَتْ عِنْدَنَا رُقْيَةٌ نَرْقِيْ بِهَا مِنَ الْعَقْرَبِ وَاَنْتَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقٰى فَعَرَضُوْهَا عَلَيْهِ فَقَالَ مَا اَرٰى بِهَا بَاْسًا مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ۔
١٦
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دم کرنے سے منع فرمایا تو آلِ عمرو بن حزم حاضر بارگاہ ہوکر عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہمارے پاس دم کرنے کے الفاظ ہیں جن کے ذریعے ہم بچھو کے کاٹے پر دم کرتے ہیں اور آپ نے دم کرنے سے منع فرمایا ہے۔ انھوں نے آپ کے حضور وہ الفاظ دہرائے تو فرمایا کہ میں ان کوئی مضائقہ نہیں دیکھتا، لہٰذا جو تم میں اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکے تو ضرور پہنچائے۔
(مسلم)

٤٣٢٩ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَا بَاْسَ بِالرُّقٰى مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ۔
١٧
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ دورِ جاہلیت کے اندر ہم دم کیا کرتے تھے۔ پس ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ کا اس بارے میں کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ اپنے دم کرنے کے الفاظ مجھے سُنا دیا کرو کیونکہ اس دم میں کوئی مضائقہ نہیں جس میں شرک نہ ہو۔
(مسلم)

٤٣٣٠ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا۔
١٨
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر لگنا حقیقت ہے۔ اگر تقدیر پر کوئی چیز سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر ہوتی اور جب تم سے اعضاء دھونے کے لیے کہا جائے گا تو تم دھو دیا کرو۔ (مسلم)

## دوسری فصل

٤٣٣١ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَتَدَاوٰى قَالَ نَعَمْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَآءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ شِفَآءً غَيْرَ دَآءٍ وَّاحِدٍ اَلْهَرَمِ۔
١٩
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت اُسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ لوگ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! کیا ہم علاج کروایا کریں؟ فرمایا: ہاں اے اللہ کے بندو! علاج کروایا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں رکھی مگر اس کی شفا بھی مقرر فرمائی ہے سوائے ایک بڑھاپے کی بیماری کے۔
(احمد، ابو داؤد، ترمذی)

٤٣٣٢ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)
٢٠

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مریضوں کو کھانے پر مجبور نہ کیا کرو کیونکہ انھیں اللہ تعالیٰ کھلاتا پلاتا ہے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۳۳۳ ۲۱ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوَى اَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت اسعد بن زرارہ کو شوکہ کی بیماری کے باعث داغ دیا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۳۳۴ ۲۲ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَدَاوَى مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا کہ نمونیہ کا علاج ہم قسط بحری اور روغن زیتون سے کیا کریں۔

(ترمذی)

۴۳۳۵ ۲۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمونیہ میں روغن زیتون اور ورس تجویز فرمایا کرتے۔

(ترمذی)

۴۳۳۶ ۲۴ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَهَا بِمَا تَسْتَمْشِيْنَ قَالَتْ بِالشُّبْرُمِ قَالَ حَارٌّ جَارٌّ قَالَتْ ثُمَّ اسْتَمْشَيْتُ بِالسَّنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ شَيْئًا كَانَ فِيْهِ الشِّفَاءُ مِنَ الْمَوْتِ لَكَانَ فِي السَّنَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت اسماء بنت عُمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے پوچھا تم کس چیز کے ساتھ جلاب لیتی ہو! عرض گزار ہوئیں کہ شبرم سے۔ فرمایا گرم گرم ہے عرض گزار ہوئیں کہ پھر میں سناء سے جلاب لیتی ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کسی چیز میں موت کا علاج ہوتا تو سناء میں ہوتا۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۳۳۷ ۲۵ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ الدَّاءَ وَالدَّوَاءَ وَجَعَلَ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءً فَتَدَاوَوْا وَلَا تَدَاوَوْا بِحَرَامٍ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے بیماری اور علاج دونوں کو نازل فرمایا اور ہر بیماری کا علاج رکھا۔ پس تم علاج کروایا کرو اور حرام چیزوں کے ساتھ علاج نہ کیا کرو۔ (ابو داؤد)

۴۳۳۸ ۲۶ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِيْثِ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپاک دوائی سے منع فرمایا ہے۔

(احمد، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

۴۳۳۹ ۲۷ وَعَنْ سَلْمٰى خَادِمَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا كَانَ اَحَدٌ يَشْتَكِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا فِيْ رَاْسِهٖ اِلَّا قَالَ احْتَجِمْ وَلَا وَجَعًا فِيْ رِجْلَيْهِ اِلَّا قَالَ اخْتَضِبْهُمَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خادمہ حضرت سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جب بھی کسی نے سر درد کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ پچھنے لگوائے اور پیروں میں درد کے لیے کہا جاتا تو فرماتے ان پر لیپ کرو۔

(ابو داؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۳۴۰ / ۲۸ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا كَانَ يَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرْحَةٌ وَّلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِيْ اَنْ اَضَعَ عَلَيْهَا الْحِنَّاءَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی زخم آتا یا خراش لگتی تو مجھے اُس پر مہندی رکھنے کا حکم فرماتے۔

(ترمذی)

۴۳۴۱ / ۲۹ وَعَنْ اَبِيْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْتَجِمُ عَلٰى هَامَتِهٖ وَبَيْنَ كَتِفَيْهِ وَيَقُوْلُ مَنْ اَهْرَاقَ مِنْ هٰذِهِ الدِّمَاءِ فَلَا يَضُرُّهٗ اَنْ لَّا يَتَدَاوٰى بِشَيْءٍ لِشَيْءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو کبشہ انماری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے سرِ مبارک پر اور دونوں کندھوں کے درمیان پچھنے لگوایا کرتے اور فرماتے کہ جس نے ان دو جگہوں کا خون بہا دیا۔ تو اُسے یہ بات نقصان نہیں دے گی کہ کسی بیماری کا کوئی علاج نہ کروائے۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۳۴۲ / ۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ عَلٰى وَرِكِهٖ مِنْ وَّثْءٍ كَانَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کولہے پر پچھنے لگوائے اُس موچ کے سبب جو آپ کو ہو گئی تھی۔

(ابوداؤد)

۴۳۴۳ / ۳۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ اُسْرِيَ بِهٖ اَنَّهٗ لَمْ يَمُرَّ عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ اِلَّا اَمَرُوْهُ مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ۔ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بتایا کہ جس رات آپ کو معراج کروائی گئی تو فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے گزرے اُس نے یہی گزارش کی کہ اپنی امت کو پچھنے لگوانے کا حکم دیجئے گا۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۳۴۴ / ۳۲ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ اَنَّ طَبِيْبًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِيْ دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبد الرحمٰن بن عثمان سے روایت ہے کہ کسی طبیب نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دوا میں مینڈک ڈالنے کے متعلق پوچھا تو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کو قتل کرنے سے منع فرمایا۔

(ابوداؤد)

۴۳۴۵ / ۳۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِي الْاَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ۔ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گردن کی دونوں رگوں اور کندھوں کی رگ میں پچھنے لگواتے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے جبکہ ترمذی اور ابن ماجہ میں یہ بھی ہے کہ آپ سترہ، انیس یا اکیس تاریخ کو پچھنے لگواتے۔

۴۳۴۶ / ۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَحِبُّ الْحِجَامَةَ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سترہ، انیس اور اکیس تاریخ کو پچھنے لگوانا پسند فرماتے۔

(شرح السنہ)

۴۳۴۷ / ۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَجَمَ لِسَبْعَ عَشَرَةَ وَتِسْعَ عَشَرَةَ وَاحْدَى وَعِشْرِيْنَ كَانَ شِفَاءً لَهٗ مِنْ كُلِّ دَاءٍ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سترہ ۱۷، انیس ۱۹ یا اکیس ۲۱ تاریخ کو پچھنے لگوائے تو ہر بیماری سے شفا ہوگی۔
(ابو داؤد)

۴۳۴۸ / ۳۶ وَعَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ اَبَاهَا كَانَ يَنْهٰى اَهْلَهٗ عَنِ الْحِجَامَةِ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَيَزْعَمُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ يَوْمُ الدَّمِ وَفِيْهِ سَاعَةٌ لَا يَرْقَاُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

کبشہ بنت ابوبکرہ نے فرمایا کہ اُن کے والد ماجد اپنے گھر والوں کو منگل کے روز پچھنے لگوانے سے منع کرتے اور بتاتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ منگل خون کا روز ہے اور اس میں ایک ساعت ہے جس میں خون نہیں رکتا۔
(ابوداؤد)

۴۳۴۹ / ۳۷ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ يَوْمَ السَّبْتِ فَاَصَابَهٗ وَضَحٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ وَقَالَ وَقَدْ اُسْنِدَ وَلَا يَصِحُّ

زہری سے مرسلاً روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو بدھ یا ہفتے کے روز پچھنے لگوائے اور اسے کوڑھ کی بیماری لگ جائے تو ملامت نہ کرے مگر اپنی جان کو۔ اسے احمد اور ابوداؤد نے روایت کیا اور کہا کہ یہ مسنداً بھی مروی ہے جو درجۂ صحت پر فائز نہیں ہوئی۔

۴۳۵۰ / ۳۸ وَعَنْهُ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ اَوِ اطَّلٰى يَوْمَ السَّبْتِ اَوِ الْاَرْبِعَاءِ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ فِي الْوَضَحِ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

اُن سے ہی مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پچھنے لگوائے یا لیپ کرے ہفتے یا بدھ کے روز تو کوڑھ ہونے پر ملامت نہ کرے مگر اپنی جان کو۔
(شرح السنہ)

۴۳۵۱ / ۳۹ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَاٰى فِيْ عُنُقِيْ خَيْطًا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْتُ خَيْطٌ رُقِيَ لِيْ فِيْهِ قَالَتْ فَاَخَذَهٗ فَقَطَعَهٗ ثُمَّ قَالَ اَنْتُمْ اٰلُ عَبْدِ اللّٰهِ لَاَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ فَقُلْتُ لِمَ تَقُوْلُ هٰكَذَا لَقَدْ كَانَتْ عَيْنِيْ تَقْذِفُ وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلٰى فُلَانٍ الْيَهُوْدِيِّ فَاِذَا رَقَاهَا سَكَنَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّمَا ذٰلِكَ عَمَلُ الشَّيْطٰنِ كَانَ يَنْخُسُهَا بِيَدِهٖ فَاِذَا رُقِيَ كَفَّ عَنْهَا اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكِ اَنْ تَقُوْلِيْ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود کی اہلیہ محترمہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ نے میری گردن میں دھاگا دیکھ کر فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں عرض گزار ہوئی کہ اس چیز پر میرے لیے دم کیا گیا ہے۔ اُن کا بیان ہے کہ انھوں نے پکڑ کر اُسے کاٹ دیا اور فرمایا: آلِ عبداللہ کو شرک کی ضرورت نہیں ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ دم، تعویذات اور جادو شرک ہیں۔ میں عرض گزار ہوئی: آپ یہ کس طرح فرماتے ہیں جبکہ میری آنکھ میں تکلیف ہوتی تو میں فلاں یہودی کے پاس جاتی۔ وہ اسے پڑھ کر دم کرتا تو تکلیف رفع ہو جاتی۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ یہ شیطان کا کام ہے کہ وہ اپنا ہاتھ چبھوتا اور جب دم پڑھا جاتا تو ہٹا لیتا۔ تمہارے لیے یہی کہنا کافی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے تھے کہ لوگوں کے رب! تکلیف کو دُور کر دے اور شفا دے کیونکہ شفا دینے والا تو ہے، نہیں ہے شفا مگر تیری شفا۔ ایسی شفا جو بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔ (ابوداؤد)

۴۳۵۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۴۰] عَنِ النُّشْرَةِ فَقَالَ هُوَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نشرہ نامی عمل کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا:۔ وہ شیطانی کاموں سے ہے۔ (ابوداؤد)

۴۳۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ [۴۱] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُبَالِيْ مَا اَتَيْتُ اِنْ اَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا اَوْ تَعَلَّقْتُ تَمِيْمَةً اَوْ قُلْتُ الشِّعْرَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ میں یہ کام کرنے مناسب نہیں سمجھتا کہ تریاق پیوں یا تعویذ لٹکاؤں یا خود بنا کر شعر کہوں۔ (ابوداؤد)

۴۳۵۴ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى [۴۲] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَوٰى اَوِ اسْتَرْقٰى فَقَدْ بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے داغ لگوایا یا دم کروایا تو وہ توکل سے لاتعلق ہوگیا۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۴۳۵۵ وَعَنْ عِيْسَى بْنِ حَمْزَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى [۴۳] عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ وَبِهٖ حُمْرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ تَمِيْمَةً فَقَالَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ اِلَيْهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عیسیٰ بن حمزہ کا بیان ہے کہ میں عبداللہ بن عکیم کی خدمت میں حاضر ہُوا اور اُنھیں سرخ بادہ نکل آئی تھی۔ میں نے کہا کہ آپ تعویذ کیوں نہیں لٹکاتے۔ فرمایا کہ ہم اُس سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کوئی چیز لٹکائی تو وہ اُسی کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۳۵۶ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ [۴۴] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ بُرَيْدَةَ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دم کرنا نہیں ہے مگر نظر لگنے یا زہریلے جانور کے کاٹنے کا۔ روایت کیا اسے احمد، ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کیا ہے اسے ابن ماجہ نے حضرت بُریدہ سے۔

۴۳۵۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [۴۵] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ اَوْ دَمٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ نہیں ہے دم کرنا مگر نظر لگنے یا زہریلے جانور کے کاٹنے کا یا نکسیر کا (ابوداؤد)

۴۳۵۸ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ [۴۶] اللّٰهِ اِنَّ وَلَدَ جَعْفَرٍ تُسْرِعُ اِلَيْهِمُ الْعَيْنُ اَفَاَسْتَرْقِيْ لَهُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّهٗ لَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ وہ عرض گزار ہوئیں:۔ یا رسول! حضرت جعفر کے لڑکوں کو نظر بہت جلدی لگ جاتی ہے کیا میں ان پر دم کروا لیا کروں؟ فرمایا:۔ ہاں کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جاتی تو وہ نظر ہوتی۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۳۵۹ وَعَنِ الشِّفَاءِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ دَخَلَ
۴۷
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عِنْدَ حَفْصَةَ فَقَالَ
اَلَا تُعَلِّمِيْنَ هٰذِهٖ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيْهَا الْكِتَابَةَ
(رواه ابو داؤد)

حضرت شفا بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اندر تشریف لائے اور میں حضرت حفصہ کے پاس تھی۔ فرمایا کہ تم انھیں نملہ کا دم کیوں نہیں سکھاتیں جیسے تم نے انھیں لکھنا سکھایا ہے۔ (ابو داؤد)

۴۳۶۰ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ
۴۸
رَاٰى عَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ
فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخْبَاَةٍ قَالَ فَلُبِطَ
سَهْلٌ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهٗ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا
يَرْفَعُ رَاْسَهٗ فَقَالَ هَلْ تَتَّهِمُوْنَ لَهٗ اَحَدًا فَقَالُوْا نَتَّهِمُ
عَامِرَ بْنَ رَبِيْعَةَ قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا فَتَغَلَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ عَلَامَ يَقْتُلُ
اَحَدُكُمْ اَخَاهُ اَلَا بَرَّكْتَ اِغْتَسِلْ لَهٗ فَغَسَلَ لَهٗ
عَامِرٌ وَجْهَهٗ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَ
اَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهٖ فِيْ قَدَحٍ ثُمَّ
صُبَّ عَلَيْهِ فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ لَيْسَ لَهٗ بَاْسٌ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَاهُ مَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ
اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّاْ لَهٗ فَتَوَضَّاَ لَهٗ)

ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ نے حضرت سہل بن حنیف کو نہاتے ہوئے دیکھا تو کہا: خدا کی قسم، نہ میں نے آج جیسا دن دیکھا اور نہ ایسی خوبصورت کھال۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت سہل گر پڑے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری دی اور عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! سہل بن حنیف کے لیے چارہ فرمایئے کہ خدا کی قسم وہ تو سر بھی نہیں اُٹھاتے۔ فرمایا کیا تمہارا کسی پر نظر لگانے کا شبہ ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہمارا حضرت عامر بن ربیعہ پر شبہ ہے۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عامر کو بلایا اور سخت الفاظ کہے اور فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو کیوں قتل کرے بلکہ دعائے برکت کرے۔ ان کے لیے دھو دو۔ پس حضرت عامر نے اُن کے لیے اپنے چہرے، ہاتھوں، گھٹنوں، دونوں پیروں کی اطراف اور تہبند کا داخلی حصہ ایک پیالے میں دھو دیا پھر اُن پر چھڑک دیا گیا تو وہ لوگوں کے ساتھ یوں چلنے لگے جیسے کوئی تکلیف نہیں ہوئی تھی۔ (شرح السنہ) اما مالک نے بھی روایت کیا اور ایک روایت میں فرمایا کہ نظر کا لگنا حق ہے تم ان کے لیے وضو کرو تو انھوں نے وضو کیا۔

۴۳۶۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ
۴۹
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَعَيْنِ
الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتَا اَخَذَ
بِهِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاهُمَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ
هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنات اور انسان کی نظر سے پناہ مانگا کرتے یہاں تک کہ سورۂ الفلق اور سورۂ الناس نازل ہوئیں جب یہ نازل ہوئیں تو انھیں لے لیا اور ان دونوں کے سوا باقی کو چھوڑ دیا۔ روایت کیا اسے ترمذی و ابن ماجہ نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب حسن ہے۔

۴۳۶۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۵۰
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ رُئِيَ فِيْكُمُ الْمُغَرِّبُوْنَ قَالَ الَّذِيْنَ
يَشْتَرِكُ فِيْهِمُ الْجِنُّ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں مغربون دکھائی دیتے ہیں؟ میں عرض گزار ہوئی کہ مغربون کون ہیں؟ فرمایا وہ لوگ جن میں جنات شریک ہو جاتے ہیں (ابو داؤد) اور حضرت ابن عباس کی خیر ما تداویتم

[illegible]

www.alahazratnetwork.org



# تیسری فصل

۴۳۶۳ عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المعدة حوض البدن والعروق إليها واردة فإذا صحت المعدة صدرت العروق بالصحة وإذا فسدت المعدة صدرت العروق بالسقم۔ (رواه البيهقي)
۵۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: معدہ جسم کا حوض ہے اور رگیں اُس کی طرف آنے والی ہیں جب معدہ تندرست ہو تو رگیں تندرستی لے کر لوٹتی ہیں اور جب معدہ میں فساد ہو تو رگیں بیماری لے کر لوٹتی ہیں۔

(بیہقی)

۴۳۶۴ وعن علي قال بينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات ليلة يصلي فوضع يده على الأرض فلدغته عقرب فناولها رسول الله صلى الله عليه وسلم بنعله فقتلها فلما انصرف قال لعن الله العقرب ما تدع مصليا ولا غيره أو نبيا وغيره ثم دعا بملح وماء فجعله في إناء ثم جعل يصبه على إصبعه حيث لدغته ويمسحها ويعوذها بالمعوذتين۔ (رواهما البيهقي في شعب الإيمان)
۵۲

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے اور آپ نے دستِ مبارک زمین پر رکھا تو ایک بچھو نے ڈس لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے جوتے سے مارا اور جان سے مار دیا۔ جب آپ فارغ ہوگئے تو فرمایا: اللہ تعالیٰ بچھو پر لعنت کرے کہ نہ نمازی کو چھوڑتا ہے اور نہ دوسرے کو یا نبی اور غیر نبی کو۔ پھر نمک اور پانی منگایا تو اُنھیں ایک برتن میں ڈالا۔ پھر اُسے اُس انگلی پر ڈالنے لگے جس پر کاٹا تھا اور اُسے ملتے رہے اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر دم کرتے رہے ان دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۳۶۵ وعن عثمان بن عبد الله بن موهب قال أرسلني أهلي إلى أم سلمة بقدح من ماء وكان إذا أصاب الإنسان عين أو شيء بعث إليها مخضبه فأخرجت من شعر رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت تمسكه في جلجل من فضة فخضخضته له فشرب منه قال فاطلعت في الجلجل فرأيت شعرات حمرا۔ (رواه البخاري)
۵۳

عثمان بن عبداللہ بن موہب کا بیان ہے کہ گھر والوں نے مجھے حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں پانی کا پیالہ دے کر بھیجا کیونکہ جب کسی آدمی کو نظر لگ جاتی یا کوئی اور تکلیف ہوتی تو رجا پیالہ دے کر اُن کی طرف بھیجا جاتا۔ پس اُنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک نکالے جو چاندی کی ڈبیہ میں رکھے ہوئے تھے۔ وہ اُس میں ہلائے جاتے اور اُس پانی سے پلایا جاتا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے اُس ڈبیہ میں جھانکا تو چند سرخ موئے مبارک دیکھے۔

(بخاری)

۴۳۶۶ وعن أبي هريرة أن ناسا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم قالوا لرسول الله صلى الله عليه وسلم الكمأة جدري الأرض فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكمأة من المن وماؤها شفاء للعين والعجوة من الجنة وهي
۵۴

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے بعض حضرات نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا کہ کھمبی زمین کی چیچک ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھمبی مَن کی قسم سے ہے اور اُس کا پانی آنکھ کے لیے شفا بخش ہے اور عجوہ کھجور جنت سے ہے اس

www.alahazratnetwork.org



شفاء من السم قال أبو هريرة فأخذت ثلاثة أكمؤ أو خمسا أو سبعا فعصرتهن وجعلت ماءهن في قارورة وكحلت به جارية لي عمشاء فبرأت.

(رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن)

میں زہر ہے۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ میں نے تین یا پانچ یا سات کھمبیاں لیں، انھیں نچوڑا اور اُن کا پانی ایک شیشی میں رکھا اور اپنی ایک ضعیف البصر لونڈی کی آنکھوں میں ڈالا تو وہ شفایاب ہو گئی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٤٣٦٧ / ٥٥ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لعق العسل ثلاث غدوات في كل شهر لم يصبه عظيم من البلاء.

(رواه ابن ماجة والبيهقي)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ہر مہینے میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹ لیا کرے اُسے کوئی بڑی بیماری نہیں پہنچے گی۔

(ابن ماجہ، بیہقی)

٤٣٦٨ / ٥٦ وعن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عليكم بالشفائين العسل والقرآن رواهما ابن ماجة والبيهقي في شعب الإيمان وقال والصحيح أن الأخير موقوف على ابن مسعود.

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو شفاؤں کو اپنے اوپر لازم کر لو۔ یعنی شہد اور قرآن مجید کو۔ ان دونوں کو ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے اور کہا کہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ آخری حدیث حضرت ابن مسعود پر موقوف ہے

٤٣٦٩ / ٥٧ وعن أبي كبشة الأنماري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم احتجم على هامته من الشاة المسمومة قال معمر فاحتجمت أنا من غير سم كذلك في يافوخي فذهب حسن الحفظ عني حتى كنت ألقن فاتحة الكتاب في الصلوة.

(رواه رزين)

حضرت ابو کبشہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زہر آلود بکری کے باعث سر مبارک پر پچھنے لگوائے۔ معمر کا بیان ہے کہ میں نے زہر کے بغیر اُسی طرح اپنے سر میں پچھنے لگوا لیے تو میرا حافظہ جاتا رہا یہاں تک کہ مجھے نماز کے اندر سورۂ فاتحہ میں بھی لقمہ دیا جاتا۔

(رزین)

٤٣٧٠ / ٥٨ وعن نافع قال قال ابن عمر يا نافع ينبغ في الدم فأتني بحجام واجعله شابا ولا تجعله شيخا ولا صبيا قال وقال ابن عمر سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الحجامة على الريق أمثل وهي تزيد في العقل وتزيد في الحفظ وتزيد الحافظ حفظا فمن كان محتجما فيوم الخميس على اسم الله واجتنبوا الحجامة يوم الجمعة ويوم السبت ويوم الأحد فاحتجموا يوم الاثنين ويوم الثلثاء واجتنبوا الحجامة يوم الأربعاء فإنه اليوم الذي أصيب به أيوب في البلاء وما يبدو جذام ولا

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ اے نافع! میرا خون جوش مار رہا ہے، لہٰذا کسی حجام کو میرے پاس لاؤ جو جوان ہو، بوڑھے یا بچے کو نہ بلانا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نہار منہ پچھنے لگوانا بہتر ہے کہ عقل اور حفظ میں اضافہ کرتا ہے اور حافظ کے حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ پس جو پچھنے لگوائے تو اللہ کا نام لے کر جمعرات کو لگوائے لیکن جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو پچھنے لگوانے سے اجتناب کرے بلکہ پیر یا منگل کے روز پچھنے لگواؤ اور بدھ کے روز پچھنے لگوانے سے بچنا کیونکہ اسی روز حضرت ایوب علیہ السلام بیماری میں مبتلا ہوئے تھے نیز کوڑھ اور برص کی بیماری بھی بدھ کے دن یا رات میں ہی شروع ہوتی

www.alahazratnetwork.org



لَا بَرَصٌ اِلَّا فِیْ یَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ لَیْلَةِ الْاَرْبِعَاءِ ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَةَ)

ہے۔ (ابن ماجہ)۔

۴۳۷۱ (۵۹) وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِجَامَةُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ لِسَبْعَ عَشْرَةَ مِنَ الشَّهْرِ دَوَاءٌ لِدَاءِ السَّنَةِ ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ) (رَوَاهُ حَرْبُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْكِرْمَانِيُّ صَاحِبُ اَحْمَدَ وَلَيْسَ اِسْنَادُهٗ بِذَالِكَ هٰكَذَا فِي الْمُنْتَقٰى وَرَوٰى رَزِيْنٌ نَحْوَهٗ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا منگل کے روز مہینے کی سترھویں تاریخ کو پچھنے لگوانا سال بھر کی بیماری کا علاج ہے۔ (رزین) اور روایت کیا اسے امام احمد کے ساتھی حرب بن اسمٰعیل کرمانی نے اور اس کی اسناد قوی نہیں جیسا کہ منتقٰی میں ہے اور اسی کے مانند رزین نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی ہے۔

# بَابُ الْفَالِ وَالطِّيَرَةِ

# فال اور شگون کا بیان

## پہلی فصل

۴۳۷۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا طِيَرَةَ وَخَيْرُهَا الْفَالُ قَالُوْا وَمَا الْفَالُ قَالَ الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ شگون کوئی چیز نہیں اور بہتر فال ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ فال کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ اچھا لفظ جو تم سے کوئی سُنے (متفق علیہ)

۴۳۷۳ (۲) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ وَفِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ بیماری کا متعدی ہونا ہے نہ شگون ہے، نہ ہامہ ہے اور نہ صفر ہے اور کوڑھ والے سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہیں۔ (بخاری)

۴۳۷۴ (۳) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا بَالُ الْاِبِلِ تَكُوْنُ فِي الرَّمْلِ لَكَاَنَّهَا الظِّبَاءُ فَيُخَالِطُهَا الْبَعِيْرُ الْاَجْرَبُ فَيُجْرِبُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ اَعْدَى الْاَوَّلَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ بیماری کا متعدی ہونا ہے، نہ ہامہ ہے اور نہ صفر ہے۔ ایک اعرابی عرض گزار ہوا۔ کہ یا رسول اللہ! اُونٹوں کا کیا حال ہے جبکہ ریگستان میں وہ ہرن کی طرح ہوتے ہیں لیکن ایک خارش والا اُونٹ اُن سے آملتا ہے تو سب کو خارشی کر دیتا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے کو بیماری کس نے لگائی؟ (بخاری)

۴۳۷۵ (۴) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا نَوْءَ وَلَا صَفَرَ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ بیماری کا لگنا ہے نہ جانور کی کھوپڑی کا اُڑنا ہے نہ ستاروں کی تاثیر ہے اور نہ پیٹ کا مروڑ ہے۔ (مسلم)

۴۳۷۶ (۵) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا عَدْوٰى وَلَا صَفَرَ وَلَا غُوْلَ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ نہ بیماری کا متعدی ہونا ہے نہ صفر کا ہونا ہے اور نہ چھلاوہ ہے (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



٤٣٧٧ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ فِيْ وَفْدِ ثَقِيْفٍ رَجُلٌ مَجْذُوْمٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ۔ [6]

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن شرید سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا۔ ثقیف کے وفد میں ایک آدمی کوڑھی تھا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے لیے پیغام بھیجا کہ ہم نے تمہیں بیعت کر لیا ہے لہٰذا واپس لوٹ جاؤ۔

(مسلم)

## دوسری فصل

٤٣٧٨ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَفَاءَلُ وَلَا يَتَطَيَّرُ وَكَانَ يُحِبُّهُ الْاِسْمُ الْحَسَنُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ) [7]

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فال لیتے لیکن بدشگونی نہ لیا کرتے اور آپ اچھے نام کو پسند فرمایا کرتے۔ (شرح السنہ)۔

٤٣٧٩ وَعَنْ قَطَنِ ابْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِيَافَةُ وَالطَّرْقُ وَالطِّيَرَةُ مِنَ الْجِبْتِ۔ [8]

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

قطن بن قبیصہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پرندے کے نام سے، کنکری پھینک کر اور پرندہ اُڑا کر فال لینا بُت پرستی کا حصہ ہے۔

(ابوداؤد)

٤٣٨٠ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ قَالَهٗ ثَلٰثًا وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهٗ بِالتَّوَكُّلِ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ) فَقَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ كَانَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهٗ بِالتَّوَكُّلِ هٰذَا عِنْدِيْ قَوْلُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ۔ [9]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بدشگون لینا شرک ہے۔ اُن سے تین مرتبہ فرمایا اور نہیں ہے کوئی ہم میں سے مگر اُس کو اللہ تعالیٰ توکل سے دور کر دیتا ہے (ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا کہ میں نے محمد بن اسمٰعیل کو فرماتے ہوئے سُنا اور اُنہوں نے اس حدیث میں وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهٗ بِالتَّوَكُّلِ فرماتے ہوئے سُنا اور میرے نزدیک یہ حضرت ابن مسعود کا قول ہے۔

٤٣٨١ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَهَا مَعَهٗ فِي الْقَصْعَةِ وَقَالَ كُلْ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ۔ [10]

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ اُسے پیالے میں ڈالتے ہوئے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ پر اعتماد اور توکل رکھتے ہوئے کھاؤ۔

(ابن ماجہ)

٤٣٨٢ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا هَامَةَ وَلَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَاِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَالْمَرْاَةِ۔ [11]

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نہ ہامہ ہے اور نہ بیماری کا متعدی ہونا اور نہ شگون۔ اگر شگون میں کچھ ہے تو گھر، گھوڑا اور عورت میں ہے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۳۸۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُعْجِبُہٗ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِہٖ اَنْ یَّسْمَعَ یَا رَاشِدُ یَا نَجِیْحُ۔
۱۲
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی حاجت کے لیے نکلتے تو یا راشد، یا نجیح، سُننا پسند فرماتے۔ (ترمذی)

۴۳۸۴ وَعَنْ بُرَیْدَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَا یَتَطَیَّرُ مِنْ شَیْءٍ فَاِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَاَلَ عَنْ اِسْمِہٖ فَاِذَا اَعْجَبَہُ اسْمُہٗ فَرِحَ بِہٖ وَرُؤِیَ بِشْرُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْہِہٖ وَاِنْ کَرِہَ اسْمَہٗ رُؤِیَ کَرَاہِیَۃُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْہِہٖ وَاِذَا دَخَلَ قَرْیَۃً سَاَلَ عَنْ اِسْمِہَا فَاِنْ اَعْجَبَہُ اسْمُہَا فَرِحَ بِہٖ وَرُؤِیَ بِشْرُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْہِہٖ وَاِنْ کَرِہَ اسْمَہَا رُؤِیَ کَرَاہِیَۃُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْہِہٖ۔
۱۳
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی چیز سے شگون نہ لیا کرتے۔ جب کسی کو عامل بنا کر بھیجتے تو اُس کا نام پوچھتے۔ اگر اُس کا نام پسند آتا تو خوش ہوتے اور اُس کے آثار پُرنور چہرے پر دیکھے جاتے اور اگر نام ناپسند فرماتے تو پسند نہ کرنے کے آثار چہرۂ انور سے نمایاں ہوتے۔ جب کسی بستی میں داخل ہوتے تو اُس کا نام پوچھتے۔ اگر اُس کا نام پسند آتا تو اِس بات سے خوش ہوتے اور چہرۂ انور پر اُس کے آثار دیکھے جاتے اور اُس کا نام اگر ناپسند فرماتے تو کراہت آپ کے پُرنور چہرے سے نمایاں ہوتی۔ (ابوداؤد)

۴۳۸۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا کُنَّا فِیْ دَارٍ کَثُرَ فِیْہَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَتَحَوَّلْنَا اِلٰی دَارٍ قَلَّ فِیْہَا عَدَدُنَا وَاَمْوَالُنَا فَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ذَرُوْہَا ذَمِیْمَۃً۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ)
۱۴

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! ہم ایک گھر میں رہتے تھے تو ہمارے جان و مال میں اضافہ ہو رہا تھا۔ پھر ہم دوسرے گھر میں رہنے لگے تو ہمارے افراد اور مال میں کمی آگئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ اُس بُرے کو چھوڑ دو۔ (ابوداؤد)

۴۳۸۶ وَعَنْ یَحْیَی بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بَحِیْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَنْ سَمِعَ فَرْوَۃَ بْنَ مُسَیْکٍ یَقُوْلُ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عِنْدَنَا اَرْضٌ یُقَالُ لَہَا اَبْیَنُ وَہِیَ اَرْضُ رِیْفِنَا وَمِیْرَتِنَا وَاِنَّ وَبَاءَہَا شَدِیْدٌ فَقَالَ دَعْہَا عَنْکَ فَاِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفَ۔
۱۵
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ)

یحییٰ بن عبداللہ بن بحیر کا بیان ہے کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے حضرت فروہ بن مسیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! ہمارے پاس ایک زمین ہے جس کو ابین کہا جاتا ہے اور وہ ہماری باغات و زراعت کی زمین ہے لیکن اُس کی وبا سخت ہے۔ فرمایا کہ اُسے اپنے سے دُور کر دو کیونکہ وبائی جگہ کے قریب جانا خود کو ہلاک کرنا ہے۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۳۸۷ عَنْ عُرْوَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ذُکِرَتِ الطِّیَرَۃُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنُہَا الْفَاْلُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ مَا یَکْرَہُ فَلْیَقُلِ اللّٰہُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔
۱۶
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤٗدَ مُرْسَلًا)

عروہ بن عامر کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور شگون کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ اِس کا بہتر حصّہ فال ہے اور مسلمان کو کوئی چیز نہ روکے۔ جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھے تو کہے: اے اللہ! نیکیوں کو نہیں لاتا مگر تُو اور بُرائیوں کو نہیں دُور کرتا مگر تُو۔ نہ طاقت ہے اور نہ قوت مگر اللہ کے ساتھ۔ اِسے ابوداؤد نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْكَهَانَةِ　　کہانت کا بیان

## پہلی فصل

۴۳۸۸ / ۱ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أُمُورًا كُنَّا نَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُنَّا نَأْتِي الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَأْتُوا الْكُهَّانَ قَالَ قُلْتُ كُنَّا نَتَطَيَّرُ قَالَ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَجِدُهُ أَحَدُكُمْ فِي نَفْسِهِ فَلَا يَصُدَّنَّكُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّونَ قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ فَذَاكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم دورِ جاہلیت میں چند کام کیا کرتے تھے یعنی ہم کاہنوں کے پاس جاتے تھے۔ فرمایا کہ کاہنوں کے پاس نہ جایا کرو۔ میں عرض گزار ہوا کہ ہم بدشگونی لیا کرتے تھے۔ فرمایا یہ ایسی چیز ہے جو محض تمہارے دل کا خیال ہے لہٰذا وہ تمہیں نہ روکے۔ میں عرض گزار ہوا کہ ہم میں سے بعض لوگ خط کھینچتے ہیں۔ فرمایا اللہ کے نبیوں میں سے ایک نبی خط کھینچا کرتے تھے جس کا خط اُن کے موافق ہو وہ درست ہے۔ (مسلم)

۴۳۸۹ / ۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلَ أُنَاسٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكُهَّانِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِشَيْءٍ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَإِنَّهُمْ يُحَدِّثُونَ أَحْيَانًا بِالشَّيْءِ يَكُونُ حَقًّا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقُرُّهَا فِي أُذُنِ وَلِيِّهِ قَرَّ الدَّجَاجَةِ فَيَخْلِطُونَ فِيهَا أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کاہنوں کے متعلق پوچھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا۔ وہ کوئی چیز نہیں ہوتے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ بعض ایسی باتیں بتاتے ہیں جو اُسی طرح ہو جاتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ وہ سچی بات ہوتی ہے جسے کوئی جن اُچک لیتا ہے اور اپنے دوست کے کان میں ڈال دیتا ہے جیسے مرغی چُگا ڈالتی ہے۔ پس وہ اُس میں سَو سے زیادہ جھوٹ ملا لیتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۴۳۹۰ / ۳ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْمَلٰئِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْأَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَاءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّيٰطِينُ السَّمْعَ فَتَسْمَعُهُ فَتُوحِيهِ إِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُونَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ بیشک فرشتے عنان یعنی بادل میں اُترتے ہیں اور اُس کام کا ذکر کرتے ہیں جس کا آسمان میں فیصلہ ہوا ہے۔ شیاطین اُسے سُننے کی کوشش کرتے ہیں جو کچھ سُن لیتا ہے تو کاہن تک پہنچا دیتا ہے اور وہ اُس میں سَو جھوٹ اپنی طرف سے ملا کر بیان کرتے ہیں۔ (بخاری)

۴۳۹۱ / ۴ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى عَرَّافًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ لَمْ

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

www.alahazratnetwork.org



۴۳۹۲ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى اَثَرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ قَالَ اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ كَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ وَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں ہمیں صبح کی نماز پڑھائی جبکہ اُس رات بارش ہوئی تھی۔ جب آپ فارغ ہوئے تو لوگوں کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ ارشاد ہوا کہ اُس نے فرمایا: میرے بندوں نے مجھ پر ایمان رکھتے ہوئے صبح کی اور کفر کرتے ہوئے۔ جس نے کہا کہ ہم پر اللہ کے فضل اور اُس کی رحمت سے بارش ہوئی وہ مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور ستاروں کی تاثیر کا منکر ہے اور جس نے کہا کہ ہم پر فلاں ستارے نے بارش برسائی اُس نے میرے ساتھ کفر کیا اور ستارے پر ایمان رکھا۔ (متفق علیہ)

۴۳۹۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ بَرَكَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِّنَ النَّاسِ بِهَا كَافِرِيْنَ يُنْزِلُ اللّٰهُ الْغَيْثَ فَيَقُوْلُوْنَ بِكَوْكَبِ كَذَا وَكَذَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آسمان سے کوئی برکت نازل نہیں کی مگر صبح کو لوگوں میں سے ایک گروہ اُس کے باعث کافر ہو جاتا ہے کیونکہ بارش اللہ برساتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ فلاں فلاں ستارے نے برسائی۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۴۳۹۴ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِّنَ النُّجُوْمِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ زَادَ مَا زَادَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نجومیوں کے علم کہانت سے حاصل کیا اُس نے جادو کا ایک حصہ حاصل کیا۔ جتنا زیادہ کیا اُتنا زیادہ حصہ۔ (احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۳۹۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى كَاهِنًا فَصَدَّقَهٗ بِمَا يَقُوْلُ اَوْ اَتَى امْرَاَتَهٗ حَائِضًا اَوْ اَتَى امْرَاَتَهٗ فِيْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کاہن کے پاس آئے اور اُس بات کی تصدیق کرے جو وہ کہے یا اپنی حائضہ بیوی سے صحبت کرے یا اپنی بیوی سے اُس کی دبر میں صحبت کرے تو وہ اُس چیز سے لاتعلق ہو گیا جو محمد مصطفےٰ پر نازل فرمائی گئی ہے۔ (احمد، ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۳۹۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ فِي السَّمَاءِ ضَرَبَتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی کام کا فیصلہ فرما لیتا ہے

www.alahazratnetwork.org



الْمَلٰٓئِکَۃُ بِاَجْنِحَتِہَا خُضْعَانًا لِقَوْلِہٖ کَاَنَّہٗ سِلْسِلَۃٌ
عَلٰی صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِہِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ
رَبُّکُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْ قَالَ الْحَقَّ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ
فَیَسْمَعُہَا مُسْتَرِقُوا السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُوا السَّمْعِ ھٰکَذَا
بَعْضُہٗ فَوْقَ بَعْضٍ وَّوَصَفَ سُفْیَانُ بِکَفِّہٖ فَحَرَّفَہَا
وَبَدَّدَ بَیْنَ اَصَابِعِہٖ فَیَسْمَعُ الْکَلِمَۃَ فَیُلْقِیْہَا اِلٰی
مَنْ تَحْتَہٗ ثُمَّ یُلْقِیْہَا الْاٰخَرُ اِلٰی مَنْ تَحْتَہٗ حَتّٰی
یُلْقِیَہَا عَلٰی لِسَانِ السَّاحِرِ اَوِ الْکَاھِنِ فَرُبَّمَا اَدْرَکَ
الشِّہَابُ قَبْلَ اَنْ یُّلْقِیَہَا وَرُبَّمَا اَلْقَاھَا قَبْلَ اَنْ
یُّدْرِکَہٗ فَیَکْذِبُ مَعَہَا مِائَۃَ کَذْبَۃٍ فَیُقَالُ اَلَیْسَ
قَدْ قَالَ لَنَا یَوْمَ کَذَا وَکَذَا، کَذَا وَکَذَا فَیُصَدَّقُ
بِتِلْکَ الْکَلِمَۃِ الَّتِیْ سُمِعَتْ مِنَ السَّمَآءِ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

۴۳۹۷
۱۰
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ
اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّہُمْ
بَیْنَا ھُمْ جُلُوْسٌ لَیْلَۃً مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
رُمِیَ بِنَجْمٍ فَاسْتَنَارَ فَقَالَ لَہُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ مَا کُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اِذَا رُمِیَ بِمِثْلِ
ھٰذَا قَالُوا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ کُنَّا نَقُوْلُ وُلِدَ اللَّیْلَۃَ
رَجُلٌ عَظِیْمٌ وَّمَاتَ رَجُلٌ عَظِیْمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّہَا لَا یُرْمٰی بِہَا لِمَوْتِ
اَحَدٍ وَّلَا لِحَیٰوتِہٖ وَلٰکِنْ رَبُّنَا تَبَارَکَ اسْمُہٗ اِذَا
قَضٰی اَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَۃُ الْعَرْشِ ثُمَّ سَبَّحَ اَھْلُ
السَّمَآءِ الَّذِیْنَ یَلُوْنَہُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ التَّسْبِیْحُ اَھْلَ
ھٰذِہِ السَّمَآءِ الدُّنْیَا ثُمَّ قَالَ الَّذِیْنَ یَلُوْنَ حَمَلَۃَ
الْعَرْشِ لِحَمَلَۃِ الْعَرْشِ مَاذَا قَالَ رَبُّکُمْ فَیُخْبِرُوْنَہُمْ
مَاذَا قَالَ فَیَسْتَخْبِرُ بَعْضُ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ بَعْضًا حَتّٰی
یَبْلُغَ ھٰذِہِ السَّمَآءَ الدُّنْیَا فَیَخْطِفُ الْجِنُّ السَّمْعَ
فَیَقْذِفُوْنَ اِلٰٓی اَوْلِیَآئِہِمْ وَیُرْمَوْنَ فَمَا جَآءُوْا

تو فرشتے عاجزی سے اس کے فرمان پر اپنے پیروں کو بچھا دیتے ہیں گویا پتھر پر زنجیریں ہیں۔ جب اُن کے دلوں سے دہشت دُور ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ ارشادِ ربانی کے متعلق کہتے ہیں کہ حق فرمایا اور وہ بلندی و کبریائی والا ہے۔ پس چوری سے سننے والا اُسے سن لیتا ہے جو اوپر تلے یوں رہتے ہیں۔ سفیان راوی نے اپنی ہتھیلی سے اُس کی کیفیت بیان کی اور اپنی انگلیوں کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھا۔ پس ایک کسی بات کو سن پاتا ہے تو اپنے سے نیچے والے کی طرف ڈالتا ہے۔ پھر دوسرا اُسے اپنے سے نیچے والے کی طرف ڈالتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ جادوگر یا کاہن کی طرف ڈال جاتی ہے۔ بعض اوقات اُسے ڈالنے سے پہلے چنگاری جالگتی ہے اور بعض اوقات اُس کے لگنے سے پہلے ڈال دیتا ہے۔ پس وہ اُس کے ساتھ سو جھوٹ ملا دیتا ہے چنانچہ کہا جاتا ہے کہ کیا اُس نے ہم سے فلاں روز ایسا اور ایسا نہیں کہا تھا۔ پس اُسی بات کی وجہ سے اُس کی تصدیق کر دی جاتی ہے۔ جو آسمان سے سنی گئی تھی۔ (بخاری)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے مجھے ایک نے بتایا جو انصار سے تھے کہ ایک رات وہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے تو ایک ستارہ ٹوٹا اور روشنی پھیلی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ جب اسی طرح ستارہ ٹوٹتا تو دورِ جاہلیت میں تم کیا کہا کرتے تھے؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کا رسول بہتر جانتے ہیں ہم کہا کرتے کہ اس رات کوئی عظیم آدمی پیدا ہوا ہے اور کسی عظیم آدمی نے وفات پائی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کسی کی موت یا زندگی کے باعث نہیں ٹوٹتے بلکہ ہمارا رب تبارک وتعالیٰ جب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو عرش کو اٹھانے والے فرشتے تسبیح بیان کرنے لگتے ہیں پھر وہ آسمانی فرشتے جو اُن کے نزدیک ہیں تسبیح کرتے ہیں یہاں تک کہ تسبیح کا سلسلہ آسمانِ دنیا والوں تک پہنچتا ہے پھر وہ کہتے ہیں جو عرش کو اُٹھانے والوں کے قریب ہیں کہ آپ کے رب نے کیا فرمایا؟ وہ اُنھیں بتاتے ہیں جو فرمایا تھا۔ پھر ایک آسمان والے دوسرے آسمان والوں کو بتاتے ہیں یہاں تک کہ اس آسمانِ دنیا تک بات پہنچتی ہے۔ پس جن چوری سے سن لیتے اور اپنے دوستوں کی طرف ڈال دیتے ہیں اور شہاب مارے جاتے ہیں۔ پس کاہن جو اُس کے موافق کہیں وہ

www.alahazratnetwork.org



بِهٖ عَلٰى وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ وَلٰكِنَّهُمْ يَقْرِفُوْنَ فِيْهِ وَيَزِيْدُوْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

درست ہوتی ہے لیکن وہ اُس میں ملاوٹ اور اضافہ کر لیتے ہیں۔

(مسلم)

۴۳۹۸ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ النُّجُوْمَ لِثَلٰثٍ جَعَلَهَا زِيْنَةً لِّلسَّمَآءِ وَرُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَعَلَامَاتٍ يُّهْتَدٰى بِهَا فَمَنْ تَاَوَّلَ فِيْهَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَخْطَاَ وَاَضَاعَ نَصِيْبَهٗ وَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْلَمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا وَّفِيْ رِوَايَةِ رَزِيْنٍ تَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْهِ وَمَا لَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ وَمَا عَجَزَ عَنْ عِلْمِهِ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَعَنِ الرَّبِيْعِ مِثْلُهٗ وَزَادَ وَاللّٰهِ مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ نَجْمٍ حَيٰوةَ اَحَدٍ وَّلَا رِزْقَهٗ وَلَا مَوْتَهٗ وَاِنَّمَا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَيَتَعَلَّلُوْنَ بِالنُّجُوْمِ۔

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان ستاروں کو تین باتوں کے لیے پیدا فرمایا ہے۔ ایک قسم کو آسمان کی زینت بنایا، دوسری قسم شیاطین کو مارنے کے لیے اور تیسری قسم نشانیاں ہیں جن سے راہ معلوم کی جاتی ہے۔ جس نے ان تینوں کے سوا کوئی اور وجہ بتائی اُس نے غلطی کی، اپنا حصہ ضائع کیا اور ایسی بات کا تکلف کیا جو وہ نہیں جانتا۔ اسے بخاری نے تعلیقاً روایت کیا ہے اور رزین کی ایک روایت میں ہے کہ ایسی بات کا تکلف کیا جو مفید نہیں اور جس کا اُسے علم نہیں اور جس کے علم سے انبیائے کرام اور فرشتے بھی عاجز ہیں۔ ربیع سے اسی کے مانند ہے نیز فرمایا، اللہ تعالیٰ نے کسی ستارے میں کسی کی زندگی، رزق اور موت نہیں رکھی بلکہ وہ (کاہن) اللہ پر جھوٹ باندھتے اور ستاروں کا بہانہ بناتے ہیں۔

۴۳۹۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ بَابًا مِّنْ عِلْمِ النُّجُوْمِ لِغَيْرِ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فَقَدِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ الْمُنَجِّمُ كَاهِنٌ وَّالْكَاهِنُ سَاحِرٌ وَّالسَّاحِرُ كَافِرٌ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے علم نجوم کا ایک باب حاصل کیا اُس کے سوا جو اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے تو اُس نے جادو کا ایک حصہ حاصل کیا۔ نجومی کاہن ہے، کاہن جادوگر ہے اور جادوگر کافر ہے۔

(رزین)

۴۴۰۰ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَمْسَكَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنْ عِبَادِهٖ خَمْسَ سِنِيْنَ ثُمَّ اَرْسَلَهٗ لَاَصْبَحَتْ طَآئِفَةٌ مِّنَ النَّاسِ كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سُقِيْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ۔

(رَوَاهُ النَّسَآئِيُّ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر اللہ تعالیٰ پانچ سال اپنے بندوں سے بارش کو روکے رکھے اور پھر بھیجے تب بھی لوگوں کا ایک گروہ کافر ہو جائے گا اور وہ کہیں گے کہ ہم پر مجدح ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی ہے۔

(نسائی)

# كِتَابُ الرُّؤْيَا

# خوابوں کا بیان

## پہلی فصل

۴۴۰۱ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، نبوت سے بشارتوں کے سوا کچھ

قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَزَادَ مَالِكٌ بِرِوَايَةِ عَطَاءِ ابْنِ يَسَارٍ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰى لَهٗ۔

باقی نہیں رہا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ بشارتیں کیا ہیں؟ فرمایا کہ اچھے خواب۔ (بخاری) امام مالک نے عطاء بن یسار سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا۔ جس کو کوئی مسلمان دیکھے یا اُس کے لیے کسی کو دکھایا جائے۔

٤٤٠٢ (٢) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھا خواب نبوت کے حصوں میں سے چھیالیسواں حصّہ ہے۔ (متفق علیہ)

٤٤٠٣ (٣) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِيْ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ لَا يَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَتِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اُس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ (متفق علیہ)

٤٤٠٤ (٤) وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِيْ فَقَدْ رَاَى الْحَقَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے دیکھا اُس نے واقعی مجھے دیکھا۔ (متفق علیہ)

٤٤٠٥ (٥) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِيْ فِي الْمَنَامِ فَسَيَرَانِيْ فِي الْيَقَظَةِ وَلَا يَتَمَثَّلُ الشَّيْطٰنُ بِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو عنقریب وہ مجھے بیداری میں بھی دیکھے گا اور شیطان میرے جیسی صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ (متفق علیہ)

٤٤٠٦ (٦) وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يُحِبُّ فَلَا يُحَدِّثْ بِهٖ اِلَّا مَنْ يُّحِبُّ وَاِذَا رَاٰى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَلْيَتْفُلْ ثَلٰثًا وَّلَا يُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور پریشان خواب شیطان کی طرف سے ہوتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی ایسی چیز دیکھے جس کو پسند کرتا ہے تو اُس کا ذکر نہ کرے مگر جس شخص کو پسند کرتا ہو اور جب ایسی چیز دیکھے جس کو ناپسند کرتا ہو تو اُس کی برائی اور شیطان کی برائی سے اللہ کی پناہ پکڑے، تین مرتبہ تھتکارے اور کسی سے اُس کا ذکر نہ کرے تو وہ کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔ (متفق علیہ)

٤٤٠٧ (٧) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰى اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ ثَلٰثًا وَّلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ ثَلٰثًا وَّلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جس کو ناپسند کرتا ہو تو بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور تین مرتبہ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے اور اُس کروٹ کو بدل دے جس پر لیٹا ہوا تھا۔

www.alahazratnetwork.org



۴۴۰۸ (۸) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ يَكَدْ يَكْذِبُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ وَرُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَكْذِبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ وَاَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْيَا ثَلَاثٌ حَدِيْثُ النَّفْسِ وَتَخْوِيْفُ الشَّيْطٰنِ وَبُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَاٰى شَيْئًا يَّكْرَهُهٗ فَلَا يَقُصُّهٗ عَلٰى اَحَدٍ وَّلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ قَالَ وَكَانَ يَكْرَهُ الْغُلَّ فِي النَّوْمِ وَيُعْجِبُهُمُ الْقَيْدُ وَيُقَالُ الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) قَالَ الْبُخَارِيُّ رَوَاهُ قَتَادَةُ وَيُوْنُسُ وَهُشَيْمٌ وَّاَبُوْ هِلَالٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَالَ يُوْنُسُ لَا اَحْسِبُهٗ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَيْدِ وَقَالَ مُسْلِمٌ لَا اَدْرِيْ هُوَ فِي الْحَدِيْثِ اَمْ قَالَهُ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ نَحْوَهٗ وَاَدْرَجَ فِي الْحَدِيْثِ قَوْلَهٗ وَاَكْرَهُ الْغُلَّ اِلٰى تَمَامِ الْكَلَامِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جب زمانہ قریب ہو جائے گا تو مومن کا خواب جھوٹا نہیں ہوا کرے گا کیونکہ مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے اور جو نبوت کا حصہ ہو وہ جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ محمد بن سیرین نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ خواب تین قسم کے ہیں۔ ایک دلی خیالات، دوسرے شیطان کے ڈراوے اور تیسرے اللہ کی طرف سے بشارتیں۔ جو تم میں سے ناپسندیدہ چیز دیکھے تو وہ کسی سے بیان نہ کرے اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنی چاہیے۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ خواب میں طوق دیکھنے کو ناپسند کرتے اور بیڑی کو پسند فرماتے۔ کہا جاتا ہے کہ بیڑی دین میں ثابت قدمی کی نشانی ہے۔ (متفق علیہ) بخاری نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے قتادہ اور یونس اور ہُشیم اور ابو ہلال نے ابن سیرین سے اور انہوں نے حضرت ابوہریرہ سے۔ یونس نے فرمایا کہ میرے خیال میں بیڑی کے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے روایت کی گئی ہے۔ مسلم نے فرمایا: مجھے نہیں معلوم کہ یہ حدیث کا حصہ ہے یا ابن سیرین کا قول ہے اور ایک روایت میں اسی طرح ہے اور انہیں نے حدیث میں ان کے قول وَاَكْرَهُ الْغُلَّ سے آخر تک درج کر دیا ہے

۴۴۰۹ (۹) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ رَاْسِيْ قُطِعَ قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطٰنُ بِاَحَدِكُمْ فِيْ مَنَامِهٖ فَلَا يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر کاٹ دیا گیا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہنس پڑے اور فرمایا: جب خواب میں شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ کھیلے تو اُسے لوگوں سے بیان نہ کرے۔ (مسلم)

۴۴۱۰ (۱۰) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنَّا فِيْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَاُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِّنْ رُّطَبِ ابْنِ طَابٍ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا قَدْ طَابَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: ایک رات میں نے خواب میں دیکھا جیسے سونے والا دیکھتا ہے کہ گویا ہم عقبہ بن رافع کے گھر میں ہیں۔ ہمارے سامنے ابن طاب کی تر کھجوریں پیش کی گئیں۔ میں نے اس کا یہ مطلب لیا کہ ہمارے لیے دنیا میں رفعت اور آخرت میں عافیت ہے اور ہمارا دین پاکیزہ ہے۔ (مسلم)

۴۴۱۱ (۱۱) وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اُهَاجِرُ مِنْ مَّكَّةَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ مکہ مکرمہ سے کھجوروں

www.alahazratnetwork.org



إِلٰى أَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِي إِلٰى أَنَّهَا الْيَمَامَةُ أَوْ هَجَرُ فَإِذَا هِيَ الْمَدِينَةُ يَثْرِبُ وَرَأَيْتُ فِي رُؤْيَايَ هٰذِهٖ أَنِّي هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهٗ فَإِذَا هُوَ مَا أُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ أُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهٗ أُخْرٰى فَعَادَ أَحْسَنَ مَا كَانَ فَإِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِينَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

والی جگہ کی طرف ہجرت کر رہا ہوں۔ میرا خیال اس طرف گیا کہ وہ یمامہ یا ہجر ہے حالانکہ وہ مدینہ منورہ ہے یثرب نامی۔ میں نے اسی خواب میں دیکھا کہ تلوار کو حرکت دے رہا ہوں اور وہ اوپر سے ٹوٹ گئی۔ یہ وہ نقصان ہے جو اہلِ ایمان کو اُحد کے روز پہنچا۔ پھر میں نے دوبارہ اُس کو حرکت دی تو وہ پہلے سے بھی بہتر ہوگئی۔ یہ وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے فتح اور ایمان والوں کے اجتماع سے نوازا۔

(متفق علیہ)

۴۴۱۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِخَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَ فِي كَفِّي سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَيَّ فَأُوحِيَ إِلَيَّ أَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا فَأَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ الَّذَيْنِ أَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ وَصَاحِبَ الْيَمَامَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِي رِوَايَةٍ يُقَالُ أَحَدُهُمَا مُسَيْلِمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ وَالْعَنْسِيُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ لَمْ أَجِدْ هٰذِهِ الرِّوَايَةَ فِي الصَّحِيحَيْنِ وَذَكَرَهَا صَاحِبُ الْجَامِعِ عَنِ التِّرْمِذِيِّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں سویا ہوا تھا کہ میری خدمت میں زمین کے خزانے لائے گئے۔ پس سونے کے دو کنگن میری ہتھیلی پر رکھ دیے گئے۔ مجھ پر گراں گزرے۔ میری طرف وحی فرمائی گئی کہ ان پر پھونک مارو۔ میں نے اُن پر پھونک ماری تو وہ چلے گئے۔ میں نے اُن سے دو جھوٹے مراد لیے میں جن کے درمیان ہوں۔ ایک صنعا والا اور دوسرا یمامہ والا ہے (متفق علیہ) اور ایک روایت میں ہے کہ اُن میں سے ایک مسیلمہ تھا، یمامہ والا اور دوسرا عنسی تھا صنعاء والا۔ یہ روایت مجھے صحیحین میں نہیں ملی اور صاحب جامع نے اسے ترمذی کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

۴۴۱۳ وَعَنْ أُمِّ الْعَلَاءِ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ رَأَيْتُ لِعُثْمَانَ ابْنِ مَظْعُونٍ فِي النَّوْمِ عَيْنًا تَجْرِي فَقَصَصْتُهَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذٰلِكَ عَمَلُهٗ يُجْرٰى لَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ام العلاء انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے خواب میں حضرت عثمان بن مظعون کا جاری چشمہ دیکھا تو اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ اُن کا عمل ہے جو اُن کے لیے جاری کر دیا گیا ہے۔ (بخاری)۔

۴۴۱۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلّٰى أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ مَنْ رَأٰى مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا قَالَ فَإِنْ رَأٰى أَحَدٌ قَصَّهَا فَيَقُولُ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَسَأَلَنَا يَوْمًا فَقَالَ هَلْ رَأٰى مِنْكُمْ أَحَدٌ رُؤْيَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي فَأَخَذَا بِيَدِي فَأَخْرَجَانِي إِلٰى أَرْضٍ مُقَدَّسَةٍ فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَرَجُلٌ قَائِمٌ بِيَدِهٖ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ يُدْخِلُهٗ فِي شِدْقِهٖ فَيَشُقُّهٗ حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْآخَرِ مِثْلَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز پڑھ لیتے تو چہرۂ انور ہماری جانب کر کے فرماتے تم میں سے آج رات کس نے خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے کہ اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو بیان کر دیتا اور جو اللہ چاہتا آپ فرماتے۔ چنانچہ ایک روز آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ ہم نے عرض کی، نہیں۔ فرمایا کہ آج رات میں نے دو شخص دیکھے کہ میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ارضِ مقدس کی طرف لے گئے۔ وہاں ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا اور ایک کھڑا تھا جس کے ہاتھ میں لوہے کا زنبور تھا جو اُس کے گال میں داخل کر کے چیرتا یہاں تک کہ گُدّی تک پہنچ

www.alahazratnetwork.org



ذٰلِكَ وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهٗ هٰذَا فَيَعُوْدُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهٗ قُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ عَلٰى قَفَاهُ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِهٖ بِفِهْرٍ اَوْ صَخْرَةٍ يَشْدَخُ بِهٖ رَأْسَهٗ فَاِذَا ضَرَبَهٗ تَدَهْدَهَ الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ اِلَيْهِ لِيَأْخُذَهٗ فَلَا يَرْجِعُ اِلٰى هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَأْسُهٗ وَعَادَ رَأْسُهٗ كَمَا كَانَ فَعَادَ اِلَيْهِ فَضَرَبَهٗ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا اِلٰى ثَقْبٍ مِثْلِ التَّنُّوْرِ اَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَاَسْفَلُهٗ وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهٗ نَارٌ فَاِذَا ارْتَفَعَتْ ارْتَفَعُوْا حَتّٰى كَادُوْا اَنْ يَخْرُجُوْا مِنْهَا وَاِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا وَفِيْهَا رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى نَهَرٍ مِنْ دَمٍ فِيْهِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى وَسْطِ النَّهَرِ وَعَلٰى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهَرِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِيْ فِيْهِ فَرَدَّهٗ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَاءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ وَفِيْ اَصْلِهَا شَيْخٌ وَصِبْيَانٌ وَاِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوْقِدُهَا فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا وَسْطَ الشَّجَرَةِ لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا فِيْهَا رِجَالٌ شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ وَنِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِيْ مِنْهَا فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا هِيَ اَحْسَنُ وَاَفْضَلُ مِنْهَا فِيْهَا شُيُوْخٌ وَشَبَابٌ فَقُلْتُ لَهُمَا اِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَاَخْبِرَانِيْ عَمَّا رَاَيْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشَقُّ شِدْقُهٗ فَكَذَّابٌ يُحَدِّثُ بِالْكَذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهٖ مَا تَرٰى اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشْدَخُ

جاتا۔ پھر دوسرے گال میں بھی اسی طرح کرتا اور پہلا گال درست ہو جاتا۔ پھر دوبارہ اسی طرح کرتا۔ میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ کہا چلیے۔ ہم چل دیے یہاں تک کہ ایک آدمی کے پاس آئے جو پیٹھ کے بل لیٹا ہوا تھا اور ایک آدمی پتھر یا چٹان لے کر اس کے سر پہ کھڑا تھا جس کے ساتھ اس کے سر کو کچلتا۔ جب وہ مارتا تو پتھر دور چلا جاتا۔ وہ اسے لینے کے لیے جاتا تو واپس نہ آتا کہ اس کا سر پہلے کی طرح درست ہو جاتا۔ وہ واپس آ کر اسے مارتا ہے۔ میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ دونوں نے کہا کہ چلیے ہم آگے چلے یہاں تک کہ ایک گڑھے کے پاس پہنچے جو تنور کی طرح تھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے وسیع تھا۔ اس کے نیچے آگ تھی جب وہ بلند ہوتی تو لوگ بھی اوپر آ جاتے اور اس سے نکلنے کے قریب ہو جاتے۔ جب وہ نیچے جاتی تو وہ بھی نیچے چلے جاتے اور اس میں ننگے مرد و عورت تھے۔ میں نے کہا کہ یہ کیا ہے؟ دونوں نے کہا کہ چلیے ہم چل دیے یہاں تک کہ ایک خون کی نہر پر پہنچے، جس کے درمیان میں ایک آدمی کھڑا تھا اور نہر کے کنارے ایک آدمی اس کے سامنے پتھر رکھ کر کھڑا تھا۔ جب نہر والا آگے بڑھتا اور نکلنے کا ارادہ کرتا تو یہ آدمی اس کے منہ پر پتھر مارتا اور اسی جگہ واپس لوٹا دیتا۔ جب بھی وہ نکلنے کے لیے آتا تو یہ اس کے منہ پر پتھر مار کر واپس اسی جگہ لوٹا دیتا۔ میں نے کہا یہ کیا ہے؟ دونوں نے کہا چلیے۔ ہم چل دیے یہاں تک کہ ایک سرسبز باغ میں پہنچے۔ جس میں ایک بہت بڑا درخت تھا۔ اس کی جڑ میں ایک بوڑھا اور بچے تھے۔ اور ایک آدمی درخت کے سامنے آگ جلا رہا تھا۔ وہ مجھے لے کر درخت پر چڑھ گئے اور ایک گھر میں لے گئے۔ جو درخت کے درمیان میں تھا اور اس سے خوبصورت میں نے کوئی گھر نہیں دیکھا تھا۔ اس میں بوڑھے، جوان، عورتیں اور بچے تھے۔ پھر مجھے نکال لائے اور درخت پر لے چڑھے۔ پھر مجھے دوسرے گھر میں لے گئے جو پہلے سے بھی خوبصورت اور عمدہ تھا۔ اس میں بوڑھے اور جوان تھے۔ میں نے دونوں سے کہا کہ آج رات تم نے مجھے بہت پھرایا ہے، لہٰذا جو کچھ میں نے دیکھا ہے اس کے متعلق مجھے بتاؤ۔ کہا ہاں وہ آدمی جس کا جبڑا چیرا جاتا تھا، وہ بہت جھوٹا ہے۔ جھوٹی باتیں بنایا کرتا اور لوگ اس سے سن کر دنیا میں پھیلاتے رہے۔ پس قیامت تک اس

www.alahazratnetwork.org



رَأسُهٗ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَلَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيْهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي النَّهَرِ اٰكِلُ الرِّبٰوا وَالشَّيْخُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِيْ اَصْلِ الشَّجَرَةِ اِبْرَاهِيْمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهٗ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِيْ يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلَى الَّتِيْ دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ وَاَنَا جِبْرِيْلُ وَهٰذَا مِيْكَائِيْلُ فَارْفَعْ رَاْسَكَ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَاِذَا فَوْقِيْ مِثْلُ السَّحَابِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِيْ اَدْخُلْ مَنْزِلِيْ قَالَا اِنَّهٗ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَاِذَا اسْتَكْمَلْتَهٗ اَتَيْتَ مَنْزِلَكَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِيْنَةِ فِيْ بَابِ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ۔

ساتھ یہی ہوتا رہے گا۔ جس کو آپ نے دیکھا کہ اُس کا سر کچلا جاتا ہے تو اِس آدمی کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید سکھایا لیکن وہ رات کو سو جاتا اور دن میں اُس پر عمل نہ کرتا۔ جو آپ نے ملاحظہ فرمایا اُس کے ساتھ قیامت تک یہی ہوتا رہے گا۔ جن کو آپ نے تنور میں دیکھا وہ زناکار تھے جس کو آپ نے نہر میں دیکھا وہ سود خور تھا۔ جس بوڑھے شخص کو آپ نے درخت کی جڑ میں دیکھا وہ حضرت ابراہیم تھے اور اُن کے گرد جو بچے تھے وہ لوگوں کی اولاد ہے۔ جو آگ جلا رہا تھا وہ جہنم کا انچارج فرشتہ مالک تھا۔ پہلا گھر جس میں آپ داخل ہوئے عام مومنین کا ہے۔ یہ دوسرا گھر شہیدوں کا ہے۔ میں جبرئیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں۔ اپنا سر اٹھائیے۔ میں نے سر اٹھایا تو میرے اوپر بادل جیسی چیز تھی اور ایک روایت میں ہے کہ تہ بہ تہ سفید بادل۔ دونوں نے کہا کہ آپ کی منزل یہی ہے۔ میں نے کہا کہ مجھے چھوڑ دو تاکہ میں اپنے مکان میں داخل ہو جاؤں۔ کہا کہ ابھی آپ کی عمر باقی ہے جو پوری نہیں کی۔ جب اُسے پوری کر لیں گے تو اسی میں جلوہ افروز ہوں گے۔ (بخاری) اور حدیث عبد اللہ بن عمر جس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ خواب ہے جو مدینہ منورہ کے متعلق دیکھا باب حرم المدینہ میں مذکور ہو چکی۔

## دوسری فصل

۴۴۱۵ / ۱۵ عَنْ اَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ وَهِيَ عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَّا لَمْ يُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا حُدِّثَ بِهَا وَقَعَتْ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ لَا تُحَدِّثْ اِلَّا حَبِيْبًا اَوْ لَبِيْبًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ الرُّؤْيَا عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَّا لَمْ تُعَبَّرْ فَاِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ وَلَا تَقُصَّهَا اِلَّا عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَاْيٍ۔

حضرت ابو رزین عقیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مومن کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک ہے۔ خواب پرندے کے پیر پر ہے۔ جب تک اُسے بیان نہ کیا جائے جب اُسے بیان کر دیا جائے تو اسی طرح واقع ہو جاتا ہے۔ میرے خیال میں آپ نے فرمایا کہ اُسے نہ بیان کرو مگر دوست یا دانا سے۔ (ترمذی) اور ابوداؤد کی روایت میں فرمایا ہر خواب پرندے کے پیر پر ہے جب تک تعبیر بیان نہ کی جائے جب تعبیر بیان کر دی تو واقع ہو جائے گا اور میرے خیال میں آپ نے فرمایا اُسے بیان نہ کرو مگر دوست یا عقلمند آدمی سے۔

۴۴۱۶ / ۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَّرَقَةَ فَقَالَتْ لَهٗ خَدِيْجَةُ اِنَّهٗ [illegible]

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ورقہ کے متعلق پوچھا گیا تو حضرت خدیجہ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيضٌ وَلَوْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

وہ خواب میں دکھائے گئے اور ان کے اوپر سفید کپڑے تھے۔ اگر وہ جہنمی ہوتے تو ان کے اوپر کوئی اور لباس ہوتا۔

(احمد، ترمذی)

۴۴۱۷ ۱۷/ وَعَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَمِّهِ أَبِي خُزَيْمَةَ أَنَّهُ رَأَى فِيمَا يَرَى النَّائِمُ أَنَّهُ سَجَدَ عَلَى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَاضْطَجَعَ لَهُ وَقَالَ صَدِّقْ رُؤْيَاكَ فَسَجَدَ عَلَى جَبْهَتِهِ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ) وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ أَبِي بَكْرَةَ كَأَنَّ مِيزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ فِي بَابِ مَنَاقِبِ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ۔

ابن خزیمہ بن ثابت سے روایت ہے کہ ان کے چچا حضرت ابو خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب دیکھا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک پیشانی پر سجدہ کر رہے ہیں۔ آپ کو بتایا تو آپ لیٹ گئے اور فرمایا۔ اپنا خواب سچا کر لو۔ چنانچہ انھوں نے آپ کی مبارک پیشانی پر سجدہ کیا (شرح السنہ) اور کانّ میزاناً نزل من السمآء والی حدیث ابوبکر ہم عنقریب باب مناقب ابوبکر و عمر میں بیان کریں گے۔

## تیسری فصل

۴۴۱۸ ۱۸/ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ لِأَصْحَابِهِ هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْ رُؤْيَا فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُصَّ وَإِنَّهُ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاةٍ إِنَّهُ أَتَانِي اللَّيْلَةَ آتِيَانِ وَإِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِي وَإِنَّهُمَا قَالَا لِي انْطَلِقْ وَإِنِّي انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا وَذَكَرَ مِثْلَ الْحَدِيثِ الْمَذْكُورِ فِي الْفَصْلِ الْأَوَّلِ بِطُولِهِ وَفِيهِ زِيَادَةٌ لَيْسَتْ فِي الْحَدِيثِ الْمَذْكُورِ وَهِيَ قَوْلُهُ فَأَتَيْنَا عَلَى رَوْضَةٍ مُعْتَمَّةٍ فِيهَا مِنْ كُلِّ نَوْرِ الرَّبِيعِ وَإِذَا بَيْنَ ظَهْرَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِيلٌ لَا أَكَادُ أَرَى رَأْسَهُ طُولًا فِي السَّمَاءِ وَإِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ أَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَأَيْتُهُمْ قَطُّ قُلْتُ لَهُمَا مَا هٰذَا مَا هٰؤُلَاءِ قَالَ قَالَا لِي انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا فَانْتَهَيْنَا إِلَى رَوْضَةٍ عَظِيمَةٍ لَمْ أَرَ رَوْضَةً قَطُّ أَعْظَمَ مِنْهَا وَلَا أَحْسَنَ قَالَ قَالَا لِي ارْقَ فِيهَا قَالَ فَارْتَقَيْنَا فَانْتَهَيْنَا إِلَى مَدِينَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ فَأَتَيْنَا بَابَ الْمَدِينَةِ فَاسْتَفْتَحْنَا فَفُتِحَ لَنَا فَدَخَلْنَاهَا فَتَلَقَّانَا فِيهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر اپنے اصحاب سے فرمایا کرتے، کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ پس جس سے اللہ تعالیٰ بیان کروانا چاہتا وہ بیان کرتا۔ ایک صبح کو آپ نے ہم سے فرمایا، آج رات میرے پاس دو شخص آئے انھوں نے مجھے اُٹھایا اور مجھ سے کہا چلیے۔ میں اُن کے ساتھ چل دیا اور اس میں وہی کیا جو فصل اوّل کی طویل حدیث میں بیان کیا جا چکا ہے۔ اس میں کچھ زیادہ ہے جو مذکورہ حدیث میں نہیں ہے یعنی فرمایا، ہم ایک ہرے بھرے باغ میں گئے جس میں ہر قسم کے موسمی پھل تھے۔ باغ کے درمیان میں ایک لمبا آدمی تھا۔ آسمان تک لمبائی کے باعث مجھے اُس کا سر نظر نہیں آیا۔ جبکہ اُس آدمی کے گرد میں نے کثرت سے بچے دیکھے جو میں نے پہلے دیکھے نہیں تھے۔ میں نے دونوں ساتھیوں سے کہا کہ یہ کون ہے اور وہ کون ہیں؟ دونوں نے کہا کہ چلیے۔ ہم چل دیے یہاں تک کہ ایک بہت بڑے باغ میں پہنچے۔ اُس سے بڑا اور خوبصورت باغ میں نے دیکھا نہیں تھا۔ دونوں نے مجھ سے کہا کہ اس میں چڑھیے ہم چڑھے یہاں تک کہ ایک شہر میں پہنچے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنایا گیا تھا۔ ہم شہر کے دروازے پر آئے اور اُسے کھولنے کے لیے کہا تو ہمارے لیے کھول دیا گیا۔ ہم اُس میں داخل ہوئے تو اُس میں ہمیں ایسے آدمی ملے جن کا آدھا جسم خوبصورت تھا جو کسی نے

أَنْتَ رَاءٍ وَشَطْرٌ مِّنْهُمْ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ قَالَ قَالَا لَهُمُ اذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِيْ ذٰلِكَ النَّهَرِ قَالَ وَإِذَا نَهَرٌ مُّعْتَرِضٌ يَجْرِيْ كَأَنَّ مَاءَهُ الْمَحْضُ فِي الْبَيَاضِ فَذَهَبُوْا فَوَقَعُوْا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوْا إِلَيْنَا قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْءُ عَنْهُمْ فَصَارُوْا فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَذَكَرَ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الزِّيَادَةِ وَأَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَإِنَّهُ إِبْرَاهِيْمُ وَأَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِّنْهُمْ حَسَنٌ وَشَطْرٌ مِّنْهُمْ قَبِيْحٌ فَإِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّآخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

دیکھا ہو اور آدھا ایسا بدصورت جو کسی نے دیکھا بھی نہ ہو۔ دونوں نے اُن سے کہا کہ جاکر اس نہر میں کود پڑو چنانچہ سامنے ایک نہر بہہ رہی تھی جس کا پانی بالکل سفید تھا۔ وہ جاکر اس میں کود گئے۔ جب وہ ہمارے پاس واپس آئے تو اُن کی بدصورتی جا چکی تھی اور وہ پوری طرح خوبصورت ہو چکے تھے اور اس اضافے کی شرح بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ لمبا آدمی جو باغ میں تھا، وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور اُن کے ارد گرد وہ بچے تھے جنہوں نے فطرت پر وفات پائی۔ مسلمانوں میں سے بعض عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! مشرکوں کی اولاد کا کیا حال ہے؟ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مشرکوں کی اولاد اور وہ لوگ جن کا آدھا بدن خوبصورت اور آدھا بدصورت تھا، یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اچھے کام بھی کیے اور بُرے بھی تو اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف فرما دیا۔

(بخاری)

۴۴۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[19] قَالَ مِنْ أَفْرَى الْفِرَى أَنْ يُّرِيَ الرَّجُلُ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَيَا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے بڑا بہتان یہ ہے کہ آدمی کسی چیز کو دیکھنے کا دعویٰ کرے اور اس نے دیکھی نہ ہو۔

(بخاری)

۴۴۲۰ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[20] قَالَ أَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْأَسْحَارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سچا خواب سحری کے وقت کا ہوتا ہے۔ (ترمذی، دارمی)

# كِتَابُ الْآدَابِ

# کتاب آداب

## بَابُ السَّلَامِ

## سلام کا بیان

### پہلی فصل

۴۴۲۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ طُوْلُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی

www.alahazratnetwork.org



سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهٗ قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰی اُولٰٓئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ جُلُوْسٌ فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَذَهَبَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَكُلُّ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰی صُوْرَةِ اٰدَمَ وَطُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدَهٗ حَتَّی الْاٰنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

پسندیدہ صورت پر پیدا فرمایا۔ اُن کا قد ساٹھ گز تھا۔ جب انھیں پیدا کر لیا تو فرمایا: جاؤ اور اِن افراد کو سلام کرو۔ وہ کچھ فرشتے تھے جو بیٹھے ہوئے تھے۔ پس غور سے سننا وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہی تمہارا اور تمہاری اولاد کا جواب دینا ہوگا۔ وہ گئے اور انھوں نے کہا: تم پر سلامتی ہو۔ انھوں نے کہا: آپ پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت۔ راوی کا بیان ہے کہ انھوں نے وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کا اضافہ کیا لہٰذا جنت میں جو بھی داخل ہوگا۔ وہ حضرت آدم کی صورت میں داخل ہوگا اور اُس کا قد ساٹھ گز ہوگا۔ اُس وقت سے لوگوں کا قد اب تک گھٹتا ہی آرہا ہے۔ (متفق علیہ)

۴۴۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَاُ السَّلَامَ عَلٰی مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۲ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا: کونسا اسلام بہتر ہے؟ فرمایا کہ کھانا کھلانا اور سلام کرنا خواہ تم اُسے جانتے ہو یا نہ جانتے ہو۔

(متفق علیہ)۔

۴۴۲۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَی الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ يَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهٗ اِذَا مَاتَ وَيُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَيَنْصَحُ لَهٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ لَمْ اَجِدْهُ فِی الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِیْ كِتَابِ الْحُمَيْدِیِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهٗ صَاحِبُ الْجَامِعِ بِرِوَايَةِ النَّسَآئِیِّ۔

۳ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک ایمان والے کے دوسرے ایمان والے پر چھ حقوق ہیں۔ جب بیمار ہو تو اُس کی عیادت کرے مر جائے تو جنازے میں شریک ہو، بلائے تو اس کی دعوت قبول کرے، جب اُس سے ملے تو سلام کرے، چھینکے تو اس کا جواب دے اور اُس کی خیر خواہی کرے خواہ وہ غائب ہو یا موجود۔ یہ روایت مجھے صحیحین میں نہیں ملی اور نہ حمیدی کی کتاب میں لیکن صاحب جامع نے اسے نسائی کی روایت سے بیان کیا ہے۔

۴۴۲۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰی تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰی تَحَابُّوْا اَوَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰی شَیْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۴ اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں داخل نہیں ہوگے یہاں تک کہ ایمان لے آؤ اور ایمان نہیں لا سکو گے یہاں تک کہ ایک دوسرے سے محبت کرو کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اُسے کرو گے تو ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو گے۔ سلام کو آپس میں پھیلاؤ۔ (مسلم)

۴۴۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَی الْمَاشِیْ وَالْمَاشِیْ عَلَی الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَی الْكَثِيْرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۵ اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سوار پیدل کو سلام کرے اور چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے زیادہ لوگوں کو۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۴۴۲۶ (6) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوٹا بڑے کو سلام کرے اور چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے زیادہ لوگوں کو۔

(بخاری)

۴۴۲۷ (7) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى غِلْمَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لڑکوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے انھیں سلام کیا۔

(متفق علیہ)

۴۴۲۸ (8) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبْدَؤُا الْيَهُوْدَ وَلَا النَّصَارٰى بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِيْتُمْ اَحَدَهُمْ فِيْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰى اَضْيَقِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود اور نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو، جب تمہیں راستے میں کوئی اُن میں سے مل جائے تو اُسے تنگ راستے کی طرف مجبور کرو۔ (مسلم)۔

۴۴۲۹ (9) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُوْدُ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ اَحَدُهُمُ السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ وَعَلَيْكَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب یہودی تمہیں سلام کریں اور اُن میں سے کوئی اَلسَّامُ عَلَيْكَ کہے تو جواب میں وَعَلَيْكَ کہہ دیا کرو۔ (متفق علیہ)۔

۴۴۳۰ (10) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اہل کتاب تمہیں سلام کریں تو صرف وَعَلَيْكُمْ کہہ دیا کرو (متفق علیہ)۔

۴۴۳۱ (11) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اسْتَاْذَنَ رَهْطٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا السَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُلْتُ بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُّحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهٖ قُلْتُ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ وَعَلَيْكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَلَيْكُمْ وَلَمْ يَذْكُرِ الْوَاوَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلْبُخَارِيِّ قَالَتْ اِنَّ الْيَهُوْدَ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا السَّامُ عَلَيْكَ قَالَ وَعَلَيْكُمْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلًا يَا عَائِشَةُ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ یہودی ایک جماعت نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت مانگی اور کہا: اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ پس میں نے جواباً کہا۔ بلکہ تم پر موت اور لعنت۔ فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور ہر کام میں نرمی کو پسند فرماتا ہے۔ میں عرض گزار ہوئی کہ جو انھوں نے کہا کیا وہ آپ نے سنا نہیں؟ فرمایا کہ میں نے وَعَلَيْكُمْ کہہ دیا ہے۔ ایک روایت میں صرف عَلَيْكُمْ ہے اور واؤ کا ذکر نہیں کیا (متفق علیہ) اور بخاری کی روایت میں حضرت صدیقہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہودی آئے اور انھوں نے اَلسَّامُ عَلَيْكَ کہا۔ آپ نے وَعَلَيْكُمْ کہا۔ حضرت عائشہ نے کہا: تم لوگوں پر موت، اللہ کی لعنت اور اُس کا غضب۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

www.alahazratnetwork.org



قَالَتْ اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قَالُوْا قَالَ اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا تَكُوْنِيْ فَاحِشَةً فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ۔

اے عائشہ! ٹھہرو تم پر نرمی لازم ہے سختی اور بدزبانی سے بچو عرض گزار ہوئیں کہ جو اُنھوں نے کہا کیا وہ آپ نے سُنا نہیں؟ فرمایا کیا تم نے نہیں سُنا جو میں نے کہا یعنی وہ بات اُن پر ہی لوٹا دی، اُن کے متعلق میری بات قبول فرمائی جاتی ہے جبکہ اُن کی قبول نہیں کی جاتی اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ تم فحش گو نہ بنو کیونکہ اللہ تعالیٰ بدزبانی اور بیہودہ گفتگو کو پسند نہیں فرماتا۔

۴۴۳۲ / ۱۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مجلس کے پاس سے گزرے جس میں مسلمان، بت پرست مشرک اور یہودی ملے جُلے تھے۔ تو آپ نے اُنھیں سلام کیا۔

(متفق علیہ)

۴۴۳۳ / ۱۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِيْهَا قَالَ فَاِذَا اَبَيْتُمْ اِلَّا الْمَجْلِسَ فَاَعْطُوا الطَّرِيْقَ حَقَّهٗ قَالُوْا وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ غَضُّ الْبَصَرِ وَكَفُّ الْاَذٰى وَرَدُّ السَّلَامِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: راستوں میں بیٹھنے سے بچا کرو لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمیں ایسی جگہوں پر بیٹھنے کے سوا چارہ نہیں کیونکہ وہاں ہم گفتگو کرتے ہیں۔ فرمایا جب تم نے انکار کر دیا کہ بیٹھنا ضروری ہے تو راستے کا حق ادا کیا کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! راستے کا حق کیا ہے؟ فرمایا کہ نگاہ نیچی رکھنا، ایذا روکنا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم کرنا اور بُرائی سے روکنا۔

(متفق علیہ)

۴۴۳۴ / ۱۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَاِرْشَادُ السَّبِيْلِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ عَقِيْبَ حَدِيْثِ الْخُدْرِيِّ هٰكَذَا)

۴۴۳۵ / ۱۵ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَتُغِيْثُوا الْمَلْهُوْفَ وَتَهْدُوا الضَّالَّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ عَقِيْبَ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ هٰكَذَا وَلَمْ اَجِدْهُمَا فِي الصَّحِيْحَيْنِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ واقعہ میں فرمایا: اور راستہ بتا دینا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے حدیثِ ابوسعید کے بعد اسی طرح یہ روایت مجھے صحیحین میں نہیں ملی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مذکورہ واقعہ میں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی دادرسی کرو اور بھولے بھٹکے کو راستہ بتاؤ۔ اسے ابوداؤد نے حدیثِ ابوہریرہ کے بعد اسی طرح روایت کیا ہے اور صحیحین میں ان دونوں کو میں نے نہیں پایا۔

## دوسری فصل

۴۴۳۶ / ۱۶ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَيُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَيُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَيَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَيَتْبَعُ جَنَازَتَهٗ اِذَا

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر دستور کے مطابق چھ حق ہیں۔ جب اُسے ملے تو سلام کرے، جب وہ بلائے تو دعوت کو قبول کرے، جب وہ چھینکے تو جواب دے، جب وہ بیمار

www.alahazratnetwork.org



مَاتَ وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

۴۴۳۷/۱۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَرَدَّ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَآءَ اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

۴۴۳۸/۱۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَزَادَ ثُمَّ اَتٰى اٰخَرُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ فَقَالَ اَرْبَعُوْنَ وَقَالَ هٰكَذَا تَكُوْنُ الْفَضَائِلُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

۴۴۳۹/۱۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَاَ بِالسَّلَامِ

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

۴۴۴۰/۲۰ وَعَنْ جَرِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

۴۴۴۱/۲۱ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ اِذَا مَرُّوْا اَنْ يُّسَلِّمَ اَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوْسِ اَنْ يَّرُدَّ اَحَدُهُمْ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مَرْفُوْعًا) وَرَوٰى اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ رَفَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَهُوَ شَيْخُ اَبِيْ دَاوٗدَ)

۴۴۴۲/۲۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ

[illegible]

پڑے تو عیادت کرے، جب وہ مرے تو اس کے جنازے کے پیچھے جائے اور اس کے لیے بھی وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے (ترمذی، دارمی)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس نے کہا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ پس اُسے جواب دیا گیا۔ پھر بیٹھ گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دس۔ پھر دوسرا آیا اور اس نے کہا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ۔ پس اُسے جواب دیا اور وہ بیٹھ گیا تو فرمایا: بیس۔ پھر تیسرا آیا اور کہا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔ پس اُسے جواب دیا اور وہ بیٹھ گیا تو فرمایا: تیس۔

(ترمذی، ابوداؤد)

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسے معناً روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا: پھر چوتھا شخص آیا اور اس نے کہا: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ ۔ آپ نے فرمایا: چالیس اور فرمایا کہ اسی طرح فضیلت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ (ابوداؤد)۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ سے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو سلام میں پہل کرے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عورتوں کے پاس سے گزرے تو انھیں سلام کیا۔

(احمد)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جماعت کی طرف سے کافی ہے کہ جب وہ گزرے تو اُن میں سے ایک آدمی بھی سلام کرے اور بیٹھنے والوں میں سے ایک آدمی کا جواب دینا بھی کافی ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں مرفوعاً روایت کیا اور روایت کیا ہے ابوداؤد نے اور کہا کہ حسن بن علی نے اسے مرفوع کہا ہے جو امام ابوداؤد کے شیخ ہیں۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے

[illegible]

www.alahazratnetwork.org



فإن تسليم اليهود الإشارة بالأصابع وتسليم النصارى الإشارة بالأكف۔

(رواه الترمذي وقال إسناده ضعيف)

نصاریٰ کی کیونکہ یہود کا سلام کرنا انگلیوں کے اشارے سے ہے اور نصاریٰ کا سلام کرنا ہتھیلی کے اشارے سے ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ اس کی اسناد ضعیف ہے۔

٤٤٤٣ / ٢٣ وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا لقي أحدكم أخاه فليسلم عليه فإن حالت بينهما شجرة أو جدار أو حجر ثم لقيه فليسلم عليه۔

(رواه أبو داود)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے ملے تو اُسے سلام کرے۔ اگر دونوں کے درمیان کوئی درخت، دیوار یا پتھر حائل ہو جائے اور پھر ملاقات ہو تو اُسے سلام کرے۔

(ابوداؤد)

٤٤٤٤ / ٢٤ وعن قتادة قال قال النبي صلى الله عليه وسلم إذا دخلتم بيتا فسلموا على أهله وإذا خرجتم فأودعوا أهله بسلام۔

(رواه البيهقي في شعب الإيمان مرسلا)

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی گھر میں داخل ہو تو اُس کے رہنے والوں کو سلام کرو اور جب نکلو تو اُس کے رہنے والوں کو سلام کے ساتھ چھوڑو۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا۔

٤٤٤٥ / ٢٥ وعن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يا بني إذا دخلت على أهلك فسلم يكون بركة عليك وعلى أهل بيتك۔

(رواه الترمذي)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بیٹے! جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو انھیں سلام کرو۔ یہ تمہارے لیے اور تمہارے گھر والوں کے لیے برکت کا سبب ہوگا۔ (ترمذی)

٤٤٤٦ / ٢٦ وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم السلام قبل الكلام۔

(رواه الترمذي وقال هذا حديث منكر)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام بات کرنے سے پہلے ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

٤٤٤٧ / ٢٧ وعن عمران بن حصين قال كنا في الجاهلية نقول أنعم الله بك عينا وأنعم صباحا فلما كان الإسلام نهينا عن ذلك۔

(رواه أبو داود)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ دورِ جاہلیت میں ہم کہتے: اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ آنکھیں ٹھنڈی رکھے اور اچھا دن چڑھائے۔ جب دورِ اسلام آیا تو ہمیں اس سے منع کر دیا گیا۔

(ابوداؤد)

٤٤٤٨ / ٢٨ وعن غالب قال إنا لجلوس بباب الحسن البصري إذ جاء رجل فقال حدثني أبي عن جدي قال بعثني أبي إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ائته فأقرئه السلام قال فأتيته فقلت أبي يقرئك السلام فقال عليك وعلى أبيك السلام۔ (رواه أبو داود)

غالب کا بیان ہے کہ ہم امام حسن بصری کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی نے آکر کہا: مجھ سے میرے والدِ ماجد نے میرے جدِ امجد سے روایت کرتے ہوئے کہا میرے والدِ ماجد نے مجھے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف بھیجتے ہوئے فرمایا: آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام عرض کرنا۔ فرماتے ہیں کہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: میرے ابا جان آپ کی خدمت میں سلام عرض کرتے ہیں۔ فرمایا کہ تم پر اور تمہارے والدِ ماجد پر سلام۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۴۴۹ / ۲۹ وَعَنْ اَبِي الْعَلَاءِ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ الْعَلَاءَ الْحَضْرَمِيَّ كَانَ عَامِلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَيْهِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن العلاء حضرمی سے روایت ہے کہ حضرت علاء الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے عامل تھے۔ جب وہ آپ کے لیے عریضہ لکھتے تو اپنی ذات سے شروع فرماتے۔
(ابوداؤد)

۴۴۵۰ / ۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَتَبَ اَحَدُكُمْ كِتَابًا فَلْيُتَرِّبْهُ فَاِنَّهٗ اَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُّنْكَرٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی خط لکھے تو اس پر مٹی ڈالے۔ ایسا کرنا حاجت کو بہت پورا کرنے والا ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

۴۴۵۱ / ۳۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ كَاتِبٌ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ ضَعِ الْقَلَمَ عَلٰى اُذُنِكَ فَاِنَّهٗ اَذْكَرُ لِلْمَآلِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ اِسْنَادِهٖ ضُعْفٌ)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ کے سامنے کاتب موجود تھا۔ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قلم کو کان پر رکھو کیونکہ یہ انجام کو بہت یاد کرنے والا ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس کی اسناد میں ضعف ہے۔

۴۴۵۲ / ۳۲ وَعَنْهُ قَالَ اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ السُّرْيَانِيَّةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهٗ اَمَرَنِيْ اَنْ اَتَعَلَّمَ كِتَابَ يَهُوْدَ وَقَالَ اِنِّيْ مَا اٰمَنُ يَهُوْدَ عَلٰى كِتَابٍ قَالَ فَمَا مَرَّ بِيْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰى تَعَلَّمْتُ فَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلٰى يَهُوْدَ كَتَبْتُ وَاِذَا كَتَبُوْا اِلَيْهِ قَرَاْتُ لَهٗ كِتَابَهُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سریانی زبان سیکھنے کا حکم فرمایا۔ ایک روایت میں ہے کہ مجھے یہود کی کتاب سیکھنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ مجھے یہودیوں کے لکھے کا اعتبار نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ نصف مہینہ بھی نہیں گزرا تھا کہ میں سیکھ چکا۔ لہٰذا جب یہود کے لیے کچھ لکھنا ہوتا تو میں لکھتا اور جب وہ آپ کے لیے لکھتے تو اُن کے لکھے ہوئے کو میں آپ کے حضور پڑھتا۔
(ترمذی)

۴۴۵۳ / ۳۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَهٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى مَجْلِسٍ فَلْيُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يَّجْلِسَ فَلْيَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ فَلَيْسَتِ الْاُوْلٰى بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَةِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی مجلس میں پہنچے تو سلام کرے۔ اگر بیٹھنا چاہے تو بیٹھ جائے۔ جب جانے کے لیے کھڑا ہو تب بھی سلام کرے۔ پہلا سلام اس دوسرے سلام سے زیادہ ضروری نہیں ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۴۵۴ / ۳۴ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا خَيْرَ فِيْ جُلُوْسٍ فِي الطُّرُقَاتِ اِلَّا لِمَنْ هَدَى

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: راستوں میں بیٹھنے کے اندر کوئی بھلائی نہیں مگر اُس شخص کے لیے جو راستہ

اِلٰی حُجْرِیْ فِیْ بَابِ فَضْلِ الصَّدَقَۃِ)

میں بیان کی جاچکی ہے۔

## تیسری فصل

۴۴۵۵ / ۳۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِیْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ یَا اٰدَمُ اِذْهَبْ اِلٰی اُولٰٓئِكَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلٰی مَلَاٍ مِّنْهُمْ جُلُوْسٍ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْكُمْ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْكُمْ قَالُوْا عَلَیْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی رَبِّهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ تَحِیَّتُكَ وَتَحِیَّةُ بَنِیْكَ بَیْنَهُمْ فَقَالَ لَهُ اللّٰهُ وَیَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ اخْتَرْ اَیَّتَهُمَا شِئْتَ فَقَالَ اخْتَرْتُ یَمِیْنَ رَبِّیْ وَكِلْتَا یَدَیْ رَبِّیْ یَمِیْنٌ مُّبَارَكَةٌ ثُمَّ بَسَطَهَا فَاِذَا فِیْهَا اٰدَمُ وَذُرِّیَّتُهٗ فَقَالَ اَیْ رَبِّ مَا هٰؤُلَآءِ قَالَ هٰؤُلَآءِ ذُرِّیَّتُكَ فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَّكْتُوْبٌ عُمْرُهٗ بَیْنَ عَیْنَیْهِ فَاِذَا فِیْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَؤُهُمْ اَوْ مِنْ اَضْوَئِهِمْ قَالَ یَا رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا اِبْنُكَ دَاوٗدُ وَقَدْ كَتَبْتُ لَهٗ عُمْرَهٗ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً قَالَ یَا رَبِّ زِدْ فِیْ عُمْرِهٖ قَالَ ذٰلِكَ الَّذِیْ كَتَبْتُ لَهٗ قَالَ اَیْ رَبِّ فَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ لَهٗ مِنْ عُمْرِیْ سِتِّیْنَ سَنَةً قَالَ اَنْتَ وَذَاكَ قَالَ ثُمَّ سَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا وَكَانَ اٰدَمُ یَعُدُّ لِنَفْسِهٖ فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ قَالَ لَهٗ اٰدَمُ قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِیْ اَلْفُ سَنَةٍ قَالَ بَلٰی وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوٗدَ سِتِّیْنَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّیَّتُهٗ وَنَسِیَ وَنَسِیَتْ ذُرِّیَّتُهٗ قَالَ فَمِنْ یَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا فرمایا اور ان میں روح پھونکی تو چھینک آئی تو انھوں نے الحمد للہ کہا اور خدا کی حمد و ثنا بیان کی۔ ان کے رب نے ان سے فرمایا کہ اے آدم! اللہ تم پر رحم فرمائے۔ ان فرشتوں کے پاس جاؤ جو گروہ کی شکل میں بیٹھے ہوئے ہیں اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہو۔ انھوں نے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہا تو انھوں نے عَلَیْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہا پھر اپنے رب کی طرف لوٹے تو خدا نے فرمایا: یہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا آپس میں سلام کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں دستِ قدرت بند کر کے فرمایا: دونوں میں سے جس کو چاہو چن لو۔ عرض گزار ہوئے کہ میں نے اپنے رب کا داہنا ہاتھ اختیار کیا مگر اس کے دونوں ہاتھ ہی مبارک ہیں۔ جب اسے کھولا تو اس میں حضرت آدم تھے اور ان کی اولاد۔ عرض گزار ہوئے کہ اے رب! یہ کون ہیں؟ فرمایا کہ یہ تمہاری اولاد ہے۔ اس وقت ہر انسان کی دونوں آنکھوں کے درمیان اس کی عمر لکھی ہوئی تھی۔ ان میں ایک فرد حسن و جمال والوں میں تھا۔ عرض کی کہ اے رب! یہ کون ہیں؟ فرمایا کہ یہ تمہارا بیٹا داؤد ہے۔ میں نے اس کی عمر چالیس سال لکھی ہے۔ عرض گزار ہوئے کہ اے رب! اس کی عمر بڑھا دے۔ فرمایا کہ میں اس کی یہی عمر لکھ چکا ہوں۔ عرض کی کہ اے رب! میں نے اپنی عمر سے اس کو ساٹھ سال دیے۔ فرمایا کہ تمہاری مرضی۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر جنت میں رہے جب تک اللہ نے چاہا۔ جب اس سے اترے گئے تو حضرت آدم اپنی جان پر یادتی کرتے بیٹھے تھے، جب ملک الموت ان کے پاس آیا تو حضرت آدم نے اس سے کہا: آپ نے جلدی کی، میرے لیے ہزار سال لکھے گئے ہیں۔ کہا کیوں نہیں لیکن آپ نے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیے تھے۔ انھوں نے انکار کیا تو ان کی اولاد بھی انکار کرتی ہے کیونکہ وہ بھول گئے تھے اور ان کی اولاد بھی بھول جاتی ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ اسی روز سے لکھنے اور گواہ بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔

(ترمذی)۔

۴۴۵۶ / ۳۶ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ قَالَتْ مَرَّ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَیْنَا

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم عورتوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے ہمیں سلام کیا۔

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

۴۶۵۷ / ۳۷ وَعَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ أَنَّهُ كَانَ يَأْتِي ابْنَ عُمَرَ فَيَغْدُوْ مَعَهُ إِلَى السُّوْقِ قَالَ فَإِذَا غَدَوْنَا إِلَى السُّوْقِ لَمْ يَمُرَّ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ عَلٰى سَقَّاطٍ وَّلَا عَلٰى صَاحِبِ بَيْعَةٍ وَّلَا مِسْكِيْنٍ وَّلَا عَلٰى أَحَدٍ إِلَّا سَلَّمَ عَلَيْهِ قَالَ الطُّفَيْلُ فَجِئْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَوْمًا فَاسْتَتْبَعَنِيْ إِلَى السُّوْقِ فَقُلْتُ لَهُ وَمَا تَصْنَعُ فِي السُّوْقِ وَأَنْتَ لَا تَقِفُ عَلَى الْبَيْعِ وَلَا تَسْأَلُ عَنِ السِّلَعِ وَلَا تَسُوْمُ بِهَا وَلَا تَجْلِسُ فِيْ مَجَالِسِ السُّوْقِ فَاجْلِسْ بِنَا هٰهُنَا نَتَحَدَّثُ قَالَ فَقَالَ لِيْ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يَا أَبَا بَطْنٍ قَالَ وَكَانَ الطُّفَيْلُ ذَا بَطْنٍ إِنَّمَا نَغْدُوْ مِنْ أَجْلِ السَّلَامِ نُسَلِّمُ عَلٰى مَنْ لَقِيْنَاهُ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

۴۶۵۸ / ۳۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِفُلَانٍ فِيْ حَائِطِيْ عَذْقٌ وَّإِنَّهُ قَدْ آذَانِيْ مَكَانُ عَذْقِهِ فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ بِعْنِيْ عَذْقَكَ قَالَ لَا قَالَ فَهَبْ لِيْ قَالَ لَا قَالَ فَبِعْنِيْهِ بِعَذْقٍ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَيْتُ الَّذِيْ هُوَ أَبْخَلُ مِنْكَ إِلَّا الَّذِيْ يَبْخَلُ بِالسَّلَامِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

۴۶۵۹ / ۳۹ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَادِيْ بِالسَّلَامِ بَرِيْءٌ مِّنَ الْكِبْرِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

(ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

طفیل بن اُبی بن کعب کا بیان ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ صبح کے وقت بازار کو جاتے۔ ان کا بیان ہے کہ جب ہم صبح کو بازار جاتے تو حضرت عبداللہ بن عمر جس ردی چیزوں والے یا بیوپاری یا غریب یا کسی بھی شخص سے ملتے تو اُسے سلام کرتے۔ طفیل کا کہنا ہے کہ ایک روز میں حضرت عبداللہ کی خدمت میں حاضر ہُوا تو مجھ سے بازار تک ساتھ چلنے کو کہا تو میں بولا کہ آپ بازار میں کیا کریں گے جبکہ جناب کسی سودے کے پاس ٹھہرتے ہیں نہ کسی چیز کے متعلق پوچھتے ہیں نہ کسی کا بھاؤ کرتے ہیں اور نہ بازار والوں کی مجلس میں بیٹھتے ہیں لہٰذا ہمارے پاس یہیں بیٹھیے تاکہ ہم باتیں کریں۔ حضرت عبداللہ بن عمر نے مجھ سے فرمایا: اے ابوبطن! کیونکہ ابوطفیل کا پیٹ بڑا تھا۔ ہم صبح کو سلام کی وجہ سے جاتے ہیں تاکہ جو ہمیں ملے اُسے سلام کریں۔ روایت کیا اسے مالک نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہُوا کہ فلاں کا میرے باغ میں عذق کھجور کا درخت ہے اور اُس درخت کے باعث وہ مجھے تکلیف پہنچاتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے بُلا کر فرمایا: اپنا درخت مجھے بیچ دو۔ عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ مجھے ہبہ کر دو۔ عرض گزار ہُوا کہ نہیں۔ فرمایا کہ جنت کے ایک درخت کے بدلے بیچ دو۔ عرض کی نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تم سے بڑھ کر بخیل نہیں دیکھا مگر جو سلام میں بخل کرتا ہو۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے سلام کرنے والا تکبر سے آزاد ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

## بَابُ الْاِسْتِئْذَانِ

## اجازت طلب کرنے کا بیان

### پہلی فصل

www.alahazratnetwork.org



مُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اٰتِیَهٗ فَاَتَیْتُ بَابَهٗ فَسَلَّمْتُ ثَلٰثًا فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِكَ ثَلٰثًا فَلَمْ تَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلٰثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْهِ الْبَیِّنَةَ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَهِدْتُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

ابو موسیٰ تشریف لائے اور فرمایا کہ مجھے حضرت عمر نے بلایا تھا کہ ان کے پاس جاؤں۔ میں ان کے دروازے پر حاضر ہوا اور تین مرتبہ سلام کیا۔ مجھے کسی نے جواب نہ دیا تو میں لوٹ آیا۔ فرمایا کہ تمہیں میرے پاس آنے سے کس چیز نے روکا؟ میں عرض گزار ہوا کہ حاضر ہوا تھا اور دروازے پر تین دفعہ سلام کیا تھا لیکن جواب نہ ملا تو لوٹ آیا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تھا کہ جب تم میں سے کوئی تین دفعہ اجازت مانگے اور اجازت نہ ملے تو لوٹ آئے۔ پس حضرت عمر نے فرمایا کہ اس پر گواہ پیش کرو۔ حضرت ابو سعید نے فرمایا کہ میں ان کے ساتھ کھڑا ہوا اور جا کر حضرت عمر کے پاس میں نے گواہی دی (متفق علیہ)

٤٤٦١ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لِیَ
٢
النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْنُكَ عَلَیَّ اَنْ تُرْفَعَ الْحِجَابُ وَاَنْ تَسْتَمِعَ سِوَادِیْ حَتّٰی اَنْهَاكَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تمہارا اجازت لینا یہی ہے کہ پردہ اٹھاؤ اور میری آہستہ گفتگو بھی سن لیا کرو۔ یہاں تک کہ میں تمہیں منع کردوں۔

(مسلم)۔

٤٤٦٢ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
٣
وَسَلَّمَ فِیْ دَیْنٍ كَانَ عَلٰی اَبِیْ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ مَنْ ذَا فَقُلْتُ اَنَا فَقَالَ اَنَا اَنَا كَاَنَّهٗ كَرِهَهَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اپنے والد ماجد کے قرض کے سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ میں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو فرمایا: کون ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ میں۔ فرمایا کہ میں میں گویا اسے ناپسند فرمایا۔ (متفق علیہ)۔

٤٤٦٣ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ
٤
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِیْ قَدَحٍ فَقَالَ اَبَا هِرٍّ اِلْحَقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ اِلَیَّ فَاَتَیْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْا فَاُذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اندر داخل ہوا تو آپ نے دودھ کا پیالہ پایا۔ فرمایا اے ابو ہریرہ! اہل صفہ کے پاس جاؤ اور انہیں میرے پاس بلا لاؤ۔ میں ان کے پاس گیا اور انہیں بلا لایا۔ وہ حاضر ہوئے اور اجازت طلب کی انہیں اجازت مرحمت فرما دی گئی تو وہ اندر داخل ہوگئے۔ (بخاری)

## دوسری فصل

٤٤٦٤ عَنْ كَلَدَةَ بْنِ حَنْبَلٍ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَیَّةَ
٥
بَعَثَ بِلَبَنٍ وَجِدَایَةٍ وَضَغَابِیْسَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَی الْوَادِیْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَیْهِ وَلَمْ اُسَلِّمْ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ارْجِعْ فَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ اَاَدْخُلُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

کلدہ بن حنبل سے روایت ہے کہ حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دودھ، ہرن کا بچہ اور ککڑیاں بھیجیں جبکہ اس وقت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وادی کے بالائی حصے میں تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں اندر داخل ہوا تو نہ سلام کیا اور نہ اجازت طلب کی۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوٹ جاؤ اور سلام کہو پھر کہو۔ کیا میں اندر آجاؤں؟ (ترمذی، ابوداؤد)۔

www.alahazratnetwork.org



۴۴۶۵ [6] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ فَجَاءَ مَعَ الرَّسُولِ فَإِنَّ ذَالِكَ لَهُ إِذْنٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ) وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ رَسُولُ الرَّجُلِ إِلَى الرَّجُلِ إِذْنُهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو بلایا جائے اور وہ بلانے والے کے ساتھ آئے تو یہی اُس کی اجازت ہے۔ (ابوداؤد) اور اُسی کی ایک روایت میں ہے کہ آدمی کا بھیجا ہوا شخص اُس کی طرف سے اجازت ہے۔

۴۴۶۶ [7] وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى بَابَ قَوْمٍ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَاءِ وَجْهِهِ وَلَكِنْ مِنْ رُكْنِهِ الْأَيْمَنِ أَوِ الْأَيْسَرِ فَيَقُولُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَذَالِكَ أَنَّ الدُّورَ لَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا سُتُورٌ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ) وَذُكِرَ حَدِيثُ أَنَسٍ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ فِي بَابِ الضِّيَافَةِ۔

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی قوم کے دروازے پر تشریف لے جاتے تو اندر نظر پڑنے کے باعث دروازے کے سامنے نہ رہتے بلکہ دائیں یا بائیں تشریف فرما ہوتے اور فرماتے: السَّلَامُ عَلَیْکُمْ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یہ اس لیے تھا کہ اُن دنوں گھروں کے پردے نہیں ہوتے تھے۔ (ابوداؤد) وہ حدیث انس جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ کہا، وہ باب الضیافت میں بیان کی جا چکی ہے۔

## تیسری فصل

۴۴۶۷ [8] عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَسْتَأْذِنُ عَلَى أُمِّي فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي مَعَهَا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَأْذِنْ عَلَيْهَا فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي خَادِمُهَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَأْذِنْ عَلَيْهَا أَتُحِبُّ أَنْ تَرَاهَا عُرْيَانَةً قَالَ لَا قَالَ فَاسْتَأْذِنْ عَلَيْهَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھتے ہوئے عرض گزار ہوا: کیا میں اپنی والدۂ ماجدہ سے اجازت لیا کروں؟ فرمایا: ہاں۔ عرض گزار ہوا کہ میں گھر میں اُن کے ساتھ رہتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُن سے اجازت لیا کرو۔ وہ آدمی عرض گزار ہوا کہ میں تو اُن کا خادم ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُن سے اجازت لیا کرو۔ کیا تم پسند کرتے ہو کہ انہیں ننگی دیکھو؟ عرض کی: نہیں۔ فرمایا: تو اُن سے اجازت لیا کرو۔ اسے امام مالک نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۴۶۸ [9] وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ لِي مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَدْخَلٌ بِاللَّيْلِ وَمَدْخَلٌ بِالنَّهَارِ فَكُنْتُ إِذَا دَخَلْتُ بِاللَّيْلِ تَنَحْنَحَ لِي۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک دفعہ رات کو اور ایک دفعہ دن کو میرا داخلہ ہوتا۔ پس جب میں رات کے وقت داخل ہوتا تو آپ میری خاطر کھانستے۔ (نسائی)

۴۴۶۹ [10] وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَأْذَنُوا لِمَنْ لَمْ يَبْدَأْ بِالسَّلَامِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پہلے سلام نہ کرے اُسے اجازت نہ دو۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْمُصَافَحَةِ وَالْمُعَانَقَةِ

# مصافحہ اور معانقہ کا بیان

## پہلی فصل

٤٤٧٠ / ١ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَكَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِي اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

قتادہ کا بیان ہے کہ میں حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوا: کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اصحاب مصافحہ کیا کرتے تھے؟ فرمایا: ہاں۔ (بخاری)

٤٤٧١ / ٢ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ قَالَ الْاَقْرَعُ اِنَّ لِيْ عَشَرَةً مِّنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ اَحَدًا فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَثَمَّ لُكَعُ فِيْ بَابِ مَنَاقِبِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَذُكِرَ حَدِيْثُ اُمِّ هَانِئٍ فِيْ بَابِ الْاَمَانِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حسن بن علی کو بوسہ دیا جبکہ آپ کے پاس اقرع بن حابس بھی تھے۔ اقرع نے کہا کہ میرے دس بیٹے ہیں لیکن میں اُن میں سے کسی کو بھی نہیں چومتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اُن کی طرف دیکھ کر فرمایا: جو شفقت نہ کرے اُس پر شفقت نہیں کی جائے گی۔ (متفق علیہ) اور ہم اَثَمَّ لُكَعُ والی حدیث ابوہریرہ کو ہم باب مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں بیان کریں گے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى! اور حدیث اُم ہانی پیچھے باب الامان میں پیش کی جا چکی ہے۔

## دوسری فصل

٤٤٧٢ / ٣ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُّسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَّتَفَرَّقَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ قَالَ اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہیں ایسے دو مسلمان جو ملاقات کے وقت آپس میں مصافحہ کریں مگر دونوں جدا ہونے سے پہلے بخش دیے جاتے ہیں۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ) اور ابو داؤد کی ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: جب دو مسلمان آپس میں ملیں تو ایک دوسرے سے مصافحہ کریں اور اللہ کی حمد و ثنا کرنے کے ساتھ اُس سے معافی چاہیں تو دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

٤٤٧٣ / ٤ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقٰى اَخَاهُ اَوْ صَدِيْقَهٗ اَيَنْحَنِيْ لَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَلْتَزِمُهٗ وَيُقَبِّلُهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَاْخُذُ بِيَدِهٖ وَيُصَافِحُهٗ قَالَ نَعَمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ ایک شخص عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی اپنے بھائی یا دوست سے ملے تو کیا اُس کے لیے جھکے؟ فرمایا: نہیں۔ عرض کی کہ کیا اُسے گلے لگائے اور بوسہ دے؟ فرمایا: نہیں۔ عرض گزار ہوا کہ کیا اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُس سے مصافحہ کرے؟ فرمایا: ہاں۔ (ترمذی)۔

٤٤٧٤ / ٥ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَمَامُ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ اَنْ يَّضَعَ اَحَدُكُمْ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کا مریض کی عیادت کرنا اُس

www.alahazratnetwork.org



يده على جبهته او على يده فيسأله كيف هو وتمام تحياتكم بينكم المصافحة۔ (رواه احمد والترمذي وضعفه)

وقت مکمل ہوتا ہے کہ اس کی پیشانی یا ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر پوچھے کہ اس کا کیا حال ہے اور تمہارا آپس میں سلام کرنا مصافحہ سے مکمل ہوتا ہے۔ اسے احمد اور ترمذی نے روایت کیا اور اس کو ضعیف کہا۔

۴۴۷۵ وعن عائشة قالت قدم زيد بن حارثة المدينة ورسول الله صلى الله عليه وسلم في بيتي فاتاه فقرع الباب فقام اليه رسول الله صلى الله عليه وسلم عريانا يجر ثوبه والله ما رأيته عريانا قبله ولا بعده فاعتنقه وقبله۔ (رواه الترمذي)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضرت زید بن حارثہ جب مدینہ منورہ میں آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے گھر میں تھے۔ انھوں نے آکر دروازہ کھٹکھٹایا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی طرف ننگے پیر اور کپڑے گھسیٹتے ہوئے کھڑے ہوئے۔ خدا کی قسم! میں نے اس سے پہلے یا اسکے بعد کبھی اس طرح کھلے بدن نہیں دیکھا آپ نے ان سے معانقہ کیا اور انھیں بوسہ دیا۔ (ترمذی)

۴۴۷۶ وعن ايوب بن بشير عن رجل من عنزة انه قال قلت لابي ذر هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصافحكم اذا لقيتموه قال ما لقيته قط الا صافحني وبعث الي ذات يوم ولم اكن في اهلي فلما جئت اخبرت فاتيته وهو على سرير فالتزمني فكانت تلك اجود واجود۔ (رواه ابو داود)

ایوب بن بشیر نے عنزہ کے ایک آدمی سے روایت کی کہ اس نے کہا: میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ ملاقات کے وقت کیا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ حضرات سے مصافحہ کیا کرتے تھے؟ فرمایا کہ میں کبھی حضور سے نہیں ملا جبکہ آپ نے مصافحہ نہ کیا ہو اور ایک روز آپ نے مجھے بلوایا تو اپنے گھر میں نہیں تھا۔ جب واپس آیا اور مجھے بتایا گیا تو میں حاضر بارگاہ ہو گیا۔ اس وقت آپ تخت پر جلوہ افروز تھے تو آپ نے مجھے گلے لگا لیا۔ یہ کتنا کرم ہے، یہ کتنا کرم ہے۔ (ابوداؤد)۔

۴۴۷۷ وعن عكرمة بن ابي جهل قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم جئته مرحبا بالراكب المهاجر۔ (رواه الترمذي)

حضرت عکرمہ بن ابوجہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب میں حاضر بارگاہ ہوا تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: مہاجر سوار مرحبا! (ترمذی)۔

۴۴۷۸ وعن اسيد بن حضير رجل من الانصار قال بينما هو يحدث القوم وكان فيه مزاح بينا يضحكهم فطعنه النبي صلى الله عليه وسلم في خاصرته بعود فقال اصبرني قال اصطبر قال ان عليك قميصا وليس علي قميص فرفع النبي صلى الله عليه وسلم عن قميصه فاحتضنه وجعل يقبل كشحه قال انما اردت هذا يا رسول الله۔ (رواه ابو داود)

حضرت اسید بن حضیر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ لوگوں میں باتیں کر رہے تھے اور مزاحیہ باتوں سے انھیں ہنسا رہے تھے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے پہلو میں لکڑی چبھو دی۔ عرض گزار ہوئے کہ مجھے بدلہ دیجئے۔ فرمایا کہ بدلہ لے لو۔ عرض گزار ہوئے کہ آپ کے اوپر قمیص ہے جبکہ میرے اوپر قمیص نہ تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قمیص اٹھا دی تو وہ آپ سے لپٹ گئے اور پہلوئے مبارک کو بوسہ دینے لگے اور عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرا صرف یہی ارادہ تھا۔ (ابوداؤد)

۴۴۷۹ وعن الشعبي ان النبي صلى الله عليه وسلم تلقى جعفر بن ابي طالب فالتزمه وقبل

شعبی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضرت جعفر بن ابوطالب سے ملاقات ہوئی تو انھیں گلے سے لگا لیا اور ان کی

www.alahazratnetwork.org



مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ. (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ مُرْسَلًا وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ الْبَيَاضِيِّ مُتَّصِلًا)

دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً اور مصابیح کے بعض نسخوں میں شرح السنہ سے ہے کہ بیاضی سے متصلاً مروی ہے۔

۴۴۸۰ / ۱۱ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ فِيْ قِصَّةِ رُجُوْعِهٖ مِنْ أَرْضِ الْحَبَشَةِ قَالَ فَخَرَجْنَا حَتّٰى أَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ فَتَلَقَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَنَقَنِيْ ثُمَّ قَالَ مَا أَدْرِيْ أَنَا بِفَتْحِ خَيْبَرَ أَفْرَحُ أَمْ بِقُدُوْمِ جَعْفَرٍ وَوَافَقَ ذٰلِكَ فَتْحَ خَيْبَرَ.

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سرزمین حبشہ سے واپس آنے کے واقعہ میں روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ ہم نکلے یہاں تک کہ مدینہ منورہ میں آپہنچے تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملے۔ آپ نے مجھ سے معانقہ کیا۔ پھر فرمایا۔ مجھے نہیں معلوم کہ فتح خیبر کی خوشی زیادہ ہے یا آمدِ جعفر کی اور یہ فتح خیبر کے وقت کا واقعہ ہے۔

(شرح السنہ)

۴۴۸۱ / ۱۲ وَعَنْ زَارِعٍ وَكَانَ فِيْ وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت زارع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جو عبد القیس کے وفد میں تھے۔ انھوں نے فرمایا کہ جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو جلدی جلدی اپنی سواریوں سے اترنے لگے اور ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک ہاتھوں اور پیروں کو بوسے دیے (ابوداؤد)

۴۴۸۲ / ۱۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَشْبَهَ سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا وَفِيْ رِوَايَةٍ حَدِيْثًا وَكَلَامًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَانَتْ إِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ إِلَيْهَا فَأَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَأَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ إِلَيْهِ فَأَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَأَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے ہیئت، عادت اور صورت میں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ بولنے اور گفتگو کرنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ فاطمہ سے بڑھ کر مشابہت رکھنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔ جب وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو ان کے لیے کھڑے ہو جاتے ان کا ہاتھ پکڑتے اُسے بوسہ دیتے اور اپنے بیٹھنے کی جگہ پر بٹھاتے جب آپ اُن کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ کے لیے کھڑی ہو جاتیں آپ کا دستِ مبارک پکڑ کر اُسے بوسہ دیتیں اور آپ کو اپنے بیٹھنے کی جگہ پر بٹھاتیں (ابوداؤد)

۴۴۸۳ / ۱۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أَبِيْ بَكْرٍ أَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَإِذَا عَائِشَةُ ابْنَتُهٗ مُضْطَجِعَةٌ قَدْ أَصَابَتْهَا حُمّٰى فَأَتَاهَا أَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ كَيْفَ أَنْتِ يَا بُنَيَّةُ وَقَبَّلَ خَدَّهَا.

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں آنے پر میں پہلی دفعہ حضرت ابوبکر کے ساتھ اندر داخل ہوا تو اُن کی صاحبزادی حضرت عائشہ لیٹی ہوئی تھیں جنھیں بخار چڑھا ہوا تھا۔ حضرت ابوبکر اُن کے پاس گئے اور فرمایا: ننھی بیٹی! کیا حال ہے؟ اور اُن کے رخسار پر بوسہ دیا۔

(ابوداؤد)

۴۴۸۴ / ۱۵ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِصَبِيٍّ فَقَبَّلَهٗ فَقَالَ أَمَا إِنَّهُمْ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ وَإِنَّهُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ.

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بچے کو لایا گیا تو آپ نے اُسے بوسہ دیا اور فرمایا: یہ بخیل اور بزدل بنانے والے ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی خوشبودار فصل سے ہیں۔ (شرح السنہ).

www.alahazratnetwork.org



## تیسری فصل

۴۴۸۵ (۱۶) عَنْ يَعْلٰى قَالَ اِنَّ حَسَنًا وَّحُسَيْنًا اِسْتَبَقَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُمَا اِلَيْهِ وَقَالَ اِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَةٌ مَّجْبَنَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت یعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف حسن اور حسین دوڑے تو آپ نے انھیں سینے سے لگا لیا اور فرمایا:۔ بیشک اولاد بخیل اور بزدل بنا دینے والی ہے۔ (احمد)

۴۴۸۶ (۱۷) وَعَنْ عَطَاءِ نِ الْخُرَاسَانِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَصَافَحُوْا يَذْهَبُ الْغِلُّ وَتَهَادَوْا تَحَابُّوْا وَتَذْهَبُ الشَّحْنَاءُ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا)

عطاء خراسانی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مصافحہ کیا کرو کہ دل کی کدورت جاتی رہے گی۔ تحفے دیا کرو تو محبت ہو جائے گی اور عداوت جاتی رہے گی۔ روایت کیا اسے امام مالک نے مرسلاً۔

۴۴۸۷ (۱۸) وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى اَرْبَعًا قَبْلَ الْهَاجِرَةِ فَكَاَنَّمَا صَلَّاهُنَّ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَالْمُسْلِمَانِ اِذَا تَصَافَحَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُمَا ذَنْبٌ اِلَّا سَقَطَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو دوپہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے تو گویا اس نے یہ نماز شب قدر میں پڑھی اور جب دو مسلمان مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے درمیان کوئی گناہ باقی نہیں رہتا بلکہ گر جاتا ہے۔ روایت کیا ہے اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

# بَابُ الْقِيَامِ

# کسی کے لیے قیام کرنے کا بیان

## پہلی فصل

۴۴۸۸ (۱) عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ وَكَانَ قَرِيْبًا مِّنْهُ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَمَضَى الْحَدِيْثُ بِطُوْلِهِ فِيْ بَابِ حُكْمِ الْاُسَرَاءِ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب حضرت سعد بن معاذ کے حکم پر بنو قریظہ اتر آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں بلوایا جو قریب ہی رہتے تھے۔ وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے۔ جب مسجد نبوی کے قریب پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا:۔ اپنے سردار کی طرف کھڑے ہو جاؤ (متفق علیہ) اور اس سلسلے کی طویل حدیث باب حکم الاسراء میں گزر چکی ہے۔

۴۴۸۹ (۲) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَتَوَسَّعُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کوئی آدمی دوسرے بیٹھے ہوئے آدمی کو اٹھا کر اس کی جگہ پر نہ بیٹھے بلکہ خود آپس میں فراخی اور وسعت پیدا کر دیا کرو۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۴۹۰ / ۳ وعن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من قام من مجلسه ثم رجع الیه فهو احق به۔

(رواه مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو اپنی جگہ سے اُٹھے اور پھر واپس آجائے تو اُس جگہ کا وہی زیادہ حق دار ہے۔

(مسلم)

## دوسری فصل

۴۴۹۱ / ۴ عن انس قال لم یکن شخص احب الیهم من رسول الله صلی الله علیه وسلم وکانوا اذا راوه لم یقوموا لما یعلمون من کراهیته لذلك (رواه الترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ کرام کو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی محبوب نہ تھا لیکن وہ آپ کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوا کرتے تھے کیونکہ آپ اس بات کو ناپسند فرماتے تھے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۹۲ / ۵ وعن معاویة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من سره ان یتمثل له الرجال قیاما فلیتبوا مقعده من النار۔

(رواه الترمذی وابوداود)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس کی خوشی اِس میں ہو کہ لوگ اُس کے لیے کھڑے ہوا کریں تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۴۹۳ / ۶ وعن ابی امامة قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم متکئا علی عصا فقمنا له فقال لا تقوموا کما یقوم الاعاجم یعظم بعضها بعضا۔

(رواه ابوداود)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لاٹھی پر ٹیک لگاتے ہوئے باہر تشریف لائے تو ہم آپ کے لیے کھڑے ہو گئے۔ فرمایا کہ ایسے کھڑے نہ ہوا کرو جیسے عجمی لوگ ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے ہیں۔ (ابوداؤد)

۴۴۹۴ / ۷ وعن سعید بن ابی الحسن قال جاءنا ابوبکرة فی شهادة فقام له رجل من مجلسه فابی ان یجلس فیه وقال ان النبی صلی الله علیه وسلم نهی عن ذا ونهی النبی صلی الله علیه وسلم ان یمسح الرجل یده بثوب من لم یکسه۔

(رواه ابوداود)

سعید بن ابوالحسن سے روایت ہے کہ ایک گواہی کے سلسلے میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے تو ایک آدمی اُن کے لیے اپنی جگہ سے اٹھ گیا۔ انھوں نے اُس جگہ بیٹھنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کے کپڑے سے اپنا ہاتھ پونچھے جو اس نے اُسے پہنایا نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۴۴۹۵ / ۸ وعن ابی الدرداء قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا جلس وجلسنا حوله فقام فاراد الرجوع نزع نعله او بعض ما یکون علیه فیعرف ذلك اصحابه فیثبتون۔

(رواه ابوداود)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیٹھتے تو ہم آپ کے اردگرد بیٹھ جاتے۔ کھڑے ہوتے اور واپس آنے کا ارادہ ہوتا تو نعلین مبارک یا اپنا کوئی کپڑا چھوڑ جاتے۔ پس آپ کے اصحاب جان جاتے اور بیٹھے رہتے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۴۹۶ ۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ دو آدمیوں کو الگ الگ کرے مگر اُن دونوں کی اجازت سے۔
(ترمذی، ابوداؤد)

۴۴۹۷ ۱۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْلِسْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آدمیوں کے درمیان میں نہ بیٹھو مگر اُن کی اجازت سے۔
(ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۴۹۸ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ مَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ يُحَدِّثُنَا فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِيَامًا حَتّٰى نَرَاهُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُيُوْتِ اَزْوَاجِهٖ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں ہمارے ساتھ بیٹھ کر ہم سے گفتگو فرمایا کرتے تھے۔ جب آپ کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہوجاتے یہاں تک کہ ہم آپ کو دیکھتے کہ اپنی ازواجِ مطہرات میں سے کسی کے گھر میں داخل ہو گئے ہیں۔

۴۴۹۹ ۱۲ وَعَنْ وَّاثِلَةَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ قَاعِدٌ فَتَزَحْزَحَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فِي الْمَكَانِ سَعَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلْمُسْلِمِ لَحَقًّا اِذَا رَاٰهُ اَخُوْهُ اَنْ يَّتَزَحْزَحَ لَهٗ۔
(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت واثلہ بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جبکہ آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کے لیے کچھ سرک گئے۔ وہ آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! جگہ کی گنجائش موجود ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: مسلمان کا حق ہے کہ اُس کا بھائی جب اُسے دیکھے تو اُس کے لیے کچھ سرک جائے۔ روایت کیا ان دونوں کو بیہقی نے۔

# بَابُ الْجُلُوْسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ

## بیٹھنے، سونے اور چلنے کا بیان

## پہلی فصل

۴۵۰۰ ۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ مُحْتَبِيًا بِيَدَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صحن کعبہ میں اپنے ہاتھوں سے حلقہ باندھے ہوئے دیکھا۔ (بخاری)

۴۵۰۱ وَعَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ[2] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا إِحْدٰى قَدَمَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عباد بن تمیم سے روایت ہے کہ اُن کے چچا جان نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا کہ ایک پیر مبارک دوسرے پر رکھا ہُوا تھا۔ (متفق علیہ)

۴۵۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[3] وَسَلَّمَ أَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ إِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ آدمی اپنے ایک پیر کو اٹھا کر دوسرے پر رکھے جبکہ وہ چت لیٹا ہُوا ہو۔ (مسلم)

۴۵۰۳ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسْتَلْقِيَنَّ[4] أَحَدُكُمْ ثُمَّ يَضَعُ إِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی چت نہ لیٹا کرے کہ اپنے ایک پیر کو دوسرے پر رکھ لے۔ (مسلم)

۴۵۰۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[5] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ فِي بُرْدَيْنِ وَقَدْ أَعْجَبَتْهُ نَفْسُهٗ خُسِفَ بِهِ الْأَرْضُ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ایک آدمی دو چادروں میں اکڑ کر چل رہا تھا اور اُس کے نفس کو یہ بات بڑی پسند تھی تو اُسے زمین میں دھنسا دیا گیا اور وہ اُس میں قیامت تک دھنستا ہی جائے گا۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۵۰۵ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ[6] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ بائیں پہلو پر تکیے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ (ترمذی)

۴۵۰۶ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ[7] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ احْتَبٰى بِيَدَيْهِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مسجد میں بیٹھتے تو اپنے ہاتھوں سے حلقہ باندھ لیتے۔ (رزین)

۴۵۰۷ وَعَنْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ أَنَّهَا رَأَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ[8] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسجد میں قرفصاء کے طریقے پر بیٹھے ہوئے دیکھا۔ اُن کا بیان ہے کہ جب میں نے رسول اللہ صلے

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَخَشِّعًا اُرْعِدَتْ مِنَ الْفَرَقِ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ فروتنی دیکھی تو شدتِ خوفِ خدا سے کانپ اٹھی ۔

(ابوداؤد)

۴۵۰۸ / ۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّی الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِیْ مَجْلِسِہٖ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسَنًا ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نمازِ فجر پڑھ لیتے تو اپنی جگہ پر چار زانو بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج اچھی طرح طلوع ہو جاتا ۔

(ابوداؤد)

۴۵۰۹ / ۱۰ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا عَرَّسَ بِلَیْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰی شِقِّہِ الْاَیْمَنِ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَیْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَہٗ وَوَضَعَ رَاْسَہٗ عَلٰی کَفِّہٖ ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کے وقت اترتے تو داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے اور جب صبح کے قریب اترتے تو اپنی کلائی کو کھڑی رکھتے اور سر مبارک کو اپنی ہتھیلی پر رکھ لیتے ۔

(شرح السنہ)

۴۵۱۰ / ۱۱ وَعَنْ بَعْضِ اٰلِ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَ کَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِّمَّا یُوْضَعُ فِیْ قَبْرِہٖ وَکَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَاْسِہٖ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آل سے کسی نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بستر تقریباً اسی طرح کا تھا جو آپ کی قبر انور میں رکھا گیا اور آپ کے نماز پڑھنے کی جگہ سر اقدس کے پاس ہوتی تھی ۔ (ابوداؤد)

۴۵۱۱ / ۱۲ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُّضْطَجِعًا عَلٰی بَطْنِہٖ فَقَالَ اِنَّ ہٰذِہٖ ضِجْعَۃٌ لَّا یُحِبُّہَا اللّٰہُ ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو پیٹ کے بل لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا: اس طرح لیٹنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا ۔

(ترمذی)

۴۵۱۲ / ۱۳ وَعَنْ یَعِیْشَ بْنِ طِخْفَۃَ بْنِ قَیْسٍ الْغِفَارِیِّ عَنْ اَبِیْہِ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّۃِ قَالَ بَیْنَمَا اَنَا مُضْطَجِعٌ مِّنَ السَّحَرِ عَلٰی بَطْنِیْ اِذَا رَجُلٌ یُّحَرِّکُنِیْ بِرِجْلِہٖ فَقَالَ اِنَّ ہٰذِہٖ ضِجْعَۃٌ یُّبْغِضُہَا اللّٰہُ فَنَظَرْتُ فَاِذَا ہُوَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

یعیش بن طخفہ بن قیس غفاری سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا جو اصحابِ صفہ سے تھے کہ ایک دفعہ درد کے باعث میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا کہ ایک آدمی اپنے پیر کے ساتھ مجھے ہلانے لگا اور کہا کہ اس طرح لیٹنے کو اللہ تعالیٰ ناپسند فرماتا ہے۔ میں نے دیکھا تو وہ خود رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے ۔

(ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۴۵۱۳ / ۱۴ وَعَنْ عَلِیِّ بْنِ شَیْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلٰی ظَہْرِ بَیْتٍ لَّیْسَ

حضرت علی بن شیبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بغیر پردے والی چھت

www.alahazratnetwork.org



۴۵۱۴ (۱۵) وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَطْحٍ لَّيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسی چھت پر سونے سے منع فرمایا ہے جس کے اُوپر پردہ تعمیر نہ کیا گیا ہو۔ (ترمذی)

۴۵۱۵ (۱۶) وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ مَلْعُوْنٌ عَلٰى لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق وہ شخص ملعون ہے جو حلقے کے درمیان میں بیٹھے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۵۱۶ (۱۷) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجلسوں میں سے اچھی وہ ہے جو زیادہ وسعت والی ہو۔ (ابوداؤد)

۴۵۱۷ (۱۸) وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ جُلُوْسٌ فَقَالَ مَالِيْ اَرٰكُمْ عِزِيْنَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ کے اصحاب بیٹھے ہوئے تھے فرمایا کیا بات ہے کہ میں تمہیں متفرق دیکھ رہا ہوں۔ (ابوداؤد)

۴۵۱۸ (۱۹) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ الظِّلُّ فَصَارَ بَعْضُهٗ فِي الشَّمْسِ وَبَعْضُهٗ فِي الظِّلِّ فَلْيَقُمْ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ فَلْيَقُمْ فَاِنَّهٗ مَجْلِسُ الشَّيْطَانِ هٰكَذَا۔ (رَوَاهُ مَعْمَرٌ مَوْقُوْفًا)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سائے میں بیٹھا ہو اور سایہ اُس کے اُوپر سے ہٹنے لگے جس سے اُس کا کچھ حصہ دھوپ میں اور کچھ سائے میں ہو جائے تو چاہیے کہ وہ وہاں سے اٹھ کھڑا ہو (ابوداؤد) اور شرح السنہ میں ان سے ہے کہ فرمایا: جب تم میں سے کوئی سائے میں ہو اور وہ ہٹنے لگے تو اٹھ کھڑا ہو کیونکہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ایسی ہوتی ہے۔ اسے معمر نے موقوفاً روایت کیا ہے۔

۴۵۱۹ (۲۰) وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدِ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ خَارِجٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَلَطَ الرِّجَالُ مَعَ النِّسَاءِ فِي الطَّرِيْقِ فَقَالَ لِلنِّسَاءِ اسْتَاْخِرْنَ فَاِنَّهٗ لَيْسَ لَكُنَّ اَنْ تَحْقُقْنَ الطَّرِيْقَ عَلَيْكُنَّ بِحَافَاتِ الطَّرِيْقِ فَكَانَتِ الْمَرْاَةُ تَلْصَقُ بِالْجِدَارِ حَتّٰى اَنَّ ثَوْبَهَا لَيَتَعَلَّقُ بِالْجِدَارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابو اُسید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا جبکہ آپ مسجد سے باہر تھے اور راستے میں مرد و زن مخلوط ہو گئے تھے۔ آپ نے عورتوں سے فرمایا: تم پیچھے ہٹ جاؤ کیونکہ تمہارے لیے راستے کے درمیان میں چلنا مناسب نہیں بلکہ راستے کے ایک جانب چلا کرو۔ پس عورتیں دیواروں سے چمٹ کر چلنے لگیں یہاں تک کہ بعض اوقات ان کا کپڑا دیوار میں اٹک جاتا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۵۲۰ (۲۱) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ يَّمْشِيَ يَعْنِي الرَّجُلَ بَيْنَ الْمَرْاَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کوئی آدمی دو عورتوں کے درمیان چلے۔ (ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۵۲۱ / ۲۲ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ) وَذُكِرَ حَدِيْثَا عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فِيْ بَابِ الْقِيَامِ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَيْ عَلِيٍّ وَّاَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْ بَابِ اَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِفَاتِهٖ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب ہم میں سے کوئی نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتا تو مجلس کے آخر میں بیٹھتا (ابوداؤد) اور ایک حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث باب القیام میں پیش کی جا چکی اور حضرت علی و حضرت ابوہریرہ کی حدیث باب اسماء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصفاتہ میں اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تعالیٰ بیان کی جائیں گی۔

## تیسری فصل

۴۵۲۲ / ۲۳ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا جَالِسٌ هٰكَذَا وَقَدْ وَضَعْتُ يَدِيَ الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِيْ وَاتَّكَاْتُ عَلٰى اَلْيَةِ يَدِيْ فَقَالَ اَتَقْعُدُ قِعْدَةَ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

عمرو بن شرید سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور میں اس طرح بیٹھا ہوا تھا کہ میں نے اپنا بایاں ہاتھ پیچھے پیٹھ پر رکھا ہوا تھا اور ہاتھ سے سرین کر ٹیک لگائی ہوئی تھی۔ فرمایا کیا تم اُن کی طرح بیٹھتے ہو جن پر غضب فرمایا گیا ہے۔

(ابوداؤد)

۴۵۲۳ / ۲۴ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُضْطَجِعٌ عَلٰى بَطْنِيْ فَرَكَضَنِيْ بِرِجْلِهٖ وَقَالَ يَا جُنْدُبُ اِنَّمَا هِيَ ضِجْعَةُ اَهْلِ النَّارِ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا۔ آپ نے پائے اقدس سے ٹھوکر لگائی اور فرمایا: اے جندب! یہ جہنمیوں کا لیٹنا ہے۔ (ابن ماجہ)

# بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ

# چھینکنے اور جمائی لینے کا بیان

## پہلی فصل

۴۵۲۴ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے

www.alahazratnetwork.org



فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا قَالَ هَا ضَحِكَ الشَّيْطَانُ مِنْهُ)

ہے (بخاری) اور مسلم کی روایت میں ہے: جب یہ "آ" کہتا ہے تو شیطان ہنستا ہے۔

۴۵۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلْيَقُلْ لَهٗ أَخُوْهُ أَوْ صَاحِبُهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَإِذَا قَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَلْيَقُلْ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے اور اُس کا بھائی یا ساتھی اُس سے یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہے۔ جب وہ اُس سے یرحمک کہے تو چھینکنے والا یَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ کہے۔ (بخاری)۔

۴۵۲۶ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْآخَرَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ قَالَ إِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَلَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور دو آدمی چھینکے تو ایک کو آپ نے اُن میں سے جواب دیا اور دوسرے کو نہ دیا۔ وہ شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ نے اس کو جواب دیا اور مجھے جواب نہیں دیا ہے؟ فرمایا کہ اس نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہا تھا اور تم نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نہیں کہا۔ (متفق علیہ)۔

۴۵۲۷ وَعَنْ أَبِيْ مُوْسٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتُوْهُ وَإِنْ لَّمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ فَلَا تُشَمِّتُوْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جب تم میں سے کوئی چھینکے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے تو اُسے جواب دو اور جو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نہ کہے اُسے جواب نہ دو۔ (مسلم)

۴۵۲۸ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَهٗ فَقَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ أُخْرٰى فَقَالَ الرَّجُلُ مَزْكُوْمٌ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِّلتِّرْمِذِيِّ أَنَّهٗ قَالَ لَهٗ فِي الثَّالِثَةِ إِنَّهٗ مَزْكُوْمٌ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا جبکہ ایک آدمی آپ کے حضور چھینکا تو آپ نے اُس کے لیے یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہا، پھر دوسرے نے چھینکا تو فرمایا: اس آدمی کو زکام ہے (مسلم) اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ آپ نے اُس کے تیسری مرتبہ فرمایا: اسے زکام ہے۔

۴۵۲۹ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ بِيَدِهٖ عَلٰى فِيْهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو منہ پر ہاتھ رکھ کر اُسے روکے کیونکہ شیطان اندر داخل ہوتا ہے۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۴۵۳۰ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا عَطَسَ غَطّٰى وَجْهَهٗ بِيَدِهٖ أَوْ ثَوْبِهٖ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب چھینکتے تو اپنے پُرنور چہرے کو دستِ اقدس یا

وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهٗ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

کپڑے سے چھپا لیتے اور اُس میں اپنی آواز کو پست رکھتے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابوداؤد نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۵۳۱ [8] وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَلْيَقُلِ الَّذِيْ يَرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْيَقُلْ هُوَ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی چھینکے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ کہے اور اُسے جواب دینے والا يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہے۔ پہلا کہے۔ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

(ترمذی، دارمی)

۴۵۳۲ [9] وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ كَانَ الْيَهُوْدُ يَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْجُوْنَ اَنْ يَّقُوْلَ لَهُمْ يَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہودی چھینکتے یہ امید رکھتے ہوئے کہ آپ اُن کے لیے يَرْحَمُكُمُ اللّٰهُ کہیں گے لیکن آپ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ کہتے۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری اصلاح فرمائے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۵۳۳ [10] وَعَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ لَهٗ سَالِمٌ وَعَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ فَكَاَنَّ الرَّجُلَ وَجَدَ فِيْ نَفْسِهٖ فَقَالَ اَمَا اِنِّيْ لَمْ اَقُلْ اِلَّا مَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَلْيَقُلْ لَهٗ مَنْ يَّرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْيَقُلْ يَغْفِرُ اللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

ہلال بن یساف سے روایت ہے کہ ہم حضرت سالم بن عُبید کے پاس تھے تو لوگوں میں سے ایک نے چھینکا اور کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ۔ حضرت سالم نے اُس سے کہا عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ ۔ اُس نے اسے دل میں محسوس کیا تو فرمایا: میں کچھ نہیں کہہ رہا ہوں مگر وہی جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہا، جیسا کہ ایک آدمی کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور چھینک آئی تو اُس نے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عَلَيْكَ وَعَلٰى اُمِّكَ کیونکہ جب تم میں سے کوئی چھینکے تو اُسے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہنا چاہیے اور جو اُسے جواب دے وہ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہے اور پہلا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ کہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۵۳۴ [11] وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلٰثًا فَمَا زَادَ فَاِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

عُبید بن رفاعہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: چھینکنے والے کا جواب تین دفعہ تک ہے اگر اس سے بڑھے تو چاہے اُسے جواب دے چاہے نہ دے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

www.alahazratnetwork.org



اَعْلَمُہٗ اِلَّا اَنَّہٗ رَفَعَ الْحَدِیْثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

ابو داؤد نے روایت کیا اور کہا۔ میرے علم کے مطابق اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک مرفوع کیا گیا ہے۔

## تیسری فصل

٤٥٣٦ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا عَطَسَ اِلٰی جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَا اَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَلَیْسَ ھٰکَذَا عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّقُوْلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

نافع سے روایت ہے کہ ایک آدمی کو حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پہلو میں چھینک آئی تو کہا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ میں بھی کہتا ہوں کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اس طرح نہیں سکھایا بلکہ سکھایا کہ ہم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔ (ہر حالت میں تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں) کہا کریں۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

# بَابُ الضِّحْکِ

# ہنسنے کا بیان

## پہلی فصل

٤٥٣٧ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ مَا رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِکًا حَتّٰی اَرٰی مِنْہُ لَھَوَاتِہٖ اِنَّمَا کَانَ یَتَبَسَّمُ۔
(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی کھلکھلا کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کے حلق کا کوا نظر آنے لگتا بلکہ آپ تبسم فرمایا کرتے تھے۔
(بخاری)

٤٥٣٨ وَعَنْ جَرِیْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِیْ اِلَّا تَبَسَّمَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی مجھ سے حجاب نہیں فرمایا اور میں نے نہیں دیکھا آپ کو مگر تبسم ریزی کرتے ہوئے۔ (متفق علیہ)

٤٥٣٩ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقُوْمُ مِنْ مُّصَلَّاہُ الَّذِیْ یُصَلِّیْ فِیْہِ الصُّبْحَ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامَ وَکَانُوْا یَتَحَدَّثُوْنَ فَیَاْخُذُوْنَ فِیْ اَمْرِ الْجَاھِلِیَّۃِ فَیَضْحَکُوْنَ وَیَتَبَسَّمُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلتِّرْمِذِیِّ یَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نماز پڑھنے کی جگہ سے کھڑے نہ ہوتے جس پر نماز فجر پڑھتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا۔ جب سورج طلوع ہو جاتا تو آپ کھڑے ہو جاتے اور لوگ باتیں کرتے ہوئے دورِ جاہلیت کی باتوں کا ذکر کرکے ہنسنے لگتے لیکن نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبسم ہی فرماتے (مسلم اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ شعر پڑھتے۔

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۴۵۴۰ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَا رَأَیْتُ [۴] اَحَدًا اَکْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ تبسم ریزی کرتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا۔
(ترمذی)

## تیسری فصل

۴۵۴۱ عَنْ قَتَادَۃَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ ھَلْ کَانَ [۵] اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَضْحَکُوْنَ قَالَ نَعَمْ وَالْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِھِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ وَقَالَ بِلَالُ بْنُ سَعْدٍ اَدْرَکْتُھُمْ یَشْتَدُّوْنَ بَیْنَ الْاَغْرَاضِ وَیَضْحَکُ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ فَاِذَا کَانَ اللَّیْلُ کَانُوْا رُھْبَانًا۔
(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب ہنسا کرتے تھے؟ فرمایا ہاں اور اُن کے دلوں میں ایمان پہاڑ سے بھی مضبوط تھا۔ وہ نشانات کے درمیان دوڑتے اور ایک دوسرے سے ہنستے جب رات ہوتی تو وہ تارک الدنیا بن جاتے تھے۔
(شرح السنۃ)

# بَابُ الْاَسَامِیْ

# ناموں کا بیان

## پہلی فصل

۴۵۴۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ [۱] وَسَلَّمَ فِی السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ یَا اَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ اِلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا دَعَوْتُ ھٰذَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بازار تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی نے کہا: اے ابوالقاسم! نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کی جانب متوجہ ہوئے تو اُس نے کہا: یہ آواز میں نے دی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھ لیا کرو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو۔
(متفق علیہ)

۴۵۴۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [۲] قَالَ سَمُّوْا بِاسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ فَاِنِّیْ اِنَّمَا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر کنیت

www.alahazratnetwork.org



جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ڈر رکھا کرو کیونکہ مجھے قاسم بنایا گیا ہے کہ تم میں تقسیم میں کرتا ہوں۔

(متفق علیہ)

۴۵۴۴ ۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحَبَّ أَسْمَائِكُمْ إِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ناموں میں سے اللہ تعالیٰ کو عبداللہ اور عبدالرحمٰن سب سے زیادہ پسند ہیں۔

(مسلم)

۴۵۴۵ ۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ يَسَارًا وَلَا رَبَاحًا وَلَا نَجِيْحًا وَلَا أَفْلَحَ فَإِنَّكَ تَقُوْلُ أَثَمَّ هُوَ فَلَا يَكُوْنُ فَيَقُوْلُ لَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحًا وَلَا يَسَارًا وَلَا أَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے لڑکے کا یسار، رباح، نجیح اور افلح نام نہ رکھا کرو کیونکہ تم پوچھو گے کہ فلاں ہے؟ وہ نہ ہوگا تو جواب دینے والا کہے گا کہ نہیں ہے (مسلم) اور اسی طرح کی ایک روایت میں فرمایا: اپنے لڑکے کا نام رباح، یسار، افلح اور نافع نہ رکھا کرو۔

۴۵۴۶ ۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْهٰى أَنْ يُسَمّٰى بِيَعْلٰى وَبِبَرَكَةَ وَبِأَفْلَحَ وَبِيَسَارٍ وَبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذٰلِكَ ثُمَّ رَأَيْتُهُ سَكَتَ بَعْدُ عَنْهَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ یعلیٰ، برکت، افلح، یسار اور نافع وغیرہ نام رکھنے سے منع کر دیا جائے۔ پھر میں نے دیکھا کہ آپ اس بات سے خاموش ہو گئے۔ پھر وصال فرمایا اور اس بات سے منع نہ فرمایا۔

(مسلم)

۴۵۴۷ ۶ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْنَى الْأَسْمَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُسَمّٰى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةٍ مُسْلِمٍ قَالَ أَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَخْبَثُهُ رَجُلٌ كَانَ يُسَمّٰى مَلِكَ الْأَمْلَاكِ لَا مَلِكَ إِلَّا اللّٰهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُس شخص کا نام سب سے بُرا ہوگا جس کا نام شہنشاہ رکھا گیا ہو (بخاری) اور مسلم کی روایت میں ہے کہ فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے غضب ناک اور سب سے خبیث وہ شخص ہوگا جس کا نام شہنشاہ رکھا گیا ہو کیونکہ نہیں ہے بادشاہ مگر اللہ!۔

۴۵۴۸ ۷ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيْتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوْا أَنْفُسَكُمْ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِأَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوْهَا زَيْنَبَ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میرا نام برّہ رکھا گیا تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی جانوں کو پاک نہ کہو۔ تم میں سے پاکی والوں کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے اس کا نام زینب رکھو۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



اسْمُهَا جُوَيْرِيَةَ وَكَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

جویریہ رکھ دیا تھا کیونکہ آپ یہ کہنا ناپسند فرماتے تھے کہ بَرّہ کے پاس سے نکل آیا۔ (مسلم)

۴۵۵۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ[9] فَسَمَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيلَةَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر کی ایک صاحبزادی کا نام عاصیہ تھا تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا نام جمیلہ رکھ دیا۔

(مسلم)

۴۵۵۱ وَعَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ ابْنِ أَبِي أُسَيْدٍ[10] إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ فَقَالَ مَا اسْمُهُ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا لٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ منذر بن ابو اُسید کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا جبکہ وہ پیدا ہوئے۔ آپ نے اُسے اپنی ران پر بٹھا لیا اور فرمایا کہ اس کا کیا نام ہے عرض کی کہ فلاں۔ فرمایا بلکہ اس کا نام منذر ہے۔

(متفق علیہ)

۴۵۵۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ عَبْدِي وَأَمَتِي كُلُّكُمْ عَبِيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ إِمَاءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِي وَجَارِيَتِي وَفَتَايَ وَفَتَاتِي وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّي وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَفِي رِوَايَةٍ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ مَوْلَايَ فَإِنَّ مَوْلَاكُمُ اللّٰهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی میرا بندہ اور میری بندی نہ کہے کیونکہ تم سب اللہ کے بندے ہو اور تمہاری سب عورتیں اللہ کی بندیاں ہیں بلکہ کہا کرو کہ میرا غلام اور میری لونڈی یا خادم۔ غلام اپنے آقا کو میرا رب نہ کہے بلکہ میرا آقا کہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ میرا آقا اور میرا مولیٰ کہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ غلام اپنے آقا کو میرا مولیٰ نہ کہے کیونکہ تمہارا مولیٰ تو اللہ تعالیٰ ہے۔

(مسلم)

۴۵۵۳ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُولُوا[12] الْكَرْمَ فَإِنَّ الْكَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِي رِوَايَةٍ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ لَا تَقُولُوا الْكَرْمَ وَلٰكِنْ قُولُوا الْعِنَبَ وَالْحَبَلَةَ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انگور کو کرم نہ کہو کیونکہ کرم تو مومن کا دل ہے۔ (مسلم) اور ایک روایت میں حضرت وائل بن حجر سے ہے کہ کرم نہ کہو بلکہ اَلْعِنَبَ اور وَالْحَبَلَةَ کہا کرو۔

۴۵۵۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[13] لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ وَلَا تَقُولُوا يَا خَيْبَةَ الدَّهْرِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انگور کو کرم نہ کہو اور نہ یوں کہو ہائے زمانے کی خرابی کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی زمانہ ہے۔

(بخاری)

۴۵۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[14] لَا يَسُبُّ أَحَدُكُمُ الدَّهْرَ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی زمانے کو برا بھلا نہ کہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی زمانہ

www.alahazratnetwork.org



الدَّهْرُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ہے۔ (مسلم)

۴۵۵۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۱۵ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ وَ
لٰكِنْ لِّيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَذُكِرَ
حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يُؤْذِيْنِي ابْنُ اٰدَمَ فِيْ بَابِ
الْاِيْمَانِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہوگیا بلکہ کہے کہ میرا نفس ناپاک ہوگیا۔ (متفق علیہ) اور یُؤْذِیْنِیْ ابْنُ اٰدَمَ والی حدیث ابوہریرہ پیچھے باب الایمان میں پیش کر دی گئی ہے۔

## دوسری فصل

۴۵۵۷ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ لَمَّا وَفَدَ
۱۶ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ قَوْمِهٖ
سَمِعَهُمْ يُكَنُّوْنَهٗ بِاَبِي الْحَكَمِ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ وَاِلَيْهِ
الْحُكْمُ فَلِمَ تُكْنٰى اَبَا الْحَكَمِ قَالَ اِنَّ قَوْمِيْ اِذَا
اخْتَلَفُوْا فِيْ شَيْءٍ اَتَوْنِيْ فَحَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ
كِلَا الْفَرِيْقَيْنِ بِحُكْمِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحْسَنَ هٰذَا فَمَا لَكَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ
لِيْ شُرَيْحٌ وَمُسْلِمٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ قَالَ فَمَنْ اَكْبَرُهُمْ قَالَ
قُلْتُ شُرَيْحٌ قَالَ فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَيْحٍ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

شریح بن ہانی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ اپنی قوم کے ساتھ وفد کی صورت میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے سُنا کر لوگ ابوالحکم کنیت سے پکارتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں بلایا اور فرمایا: بیشک حکم تو اللہ تعالیٰ ہے اور حکم بھی اسی کی طرف سے ہے لہٰذا تمہاری کنیت ابوالحکم کس وجہ سے ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میری قوم میں جب کسی بات پر اختلاف ہوتا ہے تو میرے پاس آجاتے ہیں اور میں اُن کا فیصلہ کر دیتا ہوں تو میرے فیصلے پہ دونوں فریق خوش ہو جاتے ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ تمہارے لڑکے کتنے ہیں؟ عرض کی کہ شریح، مسلم اور عبداللہ ہیں۔ فرمایا کہ اُن میں بڑا کون ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ شریح۔ فرمایا تو تم ابوشریح ہو۔ (ابوداؤد، نسائی)

۴۵۵۸ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ لَقِيْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَنْ
۱۷ اَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْاَجْدَعُ شَيْطَانٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

مسروق کا بیان ہے کہ میری حضرت عمر سے ملاقات ہوئی تو فرمایا: تم کون ہو؟ میں عرض گزار ہوا کہ مسروق بن اجدع۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اجدع شیطان ہے۔ (ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

۴۵۵۹ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
۱۸ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِاَسْمَائِكُمْ
وَاَسْمَاءِ اٰبَائِكُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَاءَكُمْ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت کے روز اپنے اپنے باپ کے نام سے پکارے جاؤ گے لہٰذا اپنے اچھے نام رکھا کرو۔ (احمد، ابوداؤد)

۴۵۶۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۱۹ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّجْمَعَ اَحَدٌ بَيْنَ اسْمِهٖ وَكُنْيَتِهٖ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اسمِ گرامی اور کنیت کو جمع کرنے سے منع

www.alahazratnetwork.org



وَيُسَمِّى مُحَمَّدًا اَبَا الْقَاسِمِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرمایا ہے کہ کوئی محمد ابو القاسم نام رکھے۔

(ترمذی)

۴۵۶۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۲۰
قَالَ اِذَا سَمَّيْتُمْ بِاسْمِيْ فَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ مَنْ تَسَمّٰى بِاسْمِيْ فَلَا يَكْتَنِ بِكُنْيَتِيْ وَمَنْ تَكَنّٰى بِكُنْيَتِيْ فَلَا يَتَسَمَّ بِاسْمِيْ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میرے نام پر نام رکھو تو میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو (ترمذی، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور ابوداؤد کی روایت میں فرمایا: جو میرے نام پر نام رکھے تو میری کنیت پر کنیت نہ رکھے اور جو میری کنیت پر کنیت رکھے تو میرے نام پر نام نہ رکھے۔

۴۵۶۲ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ
۲۱
اللّٰهِ اِنِّيْ وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا وَكَنَّيْتُهُ اَبَا الْقَاسِمِ فَذُكِرَ لِيْ اَنَّكَ تَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِيْ اَحَلَّ اسْمِيْ وَحَرَّمَ كُنْيَتِيْ اَوْ مَا الَّذِيْ حَرَّمَ كُنْيَتِيْ وَاَحَلَّ اسْمِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ غَرِيْبٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میں نے لڑکا جنا ہے اور اُس کا نام ابو القاسم رکھا ہے۔ مجھے بتایا گیا کہ آپ اسے ناپسند فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ کس نے میرے نام کو حلال کیا اور کنیت کو حرام کیا نیز کس نے میری کنیت کو حرام کیا اور میرے نام کو حلال کیا؟ اسے ابوداؤد نے روایت کیا اور محی السنہ نے غریب کہا۔

۴۵۶۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ
۲۲
قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ وُلِدَ لِيْ بَعْدَكَ وَلَدٌ اُسَمِّيْهِ بِاسْمِكَ وَاُكَنِّيْهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

محمد بن حنفیہ سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اگر آپ کے بعد میرے گھر لڑکا پیدا ہو تو میں آپ کے نام پر اُس کا نام اور آپ کی کنیت پر اُس کی کنیت رکھ دوں؟ فرمایا: ہاں۔ (ابوداؤد)

۴۵۶۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَنَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۳
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اَجْتَنِيْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْمَصَابِيْحِ صَحَّحَهُ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری کنیت ایک سبزی پر رکھ دی جس کو میں چُنا کرتا تھا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر اسی سند کے ساتھ اور مصابیح میں اس کو صحیح کہا ہے۔

۴۵۶۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۲۴
وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيْحَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بُرے نام کو بدل دیا کرتے تھے۔

(ترمذی)

۴۵۶۶ وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَمِّهٖ اُسَامَةَ بْنِ
۲۵
اَخْدَرِيٍّ اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهٗ اَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِيْ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ اَصْرَمُ قَالَ بَلْ اَنْتَ زُرْعَةُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَقَالَ غَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ

بشیر بن میمون نے اپنے چچا حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی کو اصرم کہا جاتا تھا اور وہ اُس جماعت میں تھا جو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تمہارا کیا نام ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ اصرم۔ فرمایا بلکہ تم زُرعہ ہو۔ (ابوداؤد) اور کہا کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عاص، عزیز، عتلہ، شیطان، حکم، غراب، حباب

www.alahazratnetwork.org



العاص وعزيز وعتلة وشيطان والحكم وغراب وحباب وشهاب وقال تركت أسانيدها للاختصار.

اور شہاب نام کو بدل دیا تھا کہا کہ میں نے ان کی سندوں کو اختصار کے باعث ترک کر دیا ہے۔

۴۵۶۷ / ۲۶ وعن أبي مسعود الأنصاري قال لأبي عبد الله أو قال أبو عبد الله لأبي مسعود ما سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في زعموا قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول بئس مطية الرجل. (رواه أبو داود وقال إن أبا عبد الله حذيفة)

حضرت ابو مسعود انصاری نے حضرت ابو عبد اللہ سے یا حضرت عبد اللہ نے حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زَعَمُوْا کے بارے میں کیا فرماتے ہوئے سُنا ہے؟ کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ یہ آدمی کی بُری سواری ہے۔ اسے ابو داؤد نے روایت کیا اور کہا کہ ابو عبد اللہ سے مراد حضرت حذیفہ ہیں۔

۴۵۶۸ / ۲۷ وعن حذيفة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقولوا ما شاء الله وشاء فلان ولكن قولوا ما شاء الله ثم شاء فلان. (رواه أحمد وأبو داود) وفي رواية منقطعا قال لا تقولوا ما شاء الله وشاء محمد وقولوا ما شاء الله وحده.

(رواه في شرح السنة)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یوں نہ کہا کرو کہ اللہ چاہے اور فلاں چاہے بلکہ یوں کہا کرو کہ اللہ چاہے اور پھر فلاں چاہے (احمد، ابو داؤد) ایک منقطع روایت میں ہے کہ فرمایا: یوں نہ کہا کرو کہ اللہ چاہے اور محمد مصطفیٰ چاہیں بلکہ صرف یوں کہا کرو کہ جو اللہ چاہے۔

(شرح السنہ)

۴۵۶۹ / ۲۸ وعنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقولوا للمنافق سيدا فإنه إن يك سيدا فقد أسخطتم ربكم. (رواه أبو داود)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کو سید نہ کہا کرو کیونکہ تمہاری نظر میں وہ سید ہے تو تم نے اپنے رب کو ناراض کیا۔ (ابو داؤد)

## تیسری فصل

۴۵۷۰ / ۲۹ عن عبد الحميد بن جبير بن شيبة قال جلست إلى سعيد بن المسيب فحدثني أن جده حزنا قدم على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ما اسمك قال اسمي حزن قال بل أنت سهل قال ما أنا بمغير اسما سمانيه أبي قال ابن المسيب فما زالت فينا الحزونة بعد.

(رواه البخاري)

عبد الحمید بن جبیر بن شیبہ کا بیان ہے کہ میں سعید بن مسیب کے پاس بیٹھا تھا تو اُنھوں نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ میرے جدِ امجد حضرت حزن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: تمہارا کیا نام ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میرا نام حزن ہے۔ فرمایا بلکہ تم سہل ہو۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے باپ نے جو نام رکھا ہے میں اُسے بدل نہیں سکتا۔ ابن مسیب نے فرمایا کہ اس کے بعد ہمیشہ ہمارے درمیان رنج و غم رہا۔ (بخاری)

۴۵۷۱ / ۳۰ وعن أبي وهب الجشمي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تسموا بأسماء الأنبياء

حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیائے کرام کے ناموں پر نام رکھا کرو

www.alahazratnetwork.org



وَاَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَّهَمَّامٌ وَّاَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَّمُرَّةُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

نام حارث اور ہمام ہیں جبکہ بہت برے نام حرب اور مرہ ہیں۔
(ابوداؤد)

# بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ
# بیان اور شعر کا باب

## پہلی فصل

۴۵۷۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ مشرق کی جانب سے دو شخص آئے اور انھوں نے خطاب کیا تو ان کے بیانات پر لوگ حیران رہ گئے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بعض بیانات جادو اثر ہوتے ہیں۔ (بخاری)۔

۴۵۷۳ وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک بعض شعروں میں دانائی ہوتی ہے۔ (متفق علیہ)۔

۴۵۷۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلَاثًا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مبالغہ آرائی کرنے والے ہلاک ہو گئے۔ تین مرتبہ فرمایا۔ (مسلم)

۴۵۷۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَّا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شاعروں کی باتوں میں سب سے سچی بات وہ جو لبید نے کہی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز فانی ہے۔
(متفق علیہ)

۴۵۷۶ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ اُمَيَّةَ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هِيْهِ فَاَنْشَدْتُهُ بَيْتًا۔ فَقَالَ هِيْهِ ثُمَّ اَنْشَدْتُهُ بَيْتًا فَقَالَ هِيْهِ حَتّٰى اَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

عمرو بن شرید سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا: ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا تو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں امیہ بن ابوالصلت کے شعروں میں سے کوئی یاد ہے؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا پیش کرو۔ میں نے ایک شعر پڑھا۔ فرمایا اور پیش کرو۔ میں نے ایک شعر اور پڑھا۔ فرمایا اور پیش کرو۔ یہاں تک کہ میں نے سو شعر آپ کو پڑھ کر سنائے۔ (مسلم)۔

۴۵۷۷ وَعَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ اِصْبَعُهٗ

حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کسی جہاد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک انگشت مبارک خون آلودہ ہو گئی

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ مَا لَقِیْتِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

(متفق علیہ)

۴۵۷۸ (۷) وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ قُرَیْظَۃَ لِحَسَّانَ ابْنِ ثَابِتٍ اُھْجُ الْمُشْرِکِیْنَ فَاِنَّ جِبْرِیْلَ مَعَکَ وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِحَسَّانَ اَجِبْ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اَیِّدْہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریظہ کے روز حضرت حسان بن ثابت سے فرمایا کہ مشرکین کی ہجو کہو، جبکہ تمہارے ساتھ حضرت جبرئیل ہیں اور رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حسان سے فرماتے رہے کہ میری طرف سے جواب دو۔ اے اللہ! اس (حضرت حسان) کی رُوح القدس سے مدد فرما۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

(متفق علیہ)۔

۴۵۷۹ (۸) وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اھْجُوْا قُرَیْشًا فَاِنَّہٗ اَشَدُّ عَلَیْھِمْ مِنْ رَشْقِ النَّبْلِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قریش کی ہجو کہو کیونکہ یہ ان پر تیروں کی بوچھاڑ سے بھی سخت ہے۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

(مسلم)

۴۵۸۰ (۹) وَعَنْھَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِحَسَّانَ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَا یَزَالُ یُؤَیِّدُکَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ھَجَاھُمْ حَسَّانُ فَشَفٰی وَاشْتَفٰی۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت حسان سے فرماتے ہوئے سُنا کہ رُوح القدس برابر تمہاری مدد کرتا رہے گا جب تک تم اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے مدافعت کرتے رہو گے اور میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اُن کی ہجوگوئی کر کے حسان نے شفا دی اور شفا پائی۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

(مسلم)

۴۵۸۱ (۱۰) وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْقُلُ التُّرَابَ یَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰی اغْبَرَّ بَطْنُہٗ یَقُوْلُ وَاللّٰہِ لَوْلَا اللّٰہُ مَا اھْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَیْنَا اِنَّ الْاُوْلٰی قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَۃً اَبَیْنَا یَرْفَعُ بِھَا صَوْتَہٗ اَبَیْنَا اَبَیْنَا۔

حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خندق کے روز رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی مٹی اٹھا کر لے جاتے تھے یہاں تک کہ آپ کا شکم مبارک غبار آلود ہو گیا تھا اور کہتے جاتے: اگر اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے، نہ صدقہ دیتے، نہ نماز پڑھتے۔ پس ہم پر سکینہ نازل فرما اور تصادم کے وقت ہمیں ثابت قدم رکھنا۔ بیشک کفار نے ہم پر زیادتی کی ہے کہ ہمیں فتنے میں ڈالنا چاہا، تو ہم نے اُن کی بات نہ مانی۔ بات نہ مانی کو بلند آواز سے کہتے۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

(متفق علیہ)

۴۵۸۲ (۱۱) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُھَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ یَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَیَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَھُمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِھَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا یَقُوْلُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مہاجرین و انصار سب خندق کھودتے اور مٹی اٹھا کر لے جاتے اور یہ کہتے: ہم وہ ہیں جو عمر بھر جہاد کرنے کے لیے محمد مصطفیٰ کے ہاتھوں بک گئے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھیں جواب دیتے ہوئے یوں گویا ہوتے:

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيْبُهُمْ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشَ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اے اللہ آرام نہیں ہے مگر آخرت کا لہٰذا جملہ انصار و مہاجرین کی مغفرت فرما۔
(متفق علیہ)

۴۵۸۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[12] لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَّرِيْهِ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی آدمی کا پیٹ پیپ سے بھرا ہُوا ہو تو شعروں سے بھرے ہونے سے بہتر ہے۔
(متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۵۸۴ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[13] اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَنْزَلَ فِي الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَكَاَنَّمَا تَرْمُوْنَهُمْ بِهٖ نَضْحَ النَّبْلِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي الْاِسْتِيْعَابِ لِابْنِ عَبْدِ الْبَرِّ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا تَرٰى فِي الشِّعْرِ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے شعر کے بارے میں حکم نازل فرما دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن اپنی تلوار اور اپنی زبان کے ساتھ جہاد کرتا ہے۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے ان کے ذریعے تم اُن پر یوں تیر اندازی کرتے ہو جیسے تیروں کی بوچھاڑ (شرح السنۃ) اور ابن عبد البر کی استیعاب میں ہے کہ وہ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ شعر کے متعلق کیا ارشاد ہے؟ فرمایا کہ مومن اپنی تلوار اور اپنی زبان کے ساتھ لڑتا ہے۔

۴۵۸۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[14] قَالَ الْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا اور خاموشی ایمان کی دو شاخیں ہیں جبکہ فحش گوئی اور زبان درازی دونوں نفاق کی شاخیں ہیں۔
(ترمذی)

۴۵۸۶ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[15] قَالَ اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ وَاَقْرَبَكُمْ مِّنِّيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ اَبْغَضَكُمْ اِلَيَّ وَاَبْعَدَكُمْ مِّنِّيْ مَسَاوِيْكُمْ اَخْلَاقًا اَلثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ الْمُتَفَيْهِقُوْنَ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ عَنْ جَابِرٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے قیامت میں میرا سب سے پیارا اور مجھ سے زیادہ قریب وہ ہوگا جس کا اخلاق اچھا ہو نیز میرا ناپسندیدہ اور مجھ سے بہت دُور ہوگا جس کا اخلاق بُرا ہو یعنی بہت بولنے والے، منہ پھٹ اور گپیں ہانکنے والے۔ اِسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا اور ترمذی نے اِسی طرح حضرت جابر سے روایت کی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ لوگ عرض گزار ہوئے:

www.alahazratnetwork.org



قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ فَمَا الْمُتَفَيْهِقُوْنَ قَالَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ)

یارسول اللہ! اَلثَّرْثَارُوْنَ اور اَلْمُتَشَدِّقُوْنَ کو تو ہم جانتے ہیں لیکن اَلْمُتَفَيْهِقُوْنَ کون ہیں؟ فرمایا کہ تکبر کرنے والے۔

۴۵۸۷/۱۶ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَأْكُلُوْنَ بِأَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَأْكُلُ الْبَقَرَةُ بِأَلْسِنَتِهَا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ایسے لوگ نکل آئیں جو اپنی زبانوں سے کھائیں گے جیسے گائے اپنی زبان سے کھاتی ہے۔

(احمد)

۴۵۸۸/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِيْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهٖ كَمَا يَتَخَلَّلُ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ لوگوں میں سے اُس آدمی کو ناپسند فرماتا ہے جو اپنی زبان کو پھرائے جیسے گائے اپنی زبان کو پھراتی ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۵۸۹/۱۸ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ يَا جِبْرِيْلُ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ أُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شبِ معراج میں ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا جن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ میں نے کہا کہ اے جبرئیل! یہ کون ہیں؟ کہا کہ یہ آپ کی اُمّت کے خطیب ہیں جو وہ باتیں کہتے جنہیں خود نہیں کرتے تھے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۵۹۰/۱۹ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهٖ قُلُوْبَ الرِّجَالِ أَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لچھے دار باتیں بنانا سیکھ لے تاکہ اُس کے ذریعے لوگوں کے دلوں کو اپنی جانب کھینچ لے تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس کے فرض و نفل قبول نہیں فرمائے گا۔

(ابوداؤد)

۴۵۹۱/۲۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهٗ قَالَ يَوْمًا وَّقَامَ رَجُلٌ فَأَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِيْ قَوْلِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَقَدْ رَأَيْتُ أَوْ أُمِرْتُ أَنْ أَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَإِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک روز ایک آدمی کھڑا ہوا اور بہت باتیں بنائیں۔ حضرت عمرو نے فرمایا کہ اگر یہ میانہ روی اختیار کرتا تو اس کے لیے بہتر ہوتا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ مجھے مناسب نظر آیا یا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ مختصر گفتگو کیا کروں کیونکہ مختصر کلام ہی بہتر ہے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



۴۵۹۲
۲۱ وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَإِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا وَإِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

صخر بن عبداللہ بن بُریدہ، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ بیشک بعض بیانات جادو اثر ہوتے ہیں اور بعض علوم جہالت ہیں۔ بعض شعروں میں حکمت اور بعض باتوں میں وبال ہوتا ہے۔
(ابو داؤد)

## تیسری فصل

۴۵۹۳
۲۲ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ يُنَافِحُ وَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَا نَافَحَ أَوْ فَاخَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضرت حسان کے لیے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں منبر رکھواتے جس پر وہ اچھی طرح کھڑے ہو کر رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے فخر کرتے یا مدافعت کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے بیشک اللہ تعالیٰ روح القدس کے ذریعے حسان کی مدد کرتا ہے جب تک یہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے مدافعت یا فخر کرتے ہیں۔
(بخاری)

۴۵۹۴
۲۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَادٍ يُقَالُ لَهٗ أَنْجَشَةُ وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدَكَ يَا أَنْجَشَةُ لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيْرَ قَالَ قَتَادَةُ يَعْنِيْ ضَعَفَةَ النِّسَاءِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک حُدی خوان تھا جس کو انجشہ کہا جاتا تھا اور وہ خوش الحان تھا۔ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اے انجشہ! آہستہ، کچے شیشوں کو نہ توڑ دینا۔ قتادہ نے فرمایا کہ مراد عورتوں کی کمزوری ہے۔
(بخاری)

۴۵۹۵
۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهٗ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهٗ قَبِيْحٌ۔
(رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ) وَرَوَى الشَّافِعِيُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلًا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے شعر کا ذکر ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی کلام ہے، اچھا ہو تو اچھا ہے اور بُرا ہو تو بُرا ہے۔ روایت کیا اسے دار قطنی نے اور شافعی نے عروہ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۵۹۶
۲۵ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ نَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ ہم رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ عرج کے پاس چل رہے

بِالْعَرْجِ إِذْ عَرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا الشَّيْطَانَ أَوْ أَمْسِكُوا الشَّيْطٰنَ لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تھے کہ سامنے شاعر شعر پڑھتا ہوا آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کو پکڑ لو یا شیطان کو روکو کیونکہ آدمی کا پیٹ پیپ سے بھرا ہوا ہو تو یہ شعروں سے بھرے ہوئے ہونے کی نسبت اُس کے لیے بہتر ہے۔ (مسلم)

۴۵۹۷ / ۲۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: راگ اِس طرح دل میں نفاق کو اُگاتا ہے جیسے پانی کھیتی کو اُگاتا ہے۔ اِسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۵۹۸ / ۲۷ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِي طَرِيْقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ وَنَاءَ عَنِ الطَّرِيْقِ إِلَى الْجَانِبِ الْآخَرِ ثُمَّ قَالَ لِي بَعْدَ أَنْ بَعُدَ يَا نَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قُلْتُ لَا فَرَفَعَ إِصْبَعَيْهِ مِنْ أُذُنَيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ يَرَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَكُنْتُ إِذْ ذَاكَ صَغِيْرًا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

نافع کا بیان ہے کہ میں ایک راستے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ تھا۔ اُنھوں نے باجے کی آواز سُنی تو اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں ڈال لیں اور راستے سے دوسری جانب ہٹ گئے۔ پھر کتنی ہی دیر بعد اُنھوں نے مجھ سے فرمایا: اے نافع! کیا تمہیں کچھ آواز آتی ہے؟ عرض گزار ہُوا، نہیں۔ تب اُنھوں نے اپنے کانوں سے اُنگلیاں ہٹائیں اور فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا تو آپ نے بانسری کی آواز سُن کر اسی طرح کیا جیسے میں نے کیا ہے۔ نافع نے فرمایا کہ اُن دنوں میں نوعمر تھا۔ (احمد، ابوداؤد)

# بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ

## زبان کی حفاظت اور غیبت و بدکلامی

### پہلی فصل

۴۵۹۹ / ۱ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضْمَنْ لِّيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے اُس کی ضمانت دے جو دونوں جبڑوں کے درمیان ہے اور اُس کی ضمانت دے جو دونوں ٹانگوں کے درمیان ہے، میں اُس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ (بخاری)

۴۶۰۰ / ۲ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجٰتٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا کوئی لفظ کہہ دیتا ہے جس کو اُس نے اہمیت نہیں دی ہوتی لیکن اُس کے

www.alahazratnetwork.org



وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِيْ لَهَا بَالًا يَهْوِيْ بِهَا فِيْ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُمَا يَهْوِيْ بِهَا فِي النَّارِ اَبْعَدَ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

باعث اللہ تعالیٰ اُس کا درجہ بلند کر دیتا ہے اور بندہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا ایک لفظ کہہ دیتا ہے جس کی اُسے پروا نہیں ہوتی لیکن وہ اُسے جہنم میں لے جاتا ہے (بخاری) اور بخاری و مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جہنم میں اتنا نیچے جاتا ہے جتنا مشرق و مغرب کے درمیان فاصلہ ہے۔

۴۶۰۱ (۳) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق اور اُسے قتل کرنا کفر ہے۔

(متفق علیہ)

۴۶۰۲ (۴) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِاَخِيْهِ كَافِرٌ فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی سے کافر کہا تو دونوں میں سے ایک کی طرف لوٹے گا۔

(متفق علیہ)

۴۶۰۳ (۵) وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْمِيْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا يَرْمِيْهِ بِالْكُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ صَاحِبُهٗ كَذَالِكَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی دوسرے پر فسق یا کفر کی تہمت نہ لگائے ورنہ اُسی پر لوٹتی ہے جبکہ اُس کا ساتھی ایسا نہ ہو۔

(بخاری)

۴۶۰۴ (۶) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ اَوْ قَالَ عَدُوَّ اللّٰهِ وَلَيْسَ كَذَالِكَ اِلَّا حَارَ عَلَيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کے کفر کا دعویٰ کیا یا اللہ کا دشمن کہا اور وہ ایسا نہ ہو تو کہنے والے پر لوٹے گا۔

(متفق علیہ)

۴۶۰۵ (۷) وَعَنْ اَنَسٍ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِيْ مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گالی گلوچ کرنے والوں میں مجرم پہل کرنے والا ہے۔ جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔

(مسلم)

۴۶۰۶ (۸) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْبَغِيْ لِصِدِّيْقٍ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت سچے کے لیے مناسب نہیں ہے کہ بہت لعنت کرنے والا بنے۔ (مسلم)

۴۶۰۷ (۹) وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

www.alahazratnetwork.org



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللَّعَّانِيْنَ لَا يَكُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: بہت لعنت کرنے والے قیامت کے روز نہ گواہ ہوں گے اور نہ شفاعت کرنے والے۔ (مسلم)۔

۴۶۰۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَكُهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی کہے کہ لوگ ہلاک ہوگئے تو اُن سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا وہی ہے۔ (مسلم)

۴۶۰۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِيْ يَأْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَّهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت میں سب سے بُرا دو منہ والے آدمی کو دیکھو گے جو ایک کے منہ پر کچھ کہتا ہے اور دوسرے کے منہ پر کچھ۔

(متفق علیہ)

۴۶۱۰ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ نَمَّامٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں نَمَّامٌ کا لفظ ہے۔

۴۶۱۱ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ صِدِّيْقًا وَاِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِيْ اِلَى الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ اِلَى النَّارِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ كَذَّابًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ اِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلَى الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْكَذِبَ فُجُوْرٌ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ اِلَى النَّارِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر سچائی لازم ہے کیونکہ سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ آدمی برابر سچ بولتا رہتا ہے اور سچائی کو متلاشی رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صدیق لکھ لیا جاتا ہے اور جھوٹ سے پرہیز کرو۔ کیونکہ جھوٹ بدی کی طرف لے جاتا ہے اور بدی جہنم میں لے جاتی ہے۔ آدمی برابر جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کذاب لکھ لیا جاتا ہے (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں فرمایا: بیشک سچائی نیکی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور بیشک جھوٹ بدی ہے اور بدی جہنم کی طرف لے جاتی ہے۔

۴۶۱۲ وَعَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُوْلُ خَيْرًا وَّيَنْمِيْ خَيْرًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جھوٹا آدمی نہیں ہے جو لوگوں کے درمیان صلح کروائے، بھلائی کی باتیں کہے اور بھلائی کی باتیں آگے پہنچائے۔ (متفق علیہ)

۴۶۱۳ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَیْتُمُ الْمَدَّاحِیْنَ فَاحْثُوْا فِیْ وُجُوْہِہِمُ التُّرَابَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

۴۶۱۴/۱۶ وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ اَثْنٰی رَجُلٌ عَلٰی رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَیْلَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِیْكَ ثَلٰثًا مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَادِحًا لَا مَحَالَۃَ فَلْیَقُلْ اَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰہُ حَسِیْبُہٗ اِنْ کَانَ یُرٰی اَنَّہٗ کَذٰلِكَ وَلَا یُزَکِّیْ عَلَی اللّٰہِ اَحَدًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۴۶۱۵/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْغِیْبَۃُ قَالُوا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِکْرُكَ اَخَاكَ بِمَا یَکْرَہُ قِیْلَ اَفَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ فِیْ اَخِیْ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ کَانَ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَہٗ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَہَتَّہٗ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ اِذَا قُلْتَ لِاَخِیْكَ مَا فِیْہِ فَقَدِ اغْتَبْتَہٗ وَاِذَا قُلْتَ مَا لَیْسَ فِیْہِ فَقَدْ بَہَتَّہٗ۔

۴۶۱۶/۱۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَجُلًا اسْتَاْذَنَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْذَنُوْا لَہٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِیْرَۃِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ وَجْہِہٖ وَانْبَسَطَ اِلَیْہِ فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ عَائِشَۃُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قُلْتَ لَہٗ کَذَا وَکَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِیْ وَجْہِہٖ وَانْبَسَطْتَ اِلَیْہِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَتٰی عَاھَدْتِّنِیْ فَحَّاشًا اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰہِ مَنْزِلَۃً یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَنْ تَرَکَہُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّہٖ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اتِّقَاءَ فُحْشِہٖ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

۴۶۱۷/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم بہت تعریف کرنے والوں کو دیکھو تو اُن کے منہ میں مٹی ڈال دیا کرو۔

(مسلم)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک آدمی نے دوسرے کی تعریف کی۔ آپ نے تین دفعہ فرمایا: تم پر افسوس! تم نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ دی۔ اگر تم میں سے کسی کو تعریف کرنی پڑ ہی جائے تو کہے: میں فلاں کو ایسا سمجھتا ہوں اور حساب لینے والا اللہ تعالیٰ ہے، جبکہ وہ اُس کی نظر میں ایسا ہو اور اللہ تعالیٰ کے مقابلے پر کسی کی صفائی بیان نہ کرے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ غیبت کیا ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ اپنے بھائی کا ایسا ذکر کرنا جو اُسے ناپسند ہو۔ عرض کی گئی کہ اگر وہ برائی میرے بھائی میں موجود ہو جو میں کہہ رہا ہوں؟ فرمایا کہ جو تم کہہ رہے ہو اگر اُس میں وہ برائی ہے تو غیبت ہوئی اور جو تم کہہ رہے ہو اگر وہ اُس میں نہیں تو یہ اُس پر بہتان ہے (مسلم) اور ایک روایت میں ہے کہ جب تم اپنے بھائی کی وہ بات کہو جو اُس میں عیب کی ہے تو تم نے اُس کی غیبت کی اور جب وہ بات کہی جو اُس میں نہیں تو تم نے اُس پر بہتان باندھا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی۔ آپ نے فرمایا کہ اسے اجازت دے دو اور یہ خاندان کا بُرا آدمی ہے۔ جب وہ بیٹھ گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خندہ پیشانی سے ملے اور کھل کر کلام فرمایا۔ جب وہ آدمی چلا گیا تو حضرت عائشہ عرض گزار ہوئیں: یا رسول اللہ! آپ نے تو ایسا فرمایا تھا، پھر اُس سے خندہ پیشانی سے ملے اور کھل کر کلام فرمایا؟ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھے فحش گو کب پایا؟ بیشک قیامت میں مرتبے کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک بُرا آدمی وہ ہوگا جس کو اُس کی بُرائی کے باعث لوگ چھوڑ دیں اور ایک روایت میں ہے کہ اُس کی فحش گوئی کے باعث چھوڑ دیں۔

(متفق علیہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ أُمَّتِيْ مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرُوْنَ وَإِنَّ مِنَ الْمُجَانَةِ أَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلًا ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللهُ فَيَقُوْلُ يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللهِ عَنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ۔

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری تمام اُمت عافیت سے رہے گی سوائے علانیہ گناہ کرنے والوں کے۔ اور یہ بھی اعلان کرنا ہے کہ آدمی رات کو ایک کام کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اُس پر پردہ ڈالا ہے لیکن صبح کے وقت وہ کہے کہ رات فلاں رات میں نے فلاں کام کیا۔ حالانکہ رات کو اُس کے رب نے پردہ ڈالے رکھا لیکن صبح کو اُس نے اپنے رب کا پردہ ہٹا دیا (متفق علیہ) اور مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ والی حدیث ابوہریرہ پیچھے باب الضیافۃ میں مذکور ہوئی۔

## دوسری فصل

۴۶۱۸/۲۰ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهُ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ مُحِقٌّ بُنِيَ لَهُ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ بُنِيَ لَهُ فِيْ أَعْلَاهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَفِي الْمَصَابِيْحِ قَالَ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جھوٹ کو چھوڑ دے جبکہ وہ غلطی پر ہو تو اُس کے لیے جنت کے کنارے پر مکان بنایا جائے گا اور جو حق پر ہوتے ہوئے جھگڑے کو چھوڑ دے تو اُس کے لیے جنت کے درمیان میں مکان بنایا جائے گا اور جس کا اخلاق اچھا ہو اُس کے لیے جنت کے بالائی حصے میں مکان بنایا جائے گا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے اور اسی طرح شرح السنہ میں ہے اور مصابیح میں اسے غریب کہا ہے۔

۴۶۱۹/۲۱ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَدْرُوْنَ مَا أَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ أَتَدْرُوْنَ مَا أَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ الْأَجْوَفَانِ الْفَمُ وَالْفَرْجُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ کیا چیز لوگوں کو کثرت سے جنت میں داخل کرے گی؟ وہ اللہ کا تقویٰ اور خوش خلقی ہے۔ کیا تم جانتے ہو کہ کیا چیز لوگوں کو کثرت سے جہنم میں داخل کرے گی؟ وہ دو خالی چیزیں منہ اور شرم گاہ ہیں۔

(ترمذی)

۴۶۲۰/۲۲ وَعَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ إِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الشَّرِّ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللهُ

حضرت بلال بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی ایک بھلائی کا لفظ منہ سے نکالتا ہے اور اُس کی قدر و قیمت نہیں جانتا تو اُس کے باعث اللہ تعالیٰ اُس کے لیے قیامت تک کی رضامندی لکھ دیتا ہے۔ ایک آدمی بُرا لفظ منہ سے نکالتا ہے اور اُس کی حقیقت کو نہیں جانتا تو اُس کے باعث اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



وَابْنُ مَاجَةَ نَحْوَهُ)

ترمذی اور ابن ماجہ نے۔

۴۶۲۱ / ۲۳ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِمَنْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَهُ وَيْلٌ لَهُ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

بہز بن حکیم، اُن کے والدِ ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اُس کے لیے خرابی ہے جو جھوٹی بات کرے کہ اُس کے ذریعے لوگ ہنسیں، اُس کے لیے خرابی ہے اُس کے لیے خرابی ہے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد۔ دارمی)

۴۶۲۲ / ۲۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ لَيَقُولُ الْكَلِمَةَ لَا يَقُولُهَا إِلَّا لِيُضْحِكَ بِهِ النَّاسَ يَهْوِي بِهَا أَبْعَدَ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَإِنَّهُ لَيَزِلُّ عَنْ لِسَانِهِ أَشَدَّ مِمَّا يَزِلُّ عَنْ قَدَمِهِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آدمی ایک لفظ کہتا ہے اور لوگوں کو ہنسانے کے لیے کہتا ہے تو اُس کے باعث وہ اِتنا نیچے جا گرتا ہے جتنا زمین و آسمان کے درمیان فاصلہ ہے اور زبان کے ذریعے آدمی قدموں کی نسبت زیادہ پھسل جاتا ہے۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۶۲۳ / ۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔ روایت کیا اسے احمد، ترمذی، دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۶۲۴ / ۲۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ فَقَالَ أَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلَى خَطِيئَتِكَ

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ نجات کس چیز میں ہے؟ فرمایا کہ اپنی زبان کو قبضے میں رکھو تمہارا گھر تمہارے لیے کافی رہے اور اپنی خطاؤں پر رویا کرو۔ (احمد، ترمذی)

۴۶۲۵ / ۲۷ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَفَعَهُ قَالَ إِذَا أَصْبَحَ ابْنُ آدَمَ فَإِنَّ الْأَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُولُ اتَّقِ اللّٰهَ فِينَا فَإِنَّا نَحْنُ بِكَ فَإِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا وَإِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرفوعًا فرمایا کہ جب آدمی کے لیے صبح ہوتی ہے تو تمام اعضاء زبان کی خوشامد کرتے اور کہتے ہیں کہ ہمارے بارے میں اللہ سے ڈرنا کیونکہ ہم تیرے ساتھ ہیں اگر تو سیدھی رہے تو ہم بھی سیدھے رہیں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہو گئی تو ہم بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔ (ترمذی)

۴۶۲۶ / ۲۸ وَعَنْ عَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَحْمَدُ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ عَنْهُمَا)

علی بن حسین سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آدمی کے اسلام کی خوبیوں سے بیکار باتوں کا چھوڑ دینا ہے۔ روایت کیا اسے مالک اور احمد نے اور روایت کیا اسے ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہ سے اور ترمذی و بیہقی نے شعب الایمان میں دونوں سے۔

www.alahazratnetwork.org



۴۶۲۷ (۲۹) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ فَقَالَ رَجُلٌ اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَلَا تَدْرِيْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ اَوْ بَخِلَ بِمَا لَا يَنْقُصُهٗ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ کرام میں سے ایک وفات پاگئے تو ایک شخص نے کہا: آپ کو جنت مبارک ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم کہ اس نے کوئی بیکار بات کی ہو یا ایسی چیز میں بخل کیا ہو جو کم نہیں ہوتی۔

(ترمذی)

۴۶۲۸ (۳۰) وَعَنْ سُفْيَانَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ قَالَ فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ وَقَالَ هٰذَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

حضرت سفیان بن عبد اللہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! سب سے خوفناک چیز کیا ہے جس سے آپ مجھے ڈراتے ہیں؟ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر فرمایا: یہ۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور اس کی تصحیح کی۔

۴۶۲۹ (۳۱) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلًا مِّنْ نَتْنِ مَا جَاءَ بِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو اس کی بدبو کے باعث فرشتہ اس سے ایک میل پرے ہٹ جاتا ہے۔

(ترمذی)

۴۶۳۰ (۳۲) وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَسِيْدٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيْثًا هُوَ لَكَ بِهٖ مُصَدِّقٌ وَّاَنْتَ بِهٖ كَاذِبٌ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سفیان بن اسید حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یہ بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے کوئی بات کہو تو وہ تمہیں سچا جانتا ہو اور تم جھوٹ بول رہے ہو۔

(ابوداؤد)

۴۶۳۱ (۳۳) وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَّارٍ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دنیا میں دو رُخا ہو تو قیامت کے روز اُس کی زبان آگ کی ہوگی۔

(دارمی)

۴۶۳۲ (۳۴) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا بِاللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِّ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ وَلَا الْفَاحِشِ الْبَذِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن طعنہ دینے والا، لعنت کرنے والا، فحش گو اور بے غیرت نہیں ہوتا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور بیہقی کی روایت میں فحش گو بے غیرت ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۶۳۳ (۳۵) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا وَفِيْ رِوَايَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا۔ ایک

www.alahazratnetwork.org



لَا يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَكُوْنَ لَعَّانًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور روایت ہے ہر مومن کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ لعنت کرنے والا بنے۔ (ترمذی)

۴۶۳۴/۳۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ اللّٰهِ وَلَا بِجَهَنَّمَ وَفِي رِوَايَةٍ وَلَا بِالنَّارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لعنت اور اس کے غضب کے ساتھ کسی پر لعنت نہ کیا کرو اور نہ جہنم کے ساتھ۔ ایک روایت میں وَلَا بِالنَّارِ ہے۔ (ترمذی۔ ابو داؤد)

۴۶۳۵/۳۷ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا لَعَنَ شَيْئًا صَعِدَتِ اللَّعْنَةُ إِلَى السَّمَاءِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ دُوْنَهَا ثُمَّ تَهْبِطُ إِلَى الْأَرْضِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُهَا دُوْنَهَا ثُمَّ تَأْخُذُ يَمِيْنًا وَّشِمَالًا فَإِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ إِلَى الَّذِي لُعِنَ فَإِنْ كَانَ لِذٰلِكَ أَهْلًا وَّإِلَّا رَجَعَتْ إِلَى قَائِلِهَا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب آدمی کسی چیز پر لعنت کرتا ہے تو لعنت آسمان کی طرف چڑھتی ہے تو اس کے سامنے آسمان کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں۔ پھر وہ زمین کی طرف اترتی ہے تو اس کے دروازے بھی اس کے سامنے بند کر دیے جاتے ہیں۔ پھر وہ دائیں بائیں پھرتی ہے۔ جب کوئی ٹھکانا نہیں پاتی تو اس شخص کی طرف لوٹتی ہے جس پر لعنت کی گئی تھی اگر وہ اس کا اہل ہو تو اس پر پڑتی ہے ورنہ اپنے کہنے والے کی طرف لوٹتی ہے۔ (ابو داؤد)

۴۶۳۶/۳۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا نَازَعَتْهُ الرِّيْحُ رِدَاءَهُ فَلَعَنَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْهَا فَإِنَّهَا مَأْمُوْرَةٌ وَإِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہوا نے ایک آدمی کی چادر اڑائی تو اس نے ہوا پر لعنت کی۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر لعنت نہ کرو کیونکہ یہ تو حکم کی پابندی ہے اور جو کسی چیز پر لعنت کرے اور وہ اس کی مستحق نہ ہو تو لعنت اسی (قائل) پر لوٹتی ہے۔ (ترمذی۔ ابو داؤد)

۴۶۳۷/۳۹ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَلِّغُنِي أَحَدٌ مِّنْ أَصْحَابِي عَنْ أَحَدٍ شَيْئًا فَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْكُمْ وَأَنَا سَلِيْمُ الصَّدْرِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مجھے میرے کسی صحابی کی شکایت نہ پہنچائے کیونکہ میں پسند کرتا ہوں کہ تمہارے پاس سے صاف سینہ لے کر جاؤں۔

(ابو داؤد)

۴۶۳۸/۴۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا تَعْنِي قَصِيْرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئی: آپ کو صفیہ کا اتنی چھوٹی ہونا کافی ہے یعنی پست قد۔ فرمایا کہ تم نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر اسے دریا میں ملا دیا جائے تو اسے رنگین کر دے۔

۲۱ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



۴۶۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [۴۱] مَا کَانَ الْفُحْشُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا شَانَہٗ وَ مَا کَانَ الْحَیَآءُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا زَانَہٗ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہوتی کسی چیز میں بے حیائی مگر اُسے داغ دار کر دیتی ہے اور نہیں ہوتی کسی چیز میں حیا مگر اُسے زینت بخشتی ہے
(ترمذی)

۴۶۴۰ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [۴۲] مَنْ عَیَّرَ اَخَاہُ بِذَنْبٍ لَّمْ یَمُتْ حَتّٰی یَعْمَلَہٗ یَعْنِیْ مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْہُ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَّلَیْسَ اِسْنَادُہٗ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ خَالِدًا لَّمْ یُدْرِكْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ۔

خالد بن معدان نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بھائی کو کسی گناہ کی وجہ سے ملامت کرے تو اُس وقت تک وہ نہیں مرے گا جب تک اُس گناہ کو کر نہ لے جبکہ اُس نے توبہ کر لی ہو۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے کیونکہ اس کی اسناد متصل نہیں ہے کہ خالد بن معدان نے حضرت معاذ بن جبل کو نہیں پایا۔

۴۶۴۱ وَعَنْ وَاثِلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [۴۳] لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِیْكَ فَیَرْحَمُہُ اللّٰہُ وَیَبْتَلِیْكَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر خوشی کا اظہار نہ کرو مبادا اللہ تعالیٰ اُس پر رحم فرمائے اور تمہیں مبتلا کر دے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۶۴۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ [۴۴] مَا اُحِبُّ اَنِّیْ حَکَیْتُ اَحَدًا وَّاَنَّ لِیْ کَذَا وَکَذَا۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَصَحَّحَہٗ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ پسند نہیں کہ کسی کی نقل اُتاروں اگرچہ مجھے اتنا کچھ ملے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور اس کو صحیح کہا۔

۴۶۴۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ فَاَنَاخَ [۴۵] رَاحِلَتَہٗ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ اَتٰی رَاحِلَتَہٗ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَکِبَ ثُمَّ نَادٰی اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ وَمُحَمَّدًا وَّلَا تُشْرِكْ فِیْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِیْرُہٗ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰی مَا قَالَ قَالُوْا بَلٰی۔ (رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤُدَ) وَذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا فِیْ بَابِ الْاِعْتِصَامِ فِی الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔

حضرت جُندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک اعرابی آیا تو اُس نے اپنے اونٹ کو بٹھایا اور اُس کا گھٹنا باندھا، پھر مسجد میں داخل ہوا اور رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ جب سلام پھیر دیا تو اپنی سواری کے پاس آیا، اُسے کھولا، پھر سوار ہو گیا اور پکارا: اے اللہ! مجھ پر اور محمد مصطفیٰ پر رحم فرما اور ہماری رحمت میں کسی کو شریک نہ کرنا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیا کہتے ہو کہ یہ زیادہ بے خبر ہے یا اس کا اونٹ؟ کیا تم نے سُنا جو اُس نے کہا تھا؟۔ لوگ عرض گزار ہوئے: کیوں نہیں (ابوداؤد) اور حدیث ابوہریرہ کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا والی پیچھے باب الاعتصام کی فصل اول میں مذکور ہوئی۔

www.alahazratnetwork.org



# تیسری فصل

۴۶۴۴ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۴۶ وَسَلَّمَ اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّ لَهُ الْعَرْشُ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب فاسق کی تعریف کی جائے تو رب تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور اُس کا عرش بھی ہلنے لگتا ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۶۴۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۴۷ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ہر قسم کی خصلتوں پر پیدا کیا جاتا ہے ماسوائے خیانت اور جھوٹ کے۔ روایت کیا اسے احمد نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت سعد بن ابی وقاص سے۔

۴۶۴۶ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّهُ قِيْلَ لِرَسُوْلِ
۴۸ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ جَبَانًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهُ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ بَخِيْلًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهُ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا قَالَ لَا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)

صفوان بن سُلیم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی کہ کیا مومن بزدل ہوسکتا ہے؟ فرمایا: ہاں۔ عرض کی گئی کہ کیا مومن بخیل ہوسکتا ہے؟ فرمایا: ہاں۔ عرض کی گئی کہ کیا مومن کذّاب ہوسکتا ہے؟ فرمایا: نہیں۔ روایت کیا اسے مالک اور بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً۔

۴۶۴۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَيَتَمَثَّلُ
۴۹ فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ فَيَاْتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ وَجْهَهٗ وَلَا اَدْرِيْ مَا اسْمُهٗ يُحَدِّثُ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شیطان آدمی کی صورت اختیار کرکے لوگوں کے پاس آتا ہے اور انھیں جھوٹی حدیث سناتا ہے۔ لوگ منتشر ہو جاتے ہیں تو اُن میں سے ایک آدمی کہتا ہے کہ میں نے ایک آدمی سے خود سنا جس کو میں چہرے سے پہچانتا ہوں اگرچہ اُس کا نام نہیں جانتا، حدیث بیان کرتا ہے۔ (مسلم)

۴۶۴۸ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا
۵۰ ذَرٍّ فَوَجَدْتُهٗ فِي الْمَسْجِدِ مُحْتَبِيًا بِكِسَاءٍ اَسْوَدَ وَحْدَهٗ فَقُلْتُ يَا اَبَا ذَرٍّ مَا هٰذِهِ الْوَحْدَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِيْسُ الصَّالِحُ خَيْرٌ مِّنَ الْوَحْدَةِ وَاِمْلَاءُ الْخَيْرِ خَيْرٌ مِّنَ السُّكُوْتِ وَالسُّكُوْتُ خَيْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔

عمران بن حطّان کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انھیں ایک سیاہ کمبل لپیٹے ہوئے مسجد میں تنہا بیٹھے ہوئے پایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اے ابوذر! یہ تنہائی کیسی؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بُرے ساتھی سے تنہائی بہتر ہے۔ اچھا ساتھی تنہائی سے بہتر ہے۔ اچھی بات کہنا خاموشی سے بہتر ہے اور خاموش رہنا بُری بات کہنے سے بہتر ہے۔

www.alahazratnetwork.org



۴۶۴۹ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[51] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ بِالصَّمْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّيْنَ سَنَةً ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا خاموشی پر قائم رہنا ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

۴۶۵۰ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[52] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ اِلٰى اَنْ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصِنِيْ قَالَ اُوْصِيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَاِنَّهٗ اَزْيَنُ لِاَمْرِكَ كُلِّهٖ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنَّهٗ ذِكْرٌ لَّكَ فِي السَّمَآءِ وَنُوْرٌ لَّكَ فِي الْاَرْضِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِّلشَّيْطٰنِ وَعَوْنٌ لَّكَ عَلٰى اَمْرِ دِيْنِكَ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ اِيَّاكَ وَكَثْرَةَ الضِّحْكِ فَاِنَّهٗ يُمِيْتُ الْقَلْبَ وَيَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ كَانَ مُرًّا قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِيْ قَالَ لِيَحْجُزْكَ عَنِ النَّاسِ مَا تَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِكَ ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا پھر لمبی حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں عرض گزار ہوا یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے۔ فرمایا کہ میں تمہیں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تمہارے کاموں کو زینت دے گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا کہ قرآن مجید کی تلاوت اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کو اپنے اوپر لازم کرلو تو آسمانوں میں تمہارا چرچا اور زمین میں تمہارے لیے نور ہوگا۔ عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا کہ لمبی خاموشی کو اپنے اوپر لازم کرلو کیونکہ یہ شیطان کو بھگانے والی اور دینی کاموں میں تمہاری مددگار ہوگی۔ میں عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا کہ زیادہ ہنسنے سے بچنا کیونکہ یہ دل کو مردہ کرتا اور چہرے کے نور کو دور کردیتا ہے۔ عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا حق بات کہنا اگرچہ وہ کڑوی ہو۔ عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا کہ اللہ کے کاموں میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرنا۔ عرض گزار ہوا کہ اور زیادہ۔ فرمایا کہ وہ برائی تمہیں لوگوں سے روکے جس کو تم جانتے ہو کہ تمہارے اندر موجود ہے۔

۴۶۵۱ وَعَنْ اَنَسٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[53] قَالَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَاَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! کیا میں تمہیں ایسی دو عادتیں نہ بتاؤں جو پیٹھ پر ہلکی اور میزان میں بھاری ہیں؟ میں عرض گزار ہوا کہ کیوں نہیں۔ فرمایا: کہ لمبی خاموشی اور حسن اخلاق۔ قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، مخلوق نے ان جیسا کوئی عمل نہیں کیا

۴۶۵۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[54] بِاَبِيْ بَكْرٍ وَّهُوَ يَلْعَنُ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَقَالَ لَعَّانِيْنَ وَصِدِّيْقِيْنَ كَلَّا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَاَعْتَقَ اَبُوْ بَكْرٍ يَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم حضرت ابوبکر کے پاس سے گزرے جو اپنے کسی غلام کو لعنت ملامت کررہے تھے۔ اُن کی جانب متوجہ ہوکر آپ نے فرمایا: صدیق ہوکر لعنت ملامت کرنا! خدا کی قسم یہ نہیں ہوسکتا۔ پس اُس روز حضرت ابوبکر نے اپنے

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ لَا أَعُوْدُ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ۔

عرض گزار ہوئے کہ آئندہ ایسا نہیں کروں گا۔ ان پانچوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۶۵۳ / ۵۵ وَعَنْ أَسْلَمَ قَالَ إِنَّ عُمَرَ دَخَلَ يَوْمًا عَلَى أَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهُ فَقَالَ عُمَرُ مَهْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بَكْرٍ إِنَّ هٰذَا أَوْرَدَنِيَ الْمَوَارِدَ۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ)

اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر ایک روز حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ اپنی زبان کو کھینچ رہے تھے۔ حضرت عمر نے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو معاف فرمائے، ٹھہریے۔ حضرت ابوبکر نے ان سے فرمایا کہ یہ مجھے ہلاکت کی جگہوں میں پہنچا دیتی ہے۔

(مالک)

۴۶۵۴ / ۵۶ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اضْمَنُوْا لِيْ سِتًّا مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اُصْدُقُوْا إِذَا حَدَّثْتُمْ وَأَوْفُوْا إِذَا وَعَدْتُمْ وَأَدُّوْا إِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ وَغُضُّوْا أَبْصَارَكُمْ وَكُفُّوْا أَيْدِيَكُمْ۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے اپنی چھ چیزوں کی ضمانت دو تو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ جب بات کرو تو سچ بولو، جب وعدہ کرو تو پورا کرو، جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اُسے ادا کرو، اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو، اپنی نگاہیں نیچی رکھو اور اپنے ہاتھ روکے رکھو۔

۴۶۵۵ / ۵۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَأَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ إِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الْمَشَّاؤُوْنَ بِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْأَحِبَّةِ الْبَاغُوْنَ الْبُرَآءَ الْعَنَتَ۔

(رَوَاهُمَا أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم اور حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں سے بہترین وہ ہیں کہ جب انہیں دیکھا جائے تو اللہ یاد آ جائے اور اللہ کے بندوں میں سے بُرے وہ ہیں جو چغلی کے لیے چلنے والے، دوستوں میں جدائی ڈالنے والے اور پاکباز لوگوں کے عیوب ڈھونڈنے والے ہیں۔ ان دونوں کو احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۶۵۶ / ۵۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا صَلٰوةَ الظُّهْرِ أَوِ الْعَصْرِ وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ قَالَ أَعِيْدُوْا وُضُوْءَكُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَامْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْمًا آخَرَ قَالَا لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اغْتَبْتُمْ فُلَانًا۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ دو آدمیوں نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی اور دونوں روزہ دار تھے۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اپنا وضو اور اپنی نماز دہراؤ اور اپنے اس روزے کے بدلے کسی اور دن روزہ رکھنا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! یہ کیوں؟ فرمایا کہ تم نے فلاں کی غیبت کی ہے۔

(بیہقی)

۴۶۵۷ / ۵۹ وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ وَجَابِرٍ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغِيْبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ

حضرت ابوسعید اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت زنا سے بھی سخت ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! غیبت زنا سے سخت کس طرح ہے؟ فرمایا کہ زانی اللہ تعالیٰ سے توبہ کر لیتا ہے۔ دوسری روایت

www.alahazratnetwork.org



فیتوب فیغفر اللہ لہ وان صاحب الغیبۃ لا یغفر لہ حتی یغفرھا لہ صاحبہ وفی روایۃ انس قال صاحب الزنا یتوب وصاحب الغیبۃ لیس لہ توبۃ (روی البیھقی الاحادیث الثلثۃ فی شعب الایمان)

میں ہے کہ توبہ کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے معاف فرما دیتا ہے لیکن غیبت کرنے والے کو معاف نہیں کیا جاتا جب تک وہ معاف نہ کرے جس کی غیبت کی ہے اور حضرت انس کی روایت میں فرمایا، زانی توبہ کر لیتا ہے لیکن غیبت کرنے والے کا توبہ نہیں۔ ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۶۵۸ وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ
۶۰
علیہ وسلم ان من کفارۃ الغیبۃ ان تستغفر لمن اغتبتہ تقول اللھم اغفر لنا ولہ (رواہ البیھقی فی الدعوات الکبیر وقال فی ھذا الاسناد ضعف)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہے اُس کے لیے استغفار کرے اور کہے کہ اے اللہ! ہمیں اور اُسے بخش دے۔ اسے بیہقی نے دعوات الکبیر میں روایت کیا اور کہا کہ اس کی اسناد میں ضعف ہے۔

# باب الوعد

# وعدے کا بیان

## پہلی فصل

۴۶۵۹ عن جابر قال لما مات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وجاء ابا بکر مال من قبل العلاء بن الحضرمی فقال ابو بکر من کان لہ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم دین او کانت لہ قبلہ عدۃ فلیاتنا قال جابر فقلت وعدنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یعطینی ھکذا وھکذا وھکذا فبسط یدیہ ثلث مرات قال جابر فحثا لی حثیۃ فعددتھا فاذا ھی خمس مائۃ قال خذ مثلیھا۔ (متفق علیہ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور حضرت ابو بکر کے پاس حضرت علاء ابن الحضرمی کی طرف سے مال آیا تو حضرت ابو بکر نے فرمایا، جس کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرض ہو یا جس سے آپ نے کوئی وعدہ فرمایا ہو تو وہ ہمارے پاس آ جائے۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے اتنا مال عطا فرمانے کا وعدہ کیا تھا اور تین مرتبہ اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ انھوں نے مجھے لپ بھر کر دی۔ میں نے انھیں گنا تو پانچ سو درہم تھے۔ فرمایا کہ اس سے دو گنا اور لے لو۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۶۶۰ عن ابی جحیفۃ قال رایت رسول اللہ
۲
صلی اللہ علیہ وسلم ابیض قد شاب وکان الحسن بن علی یشبھہ وامر لنا بثلثۃ عشر قلوصا فذھبنا نقبضھا فاتانا موتہ فلم یعطونا شیئا فلما قام ابو بکر قال من کانت لہ

حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ سفید رنگ اور عمر رسیدہ تھے۔ حسن بن علی آپ سے مشابہت رکھتے تھے۔ آپ نے ہمارے لیے تیرہ اُونٹنیوں کا حکم فرمایا تھا۔ ہم لینے کے لیے گئے تو آپ کی وفات کی خبر ملی اور کوئی چیز نہ مل سکی۔ جب حضرت ابو بکر کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ جس سے رسول اللہ صلی

www.alahazratnetwork.org



عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِدَۃٌ فَلْیَجِیْ فَقُمْتُ اِلَیْہِ فَاَخْبَرْتُہٗ فَاَمَرَ لَنَا بِھَا۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی وعدہ فرمایا ہو تو آجائے۔ پس میں آپ کی طرف گیا اور انھیں یہ بات بتائی تو انھوں نے دینے کا حکم فرمایا۔
(ترمذی)

۴۶۶۱ [۳] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْحَسْمَآءِ قَالَ بَایَعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ یُّبْعَثَ وَبَقِیَتْ لَہٗ بَقِیَّۃٌ فَوَعَدْتُّہٗ اَنْ اٰتِیَہٗ بِھَا فِیْ مَکَانِہٖ فَنَسِیْتُ فَذَکَرْتُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَاِذَا ھُوَ فِیْ مَکَانِہٖ فَقَالَ لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَیَّ اَنَا ھٰھُنَا مُنْذُ ثَلٰثٍ اَنْتَظِرُکَ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن ابوالحسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ اعلانِ نبوت سے پہلے میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سودا کیا تھا اور میری طرف کچھ بقایا رہ گیا تھا۔ میں نے وعدہ کیا کہ ابھی آتا ہوں آپ اسی جگہ رہیں۔ میں بھول گیا۔ تین روز کے بعد مجھے یاد آیا تو آپ اسی جگہ موجود تھے۔ فرمایا کہ تم نے مجھ پر مشقت ڈال دی۔ میں یہاں تین دن سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ (ابوداؤد)

۴۶۶۲ [۴] وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ اَخَاہُ وَمِنْ نِّیَّتِہٖ اَنْ یَّفِیَ لَہٗ فَلَمْ یَفِ وَلَمْ یَجِیْٔ لِلْمِیْعَادِ فَلَا اِثْمَ عَلَیْہِ
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی اپنے بھائی سے وعدہ کرے اور اُس کی نیت وعدہ پورا کرنے کی ہو لیکن ایفائے عہد نہ کر سکے اور مقررہ وقت پر نہ آسکے تو اُس پر کوئی گناہ نہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

۴۶۶۳ [۵] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ دَعَتْنِیْ اُمِّیْ یَوْمًا وَّرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِیْ بَیْتِنَا فَقَالَتْ ھَا تَعَالَ اُعْطِیْکَ فَقَالَ لَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَرَدْتِّ اَنْ تُعْطِیَہٗ قَالَتْ اَرَدْتُّ اَنْ اُعْطِیَہٗ تَمْرًا فَقَالَ لَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّکِ لَوْ لَمْ تُعْطِیْہِ شَیْئًا کُتِبَتْ عَلَیْکِ کِذْبَۃٌ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میری والدۂ محترمہ نے ایک روز مجھے بلایا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے گھر جلوہ افروز تھے۔ والدہ ماجدہ نے فرمایا: ادھر آؤ، تمہیں کچھ دوں گی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تمہارا اسے کیا دینے کا ارادہ ہے؟ عرض گزار ہوئیں: میرا ارادہ ہے کہ اسے کھجوریں دوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اگر تم اسے کوئی چیز نہ دیتیں تو تمہارے اُوپر گناہ لکھا جاتا۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

## تیسری فصل

۴۶۶۴ [۶] عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَّعَدَ رَجُلًا فَلَمْ یَاْتِ اَحَدُھُمَا اِلٰی وَقْتِ الصَّلٰوۃِ وَذَھَبَ الَّذِیْ جَآءَ لِیُصَلِّیَ فَلَا اِثْمَ عَلَیْہِ۔
(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی آدمی سے وعدہ کرے اور اُن میں سے ایک نماز کے وقت تک نہ آئے اور جانے والا نماز پڑھنے چلا جائے تو اُس پر کوئی گناہ نہیں۔
(رزین)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْمُزَاحِ — خوش مزاجی کا بیان

## پہلی فصل

۴۶۶۵ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلَ لِاَخٍ لِّيْ صَغِيْرٍ يَا اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ يَلْعَبُ بِهٖ فَمَاتَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں گھل مل کر رہتے تھے، یہاں تک کہ میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے: اے عمیر! نغیر کا کیا کیا؟ ہمارے پاس ایک چڑیا تھی جس سے وہ کھیلتا تھا اور وہ مر گئی تھی
(متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۶۶۶ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ تُدَاعِبُنَا قَالَ اِنِّيْ لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ لوگ عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! آپ ہمارے ساتھ خوش طبعی فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ میں نہیں کہتا مگر سچی بات۔ (ترمذی)

۴۶۶۷ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ حَامِلُكَ عَلٰى وَلَدِ نَاقَةٍ فَقَالَ مَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سواری مانگی۔ فرمایا کہ میں تمہیں اونٹنی کے بچے پر سوار کروں گا۔ عرض گزار ہوا کہ اونٹنی کے بچے کا کیا بناؤں گا؟ فرمایا کہ اونٹ کو اونٹنی ہی تو جنتی ہے۔
(ترمذی، ابو داؤد)

۴۶۶۸ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اے دو کانوں والے۔ (ابو داؤد، ترمذی)

۴۶۶۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِامْرَاَةٍ عَجُوْزٍ اِنَّهٗ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَجُوْزٌ فَقَالَتْ وَمَا لَهُنَّ وَكَانَتْ تَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ لَهَا اَمَا تَقْرَئِيْنَ الْقُرْاٰنَ اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا
(رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَّفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بوڑھی عورت سے فرمایا: کوئی بڑھیا جنت میں داخل نہیں ہوگی۔ عرض گزار ہوئیں: ہر کس لیے جبکہ وہ تو قرآن مجید پڑھتی ہیں۔ فرمایا کیا تم قرآن مجید میں یہ نہیں پڑھتیں: بے شک ہم نے اُن عورتوں کو اچھی اُٹھان اٹھایا تو انھیں کنواریاں بنایا۔ (۵۶: ۳۵-۳۶) روایت کیا اسے رزین نے اور شرح السنہ میں مصابیح کے لفظوں میں ہے۔

۴۶۷۰ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ كَانَ اسْمُهٗ زَاهِرَ بْنَ حَرَامٍ وَّكَانَ يُهْدِيْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْبَادِيَةِ فَيُجَهِّزُهٗ رَسُوْلُ

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک بدوی جس کا نام حضرت زاہر بن حرام تھا، وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے گاؤں سے تحفے لاتے اور جب وہ گاؤں کو جانے کا ارادہ کرتے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَّخْرُجَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا وَنَحْنُ حَاضِرُوْهُ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهُ وَكَانَ دَمِيْمًا فَأَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَّهُوَ يَبِيْعُ مَتَاعَهُ فَاحْتَضَنَهُ مِنْ خَلْفِهِ وَهُوَ لَا يُبْصِرُهُ فَقَالَ أَرْسِلْنِيْ مَنْ هٰذَا فَالْتَفَتَ فَعَرَفَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَا يَأْلُوْ مَا أَلْزَقَ ظَهْرَهُ بِصَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عَرَفَهُ وَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَّشْتَرِي الْعَبْدَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِذًا وَّاللّٰهِ تَجِدُنِيْ كَاسِدًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لٰكِنْ عِنْدَ اللّٰهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

۴۶۷۱ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِّنْ أَدَمٍ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ عَلَيَّ وَقَالَ ادْخُلْ فَقُلْتُ أَكُلِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كُلُّكَ فَدَخَلْتُ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ إِنَّمَا قَالَ أَدْخُلُ كُلِّيْ مِنْ صِغَرِ الْقُبَّةِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

۴۶۷۲ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اسْتَأْذَنَ أَبُوْ بَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَةَ عَالِيًا فَلَمَّا دَخَلَ تَنَاوَلَهَا لِيَلْطِمَهَا وَقَالَ لَا أَرَاكِ تَرْفَعِيْنَ صَوْتَكِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْجُزُهُ وَخَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ مُّغْضَبًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ كَيْفَ رَأَيْتِنِيْ أَنْقَذْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ قَالَتْ فَمَكَثَ أَبُوْ بَكْرٍ أَيَّامًا ثُمَّ اسْتَأْذَنَ فَوَجَدَهُمَا قَدِ اصْطَلَحَا فَقَالَ لَهُمَا أَدْخِلَانِيْ فِيْ سِلْمِكُمَا كَمَا أَدْخَلْتُمَانِيْ فِيْ حَرْبِكُمَا

انھیں سامان دیتے۔ ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زاہر ہمارا گاؤں اور ہم ان کا شہر ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن سے محبت کرتے، حالانکہ وہ خوبصورت نہ تھے۔ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئے تو وہ اپنا سامان بیچ رہے تھے۔ حضور نے پیچھے سے اُنھیں گود میں لے لیا جبکہ اُنھوں نے آپ کو دیکھا نہیں تھا۔ کہنے لگے، کون ہو؟ مجھے چھوڑ دو۔ مُڑ کر دیکھا تو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہچان لیا تو اپنی کمر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سینۂ مبارک سے مَس کرنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی۔ جب پہچان لیا گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمانے لگے: کون غلام خریدتا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! پھر تو آپ مجھے بہت کم قیمت پائیں گے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لیکن تم اللہ کے نزدیک کم قیمت نہیں ہو۔

(شرح السنہ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ تبوک کے موقع پر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہُوا جبکہ آپ چمڑے کے خیمے میں جلوہ افروز تھے۔ میں نے سلام عرض کیا تو آپ نے جواب دیتے ہوئے فرمایا۔ اندر آجاؤ۔ عرض گزار ہُوا کہ یا رسول اللہ! کیا پورا ہی داخل ہو جاؤں؟ فرمایا کہ پورے ہی۔ پس میں اندر داخل ہو گیا۔ عثمان بن ابو عاتکہ نے کہا ہے کہ انھوں نے پورا داخل ہونے کی بات اس لیے کہی تھی کہ خیمہ چھوٹا تھا۔ (ابوداؤد)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر داخل ہونے کی اجازت مانگی تو حضرت عائشہ کی بلند آواز سُنی۔ جب اندر داخل ہوئے تو طمانچہ مارنے کے لیے حضرت عائشہ کو پکڑا اور فرمایا: تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنی آواز اُونچا کرتی ہو۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُنھیں روکتے ہیں اور حضرت ابوبکر غصّے کی حالت میں نکل گئے۔ جب حضرت ابوبکر باہر چلے گئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھے کیسا دیکھا کہ میں نے تمہیں اُس شخص سے چھڑایا۔ حضرت ابوبکر کئی روز نہ آئے۔ پھر اجازت مانگی تو دونوں میں صلح ہو چکی تھی چنانچہ دونوں سے کہا کہ مجھے اپنی صلح میں بھی شامل کر لیجئے جیسے اپنی لڑائی میں شامل کیا تھا۔ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَحَلْنَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

نے فرمایا: ہم نے ایسا کر دیا۔ (ابوداؤد)

٤٦٧٣ (٩) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ أَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی سے جھگڑا نہ کرو اور نہ اُس کا مذاق اُڑاؤ اور نہ اُس سے ایسا وعدہ کرو جس کے تم نے خلاف کرنا ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

# بَابُ الْمُفَاخَرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ

## دوسروں سے اُونچا بننا اور تعصب برتنا

### پہلی فصل

٤٦٧٤ (١) عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ النَّاسِ أَكْرَمُ قَالَ أَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللهِ أَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَأَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللهِ ابْنُ نَبِيِّ اللهِ ابْنِ نَبِيِّ اللهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللهِ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنِيْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا آدمی زیادہ معزز ہے؟ فرمایا کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو زیادہ متقی ہو۔ عرض گزار ہوئے کہ ہم اس کے متعلق نہیں پوچھتے۔ فرمایا تو لوگوں میں سب سے معزز حضرت یوسف نبی اللہ ابن نبی اللہ ابن نبی اللہ ابن خلیل اللہ ہیں۔ عرض گزار ہوئے کہ ہم اس بارے میں نہیں پوچھتے۔ فرمایا تو قبائلِ عرب کے متعلق پوچھتے ہو؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا جو تم میں دورِ جاہلیت کے اندر بہتر تھے وہی دورِ اسلام میں بہتر ہیں جبکہ دین کی سوجھ بوجھ حاصل کر لیں۔ (متفق علیہ)

٤٦٧٥ (٢) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ ابْنِ الْكَرِيْمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحٰقَ بْنِ إِبْرٰهِيْمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: معزز ولد معزز ولد معزز ولد معزز تو یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہیں علیہم السلام۔ (بخاری)

٤٦٧٦ (٣) وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ فِيْ يَوْمِ حُنَيْنٍ كَانَ أَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهِ يَعْنِيْ بَغْلَةَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَا رُؤِيَ مِنَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غزوۂ حنین کے روز فرمایا کہ حضرت ابوسفیان بن حارث نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خچر کی لگام تھامی ہوئی تھی جب مشرکین نے آپ کو نرغے میں لے لیا تو آپ نیچے اُتر آئے اور فرمانے لگے: نبی میں ہوں، یہ جھوٹ نہیں، میں ہی عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ اُس روز کسی شخص کو

www.alahazratnetwork.org



النَّاسِ يَوْمَئِذٍ أَشَدُّ مِنْهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آپ سے زیادہ بہادر نہیں دیکھا گیا۔

(متفق علیہ)

۴۶۷۷ [۴] وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ إِبْرَاهِيْمُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کہا: اے ساری مخلوق سے بہتر۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تو حضرت ابراہیم ہیں۔

(مسلم)

۴۶۷۸ [۵] وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِيْ كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَى ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدُهُ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اتنا نہ بڑھانا جتنا نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ بن مریم کو بڑھایا کیونکہ میں تو اس کا بندہ ہوں لہٰذا اُس کا بندہ اور اُس کا رسول کہا کرو۔ (متفق علیہ)

۴۶۷۹ [۶] وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوْا حَتَّى لَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ وَلَا يَبْغِيْ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے کہ تم تواضع اختیار کرو، یہاں تک کہ کوئی دوسرے پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی دوسرے پر ظلم کرے۔

(مسلم)

## دوسری فصل

۴۶۸۰ [۷] عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَفْتَخِرُوْنَ بِآبَائِهِمُ الَّذِيْنَ مَاتُوْا إِنَّمَا هُمْ فَحْمٌ مِنْ جَهَنَّمَ أَوْ لَيَكُوْنُنَّ أَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِيْ يُدَهْدِهُ الْخِرَاءَ بِأَنْفِهِ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْآبَاءِ إِنَّمَا هُوَ مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ أَوْ فَاجِرٌ شَقِيٌّ النَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُوْ آدَمَ وَآدَمُ مِنْ تُرَابٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اپنے آباؤ اجداد پر فخر کرنے سے باز رہیں جو مر چکے۔ بیشک وہ جہنم کے کوئلے ہیں یا اللہ تعالیٰ کے لیے بالکل آسان ہے کہ وہ گبریلے ہو جائیں جو نجاست کو اپنی ناک سے دھکیلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کا غرور اور آباؤ اجداد پر فخر کرنا دُور فرما دیا ہے اب خواہ کوئی مومن پرہیزگار ہو یا فاسق، بدبخت، سب حضرت آدم کی اولاد ہیں اور حضرت آدم مٹی سے بنائے گئے تھے۔

(ترمذی۔ ابوداؤد)

۴۶۸۱ [۸] وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِيْ وَفْدِ بَنِيْ عَامِرٍ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا أَنْتَ سَيِّدُنَا فَقَالَ السَّيِّدُ اللّٰهُ فَقُلْنَا وَأَفْضَلُنَا فَضْلًا وَأَعْظَمُنَا طَوْلًا

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں بنی عامر کے وفد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمارے سید (سردار) ہیں۔ فرمایا سید تو اللہ تعالیٰ ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ ہم میں بڑی بزرگی اور عطا

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ قُوْلُوْا قَوْلَكُمْ اَوْ بَعْضَ قَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

والے ہیں۔ فرمایا کہ اپنی بات کرو یا کوئی اور بات کرو مبادا شیطان تمہیں بے لگام کر دے۔ (ابوداؤد)

۴۶۸۲ (۹) وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَبُ الْمَالُ وَالْكَرَمُ التَّقْوٰى۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حسب مال ہے اور بزرگی تقویٰ ہے (ترمذی، ابن ماجہ)

۴۶۸۳ (۱۰) وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَعِضُّوْهُ بِهَنِ اَبِيْهِ وَلَا تَكْنُوْا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو جاہلیت کی نسبتوں کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے تو اُس کے باپ کی شرمگاہ اُس کے منہ میں دے دو اور کنایہ نہ کرو۔ (شرح السنۃ)

۴۶۸۴ (۱۱) وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عُقْبَةَ عَنْ اَبِيْ عُقْبَةَ وَكَانَ مَوْلًى مِّنْ اَهْلِ فَارِسَ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقُلْتُ خُذْهَا مِنِّيْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِيُّ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ فَقَالَ هَلَّا قُلْتَ خُذْهَا مِنِّيْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْاَنْصَارِيُّ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

عبدالرحمٰن بن ابو عقبہ نے حضرت ابو عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو اہلِ فارس کے موالی تھے کہ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ اُحد میں شریک ہوا تو میں نے مشرکین کے ایک آدمی پر ضرب لگائی اور کہا: یہ مجھ سے لے اور میں فارسی غلام ہوں۔ حضور میری جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا کیوں نہیں کہا: یہ مجھ سے لے اور میں انصاری غلام ہوں۔ (ابوداؤد)

۴۶۸۵ (۱۲) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَصَرَ قَوْمَهٗ عَلٰى غَيْرِ الْحَقِّ فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِيْ رُدِّيَ فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی قوم کی حق کے بغیر مدد کی تو وہ اونٹ کی طرح ہے جو گڑھے میں گر جائے اور دُم پکڑ کر کھینچا جائے۔ (ابوداؤد)

۴۶۸۶ (۱۳) وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْعَصَبِيَّةُ قَالَ اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! عصبیت کیا ہے؟ فرمایا: یہ کہ تم اپنی قوم کی ظلم پر مدد کرو۔ (ابوداؤد)

۴۶۸۷ (۱۴) وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيْرَتِهٖ مَا لَمْ يَاْثَمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے خاندان والوں کا دفاع کرے جب تک گنہگار نہ ہو۔ (ابوداؤد)

۴۶۸۸ (۱۵) وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰى

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ہم سے نہیں ہے جو عصبیت کی طرف بلائے

www.alahazratnetwork.org



عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِيَّةً وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلَى عَصَبِيَّةٍ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

اور وہ ہم سے نہیں ہے جو عصبیت کے باعث لڑے اور وہ ہم میں سے نہیں ہے جو عصبیت پر مرے۔

(ابوداؤد)

۴۶۸۹ / ۱۶ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کسی چیز سے محبت کرنا اندھا بہرا کر دیتا ہے۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۶۹۰ / ۱۷ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ كَثِيْرٍ الشَّامِيِّ مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِيْنَ عَنِ امْرَأَةٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهَا فُسَيْلَةُ أَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ أَبِي يَقُوْلُ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يُحِبَّ الرَّجُلُ قَوْمَهُ قَالَ لَا وَلٰكِنْ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يَنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهُ عَلَى الظُّلْمِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ)

عبادہ بن کثیر شامی جو اہلِ فلسطین سے تھے انھوں نے اپنے میں سے ایک عورت سے روایت کی جس کو فسیلہ کہا جاتا تھا کہ اس نے کہا کہ میں نے اپنے والد ماجد کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں پوچھتے ہوئے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! کیا یہ عصبیت ہے کہ آدمی اپنی قوم سے محبت رکھے؟ فرمایا: نہیں بلکہ عصبیت یہ ہے کہ آدمی اپنی قوم کی ظلم پر مدد کرے۔

(احمد، ابن ماجہ)

۴۶۹۱ / ۱۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْسَابُكُمْ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِمَسَبَّةٍ عَلَى أَحَدٍ كُلُّكُمْ بَنُوْ آدَمَ طَفُّ الصَّاعِ بِالصَّاعِ لَمْ تَمْلَئُوْهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ عَلَى أَحَدٍ فَضْلٌ إِلَّا بِدِيْنٍ وَتَقْوٰى كَفٰى بِالرَّجُلِ أَنْ يَكُوْنَ بَذِيًّا فَاحِشًا بَخِيْلًا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے یہ نسب کسی کو گالی دینے کے لیے نہیں ہیں۔ تم سب حضرت آدم کی اولاد ہو۔ صاع کو صاع میں ڈالا جائے نہیں بھرتا۔ تم میں سے ایک کو دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں مگر دین اور تقوی کے باعث۔ آدمی کی ذلت کے لیے زبان دراز، فحش گو اور بخیل ہونا کافی ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

# بَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ

# نیکی اور صلہ رحمی کا بیان

## پہلی فصل

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ مَنْ اَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِیْ قَالَ اُمُّکَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّکَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّکَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوْکَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ اُمُّکَ ثُمَّ اُمُّکَ ثُمَّ اُمُّکَ ثُمَّ اَبَاکَ ثُمَّ اَدْنَاکَ اَدْنَاکَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میرے حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ۔ عرض کی، پھر کون؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ۔ عرض کی، پھر کون؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ۔ عرض گزار ہوا کہ پھر کون؟ فرمایا کہ تمہارا والد۔ ایک اور روایت میں تین دفعہ فرمایا: تمہاری والدہ پھر تمہارا والد، پھر جو تم سے زیادہ قریب اور زیادہ قریب ہوں۔ (متفق علیہ)

٤٦٩٣ (٢) وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُہٗ رَغِمَ اَنْفُہٗ رَغِمَ اَنْفُہٗ قِیْلَ مَنْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَنْ اَدْرَکَ وَالِدَیْہِ عِنْدَ الْکِبَرِ اَحَدُھُمَا اَوْ کِلَاھُمَا ثُمَّ لَمْ یَدْخُلِ الْجَنَّۃَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس کی ناک خاک آلودہ ہو، اُس کی ناک خاک آلودہ ہو، اس کی ناک خاک آلود ہو۔ عرض کی گئی، یا رسول اللہ! کس کی؟ فرمایا کہ جو بڑھاپے کی حالت میں اپنے والدین کو پالے، دونوں میں سے ایک کو یا دونوں کو اور پھر بھی جنت میں داخل نہ ہو۔ (مسلم)

٤٦٩٤ (٣) وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَیَّ اُمِّیْ وَھِیَ مُشْرِکَۃٌ فِیْ عَھْدِ قُرَیْشٍ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اُمِّیْ قَدِمَتْ عَلَیَّ وَھِیَ رَاغِبَۃٌ اَفَاَصِلُھَا قَالَ نَعَمْ صِلِیْھَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ قریش سے معاہدے کے دنوں میں میری والدہ میرے پاس آئیں اور وہ مشرکہ تھیں۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میری والدہ میرے پاس آئی ہیں اور وہ ضرورت مند ہیں کیا میں اُن سے صلہ رحمی کروں؟ فرمایا: ہاں اُن سے صلہ رحمی کرو۔ (متفق علیہ)

٤٦٩٥ (٤) وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اٰلَ اَبِیْ فُلَانٍ لَیْسُوْا بِاَوْلِیَآئِیْ اِنَّمَا وَلِیِّیَ اللّٰہُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَلٰکِنْ لَھُمْ رَحِمٌ اَبُلُّھَا بِبِلَالِھَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آلِ ابو فلاں کا قبیلہ میرا دوست نہیں کیونکہ میرا دوست اللہ ہے اور نیک مسلمان ہیں، ہاں اُن کے ساتھ نسبی رشتہ ہے تو اُن کی تری کے ساتھ میں اُنھیں تر رکھوں گا۔ (متفق علیہ)

٤٦٩٦ (٥) وَعَنِ الْمُغِیْرَۃِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَیْکُمْ عُقُوْقَ الْاُمَّھَاتِ وَوَاْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعَ وَّھَاتِ وَکَرِہَ لَکُمْ قِیْلَ وَقَالَ وَکَثْرَۃَ السُّؤَالِ وَاِضَاعَۃَ الْمَالِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم پر حرام فرمایا ہے ماؤں کی نافرمانی کرنا اور لڑکیوں کو زندہ درگور کرنا۔ منع کیا ہے اپنا ہاتھ روکنے اور لینے کے لیے تیار رہنے سے اور تمہارے لیے ناپسند فرمایا ہے بیکار گفتگو کرنا، زیادہ مانگنا اور مال ضائع کرنا۔ (متفق علیہ)

٤٦٩٧ (٦) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْکَبَآئِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَیْہِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَھَلْ یَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَیْہِ قَالَ نَعَمْ یَسُبُّ اَبَا الرَّجُلِ فَیَسُبُّ اَبَاہُ وَیَسُبُّ اُمَّہٗ فَیَسُبُّ اُمَّہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہوں سے ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا کوئی آدمی اپنے ماں باپ کو بھی گالیاں دیتا ہے؟ فرمایا: ہاں آدمی دوسرے کے باپ کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کے باپ کو گالی دیتا ہے، یہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۶۹۸ ۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَۃَ الرَّجُلِ اَھْلَ وُدِّ اَبِیْہِ بَعْدَ اَنْ یُّوَلِّیَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت بڑی نیکیوں میں سے ایک یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کی عدم موجودگی میں بھی اُس کے دوستوں سے حسن سلوک کرے۔ (مسلم)

۴۶۹۹ ۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یُّبْسَطَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ وَیُنْسَأَ لَہٗ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چاہے کہ اُس کے رزق میں فراخی اور اُس کی عمر میں درازی ہو تو اُسے چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔ (متفق علیہ)

۴۷۰۰ ۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰہُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْہُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوَیِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَہْ قَالَتْ ھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ الْقَطِیْعَۃِ قَالَ اَلَا تَرْضَیْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَّصَلَکِ وَاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَکِ قَالَتْ بَلٰی یَا رَبِّ قَالَ فَذَاکِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا۔ جب اس سے فارغ ہُوا تو رحم کی رشتہ داری کھڑی ہوئی اور رحمٰن کا دامنِ کرم پکڑ لیا۔ فرمایا: کیا بات ہے؟ عرض گزار ہُوئی: یہ قطع رحمی سے تیری پناہ پکڑنے والے کا مقام ہے۔ فرمایا کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ میں اُسے جوڑوں جو تجھے جوڑے اور اُسے توڑوں جو تجھے توڑے۔ عرض گزار ہوئی: کیوں نہیں اے رب! فرمایا تو اسی طرح ہوگا۔ (متفق علیہ)

۴۷۰۱ ۱۰ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلرَّحِمُ شِجْنَۃٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ وَّصَلَکِ وَصَلْتُہٗ وَمَنْ قَطَعَکِ قَطَعْتُہٗ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لفظ رحم کا تعلق رحمٰن سے ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جو تجھے جوڑے میں اُسے جوڑتا ہوں اور جو تجھے توڑے میں اُسے توڑتا ہوں۔ (بخاری)

۴۷۰۲ ۱۱ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلرَّحِمُ مُعَلَّقَۃٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَّصَلَنِیْ وَصَلَہُ اللّٰہُ وَمَنْ قَطَعَنِیْ قَطَعَہُ اللّٰہُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رحم عرش کے ساتھ لٹکا ہُوا کہتا ہے کہ جو مجھے ملائے اُسے اللہ تعالیٰ ملائے اور جو مجھے توڑے اُسے اللہ تعالیٰ توڑے۔ (متفق علیہ)۔

۴۷۰۳ ۱۲ وَعَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں داخل نہیں ہوگا جو قطع رحمی کرے۔ (متفق علیہ)

۴۷۰۴ ۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَیْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُکَافِیِٔ وَلٰکِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِیْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُہٗ وَصَلَہَا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بدلہ چکانے والا صلہ رحمی کرنے والا نہیں۔ صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے کہ جب اُس سے رشتہ داری توڑی جائے تب بھی وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری)

۴۷۰۵ ۱۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ قَرَابَۃً اَصِلُھُمْ وَیَقْطَعُوْنِیْ وَاُحْسِنُ اِلَیْھِمْ وَیُسِیْئُوْنَ اِلَیَّ وَاَحْلُمُ عَنْھُمْ وَیَجْھَلُوْنَ عَلَیَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہُوا: یا رسول اللہ! میرے کچھ رشتہ دار ہیں کہ میں اُن سے جوڑتا ہوں لیکن وہ مجھ سے توڑتے ہیں۔ میں اُن کے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور وہ

www.alahazratnetwork.org



فَقَالَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ فَكَأَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ عَلٰى ذَالِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میرے ساتھ بُرائی کرتے ہیں۔ میں اُن کے ساتھ بُردباری سے پیش آتا ہُوں اور وہ میرے ساتھ جہالت سے۔ فرمایا اگر یہی بات ہے جو تم نے بیان کی تو تم اُن کا منہ بھر بل سے بھرتے ہو جب تک تم اسی طریقے پر کاربند رہو گے تو اللہ تعالیٰ برابر تمہاری مدد فرماتا رہے گا (مسلم)

## دوسری فصل

۴۷۰۶ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
15
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِى الْعُمْرِ اِلَّا الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهٗ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں لوٹاتی تقدیر کو مگر دعا اور نہیں بڑھاتی عمر کو مگر نیکی اور آدمی گناہ کے باعث روزی سے محروم کر دیا جاتا ہے جو اُس سے سرزد ہوتا ہے۔ (ابنِ ماجہ)۔

۴۷۰۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
16
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيْهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا حَارِثَةُ بْنُ النُّعْمَانِ كَذَالِكُمُ الْبِرُّ كَذَالِكُمُ الْبِرُّ وَكَانَ اَبَرَّ النَّاسِ بِاُمِّهٖ۔
(رَوَاهُ فِىْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِىُّ فِىْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِىْ رِوَايَةٍ قَالَ نِمْتُ فَرَاَيْتُنِىْ فِى الْجَنَّةِ بَدَلَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہُوا تو قرآنِ مجید پڑھنے کی آواز سُنی۔ میں نے کہا یہ کون ہے؟ کہا کہ حارثہ بن نعمان ہیں۔ آپ کے غلاموں کی نیکی، آپ کے غلاموں کی نیکی۔ اور وہ اپنی والدۂ ماجدہ کے ساتھ لوگوں سے زیادہ اچھا سلوک کرتے تھے۔ روایت کیا اسے شرح السنہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ایک روایت میں فرمایا: میں سویا تو اپنے آپ کو میں نے جنت میں دیکھا، یہ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ کی جگہ ہے۔

۴۷۰۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
17
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِضَى الرَّبِّ فِىْ رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِىْ سَخَطِ الْوَالِدِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رب کی رضا باپ کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے۔
(ترمذی)

۴۷۰۹ وَعَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ اَنَّ رَجُلًا اَتَاهُ فَقَالَ
18
اِنَّ لِى امْرَاَةً وَاِنَّ اُمِّىْ تَاْمُرُنِىْ بِطَلَاقِهَا فَقَالَ لَهٗ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَاِنْ شِئْتَ فَحَافِظْ عَلَى الْبَابِ اَوْ ضَيِّعْهُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اُن کے پاس آکر کہا: میری بیوی ہے اور میری والدہ مجھ سے فرماتی ہیں کہ اُسے طلاق دے دوں؟ حضرت ابو درداء نے اُن سے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے۔ چاہے دروازے کی حفاظت کرو یا ضائع کر دو۔ (ترمذی، ابنِ ماجہ)

۴۷۱۰ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ
19
قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَبَرُّ قَالَ اُمَّكَ

بہز بن حکیم، اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد کا بیان ہے کہ میں کس کے ساتھ نیکی کروں؟ فرمایا کہ اپنی ماں کے ساتھ۔ میں عرض گزار

www.alahazratnetwork.org



قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبَاكَ ثُمَّ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

ہُوا کہ پھر؟ فرمایا کہ اپنی ماں کے ساتھ۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر؟ فرمایا کہ اپنی ماں کے ساتھ۔ عرض گزار ہوا کہ پھر؟ فرمایا کہ اپنے باپ کے ساتھ، پھر جو زیادہ قریبی رشتہ دار ہو۔ (ترمذی، ابوداؤد)۔

۴۷۱۱ / ۲۰ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِيْ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهٗ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اللہ تعالٰی فرماتا ہے، اللہ میں ہوں، رحمٰن میں ہوں، رحم کو میں نے پیدا کیا اُسے اپنے نام سے مشتق کیا۔ جو اُسے جوڑے تو میں اُسے جوڑوں گا اور جو اُسے توڑے میں اُسے توڑوں گا۔ (ابوداؤد)۔

۴۷۱۲ / ۲۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ۔

(رَوَاہُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، اُس قوم پر رحمت نازل نہیں ہوتی جس میں قطع رحمی کرنے والا ہو۔ اِسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۷۱۳ / ۲۲ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ اَحْرٰى اَنْ يُّعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْبَغْيِ وَقَطِيْعَةِ الرَّحِمِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، کوئی گناہ اِس سے زیادہ لائق نہیں کہ اُس کے مرتکب کو اللہ تعالٰی بہت جلد دُنیا میں سزا دے اور آخرت کے عذاب کو اُس کے لیے ساتھ ہی ذخیرہ کر دے اور وہ امام سے بغاوت اور قطع رحمی ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)۔

۴۷۱۴ / ۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ وَّلَا عَاقٌّ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔

(رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، جنت میں داخل نہیں ہوگا، احسان جتانے والا، والدین کا نافرمان اور ہمیشہ شراب پینے والا۔ (نسائی۔ دارمی)

۴۷۱۵ / ۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ اَرْحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ مَثْرَاةٌ فِي الْمَالِ مَنْسَاَةٌ فِي الْاَثَرِ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، اپنے نسب سیکھو تاکہ اپنوں سے صلہ رحمی کر سکو۔ صلہ رحمی سے خاندان والوں میں محبت، مال میں کثرت اور عمر میں درازی ہوتی ہے۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۷۱۶ / ۲۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيْمًا فَهَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ قَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! مجھ سے ایک بہت بڑا گناہ سرزد ہو گیا ہے، کیا میری توبہ ہو سکتی ہے؟

www.alahazratnetwork.org



قَالَ لَا قَالَ وَهَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرمایا کیا تمہاری والدہ ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا کیا تمہاری خالہ ہے؟ عرض گزار ہوا ہاں۔ فرمایا کہ اُس کے ساتھ نیکی کرو۔ (ترمذی)۔

۴۷۱۷ / ۲۶ وَعَنْ أَبِي أُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ بَقِيَ مِنْ بِرِّ أَبَوَيَّ شَيْءٌ أَبَرُّهُمَا بِهِ بَعْدَ مَوْتِهِمَا قَالَ نَعَمْ الصَّلٰوةُ عَلَيْهِمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَإِنْفَاذُ عَهْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَصِلَةُ الرَّحِمِ الَّتِي لَا تُوصَلُ إِلَّا بِهِمَا وَإِكْرَامُ صَدِيقِهِمَا۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اُسید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں موجود تھے کہ بنی سلمہ کا ایک آدمی آکر عرض گزار ہوا۔ یارسول اللہ! کیا میرے والدین کی نیکیوں میں سے کوئی ایسی باقی ہے کہ اُن کی وفات کے بعد میں اُن کے ساتھ نیکی کرسکوں؟ فرمایا ہاں۔ اُن کے لیے دعا کرنا، اُن کی بخشش مانگنا، اُن کے بعد اُن کے وعدے پورا کرنا، اُن رشتوں کو جوڑنا جو اُن کی وجہ سے جڑتے ہیں اور اُن کے دوستوں کی عزت افزائی کرنا۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۷۱۸ / ۲۷ وَعَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لَحْمًا بِالْجِعْرَانَةِ إِذْ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ حَتَّى دَنَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطَ لَهَا رِدَاءَهُ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ مَنْ هِيَ فَقَالُوا هِيَ أُمُّهُ الَّتِي أَرْضَعَتْهُ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جعرانہ کے مقام پر گوشت تقسیم فرماتے دیکھا جبکہ ایک عورت آئی اور نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بالکل قریب آ گئی تو اُس کے لیے آپ نے اپنی چادر مبارک بچھا دی۔ وہ اُس پر بیٹھ گئی۔ میں نے کہا کہ یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ حضور کی والدہ ہے جس نے آپ کو دودھ پلایا تھا۔ (ابوداؤد)۔

## تیسری فصل

۴۷۱۹ / ۲۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ يَتَمَاشَوْنَ أَخَذَهُمُ الْمَطَرُ فَمَالُوا إِلَى غَارٍ فِي الْجَبَلِ فَانْحَطَّتْ عَلَى فَمِ غَارِهِمْ صَخْرَةٌ مِنَ الْجَبَلِ فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ انْظُرُوا أَعْمَالًا عَمِلْتُمُوهَا لِلّٰهِ صَالِحَةً فَادْعُوا اللّٰهَ بِهَا لَعَلَّهُ يُفَرِّجُهَا فَقَالَ أَحَدُهُمْ اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَ لِي وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ وَلِي صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ أَرْعَى عَلَيْهِمْ فَإِذَا رُحْتُ عَلَيْهِمْ فَحَلَبْتُ بَدَأْتُ بِوَالِدَيَّ أَسْقِيهِمَا قَبْلَ وَلَدِي وَإِنَّهُ قَدْ نَأَى بِيَ الشَّجَرُ فَمَا أَتَيْتُ حَتّٰى

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی جا رہے تھے کہ انھیں بارش نے آ لیا تو وہ پہاڑ کی ایک غار میں چلے گئے۔ پہاڑ سے لڑھک کر ایک بڑا سا پتھر اُس غار کے منہ پر آ گیا اور اُن کا راستہ بند کر دیا۔ اُن میں سے ایک نے دوسروں سے کہا کہ اپنے ایسے اعمال کو یاد کرو جو نیک نیتی سے خدا کے لیے کیے ہوں اور اُن کے ذریعے خدا سے دعا کرو، شاید وہ اسے ہٹا دے۔ اُن میں سے ایک نے کہا: اے اللہ! میرے والدین بہت بوڑھے تھے اور میرے چھوٹے چھوٹے بچے تھے میں بکریاں چرایا کرتا تھا جب شام کو اُن کے پاس آتا اُن کا دودھ نکالتا اور بچوں سے پہلے اپنے والدین کو پلاتا تھا۔ ایک درخت نے ایک روز مجھے دور کر دیا اور میں شام کو لوٹا تو وہ دونوں سو چکے تھے

www.alahazratnetwork.org



أَحْلُبُ فَجِئْتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُءُوسِهِمَا أَكْرَهُ
أَنْ أُوقِظَهُمَا وَأَكْرَهُ أَنْ أَبْدَأَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا وَ
الصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَيَّ فَلَمْ يَزَلْ ذَالِكَ
دَأْبِيْ وَدَأْبُهُمْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ
أَنِّيْ فَعَلْتُ ذَالِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً
نَرٰى مِنْهَا السَّمَاءَ فَفَرَجَ اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى يَرَوْنَ
السَّمَاءَ قَالَ الثَّانِيْ اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ كَانَتْ لِيْ بِنْتُ عَمٍّ
أُحِبُّهَا كَأَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ فَطَلَبْتُ إِلَيْهَا
نَفْسَهَا فَأَبَتْ حَتّٰى آتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ فَسَعَيْتُ حَتّٰى
جَمَعْتُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَلَقِيْتُهَا بِهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ
رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ
فَقُمْتُ عَنْهَا اَللّٰهُمَّ فَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذَالِكَ
ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فَفَرَجَ لَهُمْ فُرْجَةً
وَقَالَ الْآخَرُ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ كُنْتُ اسْتَأْجَرْتُ أَجِيْرًا
بِفَرَقِ أَرُزٍّ فَلَمَّا قَضٰى عَمَلَهُ قَالَ أَعْطِنِيْ حَقِّيْ
فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ فَتَرَكَهُ وَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ
أَزَلْ أَزْرَعُهُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِيَهَا
فَجَاءَنِيْ فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَظْلِمْنِيْ وَأَعْطِنِيْ حَقِّيْ
فَقُلْتُ اذْهَبْ إِلٰى ذَالِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيْهَا فَقَالَ اتَّقِ
اللّٰهَ وَلَا تَهْزَأْ بِيْ فَقُلْتُ إِنِّيْ لَا أَهْزَأُ بِكَ فَخُذْ ذَالِكَ
الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا فَأَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهَا فَإِنْ
كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ فَعَلْتُ ذَالِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ
مَا بَقِيَ فَفَرَجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کھڑا ہوگیا۔ انھیں جگانا پسند نہ کیا اور اُن سے پہلے بچوں کو پلانا بھی مجھے پسند نہ آیا جبکہ بچے میرے قدموں میں چلاتے رہے۔ میری اور اُن کی صبح تک یہی حالت رہی۔ اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میں نے محض تیری رضا کے لیے کیا تو ہمیں اتنا راستہ عطا فرما کہ ہم آسمان کو دیکھ لیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے اتنا راستہ کھول دیا کہ انھوں نے آسمان دیکھ لیا۔ دوسرے نے کہا:۔ اے اللہ! میرے چچا کی بیٹی تھی جس سے میں محبت کرتا، اس سے بھی زیادہ جتنی مرد عورتوں سے کرتے ہیں۔ میں نے اُس سے اپنی خواہش کا اظہار کیا تو اُس نے انکار کردیا یہاں تک کہ میں اُسے سو دینار دوں۔ میں نے کوشش کرکے سو دینار جمع کیے اور اُس سے ملا۔ جب میں اُس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان بیٹھا تو اُس نے کہا:۔ اے اللہ کے بندے! اللہ سے ڈر اور مُہر کو نہ کھول۔ میں اُسے چھوڑ کر کھڑا ہوگیا۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ ایسا میں نے تیری رضا کے لیے کیا تو ہمارا راستہ کھول دے۔ پس کچھ راستہ اور کھل گیا۔ تیسرے نے کہا کہ اے اللہ! میں نے ایک فرق چاولوں کے بدلے ایک آدمی کو مزدوری پہ لگایا۔ کام پورا کرنے پر اُس نے کہا کہ میرا حق دو۔ میں نے اُس کا حق سامنے رکھا تو وہ چھوڑ کر چلا گیا۔ میں برابر اُس سے زراعت کرتا رہا یہاں تک کہ اُس سے گائیں اور چرواہے جمع ہوگئے۔ وہ میرے پاس آیا اور کہا کہ اللہ سے ڈرو، مجھ پر ظلم نہ کرو اور میرا حق دو۔ میں نے کہا کہ ان گایوں اور چرواہوں کی طرف جاؤ۔ اُس نے کہا کہ اللہ سے ڈرو اور مجھ سے مذاق نہ کرو۔ میں نے کہا:۔ میں تمہارے ساتھ مذاق نہیں کرتا، یہ گائیں اور چرواہے لے لو۔ چنانچہ وہ انھیں لے کر چلا گیا۔ اگر تو جانتا ہے کہ میں نے ایسا صرف تیری رضا کے لیے کیا تھا تو باقی راستہ بھی کھول دے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کا راستہ کھول دیا۔

(متفق علیہ)۔

۴۷۲۰/۱۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ أَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ
إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
أَرَدْتُ أَنْ أَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ أَسْتَشِيْرُكَ فَقَالَ
هَلْ لَكَ مِنْ أُمٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَإِنَّ
الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت معاویہ بن جاہمہ سے روایت ہے کہ حضرت جاہمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ! میرا جہاد کرنے کا ارادہ ہے اور میں آپ سے مشورہ کرنے آیا ہوں۔ فرمایا:۔ کیا تمہاری والدہ ہے۔ عرض گزار ہوئے، ہاں۔ فرمایا تو اُن کی خدمت کو اپنے اوپر لازم کرلو کیونکہ جنت اُن کے پیروں کے پاس

وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

ہے۔ روایت کیا اسے احمد، نسائی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۷۲۱ ۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِي امْرَأَةٌ أُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُهَا فَقَالَ لِي طَلِّقْهَا فَأَبَيْتُ فَأَتَى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میرے نکاح میں ایک عورت تھی جس سے میں محبت کرتا اور حضرت عمر اُسے ناپسند کرتے تھے۔ انھوں نے مجھ سے فرمایا کہ اسے طلاق دے دو تو میں نے انکار کیا۔ پس حضرت عمر نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے اس بات کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اُسے طلاق دے دو۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۴۷۲۲ ۳۱ وَعَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰى وَلَدِهِمَا قَالَ هُمَا جَنَّتُكَ وَنَارُكَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! والدین کا اپنی اولاد پر کیا حق ہے؟ فرمایا کہ وہی تمہاری جنت و دوزخ ہیں۔ (ابن ماجہ)

۴۷۲۳ ۳۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ لَيَمُوْتُ وَالِدَاهُ أَوْ أَحَدُهُمَا وَإِنَّهٗ لَهُمَا لَعَاقٌّ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْ لَهُمَا وَيَسْتَغْفِرُ لَهُمَا حَتّٰى يَكْتُبَهُ اللّٰهُ بَارًّا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک بندے کے والدین فوت ہو جاتے ہیں یا اُن میں سے ایک اور وہ اُن کا نافرمان لیکن ہمیشہ اُن دونوں کے لیے دعا اور استغفار کرتا رہے تو آخرکار اللہ تعالیٰ اُسے نیک لوگوں میں لکھ لیتا ہے۔ (بیہقی)۔

۴۷۲۴ ۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصْبَحَ مُطِيْعًا لِلّٰهِ فِي وَالِدَيْهِ أَصْبَحَ لَهٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ الْجَنَّةِ وَإِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ أَمْسٰى عَاصِيًا لِلّٰهِ فِي وَالِدَيْهِ أَصْبَحَ لَهٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ النَّارِ إِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ وَإِنْ ظَلَمَاهُ قَالَ وَإِنْ ظَلَمَاهُ وَإِنْ ظَلَمَاهُ وَإِنْ ظَلَمَاهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو صبح کرے کہ اللہ اور اپنے والدین کا فرماں بردار ہو تو صبح ہوتے ہی اُس کے لیے جنت کے دو دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ اور اگر ایک ہو تو ایک دروازہ۔ اور اگر کوئی اللہ اور اپنے والدین کی نافرمانی میں صبح کرے تو صبح ہوتے ہی جہنم کے دو دروازے کھول دیے جاتے ہیں، اگر ایک ہو تو ایک دروازہ۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ اگرچہ وہ دونوں ظلم کریں؟ فرمایا اگرچہ وہ ظلم کریں، اگرچہ وہ ظلم کریں، اگرچہ وہ ظلم کریں۔ (بیہقی)۔

۴۷۲۵ ۳۴ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ إِلٰى وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَبْرُوْرَةً قَالُوْا وَإِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ نَعَمْ اَللّٰهُ أَكْبَرُ وَأَطْيَبُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بیٹا ایسا نہیں جو اپنے والدین کی طرف نگاہِ رحمت سے دیکھے مگر ہر نظر کے بدلے اللہ تعالیٰ اُس کے لیے حجِ مبرور لکھ دیتا ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ خواہ روزانہ سو دفعہ دیکھے؟ فرمایا: ہاں، اللہ بہت بڑا اور بہت پاک ہے۔ (بیہقی)۔

۴۷۲۶ ۳۵ وَعَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوْبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ صلے تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتا

www.alahazratnetwork.org



مِنْهَا مَاشَاءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ فَاِنَّهٗ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهٖ فِي الْحَيَاةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

۔ ہے جس گناہ میں سے چاہے ماسوائے والدین کی نافرمانی کے کہ ایسا کرنے والے کو مرنے سے پہلے زندگی میں جلد ہی سزا دے دی جاتی ہے۔

(بیہقی)

۴۷۲۷ / ۳۶ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقُّ كَبِيْرِ الْاِخْوَةِ عَلٰى صَغِيْرِهِمْ حَقُّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ۔ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْخَمْسَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑے بھائی کا اپنے چھوٹے بھائیوں پر ایسا حق ہے جیسا باپ کا اپنے بیٹوں پر حق ہے۔ ان پانچوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ

## مخلوق پر شفقت اور مہربانی رکھنا

### پہلی فصل

۴۷۲۸ / ۱ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس پر رحم نہیں فرمائے گا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔ (متفق علیہ)

۴۷۲۹ / ۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ اَمْلِكُ لَكَ اَنْ نَّزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: کیا آپ بچوں کو بوسہ دیتے ہیں جبکہ ہم تو بوسہ نہیں دیتے۔ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے کیا اختیار میں ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے دل سے شفقت نکال دی ہے۔ (متفق علیہ)

۴۷۳۰ / ۳ وَعَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْنِي امْرَاَةٌ وَّمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْاَلُنِيْ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِيْ غَيْرَ تَمْرَةٍ وَّاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهٗ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهٗ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ میرے پاس ایک عورت مانگنے آئی جس کے ساتھ اُس کی بیٹیاں تھیں۔ مجھے ایک کھجور کے سوا کچھ نہ ملا تو میں نے وہی اُسے دے دی۔ اُس نے وہ دونوں بیٹیوں کو تقسیم کر کے دے دی۔ اور خود اُس میں سے نہ کھایا۔ پھر وہ کھڑی ہوئی اور چلی گئی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور میں نے آپ کو بتایا تو فرمایا۔ جو ان لڑکیوں کے ذریعے آزمایا گیا اور وہ اُن کے ساتھ نیکی کرے تو وہ اُس کے لیے جہنم سے آڑ ہوں گی۔ (متفق علیہ)

۴۷۳۱ / ۴ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَا وَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دو بیٹیوں کی پرورش کرے یہاں تک کہ وہ بلوغ کو پہنچ جائیں تو قیامت کے روز حاضر ہو گا کہ میں اور وہ اس طرح ہوں گے اور اپنی دو انگلیوں کو ملایا۔ (مسلم)

٤٧٣٢ (٥) وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّاعِیْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالسَّاعِیْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیواؤں اور مسکینوں کی خبر گیری کرنے والا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے۔ اور میرے خیال میں آپ نے فرمایا: اُس قیام کرنے والے کی طرح جو نہ تھکے اور اُس روزہ دار کی طرح جو روزہ نہ چھوڑے۔ (متفق علیہ)

٤٧٣٣ (٦) وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ لَهٗ وَلِغَيْرِهٖ فِی الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا خواہ یتیم اپنا ہو یا غیر، جنت میں اس طرح ہوں گے اور اپنی شہادت والی اور درمیانی انگشت مبارک سے اشارہ فرمایا اور اُن کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھا۔ (بخاری)

٤٧٣٤ (٧) وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِیْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلمانوں کو آپس میں مہربانی، محبت اور شفقت کرتے ہوئے یوں دیکھو گے جیسے ایک جسم۔ جب ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کے اعضاء بے خوابی اور بخار کی طرف ایک دوسرے کو بلاتے ہیں (متفق علیہ)

٤٧٣٥ (٨) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ كَرَجُلٍ وَّاحِدٍ اِنِ اشْتَكٰى عَيْنُهٗ اشْتَكٰى كُلُّهٗ وَاِنِ اشْتَكٰى رَاْسُهٗ اشْتَكٰى كُلُّهٗ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان والے ایک جسم کی طرح ہیں۔ اگر آنکھ کو تکلیف ہو جائے تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے اور اگر سر کو تکلیف ہو جائے تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے۔ (مسلم)

٤٧٣٦ (٩) وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے دیوار کی طرح ہے جس کا بعض حصہ دوسرے بعض حصے کو مضبوط کرتا ہے پھر انگشت مبارک آپس میں پیوست کیں۔ (متفق علیہ)

٤٧٣٧ (١٠) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اَتَاهُ السَّائِلُ اَوْ صَاحِبُ الْحَاجَةِ قَالَ اشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا وَيَقْضِی اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ مَا شَاءَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن ہی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جب کوئی سائل یا حاجت مند آتا تو فرماتے: تم سفارش کرو تاکہ تمہیں ثواب ملے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی زبان سے جو چاہے فیصلہ کروا دیتا ہے۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۷۳۸/۱۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَنْصُرُہٗ مَظْلُوْمًا فَکَیْفَ اَنْصُرُہٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُہٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذٰلِکَ نَصْرُکَ اِیَّاہُ

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ ظالم ہو یا مظلوم۔ ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! مظلوم کی مدد تو کروں لیکن ظالم کی کیسے مدد کروں؟ فرمایا کہ اُسے ظلم سے روک دو، یہی تمہارا اُس کی مدد کرنا ہے۔

(متفق علیہ)

۴۷۳۹/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ وَلَا یُسْلِمُہٗ وَمَنْ کَانَ فِیْ حَاجَۃِ اَخِیْہِ کَانَ اللّٰہُ فِیْ حَاجَتِہٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ کُرْبَۃً فَرَّجَ اللّٰہُ عَنْہُ کُرْبَۃً مِّنْ کُرُبَاتِ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ اُس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اُسے بے یار و مددگار چھوڑتا ہے اور جو اپنے بھائی کی حاجت پوری کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت پوری فرماتا ہے اور جو کسی مسلمان کی تکلیف دور کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیفوں میں سے اس کی ایک تکلیف دور فرمائے گا اور جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ (متفق علیہ)

۴۷۴۰/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ وَلَا یَخْذُلُہٗ وَلَا یَحْقِرُہٗ اَلتَّقْوٰی ھٰھُنَا وَیُشِیْرُ اِلٰی صَدْرِہٖ ثَلٰثَ مِرَارٍ بِحَسْبِ امْرِءٍ مِّنَ الشَّرِّ اَنْ یَّحْقِرَ اَخَاہُ الْمُسْلِمَ کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُہٗ وَمَالُہٗ وَعِرْضُہٗ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اُس پر ظلم کرے، نہ ذلیل کرے، نہ تحقیر کرے۔ تقویٰ یہاں ہے اور تین دفعہ اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ فرمایا۔ آدمی کو برائی سے یہی کافی ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔ ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان پر خون، مال اور آبرو حرام ہے۔

(مسلم)

۴۷۴۱/۱۴ وَعَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَھْلُ الْجَنَّۃِ ثَلٰثَۃٌ ذُوْ سُلْطَانٍ مُّقْسِطٌ مُّتَصَدِّقٌ مُّوَفَّقٌ وَّرَجُلٌ رَحِیْمٌ رَّقِیْقُ الْقَلْبِ لِکُلِّ ذِیْ قُرْبٰی وَمُسْلِمٍ وَّعَفِیْفٌ مُّتَعَفِّفٌ ذُوْ عِیَالٍ وَّاَھْلُ النَّارِ خَمْسَۃٌ اَلضَّعِیْفُ الَّذِیْ لَا زَبْرَ لَہٗ اَلَّذِیْنَ ھُمْ فِیْکُمْ تَبَعٌ لَّا یَبْغُوْنَ اَھْلًا وَّلَا مَالًا وَّالْخَائِنُ الَّذِیْ لَا یَخْفٰی لَہٗ طَمَعٌ وَّاِنْ دَقَّ اِلَّا خَانَہٗ وَرَجُلٌ لَّا یُصْبِحُ وَلَا یُمْسِیْ اِلَّا وَھُوَ یُخَادِعُکَ عَنْ اَھْلِکَ وَمَالِکَ وَذَکَرَ الْبُخْلَ وَالْکَذِبَ وَالشِّنْظِیْرُ الْفَحَّاشُ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتی تین ہیں۔ ایک حاکم جو انصاف کرنے والا، خیرات کرنے والا اور نیکی کی توفیق والا ہو۔ دوسرا رحم دل آدمی جو ہر رشتہ دار اور ہر مسلمان کے لیے نرم دل ہو۔ تیسرا پاک دامن جو عیال دار ہو کر سوال کرنے سے بچے۔ جہنمی پانچ ہیں۔ ایک وہ کمزور جس کا کوئی مقصدِ حیات نہیں۔ تمہارے درمیان رہیں تو تابع ہو کر رہیں۔ نہ بیوی بچوں کی تمنا اور نہ مال کی۔ دوسرا وہ خائن کہ کوئی طمع اُس سے پوشیدہ نہ ہو۔ معمولی چیزوں میں بھی خیانت کرتا ہے۔ تیسرا وہ آدمی جو ہر صبح و شام کو تمہیں تمہارے بال بچوں اور مال میں دھوکا دے نیز بخل، جھوٹ اور بدخلق فحش گو کا ذکر بھی کیا۔

(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



۴۷۴۲ / ۱۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے کوئی بندہ مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہی چاہے جو اپنے لیے چاہتا ہے۔ (متفق علیہ)۔

۴۷۴۳ / ۱۶ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ وَاللّٰہِ لَا یُؤْمِنُ قِیْلَ مَنْ یَّا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الَّذِیْ لَا یَاْمَنُ جَارُہٗ بَوَائِقَہٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا کی قسم مومن نہیں ہوتا، خدا کی قسم مومن نہیں ہوتا، خدا کی قسم مومن نہیں ہوتا۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ! کون؟ فرمایا کہ جس کی شرارتوں سے اُس کا ہمسایہ امن میں نہ ہو۔
(متفق علیہ)

۴۷۴۴ / ۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ لَّا یَاْمَنُ جَارُہٗ بَوَائِقَہٗ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کی شرارتوں سے اُس کا ہمسایہ بے خوف نہیں ہوتا۔ (مسلم)۔

۴۷۴۵ / ۱۸ وَعَنْ عَائِشَۃَ وَابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا زَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِیْ بِالْجَارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّہٗ سَیُوَرِّثُہٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ جبریل مجھے ہمسائے کے متعلق وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ میں نے خیال کیا کہ عنقریب وہ اُسے وارث بنا دیں گے۔ (متفق علیہ)

۴۷۴۶ / ۱۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کُنْتُمْ ثَلٰثَۃً فَلَا یَتَنَاجٰی اثْنَانِ دُوْنَ الْاٰخَرِ حَتّٰی تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ مِنْ اَجْلِ اَنْ یُّحْزِنَہٗ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم تین ہو تو تیسرے کو چھوڑ کر دو سرگوشی نہ کریں جب تک کہ اور لوگوں میں مل جائیں کیونکہ یہ بات اُس کے لیے افسوسناک ہوگی (متفق علیہ)۔

۴۷۴۷ / ۲۰ وَعَنْ تَمِیْمِ الدَّارِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ ثَلٰثًا قُلْنَا لِمَنْ قَالَ لِلّٰہِ وَلِکِتَابِہٖ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِاَئِمَّۃِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِہِمْ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: دین خیر خواہی ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ کس کے لیے؟ فرمایا کہ اللہ کے لیے، اُس کی کتاب کے لیے، اُس کے رسول کے لیے اور ائمہ مسلمین و عوام کے لیے۔ (مسلم)۔

۴۷۴۸ / ۲۱ وَعَنْ جَرِیْرٍ قَالَ بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی اِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَالنُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نماز پڑھنے، زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر بیعت کی۔

(متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



## دوسری فصل

۴۷۴۹/۲۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان کرتے ہیں نے ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا جو سچے اور تصدیق کیے گئے تھے کہ رحمت نہیں نکالی جاتی مگر بدبخت آدمی سے۔ (احمد، ترمذی)

۴۷۵۰/۲۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم فرماتا ہے لہٰذا تم زمین والوں پر رحم کرو کہ آسمان والا تم پر رحم فرمائے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

۴۷۵۱/۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَيَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کی عزت نہ کرے اور نیک باتوں کا حکم نہ دے اور بُری باتوں سے نہ روکے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۷۵۲/۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا مِّنْ اَجْلِ سِنِّهٖ اِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ سِنِّهٖ مَنْ يُّكْرِمُهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نوجوان کسی بوڑھے کی اُس کی عمر کے باعث عزت کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے ایسا شخص مقرر فرما دیتا ہے جو بڑھاپے میں اُس کی عزت کرے۔ (ترمذی)

۴۷۵۳/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰهِ اِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْاٰنِ غَيْرِ الْغَالِيْ فِيْهِ وَلَا الْجَافِيْ عَنْهُ وَاِكْرَامَ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی تعظیم و توقیر کا حصہ ہے کہ بوڑھے مسلمان اور قرآن جاننے والے کی عزت کی جائے جبکہ وہ اُس میں زیادتی نہ کرے اور نہ اُس سے دُور رہے نیز انصاف کرنے والے حکمران کی۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۷۵۴/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِيْنَ بَيْتٌ فِيْهِ يَتِيْمٌ يُحْسَنُ اِلَيْهِ وَشَرُّ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِيْنَ بَيْتٌ فِيْهِ يَتِيْمٌ يُسَآءُ اِلَيْهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کا بہترین گھر وہ ہے جس گھر میں یتیم ہو اور اُس کے ساتھ نیکی کی جاتی ہو اور مسلمانوں کا بُرا گھر وہ ہے جس گھر میں یتیم ہو اور اُس کے ساتھ بُرا سلوک کیا جاتا ہو

www.alahazratnetwork.org



۴۷۵۵ / ۲۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَأْسَ یَتِیْمٍ لَمْ یَمْسَحْهُ اِلَّا لِلّٰهِ کَانَ لَهٗ بِکُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَیْهَا یَدُهٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ اِلٰی یَتِیْمَةٍ اَوْ یَتِیْمٍ عِنْدَهٗ کُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِی الْجَنَّةِ کَهَاتَیْنِ وَقَرَنَ بَیْنَ اِصْبَعَیْهِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرے تو اللہ تعالیٰ ہر اُس بال کے بدلے جس پر اُس کا ہاتھ پھرے نیکیاں لکھ دیتا ہے اور جو کسی یتیم لڑکی یا یتیم لڑکے کے ساتھ اچھا سلوک کرے جو اُس کے پاس ہو تو میں اور وہ جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ نے اپنی دو انگلیاں ملائیں۔ اسے احمد اور ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۷۵۶ / ۲۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰی یَتِیْمًا اِلٰی طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ یَّعْمَلَ ذَنْبًا لَا یُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَهُنَّ وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰی یُغْنِیَهُنَّ اللّٰهُ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ اثْنَتَیْنِ قَالَ اَوِ اثْنَتَیْنِ حَتّٰی لَوْ قَالُوْا اَوْ وَاحِدَةً لَقَالَ وَاحِدَةً وَمَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ بِکَرِیْمَتَیْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا کَرِیْمَتَاهُ قَالَ عَیْنَاهُ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے کھانے اور پینے میں یتیم کو شامل کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے جنت واجب فرما دیتا ہے مگر جبکہ ایسا گناہ کرے جو بخشا نہ جائے اور جو تین بیٹیوں یا تین بہنوں کی پرورش کرے انھیں ادب سکھائے اور اُن پر شفقت رکھے یہاں تک کہ انھیں ضرورت نہ رہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے جنت واجب فرما دیتا ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اگر دو ہوں؟ فرمایا: اگرچہ دو ہوں۔ یہاں تک کہ لوگ عرض گزار ہوتے، اگر ایک ہو؟ فرمایا اگرچہ ایک ہو۔ اللہ تعالیٰ جس کی دو پیاری چیزیں چھین لے اُس کے لیے جنت واجب ہوگی۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! دو پیاری چیزیں کیا ہیں؟ فرمایا کہ دو آنکھیں (شرح السنۃ)۔

۴۷۵۷ / ۳۰ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ یُّؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهٗ خَیْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ یَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَنَاصِحٌ الرَّاوِیْ لَیْسَ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ بِالْقَوِیِّ)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا اپنے بیٹے کو ادب سکھانا ایک صاع خیرات کرنے سے بہتر ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور ناصح نامی راوی محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔

۴۷۵۸ / ۳۱ وَعَنْ اَیُّوْبَ بْنِ مُوْسٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نُّحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ هٰذَا عِنْدِیْ حَدِیْثٌ مُّرْسَلٌ)

ایوب بن موسیٰ اُن کے والدِ ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی باپ نے اپنے بیٹے کو اچھا ادب سکھانے سے بڑھ کر کوئی عطیہ نہیں دیا۔ روایت کیا اسے ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ترمذی نے کہا کہ میرے نزدیک یہ حدیث مرسل ہے۔

۴۷۵۹ / ۳۲ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّیْنِ کَهَاتَیْنِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَوْمَأَ

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور کالے رخسار والی عورت قیامت میں ایسے ہوں گے اور یزید بن زریع نے درمیانی

www.alahazratnetwork.org



يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ إِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ امْرَأَةٌ آمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا أَوْ مَاتُوْا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

اور شہادت والی انگلی سے اشارہ کیا یعنی وہ جاہ و جمال والی عورت جس کا خاوند فوت ہو گیا اور اُس نے اپنے نفس کو یتیم بچوں کی وجہ سے روک کے رکھا یہاں تک کہ وہ جدا ہو گئے یا مر گئے۔

(ابوداؤد)

۴۷۶۰ ۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ أُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهٗ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی بیٹی ہو اور وہ اُسے زندہ درگور نہ کرے اور نہ اُسے ذلیل کرے اور نہ اپنے بیٹے کو اُس پر ترجیح دے تو اللہ تعالیٰ اُسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

(ابوداؤد)

۴۷۶۱ ۳۴ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهٗ أَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ فَنَصَرَهٗ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَإِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ أَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس اُس کے مسلمان بھائی کی غیبت کی جائے اور وہ اُس کی مدد کرنے پر قادر ہے لہٰذا مدد کرے تو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اُس کی مدد فرمائے گا اگر وہ اُس کی مدد پر قادر ہوتے ہوئے اُس کی مدد نہ کرے تو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اُس کا مواخذہ کرے گا۔ (شرح السنہ)

۴۷۶۲ ۳۵ وَعَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ أَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پس غیبت اپنے بھائی کا گوشت کھائے جانے سے مدافعت کرے تو اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر ہے کہ اُسے جہنم سے آزاد کر دے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

۴۷۶۳ ۳۶ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَّرُدُّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَّرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو مسلمان اپنے بھائی کی عزت کی حفاظت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ذمۂ کرم پر ہے کہ قیامت کے روز اُس سے جہنم کی آگ کو دُور رکھے۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: اور ایمان والوں کی مدد کرنا ہمارے ذمۂ کرم پر ہے۔

(۳۰: ۴۷، شرح السنہ)

۴۷۶۴ ۳۷ وَعَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنِ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ يَّخْذُلُ امْرَأً مُّسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُّنْتَهَكُ فِيْهِ حُرْمَتُهٗ وَيُنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ إِلَّا خَذَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُّحِبُّ فِيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان آدمی کسی مسلمان کی ایسی جگہ مدد کرنا چھوڑ دے جہاں اُس کی حرمت پامال کی جا رہی ہو اور اُس کی آبروریزی ہو رہی ہو تو اللہ تعالیٰ اُسے ایسی جگہ پر ذلیل کرے گا جہاں اُسے تائیدِ ایزدی

www.alahazratnetwork.org



نُصْرَتَهٗ وَمَا مِنِ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُّنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ وَيُنْتَهَكُ فِيْهِ مِنْ حُرْمَتِهٖ اِلَّا نَصَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُّحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۴۷۶۵/۳۸ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ اَحْيٰى مَوْءُدَةً۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ)

۴۷۶۶/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ مِرْاٰةُ اَخِيْهِ فَاِنْ رَاٰى بِهٖ اَذًى فَلْيُمِطْ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهٗ وَلِاَبِيْ دَاوٗدَ اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ يَكُفُّ عَنْهُ ضَيْعَتَهٗ وَيَحُوْطُهٗ مِنْ وَّرَآئِهٖ)

۴۷۶۷/۴۰ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا مِّنْ مُّنَافِقٍ بَعَثَ اللّٰهُ مَلَكًا يَّحْمِيْ لَحْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ نَّارِ جَهَنَّمَ وَمَنْ رَمٰى مُسْلِمًا بِشَيْءٍ يُّرِيْدُ بِهٖ شَيْنَهٗ حَبَسَهُ اللّٰهُ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

۴۷۶۸/۴۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

۴۷۶۹/۴۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِّلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِيْ اَنْ اَعْلَمَ اِذَا اَحْسَنْتُ اَوْ اِذَا اَسَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتَ جِيْرَانَكَ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَحْسَنْتَ

کی ضرورت ہوگی اور جو مسلمان آدمی کسی مسلمان کی ایسی جگہ پر مدد کرے جہاں اُس کی آبروریزی کی جارہی ہو اور اُس کی حرمت کو پامال کیا جارہا ہو تو اللہ تعالیٰ اُس کی ایسی جگہ پر مدد فرمائے گا جہاں وہ تائید ایزدی کی ضرورت محسوس کرے گا۔ (ابوداؤد)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کا پوشیدہ عیب دیکھ کر چھپا یا یہ ایسا ہے گویا اُس نے زندہ درگور لڑکی کو زندہ کیا۔ روایت کیا اسے احمد اور ترمذی نے اور صحیح کہا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کے لیے آئینہ ہے۔ اگر اُس میں کوئی بُرائی دیکھے تو اُسے دُور کر دے۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور ضعیف کہا۔ اِس کی اور ابوداؤد کی روایت میں ہے۔ ایک مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے اور ایک مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے جو ہلاکت کو اُس سے دفع کرتا اور پس پشت اُس کی حفاظت کرتا ہے۔

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی مسلمان کو منافق سے بچائے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا جو قیامت کے روز اُسے جہنم کی آگ سے بچائے گا اور جو کسی مسلمان کی بے عزتی کرنا چاہے تو اللہ تعالیٰ اُسے جہنم کے پل پر روک دے گا یہاں تک کہ اپنے کہے سے نکلے۔

(ابوداؤد)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک اچھے دوست وہ ہیں جو اپنے دوستوں کے لیے اچھے ہیں اور اچھے ہمسائے اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہیں جو اپنے ہمسایوں کے لیے اچھے ہیں۔ اسے ترمذی اور دارمی نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! مجھے کیسے علم ہو کہ میں نے بھلائی کی ہے یا بُرائی کی ہے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم اپنے ہمسائے کو کہتے ہوئے سنو کہ

www.alahazratnetwork.org



فَقَدْ اَحْسَنْتَ وَاِذَا سَمِعْتَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَسَأْتَ فَقَدْ اَسَأْتَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

تم نے بھلائی کی تو واقعی تم نے بھلائی کی اور جب اپنے ہمسایے کو کہتے ہوئے سنو کہ تم نے بُرا سلوک کیا تو واقعی تم نے بُرا سلوک کیا۔ (ابن ماجہ)

۴۷۷۰/۴۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے اُن کے مرتبے کے مطابق سلوک کرو۔ (ابوداؤد)

## تیسری فصل

۴۷۷۱/۴۴ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ قُرَادٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ يَوْمًا فَجَعَلَ اَصْحَابُهٗ يَتَمَسَّحُوْنَ بِوَضُوْئِهٖ فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكُمْ عَلٰى هٰذَا قَالُوْا حُبُّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يُّحِبَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَوْ يُحِبَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلْيَصْدُقْ حَدِيْثَهٗ اِذَا حَدَّثَ وَلْيُؤَدِّ اَمَانَتَهٗ اِذَا اؤْتُمِنَ وَلْيُحْسِنْ جِوَارَ مَنْ جَاوَرَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن قراد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز وضو فرما رہے تھے تو آپ کے اصحاب وضو کے پانی کو ملنے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تم ایسا کیوں کر رہے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کے رسول سے محبت رکھتے ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو یہ اچھی لگتی ہے کہ وہ اللہ اور اُس کے رسول سے محبت کرے یا اللہ اور اُس کا رسول اُس سے محبت کریں تو جب بات کرے تو سچ بولے، جب اُس کے پاس امانت رکھی جائے تو ادا کرے اور جب کسی کا ہمسایہ بنے تو حُسنِ سلوک کرے۔ (بیہقی)۔

۴۷۷۲/۴۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ۔ (رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: مومن وہ نہیں جو اپنا پیٹ بھرے اور اُس کا ہمسایہ اُس کے پہلو میں بھوکا ہو۔ اِن دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

۴۷۷۳/۴۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلٰوتِهَا وَصِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا غَيْرَ اَنَّهَا تُؤْذِيْ جِيْرَانَهَا بِلِسَانِهَا قَالَ هِيَ فِي النَّارِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ قِلَّةُ صِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا وَصَلٰوتِهَا وَاِنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْاَثْوَارِ مِنَ الْاَقِطِ وَلَا تُؤْذِيْ بِلِسَانِهَا جِيْرَانَهَا قَالَ هِيَ فِي الْجَنَّةِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! فلاں عورت کا بہت نمازیں پڑھنے، روزے رکھنے اور خیرات کرنے کا چرچا ہے مگر وہ اپنی زبان سے اپنے ہمسایے کو تکلیف دیتی ہے۔ فرمایا کہ وہ جہنمی ہے۔ عرض گزار ہوا کہ فلاں عورت کم روزے رکھنے، کم صدقہ دینے اور کم نمازیں پڑھنے میں مشہور ہے وہ پنیر کے ٹکڑے ہی خیرات کرتی ہے لیکن زبان سے اپنے ہمسائے کو تکلیف نہیں پہنچاتی۔ فرمایا کہ وہ جنتی ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۷۷۴/۴۷ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹھہرے

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلٰى نَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوْا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللهِ اَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا فَقَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُّرْجٰى خَيْرُهٗ وَيُؤْمَنُ شَرُّهٗ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَّا يُرْجٰى خَيْرُهٗ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

جہاں چند لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ میں تمہیں برے اور بھلے آدمی بتاؤں؟ راوی کا بیان ہے کہ لوگ خاموش ہو گئے۔ آپ نے تین مرتبہ یہی فرمایا۔ ایک شخص عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! کیوں نہیں، ہمیں اچھے اور برے لوگ بتائیے۔ فرمایا تم میں اچھے وہ ہیں جن سے بھلائی کی امید ہو اور برائی کا خطرہ نہ ہو اور تم میں برے وہ ہیں جن سے بھلائی کی امید نہ ہو اور برائی کا خطرہ رہتا ہو۔ روایت کیا اسے ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۷۷۵ / ۴۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَخْلَاقَكُمْ كَمَا قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ اِنَّ اللهَ تَعَالٰى يُعْطِى الدُّنْيَا مَنْ يُّحِبُّ وَمَنْ لَّا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِى الدِّيْنَ اِلَّا مَنْ اَحَبَّ فَمَنْ اَعْطَاهُ اللهُ الدِّيْنَ فَقَدْ اَحَبَّهٗ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يُسْلِمَ قَلْبُهٗ وَلِسَانُهٗ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَأْمَنَ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے درمیان اخلاق کو بھی اسی طرح تقسیم کیا ہے جیسے تمہارے درمیان روزی تقسیم فرمائی ہے اللہ تعالیٰ دنیا دیتا ہے جس سے محبت کرے اور جس سے محبت نہ کرے لیکن دین اسی کو دیتا ہے جس سے محبت کرے جس کو اللہ تعالیٰ نے دین دیا اسے پسند فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے بندہ مسلمان نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کا دل اور اس کی زبان مسلمان ہو جائے اور ایمان والا نہیں ہوتا یہاں تک کہ اس کی شرارتوں سے اس کا ہمسایہ بے خوف ہو (احمد، بیہقی)۔

۴۷۷۶ / ۴۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ وَّلَا خَيْرَ فِيْمَنْ لَّا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مومن الفت کرنے والا ہے اور اس میں کوئی بھلائی نہیں جو الفت نہ کرے اور اس سے الفت نہ کی جائے۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۷۷۷ / ۵۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰى لِاَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِيْ حَاجَةً يُّرِيْدُ اَنْ يَّسُرَّهٗ بِهَا فَقَدْ سَرَّنِيْ وَمَنْ سَرَّنِيْ فَقَدْ سَرَّ اللهَ وَمَنْ سَرَّ اللهَ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے میرے امتی کی حاجت پوری کی اور ارادہ یہ ہو کہ اس سے وہ خوش ہو جائے تو اس نے مجھے خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا اور جس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائیگا (بیہقی)

۴۷۷۸ / ۵۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَغَاثَ مَلْهُوْفًا كَتَبَ اللهُ لَهٗ ثَلٰثًا وَّسَبْعِيْنَ مَغْفِرَةً وَّاحِدَةٌ فِيْهَا صَلَاحُ اَمْرِهٖ كُلِّهٖ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ لَهٗ دَرَجَاتٌ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی مظلوم کی فریاد رسی کی تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے تہتر مغفرتیں لکھ دیتا ہے جن میں سے ایک اس کے تمام کاموں کا درست رہنا ہے اور باقی بہتر قیامت کے روز اس کے لیے درجات ہوں گے۔ (بیہقی)

۴۷۷۹ / ۵۲ وَعَنْهُ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ

انہی سے اور حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کا

www.alahazratnetwork.org



إِلَى اللّٰهِ مَنْ أَحْسَنَ إِلَى عِيَالِهٖ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

گھرانہ ہے۔ پس مخلوق میں سے اللہ تعالیٰ کو وہ سب سے پیارا ہے جو اُس کے گھرانے سے اچھا سلوک کرے۔ ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۷۸۰ (۵۳) وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جَارَانِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت میں سب سے پہلے جھگڑا پیش کرنے والے دو ہمسائے ہوں گے۔ (احمد)

۴۷۸۱ (۵۴) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا شَكٰى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْوَةَ قَلْبِهٖ قَالَ امْسَحْ رَأْسَ الْيَتِيْمِ وَأَطْعِمِ الْمِسْكِيْنَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنی قساوتِ قلب کی شکایت کی۔ فرمایا کہ یتیم کے سر پہ ہاتھ پھیرو اور مسکین کو کھانا کھلاؤ۔ (احمد)

۴۷۸۲ (۵۵) وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ ابْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ إِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں بہترین صدقہ نہ بتاؤں؟ تمہاری وہ بیٹی جو تمہاری طرف لوٹا دی گئی ہو اور تمہارے سوا اُس کے لیے کوئی کمانے والا نہ ہو۔ (ابن ماجہ)

# بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ

## اللہ سے محبت رکھنا اور اللہ کے لیے محبت کرنا

### پہلی فصل

۴۷۸۳ (۱) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ارواح کے جھنڈ کے جھنڈ تھے۔ جن کو وہاں تعارف ہوا اُن میں الفت ہو گئی اور جو وہاں انجان رہیں اُن میں جدائی رہی۔ روایت کیا اسے بخاری نے اور مسلم نے اسے حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے۔

۴۷۸۴ (۲) وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرِيْلَ فَقَالَ إِنِّيْ أُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبَّهٗ قَالَ فَيُحِبُّهٗ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِيْ فِي السَّمَاءِ فَيَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَأَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهٗ أَهْلُ السَّمَاءِ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْأَرْضِ وَإِذَا أَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرِيْلَ فَيَقُوْلُ إِنِّيْ أُبْغِضُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو جبریل کو بلا کر فرماتا ہے کہ میں فلاں سے محبت کرتا ہوں لہٰذا تم بھی اُس سے محبت کرو پس جبریل اُس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر آسمان میں منادی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اُس سے محبت کرو پس آسمان والے اُس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر زمین میں اُس کی مقبولیت رکھ دی جاتی ہے

www.alahazratnetwork.org



فُلَانًا فَأَبْغِضْهُ قَالَ فَيُبْغِضُهُ جِبْرِيْلُ ثُمَّ يُنَادِيْ فِيْ أَهْلِ السَّمَآءِ إِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ فُلَانًا فَأَبْغِضُوْهُ قَالَ فَيُبْغِضُوْنَهُ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْبَغْضَآءُ فِي الْأَرْضِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے ناراض ہوتا ہے تو جبریل کو بلاکر فرماتا ہے کہ میں فلاں سے ناراض ہوں لہٰذا تم بھی اُس سے ناراض ہو جاؤ پس جبریل اُس سے ناراض ہو جاتے ہیں پھر آسمان والوں میں منادی کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے ناراض ہے لہٰذا تم بھی اُس سے ناراض ہو جاؤ پس وہ اُس سے ناراض ہو جاتے ہیں اور زمین میں بھی اُس کے لیے بغض و عداوت رکھ دی جاتی ہے (مسلم)۔

۴۷۸۵ (۳) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِيْ اَلْيَوْمَ أُظِلُّهُمْ فِيْ ظِلِّيْ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلِّيْ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- اللہ تعالیٰ قیامت کے روز فرمائے گا کہ میرے جلال کے باعث محبت کرنے والے کہاں ہیں کہ میں انہیں اپنے کرم کا سایہ دوں جبکہ آج میرے سایۂ کرم کے سوا کوئی سایہ نہیں ہے۔ (مسلم)۔

۴۷۸۶ (۴) وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَجُلًا زَارَ أَخًا لَّهُ فِيْ قَرْيَةٍ أُخْرٰى فَأَرْصَدَ اللّٰهُ لَهُ عَلٰى مَدْرَجَتِهِ مَلَكًا قَالَ أَيْنَ تُرِيْدُ قَالَ أُرِيْدُ أَخًا لِّيْ فِيْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ قَالَ هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِّعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَيْرَ أَنِّيْ أَحْبَبْتُهُ فِي اللّٰهِ قَالَ فَإِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكَ بِأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَبَّكَ كَمَا أَحْبَبْتَهُ فِيْهِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- ایک آدمی اپنے بھائی کو دیکھنے دوسرے گاؤں میں جانے لگا تو اللہ تعالیٰ نے اُس کے راستے میں ایک فرشتہ بٹھا دیا۔ کہا کہ کہاں کا ارادہ ہے؟ جواب دیا کہ اس گاؤں میں اپنے بھائی کے پاس۔ کہا کیا تمہارا اُس پر کوئی احسان ہے جس کا بدلہ لینے چلے ہو؟ کہا نہیں بجز یہ کہ اُس سے خدا کے لیے محبت کرتا ہوں۔ کہا تو مجھے اللہ تعالیٰ نے تمہاری طرف بھیجا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرتا ہے جیسے تم اُس سے محبت رکھتے ہو۔ (مسلم)

۴۷۸۷ (۵) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَّلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! آپ اُس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو ایک قوم سے محبت رکھتا لیکن اُن تک پہنچ نہیں سکتا؟ فرمایا کہ آدمی اُس کے ساتھ ہے جس سے محبت رکھے۔
(متفق علیہ)

۴۷۸۸ (۶) وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا أَعْدَدْتَّ لَهَا قَالَ مَا أَعْدَدْتُّ لَهَا إِلَّا أَنِّيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ قَالَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ فَمَا رَأَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ فرمایا تم پر افسوس! تم نے اُس کے لیے کیا تیار کر رکھا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میں نے تیاری تو نہیں کی لیکن اللہ اور اُس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا کہ تم اُسی کے ساتھ ہو جس سے محبت رکھتے ہو۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ اسلام کے بعد میں نے مسلمانوں کو اتنا کسی بات پر خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا وہ اس بات پر خوش ہوئے۔ (متفق علیہ)

۴۷۸۹ (۷) وَعَنْ أَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھے اور بُرے مصاحب کی مثال مشک اُٹھانے والے اور بھٹی دھونکنے والے جیسی ہے۔ کستوری اُٹھانے والا یا تمہیں دے گا، یا تم اُس سے

www.alahazratnetwork.org



يُحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

خرید وگے یا تمہیں اُس کی عمدہ خوشبو آئے گی۔ بھٹی دھونکنے والا یا تمہارے کپڑے جلائے گا یا تمہیں اُس کی ناگوار بدبو آئے گی۔ (متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۷۹۰ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [۸] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَبَتْ مَحَبَّتِيْ لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ رَوَاهُ مَالِكٌ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری محبت اُن کے لیے واجب ہوگئی جو میرے لیے محبت کرتے ہیں، میرے لیے مل بیٹھتے ہیں، میرے لیے ایک دوسرے سے ملتے ہیں اور میرے لیے مال خرچ کرتے ہیں (مالک) اور ترمذی کی روایت میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے جلال کے باعث جو آپس میں محبت کرتے ہیں اُن کے لیے نور کے منبر ہوں گے اور اُن پر انبیاء و شہداء بھی غبطہ کریں گے۔

۴۷۹۱ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [۹] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَأُنَاسًا مَا هُمْ بِأَنْبِيَاءَ وَلَا شُهَدَاءَ يَغْبِطُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ أَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَلَا أَمْوَالٍ يَتَعَاطَوْنَهَا فَوَاللّٰهِ إِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَإِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَا يَخَافُوْنَ إِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا يَحْزَنُوْنَ إِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَأَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ مَعَ زَوَائِدَ وَكَذَا فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کے بندوں سے ایسے لوگ بھی ہیں جو انبیاء و شہداء تو نہیں لیکن قیامت کے روز بارگاہِ خداوندی میں اُن کے مقام کو دیکھ کر انبیاء و شہداء بھی اُن پر غبطہ کریں گے۔ لوگ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! ہمیں بتائیے کہ وہ کون ہیں؟ فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو رحم کے رشتوں اور مالی لین دین کے علاوہ محض رضائے الٰہی کے لیے آپس میں محبت رکھیں گے، خدا کی قسم، اُن کے چہرے نورانی ہوں گے اور اُن کے اوپر نور ہوگا۔ وہ نہیں ڈریں گے جب لوگوں کو خوف ہوگا۔ وہ غم نہیں کھائیں گے جبکہ لوگ غمگین ہوں گے۔ اور یہ آیت تلاوت فرمائی: سُن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ کچھ غم کھاتے ہیں۔ (۱۰:۶۲) روایت کیا اسے ابوداؤد نے اور شرح السنہ میں ابومالک سے مصابیح کے لفظوں میں ہے کچھ اضافے کے ساتھ جیسا کہ شرح السنہ میں ہے۔

۴۷۹۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ ذَرٍّ يَا أَبَا ذَرٍّ أَيُّ عُرَى الْإِيْمَانِ أَوْثَقُ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ قَالَ الْمُوَالَاةُ فِي اللّٰهِ وَالْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ رَوَاهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر سے فرمایا: اے ابوذر! ایمان کا کونسا حصہ زیادہ مضبوط ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اُس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ اللہ کے لیے تعلقات رکھنا یعنی اللہ کے لیے محبت کرنا اور

www.alahazratnetwork.org



الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

اللہ کے لیے عداوت رکھنا۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

٤٧٩٣/١١ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ أَخَاهُ أَوْ زَارَهُ قَالَ اللهُ تَعَالَى طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کی عیادت کرتا یا اُس سے ملتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تو اچھا، تیرا چلنا اچھا اور تُو نے جنت میں اپنا ٹھکانا بنا لیا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

٤٧٩٤/١٢ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَحَبَّ الرَّجُلُ أَخَاهُ فَلْيُخْبِرْهُ أَنَّهُ يُحِبُّهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنے بھائی سے محبت رکھے تو اُسے بتا دے کہ وہ اُس سے محبت رکھتا ہے۔

(ابوداؤد، ترمذی)

٤٧٩٥/١٣ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ عِنْدَهُ إِنِّي لَأُحِبُّ هٰذَا لِلّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْلَمْتَهُ قَالَ لَا قَالَ قُمْ إِلَيْهِ فَأَعْلِمْهُ فَقَامَ إِلَيْهِ فَأَعْلَمَهُ فَقَالَ أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَأَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكَ مَا احْتَسَبْتَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ) وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ وَلَهُ مَا اكْتَسَبَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا اور آپ کے پاس لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ کے پاس والوں میں سے ایک نے کہا کہ میں اللہ کے لیے اس سے محبت کرتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نے اسے بتا دیا ہے؟ عرض گزار ہوا: نہیں۔ فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ اور اُسے بتا دو۔ پس وہ کھڑا ہوا اور اُسے جا بتایا۔ اُس نے کہا کہ جس کی وجہ سے آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں وہ ذات آپ سے محبت کرے۔ پھر جب واپس لوٹا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے پوچھا۔ اُس نے بتایا جو کہا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُس کے ساتھ ہو جس سے محبت کرتے ہو اور تمہارے لیے وہ ثواب ہے جس کے تم طالب ہو۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا اور ترمذی کی روایت میں ہے کہ آدمی اُس کے ساتھ ہے جس سے محبت کرے اور اُس کے لیے ہے جو کیا۔

٤٧٩٦/١٤ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دوستی نہ رکھو مگر ایمان والے سے اور تمہارا کھانا نہ کھائے مگر پرہیزگار۔ (ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

٤٧٩٧/١٥ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْءُ عَلَى دِيْنِ خَلِيْلِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَقَالَ النَّوَوِيُّ إِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ)۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے جگری دوست کے دین پر ہے۔ پس آدمی کو دیکھنا چاہیے کہ وہ اپنا جگری یار کس کو بناتا ہے۔ روایت کیا اسے احمد، ترمذی، ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور نووی نے کہا کہ اس کی اسناد صحیح ہے۔

٤٧٩٨/١٦ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ نَعَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى

حضرت یزید بن نعامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اٰخَی الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْیَسْاَلْہُ عَنِ اسْمِہٖ وَاسْمِ اَبِیْہِ وَمِمَّنْ ھُوَ فَاِنَّہٗ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ایک آدمی دوسرے سے بھائی چارہ قائم کرے تو اُس کا نام، اُس کی ولدیت اور اُس کا خاندان پوچھ لینا چاہیے کیونکہ یہ محبت کو جوڑنے والی بات ہے۔ (ترمذی)۔

## تیسری فصل

۴۷۹۹ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی [17] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی قَالَ قَائِلٌ اَلصَّلٰوۃُ وَالزَّکٰوۃُ وَقَالَ قَائِلٌ اَلْجِھَادُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی الْحُبُّ فِی اللّٰہِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰہِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَرَوٰی اَبُوْدَاؤدَ الْفَصْلَ الْاَخِیْرَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کونسا عمل پیارا ہے؟ کسی نے کہا کہ نماز اور زکوٰۃ۔ کسی نے کہا کہ جہاد۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کو سب سے پسند یہ عمل ہے کہ اللہ کے لیے محبت کی جائے اور اللہ کے لیے عداوت رکھی جائے۔ روایت کیا اسے احمد نے اور آخری جملے کو ابوداؤد نے روایت کیا۔

۴۸۰۰ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی [18] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰہِ اِلَّا اَکْرَمَ رَبَّہٗ عَزَّوَجَلَّ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ محض اللہ کے لیے کسی بندے سے محبت رکھے تو اُس نے اللہ رب العزت کی تعظیم کی۔ (احمد)

۴۸۰۱ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ اَنَّھَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ [19] اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ خِیَارُکُمُ الَّذِیْنَ اِذَا رُاُوْا ذُکِرَ اللّٰہُ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ تم میں بہترین آدمی کون ہیں؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ فرمایا تم میں سے بہتر آدمی وہ ہیں کہ جب اُنھیں دیکھیں تو اللہ یاد آجائے۔ (ابن ماجہ)۔

۴۸۰۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی [20] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَیْنِ تَحَابَّا فِی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَاحِدٌ فِی الْمَشْرِقِ وَاٰخَرُ فِی الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰہُ بَیْنَھُمَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَقُوْلُ ھٰذَا الَّذِیْ کُنْتَ تُحِبُّہٗ فِیَّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر دو آدمی اللہ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کریں تو خواہ اُن میں سے ایک مشرق میں اور دوسرا مغرب میں ہو مگر اللہ تعالیٰ اُنھیں قیامت کے روز ملادے گا اور فرمائے گا کہ یہی وہ شخص ہے جس سے تو میری وجہ سے محبت کرتا تھا۔

۴۸۰۳ وَعَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ اَنَّہٗ قَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی [21] اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی مِلَاکِ ھٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ تُصِیْبُ بِہٖ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ عَلَیْکَ بِمَجَالِسِ اَھْلِ الذِّکْرِ وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّکْ لِسَانَکَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِکْرِ اللّٰہِ وَاَحِبَّ فِی اللّٰہِ وَاَبْغِضْ فِی اللّٰہِ یَا اَبَا رَزِیْنٍ ھَلْ شَعَرْتَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَیْتِہٖ زَائِرًا اَخَاہُ شَیَّعَہٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ کُلُّھُمْ یُصَلُّوْنَ عَلَیْہِ

حضرت ابورزین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: کیا میں تمہیں اس دین کی اصل نہ بتاؤں کہ جس کے باعث تم دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل کرلو۔ ذکرِ الٰہی کرنے والوں کی مجلسوں کو اپنے اوپر لازم کرلو اور جب تم تنہائی میں ہو تو حسبِ استطاعت اپنی زبان کو ذکرِ الٰہی کے ساتھ حرکت دیتے رہو نیز اللہ کے لیے دوستی کرو اور اللہ کے لیے عداوت رکھو۔ اے ابورزین! کیا تمہیں معلوم ہے کہ جب آدمی اپنے گھر سے اپنے بھائی کو ملنے کے لیے نکلتا ہے تو ستّر ہزار فرشتے اُس کے پیچھے ہوجاتے ہیں اور سارے

www.alahazratnetwork.org



وَيَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اِنَّهُ وَصَلَ فِيْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُعْمِلَ جَسَدَكَ فِيْ ذٰلِكَ فَافْعَلْ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

اس کے لیے دعا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! اس نے تیری خاطر اس سے رشتہ جوڑا ہے تو اس کے ساتھ جوڑ۔ اگر تم اپنے جسم سے کام لے سکتے ہو تو ایسا ہی کرو۔ (بیہقی)

۴۸۰۴ / ۲۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَعُمُدًا مِنْ يَاقُوْتٍ عَلَيْهَا غُرَفٌ مِنْ زَبَرْجَدٍ لَهَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ تُضِيْءُ كَمَا يُضِيْءُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ يَسْكُنُهَا قَالَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِي اللّٰهِ وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِي اللّٰهِ وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِي اللّٰهِ۔ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں یاقوت کے ستون ہیں جن کے اوپر زبرجد کے بالاخانے ہیں اور ان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ وہ روشن ستاروں کی طرح چمکتے ہیں۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ان میں کون رہیں گے؟ فرمایا کہ اللہ کے لیے محبت کرنے والے، اللہ کے لیے مل بیٹھنے والے اور اللہ کے لیے ایک دوسرے سے ملاقات کرنے والے، ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَاتِ

## تعلق قطع کرنے اور عیب ڈھونڈنے کی ممانعت کا بیان

### پہلی فصل

۴۸۰۵ / ۱ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَيَالٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِيْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رہے کہ یہ ادھر کو منہ پھیرے اور وہ ادھر کو اور دونوں میں سے بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔
(متفق علیہ)

۴۸۰۶ / ۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا وَفِيْ رِوَايَةٍ وَلَا تَنَافَسُوْا (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے اور ایک دوسرے کی عیب جوئی نہ کرو، باتیں چھپ کر نہ سنو، بڑی نہ چاہو، حسد نہ کرو، عداوت نہ رکھو اور پیٹھ پیچھے برائی نہ کرو اور اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بن جاؤ۔ ایک روایت میں ہے کہ فساد برپا نہ کرو۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۸۰۷ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا إِلَّا رَجُلٌ كَانَتْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ أَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ أَنْظِرُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے دروازے پیر اور جمعرات کے روز کھولے جاتے ہیں۔ پس ہر ایک آدمی کو بخش دیا جاتا ہے جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے ماسوائے اُس شخص کے جس کا اپنے بھائی کے ساتھ کینہ ہو کہا جاتا ہے کہ ان دونوں کو صلح کرنے تک رہنے دو۔ (مسلم)

۴۸۰۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْرَضُ أَعْمَالُ النَّاسِ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّتَيْنِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ إِلَّا عَبْدًا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ أَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اتْرُكُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَفِيْئَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے اعمال ہر ہفتے میں دو دفعہ پیش کیے جاتے ہیں، یعنی پیر اور جمعرات کے روز۔ پس ہر مومن بندے کو بخش دیا جاتا ہے ماسوائے اُس آدمی کے جس کا اپنے بھائی کے ساتھ کینہ ہو۔ پس کہا جاتا ہے کہ ان دونوں کو چھوڑ دو یہاں تک کہ مل جائیں۔ (مسلم)

۴۸۰۹ وَعَنْ أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ ابْنِ أَبِيْ مُعَيْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُوْلُ خَيْرًا وَيَنْمِيْ خَيْرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَزَادَ مُسْلِمٌ قَالَتْ وَلَمْ أَسْمَعْهُ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِيْ شَيْءٍ مِمَّا يَقُوْلُ النَّاسُ كَذِبٌ إِلَّا فِيْ ثَلٰثٍ اَلْحَرْبُ وَالْإِصْلَاحُ بَيْنَ النَّاسِ وَحَدِيْثُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهٗ وَحَدِيْثُ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ إِنَّ الشَّيْطٰنَ قَدْ أَيِسَ فِيْ بَابِ الْوَسْوَسَةِ۔

حضرت اُمّ کلثوم بنت عقبہ بن ابی مُعیط رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہو لوگوں میں صلح کرانے والا کذاب نہیں ہے جبکہ وہ نیک بات کہے اور نیک نیت ہو۔ (متفق علیہ) اور مسلم نے یہ بھی کہا ہے میں نے نہیں سُنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی ذرا بھی اجازت دی ہو جس کو لوگ جھوٹ کہتے ہیں مگر تین مواقع پر، لڑائی میں۔ لوگوں میں صلح کراتے ہوئے نیز مرد کا اپنی بیوی سے اور بیوی کا اپنے خاوند سے گفتگو کرنا اور اِنَّ الشَّیْطٰنَ قَدْ اَیِسَ والی حدیث جابر پیچھے باب الوسوسہ میں مذکور ہو چکی۔

## دوسری فصل

۴۸۱۰ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ إِلَّا فِيْ ثَلٰثٍ كَذِبُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهٗ لِيُرْضِيَهَا وَالْكَذِبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكَذِبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ جائز نہیں مگر تین مواقع پر، آدمی کا اپنی بیوی کو خوش کرنے کے لیے، لڑائی میں غلط بیانی کرنا اور لوگوں میں صلح کراتے ہوئے غلط بیانی کرنا۔ (احمد، ترمذی)

۴۸۱۱ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكُوْنُ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے مناسب نہیں کہ تین دن

www.alahazratnetwork.org



ثَلٰثَۃٍ فَاِذَا لَقِیَہٗ سَلَّمَ عَلَیْہِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ کُلُّ ذٰلِکَ لَا یَرُدُّ عَلَیْہِ فَقَدْ بَاءَ بِاِثْمِہٖ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

۴۸۱۲ / ۸ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ یَّھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَنْ ھَجَرَ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

۴۸۱۳ / ۹ وَعَنْ اَبِیْ خِرَاشٍ السُّلَمِیِّ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ ھَجَرَ اَخَاہُ سَنَۃً فَھُوَ کَسَفْکِ دَمِہٖ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

۴۸۱۴ / ۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّھْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلٰثٍ فَاِنْ مَرَّتْ بِہٖ ثَلٰثٌ فَلْیَلْقَہٗ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْہِ فَاِنْ رَدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ فَقَدِ اشْتَرَکَا فِی الْاَجْرِ وَاِنْ لَّمْ یَرُدَّ عَلَیْہِ فَقَدْ بَاءَ بِالْاِثْمِ وَخَرَجَ الْمُسَلِّمُ مِنَ الْھِجْرَۃِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

۴۸۱۵ / ۱۱ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَۃِ الصِّیَامِ وَالصَّدَقَۃِ وَالصَّلٰوۃِ قَالَ قُلْنَا بَلٰی قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَیْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَیْنِ ھِیَ الْحَالِقَۃُ رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ

۴۸۱۶ / ۱۲ وَعَنِ الزُّبَیْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَبَّ اِلَیْکُمْ دَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَکُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ ھِیَ الْحَالِقَۃُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰکِنْ تَحْلِقُ الدِّیْنَ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ)

۴۸۱۷ / ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاکُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ یَاْکُلُ

سے زیادہ دوسرے مسلمان کو چھوڑے رہے۔ جب اُسے ملے تو تین دفعہ تک سلام کرے۔ اگر وہ ہر دفعہ جواب نہ دے تو گناہ لے کر لوٹا۔

(ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے۔ جس نے تین دن سے زیادہ چھوڑا اور مر گیا تو جہنم میں داخل ہوا۔ (احمد، ابوداؤد)

حضرت ابوخراش سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنے بھائی کو سال بھر چھوڑے رکھا تو یہ اُس کا خون بہانے کی طرح ہے۔

(احمد، ابوداؤد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مومن کے لیے جائز نہیں ہے کہ دوسرے مومن کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رہے۔ اگر تین دن گزر جائیں اور اُس سے ملاقات ہو تو سلام کرے۔ اگر وہ جواب دے تو ثواب میں دونوں شریک ہو گئے اور اگر جواب نہ دے تو وہ گناہ لے کر لوٹا اور یہ مسلمان چھوڑنے کے گناہ سے نکل گیا۔ (ابوداؤد)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو درجے میں روزے، صدقہ اور نماز سے بھی افضل ہو؟ ہم عرض گزار ہوئے کہ کیوں نہیں۔ فرمایا کہ دو آدمیوں کے درمیان صلح کرا دینا اور دو شخصوں کے درمیان فساد ڈال مونڈنے والی حرکت ہے۔ روایت کیا اسے ترمذی اور ابوداؤد نے اور کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی اُمتوں کی بیماریوں سے حسد اور بغض کی بیماری تم میں بھی سرایت کر گئی ہے حالانکہ یہ مونڈنے والی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سر کو مونڈنے والی بلکہ دین کو مونڈنے والی۔

(احمد، ترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو ایسے کھاتا ہے

www.alahazratnetwork.org



الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔
(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤد)

جیسے آگ لکڑی کو۔
(ابوداؤد)

۴۸۱۸ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ [14] إِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَإِنَّهَا الْحَالِقَةُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آدمیوں کے درمیان بُرائی ڈالنے سے بچو کیونکہ یہ حرکت مونڈنے والی ہے۔
(ترمذی)

۴۸۱۹ وَعَنْ أَبِيْ صِرْمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [15] وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ بِهِ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابو صرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نقصان پہنچائے تو اللہ اُسے نقصان پہنچائے گا اور جو مشقت میں ڈالے تو اللہ اُسے مشقت میں ڈالے گا۔ اسے ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۸۲۰ وَعَنْ أَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ [16] اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلْعُوْنٌ مَّنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا أَوْ مَكَرَ بِهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو نقصان پہنچانے والا اور اُس کے ساتھ مکر کرنے والا ملعون ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۸۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ [17] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰى بِصَوْتٍ رَفِيْعٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ أَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْإِيْمَانُ إِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّهٗ مَنْ يَّتَّبِعْ عَوْرَةَ أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور بلند آواز سے فرمایا: اے گروہ! جو اپنی زبان سے اسلام لے آیا اور ایمان اُس کے دل تک نہیں پہنچا تم مسلمانوں کو اذیت نہ پہنچاؤ، نہ انھیں شرمسار کرو اور نہ اُن کے پوشیدہ عیب تلاش کرو۔ کیونکہ جو اپنے مسلمان بھائی کے پوشیدہ عیب ڈھونڈے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے پوشیدہ عیب ڈھونڈے گا اور جس کے اللہ تعالیٰ پوشیدہ عیب ڈھونڈے گا اُس کو ذلیل کر دے گا خواہ وہ اپنے گھر کے اندر ہو۔ (ترمذی)

۴۸۲۲ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ [18] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مِنْ أَرْبَى الرِّبَا الْإِسْتِطَالَةَ فِيْ عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بدترین سود مسلمان کی عزت پر ناحق ہاتھ ڈالنا ہے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۸۲۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [19] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِيْ رَبِّيْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَّهُمْ أَظْفَارٌ مِّنْ نُحَاسٍ يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب میرے رب نے مجھے معراج کرائی تو میرا ایسے لوگوں کے پاس سے گزر ہوا جن کے تانبے کے ناخن تھے جن سے اپنے

www.alahazratnetwork.org



لُحُومَ النَّاسِ وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے اور اُن کی آبرو ریزی کرتے تھے۔ (ابو داؤد)

۴۸۲۴ / ۲۰ وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أُكْلَةً فَإِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ كَسَى ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَإِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُومُ لَهُ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت مستورد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دھوکے یا خوشامد سے کسی مسلمان کا مال کھایا تو اللہ تعالیٰ جہنم میں اُسے اُسی کے مانند کھلائے گا اور جس نے کسی مسلمان کا اس طرح کپڑا پہنا تو جہنم میں اللہ تعالیٰ اُسی طرح کا کپڑا پہنائے گا اور جو سنانے اور دکھانے کے لیے کھڑا ہوا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُسے سُننے اور دکھانے کی جگہ پر کھڑا کرے گا۔

(ابو داؤد)

۴۸۲۵ / ۲۱ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھا گمان رکھنا اچھی عبادت کا ایک حصہ ہے۔ (احمد، ابو داؤد)

۴۸۲۶ / ۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ وَعِنْدَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْنَبَ أَعْطِيهَا بَعِيرًا فَقَالَتْ أَنَا أُعْطِي تِلْكَ الْيَهُودِيَّةَ فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَجَرَهَا ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيثُ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا فِي بَابِ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ حضرت صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا اور حضرت زینب کے پاس زائد اونٹ تھا رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زینب سے فرمایا کہ انہیں اونٹ دے دو۔ عرض گزار ہوئیں کہ میں اس یہودیہ کو دے دوں؟ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہو گئے اور ذی الحجہ، محرم اور صفر کے کچھ دنوں تک اُن سے کنارہ کش رہے (ابو داؤد) اور مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا والی حدیث معاذ بن انس پیچھے باب الشفقۃ والرحمۃ میں مذکور ہوئی۔

## تیسری فصل

۴۸۲۷ / ۲۳ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرِقُ فَقَالَ لَهُ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ سَرَقْتَ قَالَ كَلَّا وَالَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيسَى اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ نَفْسِي

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت عیسیٰ بن مریم نے ایک آدمی کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو حضرت عیسیٰ بن مریم نے اُس سے فرمایا: تم نے چوری کی ہے۔ اُس نے کہا، ہرگز نہیں اُس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ حضرت عیسیٰ نے فرمایا کہ میں اللہ پر یقین رکھتا اور اپنے نفس کو جھٹلاتا ہوں۔ (مسلم)

۴۸۲۸ / ۲۴ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَادَ الْفَقْرُ أَنْ يَكُونَ كُفْرًا وَكَادَ الْحَسَدُ أَنْ يَغْلِبَ الْقَدَرَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ تنگ دستی کفر ہو جائے اور قریب ہے کہ حسد تقدیر پر غالب آ جائے۔ (بیہقی)

www.alahazratnetwork.org



۴۸۲۹ وعن جابر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من اعتذر الى اخيه فلم يعذره او لم يقبل عذره كان عليه مثل خطيئة صاحب مكس۔ (رواهما البيهقي في شعب الايمان وقال المكاس العشار)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بھائی سے معذرت کرے اور وہ اس کی معذرت نہ سنے یا قبول نہ کرے تو اس پر ٹیکس لینے والے جیسا گناہ ہوتا ہے ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا اور کہا کہ مکّاس ٹیکس لینے والے کو کہتے ہیں۔

# باب الحذر والتأني في الامور

## محتاط رہنا اور کاموں میں دور اندیشی سے کام لینا

## پہلی فصل

۴۸۳۰ عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يلدغ المؤمن من جحر واحد مرتين۔ (متفق عليه)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا۔ (متفق علیہ)

۴۸۳۱ وعن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لاشج عبد القيس ان فيك لخصلتين يحبهما الله الحلم والاناة۔ (رواه مسلم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالے علیہ وسلم نے عبد القیس کے سردار سے فرمایا: تم میں دو عادتیں ایسی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے یعنی بردباری اور وقار۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۴۸۳۲ عن سهل بن سعد الساعدي ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الاناة من الله والعجلة من الشيطان۔ (رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وقد تكلم بعض اهل الحديث في عبد المهيمن بن عباس الراوي من قبل حفظه)

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اطمینان اللہ کی طرف سے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور بعض محدثین نے عبد المہیمن بن عباس کی یادداشت کے بارے میں کلام کیا ہے۔

۴۸۳۳ وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا حليم الا ذو عثرة ولا حكيم الا ذو تجربة۔ (رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا: بردبار نہیں ہوتا مگر لغزشوں والا اور حکیم نہیں ہوتا مگر تجربوں والا۔ روایت کیا اسے احمد اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۸۳۴ وعن انس ان رجلا قال للنبي صلى الله عليه

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ اَوْصِنِیْ فَقَالَ خُذِ الْاَمْرَ بِالتَّدْبِیْرِ فَاِنْ رَاَیْتَ فِیْ عَاقِبَتِہٖ خَیْرًا فَامْضِہٖ وَاِنْ خِفْتَ غَیًّا فَاَمْسِکْ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا کہ مجھے وصیت فرمایئے۔ فرمایا کہ کام کو تدبیر سے اختیار کرو۔ اگر اس کے انجام میں بھلائی نظر آئے تو کرتے رہو اور اگر گمراہی کا ڈر ہو تو اس سے رک جاؤ۔ (شرح السنۃ)

۴۸۳۵ ۶ وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ الْاَعْمَشُ لَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّؤَدَۃُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ خَیْرٌ اِلَّا فِیْ عَمَلِ الْاٰخِرَۃِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

مصعب بن سعد نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے۔ اعمش کا بیان ہے کہ میرے خیال میں نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً۔ ہر چیز میں اطمینان سے کام کرنا اچھا ہے سوائے آخرت کے کاموں کے۔

(ابوداؤد)

۴۸۳۶ ۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّمْتُ الْحَسَنُ وَالتُّؤَدَۃُ وَالْاِقْتِصَادُ جُزْءٌ مِّنْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش خلقی، اطمینان اور میانہ روی نبوت کا چوبیسواں حصہ ہے۔

(ترمذی)

۴۸۳۷ ۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْہَدْیَ الصَّالِحَ وَالسَّمْتَ الصَّالِحَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِّنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک سیرت، خوش خلقی اور میانہ روی نبوت کا پچیسواں حصہ ہے

(ابوداؤد)

۴۸۳۸ ۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِیْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَہِیَ اَمَانَۃٌ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی کوئی بات کرے، پھر اِدھر اُدھر دیکھے تو وہ امانت ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۴۸۳۹ ۱۰ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِی الْہَیْثَمِ بْنِ التَّیِّہَانِ ہَلْ لَکَ خَادِمٌ قَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْیٌ فَاْتِنَا فَاُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَیْنِ فَاَتَاہُ اَبُو الْہَیْثَمِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اخْتَرْ مِنْہُمَا فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اخْتَرْ لِیْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ ہٰذَا فَاِنِّیْ رَاَیْتُہٗ یُصَلِّیْ وَاسْتَوْصِ بِہٖ مَعْرُوْفًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوالہیثم بن تیہان سے فرمایا: کیا تمہارے پاس خادم ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا کہ جب ہمارے پاس قیدی آئیں تو آنا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دو قیدی آئے تو حضرت ابوالہیثم حاضر ہو گئے۔ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان میں سے ایک چھانٹ لو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! آپ ہی چُن دیجئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے مشورہ کیا جائے وہ امانت دار ہے۔ اِسے لے لو کیونکہ میں نے اسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی وصیت قبول کرو۔ (ترمذی)

۴۸۴۰ ۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ

www.alahazratnetwork.org



اللهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ إِلَّا ثَلٰثَةُ مَجَالِسَ سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ أَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ أَوِ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ . (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَذُكِرَ حَدِيْثُ أَبِيْ سَعِيْدٍ إِنَّ أَعْظَمَ الْأَمَانَةِ فِيْ بَابِ الْمُبَاشَرَةِ فِي الْفَصْلِ الْأَوَّلِ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجلسیں امانت ہیں سوائے تین مجلسوں کے حرام خون بہانے کی حرام شرمگاہ کی اور ناحق کسی کا مال ہتھیانے کی (ابوداؤد) اور اِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَۃِ والی حدیث ابو سعید پیچھے باب المباشرۃ کی پہلی فصل میں پیش کی جا چکی ہے۔

## تیسری فصل

۴۸۴۱/۱۲ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللهُ الْعَقْلَ قَالَ لَهُ قُمْ فَقَامَ ثُمَّ قَالَ لَهُ أَدْبِرْ فَأَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ لَهُ أَقْبِلْ فَأَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَهُ اقْعُدْ فَقَعَدَ ثُمَّ قَالَ لَهُ مَا خَلَقْتُ خَلْقًا هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ وَلَا أَفْضَلُ مِنْكَ وَلَا أَحْسَنُ مِنْكَ بِكَ آخُذُ وَبِكَ أُعْطِيْ وَبِكَ أُعْرَفُ وَبِكَ أُعَاتِبُ وَبِكَ الثَّوَابُ وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ . وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ . (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے عقل کو پیدا کیا تو اُس سے فرمایا۔ کھڑی ہو جا۔ وہ کھڑی ہو گئی۔ پھر اُس سے فرمایا۔ پیٹھ پھیر۔ اُس نے پیٹھ پھیر لی۔ پھر اُس سے فرمایا۔ اِدھر منہ کر۔ اُس نے اُدھر منہ کر لیا۔ پھر اُس سے فرمایا۔ بیٹھ جا۔ وہ بیٹھ گئی۔ پھر اُس سے فرمایا کہ میں نے کوئی مخلوق تجھ سے بہتر، افضل اور خوبصورت پیدا نہیں کی۔ میں تیرے سبب لوں گا تیرے سبب دوں گا تیرے سبب پہچانا جاؤں گا تیرے سبب ناراض ہوں گا تیرے سبب ثواب ہو گا اور تجھ پر ہی عذاب ہو گا۔ بعض علماء نے اِس میں کلام کیا ہے۔ (بیہقی)

۴۸۴۲/۱۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُوْنُ مِنْ أَهْلِ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حَتّٰى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ كُلَّهَا وَمَا يُجْزٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهِ . (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی نمازی، روزہ، زکوٰۃ دینے والا اور حج و عمرہ کرنے والا ہوتا ہے یہاں تک کہ آپ نے سارے نیک کام گنائے لیکن قیامت میں اُسے اُس کی عقل کے مطابق ہی جزا دی جائے گی۔ (بیہقی)

۴۸۴۳/۱۴ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيْرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ . (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں، باز رہنے کے برابر ورع نہیں اور خوش خلقی جیسا کوئی حسب و نسب نہیں۔ (بیہقی)

۴۸۴۴/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ وَالتَّوَدُّدُ إِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ وَحُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ . (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الْأَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خرچ میں میانہ روی نصف معیشت ہے، لوگوں سے محبت کرنا نصف عقل ہے اور اچھی طرح سوال کرنا نصف علم ہے۔ ان چاروں حدیثوں کو شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ

# نرمی، حیا اور خوش خلقی کا بیان

## پہلی فصل

۴۸۴۵ (۱) عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِيْ عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِيْ عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِيْ عَلٰى مَا سِوَاهُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُ قَالَ لِعَائِشَةَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهٗ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهٗ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے، نرمی کو پسند کرتا ہے۔ نرمی پہ دیتا ہے جو سختی پر نہیں دیتا اور نہ نرمی کے سوا کسی اور بات پر دیتا ہے (مسلم) اور اسی کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ سے فرمایا: تم پر نرمی لازم ہے اور سختی و فحش گوئی سے بچو۔ نہیں ہوگی نرمی کسی چیز میں مگر اُسے زینت بخشے گی اور جس چیز سے اسے دور کر دیا جائے اُسے عیب ناک کر دیتی ہے۔

۴۸۴۶ (۲) وَعَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو نرمی سے محروم رکھا گیا وہ بھلائی سے محروم رکھا گیا۔ (مسلم)

۴۸۴۷ (۳) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَاِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيْمَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک انصاری آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنے بھائی کو حیا کی نصیحت کر رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حیا ایمان کا ایک حصہ ہے۔ (متفق علیہ)

۴۸۴۸ (۴) وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ لَا يَاْتِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا نہیں لاتی مگر بھلائی۔ ایک اور روایت میں ہے: حیا ساری ہی بھلائی ہے۔ (متفق علیہ)

۴۸۴۹ (۵) وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی نبوت کی باتوں سے جو بات لوگوں کو ملی وہ یہ ہے کہ جب تجھے حیا نہ رہے تو جو چاہے کر۔ (بخاری)

۴۸۵۰ (۶) وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نیکی اور گناہ کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا تو فرمایا: نیکی حسنِ اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے سینے میں کھٹکے اور لوگوں کا اس پر مطلع ہونا تمہیں ناپسند ہو۔ (مسلم)

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(مسلم)

۴۸۵۱ [7] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّكُمْ اِلَيَّ اَحْسَنَكُمْ اَخْلَاقًا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نزدیک تمہاری سب سے پسندیدہ چیز تمہارا اچھا اخلاق ہے۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

(بخاری)

۴۸۵۲ [8] وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ اَحْسَنَكُمْ اَخْلَاقًا۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہیں جو اخلاق کے لحاظ سے اچھے ہیں۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

(متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۸۵۳ [9] عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ اُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو نرمی سے کچھ حصہ دیا گیا اُسے دنیا اور آخرت کی بھلائی سے حصہ دیا گیا اور جو نرمی سے محروم رکھا گیا وہ دنیا اور آخرت کی بھلائی سے محروم رکھا گیا۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

(شرح السنہ)

۴۸۵۴ [10] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنت سے ہے۔ فحش گوئی سنگ دلی سے ہے اور سنگ دلی جہنم سے ہے۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

(احمد، ترمذی)

۴۸۵۵ [11] وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا خَيْرُ مَا اُعْطِيَ الْاِنْسَانُ قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ)

مزینہ کے ایک آدمی سے روایت ہے کہ لوگ عرض گزار ہوئے کہ انسان کو جو چیزیں دی گئی ہیں اُن میں سے بہتر کیا ہے؟ فرمایا کہ حسنِ اخلاق۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت ہے اور شرح السنہ میں حضرت اُسامہ بن شریک سے ہے۔

۴۸۵۶ [12] وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَلَا الْجَعْظَرِيُّ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الْغَلِيْظُ الْفَظُّ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ فِيْ سُنَنِهٖ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَصَاحِبُ جَامِعِ الْاُصُوْلِ فِيْهِ عَنْ حَارِثَةَ وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ وَلَفْظُهٗ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سخت دل اور سخت کلامی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ کہا کہ اَلْجَوَّاظُ سے مراد تند خو بدمزاج ہے۔ روایت کیا اسے ابوداؤد نے اپنی سنن میں۔ بیہقی نے شعب الایمان میں، صاحب جامع الاصول نے اسی میں حضرت حارثہ سے جیسا کہ شرح السنہ میں ہے۔ اس کے الفاظ ہیں کہ سخت دل سخت کلامی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

www.alahazratnetwork.org



الْجَوَّاظُ الْجَعْظَرِيُّ يُقَالُ الْجَعْظَرِيُّ الْفَظُّ الْغَلِيظُ وَفِي نُسَخِ الْمَصَابِيحِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ وَهْبٍ وَلَفْظُهُ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الَّذِي جَمَعَ وَمَنَعَ وَالْجَعْظَرِيُّ الْغَلِيظُ الْفَظُّ۔

الفظ الغلیظ کا لفظ مصابیح کے نسخوں میں عکرمہ بن وہب سے ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: فرمایا کہ الجواظ وہ ہے جو جمع کرے اور روک رکھے جبکہ الغلیظ الفظ گندے لفظ استعمال کرنے والا ہے۔

۴۸۵۷ / ۱۳ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَثْقَلَ شَيْءٍ يُوضَعُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ وَإِنَّ اللهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيَّ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَرَوَى أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلَ الْأَوَّلَ)

حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی سب سے بھاری چیز جو قیامت کے روز میزان میں رکھی جائے گی وہ حسنِ اخلاق ہے اور اللہ تعالیٰ فحش کلامی کرنے والے بداخلاق سے ناراض ہوتا ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور پہلے حصے کو ابوداؤد نے بھی روایت کیا۔

۴۸۵۸ / ۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ قَائِمِ اللَّيْلِ وَصَائِمِ النَّهَارِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بیشک مومن اپنے حسن اخلاق سے راتوں کو قیام کرنے والے اور دنوں کو روزہ رکھنے والے کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔ (ابوداؤد)

۴۸۵۹ / ۱۵ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّقِ اللهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اللہ سے ڈرو خواہ تم کسی جگہ ہو، برائی کے بعد نیکی کرو جو اُسے مٹا دے اور لوگوں سے اچھے اخلاق کے ساتھ برتاؤ کرو۔ (احمد، ترمذی، دارمی)

۴۸۶۰ / ۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَيْهِ عَلَى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيبٍ سَهْلٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ شخص نہ بتاؤں جو آگ پر حرام ہوتا ہے اور آگ اُس پر حرام ہوتی ہے وہ ہر نرم طبیعت، نرم زبان، گھل مل کر رہنے والا اور درگزر کرنے والا ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۴۸۶۱ / ۱۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيمٌ وَالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِيمٌ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن بھولا بھالا اور باعزت ہوتا ہے اور فاسق چالاک اور بدخلق ہوتا ہے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

۴۸۶۲ / ۱۸ وَعَنْ مَكْحُولٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُونَ هَيِّنُونَ لَيِّنُونَ كَالْجَمَلِ الْأَنِفِ إِنْ قِيدَ انْقَادَ وَإِنْ أُنِيخَ عَلَى صَخْرَةٍ اسْتَنَاخَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مُرْسَلًا)

مکحول سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن نکیل والے اونٹ کی طرح نرم دل ہوتے ہیں۔ اگر اُسے کھینچا جائے تو کھنچا چلا آتا ہے اور پتھر پر بھی بٹھایا جائے تو بیٹھ جاتا ہے۔ اسے ترمذی نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۸۶۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۱۹ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ الَّذِيْ يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلٰى أَذَاهُمْ أَفْضَلُ مِنَ الَّذِيْ لَا يُخَالِطُهُمْ وَلَا يَصْبِرُ عَلٰى أَذَاهُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جو لوگوں سے مل جل کر رہتا ہے اور ان کی اذیتوں پر صبر کرتا ہے اور یہ اُس سے افضل ہے جو لوگوں سے نہ ملے اور اُن کی تکلیفوں پر صبر نہ کرے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۴۸۶۴ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
۲۰ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى أَنْ يُنْفِذَهُ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ فِيْ أَيِّ الْحُوْرِ شَاءَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِأَبِيْ دَاوُدَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَبْنَاءِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ مَلَأَ اللّٰهُ قَلْبَهُ أَمْنًا وَإِيْمَانًا وَذُكِرَ حَدِيْثُ سُوَيْدٍ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ فِيْ كِتَابِ اللِّبَاسِ۔

سہل بن معاذ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے غصے کو پی جائے حالانکہ وہ اُس کے مطابق کرنے پر قدرت رکھتا ہو تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُسے مخلوق کے سرداروں میں بلائے گا اور اُسے اختیار دے گا کہ جس حور کو چاہے پسند کرے (ترمذی، ابوداؤد) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور ابوداؤد کی ایک روایت سُوید بن وہب، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی کے صاحبزادے نے اپنے والد ماجد سے روایت کی۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اُس کے دل کو امن اور ایمان سے بھر دے گا اور مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ والی حدیث سُوید پیچھے کتاب اللباس میں مذکور ہوئی۔

## تیسری فصل

۴۸۶۵ عَنْ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۲۱ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْإِسْلَامِ الْحَيَاءُ (رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنْ أَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ)

زید بن طلحہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دین کا ایک خلق ہوتا ہے اور اسلام کا خلق حیا ہے۔ روایت کیا اسے مالک نے مرسلاً اور روایت کیا اسے ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس اور حضرت ابن عباس سے۔

۴۸۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۲۲ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْحَيَاءَ وَالْإِيْمَانَ قُرَنَاءُ جَمِيْعًا فَإِذَا رُفِعَ أَحَدُهُمَا رُفِعَ الْآخَرُ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَإِذَا سُلِبَ أَحَدُهُمَا تَبِعَهُ الْآخَرُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا اور ایمان دونوں کو ایک دوسرے سے ملا دیا گیا ہے۔ جب ان میں سے ایک کو اٹھا لیا جاتا ہے تو دوسری چیز بھی اُٹھ جاتی ہے اور حضرت ابن عباس کی روایت میں ہے کہ جب ان میں سے ایک چیز چھین لی جاتی ہے تو دوسری بھی اُس کے پیچھے چلی جاتی ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

۴۸۶۷ وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ كَانَ اٰخِرُ مَا وَصَّانِيْ بِهٖ
۲۳ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وَضَعْتُ رِجْلِيْ فِي الْغَرْزِ أَنْ قَالَ يَا مُعَاذُ أَحْسِنْ خُلُقَكَ لِلنَّاسِ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے آخری وصیت جو فرمائی جبکہ میں نے رکاب میں پاؤں رکھا تو فرمایا: اے معاذ! لوگوں کے لیے اپنے خلق کو سنوار لینا۔ (مالک)

۴۸۶۸ وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

امام مالک کو یہ روایت پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

www.alahazratnetwork.org



فِی الْمُوَطَّاءِ وَرَوَاہُ اَحْمَدُ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ)

مؤطا میں اور روایت کیا اسے احمد نے حضرت ابوہریرہ سے۔

۴۸۶۹/۲۵ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ فِی الْمِرْاٰۃِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ حَسَّنَ خَلْقِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَاشَانَ مِنْ غَیْرِیْ۔ (رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ مُرْسَلًا)

جعفر بن محمد سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب آئینے میں نظر فرماتے تو کہتے: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے میری صورت اور سیرت اچھی بنائی اور میرے ساتھ زینت بخشی جس نے میرے غیر کو عیبی کیا۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۸۷۰/۲۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے: اے اللہ! تُو نے میری صورت خوب بنائی لہٰذا میری سیرت بھی اور بہتر کردے۔ (احمدؒ)

۴۸۷۱/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ قَالُوْا بَلٰی قَالَ خِیَارُکُمْ اَطْوَلُکُمْ اَعْمَارًا وَاَحْسَنُکُمْ اَخْلَاقًا۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں جو تم میں سے بہتر ہیں؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ فرمایا کہ تم میں سے اچھے وہ ہیں جن کی عمریں لمبی اور جن کے اخلاق اچھے ہیں۔ (احمد)

۴۸۷۲/۲۸ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ وَالدَّارِمِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کے لحاظ سے وہ کامل مومن ہیں جن کا اخلاق اچھا ہے۔

(ابوداؤد، دارمی)

۴۸۷۳/۲۹ وَعَنْہُ اَنَّ رَجُلًا شَتَمَ اَبَا بَکْرٍ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ یَتَعَجَّبُ وَیَتَبَسَّمُ فَلَمَّا اَکْثَرَ رَدَّ عَلَیْہِ بَعْضَ قَوْلِہٖ فَغَضِبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَامَ فَلَحِقَہٗ اَبُوْبَکْرٍ وَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کَانَ یَشْتِمُنِیْ وَاَنْتَ جَالِسٌ فَلَمَّا رَدَدْتُّ عَلَیْہِ بَعْضَ قَوْلِہٖ غَضِبْتَ وَقُمْتَ قَالَ کَانَ مَعَکَ مَلَکٌ یَرُدُّ عَلَیْہِ فَلَمَّا رَدَدْتَّ عَلَیْہِ وَقَعَ الشَّیْطٰنُ ثُمَّ قَالَ یَا اَبَا بَکْرٍ ثَلٰثٌ کُلُّھُنَّ حَقٌّ مَا مِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ بِمَظْلِمَۃٍ فَیُغْضِیْ عَنْھَا لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا اَعَزَّ اللّٰہُ بِھَا نَصْرَہٗ وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ عَطِیَّۃٍ یُرِیْدُ بِھَا صِلَۃً اِلَّا زَادَہُ اللّٰہُ بِھَا کَثْرَۃً وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ مَسْئَلَۃٍ یُرِیْدُ بِھَا کَثْرَۃً اِلَّا زَادَہُ اللّٰہُ بِھَا قِلَّۃً۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابوبکر کو گالی دی اور نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متعجب بیٹھے مسکرا رہے تھے۔ جب اُس نے زیادہ دیں تو انہوں نے ایک کا جواب دے دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہو کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر جا ملے اور عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! جب وہ مجھے گالیاں دے رہا تھا تو آپ بیٹھے رہے اور جب میں نے اُس کی ایک بات کا جواب دیا تو آپ ناراض ہو کر اُٹھ کھڑے ہوئے؟ فرمایا کہ تمہارے ساتھ فرشتہ تھا جو اُسے جواب دے رہا تھا۔ جب تم نے جواب دیا تو شیطان بھی آ کودا۔ پھر فرمایا کہ اے ابوبکر! تین باتیں بالکل سچی ہیں۔ جس بندے پر صریحاً ظلم کیا جائے اور وہ اللہ کی رضا کے لیے چشم پوشی کر جائے تو اس کے باعث اللہ تعالیٰ اُسے مزید منصور کرے گا۔ جس آدمی نے بخشش کا دروازہ کھولا جس سے اُس کا ارادہ صلہ رحمی کرنے کا ہے تو اس کے باعث اللہ تعالیٰ اُس کے مال کو اور بڑھا دے گا اور جس آدمی نے سوال کا دروازہ کھولا اور ارادہ مال کو بڑھانے کا ہو تو اللہ تعالیٰ اُس کے مال میں قلت کو بڑھا دے گا۔ (احمد)۔

۴۸۷۴/۳۰ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِاَهْلِ بَيْتٍ رِفْقًا اِلَّا نَفَعَهُمْ وَلَا يُحْرِمُهُمْ اِيَّاهُ اِلَّا ضَرَّهُمْ۔
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ارادہ کرتا اللہ تعالیٰ کسی گھر والوں کے ساتھ نرمی کا مگر انہیں نفع دیتا ہے اور نہیں محروم کرتا کسی کو اس سے مگر اُنہیں نقصان دیتا ہے۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

# بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ — غصے اور تکبر کا بیان

## پہلی فصل

۴۸۷۵ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِيْ قَالَ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغْضَبْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوا کہ مجھے وصیت فرمائیے۔ فرمایا کہ غصے میں نہ آیا کرو۔ اور اسی کو بار بار دہرایا کہ غصے میں نہ آیا کرو۔ (بخاری)

۴۸۷۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلوان وہ نہیں جو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔
(متفق علیہ)

۴۸۷۷ وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)
وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ كُلُّ جَوَّاظٍ زَنِيْمٍ مُتَكَبِّرٍ۔

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اہل جنت کے بارے میں نہ بتاؤں؟ ہر کمزور جس کو کمزور سمجھا جائے لیکن اگر وہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھائے تو وہ اُسے سچا کردے۔ کیا میں تمہیں جہنمیوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہر بدزبان، بدکار اور متکبر (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں بدزبان فتنہ طراز اور متکبر ہے۔

۴۸۷۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ اِيْمَانٍ وَّلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنْ كِبْرٍ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا کوئی شخص جہنم میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو اور ایسا کوئی شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہو۔
(مسلم)

۴۸۷۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ اَنْ يَّكُوْنَ ثَوْبُهٗ حَسَنًا وَّنَعْلُهٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہو۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ ایک آدمی چاہتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں، اُس کے جوتے اچھے ہوں، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور حسن و جمال کو پسند

www.alahazratnetwork.org



۴۸۸۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۶
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَفِیْ رِوَايَةٍ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز کلام نہیں فرمائے گا اور نہ انھیں پاک کرے گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ اُن کی طرف نظر نہیں فرمائے گا اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ یعنی بوڑھا زانی، جھوٹا بادشاہ اور مفلس متکبر۔ (مسلم)

۴۸۸۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
۷
وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ وَاحِدًا مِّنْهُمَا اَدْخَلْتُهُ النَّارَ وَفِیْ رِوَايَةٍ قَذَفْتُهُ فِی النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بڑائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے۔ جو ان میں سے کوئی چیز مجھ سے چھینے گا تو اُسے جہنم میں داخل کروں گا۔ دوسری روایت میں ہے کہ اُسے جہنم میں پھینک دوں گا۔

(مسلم)

## دوسری فصل

۴۸۸۲ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۸
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِنَفْسِهٖ حَتّٰى يُكْتَبَ فِی الْجَبَّارِيْنَ فَيُصِيْبُهٗ مَا اَصَابَهُمْ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی برابر اپنے نفس کے ساتھ جاتا رہتا ہے یہاں تک کہ اُسے متکبروں میں لکھ لیا جاتا ہے اور پھر اُن کے انجام تک پہنچ جاتا ہے۔ (ترمذی)

۴۸۸۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ
۹
عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ اَمْثَالَ الذَّرِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِیْ صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يُسَاقُوْنَ اِلٰى سِجْنٍ فِیْ جَهَنَّمَ يُسَمّٰى بُوْلَسَ تَعْلُوْهُمْ نَارُ الْاَنْيَارِ يُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَةِ اَهْلِ النَّارِ طِيْنَةِ الْخَبَالِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: متکبرین کو آدمیوں کی شکل میں چیونٹیوں کی طرح قیامت کے روز جمع کیا جائے گا۔ ذلت اُن پر ہر طرف سے چھا جائے گی اور انھیں جہنم کے بولس قید خانے کی طرف ہانکا جائے گا۔ اُن کے اوپر آگ ہی آگ ہوگی۔ وہ طینۃ الخبال نامی جہنمیوں کی گندگیوں کا نچوڑ پلائے جائیں گے۔

(ترمذی)

۴۸۸۴ وَعَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِیِّ قَالَ قَالَ
۱۰
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَاِنَّ الشَّيْطٰنَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَاِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عطیہ بن عروہ سعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور پانی ہی آگ کو بجھاتا ہے۔ لہٰذا جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو وضو کر لیا کرے۔

(ابوداؤد)

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی کو غصہ آئے اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے۔ اگر غصہ چلا جائے تو فبہا ورنہ لیٹ جائے۔

(احمد، ترمذی)

۴۸۸۶
۱۲ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالَ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهَا وَلَهَا وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَا وَطَغٰى وَنَسِيَ الْمُبْتَدَاَ وَالْمُنْتَهٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ طَمَعٌ يَقُوْدُهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ هَوًى يُضِلُّهُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رَغَبٌ يُذِلُّهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ لَيْسَ اِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ اَيْضًا هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو اپنے آپ کو اونچا سمجھے اکڑ دکھائے اور خدائے بزرگ و برتر کو بھول جائے۔ بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو ظلم اور زیادتی کرے اور خدائے جبّار و اعلیٰ کو بھول جائے۔ لہو و لعب میں پھنسا رہے اور قبروں کو اور گل جانے کو بھول جائے۔ بُرا بندہ وہ بندہ ہے جو غرور کرے اور حد سے بڑھ جائے اور اپنی ابتدا و انتہا کو بھول جائے۔ بُرا بندہ وہ ہے جو دنیا کو دین کے ذریعے دھوکا دے۔ بُرا بندہ وہ ہے جو دین کو شبہات سے بگاڑے۔ بُرا بندہ وہ ہے جس کو طمع کھینچتی پھرے۔ بُرا بندہ وہ ہے جس کو نفسانی خواہش گمراہ کرے۔ بُرا بندہ وہ ہے جس کو خواہشات ذلیل کر دیں۔ روایت کیا اسے ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور کہا کہ اس کی اسناد قوی نہیں ہے۔ ترمذی نے بھی ایسا ہی کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

## تیسری فصل

۴۸۸۷
۱۳ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجَرَّعَ عَبْدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ يَكْظِمُهَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی بندے نے اللہ تعالیٰ کے نزدیک غصے کے گھونٹ سے افضل کوئی گھونٹ نہیں پیا جس کو وہ رضائے الٰہی کے لیے پیے۔ (احمد)

۴۸۸۸
۱۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْاِسَاءَةِ فَاِذَا فَعَلُوْا عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ قَرِيْبٌ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ارشادِ باری تعالیٰ: بُرائی کو بھلائی سے دفع کرو ... (۲۳:۹۶) کے متعلق فرمایا: یہ غصے کے وقت صبر کرنا اور بُرائی کے وقت درگزر کرنا ہے۔ جب ایسا کریں تو انہیں اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتا اور اُن کے دشمنوں کو اتنا جھکا دیتا ہے کہ اُن کے جگری اور قریبی دوست ہو جاتے ہیں۔ اسے بخاری نے تعلیقاً روایت کیا ہے۔

۴۸۸۹
۱۵ وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْاِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

بہز بن حکیم اُن کے والد ماجد اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ ایمان کو ایسے خراب کر دیتا ہے جیسے ایلوا شہد کو خراب کر دیتا ہے۔

www.alahazratnetwork.org



۴۸۹۰/۱۶ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا أَيُّهَا النَّاسُ تَوَاضَعُوا فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِي نَفْسِهِ صَغِيرٌ وَفِي أَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيمٌ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيرٌ وَفِي نَفْسِهِ كَبِيرٌ حَتَّى لَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِمْ مِنْ كَلْبٍ أَوْ خِنْزِيرٍ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جبکہ وہ منبر پر تھے: اے لوگو! تواضع اختیار کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اللہ کے لیے تواضع اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے بلند فرما دیتا ہے۔ وہ اگر فی نفسہٖ چھوٹا ہو لیکن لوگوں کی نگاہوں میں بڑا ہو جاتا ہے اور جو تکبر کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کو گرا دیتا ہے وہ لوگوں کی نظروں میں چھوٹا ہو جاتا ہے اگرچہ فی نفسہٖ بڑا ہو، یہاں تک کہ وہ لوگوں کی نظر میں کتے اور خنزیر سے بھی ذلیل ہوتا ہے۔ (بیہقی)۔

۴۸۹۱/۱۷ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوسَى ابْنُ عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَبِّ مَنْ أَعَزُّ عِبَادِكَ عِنْدَكَ قَالَ مَنْ إِذَا قَدَرَ غَفَرَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام عرض گزار ہوئے: اے رب! تیرے بندوں میں سے تیرے نزدیک سب سے معزز کون ہے؟ فرمایا کہ جو قدرت رکھتے ہوئے بھی معاف کر دے۔ (بیہقی)۔

۴۸۹۲/۱۸ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ خَزَنَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهُ كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنِ اعْتَذَرَ إِلَى اللّٰهِ قَبِلَ اللّٰهُ عُذْرَهُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے زبان کو روکا تو اللہ تعالیٰ اُس کے عیوب پر پردہ ڈالے گا، جس نے غصہ کو روکا تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس سے اپنے عذاب کو روک لے گا اور جس نے اللہ کے لیے عذر قبول کیا تو اللہ تعالیٰ اُس کا عذر قبول فرمائے گا۔ (بیہقی)۔

۴۸۹۳/۱۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مُنْجِيَاتٌ وَثَلٰثٌ مُهْلِكَاتٌ فَأَمَّا الْمُنْجِيَاتُ فَتَقْوَى اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِي الرِّضٰى وَالسَّخَطِ وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ وَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَهَوًى مُتَّبَعٌ وَشُحٌّ مُطَاعٌ وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ وَهِيَ أَشَدُّهُنَّ۔
(رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيثَ الْخَمْسَةَ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں نجات دلانے والی اور تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں۔ نجات دلانے والی چیزوں سے جلوت و خلوت میں اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنا، رضامندی اور ناراضگی میں حق بات کہنا اور امیری و غریبی میں میانہ روی اختیار کرنا ہے۔ ہلاک کرنے والی چیزوں سے خواہشات کی پیروی، طمع کی فرمانبرداری اور آدمی کا اپنے اوپر گھمنڈ کرنا ہے اور یہ چیز سب سے سخت تر ہے۔ ان پانچوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ الظُّلْمِ

# ظلم کا بیان

## پہلی فصل

۴۸۹۴/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ظلم قیامت کے روز اندھیرا ہوگا۔ (متفق علیہ)

www.alahazratnetwork.org



۴۸۹۵ (۲) وَعَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِي الظَّالِمَ حَتّٰى إِذَا أَخَذَهٗ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَءَ وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۔ الْاٰيَةَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے، یہاں تک کہ جب پکڑتا ہے تو چھوڑتا نہیں۔ پھر یہ آیت تلاوت کی: اور تمہارے رب کی پکڑ اسی طرح کی ہے جبکہ اُس نے بستی والوں کو پکڑا اور وہ ظالم تھے۔

(متفق علیہ)

۴۸۹۶ (۳) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرَّ بِالْحِجْرِ قَالَ لَا تَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ أَنْ يُّصِيْبَكُمْ مَا أَصَابَهُمْ ثُمَّ قَنَّعَ رَأْسَهٗ وَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى اجْتَازَ الْوَادِيَ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب حجر کے پاس سے گزرے تو فرمایا: نہ داخل ہونا تم اُن لوگوں کے گھروں میں جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا مگر یہ کہ روتے ہوئے، مبادا تمہیں بھی وہی پہنچے جو عذاب اُنھیں پہنچا تھا۔ پھر آپ نے سر کو جھکا لیا، تیزی سے چلنے لگے اور وادی سے گزر گئے۔ (متفق)۔

۴۸۹۷ (۴) وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ مَظْلِمَةٌ لِأَخِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ أَوْ شَيْءٍ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْيَوْمَ قَبْلَ أَنْ لَّا يَكُوْنَ دِيْنَارٌ وَّلَا دِرْهَمٌ إِنْ كَانَ لَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ أُخِذَ مِنْهُ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِهٖ وَإِنْ لَّمْ تَكُنْ لَهٗ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهٖ فَحُمِلَ عَلَيْهِ ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی پر ظلم کیا ہو آبروریزی کر کے یا کسی اور طرح تو اُس روز سے پہلے اُس سے معاف کروالے جبکہ اُس کے پاس دینار ہوگا نہ درہم۔ اگر اُس کے پاس نیک اعمال ہوئے تو اُس ظلم کے برابر اُس سے لے لیے جائیں گے اور اگر اُس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو مظلوم کے گناہ لے کر اُس پر ڈال دیے جائیں گے۔

(بخاری)

۴۸۹۸ (۵) وَعَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِيْ مَنْ يَّأْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِصَلٰوةٍ وَّصِيَامٍ وَّزَكٰوةٍ وَّيَأْتِيْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَأَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ أَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم میں سے مفلس وہ ہے جس کے پاس درہم و دینار اور مال و متاع نہ ہو۔ فرمایا کہ میری اُمت میں سے مفلس وہ ہے جو قیامت کے روز نماز، روزے اور زکوٰۃ کے ساتھ آئے گا لیکن اِس کو گالی دی ہوگی، اُس پر تہمت لگائی ہوگی، اُس کا مال کھایا ہوگا، اُس کا خون بہایا ہوگا اور اُس کو پیٹا ہوگا۔ پس اُن کی نیکیوں میں سے اِسے اور اُسے دی جائیں گی۔ اگر اُس کی نیکیاں سب کے حقوق پورے ہونے سے پہلے ختم ہوگئیں تو باقی لوگوں کے گناہ لے کر اُس پر ڈال دیے جائیں گے۔ پھر اُسے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ (مسلم)

۴۸۹۹ (۶) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [illegible]

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے [illegible]

www.alahazratnetwork.org



(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ جَابِرٍ اِتَّقُوا الظُّلْمَ فِيْ بَابِ الْاِنْفَاقِ)

سے بدل دیا جائیگا (مسلم) اور اتّقوا الظّلم والی حدیث جابر پچھلے باب الانفاق میں مذکور ہو گئی۔

## دوسری فصل

۴۹۰۰ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُوْنُوْا اِمَّعَةً تَقُوْلُوْنَ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَحْسَنَّا وَاِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَنْ تُحْسِنُوْا وَاِنْ اَسَاءُوْا فَلَا تَظْلِمُوْا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ نقال نہ بن کر کہنے لگو: اگر لوگوں نے نیکی کی تو ہم بھی نیکی کریں گے اور اگر انھوں نے ظلم کیا تو ہم بھی ظلم کریں گے بلکہ تم اپنے نفسوں کو اطمینان دلاؤ کہ لوگ نیکی کریں تو تم بھی نیکی کرو اور اگر لوگ برا کریں تو تم ظلم نہیں کروگے۔ (ترمذی)۔

۴۹۰۱ [8] وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى عَائِشَةَ اَنِ اكْتُبِيْ اِلَيَّ كِتَابًا تُوْصِيْنِيْ فِيْهِ وَلَا تُكْثِرِيْ فَكَتَبَتْ سَلَامٌ عَلَيْكَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ وَكَلَهُ اللّٰهُ اِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت معاویہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے لکھا کہ میرے لیے گرامی نامہ لکھیے اور اس میں مجھے وصیت فرمائیے لیکن زیادہ الفاظ نہ ہوں۔ پس انھوں نے لکھا: آپ پر سلام، اما بعد: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو لوگوں کو ناراض کرکے بھی رضائے الٰہی تلاش کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے لوگوں کی دشمنی سے کفایت کرتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کو ناراض کرکے لوگوں کی رضامندی تلاش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے لوگوں کے سپرد کردیتا ہے اور آپ پر سلام ہو۔ (ترمذی)

## تیسری فصل

۴۹۰۲ [9] عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ ذٰلِكَ اِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا قَوْلَ لُقْمَانَ لِابْنِهٖ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَيْسَ هُوَ كَمَا تَظُنُّوْنَ اِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب آیت نازل ہوئی: جو ایمان لائے اور وہ اپنے ایمانوں میں ظلم کو نہیں ملاتے (۶: ۸۲) تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب اس پر بہت پریشان ہوئے اور عرض گذار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم میں سے کون ہے جو اپنی جان پر ظلم نہیں کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بات یوں نہیں ہے کیا تم لقمان کا قول نہیں سنتے کہ اپنے بیٹے سے کہا: اے بیٹے! اللہ کے ساتھ شرک نہ کر، بیشک شرک بہت بڑا ظلم ہے (۳۱: ۱۳) اور اس روایت میں وہ بات نہیں جو تمہارا خیال ہے بلکہ وہ بات ہے جو لقمان نے اپنے بیٹے سے کہی۔ (متفق)

۴۹۰۳ [10] وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ [illegible]

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مرتبے کے لحاظ سے قیامت کے روز سب انسانوں [illegible]

۴۹۰۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
۱۱ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّوَاوِيْنُ ثَلٰثَةٌ دِيْوَانٌ لَا يَغْفِرُ
اللّٰهُ الْاِشْرَاكَ بِاللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَدِيْوَانٌ لَا يَتْرُكُهُ اللّٰهُ ظُلْمُ
الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ حَتّٰى يَقْتَصَّ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ
وَّدِيْوَانٌ لَا يَعْبَأُ اللّٰهُ بِهٖ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَ
بَيْنَ اللّٰهِ فَذَاكَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ وَاِنْ شَاءَ
تَجَاوَزَ عَنْهُ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہوں کے دفتر تین قسم کے ہیں۔ ایک دفتر والوں کو نہیں بخشے گا، وہ اللہ کے ساتھ شرک کرنا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نہیں بخشے گا کہ اُس کے ساتھ شرک کیا جائے (۴: ۴۸) دوسرے دفتر والوں کو اللہ تعالیٰ نہیں چھوڑے گا جنھوں نے بندوں پر ظلم کیا ہو گا۔ یہاں تک کہ ایک کا دوسرے سے بدلہ لیا جائے گا۔ تیسرا وہ جس کی اللہ تعالیٰ کو پروا نہیں کہ وہ بندوں کا ظلم ہے اور وہ بندوں اور اللہ کے درمیان ہے پس یہ اللہ تعالیٰ کی مرضی پر ہے کہ چاہے اُسے عذاب دے اور چاہے تو اُس سے درگزر کرے۔ (بیہقی)۔

۴۹۰۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
۱۲ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّمَا يَسْأَلُ
اللّٰهَ حَقَّهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمْنَعُ ذَا حَقٍّ حَقَّهٗ
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی بد دعا سے بچو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ سے اپنا حق مانگتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی حقدار کو اُس کا حق لینے سے نہیں روکتا۔ (بیہقی)

۴۹۰۶ وَعَنْ اَوْسِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ
۱۳ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ مَشٰى مَعَ ظَالِمٍ
لِيُقَوِّيَهٗ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ ظَالِمٌ فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْاِسْلَامِ
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت اوس بن شرحبیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: جو ظالم کے ساتھ اُسے تقویت دینے کے لیے چلا اور یہ جانتے ہوئے کہ وہ ظالم ہے تو اسلام سے نکل گیا۔ (بیہقی)۔

۴۹۰۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلًا يَقُوْلُ اِنَّ
۱۴ الظَّالِمَ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَلٰى وَاللّٰهِ
حَتَّى الْحُبَارٰى لَتَمُوْتُ فِيْ وَكْرِهَا هُزْلًا لِظُلْمِ الظَّالِمِ
(رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اُنھوں نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سُنا: ظالم نہیں نقصان کرتا مگر اپنی جان کا۔ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا: کیوں نہیں خدا کی قسم ظالم کے ظلم کے باعث تو بٹیریں بھی اپنے گھونسلوں میں دبلی ہو کر مر جاتی ہیں۔ بیہقی نے یہ چاروں حدیثیں کتاب شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ

# نیک باتوں کا حکم دینا

## پہلی فصل

۴۹۰۸ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ
۱ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا
فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ
يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے بُرا کام دیکھے تو اُسے ہاتھ سے روک دے۔ اگر اس کی طاقت نہیں رکھتا تو زبان سے۔ اگر اس کی طاقت بھی نہیں رکھتا تو دل سے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے۔

www.alahazratnetwork.org



۴۹۰۹ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُدْهِنِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا مَثَلُ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا سَفِيْنَةً فَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ أَسْفَلِهَا وَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ أَعْلَاهَا فَكَانَ الَّذِيْ فِيْ أَسْفَلِهَا يَمُرُّ بِالْمَاءِ عَلَى الَّذِيْنَ فِيْ أَعْلَاهَا فَتَأَذَّوْا بِهٖ فَأَخَذَ فَأْسًا فَجَعَلَ يَنْقُرُ أَسْفَلَ السَّفِيْنَةِ فَأَتَوْهُ فَقَالُوْا مَا لَكَ قَالَ تَأَذَّيْتُمْ بِيْ وَلَابُدَّ لِيْ مِنَ الْمَاءِ فَإِنْ أَخَذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ أَنْجَوْهُ وَنَجَّوْا أَنْفُسَهُمْ وَإِنْ تَرَكُوْهُ أَهْلَكُوْهُ وَأَهْلَكُوْا أَنْفُسَهُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی حدود میں سستی کرنے والوں اور اُن میں گرنے والوں کی مثال اُن لوگوں جیسی ہے جنھوں نے کشتی میں قرعہ ڈالا۔ پس کچھ لوگ اُسکے نچلے حصے میں رہے اور کچھ اوپر والے میں نیچے والے پانی لے کر اوپر والوں کے پاس سے گزرتے تھے اس پر تکلیف دی جاتی تو اُنھوں نے کلہاڑی لی اور کشتی کا نچلا حصہ توڑنا شروع کر دیا۔ فریق ثانی نے آ کر کہا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہا کہ میری وجہ سے تمہیں تکلیف ہوتی ہے اور مجھے پانی کی ضرورت ہے، اگر وہ اُس کا ہاتھ پکڑ لیں تو اُسے بچا لیں گے اور اپنی جانوں کو بھی اور اگر چھوڑ دیں تو اُسے ہلاک کر دیں گے اور اپنی جانوں کو بھی ہلاک کر لیں گے۔

(بخاری)

۴۹۱۰ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ أَقْتَابُهٗ فِي النَّارِ فَيَطْحَنُ فِيْهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ بِرَحَاهُ فَيَجْتَمِعُ أَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُوْنَ أَيْ فُلَانُ مَا شَأْنُكَ أَلَيْسَ كُنْتَ تَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ اٰمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِيْهِ وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز ایک آدمی کو لایا جائے گا اور اُسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ آگ میں اُس کی انتڑیاں نکل پڑیں گی۔ وہ پھرے گا جیسے گدھا چکی کے گرد پھرتا ہے۔ جہنمی اُس کے پاس جمع ہو کر کہیں گے، اے فلاں! کیا بات ہے جبکہ آپ تو ہمیں نیکی کا حکم دیتے اور بُرائی سے روکتے تھے، وہ کہے گا کہ میں تمہیں نیکی کا حکم دیتا تھا لیکن خود نہیں کرتا تھا۔ تمہیں بُرائی سے روکتا تھا لیکن خود ہی کرتا تھا۔

(متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۹۱۱ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ أَوْ لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ أَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ عِنْدِهٖ ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ وَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے تم ضرور نیک کاموں کا حکم کرنا اور بُرے کاموں سے منع کرتے رہنا ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنے پاس سے عذاب بھیج دے گا۔ پھر تم اُس سے دعا کرو گے تو تمہاری دعا قبول نہیں کی جائے گی۔ (ترمذی)۔

۴۹۱۲ وَعَنِ الْعُرْسِ بْنِ عَمِيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِي الْأَرْضِ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ

حضرت عُرس بن عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب زمین میں گناہ کیا جائے تو جو وہاں موجود ہو اور وہ اُسے ناپسند کرے تو ایسا ہے جیسے وہاں موجود نہیں اور جو موجود

www.alahazratnetwork.org



عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

نہیں لیکن اُس سے راضی ہے تو وہ ایسا ہے جیسے موجود ہو۔

(ابوداؤد)

۴۹۱۳ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ۔ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوْا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهٖ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِي اُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ ثُمَّ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا ثُمَّ لَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِيْ اُخْرٰى لَهٗ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ هُمْ اَكْثَرُ مِمَّنْ يَّعْمَلُهٗ)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو اے ایمان والو! تم پر اپنی جانوں کو بچانا لازم ہے۔ گمراہ ہونے والا تمہیں کوئی نقصان نہیں دے گا۔ جبکہ تم ہدایت پر ہو (۵: ۱۰۵) میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ لوگ جب کوئی بُرا کام دیکھیں اور اُس سے نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن پر اپنا عذاب بھیج دے۔ روایت کیا ہے ابن ماجہ اور ترمذی نے اور اس کو صحیح کہا اور ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ اگر ظالم کو دیکھیں اور اُس کے ہاتھ نہ پکڑیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن پر اپنا عذاب بھیج دے اور اسی کی دوسری روایت میں ہے کہ جس قوم میں گناہ کیے جاتے ہوں اور لوگ انہیں روکنے پر قدرت رکھتے ہوں لیکن نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن پر عذاب بھیج دے اور اسی کی ایک روایت میں ہے کہ جس قوم میں گناہ کیے جاتے ہوں اور کرنے والوں سے دوسرے لوگ زیادہ ہوں۔

۴۹۱۴ وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتُوْا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: کسی قوم کا کوئی آدمی اُن کے درمیان گناہ کرتا ہو اور وہ اُسے روکنے کی طاقت رکھتے ہوں لیکن نہ روکیں تو اللہ تعالیٰ اُن سب پر عذاب بھیجے گا اس سے پہلے کہ وہ مریں۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

۴۹۱۵ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَاَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى اِذَا رَاَيْتَ شُحًّا مُّطَاعًا وَّهَوًى مُّتَّبَعًا وَّدُنْيَا مُّؤْثَرَةً وَّاِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَاْيٍ بِرَاْيِهٖ وَرَاَيْتَ اَمْرًا لَّا بُدَّ لَكَ مِنْهُ فَعَلَيْكَ نَفْسَكَ وَدَعْ اَمْرَ الْعَوَامِّ فَاِنَّ وَرَاءَكُمْ اَيَّامَ الصَّبْرِ فَمَنْ صَبَرَ فِيْهِنَّ قَبَضَ

حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد باری تعالیٰ: تم پر اپنی جانوں کو بچانا لازم ہے۔ گمراہ ہونے والا تمہیں کوئی نقصان نہیں دے گا جبکہ تم ہدایت پر ہو (۵: ۱۰۵) کے متعلق فرمایا: خدا کی قسم، میں نے اس کے متعلق رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو فرمایا: تم نیکی کا حکم کرتے رہو اور بُرے کاموں سے روکتے رہو، یہاں تک کہ جب دیکھو کہ بخل کی تابعداری کی جا رہی ہے، خواہشات کی پیروی ہو رہی ہے، دنیا کو ترجیح دی جا رہی ہے، ہر ایک اپنی رائے پر نازاں ہو اور ایسا معاملہ دیکھو کہ چارۂ کار کوئی نہ ہو تو تم پر خود کو بچانا لازم ہے اور عوام کو چھوڑ دو کیونکہ تیرے پیچھے صبر کے دن ہیں

www.alahazratnetwork.org



على الجمر للعامل فيهن أجر خمسين رجلا يعملون مثل عمله قال يا رسول الله أجر خمسين منهم قال أجر خمسين منكم۔

(رواه الترمذي وابن ماجة)

۴۹۱۶/۹ وعن أبي سعيد الخدري قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم خطيبا بعد العصر فلم يدع شيئا يكون إلى قيام الساعة إلا ذكره حفظه من حفظه ونسيه من نسيه وكان فيما قال إن الدنيا حلوة خضرة وإن الله مستخلفكم فيها فناظر كيف تعملون ألا فاتقوا الدنيا واتقوا النساء وذكر أن لكل غادر لواء يوم القيامة بقدر غدرته في الدنيا وما غدر أكبر من غدر أمير العامة يغرز لواؤه عند استه قال لا يمنعن أحدا منكم هيبة الناس أن يقول بحق إذا علمه وفي رواية إن رأى منكرا أن يغيره فبكى أبو سعيد قال قد رأيناه فمنعتنا هيبة الناس أن نتكلم فيه ثم قال ألا إن بني آدم خلقوا على طبقات شتى فمنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت مؤمنا ومنهم من يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت كافرا ومنهم من يولد مؤمنا ويحيى مؤمنا ويموت كافرا ومنهم من يولد كافرا ويحيى كافرا ويموت مؤمنا۔ قال وذكر الغضب فمنهم من يكون سريع الغضب سريع الفيء فإحداهما بالأخرى ومنهم من يكون بطيء الغضب بطيء الفيء فإحداهما بالأخرى وخياركم من يكون بطيء الغضب سريع الفيء وشراركم من يكون سريع الغضب بطيء الفيء قال اتقوا الغضب فإنه جمرة على قلب ابن آدم ألا ترون إلى انتفاخ أوداجه وحمرة عينيه فمن أحس بشيء من

جس نے اُن دنوں میں صبر کیا تو گویا چنگاری پکڑی۔ اُن دنوں میں عمل کرنے والے کو پچاس آدمیوں کے برابر ثواب ہے۔ جو اُسی کی طرح عمل کرتے ہوں۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! اُن کے پچاس جتنا؟ فرمایا کہ تمہارے پچاس آدمیوں جتنا ثواب۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم عصر کے بعد ہمارے درمیان خطبہ دینے کھڑے ہو گئے۔ پس آپ نے قیامت تک ہونے والی کوئی چیز نہ چھوڑی مگر اُس کا ذکر کر دیا۔ یاد رکھا جس نے یاد رکھا اور جو بھول گیا وہ بھول گیا۔ اسی میں آپ نے فرمایا: بیشک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی تم کو خلافت دینے والا ہے۔ پس دیکھو کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ خبردار! دنیا سے بچو اور عورتوں سے بچو اور ذکر فرمایا کہ قیامت کے روز ہر دغا باز کے لیے اُس کی دنیاوی دغا بازی کے مطابق جھنڈا ہوگا اور حاکم کی عام دغا بازی سے بڑھ کر کوئی دغا بازی نہیں۔ اُس کا جھنڈا اُس کے پاخانے کی جگہ کے پاس گاڑا جائے گا۔ فرمایا کہ تم میں سے کسی کو لوگوں کا خوف حق بات کہنے سے نہ روکے جبکہ اُسے معلوم ہو۔ ایک روایت میں ہے کہ اگر بُرا کام دیکھے تو اُس سے روکے۔ پس حضرت ابو سعید رو پڑے اور فرمایا: ہم اُسے دیکھتے ہیں اور لوگوں کی ہیبت ہمیں اُس کے متعلق بولنے سے روکتی ہے۔ پھر فرمایا کہ آدمی مختلف درجوں کے پیدا کیے گئے ہیں۔ بعض وہ ہیں جو مومن پیدا ہوتے ہیں، مومن ہی زندہ رہتے ہیں اور مومن مرتے ہیں اور اُن میں سے بعض کافر پیدا ہوتے، کافر زندہ رہتے اور کافر ہی مرتے ہیں اور اُن میں سے بعض مومن پیدا ہوتے، مومن زندہ رہتے اور کافر مرتے ہیں اور اُن میں سے بعض کافر پیدا ہوتے، کافر زندہ رہتے اور مومن مرتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے غصے کا ذکر فرمایا کہ اُن میں سے بعض کو جلد غصہ آتا اور جلد چلا جاتا ہے۔ پس ایک دوسرے کے ساتھ ہے۔ اُن میں سے بعض کو دیر سے غصہ آتا اور دیر سے جاتا ہے۔ بس ایک دوسرے کے ساتھ ہے۔ تم میں سے بہتر وہ ہیں جن کو دیر سے غصہ آئے اور جلد چلا جائے اور تم میں سے بُرے وہ ہیں جن کو جلدی غصہ آئے اور دیر سے جائے۔ فرمایا کہ غصے سے بچو کیونکہ یہ آدمی کے دل پر چنگاری ہے۔ کیا تم اُس کی رگوں کے پھولنے اور آنکھوں کے سرخ ہونے کو نہیں دیکھتے۔ جس کو غصہ محسوس ہو تو چاہیے کہ لیٹ جائے اور زمین سے چمٹ جائے۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے قرض کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: تم میں سے کوئی اچھی طرح ادا کر دیتا ہے لیکن

www.alahazratnetwork.org



ذٰلِكَ فَلْيَضْطَجِعْ وَلْيَتَلَبَّدْ بِالْأَرْضِ قَالَ وَذَكَرَ الدَّيْنَ فَقَالَ مِنْكُمْ مَنْ يَكُوْنُ حَسَنَ الْقَضَاءِ وَإِذَا كَانَ لَهُ أَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرٰى وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ سَيِّئَ الْقَضَاءِ إِنْ كَانَ لَهُ أَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ فَإِحْدَاهُمَا بِالْأُخْرٰى وَخِيَارُكُمْ مَنْ إِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ أَحْسَنَ الْقَضَاءِ وَإِنْ كَانَ لَهُ أَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ وَشِرَارُكُمْ مَنْ إِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ أَسَاءَ الْقَضَاءَ وَإِنْ كَانَ لَهُ أَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ حَتّٰى إِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ عَلٰى رُؤُوْسِ النَّخْلِ وَأَطْرَافِ الْحِيْطَانِ فَقَالَ أَلَا إِنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا إِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

جب اُس کا کسی پر ہو تو لینے میں سختی کرتا ہے۔ دونوں ایک دوسرے کے بالمقابل ہیں۔ اُن میں سے کوئی ادا کرنے میں بُرا ہے لیکن اگر اُس کا کسی پر ہو تو طلب میں اچھا ہے۔ یہ ایک عادت دوسری کے ساتھ ہے اور تم میں سے بہتر وہ ہے کہ جب اُس پر کسی کا قرض ہو تو اچھی طرح ادا کرے اور اُس کا کسی پر ہو تو اچھی طرح طلب کرے اور تم میں سے بُرا وہ ہے کہ جب اُس پر کسی کا قرض ہو تو بُری طرح ادا کرے اور اُس کا کسی پر ہو تو سختی سے طلب کرے یہاں تک کہ سورج درختوں کی چوٹیوں اور دیواروں کے کناروں تک باقی رہ گیا نیز فرمایا کہ دنیا کی زندگی میں سے گزرے ہوئے وقت کے مقابلے میں نہیں باقی رہا مگر اتنا حصہ جتنا آج گزرے ہوئے وقت میں سے باقی رہ گیا ہے۔

(ترمذی)

۴۹۱۷ / ۱۰ وَعَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَهْلِكَ النَّاسُ حَتّٰى يُعْذِرُوْا مِنْ أَنْفُسِهِمْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

ابوالبختری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گے یہاں تک کہ اپنے آپ کو معذور بنالیں۔

(ابوداؤد)

۴۹۱۸ / ۱۱ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مَوْلًى لَنَا أَنَّهُ سَمِعَ جَدِّيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يُعَذِّبُ الْعَامَّةَ بِعَمَلِ الْخَاصَّةِ حَتّٰى يَرَوُا الْمُنْكَرَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ وَهُمْ قَادِرُوْنَ أَنْ يُنْكِرُوْهُ فَلَا يُنْكِرُوْا فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَذَّبَ اللّٰهُ الْعَامَّةَ وَالْخَاصَّةَ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

عدی بن عدی الکندی کا بیان ہے کہ ہمارے مولیٰ نے ہم سے حدیث بیان کی کہ اُس نے میرے جدِ امجد سے سُنا فرماتے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اللہ تعالیٰ عام لوگوں کو خاص لوگوں کے عمل کے باعث عذاب نہیں دیتا یہاں تک کہ وہ اپنے درمیان بُرے کام ہوتے ہوئے دیکھیں اور اُسے روکنے کی طاقت رکھتے ہوں لیکن نہ روکیں۔ اگر انھوں نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ عام اور خاص سب کو عذاب دے گا۔ (شرح السنہ)

۴۹۱۹ / ۱۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ فِي الْمَعَاصِيْ نَهَتْهُمْ عُلَمَاؤُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوْا فَجَالَسُوْهُمْ فِيْ مَجَالِسِهِمْ وَآكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ فَلَعَنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ قَالَ فَجَلَسَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بنی اسرائیل گناہوں میں پڑے تو اُن کے علما نے انھیں روکا لیکن وہ باز نہ آئے۔ پس علما اُن کی مجلسوں میں شامل ہوتے رہے اور اُن کے ساتھ کھاتے پیتے رہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے بعض کے دلوں کو دوسرے بعض کے دلوں سے ملا دیا۔ پس اُن پر حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ بن مریم کی زبانی لعنت فرمائی۔ یہ اس لیے کہ انھوں نے

www.alahazratnetwork.org



رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ مُتَّکِئًا فَقَالَ لَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ حَتّٰی تَأْطِرُوْھُمْ اَطْرًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ) وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ کَلَّا وَاللّٰہِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْھَوُنَّ عَنِ الْمُنْکَرِ وَلَتَأْخُذُنَّ عَلٰی یَدَیِ الظَّالِمِ وَلَتَأْطُرُنَّہٗ عَلَی الْحَقِّ اَطْرًا وَلَتَقْصُرُنَّہٗ عَلَی الْحَقِّ قَصْرًا اَوْلَیَضْرِبَنَّ اللّٰہُ بِقُلُوْبِ بَعْضِکُمْ عَلٰی بَعْضٍ ثُمَّ لَیَلْعَنَنَّکُمْ کَمَا لَعَنَھُمْ)

نافرمانی کی انتہا سے گزر تے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور آپ ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ اُس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے یہاں تک کہ تم انھیں ظلم سے پوری طرح روک لو۔ (ترمذی، ابو داؤد) اور ایک روایت میں فرمایا۔ خدا کی قسم، تم ضرور نیک کاموں کا حکم دو گے، بُرے کاموں سے منع کرو گے، ظالم کا ہاتھ پکڑ کر اُسے حق کی طرف کھینچ لو گے اور اُسے مجبور کر دو گے کہ اپنے حق پر ہی رہے ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے بعض دلوں کو دوسرے بعض دلوں سے ملا دے گا پھر تم پر لعنت کرے گا جیسے بنی اسرائیل پر لعنت کی تھی

۴۹۲۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاھُھُمْ بِمَقَارِیْضَ مِنْ نَّارٍ قُلْتُ مَنْ ھٰؤُلَاءِ یَا جِبْرِیْلُ قَالَ ھٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِکَ یَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَیَنْسَوْنَ اَنْفُسَھُمْ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ خُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِکَ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ مَا لَا یَفْعَلُوْنَ وَیَقْرَءُوْنَ کِتَابَ اللّٰہِ وَلَا یَعْمَلُوْنَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: معراج کی رات میں نے بعض لوگوں کو دیکھا کہ اُن کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔ میں نے کہا: اے جبرائیل! یہ کون ہیں؟ کہا کہ یہ آپ کی اُمت کے واعظ ہیں جو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہیں لیکن اپنی جانوں کو بھلا دیتے ہیں۔ روایت کیا اسے شرح السنہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ دوسری روایت میں کہا: آپ کی اُمت کے خطیب جو دوسروں سے کہتے ہیں لیکن خود نہیں کرتے اور اللہ کی کتاب کو پڑھتے ہیں لیکن عمل نہیں کرتے۔

۴۹۲۱ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَائِدَۃُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَّلَحْمًا وَّاُمِرُوْا اَنْ لَّا یَخُوْنُوْا وَلَا یَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَۃً وَّخَنَازِیْرَ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان سے روٹی اور گوشت والا دسترخوان نازل ہوا اور حکم دیا گیا کہ خیانت نہ کرنا اور کل کے لیے جمع نہ کرنا۔ پس انھوں نے خیانت کی اور اگلے روز کے لیے اٹھا کر رکھ لیے۔ پس وہ بندروں اور خنزیروں کی شکل میں تبدیل کر دیے گئے۔ (ترمذی)

## تیسری فصل

۴۹۲۲ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ تُصِیْبُ اُمَّتِیْ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سُلْطَانِھِمْ شَدَائِدُ لَا یَنْجُوْ مِنْہُ اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِیْنَ اللّٰہِ فَجَاھَدَ عَلَیْہِ بِلِسَانِہٖ وَیَدِہٖ وَقَلْبِہٖ فَذٰلِکَ الَّذِیْ سَبَقَتْ لَہُ السَّوَابِقُ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِیْنَ اللّٰہِ فَصَدَّقَ بِہٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِیْنَ اللّٰہِ فَسَکَتَ عَلَیْہِ فَاِنْ رَاٰی مَنْ یَّعْمَلُ الْخَیْرَ اَحَبَّہٗ عَلَیْہِ وَاِنْ رَاٰی مَنْ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانے میں میری اُمت کو اپنے حکمرانوں سے سخت تکلیفیں پہنچیں گی۔ اُن سے نجات نہیں پائے گا مگر وہ شخص جس نے اللہ کے دین کو پہچانا اور اُس پر اپنی زبان، ہاتھ اور دل کے ساتھ جہاد کیا۔ یہ وہ شخص ہے جو پوری طرح سبقت لے گیا۔ دوسرا وہ آدمی جس نے اللہ کے دین کو پہچانا اور اُس کی تصدیق کی۔ تیسرا وہ آدمی جس نے اللہ کے دین کو پہچانا اور اُس پر خاموش رہا۔ اگر کسی کو نیکی کرتے دیکھا تو اُس سے محبت کرنے لگا اور اگر کسی کو غلط کام کرتے

www.alahazratnetwork.org



يَعْمَلُ بِبَاطِلٍ اَبْغَضَهُ عَلَيْهِ فَذَالِكَ يَنْجُوْ عَلٰى اِبْطَانِهِ كُلِّهِ۔

دیکھا تو اُس سے خوش رہا۔ یہ سب اپنی اندرونی حالت کے باعث نجات پا جائیں گے۔

۴۹۲۳/۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنِ اقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا وَكَذَا بِاَهْلِهَا فَقَالَ يَا رَبِّ اِنَّ فِيْهِمْ عَبْدَكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ قَالَ فَقَالَ اَقْلِبْهَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ فَاِنَّ وَجْهَهُ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ فلاں بستی کو اُس کے باشندوں پر اُلٹا دو۔ عرض گزار ہوئے کہ اے رب! اُس میں تو تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس نے آنکھ جھپکنے کی دیر بھی تیری نافرمانی نہیں کی۔ فرمایا کہ اُس پر اور دوسرے سب پر اُلٹا دو کیونکہ میری خاطر اُس کا چہرہ ایک ساعت کے لیے بھی متغیر نہیں ہوا تھا۔ (بیہقی)۔

۴۹۲۴/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَسْاَلُ الْعَبْدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ مَا لَكَ اِذْ رَاَيْتَ الْمُنْكَرَ فَلَمْ تُنْكِرْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُلَقَّنُ حُجَّتَهُ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ خِفْتُ النَّاسَ وَرَجَوْتُكَ۔

(رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ بندے سے پوچھتے ہوئے فرمائے گا: تجھے کیا ہو گیا تھا کہ تو بُرائی کو دیکھتا تھا لیکن اُس سے منع نہیں کرتا تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حجت سکھا دی جائے گی لہٰذا عرض کرے گا: اے رب! لوگوں سے ڈرتے ہوئے اور تجھ سے اُمید رکھتے ہوئے۔ ان تینوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۹۲۵/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ اِنَّ الْمَعْرُوْفَ وَالْمُنْكَرَ خَلِيْقَتَانِ تُنْصَبَانِ لِلنَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَمَّا الْمَعْرُوْفُ فَيُبَشِّرُ اَصْحَابَهُ وَيُوْعِدُهُمُ الْخَيْرَ وَاَمَّا الْمُنْكَرُ فَيَقُوْلُ اِلَيْكُمْ اِلَيْكُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُ اِلَّا لُزُوْمًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے! نیکی اور بدی دونوں قیامت کے روز لوگوں کے لیے کھڑی کی جائیں گی۔ نیکی اپنے کرنے والوں کو خوشخبری سنائے گی اور اُن سے بھلائی کا وعدہ کرے گی جبکہ بُرائی کہے گی کہ دور ہو جاؤ اور تم میں طاقت نہیں ہوگی مگر اُس کے ساتھ چمٹنے کی۔ اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# كِتَابُ الرِّقَاقِ
# دل کو نرم کرنے والی باتیں

## پہلی فصل

۴۹۲۶/۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو نعمتوں کے لحاظ سے بہت سے آدمی گھاٹے میں ہیں یعنی صحت اور فراغت۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



۴۹۲۷ (۲) وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: خدا کی قسم آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے تم میں سے کوئی دریا میں اپنی انگلی ڈبو دے اور دیکھے کہ اُس کے ساتھ کتنا (پانی) آیا ہے۔ (مسلم)۔

۴۹۲۸ (۳) وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِجَدْيٍ اَسَكَّ مَيِّتٍ قَالَ اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنَّ هٰذَا لَهٗ بِدِرْهَمٍ فَقَالُوْا مَا نُحِبُّ اَنَّهٗ لَنَا بِشَيْءٍ قَالَ فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکری کے مرے ہوئے چھوٹے کانوں والے ایک بچے کے پاس سے گزرے تو فرمایا: تم میں سے کون اسے ایک درہم میں لینا چاہتا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم تو اسے کسی بھی چیز کے بدلے لینا نہیں چاہتے۔ فرمایا کہ خدا کی قسم، جتنا یہ تمہارے نزدیک بے قیمت ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک دنیا اس سے بھی ذلیل ہے (مسلم)

۴۹۲۹ (۴) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا مومن کا جیل خانہ اور کافر کی جنت ہے۔ (مسلم)

۴۹۳۰ (۵) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً يُعْطٰى بِهَا فِي الدُّنْيَا وَيُجْزٰى بِهَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلّٰهِ فِي الدُّنْيَا حَتّٰى اِذَا اَفْضٰى اِلَى الْاٰخِرَةِ لَمْ تَكُنْ لَهٗ حَسَنَةٌ يُجْزٰى بِهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کسی ایمان والے کی نیکی کو ضائع نہیں کرتا، دنیا میں اُس کے باعث عطا فرماتا اور آخرت میں اُس کی جزا دیتا ہے اور کافر کو کھلایا جاتا ہے اُن اعمال کے سبب جو وہ دنیا میں اللہ کے لیے کرتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اگلے جہاں میں پہنچتا ہے تو اس کے پلے نیکیوں میں سے کچھ نہیں ہوتا جس کا بدلہ دیا جائے۔ (مسلم)

۴۹۳۱ (۶) وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَحُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) اِلَّا عِنْدَ مُسْلِمٍ حُفَّتْ بَدَلَ حُجِبَتْ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کو خواہشات سے اور جنت کو سختیوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے۔ (متفق علیہ) لیکن مسلم کے نزدیک حُجِبَتْ کی جگہ حُفَّتْ ہے۔

۴۹۳۲ (۷) وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ وَعَبْدُ الْخَمِيْصَةِ اِنْ اُعْطِيَ رَضِيَ وَاِنْ لَمْ يُعْطَ سَخِطَ تَعِسَ وَانْتَكَسَ وَاِذَا شِيْكَ فَلَا انْتَقَشَ طُوْبٰى لِعَبْدٍ اٰخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اَشْعَثَ رَاْسُهٗ مُغْبَرَّةٍ قَدَمَاهُ اِنْ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ وَاِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ اِنِ اسْتَاْذَنَ لَمْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: درہم و دینار اور چادر کا بندہ ہلاک ہُوا اگر اُسے دیا جائے تو راضی ہو جائے اور اگر نہ دیا جائے تو ناراض ہو جائے۔ ہلاک اور خوار ہُوا اور جب اُس کے پیر میں کانٹا چبھے تو نہ نکالا جائے۔ اُس بندے کو مبارک ہو جس نے اپنے گھوڑے کی لگام اللہ کی راہ میں پکڑی ہوئی ہے۔ سر کے بال پراگندہ اور پاؤں گرد آلود ہیں۔ اگر نگرانی پر لگایا جائے تو نگرانی کرتا ہے اور پچھلے حصے پر کر دیا جائے تو پچھلے حصے میں رہتا ہے۔ اگر کسی سے اجازت مانگے تو اُسے اجازت نہیں دی جاتی

www.alahazratnetwork.org



يُؤْذَنْ لَهٗ وَاِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

۴۹۳۳ [۸] وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِمَّا اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِيْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَيَاْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ يُنْزَلُ عَلَيْهِ قَالَ فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ اَيْنَ السَّائِلُ وَكَاَنَّهٗ حَمِدَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ لَا يَاْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ وَاِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا اَوْ يُلِمُّ اِلَّا اٰكِلَةَ الْخَضِرِ اَكَلَتْ حَتّٰى امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَخَذَهٗ بِحَقِّهٖ وَوَضَعَهٗ فِيْ حَقِّهٖ فَنِعْمَ الْمَعُوْنَةُ هُوَ وَمَنْ اَخَذَهٗ بِغَيْرِ حَقِّهٖ كَانَ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُوْنُ شَهِيْدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۹۳۴ [۹] وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنْ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ اَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۹۳۵ [۱۰] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا وَفِيْ رِوَايَةٍ كَفَافًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

۴۹۳۶ [۱۱] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور اگر کسی کی سفارش کرے تو اُس کی سفارش نہیں مانی جاتی۔

(بخاری)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے میں اپنے بعد تمہارے متعلق ڈرتا ہوں یہ ہے کہ تم پر دنیا کی زیب و زینت کھول دی جائے گی۔ ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا برائی کے ساتھ بھلائی آئے گی۔ آپ خاموش ہو گئے یہاں تک کہ ہم نے وحی نازل ہونے کا گمان کیا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے پسینہ پونچھا اور فرمایا۔ سائل کہاں ہے؟ گویا آپ نے اُس کی تعریف فرمائی۔ فرمایا کہ بھلائی برائی کو نہیں لاتی۔ فصل ربیع ایسی چیز کو بھی اُگاتی ہے جو جانور کو مار دے یا ہلاکت کے قریب پہنچا دے ماسوائے اُس کے جو جانور ہری گھاس کھائے یہاں تک کہ اُس کی کوکھیں تن جائیں تو دھوپ میں بیٹھے گوبر اور پیشاب کرے، پھر دوبارہ چرنے لگے۔ یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے جس نے اسے حق کے ساتھ لیا اور حق کے ساتھ رکھا تو اچھی مدد کرنے والا ہے اور جس نے اسے حق کے بغیر لیا تو اُس جیسا ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہ ہو۔ وہ قیامت کے روز اُس پر گواہ ہوگا۔

(متفق علیہ)

حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا کی قسم، مجھے تم پر فقر کا ڈر نہیں بلکہ میں ڈرتا ہوں کہ تم پر دنیا فراخ کر دی جائے گی جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فراخ کر دی گئی تھی۔ پس تم اس سے محبت کرنے لگو گے جیسے تم سے پہلے لوگوں نے کی اور تمہیں ہلاک کر دے گی جیسے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا تھا (متفق علیہ)۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! آلِ محمد کے رزق کو گزارے کے مطابق بنا۔ دوسری روایت میں بقدرِ کفایت ہے۔

(متفق علیہ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کامیاب ہو گیا جو اسلام لے آیا اور بقدرِ کفایت رزق دیا گیا اور جو اللہ نے اُسے دیا اُس پر قانع کر دیا۔

(مسلم)

www.alahazratnetwork.org



۴۹۳۷ / ۱۲ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْعَبْدُ مَالِي مَالِي وَإِنَّ مَالَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ مَا أَكَلَ فَأَفْنَى أَوْ لَبِسَ فَأَبْلَى أَوْ أَعْطَى فَاقْتَنَى وَمَا سِوَى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ میرا مال میرا مال کہتا رہتا ہے حالانکہ اس کے مال کے تین حصے ہیں۔ ایک وہ جو کھا کر ختم کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا۔ دوسرا وہ جو راہِ خدا میں دے کر جمع کروا لیا اور جو اس کے سوا ہے وہ جانے والا ہے اور اُسے لوگوں کے لیے چھوڑنے والا ہے۔ (مسلم)

۴۹۳۸ / ۱۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى مَعَهُ وَاحِدٌ يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَيَبْقَى عَمَلُهُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں۔ دو تو واپس لوٹ آتی ہیں اور ایک اس کے ساتھ باقی رہتی ہے۔ اُس کے ساتھ اُس کے اہل و عیال، مال اور اعمال جاتے ہیں۔ اور اُس کے اہل و عیال اور مال تو لوٹ آتے ہیں اور اُس کے اعمال باقی رہ جاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

۴۹۳۹ / ۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا مِنَّا أَحَدٌ إِلَّا مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ قَالَ فَإِنَّ مَالَهُ مَا قَدَّمَ وَمَالَ وَارِثِهِ مَا أَخَّرَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ پیارا کس کو ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں جس کو اپنے مال سے اپنے وارث کا مال زیادہ پیارا ہو۔ فرمایا: اُس کا مال تو وہی ہے جو اُس نے آگے بھیجا اور وہ اُس کے وارث کا مال ہے جو اُس نے پیچھے چھوڑا۔ (بخاری)

۴۹۴۰ / ۱۵ وَعَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُ أَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُولُ ابْنُ آدَمَ مَالِي مَالِي قَالَ وَهَلْ لَكَ يَا ابْنَ آدَمَ إِلَّا مَا أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ أَوْ لَبِسْتَ فَأَبْلَيْتَ أَوْ تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مطرف سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ سورۃ التکاثر پڑھ رہے تھے۔ فرمایا کہ آدمی میرا مال، میرا مال کہتا ہے۔ حالانکہ اے آدمی! تیرے لیے وہی ہے جو تُو نے کھا کر ختم کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا یا تُو نے صدقہ کیا اور بچا لیا۔

(مسلم)

۴۹۴۱ / ۱۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تونگری مال کی کثرت سے نہیں بلکہ تونگری تو دل کی بے نیازی سے ہے۔

(متفق علیہ)

## دوسری فصل

۴۹۴۲ / ۱۷ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ

www.alahazratnetwork.org



الله عليه وسلم من يأخذ عني هؤلاء الكلمات فيعمل بهن أو يعلم من يعمل بهن قلت أنا يا رسول الله فأخذ بيدي فعد خمسا فقال اتق المحارم تكن أعبد الناس وارض بما قسم الله لك تكن أغنى الناس وأحسن إلى جارك تكن مؤمنا وأحب للناس ما تحب لنفسك تكن مسلما ولا تكثر الضحك فإن كثرة الضحك تميت القلب۔ (رواه أحمد والترمذي وقال هذا حديث غريب)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کون ہے جو مجھ سے ان باتوں کو لے اور ان کے مطابق عمل کرے یا اُسے سکھائے جو ان پر عمل کرے؟ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں ہوں۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر پانچ چیزیں گنیں اور فرمایا، حرام چیزوں سے بچو، لوگوں سے بڑھ کر عبادت کرو، جو اللہ نے قسمت میں لکھا ہے اُس پر راضی رہو، لوگوں سے مستغنی رہو، ہمسائے کے ساتھ نیکی کرو تو کامل مومن ہو جاؤ گے، لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو تو کامل مسلمان ہو جاؤ گے اور زیادہ نہ ہنسنا کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔ اسے احمد اور ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۹۲۳ وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه

۱۸ وسلم إن الله يقول ابن آدم تفرغ لعبادتي أملأ صدرك غنى وأسد فقرك وإن لا تفعل ملأت يدك شغلا ولم أسد فقرك۔ (رواه أحمد وابن ماجة)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ آدمی سے فرماتا ہے کہ تو میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا، میں تیرے سینے کو استغنا سے بھر دوں گا اور تیری مفلسی دور کر دوں گا۔ اگر تُو نے ایسا نہ کیا تو تیرے ہاتھوں کو مشغول کر دوں گا اور تیری مفلسی دور نہیں کروں گا۔ (احمد، ابن ماجہ)

۴۹۲۴ وعن جابر قال ذكر رجل عند رسول الله

۱۹ صلى الله عليه وسلم بعبادة واجتهاد وذكر آخر برعة فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تعدل بالرعة يعني الورع۔ (رواه الترمذي)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ایک آدمی کی عبادت اور کوشش کا ذکر ہوا اور دوسرے کے ورع کا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اُسے ورع کے برابر نہ کرو۔

(ترمذی)

۴۹۲۵ وعن عمرو بن ميمون الأودي قال قال

۲۰ رسول الله صلى الله عليه وسلم لرجل وهو يعظه اغتنم خمسا قبل خمس شبابك قبل هرمك وصحتك قبل سقمك وغناك قبل فقرك وفراغك قبل شغلك وحياتك قبل موتك۔ (رواه الترمذي مرسلا)

عمرو بن میمون اودی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا، پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت شمار کرو۔ اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، تونگری کو مفلسی سے پہلے، فراغت کو مشغولیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے۔ اسے ترمذی نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۹۲۶ وعن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه

۲۱ وسلم قال ما ينتظر أحدكم إلا غنى مطغيا أو فقرا منسيا أو مرضا مفسدا أو هرما مفندا أو موتا مجهزا أو الدجال فالدجال شر غائب ينتظر أو الساعة والساعة أدهى و

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی انتظار نہیں کرتا مگر گنہگار بنانے والی تونگری کا، یا بھلا دینے والی مفلسی کا، یا بگاڑ دینے والی بیماری کا، یا بے وقوف بنا دینے والے بڑھاپے کا، یا جھپٹ لینے والی موت کا، یا دجال

www.alahazratnetwork.org



اَمْرٌ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ)

کی بھی بری برائی کا، یا قیامت کا جیکہ قیامت بڑا سخت حادثہ اور بڑی کڑوی بات ہے (ترمذی نسائی)

۴۹۴۷/۲۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَۃٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَّا فِیْہَا اِلَّا ذِکْرُ اللّٰہِ وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دنیا ملعونہ ہے اور اس کی ہر چیز لعنت کی گئی ہے ماسوائے ذکر الٰہی کے اور جس کو وہ دوست رکھے اور عالم دین و علم دین سیکھنے والے کے ۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

۴۹۴۸/۲۳ وَعَنْ سَہْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ کَانَتِ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ مَّا سَقٰی کَافِرًا مِّنْہَا شَرْبَۃً ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر دنیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مچھر کے پر برابر بھی وقعت رکھتی تو کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا ۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۴۹۴۹/۲۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوا الضَّیْعَۃَ فَتَرْغَبُوْا فِی الدُّنْیَا (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اسے جاگیر نہ بناؤ ورنہ تم دنیا سے محبت کرنے لگو گے ۔ روایت کیا اسے ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ۔

۴۹۵۰/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ دُنْیَاہُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِہٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَہٗ اَضَرَّ بِدُنْیَاہُ فَاٰثِرُوْا مَا یَبْقٰی عَلٰی مَا یَفْنٰی

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دنیا سے محبت کی اُس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا۔ تم باقی رہنے والی کو فانی پر ترجیح دو۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں ۔

۴۹۵۱/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لُعِنَ عَبْدُ الدِّیْنَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْہَمِ ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دینار اور درہم کے بندوں پر لعنت کی گئی ہے ۔

(ترمذی)

۴۹۵۲/۲۷ وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِیْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَہَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَی الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِیْنِہٖ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

کعب بن مالک نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جن دو بھوکے بھیڑیوں کو ریوڑ میں چھوڑ دیا گیا ہو تو وہ اُس کا اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا آدمی مال کی حرص اور ناک بڑھانے میں اپنے دین کا نقصان کر لیتا ہے ۔ (ترمذی، دارمی)

۴۹۵۳/۲۸ وَعَنْ خَبَّابٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْفَقَ مُؤْمِنٌ مِّنْ نَّفَقَۃٍ اِلَّا اُجِرَ فِیْہَا اِلَّا نَفَقَتَہٗ فِیْ ہٰذَا التُّرَابِ ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مومن جو بھی خرچ کرتا ہے اُس پر اُسے اجر دیا جاتا ہے ماسوائے اس کے جو وہ مٹی پر خرچ کرے ۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

۴۹۵۴ وَعَنْ [illegible]

www.alahazratnetwork.org



خَيْرَ فِيْهِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

بنانے کے کیونکہ اس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۴۹۵۵ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۳۰ خَرَجَ يَوْمًا وَّنَحْنُ مَعَهٗ فَرَاٰى قُبَّةً مُّشْرِفَةً فَقَالَ مَا هٰذِهٖ قَالَ اَصْحَابُهٗ هٰذِهٖ لِفُلَانٍ رَّجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَسَكَتَ وَحَمَلَهَا فِيْ نَفْسِهٖ حَتّٰى لَمَّا جَآءَ صَاحِبُهَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتّٰى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِيْهِ وَالْاِعْرَاضَ عَنْهُ فَشَكٰى ذٰلِكَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ وَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُنْكِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا خَرَجَ فَرَاٰى قُبَّتَكَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ اِلٰى قُبَّتِهٖ فَهَدَمَهَا حَتّٰى سَوَّاهَا بِالْاَرْضِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمْ يَرَهَا قَالَ مَا فَعَلَتِ الْقُبَّةُ قَالُوْا شَكٰى اِلَيْنَا صَاحِبُهَا اِعْرَاضَكَ فَاَخْبَرْنَاهُ فَهَدَمَهَا فَقَالَ اَمَا اِنَّ كُلَّ بِنَآءٍ وَّبَالٌ عَلٰى صَاحِبِهٖ اِلَّا مَا لَا اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْهُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر نکلے اور ہم آپ کے ساتھ تھے۔ ہم نے ایک بلند قبہ دیکھا تو فرمایا: یہ کیا ہے؟ آپ کے اصحاب عرض گزار ہوئے کہ یہ فلاں انصاری آدمی کا ہے۔ آپ خاموش ہو گئے اور اسے دل میں رکھا۔ یہاں تک کہ جب اُس کا مالک حاضر بارگاہ ہوا اور لوگوں میں اُس نے آپ پر سلام عرض کیا تو آپ نے چہرۂ انور پھیر لیا۔ ایسا کئی مرتبہ کیا یہاں تک کہ وہ آدمی غصے اور اعراض کو سمجھ گیا اور اپنے ساتھیوں سے اس کا ذکر کیا اور کہا: خدا کی قسم میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ناخوش دیکھ رہا ہوں۔ لوگوں نے کہا کہ جب حضور باہر نکلے تو آپ کے قبے کو دیکھا تھا۔ وہ اپنے قبے کی طرف گیا اور اُسے مسمار کر دیا، یہاں تک کہ زمین کے برابر کر دیا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دفعہ پھر باہر نکلے اور اُسے نہ دیکھا تو فرمایا: قبے کا کیا بنا؟ لوگوں نے کہا کہ اس کے مالک نے ہم سے آپ کے اعراض فرمانے کا ذکر کیا تو ہم نے اُسے بتا دیا تھا۔ پس اُس نے اسے مسمار کر دیا۔ فرمایا کہ ہر عمارت وبال ہے سوائے اُس کے جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ (ابوداؤد)

۴۹۵۶ وَعَنْ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ عَهِدَ اِلَيَّ
۳۱ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَآئِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتَيْدٍ بِالدَّالِ بَدَلَ التَّآءِ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ)

حضرت ابوہاشم بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تاکید کرتے ہوئے مجھ سے فرمایا: تمام مال میں سے تمہیں ایک خادم اور ایک گھوڑا جہاد کے لیے کافی ہے (احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں ابوہاشم بن عتید ہے یعنی آخری تار کی جگہ دال اور یہ درست نہیں۔

۴۹۵۷ وَعَنْ عُثْمَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
۳۲ قَالَ لَيْسَ لِابْنِ اٰدَمَ حَقٌّ فِيْ سِوٰى هٰذِهِ الْخِصَالِ بَيْتٌ يَّسْكُنُهٗ وَثَوْبٌ يُّوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتَهٗ وَجِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَآءِ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی ضرورت میں ان کے سوا اور کچھ نہیں یعنی رہنے کے لیے گھر، ستر چھپانے کے لیے کپڑا اور پیٹ بھرنے کے لیے روٹی اور پانی۔ (ترمذی)

۴۹۵۸ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ
۳۳ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ اَحَبَّنِيَ اللّٰهُ وَاَحَبَّنِيَ النَّاسُ قَالَ ازْهَدْ فِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللّٰهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! مجھے ایسا کام بتلائیے کہ جب میں اُسے کروں تو مجھے اللہ تعالیٰ بھی دوست رکھے اور لوگ بھی۔ فرمایا

www.alahazratnetwork.org



وَازْهَدْ فِيْمَا عِنْدَ النَّاسِ يُحِبَّكَ النَّاسُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۴۹۵۹/۳۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ عَلٰى حَصِيْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِيْ جَسَدِهٖ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَبْسُطَ لَكَ وَنَعْمَلَ فَقَالَ مَا لِيْ وَلِلدُّنْيَا وَمَا اَنَا وَالدُّنْيَا اِلَّا كَرَاكِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۴۹۶۰/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَغْبَطُ اَوْلِيَائِيْ عِنْدِيْ الْمُؤْمِنُ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْ حَظٍّ مِّنَ الصَّلٰوةِ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَاَطَاعَهٗ فِي السِّرِّ وَكَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ لَا يُشَارُ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ نَقَدَ بِيَدِهٖ فَقَالَ عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهٗ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۴۹۶۱/۳۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّيْ لِيَجْعَلَ لِيْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا فَقُلْتُ لَا يَا رَبِّ وَلٰكِنْ اَشْبَعُ يَوْمًا وَاَجُوْعُ يَوْمًا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ وَاِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُكَ وَشَكَرْتُكَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

۴۹۶۲/۳۶ وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ مُعَافًى فِيْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا بِحَذَافِيْرِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

۴۹۶۳/۳۷ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مَلَاَ اٰدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِّنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُكُلَاتٌ يُقِمْنَ

کہ دنیا سے لاتعلق ہو جاؤ تمہیں اللہ دوست رکھے گا اور جو لوگوں کے پاس ہے اس سے لاتعلق ہو جاؤ تمہیں لوگ دوست رکھیں گے (ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بوریئے پر سوئے اٹھے تو جسم اطہر پر نشانات تھے۔ حضرت ابن مسعود عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! ہمیں حکم فرماتے تو ہم آپ کے لیے بستر بچھا دیتے اور خدمت گزاری کرتے۔ فرمایا کہ میرا دنیا سے اور دنیا کا مجھ سے کیا تعلق؟ سوائے اتنا جیسے سوار درخت کے نیچے سائے میں بیٹھا پھر چل دیا اور اُسے چھوڑ گیا۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نزدیک میرے دوستوں میں قابلِ رشک وہ مومن ہے جو زر سرداریوں سے سبکدوش، نماز سے دلچسپی رکھنے والا، اپنے رب کی اچھی طرح عبادت کرنے والا، خلوت میں بھی اُس کی اطاعت کرنے والا، لوگوں میں گمنام جس کی طرف اُنگلی سے اشارہ نہ کیا جائے اور اُس کا رزق بقدرِ کفایت ہو اور اس پر صبر کرے۔ پھر آپ نے دستِ مبارک سے اشارہ کر کے فرمایا: اُس کی قضا جلد پوری ہوتی ہے، اُس پر رونے والے کم ہوتے ہیں اور اُس کی میراث تھوڑی ہوتی ہے۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے میرے لیے مکۂ مکرمہ کی سنگستان کو سونا بنا دینے کے لیے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اے رب! ایسا نہ کر بلکہ میں ایک روز بھوکا رہوں اور ایک روز شکم سیر تاکہ جس روز بھوکا رہوں تو تیرے حضور عاجزی پیش کروں اور تیرا ذکر کروں، جس روز شکم سیر ہوں تو تیری حمد و ثنا بیان کروں اور تیرا شکر ادا کروں۔ (احمد، ترمذی)

حضرت عبیداللہ بن محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے اس حالت کے اندر صبح کرے کہ اپنی جان سے بے خوف ہو، اُس کا جسم ٹھیک ٹھاک ہو اور ایک روز کی خوراک اُس کے پاس ہو تو گویا دنیا اُس کے ساز و سامان سمیت اُس کے پاس جمع کر دی گئی۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: آدمی نے پیٹ سے بُرا کوئی برتن نہیں بھرا۔ ابنِ آدم کے لیے چند لقمے کافی ہیں جو اُس کی پیٹھ کو

www.alahazratnetwork.org



صُلْبَهٗ فَاِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ وَّثُلُثٌ شَرَابٌ وَّثُلُثٌ لِنَفْسِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

قائم رکھ سکیں۔ اگر زیادہ کی ضرورت ہو تو تہائی حصّے میں کھانا، تہائی حصّے میں پانی اور تہائی حصہ سانس کے لیے رکھے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۴۹۶۴ ۳۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَتَجَشَّأُ فَقَالَ اَقْصِرْ مِنْ جُشَائِكَ فَاِنَّ اَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَطْوَلُهُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهٗ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو ڈکار لیتے ہوئے سُنا تو فرمایا۔ اپنی ڈکاروں کو کم کرو کیونکہ قیامت میں سب لوگوں سے بھوکے وہی ہوں گے جو دنیا میں زیادہ پیٹ بھرتے رہے۔ اسے شرح السنہ میں روایت کیا اور ترمذی نے بھی اسی کے مانند روایت کی ہے۔

۴۹۶۵ ۴۰ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَّفِتْنَةُ اُمَّتِي الْمَالُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ ہر اُمت کے لیے آزمائش کی کوئی چیز ہوتی ہے اور میری اُمت کی آزمائش کی چیز مال ہے۔ (ترمذی)۔

۴۹۶۶ ۴۱ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُجَاءُ بِابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَنَّهٗ بَذَجٌ فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَا صَنَعْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَرِنِيْ مَا قَدَّمْتَ فَيَقُوْلُ رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَثَمَّرْتُهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَاِذَا عَبْدٌ لَّمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضٰى بِهٖ اِلَى النَّارِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَضَعَّفَهٗ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی کو قیامت کے روز بکری کے بچے کی طرح لایا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑا ہو جائے گا۔ اُس سے فرمائے گا کہ میں نے تجھ پر عطائیں کیں، احسانات کیے اور تجھے انعامات دیے تو اُن کا کیا بنایا؟ عرض کرے گا یا رب! میں نے سب کو جمع کیا اور بڑھایا اور اُس میں سے زیادہ تر کو چھوڑ آیا۔ مجھے واپس بھیج کر اُس سارے کو لے آؤں۔ اُس سے فرمائے گا کہ دکھاؤ تو نے آگے کیا بھیجا تھا۔ عرض کرے گا کہ اے رب! سب کچھ جمع کیا اور بڑھایا اور جو کچھ تھا اس میں سے اکثر کو چھوڑ آیا ہوں۔ مجھے واپس بھیج کر اُس سارے کو لے آؤں۔ جب ظاہر ہو جائے گا کہ اس نے آگے کچھ نہیں بھیجا تو اُسے جہنم کی طرف بھیج دیا جائے گا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور ضعیف کہا۔

۴۹۶۷ ۴۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُسْاَلُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ النَّعِيْمِ اَنْ يُّقَالَ لَهٗ اَلَمْ نُصِحَّ جِسْمَكَ وَنُرْوِكَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے روز سب سے پہلے بندے سے نعمتوں کے متعلق پوچھا جائے گا اور کہا جائے گا کہ کیا میں نے تیرے جسم کو درست نہیں رکھا اور تجھے ٹھنڈے پانی سے سیراب نہ کیا۔
(ترمذی)

۴۹۶۸ ۴۳ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا ابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز آدمی کے قدم آگے نہیں بڑھیں گے یہاں تک کہ اُس سے پانچ چیزوں کے متعلق پوچھ نہ لیا جائے۔ عمر

www.alahazratnetwork.org



شَبَابِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَّالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

کن کاموں میں ختم کی۔ جوانی کن باتوں میں برباد کی۔ مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا۔ جو جانتا تھا اُس پر کہاں تک عمل کیا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

# تیسری فصل

۴۹۶۹ / ۴۴ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اِنَّكَ لَسْتَ بِخَيْرٍ مِّنْ اَحْمَرَ وَلَا اَسْوَدَ اِلَّا اَنْ تَفْضُلَهٗ بِتَقْوٰى۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا، تم کسی گورے یا کالے سے بہتر نہیں ہو مگر جبکہ تقویٰ میں بڑھ کر ہو۔

(احمد)

۴۹۷۰ / ۴۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا زَهِدَ عَبْدٌ فِي الدُّنْيَا اِلَّا اَنْبَتَ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ فِيْ قَلْبِهٖ وَاَنْطَقَ بِهَا لِسَانَهٗ وَبَصَّرَهٗ عَيْبَ الدُّنْيَا وَدَاءَهَا وَدَوَاءَهَا وَاَخْرَجَهٗ مِنْهَا سَالِمًا اِلٰى دَارِ السَّلَامِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، نہیں بے رغبت ہوتا دنیا سے کوئی بندہ مگر اُس کے دل میں اللہ تعالیٰ حکمت اُگا دیتا ہے، جس کے ساتھ اُس کی زبان بولتی ہے اور دنیا کے عیب دکھا دیتا ہے اور اُس کی بیماریاں اور اُس کے علاج اور اُسے سلامتی کے گھر کی طرف صحیح سالم نکال لیتا ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۹۷۱ / ۴۶ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَخْلَصَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ لِلْاِيْمَانِ وَجَعَلَ قَلْبَهٗ سَلِيْمًا وَّلِسَانَهٗ صَادِقًا وَّنَفْسَهٗ مُطْمَئِنَّةً وَّخَلِيْقَتَهٗ مُسْتَقِيْمَةً وَّجَعَلَ اُذُنَهٗ مُسْتَمِعَةً وَّعَيْنَهٗ نَاظِرَةً فَاَمَّا الْاُذُنُ فَقِمْعٌ وَّاَمَّا الْعَيْنُ فَمُقِرَّةٌ لِّمَا يُوْعِي الْقَلْبُ وَقَدْ اَفْلَحَ مَنْ جَعَلَ قَلْبَهٗ وَاعِيًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، وہ کامیاب ہوا جس نے اپنے دل کو ایمان کے لیے مخصوص کر دیا اور اپنے دل کو اطاعت والا بنایا اور اپنی زبان کو سچ بولنے والی اور اپنے نفس کو اطمینان والا اور اپنی طبیعت کو سیدھے راستے پر چلنے والی اور اپنے کانوں کو حق بات سننے والے اور اپنی آنکھ کو حق دیکھنے والی، کان قیف اور آنکھ راستہ اُس چیز کا ہیں جو دل نگاہ رکھتا ہے اور وہ کامیاب ہو گیا جس نے اپنے دل کو نگاہ رکھنے والا بنا لیا۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۹۷۲ / ۴۷ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُعْطِي الْعَبْدَ مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى مَعَاصِيْهِ مَا يُحِبُّ فَاِنَّمَا هُوَ اسْتِدْرَاجٌ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم دیکھو کہ اللہ تعالیٰ دنیا میں گنہگار بندے کو وہ چیزیں دے رہا ہے جو اُسے پسند ہیں تو یہ استدراج ہے۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ جب وہ اُن چیزوں کو بھول گئے جن کی انہیں نصیحت فرمائی تھی تو ہم نے اُن پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے، یہاں تک کہ جب دیئے گئے پر خوش ہو گئے تو ہم نے اچانک انہیں پکڑ لیا تو وہ آس ٹوٹے ہوئے رہ گئے۔ (۶ : ۴۴ ۔ احمد)

۴۹۷۳ / ۴۸ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اہل صفہ میں

www.alahazratnetwork.org



تُوُفِّيَ وَتَرَكَ دِيْنَارًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّةٌ قَالَ ثُمَّ تُوُفِّيَ اٰخَرُ فَتَرَكَ دِيْنَارَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

میں سے ایک آدمی کا انتقال ہو گیا اور اُس نے ایک دینار چھوڑا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک داغ ہے۔ پھر دوسرا فوت ہوا اور دو دینار چھوڑے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو داغ ہیں۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۹۷۴ / ۴۹ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى خَالِهِ اَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ يَعُوْدُهُ فَبَكٰى اَبُوْ هَاشِمٍ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ يَا خَالِ اَوَجَعٌ يُشْئِزُكَ اَمْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا قَالَ كَلَّا وَلٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا لَمْ اٰخُذْ بِهِ قَالَ وَمَا ذَالِكَ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّيْ اُرَانِيْ قَدْ جَمَعْتُ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت معاویہ سے روایت ہے کہ وہ اپنے ماموں جان حضرت ابو ہاشم بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عیادت کے لیے گئے تو حضرت ابو ہاشم رو پڑے۔ کہا کہ ماموں جان! آپ کو کس چیز نے رُلایا؟ تکلیف نے مضطرب کیا یا دنیا کے لالچ نے؟ فرمایا کہ ایسا ہرگز نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے پکا عہد لیا تھا مگر میں اُس پر قائم نہ رہ سکا۔ کہا وہ کیا ہے؟ فرمایا کہ میں نے حضور کو فرماتے ہوئے سُنا کہ سارے مال سے تمہارے لیے ایک خادم اور ایک گھوڑا جہاد کے لیے کافی ہے جبکہ میرے خیال میں اس سے میں نے زیادہ جمع کیا ہے۔
(احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

۴۹۷۵ / ۵۰ وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ قُلْتُ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ مَا لَكَ لَا تَطْلُبُ كَمَا يَطْلُبُ فُلَانٌ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمَامَكُمْ عَقَبَةً كَئُوْدًا لَا يَجُوْزُهَا الْمُثْقِلُوْنَ فَاُحِبُّ اَنْ اَتَخَفَّفَ لِتِلْكَ الْعَقَبَةِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت اُمِّ درداء سے روایت ہے کہ میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوئی، کیا بات ہے کہ آپ اُس طرح مال تلاش نہیں کرتے جیسے فلاں تلاش کرتا ہے؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے، بھاری بوجھ والے اُس سے گزر نہیں سکیں گے۔ میں یہی چاہتا ہوں کہ اُس گھاٹی کے لیے ہلکا پھلکا رہوں۔ (بیہقی)

۴۹۷۶ / ۵۱ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَّمْشِيْ عَلَى الْمَاءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَذَالِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ۔
(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ایسا ہے کہ پانی پر چلے اور اُس کے قدم تر نہ ہوں؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! نہیں۔ فرمایا کہ اسی طرح دنیا دار گناہوں سے نہیں بچ سکتا۔ ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۹۷۷ / ۵۲ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَجْمَعَ الْمَالَ وَاَكُوْنَ مِنَ التَّاجِرِيْنَ وَلٰكِنْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ عَنْ اَبِيْ مُسْلِمٍ)

جبیر بن نفیر سے مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری طرف یہ وحی نہیں کی گئی کہ مال جمع کروں اور تاجروں میں شامل ہو جاؤں بلکہ میری طرف یہ وحی فرمائی گئی ہے کہ اپنے رب کی تعریف بیان کرتے ہوئے اُس کی پاکی بیان کرو اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جاؤ اور آخری دم تک اپنے رب کی عبادت میں رہو (۱۵: ۹۸: ۹۹) روایت کیا اسے شرح السنۃ میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں ابو مسلم سے۔

الله عليه وسلم من طلب الدنيا حلالا استعفافا عن المسألة وسعيا على أهله وتعطفا على جاره لقي الله تعالى يوم القيامة ووجهه مثل القمر ليلة البدر ومن طلب الدنيا حلالا مكاثرا مفاخرا مرائيا لقي الله تعالى وهو عليه غضبان۔ (رواه البيهقي في شعب الإيمان وأبو نعيم في الحلية)

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو دنیا کو حلال طریقے سے تلاش کرے سوال سے بچنے، اہل وعیال کی ضروریات پوری کرنے اور ہمسائے پر احسان کرنے کے لیے تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ سے یوں ملے گا کہ اُس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا ہو گا اور جو دنیا کو حلال طریقے سے تلاش کرے لیکن مال بڑھانے، فخر کرنے اور دولت مندی دکھانے کے لیے تو اللہ تعالیٰ سے ملے گا کہ وہ ناراض ہو گا۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں ابو نعیم نے حلیہ میں۔

۴۹۷۹ / ۵۴ وعن سهل بن سعد أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إن هذا الخير خزائن لتلك الخزائن مفاتيح فطوبى لعبد جعله الله تعالى مفتاحا للخير مغلاقا للشر وويل لعبد جعله الله مفتاحا للشر مغلاقا للخير۔
(رواه ابن ماجة)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ بھلائی کے خزانے اُن خزانوں کی کنجیاں ہیں۔ مبارک ہو اُس بندے کو جس کو اللہ تعالیٰ نے بھلائی کو کھولنے اور برائی کو بند کرنے کی کنجی بنایا۔

(ابن ماجہ)

۴۹۸۰ / ۵۵ وعن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا لم يبارك للعبد في ماله جعله في الماء والطين۔ (رواه البيهقي)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے مال میں برکت نہ ڈالے تو وہ اُسے پانی اور مٹی میں صرف کرتا ہے۔ (بیہقی)۔

۴۹۸۱ / ۵۶ وعن ابن عمر أن النبي صلى الله عليه وسلم قال اتقوا الحرام في البنيان فإنه أساس الخراب
(رواهما البيهقي في شعب الإيمان)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، عمارتوں میں حرام سے بچو کیونکہ یہ خرابی کی جڑ ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۴۹۸۲ / ۵۷ وعن عائشة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الدنيا دار من لا دار له ومال من لا مال له ولها يجمع من لا عقل له۔ (رواه أحمد والبيهقي في شعب الإيمان)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا اُس کا گھر ہے جس کا کوئی گھر نہ ہو اور اُس کا مال ہے جس کا کوئی مال نہ ہو اور اسے وہی جمع کرتا ہے جس کو عقل نہ ہو۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۴۹۸۳ / ۵۸ وعن حذيفة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في خطبته الخمر جماع الإثم والنساء حبائل الشيطان وحب الدنيا رأس كل خطيئة قال وسمعته يقول أخروا النساء حيث أخرهن الله۔ (رواه رزين وروى البيهقي منه في شعب الإيمان عن الحسن مرسلا حب الدنيا رأس كل خطيئة)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دورانِ خطبہ فرماتے ہوئے سنا: شراب گناہوں کو کثرت سے جمع کرنے والی اور عورتیں شیطان کا جال ہیں اور دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا، عورتوں کو پیچھے رکھو جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے اُنھیں پیچھے رکھا ہے۔ روایت کیا اسے رزین نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں حسن بصری سے مرسلاً روایت کی ہے کہ دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے۔

www.alahazratnetwork.org



٤٩٨٤ / ٥٩ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ عَلٰی اُمَّتِی الْھَوٰی وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا الْھَوٰی فَیَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَیُنْسِی الْاٰخِرَۃَ وَھٰذِہِ الدُّنْیَا مُرْتَحِلَۃٌ ذَاھِبَۃٌ وَّھٰذِہِ الْاٰخِرَۃُ مُرْتَحِلَۃٌ قَادِمَۃٌ وَّلِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْھُمَا بَنُوْنَ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّا تَکُوْنُوْا مِنْ بَنِی الدُّنْیَا فَافْعَلُوْا فَاِنَّکُمُ الْیَوْمَ فِیْ دَارِ الْعَمَلِ وَلَا حِسَابَ وَاَنْتُمْ غَدًا فِیْ دَارِ الْاٰخِرَۃِ وَلَا عَمَلَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں اپنی امت کے متعلق دو چیزوں سے زیادہ ڈرتا ہوں۔ یعنی نفسانی خواہشات اور لمبی عمر کی آرزو کیونکہ نفسانی خواہشات تو حق سے روکتی ہیں اور لمبی عمر کی خواہش آخرت کو بھلا دیتی ہے۔ یہ دنیا کوچ کر جانے والی اور آخرت کوچ کر کے آنے والی ہے۔ دونوں میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں۔ اگر تم سے ہو سکے تو ایسا کرو کہ دنیا کے بیٹے نہ بنو کیونکہ آج تم عمل کے گھر میں ہو اور حساب نہیں ہے اور کل تم آخرت کے گھر میں ہو گے جہاں عمل نہیں ہو گا۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

٤٩٨٥ / ٦٠ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ ارْتَحَلَتِ الدُّنْیَا مُدْبِرَۃً وَّارْتَحَلَتِ الْاٰخِرَۃُ مُقْبِلَۃً وَّلِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْھُمَا بَنُوْنَ فَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَۃِ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْیَا فَاِنَّ الْیَوْمَ عَمَلٌ وَّلَا حِسَابَ وَغَدًا حِسَابٌ وَّلَا عَمَلَ

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَۃِ بَابٍ)

روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ دنیا پیٹھ پھیر کر جا رہی ہے اور آخرت سامنے آ رہی ہے۔ دونوں میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں۔ تم آخرت کے بیٹے بنو کیونکہ آج عمل ہے اور حساب نہیں لیکن کل حساب ہو گا اور عمل نہیں ہو گا۔ اسے بخاری نے ترجمۃ الباب میں روایت کیا۔

٤٩٨٦ / ٦١ وَعَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَطَبَ یَوْمًا فَقَالَ فِیْ خُطْبَتِہٖ اَلَا اِنَّ الدُّنْیَا عَرَضٌ حَاضِرٌ یَاْکُلُ مِنْہُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ اَلَا وَاِنَّ الْاٰخِرَۃَ اَجَلٌ صَادِقٌ وَّیَقْضِیْ فِیْھَا مَلِکٌ قَادِرٌ اَلَا وَاِنَّ الْخَیْرَ کُلَّہٗ بِحَذَافِیْرِہٖ فِی الْجَنَّۃِ اَلَا وَاِنَّ الشَّرَّ کُلَّہٗ بِحَذَافِیْرِہٖ فِی النَّارِ اَلَا فَاعْمَلُوْا وَاَنْتُمْ مِّنَ اللّٰہِ عَلٰی حَذَرٍ وَّاعْلَمُوْا اَنَّکُمْ مَّعْرُوْضُوْنَ عَلٰی اَعْمَالِکُمْ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ (رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ)

حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ایک روز اپنے خطبے میں فرمایا۔ آگاہ رہو کہ دنیا حاضر مال ہے جس میں سے نیک اور بد کھاتے ہیں اور آخرت سچے ثابت ہونے والا زمانہ ہے جس میں قدرت والا حقیقی بادشاہ فیصلہ فرمائے گا۔ آگاہ رہو کہ بھلائی اپنی تمام شاخوں سمیت جنت میں ہے اور برائی اپنی تمام شاخوں سمیت جہنم میں ہے۔ آگاہ رہو کہ تمہاری خیر اللہ سے ڈرنے میں ہے۔ آگاہ رہو کہ تم اپنے اعمال کے سامنے پیش کیے جاؤ گے تو جس نے ذرہ برابر بھی نیکی کی ہو گی اُسے دیکھے گا اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہو گی اُسے دیکھے گا۔ روایت کیا ہے اسے شافعی نے۔

٤٩٨٧ / ٦٢ وَعَنْ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ الدُّنْیَا عَرَضٌ حَاضِرٌ یَاْکُلُ مِنْھَا الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ وَاِنَّ الْاٰخِرَۃَ وَعْدٌ صَادِقٌ یَحْکُمُ فِیْھَا مَلِکٌ عَادِلٌ قَادِرٌ یُحِقُّ فِیْھَا الْحَقَّ وَیُبْطِلُ الْبَاطِلَ کُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الْاٰخِرَۃِ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْیَا فَاِنَّ کُلَّ اُمٍّ یَّتْبَعُھَا وَلَدُھَا۔

(رَوَاھُمَا اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَۃِ)

حضرت شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اے لوگو! یہ دنیا حاضر مال ہے اس سے نیک اور بد کھاتے ہیں اور آخرت سچا وعدہ ہے جس میں انصاف اور قدرت والا حقیقی بادشاہ فیصلہ فرمائے گا اس میں حق کو حق اور باطل کو باطل دکھا دیا جائے گا۔ تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹے نہ بنو کیونکہ ہر ایک ماں کے پیچھے اُس کی اولاد ہوتی ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو ابونعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے۔

۴۹۸۸ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
۶۳
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ اِلَّا وَبِجَنْبَتَیْہَا مَلَکَانِ یُنَادِیَانِ یُسْمِعَانِ الْخَلَائِقَ غَیْرَ الثَّقَلَیْنِ یَا اَیُّہَا النَّاسُ ہَلُمُّوْا اِلٰی رَبِّکُمْ مَا قَلَّ وَکَفٰی خَیْرٌ مِّمَّا کَثُرَ وَاَلْہٰی۔ (رَوَاہُمَا اَبُوْ نُعَیْمٍ فِی الْحِلْیَۃِ)

۴۹۸۹ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ یَبْلُغُ بِہٖ قَالَ اِذَا مَاتَ
۶۴
الْمَیِّتُ قَالَتِ الْمَلٰٓئِکَۃُ مَا قَدَّمَ وَقَالَ بَنُوْ اٰدَمَ مَا خَلَّفَ
(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

۴۹۹۰ وَعَنْ مَالِکٍ اَنَّ لُقْمَانَ قَالَ لِابْنِہٖ یَا بُنَیَّ
۶۵
اِنَّ النَّاسَ قَدْ تَطَاوَلَ عَلَیْہِمْ مَا یُوْعَدُوْنَ وَہُمْ اِلَی الْاٰخِرَۃِ سِرَاعًا یَذْہَبُوْنَ وَاِنَّکَ قَدِ اسْتَدْبَرْتَ الدُّنْیَا مُنْذُ کُنْتَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْاٰخِرَۃَ وَاِنَّ دَارًا تَسِیْرُ اِلَیْہَا اَقْرَبُ اِلَیْکَ مِنْ دَارٍ تَخْرُجُ مِنْہَا۔
(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

۴۹۹۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ
۶۶
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَفْضَلُ قَالَ کُلُّ مَخْمُوْمِ الْقَلْبِ صَدُوْقِ اللِّسَانِ قَالُوْا صَدُوْقُ اللِّسَانِ نَعْرِفُہٗ فَمَا مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ قَالَ ہُوَ التَّقِیُّ النَّقِیُّ لَا اِثْمَ عَلَیْہِ وَلَا بَغْیَ وَلَا غِلَّ وَلَا حَسَدَ۔
(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

۴۹۹۲ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
۶۷
قَالَ اَرْبَعٌ اِذَا کُنَّ فِیْکَ فَلَا عَلَیْکَ مَا فَاتَکَ الدُّنْیَا حِفْظُ اَمَانَۃٍ وَّصِدْقُ حَدِیْثٍ وَّحُسْنُ خَلِیْقَۃٍ وَّعِفَّۃٌ فِیْ طُعْمَۃٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

۴۹۹۳ وَعَنْ مَالِکٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّہٗ قِیْلَ لِلُقْمَانَ
۶۸
الْحَکِیْمِ مَا بَلَغَ بِکَ مَا نَرٰی یَعْنِی الْفَضْلَ قَالَ صِدْقُ الْحَدِیْثِ وَاَدَاءُ الْاَمَانَۃِ وَتَرْکُ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ۔
(رَوَاہُ فِی الْمُوَطَّاِ)

۴۹۹۴ وَعَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
۶۹

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سورج طلوع نہیں ہوتا مگر اس کے پہلو میں دو فرشتے ہوتے ہیں جو جنوں اور انسانوں کے سوا سب کو سنا کر منادی کرتے ہیں کہ اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ جو تھوڑا اور کفایت کرنے والا ہو وہ ہلاک کرنے والے زیادہ سے اچھا ہے۔ ان دونوں کو ابو نعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسے حضور تک پہنچاتے کہ آپ نے فرمایا: جب کوئی مر جاتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں کہ آگے کیا بھیجا ہے اور انسان کہتے ہیں کہ پیچھے کیا چھوڑا ہے۔ اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

امام مالک سے روایت ہے کہ حضرت لقمان نے اپنے بیٹے سے فرمایا: اے بیٹے! لوگوں سے جس قیامت کا وعدہ کیا گیا ہے وہ انہیں دور معلوم ہوتی ہے جبکہ وہ آخرت کی طرف تیزی سے جا رہے ہیں۔ تم نے ابتداء سے ہی دنیا کی طرف پیٹھ لی اور آخرت کی طرف متوجہ ہو گئے تھے۔ بیشک جس گھر کی طرف تم جا رہے ہو وہ اس کی نسبت زیادہ نزدیک ہے جس سے نکل رہے ہو۔ (رزین)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی گئی: کون سا آدمی افضل ہے؟ فرمایا کہ ہر وہ آدمی جو صاف دل اور سچی زبان والا ہو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ سچی زبان والے کو تو ہم جانتے ہیں لیکن مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ کیا ہے؟ فرمایا وہ پاکیزہ دل اور پاکیزہ سیرت والا ہے۔ وہ گناہ، ظلم، خیانت اور حسد نہیں کرتا۔ اسے ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں چار باتیں ہوں تو دنیا میں باقی چیزیں نہ ملنے کا کوئی مضائقہ نہیں۔ امانت کی حفاظت، بات کی سچائی، اخلاق کی خوبی اور خوراک کی پاکیزگی۔ اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

امام مالک سے روایت ہے کہ مجھے یہ بات پہنچی کہ لقمان حکیم سے کہا گیا: ہم جو دیکھتے ہیں اس مقام پر آپ کو کس چیز نے پہنچایا؟ فرمایا کہ سچی بات کرنے، امانت ادا کرنے اور بیکار گفتگو چھوڑ دینے نے۔

(موطا)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَجِيءُ الْأَعْمَالُ فَتَجِيءُ الصَّلٰوةُ فَتَقُوْلُ يَا رَبِّ أَنَا الصَّلٰوةُ فَيَقُوْلُ إِنَّكِ عَلٰى خَيْرٍ فَتَجِيءُ الصَّدَقَةُ فَتَقُوْلُ يَا رَبِّ أَنَا الصَّدَقَةُ فَيَقُوْلُ إِنَّكِ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ يَجِيءُ الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ أَنَا الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ إِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ تَجِيءُ الْأَعْمَالُ عَلٰى ذٰلِكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ يَجِيءُ الْإِسْلَامُ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ أَنْتَ السَّلَامُ وَأَنَا الْإِسْلَامُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ بِكَ الْيَوْمَ آخُذُ وَبِكَ أُعْطِي قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي كِتَابِهٖ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اعمال پیش کیے جائیں گے نماز پیش کی جائے گی تو وہ عرض کرے گی یارب! میں نماز ہوں۔ فرمائے گا کہ تم بھلائی پر ہو۔ پھر صدقہ پیش کیا جائے گا۔ وہ عرض کرے گا اے رب! میں صدقہ ہوں۔ فرمائے گا وہ تم بھی بھلائی پر ہو۔ پھر روزے کو پیش کیا جائے گا۔ وہ عرض کرے گا اے رب! میں روزہ ہوں۔ فرمائے گا کہ تم بھی بھلائی پر ہو۔ پھر دیگر اعمال اسی طرح پیش کیے جائیں گے اور فرمائے گا کہ تم بھی بھلائی پر ہو۔ پھر اسلام پیش کیا جائے گا تو وہ عرض کرے گا کہ اے رب! تُو سلام ہے اور میں اسلام ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ کہ تُو بھلائی پر ہے آج میں تیرے باعث مواخذہ کروں گا اور تیرے سبب عطا کروں گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے:۔ اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اُس سے قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں خسارہ پانے والوں میں ہے۔ (۳: ۸۵)

٤٩٩٥ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ طَيْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ حَوِّلِيْهِ فَإِنِّيْ إِذَا رَأَيْتُهٗ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ہمارے پاس ایک پردہ تھا جس میں پرندوں کی تصویریں تھیں۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اے عائشہ! اسے بدل دو کیونکہ جب میں نے اسے دیکھا تو مجھے دنیا یاد آگئی۔

٤٩٩٦ وَعَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِظْنِيْ وَأَوْجِزْ فَقَالَ إِذَا قُمْتَ فِيْ صَلٰوتِكَ فَصَلِّ صَلٰوةَ مُوَدِّعٍ وَلَا تَكَلَّمْ بِكَلَامٍ تَعْذِرُ مِنْهُ غَدًا وَاجْمَعِ الْإِيَاسَ مِمَّا فِيْ أَيْدِي النَّاسِ ۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا:۔ مجھے مختصر نصیحت فرمائیے۔ فرمایا کہ جب تم نماز پڑھو تو رخصت ہونے والے جیسی پڑھو اور ایسی بات نہ کہو جس پر معذرت خواہ ہونا پڑے اور جو لوگوں کے قبضے میں ہے اس سے پوری طرح مایوس ہو جاؤ۔

٤٩٩٧ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَمَّا بَعَثَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْصِيْهِ وَمُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ تَحْتَ رَاحِلَتِهٖ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ يَا مُعَاذُ إِنَّكَ عَسٰى أَنْ لَّا تَلْقَانِيْ بَعْدَ عَامِيْ هٰذَا وَلَعَلَّكَ أَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِيْ هٰذَا أَوْ قَبْرِيْ فَبَكٰى مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهٖ نَحْوَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِيَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ كَانُوْا وَحَيْثُ كَانُوْا ۔

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں یمن کی طرف بھیجا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اُن کے ساتھ وصیت کرتے ہوئے نکلے۔ حضرت معاذ سوار تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کی سواری کے ساتھ پیدل چل رہے تھے۔ جب فارغ ہوگئے تو فرمایا:۔ اے معاذ! شاید اس سال کے بعد تم مجھ سے ملاقات نہ کر سکو اور شاید تم میری اس مسجد کے پاس سے گزرو یا میری قبر کے پاس سے۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فراق میں حضرت معاذ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے پھر آپ مڑ کر مدینہ منورہ کی جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ میرا قرب حاصل کرنے والے متقی ہیں، وہ خواہ کوئی ہوں

www.alahazratnetwork.org



(رَوَى الْأَحَادِيْثَ الْأَرْبَعَةَ أَحْمَدُ)

یا کسی جگہ ہوں۔ ان چاروں حدیثوں کو احمد نے روایت کیا ہے۔

۴۹۹۸ [۳] وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النُّوْرَ اِذَا دَخَلَ الصَّدْرَ انْفَسَحَ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لِتِلْكَ مِنْ عَلَمٍ يُّعْرَفُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ اَلتَّجَافِيْ مِنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَةُ اِلٰى دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تلاوت کی: جس کو اللہ ہدایت دینا چاہے تو اس کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیتا ہے (۶: ۱۲۵) رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نور جب سینے میں داخل ہو تو سینہ کھلتا ہے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! کیا اس بات کو جاننے کی کوئی نشانی ہے؟ فرمایا: ہاں، دھوکے کے گھر سے دور رہنا، ہمیشہ کے گھر کی جانب جھکے رہنا اور موت کے آنے سے پہلے اس کے لیے تیار رہنا۔

۴۹۹۹ [۴] وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِيْ خَلَّادٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْعَبْدَ يُعْطٰى زُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَاِنَّهٗ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ۔

(رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابو خلاد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی بندے کو دیکھو کہ اُسے دنیا میں زہد اور کم گوئی عطا فرمائی گئی ہے تو اس کے قریب ہو جاؤ کیونکہ وہ حکمت سکھایا گیا ہے۔ ان دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

# بَابُ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ وَمَا كَانَ مِنْ عَيْشِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## فقرا کی فضیلت اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طرز زندگی

### پہلی فصل

۵۰۰۰ [۱] عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض بکھرے بالوں والے اور دروازوں سے دھتکارے ہوئے ایسے ہیں کہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھالیں تو وہ انھیں سچے کر دکھاتا ہے۔ (مسلم)

۵۰۰۱ [۲] وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَاٰى سَعْدٌ اَنَّ لَهٗ فَضْلًا عَلٰى مَنْ دُوْنَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

مصعب بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ انھیں دوسروں پر فضیلت ہے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ضعیف لوگوں کے باعث مدد کیے جاتے اور روزی دیے جاتے رہو۔ (بخاری)

۵۰۰۲ [۳] وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا

www.alahazratnetwork.org



مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ وَاَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ غَيْرَ اَنَّ اَصْحَابَ النَّارِ قَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تو اُس میں داخل ہونے والے میں نے زیادہ تر مسکین دیکھے اور دولت مند روکے ہوئے ہیں ماسوائے اُن کے جن جہنمیوں کو جہنم میں ڈالنے کا حکم فرما دیا گیا تھا اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا تو اُس میں داخل ہونے والی زیادہ تر عورتیں تھیں۔ (متفق علیہ)

۵۰۰۳ (4) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا تو زیادہ تر اس میں مفلسوں کو دیکھا اور جہنم میں جھانک کر دیکھا تو زیادہ تر اس میں عورتوں کو دیکھا۔ (متفق علیہ)

۵۰۰۴ (5) وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک قیامت کے روز مہاجرین دولت مندوں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔ (مسلم)

۵۰۰۵ (6) وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهٗ جَالِسٍ مَا رَاْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَشْرَافِ النَّاسِ هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ يُّنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ يُّشَفَّعَ قَالَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ لَّا يُنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ لَّا يُشَفَّعَ وَاِنْ قَالَ اَنْ لَّا يُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ مِّلْءِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گزرا تو آپ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے ایک شخص سے فرمایا کہ اس کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ اُس نے کہا کہ یہ معزز لوگوں میں سے ہے۔ خدا کی قسم اس قابل ہے کہ پیغام دے تو نکاح کر دیا جائے اور اگر سفارش کرے تو قبول کی جائے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔ پھر دوسرا آدمی گزرا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: اس کے بارے میں تمہارا خیال ہے؟ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ مفلس مسلمانوں میں سے ہے۔ اس قابل ہے کہ پیغام دے تو نکاح نہ کیا جائے اگر سفارش کرے تو قبول نہ ہو اور اگر کوئی بات کرے تو اس کی بات سنی نہ جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس سے بہتر ہے کہ اس جیسے لوگوں سے زمین بھری ہوئی ہو۔ (متفق علیہ)

۵۰۰۶ (7) وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِّنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ آلِ محمد نے کبھی متواتر دو روز جَو کی روٹی پیٹ بھر کر نہیں کھائی، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی۔ (متفق علیہ)

۵۰۰۷ (8) وَعَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مَصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَاَبٰى

سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ ایک قوم کے پاس سے گزرے جن کے پاس بھنی ہوئی بکری رکھی تھی انہوں

www.alahazratnetwork.org



أَنْ يَأْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نے آپ کو کھانے کے لیے بلایا تو آپ نے انکار کر دیا اور فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے اور آپ نے شکم سیر ہو کر جو کی روٹی نہیں کھائی۔

(بخاری)

۵۰۰۸ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ مَشٰى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ[9] وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا لَهُ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ وَأَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِأَهْلِهِ وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَا أَمْسٰى عِنْدَ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَلَا صَاعُ حَبٍّ وَإِنَّ عِنْدَهُ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ جو کی روٹیاں اور بودار چربی لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں اپنی زرہ ایک یہودی کے پاس رہن رکھی ہوئی تھی اور اُس سے اپنے گھر والوں کے لیے جو لیے تھے اور میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ آلِ محمد نے اس حالت میں شام نہیں کی کہ اُن کے پاس ایک صاع گندم یا ایک صاع کوئی غلہ ہو جبکہ آپ کی نو ازواج مطہرات تھیں۔

(بخاری)

۵۰۰۹ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى[10] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رِمَالِ حَصِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فِرَاشٌ قَدْ أَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهِ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى أُمَّتِكَ فَإِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَقَالَ أَوَفِيْ هٰذَا أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ أُولٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِيْ رِوَايَةٍ أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہُوا تو آپ کھجور کی چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے جس پر کوئی بستر نہیں تھا جس سے آپ کے پہلو پر نشانات پڑ گئے تھے۔ آپ نے چمڑے کے تکیے سے ٹیک لگائی ہوئی تھی جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے میں عرض گزار ہُوا کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ آپ کی اُمت کے لیے وسعت فرمائے کیونکہ ایرانیوں اور رومیوں کے لیے وسعت فرمائی گئی ہے جبکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے۔ فرمایا کہ اے عمر بن خطاب! ابھی کافی ہے۔ وہ ایسی قوم ہیں کہ اُنھیں دنیا کی زندگی میں ہی اُن کا حصہ جلدی سے دے دیا گیا۔ دوسری روایت میں ہے کہ کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ دنیا اُن کے لیے اور آخرت ہمارے لیے ہو۔ (متفق علیہ)۔

۵۰۱۰ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ سَبْعِيْنَ مِنْ[11] أَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ إِمَّا إِزَارٌ وَإِمَّا كِسَاءٌ قَدْ رَبَطُوْا فِيْ أَعْنَاقِهِمْ فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ فَيَجْمَعُهُ بِيَدِهٖ كَرَاهِيَةَ أَنْ تُرٰى عَوْرَتُهُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اصحابِ صُفّہ میں سے میں نے ستّر افراد کو دیکھا جن میں سے کسی ایک کے پاس بھی چادر نہیں تھی بلکہ صرف ازار تھی یا کمبل تھا جس کو اپنی گردن سے باندھ لیتے۔ اُن میں سے کسی کا کپڑا پنڈلیوں تک پہنچتا اور کسی کا ٹخنوں تک اور اُسے وہ اپنے ہاتھوں سے سمیٹے رکھتے تاکہ کسی کو اُن کا ستر نظر نہ آئے۔

(بخاری)

۵۰۱۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[12] إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی ایسے شخص کو دیکھے جو مال اور افراد میں تم سے بڑھ کر ہو تو اُسے بھی دیکھنا چاہیے جو تم سے کم تر ہو (متفق علیہ) اور مسلم کی روایت میں ہے

www.alahazratnetwork.org



وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ اُنْظُرُوْا اِلٰی مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ اَجْدَرُ اَنْ لَّا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ

فرمایا کہ اُسے دیکھو جو تم سے کم تر ہے اور اُسے نہ دیکھو جو تم سے بڑھ کر ہے۔ یہ بات اس وجہ سے بہتر ہے تاکہ جو اللہ کی تم پر نعمتیں ہیں اُنھیں حقیر نہ سمجھنے لگو۔

## دوسری فصل

۵۰۱۲ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ [13] یَدْخُلُ الْفُقَرَآءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَآءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِّصْفِ یَوْمٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فقیر لوگ جنت میں امیروں سے پانچ سو برس پہلے داخل ہوں گے جو کہ نصف دن ہے۔ (ترمذی)

۵۰۱۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ [14] قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْكِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْكِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ لِمَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَآئِهِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا یَا عَآئِشَةُ لَا تَرُدِّی الْمِسْكِیْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ یَا عَآئِشَةُ اَحِبِّی الْمَسَاكِیْنَ وَقَرِّبِیْهِمْ فَاِنَّ اللّٰهَ یُقَرِّبُكِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ۔ وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اِلٰی قَوْلِهٖ زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! مجھے مسکین زندہ رکھ، مسکینی کی حالت میں وفات دینا اور میرا حشر مسکینوں کے گروہ میں کرنا۔ حضرت عائشہ صدیقہ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! کیوں؟ فرمایا کہ وہ امیروں سے چالیس برس پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ اے عائشہ! مسکین کو خالی ہاتھ نہ لوٹانا خواہ کھجور کا ٹکڑا ہی میسر آئے۔ اے عائشہ! مسکینوں سے محبت کرنا اور انھیں نزدیک رکھنا تو اللہ تعالیٰ قیامت میں تمہیں اپنا قرب عطا فرمائے گا۔ روایت کیا اسے ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابن ماجہ نے حضرت ابو سعید سے زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ تک اسے روایت کیا ہے۔

۵۰۱۴ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ [15] قَالَ اَبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَآئِكُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ اَوْ تُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَآئِكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اپنے ضعیفوں میں تلاش کیا کرو کیونکہ تم اپنے ضعیفوں کے سبب رزق اور مدد دیے جاتے ہو۔ (ابو داؤد)

۵۰۱۵ وَعَنْ اُمَیَّةَ بْنِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَیْدٍ [16] عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ یَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِیْكِ الْمُهَاجِرِیْنَ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت اُمیہ بن خالد بن عبداللہ بن اُسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقرائے مہاجرین کے وسیلے سے فتح مانگا کرتے تھے۔ (شرح السنہ)۔

۵۰۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ [17] لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَةٍ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِیْ مَا هُوَ لَاقٍ بَعْدَ مَوْتِهٖ اِنَّ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فاسق پر نعمتوں کے باعث رشک نہ کرنا کیونکہ تمہیں کیا معلوم کہ مرنے کے بعد اُسے کیا ملنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پاس اُس

www.alahazratnetwork.org



۵۰۱۷ [۱۸] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُهُ وَاِذَا فَارَقَ الدُّنْيَا فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَةَ۔

(رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا مومن کا قید خانہ اور قحط ہے جب وہ دنیا سے جدا ہوتا ہے تو قید خانے اور قحط سے جدا ہوتا ہے۔

(شرح السنہ)

۵۰۱۸ [۱۹] وَعَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَآءَ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے سے محبت کرے تو اُسے دنیا سے بچاتا ہے۔ جیسے تم میں سے کوئی اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔ (احمد، ترمذی)۔

۵۰۱۹ [۲۰] وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ اٰدَمَ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِّلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ وَقِلَّةُ الْمَالِ اَقَلُّ لِلْحِسَابِ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی دو چیزوں کو ناپسند کرتا ہے۔ وہ موت کو ناپسند کرتا ہے جبکہ موت مومن کے لیے فتنہ سے بہتر ہے۔ دوسرے مال کی کمی کو ناپسند کرتا ہے جبکہ مال کی کمی میں حساب کی آسانی ہے۔

(احمد)

۵۰۲۰ [۲۱] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اُحِبُّكَ قَالَ انْظُرْ مَا تَقُوْلُ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا لَلْفَقْرُ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ فرمایا دیکھو تو سہی کہ تم کیا کہتے ہو چنانچہ تین مرتبہ کہا کہ خدا کی قسم میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو فقر کے لیے پاکھر تیار کر لو کیونکہ مجھ سے محبت کرنے والے کی طرف فقر اُس سے جلدی پہنچتا ہے کہ سیلاب اپنے منتہیٰ تک پہنچے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا یہ حدیث غریب ہے

۵۰۲۱ [۲۲] وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِی اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْذِيْتُ فِی اللّٰهِ وَمَا يُؤْذٰى اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَیَّ ثَلٰثُوْنَ مِنْ بَيْنِ لَيْلَةٍ وَّيَوْمٍ وَّمَا لِیْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَّاْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ اِلَّا شَیْءٌ يُّوَارِيْهِ اِبْطُ بِلَالٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَمَعْنٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ حِيْنَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَارِبًا مِّنْ مَّكَّةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ اِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلَالٍ مِّنَ الطَّعَامِ مَا يَحْمِلُ تَحْتَ اِبْطِهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی وجہ سے اتنا ڈرایا گیا ہوں کہ کوئی دوسرا نہیں ڈرایا گیا اور میں اللہ کے باعث اتنی اذیت دیا گیا ہوں کہ کوئی دوسرا نہیں دیا گیا مجھ پر تیس رات اور دن ایسے بھی گزرے ہیں جبکہ میرے اور بلال کے پاس کھانے کی کوئی ایسی چیز نہ تھی جس کو کوئی جاندار کھا سکے ماسوائے اُس تھوڑی سی چیز کے جس کو بلال کی بغل چھپائے رکھتی تھی۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت کر کے مکہ مکرمہ سے نکلے تو آپ کے ساتھ حضرت بلال تھے اور حضرت بلال کے پاس اتنا کھانا تھا جس کو وہ اپنی بغل میں اٹھائے ہوئے تھے۔

۵۰۲۲ [۲۳] وَعَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

www.alahazratnetwork.org



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ عَنْ حَجَرَيْنِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹوں پر سے ایک ایک پتھر اٹھایا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے شکم مبارک سے دو پتھر اٹھائے اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۲۳/۲۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ اَصَابَهُمْ جُوْعٌ فَاَعْطَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً تَمْرَةً۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھیں بھوک پہنچی تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ایک ایک کھجور مرحمت فرمائی۔ (ترمذی)۔

۵۰۲۴/۲۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا مَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاقْتَدٰى بِهٖ وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاَسِفَ عَلٰى مَا فَاتَهٗ مِنْهُ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ فِيْ بَابٍ بَعْدَ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ)

عمرو بن شعیب اُن کے والد ماجد اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو عادتیں جس کے اندر ہوں تو اللہ تعالیٰ اُسے شاکر و صابر لکھ لیتا ہے جو دینی لحاظ سے اُسے دیکھے جو اُس سے بڑھ کر ہو اور دنیاوی لحاظ سے اُسے دیکھے جو اُس سے کم تر ہو اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کرے کہ اُسے اللہ تعالیٰ نے اُس پر فضیلت دی تو اللہ تعالیٰ اُسے شاکر و صابر لکھ لیتا ہے اور جو دینی لحاظ سے اُس شخص کی طرف دیکھے جو اُس سے کم تر ہو اور دنیاوی لحاظ سے اُس شخص کی طرف دیکھے جو اُس سے بڑھ کر ہو اور اُس پر افسوس کرے جو اُسے حاصل نہیں ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے شاکر و صابر نہیں لکھے گا۔ (ترمذی) اور اَبْشِرُوْا یَا صَعَالِیْکَ الْمُهَاجِرِیْنَ والی حدیث ابو سعید اُس باب میں مذکور ہوئی جو فضائل القرآن کے بعد ہے۔

## تیسری فصل

۵۰۲۵/۲۶ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو وَسَاَلَهٗ رَجُلٌ قَالَ اَلَسْنَا مِنْ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ اَلَكَ امْرَاَةٌ تَاْوِيْ اِلَيْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اَلَكَ مَسْكَنٌ تَسْكُنُهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْاَغْنِيَاءِ قَالَ فَاِنَّ لِيْ خَادِمًا قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْمُلُوْكِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَجَاءَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالُوْا يَا اَبَا مُحَمَّدٍ وَّاللّٰهِ مَا نَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ لَا نَفَقَةٍ وَّلَا دَابَّةٍ وَّلَا مَتَاعٍ فَقَالَ لَهُمْ مَا شِئْتُمْ اِنْ شِئْتُمْ

ابو عبدالرحمٰن بن حبلی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سُنا جبکہ ایک آدمی نے اُن سے سوال کرتے ہوئے کہا: ہم فقرائے مہاجرین میں سے نہیں ہیں؟ حضرت عبداللہ نے اُن سے فرمایا: کیا تمہاری بیوی ہے جس کے پاس تم ٹھہر سکو؟ کہا ہاں۔ فرمایا کیا تمہارے پاس گھر ہے جس میں تم رہ سکو؟ کہا ہاں۔ فرمایا تم تو امیروں میں سے ہو۔ اُس نے کہا کہ میرا ایک خادم بھی ہے۔ فرمایا کہ پھر تو تم بادشاہ ہو۔ عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ تین آدمی حضرت عبداللہ بن عمرو کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں اُن کے پاس تھا۔ عرض گزار ہوئے: اے ابو محمد! خدا کی قسم ہم کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتے ہمارے پاس خرچ، سواری اور سامان میں سے کچھ بھی نہیں ہے۔ آپ نے

رجعتم الينا فاعطيناكم ما يسر الله لكم وان شئتم ذكرنا امركم للسلطان وان شئتم صبرتم فاني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان فقراء المهاجرين يسبقون الاغنياء يوم القيامة الى الجنة باربعين خريفا قالوا فانا نصبر لا نسأل شيئا۔

(رواه مسلم)

۵۰۲۶ وعن عبد الله بن عمرو قال بينما انا [27] قاعد في المسجد وحلقة من فقراء المهاجرين قعود اذ دخل النبي صلى الله عليه وسلم فقعد اليهم فقمت اليهم فقال النبي صلى الله عليه وسلم ليبشر فقراء المهاجرين بما يسر وجوههم فانهم يدخلون الجنة قبل الاغنياء باربعين عاما قال فلقد رأيت الوانهم اسفرت قال عبد الله بن عمرو حتى تمنيت ان اكون معهم او منهم۔

(رواه الدارمي)

۵۰۲۷ وعن ابي ذر قال امرني خليلي بسبع امرني [28] بحب المساكين والدنو منهم وامرني ان انظر الى من هو دوني ولا انظر الى من هو فوقي وامرني ان اصل الرحم وان ادبرت وامرني ان لا اسأل احدا شيئا وامرني ان اقول بالحق وان كان مرا وامرني ان لا اخاف في الله لومة لائم وامرني ان اكثر من قول لا حول ولا قوة الا بالله فانهن من كنز تحت العرش۔ (رواه احمد)

۵۰۲۸ وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى [29] الله عليه وسلم يعجبه من الدنيا ثلاثة الطعام والنساء والطيب فاصاب اثنين ولم يصب واحدا اصاب النساء والطيب ولم يصب الطعام۔

(رواه احمد)

ان سے فرمایا کہ تم کیا چاہتے ہو۔ اگر تم ہماری طرف لوٹنا چاہتے ہو تو جو اللہ تعالیٰ میسر فرمائے گا وہ ہم تمہیں دے دیں گے اور اگر تم چاہو تو ہم تمہارا ذکر بادشاہ سے کر دیں گے اور اگر چاہو تو صبر کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ فقرائے مہاجرین قیامت کے روز ان کے مالداروں پر چالیس سال پہلے جنت کی طرف سبقت لے جائیں گے۔ عرض گزار ہوئے کہ ہم صبر کرتے ہیں اور کسی چیز کا سوال نہیں کرتے۔

(مسلم)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا اور فقرائے مہاجرین کا گروہ بھی بیٹھا ہوا تھا کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور ان میں بیٹھ گئے۔ میں اٹھ کر ان کے پاس چلا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقرائے مہاجرین کو وہ چیز مبارک ہے جس سے ان کے چہرے کھل جاتے ہیں کہ وہ جنت میں امیروں سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ ان حضرات کے رنگ نکھر گئے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو کا بیان ہے کہ کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا یا ان میں سے ہوتا۔

(دارمی)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میرے خلیل آقا نے مجھے سات باتوں کا حکم فرمایا۔ مجھے مسکینوں سے محبت کرنے اور ان کے قریب رہنے کا حکم فرمایا۔ حکم فرمایا کہ اپنے سے کم حیثیت والے کی طرف دیکھوں اور اپنے سے زیادہ حیثیت والے کی طرف نہ دیکھوں۔ حکم فرمایا کہ صلہ رحمی کروں اگرچہ وہ پیٹھ دکھائیں۔ حکم فرمایا کہ کسی سے کچھ نہ مانگوں۔ حکم فرمایا کہ سچی بات کہوں اگرچہ کڑوی ہو۔ حکم فرمایا کہ اللہ کے کاموں میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں اور حکم فرمایا کہ لا حول ولا قوة الا بالله کثرت سے کہا کروں کیونکہ یہ کلمات عرش کے نیچے والے خزانے سے ہیں۔ (احمد)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا کی تین چیزوں کو پسند فرماتے تھے یعنی کھانا، عورت اور خوشبو۔ چنانچہ دو آپ کو میسر آئیں اور ایک میسر نہ آئی۔ عورتیں اور خوشبو تو ملیں لیکن کھانا نہ ملا۔

(احمد)

www.alahazratnetwork.org

www.alahazratnetwork.org



۵۰۲۹ / ۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَیَّ الطِّیْبُ وَالنِّسَآءُ وَجُعِلَتْ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَآئِیُّ وَزَادَ ابْنُ الْجَوْزِیِّ بَعْدَ قَوْلِہٖ حُبِّبَ اِلَیَّ مِنَ الدُّنْیَا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے خوشبو اور عورتوں کی محبت دی گئی ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔ (احمد، نسائی) اور ابن جوزی نے حُبِّبَ اِلَیَّ کے بعد مِنَ الدُّنْیَا بھی کہا ہے۔

۵۰۳۰ / ۳۱ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ بِہٖ اِلَی الْیَمَنِ قَالَ اِیَّاکَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰہِ لَیْسُوْا بِالْمُتَنَعِّمِیْنَ۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب انھیں یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا۔ عیش پسندی سے بچنا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بندے عیش پسند نہیں ہوا کرتے۔

(احمد)

۵۰۳۱ / ۳۲ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَضِیَ مِنَ اللّٰہِ بِالْیَسِیْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِیَ اللّٰہُ مِنْہُ بِالْقَلِیْلِ مِنَ الْعَمَلِ۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کم رزق میں بھی اللہ سے راضی ہے تو اللہ تعالیٰ کم عمل میں بھی اُس سے راضی رہتا ہے۔

۵۰۳۲ / ۳۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ جَاعَ اَوِ احْتَاجَ فَکَتَمَہُ النَّاسَ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یَّرْزُقَہٗ رِزْقَ سَنَۃٍ مِّنْ حَلَالٍ۔ (رَوَاہُمَا الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی بھوک یا احتیاج کو لوگوں سے چھپائے تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کہ اُسے ایک سال کی حلال روزی عطا فرمائے۔ ان دونوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۵۰۳۳ / ۳۴ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ عَبْدَہُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِیْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِیَالِ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت عمران بن حُصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اُس بندے کو پسند فرماتا ہے۔ جو مومن فقیر سوال سے بچنے والا اور بال بچے دار ہو۔

(ابن ماجہ)

۵۰۳۴ / ۳۵ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ اسْتَسْقٰی یَوْمًا عُمَرُ فَجِیْءَ بِمَآءٍ قَدْ شِیْبَ بِعَسَلٍ فَقَالَ اِنَّہٗ لَطَیِّبٌ لٰکِنِّیْ اَسْمَعُ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ نَعٰی عَلٰی قَوْمٍ شَہَوَاتِہِمْ فَقَالَ اَذْہَبْتُمْ طَیِّبٰتِکُمْ فِیْ حَیٰوتِکُمُ الدُّنْیَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِہَا فَاَخَافُ اَنْ تَکُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا فَلَمْ یَشْرَبْہُ۔

(رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

زید ابن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک روز پانی مانگا تو اُن کی خدمت میں شہد ملا کر پانی پیش کیا گیا۔ فرمایا کہ یہ پاک ہے لیکن میں سنتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کو اُن کی خواہشات پر عیب لگایا اور فرمایا کہ تم نے دنیاوی زندگی میں اپنی مرضی کی چیزوں سے فائدہ اٹھا لیا۔ مجھے ڈر ہے کہ ہماری نیکیوں کا جلد (دنیا میں) بدلہ نہ دے دیا جائے لہٰذا وہ پانی نہ پیا۔

(رزین)

۵۰۳۵ / ۳۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا شَبِعْنَا مِنْ تَمْرٍ حَتّٰی فَتَحْنَا خَیْبَرَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ خیبر فتح ہونے تک ہم نے پیٹ بھر کر کھجوریں نہیں کھائیں۔

(بخاری)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ — ہَوا وحرص کا بیان

## پہلی فصل

۵۰۳۶/۱ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ خَطَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُّرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِی الْوَسْطِ خَارِجًا مِّنْہُ وَخَطَّ خُطُطًا صِغَارًا اِلٰی ھٰذَا الَّذِیْ فِی الْوَسْطِ مِنْ جَانِبِہِ الَّذِیْ فِی الْوَسْطِ فَقَالَ ھٰذَا الْاِنْسَانُ وَھٰذَا اَجَلُہٗ مُحِیْطٌ بِہٖ وَھٰذَا الَّذِیْ ھُوَ خَارِجٌ اَمَلُہٗ وَھٰذِہِ الْخُطُطُ الصِّغَارُ الْاَعْرَاضُ فَاِنْ اَخْطَاَہٗ ھٰذَا نَھَشَہٗ ھٰذَا وَاِنْ اَخْطَاَہٗ ھٰذَا نَھَشَہٗ ھٰذَا۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطوط سے مربع شکل بنائی اور اُس میں ایک خط کھینچا باہر نکلتا ہوا اور اِس درمیانی خط تک چھوٹے خطوط کھینچے۔ فرمایا کہ یہ انسان ہے اور یہ اُس کی موت اُسے گھیرے ہوئے ہے اور یہ باہر نکلا ہوا خط اُس کی اُمید ہے اور یہ چھوٹے خطوط مصائب کے ہیں۔ اگر وہ اِس مصیبت سے بچتا ہے تو اُس میں جا پھنستا ہے اور اُس سے بچتا ہے تو اِس میں اُلجھتا ہے۔

(بخاری)

۵۰۳۷/۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَطَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُطُوْطًا فَقَالَ ھٰذَا الْاَمَلُ وَھٰذَا اَجَلُہٗ فَبَیْنَمَا ھُوَ کَذٰلِکَ اِذْ جَاءَہُ الْخَطُّ الْاَقْرَبُ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطوط کھینچے اور فرمایا: یہ اُمید ہے اور یہ اُس کی موت ہے۔ آدمی اِسی حالت میں ہوتا ہے کہ اُسے قریب والا خط آ لیتا ہے۔

(بخاری)

۵۰۳۸/۳ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَھْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ وَیَشِبُّ مِنْہُ اثْنَانِ الْحِرْصُ عَلَی الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَی الْعُمُرِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے اور اُس کی دو چیزیں جوان رہتی ہیں، مال کی حرص اور عمر کی حرص۔

(متفق علیہ)

۵۰۳۹/۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَزَالُ قَلْبُ الْکَبِیْرِ شَابًّا فِی اثْنَیْنِ فِیْ حُبِّ الدُّنْیَا وَطُوْلِ الْاَمَلِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے کا دل دو چیزوں میں ہمیشہ جوان رہتا ہے۔ دنیا کی محبت اور لمبی عمر میں۔

(متفق علیہ)

۵۰۴۰/۵ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْذَرَ اللّٰہُ اِلٰی امْرِئٍ اَخَّرَ اَجَلَہٗ حَتّٰی بَلَّغَہٗ سِتِّیْنَ سَنَۃً۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اُس کا عذر ختم کر دیا جس کی موت یہاں تک کہ عمر ساٹھ سال تک پہنچ گئی۔

(بخاری)

۵۰۴۱/۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر آدمی کے لیے مال سے بھری ہوئی دو وادیاں ہوں تو تیسری تلاش کرے گا اور آدمی کے پیٹ کو نہیں بھرتی مگر مٹی اور توبہ کرنے والے کی اللہ تعالیٰ توبہ قبول فرماتا ہے۔

(متفق علیہ)

۵۰۴۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِيْ فَقَالَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے جسم کا ایک حصہ پکڑ کر فرمایا: دنیا میں یوں رہو جیسے تم مسافر یا راہ گیر ہو اور اپنے آپ کو قبروں والوں میں شمار کرو۔

(بخاری)

## دوسری فصل

۵۰۴۳ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا وَاُمِّيْ نُطَيِّنُ شَيْئًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ قُلْتُ شَيْءٌ نُصْلِحُهٗ قَالَ الْاَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے جبکہ میں اور میری امی جان کسی چیز کو لیپ رہے تھے۔ فرمایا کہ اے عبد اللہ! یہ کیا ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ ایک چیز کو درست کر رہے ہیں فرمایا کہ اصل معاملہ اس سے زیادہ جلدی میں ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۴۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُهْرِيْقُ الْمَاءَ فَيَتَيَمَّمُ بِالتُّرَابِ فَاَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَاءَ مِنْكَ قَرِيْبٌ يَقُوْلُ مَا يُدْرِيْنِيْ لَعَلِّيْ لَا اَبْلُغُهٗ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ فِيْ كِتَابِ الْوَفَاءِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیشاب کرتے تو مٹی سے تیمم کر لیا کرتے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! پانی تو آپ کے قریب ہے۔ فرماتے مجھے کیا معلوم کہ میں اس تک پہنچ سکوں۔ روایت کیا اسے شرح السنۃ میں اور ابن جوزی نے کتاب الوفا میں۔

۵۰۴۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَهٰذَا اَجَلُهٗ وَوَضَعَ يَدَهٗ عِنْدَ قَفَاهُ ثُمَّ بَسَطَ فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُهٗ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ آدمی ہے اور یہ اس کی موت ہے اور دست مبارک اپنی گدی کے پاس رکھا۔ پھر دراز کیا اور فرمایا یہ اس کی امید ہے۔

(ترمذی)

۵۰۴۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَزَ عُوْدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاٰخَرَ اِلٰى جَنْبِهٖ وَاٰخَرَ اَبْعَدَ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا قَالُوْا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے سامنے ایک لکڑی گاڑی اور دوسری لکڑی اس کے پہلو میں اور تیسری بہت دور۔ فرمایا جانتے ہو یہ کیا ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ یہ انسان ہے

www.alahazratnetwork.org



فَلَحِقَهُ الْاَجَلُ دُوْنَ الْاَمَلِ۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

دوڑتا ہے لیکن امید سے پہلے موت آپہنچی ہے۔ (شرح السنہ)

۵۰۴۷/۱۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمُرُ اُمَّتِيْ مِنْ سِتِّيْنَ سَنَةً اِلٰى سَبْعِيْنَ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اُمّت کی عمر ساٹھ سے ستّر سال تک ہے۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۴۸/۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْمَارُ اُمَّتِيْ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلٰى سَبْعِيْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوْزُ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ فِيْ بَابِ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ۔

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اُمّت کی عمریں ساٹھ سے ستّر سال ہیں اور تھوڑے افراد ہیں جو اِس سے تجاوز کریں گے۔ (ترمذی، ابنِ ماجہ) اور حضرت عبد اللہ بن شخیر کی حدیث باب عیادۃ المریض میں مذکور ہوئی۔

# تیسری فصل

۵۰۴۹/۱۴ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ صَلَاحِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الْيَقِيْنُ وَالزُّهْدُ وَاَوَّلُ فَسَادِهَا الْبُخْلُ وَالْاَمَلُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

عمرو بن شعیب اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اِس اُمّت کی پہلی اصلاح یقین اور زہد ہے اور اس کا پہلا فساد بخل اور لمبی اُمید ہے۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۰۵۰/۱۵ وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ لَيْسَ الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا بِلُبْسِ الْغَلِيْظِ وَالْخَشِنِ وَاَكْلِ الْجَشِبِ اِنَّمَا الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قِصَرُ الْاَمَلِ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

امام سفیان ثوری نے فرمایا کہ زہد دنیا میں موٹا اور بھٹا پرانا کپڑا پہننے اور معمولی غذا کھانے کا نام نہیں بلکہ دنیا میں زہد اُمید کے اختصار سے ہے۔ (شرح السنہ)

۵۰۵۱/۱۶ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا وَسُئِلَ اَيُّ شَيْءٍ اَلزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قَالَ طِيْبُ الْكَسْبِ وَقِصَرُ الْاَمَلِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

زید بن حسین کا بیان ہے کہ میں نے امام مالک سے سُنا جبکہ پوچھا گیا کہ دنیا میں زہد کیا ہے؟ فرمایا کہ پاک ذریعہ روزی اور مختصر اُمید۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ اسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ لِلطَّاعَةِ

## اطاعت کی وجہ سے مال اور عمر سے محبت رکھنا

### پہلی فصل

۵۰۵۲ عَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَيْنِ فِي بَابِ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ۔

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیشک اللہ تعالیٰ پرہیزگار، استغنا والے اور گمنام بندے کو پسند فرماتا ہے۔ (مسلم) اور لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَيْنِ والی حدیث ابن عمر پیچھے باب فضائل القرآن میں مذکور ہوئی۔

### دوسری فصل

۵۰۵۳ عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ قَالَ فَأَيُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہوا:۔ یارسول اللہ! کون سا آدمی بہتر ہے؟ فرمایا کہ جس کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔ عرض گزار ہوا کہ کونسا آدمی برا ہے؟ فرمایا کہ جس کی عمر لمبی اور اعمال برے ہوں۔ (احمد، ترمذی، دارمی)

۵۰۵۴ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ خَالِدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقُتِلَ أَحَدُهُمَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتَ الْآخَرُ بَعْدَهُ بِجُمُعَةٍ أَوْ نَحْوِهَا فَصَلَّوْا عَلَيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُمْ قَالُوْا دَعَوْنَا اللّٰهَ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ وَيَرْحَمَهُ وَيُلْحِقَهُ بِصَاحِبِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ صَلَاتُهُ بَعْدَ صَلَاتِهِ وَعَمَلُهُ بَعْدَ عَمَلِهِ أَوْ قَالَ صِيَامُهُ بَعْدَ صِيَامِهِ لَمَا بَيْنَهُمَا أَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو آدمیوں کے درمیان اخوت قائم فرمائی۔ اُن میں سے ایک جہاد میں شہید کر دیے گئے اور اُس کے قریباً ایک ہفتہ بعد دوسرے کا بھی انتقال ہو گیا۔ لوگوں نے اُس پر نماز جنازہ پڑھی۔ تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ عرض گزار ہوئے: ہم نے اللہ سے دعا کی ہے کہ اِس کی مغفرت کرے، اِس پر رحم فرمائے اور اِسے اِس کے ساتھی سے ملائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس کی نماز کے بعد اِس کی نمازیں اور اُس کے اعمال کے بعد اِس کے اعمال کہاں گئے؟ یا یہ بھی فرمایا کہ اُس کے روزوں کے بعد اِسکے روزے کہاں گئے جن میں زمین و آسمان کے درمیانی فاصلے کے برابر دوری ہے (ابوداؤد، نسائی)

۵۰۵۵ وَعَنْ أَبِيْ كَبْشَةَ الْأَنْمَارِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ثَلَاثٌ أُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ

حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تین چیزیں ایسی ہیں جن پر میں قسم اٹھاتا

www.alahazratnetwork.org



ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلِمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا اِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا وَّلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ وَاَمَّا الَّذِىْ اُحَدِّثُكُمْ فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْيَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّعِلْمًا فَهُوَ يَتَّقِىْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَيَصِلُ رَحِمَهٗ وَيَعْمَلُ لِلّٰهِ فِيْهِ بِحَقِّهٖ فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ مَالًا فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِىْ مَالًا لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَ يَتَخَبَّطُ فِىْ مَالِهٖ بِغَيْرِ عِلْمٍ لَا يَتَّقِىْ فِيْهِ رَبَّهٗ وَلَا يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهٗ وَلَا يَعْمَلُ فِيْهِ بِحَقٍّ فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٌ لَّمْ يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالًا وَّلَا عِلْمًا فَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ لِىْ مَالًا لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ نِيَّتُهٗ وَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ)

اور وہ اس پر صبر کرے مگر اللہ تعالیٰ اس کے باعث اس کی عزت بڑھا دیتا ہے اور نہیں کھولتا کوئی بندہ سوال کا دروازہ مگر اللہ اس پر غربت کا دروازہ کھول دیتا ہے جو بات میں تم سے کہتا ہوں کہ اسے یاد رکھنا، یہ ہے کہ یہ دنیا چار قسم کے لوگوں کے لیے ہے۔ ایک وہ بندہ جس کو اللہ تعالیٰ نے مال اور علم دیا۔ پس اس میں وہ اپنے رب کا تقویٰ اختیار کرتا، صلہ رحمی کرتا اور اس میں حق کے مطابق اللہ کے لیے عمل کرتا ہے۔ یہ اعلیٰ مقام پر ہے۔ دوسرا بندہ جس کو اللہ نے علم دیا اور مال نہیں دیا۔ وہ اچھی نیت والا ہے۔ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں کی طرح عمل کرتا۔ ان دونوں کا ثواب برابر ہے۔ تیسرا وہ بندہ جس کو اللہ نے مال دیا اور علم نہ دیا۔ وہ علم نہ ہونے کے باعث مال میں بیہودگی کرتا ہے اور اس میں اپنے رب کا تقویٰ اختیار نہیں کرتا اور صلہ رحمی نہیں کرتا اور اس میں حق کے مطابق عمل نہیں کرتا تو یہ بُرے مقام پر ہے۔ چوتھا وہ بندہ جس کو اللہ نے مال اور علم نہیں دیا اور وہ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں تیسرے کی طرح کرتا۔ اس نیت کے باعث گناہ میں یہ دونوں برابر ہیں۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۰۵۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهٗ فَقِيْلَ وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُوَفِّقُهٗ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرمائے تو اُسے کام پر لگا دیتا ہے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! کس طرح کام پر لگا دیتا ہے؟ فرمایا کہ مرنے سے پہلے اُسے نیک کاموں کی توفیق دے دیتا ہے۔

(ترمذی)

۵۰۵۷ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور موت کے بعد کام آنے والے عمل کرے اور نالائق وہ ہے جو اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرکے اللہ تعالیٰ سے تمنا کرے۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

## تیسری فصل

۵۰۵۸ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا فِىْ مَجْلِسٍ فَطَلَعَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى رَاْسِهٖ اَثَرُ مَاءٍ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ

نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب نے فرمایا کہ ہم ایک مجلس میں تھے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لے آئے اور آپ کا سر مبارک تر تھا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم

اللّٰهِ نَرَاكَ طَيِّبَ النَّفْسِ قَالَ أَجَلْ قَالَ ثُمَّ خَاضَ الْقَوْمُ فِيْ ذِكْرِ الْغِنٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَأْسَ بِالْغِنٰى لِمَنِ اتَّقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَالصِّحَّةُ لِمَنِ اتَّقٰى خَيْرٌ مِّنَ الْغِنٰى وَطِيْبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِيْمِ

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

آپ کو خوش دیکھ رہے ہیں۔ فرمایا ہاں۔ پھر لوگ امیری کے ذکر میں مشغول ہو گئے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لیے امیری کا ڈر نہیں جو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرے۔ متقی کے لیے امیری سے صحت بہتر ہے اور دلی خوشی نعمتوں سے ہے۔

(احمد)

**۵۰۵۹** [۸] وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ كَانَ الْمَالُ فِيْمَا مَضٰى يُكْرَهُ فَأَمَّا الْيَوْمَ فَهُوَ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا هٰذِهِ الدَّنَانِيْرُ لَتَمَنْدَلَ بِنَا هٰؤُلَاءِ الْمُلُوْكُ وَقَالَ مَنْ كَانَ فِيْ يَدِهٖ مِنْ هٰذِهٖ شَيْءٌ فَلْيُصْلِحْهُ فَإِنَّهٗ زَمَانٌ إِنِ احْتَاجَ كَانَ أَوَّلَ مَنْ يَّبْذُلُ دِيْنَهٗ وَقَالَ الْحَلَالُ لَا يَحْتَمِلُ السَّرَفَ۔

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

امام سفیان ثوری نے فرمایا کہ ماضی میں مال ناپسندیدہ تھا لیکن اب مومن کی ڈھال ہے اور فرمایا کہ اگر یہ دینار نہ ہوتے تو بادشاہ ہمیں ذلیل کر ڈالتے اور فرمایا کہ جس کے پاس ان میں سے کچھ ہو تو اُسے سنبھال کر رکھے کیونکہ اس زمانے میں اگر محتاج ہو گیا تو پہلی چیز جس کو خرچ کرے گا وہ اُس کا دین ہو گا اور فرمایا کہ حلال مال فضول خرچی کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ اسے شرح السنہ میں روایت کیا ہے۔

**۵۰۶۰** [۹] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيْ مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ أَيْنَ أَبْنَاءُ السِّتِّيْنَ وَهُوَ الْعُمُرُ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کے روز ایک ندا کرنے والا ندا کرے گا کہ کہاں ہیں ساٹھ سالہ لوگ۔ یہ وہ عمر ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ کیا ہم نے تمہیں وہ عمر نہ دی تھی جس میں سمجھ لیتا ہے جس نے سمجھنا ہوتا ہے اور ڈر سنانے والا تمہارے پاس تشریف لایا تھا۔ (۳۵:۳۷) روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

**۵۰۶۱** [۱۰] وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ أَنَّ نَفَرًا مِّنْ بَنِيْ عُذْرَةَ ثَلَاثَةً أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّكْفِيْنِيْهِمْ قَالَ طَلْحَةُ أَنَا فَكَانُوْا عِنْدَهٗ فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ أَحَدُهُمْ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ بَعَثَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ الْآخَرُ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ مَاتَ الثَّالِثُ عَلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ قَالَ طَلْحَةُ فَرَأَيْتُ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةَ فِي الْجَنَّةِ وَرَأَيْتُ الْمَيِّتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ أَمَامَهُمْ وَالَّذِي اسْتُشْهِدَ آخِرًا يَلِيْهِ وَأَوَّلَهُمْ يَلِيْهِ فَدَخَلَنِيْ مِنْ ذٰلِكَ فَذَكَرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَقَالَ وَمَا أَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ أَحَدٌ أَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُّؤْمِنٍ يُّعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ لِتَسْبِيْحِهٖ وَ

حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بنی عذرہ کے تین افراد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان کا بندوبست کون کرے گا؟ حضرت طلحہ عرض گزار ہوئے کہ میں۔ وہ اُن کے پاس تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا تو ایک اُن میں سے اُس کے ساتھ نکلا اور شہادت پائی۔ پھر دوسرا لشکر بھیجا تو اُس میں دوسرا نکلا اور شہادت پائی۔ پھر تیسرا اپنے بستر پر فوت ہو گیا۔ حضرت طلحہ کا بیان ہے کہ میں نے تینوں کو جنت میں دیکھا اور بستر پر مرنے والا سب سے آگے تھا اور آخر میں شہید ہونے والا اُس کے نزدیک تھا اور پہلے شہید ہونے والا اُس کے نزدیک۔ یہ بات میرے دل کو کھٹکی اور میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا۔ فرمایا کہ تمہیں اس میں کون سی بات ناپسند رہی۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُس سے افضل کوئی نہیں جس کو اسلام میں زیادہ عمر دی جائے، اُس کی تسبیح، تکبیر اور تہلیل کے باعث۔

تَكْبِيْرِهٖ وَتَهْلِيْلِهٖ۔

**۵۰۶۲** وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عَمِيْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحٰبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عَبْدًا لَوْ خَرَّ عَلٰى وَجْهِهٖ مِنْ يَّوْمِ وُلِدَ اِلٰى اَنْ يَّمُوْتَ هَرِمًا فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ لَحَقَرَهٗ فِیْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَوَدَّ اَنَّهٗ رُدَّ اِلَى الدُّنْيَا كَيْمَا يَزْدَادَ مِنَ الْاَجْرِ وَالثَّوَابِ (رَوَاهُمَا اَحْمَدُ)

حضرت محمد بن ابو عمیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جو رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے تھے۔ بندہ اگر پیدا ہونے کے روز منہ کے بل گر جائے اور بوڑھا ہو کر مرنے تک اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں مشغول رہے تو قیامت کے روز اسے بھی حقیر سمجھے گا اور چاہے گا کہ دنیا کی طرف واپس بھیجا جائے تاکہ اجر و ثواب کو زیادہ کرے۔ ان دونوں کو احمد نے روایت کیا ہے۔ (احمد)

# توکّل اور صبر کا بیان

## پہلی فصل

**۵۰۶۳** عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میری اُمّت کے ستّر ہزار افراد حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے۔ وہ نہ جا بلا نہ جھاڑ پھونک کرتے ہوں گے اور نہ شگون لیتے ہوں گے بلکہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوں گے (متفق علیہ)۔

**۵۰۶۴** وَعَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عُرِضَتْ عَلَیَّ الْاُمَمُ فَجَعَلَ يَمُرُّ النَّبِیُّ وَمَعَهُ الرَّجُلُ وَالنَّبِیُّ وَمَعَهُ الرَّجُلَانِ وَالنَّبِیُّ وَمَعَهُ الرَّهْطُ وَالنَّبِیُّ وَلَيْسَ مَعَهٗ اَحَدٌ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَرَجَوْتُ اَنْ يَّكُوْنَ اُمَّتِیْ فَقِيْلَ هٰذَا مُوْسٰى فِیْ قَوْمِهٖ ثُمَّ قِيْلَ لِیَ انْظُرْ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ لِیَ انْظُرْ هٰكَذَا فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ وَمَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قُدَّامَهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَكْتَوُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِیْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز باہر تشریف لائے اور فرمایا، مجھ پر اُمّتیں پیش کی گئیں تو میرے سامنے سے ایک نبی گزرے جن کے ساتھ ایک آدمی تھا، دوسرے نبی کے ساتھ دو آدمی تھے، ایک نبی کے ساتھ پوری جماعت تھی۔ ایک نبی کے ساتھ ایک بھی آدمی نہیں تھا۔ پھر ایک بہت بڑی جماعت دیکھی جو حدِ نظر تک تھی۔ مجھے آرزو ہوئی کہ یہ میری اُمّت ہو۔ مجھ سے کہا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ اپنی قوم میں ہیں۔ پھر مجھ سے کہا گیا کہ دیکھیے۔ میں نے ایک بہت ہی بڑی جماعت دیکھی جو آسمان کے کنارو تک پھیلی ہوئی تھی۔ مجھ سے کہا گیا کہ ادھر بھی دیکھیے۔ میں نے آسمان کے کناروں تک بہت ہی بڑی جماعت دیکھی۔ کہا گیا کہ یہ آپ کی اُمّت ہے اور اُن کے ساتھ ستّر ہزار افراد ہیں جو اُن کے آگے آگے بغیر حساب جنت میں داخل ہوں گے، وہ شگون نہیں لیتے، جا بلانہ جھاڑ پھونک نہیں کرتے اور داغ نہیں لگواتے بلکہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ حضرت عکاشہ بن محصن کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالےٰ سے دعا کیجیے مجھے اُن میں شامل فرمائے۔ کہا اے اللہ!

www.alahazratnetwork.org



مِنْهُمْ قَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اسے اُن میں شامل فرمائے پھر دوسرا آدمی کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا، اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ مجھے بھی اُن میں شامل فرمائے۔ فرمایا کہ عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ (متفق علیہ)

۵۰۶۵ وَعَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[3] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ كُلَّهٗ لَهٗ خَيْرٌ وَّلَيْسَ ذَالِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے کاموں پر تعجب ہے کہ اُس کے ہر کام میں بھلائی ہے اور یہ بات مومن کے سوا کسی دوسرے کو حاصل نہیں۔ اگر اُسے خوشی پہنچے اور شکر ادا کرے تو اُس کے لیے بھلائی ہے اور اگر اُس کو تکلیف پہنچے اور صبر کرے تو اُس کے لیے بھلائی ہے۔ (مسلم)

۵۰۶۶ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[4] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَّاَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ وَفِيْ كُلٍّ خَيْرٌ اِحْرِصْ عَلٰى مَا يَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجِزْ وَاِنْ اَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ اَنِّيْ فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا وَلٰكِنْ قُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ فَاِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: طاقت ور مومن بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ کو ضعیف مومن سے زیادہ پسند ہے۔ اور ہر بھلائی میں حرص کرو جو تمہیں نفع دے اور اللہ سے مدد مانگو اور عاجز نہ ہو۔ اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو یہ نہ کہو کہ میں ایسا کرتا تو یوں ہو جاتا، بلکہ یوں کہو کہ جو اللہ تعالیٰ نے مقدر فرمایا اور جو اُس نے چاہا کیا کیونکہ اگر کا لفظ شیطان کے کام کو کھولتا ہے۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۵۰۶۷ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ[5] صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوْ خِمَاصًا وَّتَرُوْحُ بِطَانًا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: اگر تم اللہ تعالیٰ پر اُسی طرح بھروسہ کرو جیسے بھروسہ کرنے کا حق ہے تو تمہیں پرندوں کی طرح روزی دی جائے کہ صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو سیر ہو کر واپس آتے ہیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۵۰۶۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ[6] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا النَّاسُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُّقَرِّبُكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِّنَ النَّارِ اِلَّا قَدْ اَمَرْتُكُمْ بِهٖ وَلَيْسَ شَيْءٌ يُّقَرِّبُكُمْ مِّنَ النَّارِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ اِلَّا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ وَاِنَّ الرُّوْحَ الْاَمِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رُوْعِيْ اَنَّ نَفْسًا لَّنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا اَلَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ وَلَا يَحْمِلَنَّكُمْ اسْتِبْطَاءُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! کوئی چیز ایسی نہیں جو تمہیں جنت سے قریب اور دوزخ سے دُور کرے مگر وہی چیز جس کا تمہیں حکم دیا گیا ہے اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تمہیں دوزخ سے قریب اور جنت سے دُور کرے مگر وہی چیزیں جن سے تمہیں منع کیا گیا ہے۔ بیشک روح الامین اور دوسری روایت میں ہے کہ روح القدس نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ کوئی شخص اپنا رزق پورا کیے بغیر نہیں مرتا۔ آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ سے ڈرو اور تلاش رزق میں درمیانی راستہ اختیار کرو اور رزق کی تاخیر تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ

www.alahazratnetwork.org



الرِّزْقِ اَنْ تَطْلُبُوْهُ بِمَعَاصِی اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ اِلَّا بِطَاعَتِهٖ (رَوَاهُ فِی شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِی شُعَبِ الْاِيْمَانِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ)

اُس کو اللہ کی نافرمانی سے حاصل کرنے لگو کیونکہ جو اللہ کے پاس ہے وہ نہیں حاصل کیا جا سکتا مگر اُس کی اطاعت سے۔ روایت کیا اِسے شرح السنہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور انھوں نے وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ کا ذکر نہیں کیا۔

۵۰۶۹ / ۷ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّهَادَةُ فِی الدُّنْيَا لَيْسَتْ بِتَحْرِيْمِ الْحَلَالِ وَلَا اِضَاعَةِ الْمَالِ وَلٰكِنَّ الزَّهَادَةَ فِی الدُّنْيَا اَنْ لَا تَكُوْنَ بِمَا فِیْ يَدَيْكَ اَوْثَقَ بِمَا فِیْ يَدَیِ اللّٰهِ وَاَنْ تَكُوْنَ فِیْ ثَوَابِ الْمُصِيْبَةِ اِذَا اَنْتَ اُصِبْتَ بِهَا اَرْغَبَ فِيْهَا لَوْ اَنَّهَا اُبْقِيَتْ لَكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ الرَّاوِیْ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دنیا میں زُہد یہ نہیں کہ حلال کو اپنے اوپر حرام کر لیا جائے اور نہ یہ کہ مال ضائع کیا جائے بلکہ دنیا میں زُہد یہ ہے کہ جو تیرے قبضے میں ہے اُس پر اُس سے زیادہ بھروسہ نہ کر جو اللہ کے قبضے میں ہے اور تو مصیبت میں ثواب حاصل کر جبکہ وہ تجھے پہنچے اور اِدھر راغب ہو کہ کاش اِدھر تیرے لیے باقی رکھی جاتی (ترمذی، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور عمرو بن واقد راوی منکر الحدیث ہے۔

۵۰۷۰ / ۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ يَا غُلَامُ احْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ احْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ وَاِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلٰى اَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَیْءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَیْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے تھا کہ فرمایا۔ اے لڑکے! اللہ کے حقوق کی حفاظت کر وہ تمہارے حقوق کی حفاظت کرے گا اور تم اُسے سامنے پاؤ گے اور جب کچھ مانگنا ہو تو اللہ سے مانگو اور جب مدد درکار ہو تو اللہ سے مدد لو اور جان لو کہ تمام اُمت اگر اس بات پر تُل جائے کہ کسی چیز کے ساتھ تمہیں نفع پہنچانا ہے تو نفع نہیں پہنچا سکیں گے مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے اور اگر سارے تمہیں کسی چیز کے ساتھ نقصان پہنچانے پر تُل جائیں تو نقصان نہیں پہنچا سکیں گے مگر وہی جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے قلم اُٹھا لیے گئے اور دفتر خشک ہو چکے ہیں۔ (احمد، ترمذی)۔

۵۰۷۱ / ۹ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ تَرْكُهُ اسْتِخَارَةَ اللّٰهِ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ سَخَطُهٗ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آدمی کی سعادت اس میں ہے کہ اُس پر راضی رہے جو اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے مقرر فرمایا اور آدمی کی بدبختی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے بھلائی مانگنا چھوڑ دے اور اس میں آدمی کی بدبختی ہے کہ اُس پر ناراض ہو جو اللہ تعالیٰ نے اُس کے لیے فیصلہ فرمایا ہے۔ روایت کیا اسے احمد اور ترمذی نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

## تیسری فصل

وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهٗ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ
الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ
تَفَرَّقَ النَّاسُ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ سَمُرَةٍ فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهٗ وَنِمْنَا
نَوْمَةً فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَا
وَاِذَا عِنْدَهٗ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ عَلَيَّ سَيْفِيْ
وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهٖ صَلْتًا قَالَ مَنْ
يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقُلْتُ اللّٰهُ ثَلٰثًا وَلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ بَكْرٍ الْاِسْمَاعِيْلِيِّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فَقَالَ مَنْ
يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قَالَ اللّٰهُ فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَّدِهٖ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ فَقَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقَالَ كُنْ خَيْرَ
اٰخِذٍ فَقَالَ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ
اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اُعَاهِدُكَ عَلٰى اَنْ لَّا اُقَاتِلَكَ
وَلَا اَكُوْنَ مَعَ قَوْمٍ يُّقَاتِلُوْنَكَ فَخَلّٰى سَبِيْلَهٗ فَاَتٰى
اَصْحَابَهٗ فَقَالَ جِئْتُكُمْ مِّنْ عِنْدِ خَيْرِ النَّاسِ هٰكَذَا
فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَفِي الرِّيَاضِ۔

تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں نجد کی جانب جہاد کیا۔ جب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
واپس لوٹے تو وہ بھی آپ کے ساتھ لوٹے تو ایسے جنگل میں دوپہر کا وقت ہو گیا
جہاں کثرت سے کیکر کے درخت تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم اُتر گئے اور لوگ درختوں کے سایے میں منتشر ہو گئے۔ رسول اللہ صلے
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک کیکر کے نیچے اُترے اور اپنی تلوار اُس کے ساتھ لٹکا
دی اور ہم سو گئے۔ اچانک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں بلایا اور
آپ کے پاس ایک اعرابی تھا۔ فرمایا کہ اس نے مجھ پر میری تلوار سونتی تھی اور
میں سو رہا تھا۔ بیدار ہوا تو وہ اس کے ہاتھ میں تھی۔ کہا کہ مجھ سے آپ کو کون
بچائے گا؟ میں نے تین مرتبہ کہا ، اللہ۔ آپ نے اُسے کوئی سزا نہیں
دی اور وہ بیٹھا تھا (متفق علیہ) اور ابو بکر بن اسمٰعیل کی صحیح میں ایک روایت
ہے کہ اُس نے کہا ، مجھ سے آپ کو کون بچائے گا؟ فرمایا کہ تم اچھی
طرح پکڑنے والے بنو اور گواہی دو کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور بیشک
میں اللہ کا رسول ہوں۔ اُس نے کہا ، نہیں لیکن میں عہد کرتا ہوں کہ
آپ سے نہیں لڑوں گا اور نہ اُس قوم کا ساتھ دوں گا جو آپ سے لڑے۔
آپ نے اُسے چھوڑ دیا تو وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہا ، میں
تمہارے پاس بہترین آدمی کے پاس سے آیا ہوں۔ کتاب الحمیدی اور
ریاض میں اسی طرح ہے۔

۵۰۷۳ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اٰيَةً لَّوْ اَخَذَ النَّاسُ بِهَا لَكَفَتْهُمْ
وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ
لَا يَحْتَسِبُ۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، میں اس آیت کو بخوبی جانتا ہوں جس پر لوگ عمل کریں تو
وہ اُنھیں کفایت کرے وہ ہے ، اور جو اللہ سے ڈرے تو اللہ اُس کے لیے
نجات کی راہ نکال دے گا اور اُسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اُس کا گمان
نہ ہو۔ (۶۵ : ۲ : ۳ ۔ احمد ، ابن ماجہ ، دارمی)۔

۵۰۷۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَقْرَاَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ
حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم نے مجھے آیت پڑھائی ، بے شک میں بہت رزق دینے والا ، طاقت
والا اور قدرت والا ہوں (۵۱ : ۵۸) روایت کیا اسے ابو داؤد
نے اور ترمذی نے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۰۷۵ [illegible]

[illegible]

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَى الْمُحْتَرِفُ أَخَاهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا کرتا اور دوسرا دستکاری کرتا تھا۔ دستکاری کرنے والے نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اپنے بھائی کی شکایت کی آپ نے فرمایا: شاید تمہیں اُسی کی وجہ سے روزی دی جاتی ہو۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۵۰۷۶ / ۱۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ قَلْبَ ابْنِ آدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةٌ فَمَنْ أَتْبَعَ قَلْبَهُ الشُّعَبَ كُلَّهَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ بِأَيِّ وَادٍ أَهْلَكَهُ وَمَنْ تَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ كَفَاهُ الشُّعَبَ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کے دل کی ہر ایک جنگل میں ایک شاخ ہے۔ جو اپنے دل کی کسی شاخ کے پیچھے لگا تو اللہ تعالیٰ کو کوئی پرواہ نہیں کہ وہ کسی بھی جنگل میں ہلاک ہو جائے اور جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے تو وہ تمام شاخوں کی طرف سے کفایت کرتا ہے۔ (ابن ماجہ)

۵۰۷۷ / ۱۴ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَبُّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَوْ أَنَّ عَبِيْدِيْ أَطَاعُوْنِيْ لَأَسْقَيْتُهُمُ الْمَطَرَ بِاللَّيْلِ وَأَطْلَعْتُ عَلَيْهِمُ الشَّمْسَ بِالنَّهَارِ وَلَمْ أُسْمِعْهُمْ صَوْتَ الرَّعْدِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر میرے بندے میری اطاعت کریں تو میں رات کو اُن پر بارش برساؤں اور دن میں اُن پر سورج طلوع کرتا رہوں اور انھیں گرج کی آواز نہ سناؤں۔

(احمد)

۵۰۷۸ / ۱۵ وَعَنْهُ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى أَهْلِهٖ فَلَمَّا رَأٰى مَا بِهِمْ مِنَ الْحَاجَةِ خَرَجَ إِلَى الْبَرِّيَّةِ فَلَمَّا رَأَتِ امْرَأَتُهٗ قَامَتْ إِلَى الرَّحٰى فَوَضَعَتْهَا وَإِلَى التَّنُّوْرِ فَسَجَرَتْهُ ثُمَّ قَالَتْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا فَنَظَرَتْ فَإِذَا الْجَفْنَةُ قَدِ امْتَلَأَتْ قَالَ وَذَهَبَتْ إِلَى التَّنُّوْرِ فَوَجَدَتْهُ مُمْتَلِئًا قَالَ فَرَجَعَ الزَّوْجُ قَالَ أَصَبْتُمْ بَعْدِيْ شَيْئًا قَالَتِ امْرَأَتُهٗ نَعَمْ مِنْ رَبِّنَا وَقَامَ إِلَى الرَّحٰى فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَمَا إِنَّهٗ لَوْ لَمْ يَرْفَعْهَا لَمْ تَزَلْ تَدُوْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

انھوں نے ہی فرمایا کہ ایک آدمی اپنے گھر والوں کے پاس گیا جب اُن کی احتیاج دیکھی تو لوگوں کی طرف باہر نکل گیا۔ جب اُس کی بیوی نے یہ بات دیکھی تو اُٹھی چکی رکھی اور تنور کو گرم کیا اور کہا: اے اللہ ہمیں رزق دے۔ اُس نے دیکھا کہ چکی کا احاطہ آٹے سے بھرا ہوا ہے اور تنور کی طرف گئی تو وہ بھی بھرا ہوا تھا۔ خاوند واپس آیا تو کہا: میرے بعد تمہیں کوئی چیز ملی ہے؟ عورت نے کہا: ہاں ہمارے رب کی طرف سے۔ وہ چکی کی طرف گیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو فرمایا: اگر وہ اُسے نہ اُٹھاتا تو وہ قیامت تک گھومتی ہی رہتی۔

(احمد)

---

۵۰۷۹ / ۱۶ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا يَطْلُبُهٗ أَجَلُهٗ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ نُعَيْمٍ فِي الْحِلْيَةِ)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رزق بندے کو اسی طرح تلاش کرتا ہے جیسے اُس کی موت اُسے تلاش کرتی ہے۔ روایت کیا اسے ابو نعیم نے حلیہ میں۔

۵۰۸۰ / ۱۷ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى رَسُوْلِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ گویا میں

www.alahazratnetwork.org



اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَحْکِیْ نَبِیًّا مِّنَ الْاَنْبِیَاءِ ضَرَبَہٗ قَوْمُہٗ فَاَدْمَوْہُ وَھُوَ یَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَّجْھِہٖ وَیَقُوْلُ اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

اب بھی رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں گویا آپ انبیائے کرام میں سے کسی نبی کا ذکر فرما رہے ہیں جن کی قوم نے مار مار کر انھیں لہولہان کر دیا تھا۔ وہ اپنے چہرے سے خون پونچھتے جاتے اور کہتے تھے: اے اللہ! میری قوم کو معاف فرما کیونکہ یہ جانتے نہیں ہیں۔ (متفق علیہ)۔

# بَابُ الرِّیَاءِ وَالسُّمْعَۃِ

# بڑائی کے لیے دکھانے اور سُنانے کا بیان

## پہلی فصل

۵۰۸۱ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ۔
۱
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں اور تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے۔
(مسلم)

۵۰۸۲ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنَا اَغْنَی الشُّرَکَاءِ عَنِ الشِّرْکِ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا اَشْرَکَ فِیْہِ مَعِیْ غَیْرِیْ تَرَکْتُہٗ وَشِرْکَہٗ وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَاَنَا مِنْہُ بَرِیْءٌ ھُوَ لِلَّذِیْ عَمِلَہٗ۔
۲
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جن کو شریک کیا جاتا ہے اور ایسے جملہ شرکاء سے میں بے نیاز ہوں بلکہ جو اپنے عمل میں کسی کو میرے ساتھ شریک کرے تو میں اُسے اور جس کو شریک کیا دونوں کو چھوڑ دیتا ہوں۔ دوسری روایت میں ہے کہ میں اُس سے لاتعلق ہوں وہ اُسی کے لیے ہے جس کے لیے کیا۔ (مسلم)

۵۰۸۳ وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰہُ بِہٖ وَمَنْ یُّرَائِیْ یُرَائِی اللّٰہُ بِہٖ۔
۳
(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سنانے کے لیے کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے ساتھ سُنا وا کرے گا اور جو دکھاوا کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے ساتھ دکھاوا کرے گا (متفق علیہ)۔

۵۰۸۴ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَاَیْتَ الرَّجُلَ یَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَیْرِ وَیَحْمَدُہُ النَّاسُ عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ وَیُحِبُّہُ النَّاسُ عَلَیْہِ قَالَ تِلْکَ عَاجِلُ بُشْرَی الْمُؤْمِنِ۔
۴
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی گئی: اُس کے متعلق کیا ارشاد ہے جو نیکی کا کام کرے اور اُس کے باعث لوگ اُس کی تعریف کریں؟ دوسری روایت میں ہے اُس کے باعث لوگ اُس سے محبت کریں۔ فرمایا کہ یہ مومن کی جلد ملنے والی خوشخبری ہے۔
(مسلم)

## دوسری فصل

۵۰۸۵ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ فُضَالَۃَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا جَمَعَ اللّٰہُ النَّاسَ
۵

حضرت ابوسعید بن ابوفضالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب لوگ قیامت کے روز جمع ہوں گے،

www.alahazratnetwork.org



يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ نَادٰى مُنَادٍ مَنْ كَانَ أَشْرَكَ فِيْ عَمَلٍ عَمِلَهٗ لِلّٰهِ أَحَدًا فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهٗ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

جس میں شک نہیں تو ایک منادی کرنے والا پکار کرے گا، جس نے شرک کیا کسی کام میں جو اُس نے اللہ کے لیے کیا ہو تو اُس کا ثواب خدا کے سوا اُسی سے طلب کرے کیونکہ اللہ تعالٰی شرک کیے جانے والے تمام شرکا سے بے نیاز ہے۔

(احمد)

۵۰۸۶/۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهٖ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ أَسَامِعَ خَلْقِهٖ وَحَقَّرَهٗ وَصَغَّرَهٗ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو لوگوں کو سُنانے کے لیے کوئی کام کرے تو اللہ تعالٰی اپنی مخلوق کو وہ سُنا دے گا اور اُسے حقیر و ذلیل کر دے گا۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۰۸۷/۷ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهٗ طَلَبَ الْآخِرَةِ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ وَجَمَعَ لَهٗ شَمْلَهٗ وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهٗ طَلَبَ الدُّنْيَا جَعَلَ اللّٰهُ الْفَقْرَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَشَتَّتَ عَلَيْهِ أَمْرَهٗ وَلَا يَأْتِيْهِ مِنْهَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهٗ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ أَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ أَبَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی نیت آخرت طلب کرنے کی ہو تو اللہ تعالٰی اُس کے دل میں استغنا پیدا فرما دیتا ہے اور اُس کے لیے پریشانیاں جمع کر دیتا ہے اور دنیا اُس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے۔ جس کی نیت دنیا طلب کرنے کی ہو تو اللہ تعالٰی اُس کی آنکھوں کے درمیان مفلسی مقرر فرما دیتا ہے۔ اُس کے معاملات اُس پر مختلف ہو جاتے ہیں اور اُسے نہیں ملتا مگر جو اُس کے لیے لکھ دیا گیا ہے (ترمذی) اور روایت کیا اسے احمد اور دارمی نے ابان کے واسطے سے حضرت زید بن ثابت سے۔

۵۰۸۸/۸ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَيْنَا أَنَا فِيْ بَيْتِيْ فِيْ مُصَلَّايَ إِذْ دَخَلَ عَلَيَّ رَجُلٌ فَأَعْجَبَنِي الْحَالُ الَّتِيْ رَآنِيْ عَلَيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ لَكَ أَجْرَانِ أَجْرُ السِّرِّ وَأَجْرُ الْعَلَانِيَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں اپنے گھر میں نماز کی جگہ پر تھا کہ میرے پاس ایک آدمی آیا۔ مجھے یہ اچھا لگا کہ جس حال میں اُس نے مجھے دیکھا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی تم پر رحم فرمائے اے ابوہریرہ! تمہارے لیے دو اجر ہیں۔ ایک اجر پوشیدگی کا اور دوسرا اجر علانیہ کا۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۸۹/۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّأْنِ مِنَ اللِّيْنِ أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللّٰهُ أَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ أَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِئُوْنَ فَبِيْ حَلَفْتُ لَأَبْعَثَنَّ عَلٰى أُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: آخری زمانے میں ایسے لوگ نکلیں گے جو دین کے بدلے دنیا طلب کریں گے۔ لوگوں کو دکھانے کے لیے نرمی کے باعث بھیڑ کی کھال پہن لیں گے۔ اُن کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہوں گی اور اُن کے دل گویا بھیڑیوں کے ہوں گے۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے کہ وہ مجھے مغرور دکھاتے ہیں یا مجھ پر جرأت کرتے ہیں، میں اپنی قسم یاد فرماتا ہوں کہ اُن پر فتنہ مسلّط کروں گا جس سے اُن کا عقل مند آدمی بھی حیران رہ جائے گا۔

(ترمذی)

www.alahazratnetwork.org



۵۰۹۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۱۱] قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ أَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَبِيْ حَلَفْتُ لَأُتِيْحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ أَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِؤُوْنَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ میں نے ایک ایسی مخلوق پیدا کی ہے جن کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہیں اور اُن کے دل ایلوا مصبر سے زیادہ کڑوے ہیں۔ مجھے اپنی قسم ہے، میں اُن کے پاس ایسا فتنہ لاؤں گا کہ اُن کا دانا بھی حیران رہ جائے گا۔ وہ مجھے فریب دکھاتے ہیں یا مجھ پر جرأت کرتے ہیں۔ اِسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۰۹۱ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شِرَّةً وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَإِنْ صَاحِبُهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوْهُ وَإِنْ أُشِيْرَ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ فَلَا تَعُدُّوْهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہر چیز کی ایک خوشی ہوتی ہے اور ہر ایک خوشی کی ایک کمزوری ہوتی ہے۔ اگر اُس کا صاحب سیدھا رہے اور قریب رہے تو اُس کی اُمید رکھو اور اگر اُس کی طرف انگلیوں سے اشارے کیے جائیں تو اُسے کھاتے میں شمار نہ کرو۔ (ترمذی)

۵۰۹۲ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [۱۲] قَالَ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يُشَارَ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ أَوْ دُنْيَا إِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آدمی کی بُرائی کے لیے یہی کافی ہے کہ کسی پر دینی یا دنیاوی لحاظ سے انگشت نمائی کی جائے مگر جس کو اللہ تعالیٰ بچالے۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

## تیسری فصل

۵۰۹۳ عَنْ أَبِيْ تَمِيْمَةَ قَالَ شَهِدْتُ صَفْوَانَ وَ [۱۳] أَصْحَابَهُ وَجُنْدُبٌ يُوْصِيْهِمْ فَقَالُوْا هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالُوْا أَوْصِنَا فَقَالَ إِنَّ أَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْإِنْسَانِ بَطْنُهُ فَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا يَأْكُلَ إِلَّا طَيِّبًا فَلْيَفْعَلْ وَمَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَا يَحُوْلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ أَهْرَاقَهُ فَلْيَفْعَلْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو تمیمہ سے روایت ہے کہ میں صفوان اور اُن کے ساتھیوں کے پاس موجود تھا کہ حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہیں وصیت فرما رہے تھے۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ سُنا ہے؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو سُنائے تو اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کے روز سُنائے گا اور جو خود کو مشقت میں پھنسائے تو اللہ تعالےٰ قیامت میں اُسے مشقت میں ڈالے گا۔ عرض گزار ہوئے کہ ہمیں وصیت فرمایئے۔ فرمایا کہ سب سے پہلے انسان کا پیٹ خراب ہوتا ہے جو کر سکے کہ پاکیزہ روزی ہی کھائے تو یہی کرے اور جو یہ چاہے کہ اُس کے اور جنت کے درمیان ایک چلّو خون بھی حائل نہ ہو جسے وہ بہائے تو ایسا ہی کرے۔

(بخاری)

۵۰۹۴ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ خَرَجَ يَوْمًا إِلٰى [۱۴] مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مسجد کی طرف نکلے تو حضرت معاذ بن جبل انہیں نبی کریم

www.alahazratnetwork.org



بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي فَقَالَ مَا يُبْكِيكَ قَالَ يُبْكِينِي شَيْءٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ يَسِيرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَمَنْ عَادَى لِلّٰهِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْأَبْرَارَ الْأَتْقِيَاءَ الْأَخْفِيَاءَ الَّذِينَ إِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا وَإِنْ حَضَرُوا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُقَرَّبُوا قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ الْهُدَى يَخْرُجُونَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور کے پاس بیٹھے ہوئے رو رہے تھے۔ کہا کہ آپ کو کس چیز نے رلایا؟ فرمایا کہ مجھے اس چیز نے رلایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بیشک تھوڑی سی ریا بھی شرک ہے اور جس نے اللہ کے ولی سے دشمنی رکھی تو وہ اللہ تعالیٰ کو جنگ کے لیے چیلنج کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نیکوکاروں، پرہیزگاروں اور گمنام لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو غائب ہوں تو ڈھونڈے نہ جائیں اور حاضر ہوں تو انھیں بلایا نہ جائے نہ قریب کیا جائے۔ اُن کے دل ہدایت کے چراغ ہوتے ہیں اور گرد و غبار اور تاریکی سے نکلتے رہتے ہیں۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۰۹۵ [15] وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا صَلَّى فِي الْعَلَانِيَةِ فَأَحْسَنَ وَصَلَّى فِي السِّرِّ فَأَحْسَنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى هٰذَا عَبْدِي حَقًّا۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بیشک بندہ جب لوگوں کے سامنے اچھی طرح نماز پڑھے اور خلوت میں اچھی طرح نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ میرا سچا بندہ ہے۔

(ابن ماجہ)

۵۰۹۶ [16] وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ أَقْوَامٌ إِخْوَانُ الْعَلَانِيَةِ أَعْدَاءُ السَّرِيرَةِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُونُ ذٰلِكَ قَالَ ذٰلِكَ بِرَغْبَةِ بَعْضِهِمْ إِلَى بَعْضٍ وَرَهْبَةِ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جو ظاہر میں بھائی اور باطن میں دشمن ہوں گے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! یہ کیسے ہوگا؟ فرمایا کہ بعض سے طمع اور بعض سے خوف رکھنے کے باعث۔

(احمد)

۵۰۹۷ [17] وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ صَلَّى يُرَائِي فَقَدْ أَشْرَكَ وَمَنْ صَامَ يُرَائِي فَقَدْ أَشْرَكَ وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِي فَقَدْ أَشْرَكَ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، جس نے دکھانے کے لیے نماز پڑھی اُس نے شرک کیا اور جس نے دکھانے کے لیے روزہ رکھا اُس نے شرک کیا اور جس نے دکھانے کے لیے صدقہ دیا اُس نے شرک کیا۔ (احمد)

۵۰۹۸ [18] وَعَنْهُ أَنَّهُ بَكَى فَقِيلَ لَهُ مَا يُبْكِيكَ قَالَ شَيْءٌ سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فَذَكَرْتُهُ فَأَبْكَانِي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَتَخَوَّفُ عَلَى أُمَّتِي الشِّرْكَ وَالشَّهْوَةَ الْخَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَتُشْرِكُ أُمَّتُكَ مِنْ

اُن سے ہی روایت ہے کہ وہ روئے تو اُن سے کہا گیا کہ کیوں روتے ہو؟ فرمایا کہ ایک بات میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ وہ مجھے یاد آگئی تو اس نے مجھے رُلا دیا۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، میں اپنی اُمت پر شرک اور خفیہ شہوت سے ڈرتا ہوں۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا آپ کے بعد آپ کی اُمت شرک کرے گی؟ فرمایا،

بَعْدِكَ قَالَ نَعَمْ اَمَا اِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَّلَا قَمَرًا وَّلَا حَجَرًا وَّلَا وَثَنًا وَّلٰكِنْ يُّرَاءُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ اَنْ يُّصْبِحَ اَحَدُهُمْ صَائِمًا فَتَعْرِضُ لَهٗ شَهْوَةٌ مِّنْ شَهَوَاتِهٖ فَيَتْرُكُ صَوْمَهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

ہاں لیکن وہ سورج یا چاند یا پتھروں یا بتوں کو نہیں پوجیں گے بلکہ اپنے اعمال کو دکھائیں گے اور خفیہ شہوت یہ ہے کہ تم میں سے کوئی روزے کی حالت میں صبح کرے گا۔ لیکن اپنی شہوت کے باعث روزہ توڑ دے گا۔ روایت کیا اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۰۹۹ ۱۹ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ اَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِيْ مِنَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَقُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الشِّرْكُ الْخَفِيُّ اَنْ يَّقُوْمَ الرَّجُلُ فَيُصَلِّيْ فَيُزَيِّنُ صَلٰوتَهٗ لِمَا يَرٰى مِنْ نَّظَرِ رَجُلٍ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم دجّال کا ذکر کر رہے تھے۔ فرمایا کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جس کا تم پر مجھے دجّال سے بھی زیادہ ڈر ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ فرمایا کہ وہ شرک خفی ہے کہ آدمی نماز پڑھنے کھڑا ہو اور دیکھنے والے کو اپنی نماز دکھانا چاہے۔

(ابن ماجہ)

۵۱۰۰ ۲۰ وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالَ الرِّيَاءُ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ) وَزَادَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ يَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُمْ يَوْمَ يُجَازِي الْعِبَادَ بِاَعْمَالِهِمْ اِذْهَبُوْا اِلَى الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُرَاءُوْنَ فِي الدُّنْيَا فَانْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ عِنْدَهُمْ جَزَاءً اَوْ خَيْرًا۔

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سب زیادہ ڈر جس سے میں تم پر ڈرتا ہوں وہ شرک اصغر ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! شرک اصغر کیا ہے؟ فرمایا کہ ریاکاری (احمد) بیہقی نے شعب الایمان میں یہ بھی کہا: جس روز اللہ تعالیٰ بندوں کو اُن کے اعمال کا بدلہ دے گا تو ریاکاروں سے فرمائے گا۔ اُن لوگوں کے پاس جاؤ جنہیں تم دنیا میں دکھاتے تھے اور دیکھو کہ اُن کے پاس کوئی جزا یا بھلائی ہے۔؟

۵۱۰۱ ۲۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ ن الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا عَمِلَ عَمَلًا فِيْ صَخْرَةٍ لَّا بَابَ لَهَا وَلَا كُوَّةَ خَرَجَ عَمَلُهٗ اِلَى النَّاسِ كَائِنًا مَّا كَانَ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر آدمی کسی پتھر کے اندر بھی کوئی کام کرے جس کا کوئی دروازہ اور روشن دان نہ ہو تب بھی جو اُس نے کیا ہے وہ لوگوں کی طرف نکل آئے گا۔

۵۱۰۲ ۲۲ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ سَرِيْرَةٌ صَالِحَةٌ اَوْ سَيِّئَةٌ اَظْهَرَ اللّٰهُ مِنْهَا رِدَاءً يُّعْرَفُ بِهٖ۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی سیرت اچھی یا بُری ہو تو اللہ تعالیٰ نشانی ظاہر فرما دیتا ہے جس کے باعث اُسے پہچان لیا جاتا ہے۔

۵۱۰۳ ۲۳ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى هٰذِهِ الْاُمَّةِ كُلَّ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس امت پر ہر منافق سے ڈرتا ہوں جو بات حکمت کے

www.alahazratnetwork.org



الْبَيْهَقِيُّ الْأَحَادِيْثَ الثَّلٰثَةَ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

۵۱۰۴ / ۲۴ وَعَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ حَبِيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنِّيْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ أَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّيْ أَتَقَبَّلُ هَمَّهٗ وَهَوَاهُ فَإِنْ كَانَ هَمُّهٗ وَهَوَاهُ فِيْ طَاعَتِيْ جَعَلْتُ صَمْتَهٗ حَمْدًا لِّيْ وَوَقَارًا وَّإِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

حضرت مہاجر بن حبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میں حکمت والے کے ہر کلام کو قبول نہیں فرماتا بلکہ میں اس کے ارادے اور خواہش کو قبول فرماتا ہوں اگر اس کا ارادہ اور خواہش میری اطاعت میں ہے تو میں اس کی خاموشی کو اپنی حمد و ثنا اور وقار شمار کر لیتا ہوں اگرچہ وہ کلام نہ کرے۔

(دارمی)

# بَابُ الْبُكَاءِ وَالْخَوْفِ

# رونے اور خوف کا بیان

## پہلی فصل

۵۱۰۵ / ۱ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَّلَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بقسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اگر تم جانتے جو میں جانتا ہوں تو زیادہ روتے اور کم ہنستے۔

(بخاری)

۵۱۰۶ / ۲ وَعَنْ أُمِّ الْعَلَاءِ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا أَدْرِيْ وَاللّٰهِ لَا أَدْرِيْ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ام العلاء انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، خدا کی قسم میں نہیں جانتا، خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ میرے اور تمہارے ساتھ کیا کیا جائے گا۔

(بخاری)

۵۱۰۷ / ۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فَرَأَيْتُ فِيْهَا امْرَأَةً مِّنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ تُعَذَّبُ فِيْ هِرَّةٍ لَّهَا رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوْعًا وَّرَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهٗ فِي النَّارِ وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مجھ پر دوزخ پیش کی گئی تو میں نے اس میں بنی اسرائیل کی ایک عورت دیکھی جس کو اس کی بلی کے باعث عذاب دیا جا رہا تھا جس کو باندھا ہوا تھا، نہ کھانا کھلاتی اور نہ چھوڑتی کہ زمین کے کیڑوں میں سے کھاتی یہاں تک کہ وہ بھوک سے مر گئی اور میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ جہنم میں اپنی آنتوں کو گھسیٹ رہا ہے۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے سانڈ چھوڑا تھا۔

(مسلم)

۵۱۰۸ / ۴ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَزِعًا يَقُوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس گھبرائے ہوئے تشریف لائے فرماتے تھے لا الٰہ الا اللہ، عرب کی خرابی اس برائی سے ہے جو نزدیک آ پہنچی آج یاجوج ماجوج

www.alahazratnetwork.org



مِنْ رَدْمِ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهٖ وَحَلَّقَ بِاِصْبَعَيْهِ الْاِبْهَامِ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا قَالَتْ زَيْنَبُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کی دیوار میں اتنا سوراخ ہو گیا ہے اور اپنے انگوٹھے اور ساتھ والی انگلی سے حلقہ بنایا۔ حضرت زینب کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے اور ہم میں نیک افراد بھی ہیں؟ فرمایا: ہاں جبکہ گناہوں کی گندگی بڑھ جائے گی۔ (متفق علیہ)

۵۱۰۹ وَعَنْ اَبِيْ عَامِرٍ اَوْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ اِلٰى جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ يَاْتِيْهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَيَضَعُ الْعَلَمَ وَيَمْسَخُ اٰخَرِيْنَ قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ اَلْحِرَ بِالْحَاءِ وَالرَّاءِ الْمُهْمَلَتَيْنِ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ وَاِنَّمَا هُوَ بِالْخَاءِ وَالزَّاءِ الْمُعْجَمَتَيْنِ نَصَّ عَلَيْهِ الْحُمَيْدِيُّ وَابْنُ الْاَثِيْرِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَفِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ عَنِ الْبُخَارِيِّ وَكَذَا فِيْ شَرْحِهٖ لِلْخَطَّابِيِّ تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَاْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ۔

حضرت ابو عامر یا حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: میری اُمت میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جو موٹے ریشم، باریک ریشم، شراب اور باجوں کو حلال ٹھہرائیں گے اور کچھ لوگ پہاڑی کے دامن میں اُتریں گے۔ شام کے وقت اُن کے مویشی اُن کے پاس آیا کریں گے۔ کسی کام سے ایک آدمی اُن کے پاس آئے گا تو کہیں گے کہ کل ہمارے پاس آنا۔ اللہ تعالیٰ اُنھیں ہلاک کر دے گا اور پہاڑ کو گرا دے گا اور دوسرے قیامت تک کے لیے بندروں اور خنزیروں کی صورت میں تبدیل کر دیے جائیں گے (بخاری) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں الحر کے ساتھ الحِر اور راء مہملہ ہے، حالانکہ یہ غلط ہے، بلکہ یہ خاء اور زاء معجمہ سے ہے جیسا کہ اس حدیث میں حمیدی اور ابن اثیر نے وضاحت کی ہے۔ اور یہی حمیدی کی کتاب میں بخاری سے ہے، اور اسی طرح اُس کی خطابی والی شرح میں تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَاْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ ہے۔

۵۱۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا اَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰى اَعْمَالِهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب اُتارتا ہے تو عذاب ساری قوم پر پڑتا ہے، پھر اپنے اپنے اعمال پر اٹھائے جائیں گے۔ (متفق علیہ)

۵۱۱۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بندے کو اُسی حالت پر اُٹھایا جائے گا جس پر وہ فوت ہوا۔ (مسلم)

## دوسری فصل

۵۱۱۲ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہیں دیکھا کہ جہنم جیسی چیز سے بھاگنے والا

۵۱۱۳ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
[9] وَسَلَّمَ إِنِّي أَرَى مَا لَا تَرَوْنَ وَأَسْمَعُ مَا لَا تَسْمَعُونَ أَطَّتِ
السَّمَاءُ وَحُقَّ لَهَا أَنْ تَئِطَّ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا فِيهَا
مَوْضِعُ أَرْبَعِ أَصَابِعَ إِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهُ سَاجِدًا
لِلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَ
لَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْفُرُشَاتِ
وَلَخَرَجْتُمْ إِلَى الصُّعُدَاتِ تَجْأَرُونَ إِلَى اللّٰهِ قَالَ أَبُو
ذَرٍّ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور میں سنتا ہوں جو تم نہیں سنتے۔ آسمان چرچراتا ہے اور اس کا حق ہے کہ چرچرائے۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اس پر چار انگل جگہ نہیں مگر اس پر کسی فرشتے نے اپنی پیشانی اللہ کے لیے سجدے میں رکھی ہوئی ہے۔ اگر تم جانتے جو میں جانتا ہوں تو کم ہنستے اور زیادہ روتے اور عورتوں سے بستروں پر کم لذت یاب ہوتے اور اللہ کی پناہ ڈھونڈنے جنگلوں میں نکل جاتے۔ حضرت ابوذر نے کہا: کاش! میں ایک کٹا ہوا درخت ہوتا۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

۵۱۱۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى
[10] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ أَدْلَجَ وَمَنْ أَدْلَجَ بَلَغَ
الْمَنْزِلَ أَلَا إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ أَلَا إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ
الْجَنَّةُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ڈرتا ہے وہ صبح سویرے اٹھتا ہے اور جو صبح سویرے اٹھتا ہے وہ منزل پر جا پہنچتا ہے۔ آگاہ رہو کہ اللہ تعالیٰ کا سودا مہنگا ہے۔ آگاہ رہو کہ اللہ تعالیٰ کا سودا جنت ہے۔ (ترمذی)۔

۵۱۱۵ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
[11] يَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِي
يَوْمًا أَوْ خَافَنِي فِي مَقَامٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي كِتَابِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اسے جہنم سے نکال لو جس نے مجھے ایک روز بھی یاد کیا یا ایک جگہ بھی مجھ سے ڈرا۔ روایت کیا ہے ترمذی نے اور بیہقی نے کتاب البعث والنشور میں۔

۵۱۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
[12] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ
مَا آتَوْا وَقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَهُمُ الَّذِينَ يَشْرَبُونَ الْخَمْرَ
وَيَسْرِقُونَ قَالَ لَا يَا بِنْتَ الصِّدِّيقِ وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِينَ
يَصُومُونَ وَيُصَلُّونَ وَيَتَصَدَّقُونَ وَهُمْ يَخَافُونَ
أَنْ لَا يُقْبَلَ مِنْهُمْ أُولٰئِكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آیت: وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ دیں اور ان کے دل ڈرے ہوتے ہیں (۲۳: ۶۰) کے متعلق پوچھا کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے اور چوری کرتے ہیں؟ فرمایا نہیں اے بنت صدیق! بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے، نماز پڑھتے اور صدقہ دیتے ہیں۔ وہ اپنے مال کی قبولیت کے بارے میں ڈرتے ہیں اور وہ نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

۵۱۱۷ وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى
[13] اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا
النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ تَتْبَعُهَا
الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيهِ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيهِ۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب تہائی رات گزر گئی تو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! اللہ کو یاد کرو۔ ہلا دینے والی آگئی اور پیچھا کرنے والی اس کے پیچھے آرہی ہے۔ موت اپنی حقیقت کے ساتھ آگئی، موت اپنی حقیقت کے

www.alahazratnetwork.org



۵۱۱۸ / ۱۴ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةٍ فَرَأَى النَّاسَ كَأَنَّهُمْ يَكْتَشِرُونَ قَالَ أَمَا إِنَّكُمْ لَوْ أَكْثَرْتُمْ ذِكْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ عَمَّا أَرَى الْمَوْتَ فَأَكْثِرُوا ذِكْرَ هَادِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ فَإِنَّهُ لَمْ يَأْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ إِلَّا تَكَلَّمَ فَيَقُولُ أَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ وَأَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَأَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَأَنَا بَيْتُ الدُّودِ فَإِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَّأَهْلًا أَمَا إِنْ كُنْتَ لَأَحَبَّ مَنْ يَّمْشِي عَلٰى ظَهْرِي إِلَيَّ فَإِذْ وُلِّيتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ إِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيعِي بِكَ قَالَ فَيَتَّسِعُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهٖ وَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى الْجَنَّةِ وَإِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ أَوِ الْكَافِرُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا وَّلَا أَهْلًا أَمَا إِنْ كُنْتَ لَأَبْغَضَ مَنْ يَّمْشِي عَلٰى ظَهْرِي إِلَيَّ فَإِذْ وُلِّيتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ إِلَيَّ فَسَتَرٰى صَنِيعِي بِكَ قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰى تَخْتَلِفَ أَضْلَاعُهٗ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصَابِعِهٖ فَأَدْخَلَ بَعْضَهَا فِي جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ وَيُقَيَّضُ لَهٗ سَبْعُونَ تِنِّينًا لَوْ أَنَّ وَاحِدًا مِّنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ مَا أَنْبَتَتْ شَيْئًا مَّا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَسْنَهٗ وَيَخْدِشْنَهٗ حَتّٰى يُفْضٰى بِهٖ إِلَى الْحِسَابِ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ أَوْ حُفْرَةٌ مِّنْ حُفَرِ النَّارِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نماز کے لیے باہر تشریف لائے تو آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ گویا وہ ہنس رہے ہیں۔ فرمایا کہ اگر تم لذتوں کو ختم کرنے والی (موت) کو کثرت سے یاد رکھو تو اس کام میں مشغول نہ ہوتے جو میں دیکھ رہا ہوں۔ پس لذتوں کو ختم کرنے والی موت کو کثرت سے یاد کرو کیونکہ قبر پر ایک دن بھی ایسا نہیں آتا مگر وہ کلام کرتے ہوئے کہتی ہے، میں پردیسی کا گھر ہوں، میں تنہائی کا گھر ہوں، میں مٹی کا گھر ہوں، میں کیڑوں کا گھر ہوں۔ جب مومن بندے کو دفن کیا جاتا ہے تو قبر اُس سے کہتی ہے، مرحبا خوش آمدید، تم مجھے اُن لوگوں سے پیارے ہو جو میری پیٹھ پر چلتے ہیں۔ آج میں تم پر حاکم بنائی گئی ہوں اور تمہیں میرے سپرد کر دیا گیا ہے۔ پس تم دیکھو گے کہ میں تمہارے ساتھ کیا سلوک کرتی ہوں۔ پس اُسے حدِ نظر تک کھول دیا جائے گا اور اُس کے لیے جنت کی طرف دروازہ کھول دیا جائے گا۔ جب فاسق آدمی کو دفن کیا جاتا ہے یا کافر کو تو قبر اُس سے کہتی ہے، نہ تجھے مرحبا اور نہ خوش آمدید۔ تو مجھے اُن سب سے زیادہ مبغوض ہے جو میری پیٹھ پر چلتے ہیں۔ آج مجھے تیرے اُوپر حاکم بنایا گیا ہے اور تجھے میرے سپرد کیا گیا ہے۔ تو دیکھے گا کہ میں تیرے ساتھ کیا کرتی ہوں۔ پس وہ مل جاتی ہے یہاں تک کہ اُس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگلیوں کو باہم پیوست کر کے فرمایا کہ ستّر اژدہے اُس کے لیے مقرر کر دیے جاتے ہیں۔ اگر اُن میں سے ایک بھی زمین پر پھنکار مارے تو رہتی دنیا تک کوئی چیز نہ اُگے۔ وہ اُسے نوچتے اور کاٹتے ہیں اور یہ روزِ حساب تک ہوتا رہے گا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

(ترمذی)

۵۱۱۹ / ۱۵ وَعَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِي سُورَةُ هُودٍ وَّأَخَوَاتُهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ عرض گزار ہوئے۔ یارسول اللہ! آپ بوڑھے ہو گئے۔ فرمایا کہ مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔ (ترمذی)

۵۱۲۰ / ۱۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ يَا رَسُولَ اللهِ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِي هُودٌ وَّالْوَاقِعَةُ وَالْمُرْسَلَاتُ وَعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! آپ تو بوڑھے ہو گئے۔ فرمایا مجھے سورۂ ہود، سورۂ الواقعہ، المرسلٰت، عمّ یتساءلون اور اذا الشمس کوّرت نے بوڑھا کر دیا ہے۔۔

(وَذُكِرَ حَدِيثُ أَبِي هُرَيْرَةَ لَا يَلِجُ النَّارَ فِي كِتَابِ الْجِهَادِ)

اسے ترمذی نے روایت کیا اور لَا یَلِجُ النَّارَ والی حدیث ابوہریرہ دیکھیے کتاب الجہاد میں مذکور ہو گی۔

# تیسری فصل

۵۱۲۱ عَنْ أَنَسٍ قَالَ إِنَّكُمْ لَتَعْمَلُونَ أَعْمَالًا هِيَ أَدَقُّ[١٧] فِي أَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوبِقَاتِ يَعْنِي الْمُهْلِكَاتِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جن اعمال کو تم اپنی نظر میں بال سے بھی باریک جانتے ہو انہیں ہم رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ہلاک کرنے والی چیزیں شمار کرتے تھے۔

(بخاری)

۵۱۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ[١٨] الذُّنُوبِ فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! حقارت والے گناہوں سے دور رہنا کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کا طلب کرنے والا ہے۔ روایت کیا اسے ابن ماجہ، دارمی اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۱۲۳ وَعَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ لِي[١٩] عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ هَلْ تَدْرِي مَا قَالَ أَبِي لِأَبِيكَ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَإِنَّ أَبِي قَالَ لِأَبِيكَ يَا أَبَا مُوسَى هَلْ يَسُرُّكَ أَنَّ إِسْلَامَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِجْرَتَنَا مَعَهُ وَجِهَادَنَا مَعَهُ وَعَمَلَنَا كُلَّهُ مَعَهُ بَرَدَ لَنَا وَأَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَا بَعْدَهُ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقَالَ أَبُوكَ لِأَبِي لَا وَاللّٰهِ قَدْ جَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَيْرًا كَثِيرًا وَأَسْلَمَ عَلَى أَيْدِينَا بَشَرٌ كَثِيرٌ وَإِنَّا لَنَرْجُو ذٰلِكَ قَالَ أَبِي وَلٰكِنِّي أَنَا وَالَّذِي نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنَّ ذٰلِكَ بَرَدَ لَنَا وَأَنَّ كُلَّ شَيْءٍ عَمِلْنَا بَعْدَهُ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقُلْتُ إِنَّ أَبَاكَ وَاللّٰهِ كَانَ خَيْرًا مِنْ أَبِي۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ابو بردہ بن ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے مجھ سے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ میرے آبا جان نے تمہارے آبا جان سے کیا کہا تھا؟ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ میرے ابا جان نے تمہارے ابا جان سے کہا تھا: اے ابو موسیٰ! کیا یہ بات آپ کو خوش کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی موجودگی میں ہمارا مسلمان ہونا، ہجرت کرنا، جہاد کرنا اور دیگر سارے اعمال بجا لانا باقی رکھا جائے اور جتنے عمل ہم نے حضور کے بعد کیے ہیں اُن میں برابری پر چھوڑ دیا جائے۔ آپ کے والد ماجد نے میرے والد ماجد سے کہا: خدا کی قسم نہیں، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد جہاد کیا، نمازیں پڑھیں، روزے رکھے، بھلائی کے کتنے ہی کام کیے اور بکثرت لوگوں نے ہمارے ہاتھوں پر اسلام قبول کیا۔ ہم ان پر بھی اُمید رکھتے ہیں۔ میرے والد محترم نے کہا: لیکن قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں عمر کی جان ہے، میں تو یہی چاہتا ہوں کہ ہمارے وہی برقرار رکھے جائیں اور جتنے کام بھی ہم نے حضور کے بعد کیے ہیں اُن میں برابری کی سطح پر نجات پا جائیں۔ میں نے کہا: آپ کے والد ماجد کا اندازِ فکر میرے والد محترم سے بہتر تھا۔

(بخاری)

۵۱۲۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي[٢٠] رَبِّي بِتِسْعٍ خَشْيَةِ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَكَلِمَةِ الْعَدْلِ فِي الْغَضَبِ وَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے مجھے نو چیزوں کا حکم فرمایا ہے۔ پوشیدہ اور اعلانیہ اللہ سے ڈرنا، ناراضگی اور رضامندی میں انصاف کی بات کہنا۔

www.alahazratnetwork.org



الرِّضَا وَالْقَصْدِ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى وَأَنْ أَصِلَ مَنْ قَطَعَنِي وَأُعْطِيَ مَنْ حَرَمَنِي وَأَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِي وَأَنْ يَكُوْنَ صَمْتِي فِكْرًا وَنُطْقِي ذِكْرًا وَنَظَرِي عِبْرَةً وَآمُرُ بِالْعُرْفِ وَقِيْلَ بِالْمَعْرُوْفِ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

غریبی اور امیری میں میانہ روی اختیار کرنا، اُس سے بھی صلہ رحمی کروں جو مجھ سے توڑے، اُسے بھی دوں جو مجھے محروم رکھے، اُسے معاف کردوں جو مجھ پر ظلم کرے، میری خاموشی فکر ہو، میرا بولنا ذکر ہو، میرا دیکھنا عبرت اور نیکی کا حکم دیتا ہو۔

(رزین)

۵۱۲۵ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
۲۱ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ يَخْرُجُ مِنْ عَيْنَيْهِ دُمُوْعٌ وَإِنْ كَانَ مِثْلَ رَأْسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ اللهِ ثُمَّ يُصِيْبُ شَيْئًا مِنْ حَرِّ وَجْهِهِ إِلَّا حَرَّمَهُ اللهُ عَلَى النَّارِ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مومن بندہ ایسا نہیں جس کی آنکھوں سے اللہ کے ڈر کے باعث آنسو نکلیں خواہ وہ مکھی کے سر کے برابر ہوں، پھر اُس کے چہرے کی ظاہری سطح پر بہیں مگر اللہ تعالیٰ نے اُسے آگ پر حرام فرمادیتا ہے۔ (ابن ماجہ)

## بَابُ تَغَيُّرِ النَّاسِ — لوگوں کے بدل جانے کا بیان

### پہلی فصل

۵۱۲۶ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ
۱ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا النَّاسُ كَالْإِبِلِ الْمِائَةِ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اُن سو اونٹوں جیسے ہیں جن میں سے شاید تم ایک کو بھی سواری کے قابل نہ پاؤ۔ (متفق علیہ)

۵۱۲۷ وَعَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى
۲ اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَتَّبِعُنَّ سُنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتَّى لَوْ دَخَلُوْا جُحْرَ ضَبٍّ تَبِعْتُمُوْهُمْ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى قَالَ فَمَنْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقوں پر ضرور چلوگے بالشت کے ساتھ بالشت، اور ہاتھ کے ساتھ ہاتھ۔ یہاں تک کہ اگر وہ گوہ کے بل میں داخل ہوں تو تب بھی تم اُن کی پیروی کروگے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! یہود و نصاریٰ کی؟ فرمایا اور کس کی۔ (متفق علیہ)

۵۱۲۸ وَعَنْ مِرْدَاسٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ
۳ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ وَتَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيْرِ أَوِ التَّمْرِ لَا يُبَالِيْهِمُ اللهُ بَالَةً۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مرداس اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ چلے جائیں گے اور پہلے پھر پہلے ہیں۔ باقی بھوسی رہ جائے گی جیسے جو یا کھجور کی بھوسی۔ اُن کی اللہ تعالیٰ کو مطلقاً پرواہ نہیں ہوگی۔ (بخاری)

### دوسری فصل

۵۱۲۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ
۴

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے

www.alahazratnetwork.org



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَشَتْ أُمَّتِي الْمُطَيْطِيَاءَ وَخَدَمَتْهُمْ أَبْنَاءُ الْمُلُوكِ أَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّومِ سَلَّطَ اللّٰهُ شِرَارَهَا عَلَى خِيَارِهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ)

تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب میری امت اکڑ کر چلے گی اور شہزادے یعنی ایران اور روم کے بادشاہ زادے اُن کے خدمت گزار ہوں گے تو اللہ تعالٰی ان کے شریروں کو ان کے نیکوں پر مسلط کر دے گا۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

۵۱۳۰ وَعَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ [5] لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوا إِمَامَكُمْ وَتَجْتَلِدُوا بِأَسْيَافِكُمْ وَيَرِثُ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم اپنے امام کو قتل نہ کر بیٹھو گے اور آپس میں تیغ زنی دکھاؤ گے اور تمہارے دنیاوی حکام شریر ہوں گے۔ (ترمذی)

۵۱۳۱ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [6] لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُونَ أَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

اُن سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت اُس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دنیاوی لحاظ سے احمق بن احمق لوگوں کو معتزز شمار نہ کیا جانے لگے۔ روایت کیا اسے ترمذی نے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں۔

۵۱۳۲ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي [7] مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ قَالَ إِنَّا لَجُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ مَا عَلَيْهِ إِلَّا بُرْدَةٌ لَهُ مَرْقُوعَةٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكٰى لِلَّذِي كَانَ فِيهِ مِنَ النِّعْمَةِ وَالَّذِي هُوَ فِيهِ الْيَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ إِذَا غَدَا أَحَدُكُمْ فِي حُلَّةٍ وَرَاحَ فِي حُلَّةٍ وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ وَرُفِعَتْ أُخْرٰى وَسَتَرْتُمْ بُيُوتَكُمْ كَمَا تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ قَالَ لَا أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنْكُمْ يَوْمَئِذٍ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

محمد بن کعب قرظی کا بیان ہے کہ مجھ سے اُس شخص نے حدیث بیان کی جس نے حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے سُنا کہ ہم مسجد میں رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے حضور بیٹھا تھا۔ تو حضرت مصعب بن عمیر آتے ہوئے دکھائی دیے، جن کے اوپر صرف پیوندوں والی چادر تھی جب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے انھیں دیکھا تو رونے لگے کہ پہلے ناز و نعمت کا دلدادہ آج کس حالت میں ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم ایک جوڑا صبح کو پہنو گے اور شام کو دوسرا جوڑا پہنو گے۔ اُس کے سامنے ایک تھالی رکھی جائے گی اور دوسری اُٹھائی جائے گی۔ گھروں کو ایسے کپڑے پہناؤ گے جیسے کعبہ کو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا ہم اُن دنوں آجکل سے اچھے ہوں گے کہ عبادت کے لیے فارغ ہوں گے اور محنت سے بچ جائیں گے ہو فرمایا۔ نہیں آج تم اُس روز سے بہتر ہو۔

(ترمذی)

۵۱۳۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ [8] عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيهِمْ عَلٰى دِينِهِ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ إِسْنَادًا)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جس میں اپنے دین پر قائم رہنے والا مٹھی میں چنگاری لینے والے کی طرح ہوگا۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور اس حدیث کی اسناد غریب ہے۔

www.alahazratnetwork.org



5134 وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان امراؤكم خياركم واغنياؤكم سمحاءكم وامورکم شورى بينكم فظهر الارض خير لكم من بطنها واذا كان امراؤكم شراركم واغنياؤكم بخلاءكم وامورکم الى نسائكم فبطن الارض خير لكم من ظهرها۔ (رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس وقت تمہارے حکام نیک، تمہارے مالدار سخی اور تمہارے کام باہمی مشورے سے ہوں اور زمین کی پیٹھ تمہارے لیے اُس کے پیٹ سے بہتر ہے اور جب تمہارے حکام شریر لوگ ہوں، تمہارے مالدار بخیل ہو جائیں اور تمہارے کام عورتوں کی تحویل میں ہوں تو زمین کا پیٹ تمہارے لیے اُس کی پیٹھ سے بہتر ہے۔ اسے ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

5135 وعن ثوبان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوشك الامم ان تداعى عليكم كما تداعى الاكلة الى قصعتها فقال قائل ومن قلة نحن يومئذ قال بل انتم يومئذ كثير ولكنكم غثاء كغثاء السيل ولينزعن الله من صدور عدوكم المهابة منكم وليقذفن في قلوبكم الوهن قال قائل يا رسول الله وما الوهن قال حب الدنيا وكراهية الموت۔
(رواه ابو داؤد والبيهقي في دلائل النبوة)

حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ دیگر اُمتیں تم پر چڑھنے کے لیے ایسے ایک دوسری کو بلائیں جیسے کھانے والا پیالے کی طرف۔ کوئی عرض گزار ہوا کہ کیا اُن دنوں ہم کم ہوں گے؟ فرمایا: بلکہ اُن دنوں تمہاری تعداد بہت زیادہ ہوگی لیکن سیلاب کی جھاگ کی طرح ہوگے۔ اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کے دلوں سے تمہاری ہیبت نکال دے گا اور تمہارے دلوں میں سستی ڈال دے گا۔ کوئی عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! اَلوَھَن کیا ہے؟ فرمایا: کہ دنیا کی محبت اور موت سے نفرت۔ روایت کیا اسے ابوداؤد اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں۔

## تیسری فصل

5136 عن ابن عباس قال ما ظهر الغلول في قوم الا القى الله في قلوبهم الرعب ولا فشا الزنا في قوم الا كثر فيهم الموت ولا نقص قوم المكيال والميزان الا قطع عنهم الرزق ولا حكم قوم بغير حق الا فشا فيهم الدم ولا ختر قوم بالعهد الا سلط عليهم العدو۔
(رواه مالك)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: جس قوم میں خیانت ظاہر ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اُن کے دلوں میں رعب ڈال دیتا ہے اور نہیں پھیلتا کسی قوم میں زنا مگر اُس میں موت کی کثرت ہو جاتی ہے اور نہیں کمی کرتی کوئی قوم ناپ تول میں مگر اُس کا رزق منقطع کر دیا جاتا ہے اور نہیں کرتی کوئی قوم حق کے خلاف فیصلے مگر اُس میں خونریزی پھیل جاتی ہے اور نہیں توڑتی کوئی قوم اپنا معاہدہ مگر اُن پر دشمن کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔
(مالک)

www.alahazratnetwork.org



# بَابُ الْإِنْذَارِ وَالتَّحْذِيْرِ — ڈرانے اور بچانے کا بیان

## پہلی فصل

۵۱۳۷ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ فِيْ خُطْبَتِهٖ أَلَا إِنَّ رَبِّيْ أَمَرَنِيْ أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِيْ يَوْمِيْ هٰذَا كُلُّ مَالٍ نَحَلْتُهٗ عَبْدًا حَلَالٌ وَإِنِّيْ خَلَقْتُ عِبَادِيْ حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيٰطِيْنُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يُشْرِكُوْا بِيْ مَا لَمْ أُنْزِلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَإِنَّ اللّٰهَ نَظَرَ إِلٰى أَهْلِ الْأَرْضِ فَمَقَتَهُمْ عَرَبَهُمْ وَعَجَمَهُمْ إِلَّا بَقَايَا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَقَالَ إِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِأَبْتَلِيَكَ وَأَبْتَلِيَ بِكَ وَأَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ تَقْرَؤُهٗ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أُحَرِّقَ قُرَيْشًا فَقُلْتُ رَبِّ إِذًا يَثْلَغُوْا رَأْسِيْ فَيَدَعُوْهُ خُبْزَةً قَالَ اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا أَخْرَجُوْكَ وَاغْزُهُمْ نُغْزِكَ وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقُ عَلَيْكَ وَابْعَثْ جَيْشًا نَبْعَثْ خَمْسَةً مِثْلَهٗ وَقَاتِلْ بِمَنْ أَطَاعَكَ مَنْ عَصَاكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز اپنے خطبے میں فرمایا:۔ آگاہ رہو کہ تمہارے رب نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ تمہیں وہ باتیں سکھاؤں جو تمہیں معلوم نہیں اور جن میں سے آج مجھے یہ تعلیم دی ہے:۔ ہر وہ مال جو میں نے بندے کو دیا حلال ہے اور میں نے اپنے سب بندوں کو خدا کی طرف رجوع کرنے والا بنایا ہے۔ بندوں کے پاس شیطان آتے ہیں اور انہیں اُن کے دین سے پھیر دیتے ہیں اور وہ چیزیں اُن پر حرام کر دیتے ہیں جو میں نے اُن پر حلال کی ہیں اور انہیں حکم دیتے ہیں کہ میرے ساتھ شرک کریں جس کے لیے کوئی دلیل نہیں اُتاری گئی اور اللہ نے زمین والوں کی طرف دیکھا تو عرب و عجم والوں کو مبغوض رکھا سوائے باقی اہل کتاب کے۔ اور فرمایا کہ میں نے تمہیں بھیجا ہے کہ تمہارا امتحان لوں اور تمہارے ذریعے امتحان لوں اور تمہارے ساتھ میں نے کتاب اُتاری ہے جس کو پانی نہیں دھوتا، جس کو تم سوتے اور جاگتے پڑھتے ہو۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ قریش کو جلا دوں۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر تو وہ میرا سر کچل دیں گے اور اُسے روٹی بنا چھوڑیں گے۔ فرمایا کہ تم انہیں وطن سے نکال دو جیسے تمہیں نکالا تھا، اُن سے جہاد کرو ہم جہاد کی طاقت دیں گے، خرچ کرو کہ ہم تمہارے اوپر خرچ کریں گے۔ تم ایک لشکر بھیجو تو ہم اُسی کے برابر پانچ بھیجیں گے اور فرماں برداروں کو لے کر نافرمانوں کو قتل کرو۔ (مسلم)۔

۵۱۳۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَا بَنِيْ فِهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتّٰى اجْتَمَعُوْا فَقَالَ أَرَأَيْتَكُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِيْ تُرِيْدُ أَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوْا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا قَالَ فَإِنِّيْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ أَبُوْ لَهَبٍ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ أَلِهٰذَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جب آیت:۔ اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈراؤ (۲۶: ۲۱۴) نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صفا پہاڑی پر چڑھ گئے اور پکارنے لگے:۔ اے بنی فہر! اے بنی عدی! یعنی قریش کی شاخوں، تمام اکٹھے ہو گئے تو فرمایا:۔ بتاؤ اگر میں تمہیں یہ بتاؤں کہ وادی میں ایک لشکر ہے جو تم پر حملہ آور ہونا چاہتا ہے تو کیا تم مجھے سچا جانو گے؟ سب نے کہا:۔ ہاں ہم نے آپ کو ہمیشہ سچ ہی بولتے دیکھا ہے۔ فرمایا تو میں تمہیں پیش آنے والے سخت عذاب سے ڈراتا ہوں۔ ابولہب نے کہا:۔ سارا دن تیری بربادی ہو کیا اسی لیے ہمیں اکٹھے کیا تھا؟۔ اس پر

www.alahazratnetwork.org



جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَّتَبَّ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سورۂ لہب نازل ہوئی
(متفق علیہ)

وَفِي رِوَايَةٍ نَادَى يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَأَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ أَهْلَهُ فَخَشِيَ أَنْ يَسْبِقُوهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ۔

ایک روایت میں ہے کہ ندا فرمائی: اے بنی عبد مناف! میری اور تمہاری مثال اُس آدمی جیسی ہے جس نے دشمن کو دیکھا تو اپنے گھر والوں کی حفاظت کے لیے چلا۔ پھر ڈرا کہ مبادا وہ پہلے ہی پہنچ جائے اسلیے یا صباحاہ کہہ کر چلّانے لگا۔

۵۱۳۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشًا فَاجْتَمَعُوا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ يَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا غَيْرَ أَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب آیت: اور اپنے قریب والے رشتہ داروں کو ڈراؤ (۲۶:۲۱۴) نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش کو بلایا اور اکٹھے کرنے میں تعمیم و تخصیص فرمائی۔ چنانچہ فرمایا: اے بنی کعب بن لوی! اپنی جانوں کو جہنم سے بچاؤ۔ اے بنی مُرّہ بن کعب! اپنی جانوں کو جہنم سے بچاؤ۔ اے بنی عبد شمس! اپنی جانوں کو جہنم سے بچاؤ۔ اے بنی عبد المطلب! اپنی جانوں کو جہنم سے بچاؤ۔ اے فاطمہ! اپنی جان کو جہنم سے بچا۔ کیونکہ میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے لیے کوئی اختیار نہیں رکھتا۔ تمہارے لیے حقِ قرابت ہے جس کو میں اُس کی تری سے تر رکھتا ہوں۔
(مسلم)

وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسَ ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِينِي مَا شِئْتِ مِنْ مَالِي لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا۔

اور متفق علیہ روایت میں فرمایا: اے گروہِ قریش! اپنی جانوں کو خرید لو کیونکہ میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے کام نہیں آ سکتا۔ اے بنی عبد مناف! میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے کوئی کام نہیں آ سکتا۔ اے عباس بن عبد المطلب! میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے کوئی کام نہیں آ سکتا۔ اے صفیہ، اللہ کے رسول کی پھوپھی! میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے کام نہیں آ سکتا۔ اے فاطمہ بنت محمد! میرے مال سے جو چاہو مانگ لو لیکن میں اللہ کے مقابلے پر تمہارے کوئی کام نہیں آ سکتا۔

## دوسری فصل

۵۱۴۰ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّتِي هٰذِهِ أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میری یہ اُمت رحم فرمائی گئی اُمت ہے۔ اِسے آخرت میں عذاب نہیں ہوگا۔ اس کا عذاب دنیا میں فتنے، زلزلے اور قتل ہے۔ (ابوداؤد)

۵۱۴۱ وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ بَدَأَ نُبُوَّةً وَّرَحْمَةً ثُمَّ یَکُوْنُ خِلَافَةً وَّرَحْمَةً ثُمَّ مُلْکًا عَضُوْضًا ثُمَّ کَائِنٌ جَبْرِیَّةً وَّعُتُوًّا وَّفَسَادًا فِی الْاَرْضِ یَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِیْرَ وَالْفُرُوْجَ وَالْخُمُوْرَ یُرْزَقُوْنَ عَلٰی ذٰلِکَ وَیُنْصَرُوْنَ حَتّٰی یَلْقَوُا اللّٰہَ۔ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالٰی عنہ اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:- یہ کام نبوت و رحمت سے شروع ہوا، پھر خلافت و رحمت ہوگی، پھر بادشاہی کاٹ کھانے والی، پھر ظلم و جور، سرکشی اور زمین میں فساد ہوگا لوگ ریشم، شرمگاہوں اور شرابوں کو حلال ٹھہرا لیں گے، اس کے باوجود رزق دیے جائیں گے اور مدد کیے جائیں گے یہاں تک کہ اللہ تعالٰی سے ملیں۔ روایت کیا اسے بیہقی نے شعب الایمان میں۔

۵۱۴۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا یُکْفَأُ قَالَ زَیْدُ بْنُ یَحْیَی الرَّاوِیْ یَعْنِی الْاِسْلَامَ کَمَا یُکْفَأُ الْاِنَاءُ یَعْنِی الْخَمْرَ قِیْلَ فَکَیْفَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَقَدْ بَیَّنَ اللّٰہُ فِیْھَا مَا بَیَّنَ قَالَ یُسَمُّوْنَھَا بِغَیْرِ اسْمِھَا فَیَسْتَحِلُّوْنَھَا (رَوَاہُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:- سب سے پہلے جس کو الٹا کیا جائے گا۔ زید بن یحیٰی راوی نے کہا کہ اسلام کو جیسے شراب کے برتن کو اُلٹایا جاتا ہے۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ! یہ کیسے ہوگا جبکہ اللہ تعالٰی نے اس کا واضح حکم فرما دیا ہے۔ فرمایا کہ اس کا کوئی اور نام رکھ کر حلال ٹھہرا لیں گے۔ (دارمی)

## تیسری فصل

۵۱۴۳ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ عَنْ حُذَیْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَکُوْنُ النُّبُوَّةُ فِیْکُمْ مَا شَآءَ اللّٰہُ اَنْ تَکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ خِلَافَةٌ عَلٰی مِنْھَاجِ النُّبُوَّةِ مَا شَآءَ اللّٰہُ اَنْ تَکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ مُلْکًا عَاضًّا فَیَکُوْنُ مَا شَآءَ اللّٰہُ اَنْ یَّکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ مُلْکًا جَبْرِیَّةً فَیَکُوْنُ مَا شَآءَ اللّٰہُ اَنْ یَّکُوْنَ ثُمَّ یَرْفَعُھَا اللّٰہُ تَعَالٰی ثُمَّ تَکُوْنُ خِلَافَةٌ عَلٰی مِنْھَاجِ نُبُوَّةٍ ثُمَّ سَکَتَ قَالَ حَبِیْبٌ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ کَتَبْتُ اِلَیْہِ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ اُذَکِّرُہٗ اِیَّاہُ وَقُلْتُ اَرْجُوْ اَنْ تَکُوْنَ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بَعْدَ الْمُلْکِ الْعَاضِّ وَالْجَبْرِیَّةِ فَسُرَّ بِہٖ وَاَعْجَبَہٗ یَعْنِیْ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ (رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:- نبوت تم میں رہے گی جب تک اللہ تعالٰی چاہے گا، پھر اللہ تعالٰی اسے اُٹھالے گا۔ پھر نبوت کے طریقے پر خلافت ہوگی اور رہے گی جب تک اللہ تعالٰی چاہے گا، پھر اللہ تعالٰی اسے بھی اٹھالے گا۔ پھر ہوگی بادشاہی کاٹ کھانے والی رہے گی جبتک اللہ چاہے گا پھر اللہ تعالٰی اسے اٹھالیگا پھر زبردستی کی بادشاہی ہوگی اور رہے گی جب تک اللہ تعالٰی چاہے گا۔ پھر نبوت کے طریقے پر خلافت ہوگی۔ پھر آپ خاموش ہوگئے۔ حبیب راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت عمر بن عبد العزیز خلیفہ بنائے گئے تو میں نے یاد کروانے کے لیے یہ حدیث اُنھیں لکھ بھیجی اور کہا کہ مجھے امید ہے کہ آپ کاٹ کھانے والے بادشاہوں اور جابروں کے بعد امیر المؤمنین ہیں۔ حضرت عمر بن عبد العزیز خوش ہوئے اور اُنھیں یہ بات بہت پسند آئی۔ روایت کیا اسے بیہقی نے دلائل النبوۃ میں۔

(ختم شد مشکوٰۃ شریف مترجم جلد دوم)

www.alahazratnetwork.org



# جَدوَل

## (مشکوٰۃ المصابیح مترجم ۔ جلد دوم)

| نمبر شمار | نام کتاب | تفصیل ابواب | میزان ابواب | تفصیل احادیث | میزان احادیث |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | کتاب البیوع | ۱۲۵ تا ۱۴۴ | ۲۰ | ۲۶۳۹ تا ۲۹۴۵ | ۳۰۷ |
| ۲ | کتاب النکاح | ۱۴۵ تا ۱۶۲ | ۱۸ | ۲۹۴۶ تا ۳۲۳۴ | ۲۸۹ |
| ۳ | کتاب العتق | ۱۶۳ تا ۱۶۶ | ۴ | ۳۲۳۵ تا ۳۲۹۷ | ۶۳ |
| ۴ | کتاب القصاص | ۱۶۷ تا ۱۷۰ | ۴ | ۳۲۹۸ تا ۳۳۹۷ | ۱۰۰ |
| ۵ | کتاب الحدود | ۱۷۱ تا ۱۷۶ | ۶ | ۳۳۹۸ تا ۳۴۹۰ | ۹۳ |
| ۶ | کتاب الامارۃ والقضاء | ۱۷۷ تا ۱۸۰ | ۴ | ۳۴۹۱ تا ۳۶۱۰ | ۱۲۰ |
| ۷ | کتاب الجہاد | ۱۸۱ تا ۱۸۱ | ۱ | ۳۶۱۱ تا ۳۷۱۳ | ۱۰۳ |
| ۸ | کتاب آداب السفر | ۱۸۲ تا ۱۹۰ | ۹ | ۳۷۱۴ تا ۳۸۸۴ | ۱۷۱ |
| ۹ | کتاب الصید والذبائح | ۱۹۱ تا ۱۹۳ | ۳ | ۳۸۸۵ تا ۳۹۷۷ | ۹۳ |
| ۱۰ | کتاب الاطعمہ | ۱۹۴ تا ۱۹۸ | ۵ | ۳۹۷۸ تا ۴۱۱۲ | ۱۳۵ |
| ۱۱ | کتاب اللباس | ۱۹۹ تا ۲۰۲ | ۴ | ۴۱۱۳ تا ۴۳۱۲ | ۲۰۰ |
| ۱۲ | کتاب الطب والرقٰی | ۲۰۳ تا ۲۰۴ | ۲ | ۴۳۱۳ تا ۴۴۰۰ | ۸۸ |
| ۱۳ | کتاب الرؤیا | x | x | ۴۴۰۱ تا ۴۴۲۰ | ۲۰ |
| ۱۴ | کتاب الآداب | ۲۰۵ تا ۲۲۶ | ۲۲ | ۴۴۲۱ تا ۴۹۲۵ | ۵۰۵ |
| ۱۵ | کتاب الرقاق | ۲۲۷ ۲۳۴ | ۸ | ۴۹۲۶ تا ۵۱۴۳ | ۲۱۸ |
| | میزان | x | ۱۱۰ | x | ۲۵۰۵ |

گدائے درِ اولیاء :- عبدالحکیم خان اختر
مجددی مظہری شاہجہان پوری